نسیم ہدایت کے جھونکے
اسلام قبول کرنے والے نو مسلم بھائیوں کی کہانی خود ان کی زبانی
مع
آپ کی امانت آپ کی سیوا میں
افادات
داعی اسلام حضرت مولانا محمد کلیم صدیقی
خلیفہ مجاز
مفکر اسلام مولانا سید ابو الحسن علی ندوی
مرتب
مفتی محمد روشن شاہ قاسمی
مکتبہ یادگارِ شیخ
اردو بازار لاہور

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ

کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰی اِبْرَاہِیْمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبْرَاہِیْمَ

اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ

اللّٰھُمَّ بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ

کَمَا بَارَکْتَ عَلٰی اِبْرَاہِیْمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبْرَاہِیْمَ

اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ

فہرست

عرض مرتب

زیر نظر کتاب "نسیم ہدایت کے جھونکے" دراصل ان نومسلم بھائیوں کے انٹرویوز کا مجموعہ ہے جو خداوند عالم کی توفیق وعنایت اور داعی اسلام حضرت مولانا محمد کلیم صاحب صدیقی اور ان کے رفقاء کی کوششوں سے نعمت اسلام اور ہدایت کے نور سے سرفراز ہوئے ان نومسلم بھائیوں کے قبول اسلام کے تفصیلی حالات وواقعات ماہنامہ "ارمغان" میں مسلسل شائع ہوتے رہے ہیں اور الحمد للہ یہ سلسلہ اب بھی جاری ہے۔

"ماہنامہ ارمغان" پھلت ضلع مظفر نگر (یوپی) سے داعی اسلام حضرت مولانا محمد کلیم صاحب صدیقی کی سرپرستی میں شائع ہوتا ہے، جس کے ایڈیٹر حضرت مولانا وصی سلیمان صاحب ندوی ہیں اور اس رسالہ کے پبلشر قاری نفیس احمد صاحب خوشحال پوری ہیں جو اسے مفید سے مفید تر بنانے ہر خاص وعام تک پہنچانے میں ہمہ تن مصروف رہتے ہیں رسالہ کی پہلی سی کے سلسلہ میں موصوف ایک مرتبہ دارالعلوم سوتوری تشریف لائے تو اس موقع پر بندہ کی مرتب کردہ کتابوں کا سرسری جائزہ لینے کے بعد انھوں نے اس خواہش کا اظہار فرمایا کہ ماہنامہ ارمغان میں شائع شدہ نومسلم بھائیوں کے انٹرویوز یکجا کر کے اگر کتابی شکل میں شائع کیا جائے تو دینی کام کرنے والے احباب بڑے پیمانے پر مستفید ہو سکتے ہیں جبکہ بندہ "ارمغان" کے ان اہم انٹرویوز کو موقع بہ موقع فوٹو کاپی کروا کر ساتھیوں میں تقسیم کروایا کرتا تھا اور اسکا بڑا اچھا اثر یہ ہوتا تھا کہ اکثر پڑھنے والے احباب اس سے متاثر ہو کر دعوت کے کام کے لئے عملاً کھڑے ہو جاتے، یہ صورتحال بندہ کے

سامنے تھی لہٰذا جب قاری صاحب نے اس کا حکم فرمایا تو بندہ کے دل میں بھی اس کام کے کرنے کا داعیہ پیدا ہوا لہٰذا اللہ کا نام لیکر اس کی توفیق و تائید سے ہم نے پہلی جلد کے کام کا فوراً آغاز کر دیا ہے۔ الحمد للہ چند دنوں کی مسلسل کوششوں کے بعد ہم قبول اسلام کی داستان پر مبنی انٹرویوز کا حسین و جمیل گلدستہ مرتب کر کے پیش کرنے کی سعادت حاصل کر رہے ہیں یہ کام مکمل ہونے کے بعد بندہ نے دہلی کا سفر کیا حضرت مولانا محمد کلیم صاحب صدیقی سے مورخہ ۳ رمئی ۲۰۰۹ء کو دہلی میں تفصیلی ملاقات کی اور اس کتاب کے لئے تقریظ اور کتاب کے لئے نام کی درخواست کی تو حضرت نے نام بھی تجویز فرمایا اور تقریظ بھی عنایت فرمائی۔ اللہ حضرت کا سایہ عاطفت تا دیر انسانیت کے سروں پر قائم رکھے اور ہم سب کو ان سے بھرپور استفادہ کی توفیق عطا فرمائے کتاب کو اللہ پاک نے ایسی مقبولیت عطا فرمائی کہ پہلا ایڈیشن ۲۵ روز کے قلیل مدت میں ہاتھوں ہاتھ نکل گیا دوسرا ایڈیشن اغلاط کی تصحیح کے بعد نئی ترتیب و تزئین کے ساتھ آپ حضرات کے خدمت میں پیش ہے محترم مولانا عبد المنصور صاحب ندوی زید مجدہم ڈونگرگاؤں ضلع آکولہ اور برادم محمد یعقوب علی ولد جناب میر واجد علی صاحب عادل آبادی نے اس کتاب کے مسودہ پر نظر ثانی فرما کر مفید مشورے دیئے اللہ تعالیٰ انہیں بہترین جزا عطا فرمائے اور دعوتی کارگزاریوں کی اس دستاویز کی طباعت کو ہدایت عام کا سبب اور امت مسلمہ کے لئے دعوت کے کام پر کھڑا ہونے کا ذریعہ بنائے۔

محمد روشن شاہ قاسمی

مہتمم دار العلوم سلوری

۲۶ رجب المرجب ۱۴۳۰ھ م ۲۰ جولائی ۲۰۰۹ء [illegible]

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

مقدمہ

محسن اخلاق، مشفق انسانیت، داعی اسلام حضرت مولانا محمد کلیم صاحب صدیقی مدظلہ العالی

خلیفہ مجاز مفکر اسلام حضرت مولانا سید ابوالحسن علی میاں ندوی و

عارف باللہ حضرت مولانا محمد احمد صاحب پرتاب گڑھی

خالق کائنات فَعَّالٌ لِّمَا يُرِيدُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ عَلِيمٌ وَّخَبِيرٌ رب نے اپنے سچے کلام میں بہانگ دہل یہ اعلان فرمایا: هُوَ الَّذِي أَرْسَلَ رَسُولَهُ بِالْهُدَىٰ وَدِينِ الْحَقِّ لِيُظْهِرَهُ عَلَى الدِّينِ كُلِّهِ وَلَوْ كَرِهَ الْمُشْرِكُونَ (سورہ توبہ)

"وہ اللہ ہے جس نے اپنے رسول کو ہدایت اور دین حق دے کر بھیجا تا کہ اس کو تمام دینوں پر غالب کر دے، گو مشرکین کیسے ہی ناخوش ہوں" حجاز مقدس کی حد تک جناب رسول اللہ ﷺ کی حیات مبارکہ میں دین حق دوسرے تمام باطل مذاہب پر غالب آ گیا تھا مگر یہ عالمی دین سارے عالم میں غالب ہونا ہے، اللہ کے سچے نبی ﷺ نے یہ خبر بھی دی ہے کہ ہر کچے اور پکے گھر میں اسلام داخل ہو کر رہے گا، قرب قیامت کے اکثر آثار ظاہر ہو چکے ہیں، اسلام کا پیغام پوری انسانیت تک پہنچانے کی ذمہ داری ختم نبوت کے صدقے میں ہمیں عطا کی گئی تھی، اس فرض منصبی سے مجرمانہ غفلت کی وجہ سے دین حق اسلام (جو خیر محض ہے) کا تعارف لوگوں کو نہ ہو سکا، اور پوری دنیا میں اس عدم واقفیت کی وجہ سے، یا غلط واقفیت کے نتیجہ میں اسلام اور مسلمانوں کے خلاف پروپیگنڈہ اپنے نقطہ عروج پر ہے، مگر اللہ کی شان ہادی اور اس کی ربوبیت کے قربان، کہ اسلام قرآن

اور مسلمانوں کے خلاف اس پروپیگنڈہ سے عام انسانوں میں اسلام کو جاننے کا تجسس بڑھ رہا ہے، ایک زمانہ تھا کہ لوگ اسلام کو مسلمانوں کے کردار معاملات اور اخلاق سے جانتے تھے، مگر اب جدید ذرائع ابلاغ کی کثرت خصوصاً انٹرنیٹ کی ایجاد نے حقیقی اسلام لوگوں کے بستر اس تک پہنچا دیا ہے، اس کی وجہ سے پورے عالم میں جوق در جوق لوگ اسلام قبول کرتے دکھائی دیتے ہیں اور حیرت ناک بات یہ ہے کہ قبول اسلام کے واقعات مغربی ملکوں میں زیادہ ہیں جہاں سے خاص طور پر اسلام کے خلاف پروپیگنڈہ ہو رہا ہے، روحانیت، اللہ محبت اور مذہب سے جنون کی حد تک تعلق رکھنے اور مسلمانوں کے بعد مذہب پر سب سے زیادہ قربانی دینے والوں کے ہمارے پیارے ملک ہندوستان میں بھی اسلام قبول کرنے والوں کی تعداد کم نہیں ہے۔ پوری دنیا میں بڑی تعداد میں اسلام قبول کرنے والوں کے حالات پر غور کیا جائے تو تین باتیں خاص طور پر حیرت ناک ہیں، پہلی بات تو یہ ہے کہ ان خوش قسمت ہدایت یاب ہونے والے نوسلموں کے قبول اسلام میں مسلمانوں کی دعوتی کوشش کا دخل بہت کم ہے، اسلام کی کسی چیز میں کشش محسوس کر کے، اسلام مخالف کسی پروپیگنڈہ سے متاثر ہو کر اسلام کو جاننے کا شوق پیدا ہوا، اسلام کا مطالعہ کیا اور مسلمان ہو گئے، یا اپنے مذہب کی کسی رسم سے انفعال کے نتیجہ میں مذاہب کا تقابلی مطالعہ ہدایت کا ذریعہ بنا۔ دوسری اہم بات یہ ہے کہ ان خوش قسمت دسترخوان اسلام پر آئے ہوئے نومسلم مہمانوں کے ایمان، تعلق مع اللہ، دین کیلئے قربانی اور دعوت کے جذبہ کو دیکھ کر خیر القرون کے مسلمان یاد آ جاتے ہیں اور ان میں سے ہر ایک کا حال اللہ کے اس فرمان کا کھلا مظہر ہے۔

وَاِنْ تَتَوَلَّوْا یَسْتَبْدِلْ قَوْمًا غَیْرَکُمْ ثُمَّ لَا یَکُوْنُوْٓا اَمْثَالَکُمْ (سورہ محمد)

"اور اگر تم روگردانی کرو گے تو اللہ تعالیٰ دوسری قوم پیدا کر دے گا پھر وہ تم جیسے نہ ہوں گے" اشاعت اسلام کے ان واقعات کی کثرت کے ساتھ جب ہم پوری دنیا کے

حالات کے تناظر میں غور کرتے ہیں تو انتہائی خطرناک فکر کی بات سامنے آتی ہے کہ جس تیزی کے ساتھ بلکہ جس طرح جوق در جوق نئے لوگ اسلام کے سایہ میں آتے دکھائی دیتے ہیں اسی کثرت سے مسلمانوں کے مرتد ہونے کے واقعات بھی دکھائی دیتے ہیں، بعض مرتبہ تو تعداد اور معیار کے لحاظ سے بالکل متوازی تبدیلی کا فیصلہ دکھائی دیتا ہے، کسی علاقہ میں جتنے نئے لوگ مسلمان ہوتے ہیں اتنے ہی مسلمان مرتد ہو جاتے ہیں یا جس معیار کا غیر مسلم مشرف باسلام ہوا اسی معیار کا کوئی مسلمان مرتد ہو گیا۔

دستر خوان اسلام پر آنے والے ان نو وارد خوش قسمت نو مسلموں کی داستانیں، رسمی اور خاندانی مسلمانوں کو خواب غفلت سے بیدار کرنے والی اور جھنجھوڑنے والی ہوتی ہیں اور ان سے جہاں ایک طرف یاس میں آس دکھائی دیتی ہے وہیں اپنے دعوتی فریضہ سے غفلت کی وجہ سے تبدیلی کی وارننگ بھی سنائی دیتی ہے، کسی نہ کسی طرح اشاعت اسلام کے یہ واقعات ایمانی حرارت پیدا کرنے اور غفلت و جمود توڑنے کا ذریعہ بنتے ہیں، مسلمانوں میں ان خوش قسمت نو مسلموں کے حالات پڑھ کر غیرت ایمانی پیدا ہو اور دعوت کا جذبہ رکھنے والوں کو حوصلہ ملے اور ان کی زندگی سے دعوتی تجربات سامنے آئیں، اس مقصد سے الحمدللہ ماہنامہ ارمغان نے چند سالوں سے ہر ماہ ایک نو مسلم کی آپ بیتی کا سلسلہ بطور انٹرویو "نسیم ہدایت کے جھونکے" کے عنوان سے شروع کیا تھا، یہ اشاعت اپنے مقصد میں بہت کامیاب ہوئی، ملک کے مختلف رسائل و اخبارات نے ان کو شائع کیا، ان کے مجموعے شائع ہوئے اور اردو کے علاوہ ملک کی دوسری زبانوں میں ترجمے شائع ہونے لگے، اس سے الحمدللہ ملک بلکہ بیرون ملک میں مسلمانوں میں بڑا دعوتی جذبہ پیدا ہوا اور ایک طرح سے صدیوں کا جمود ٹوٹا۔

یہ انٹرویو اس حقیر کے فرزند میاں احمد اواہ ندوی اور ان کی بچیوں اسماء ذات الفوزین امت اللہ اور مفتی ذات الفیضین صدرہ

نے لگتے ہیں، ان آپ بیتیوں کے بعض مجموعے کتابی شکل میں پہلے بھی شائع ہو چکے ہیں، مگر اب مکمل طور پر کام کرنے کے لئے ہمارے ایک بلند ہمت رفیق، داعی الی اللہ، خادم قرآن وسنت محب مکرم جناب مفتی روشن شاہ صاحب قاسمی زید مجدہم نے نئی ترتیب کے ساتھ شائع کرنے کا بیڑہ اٹھایا ہے، مفتی صاحب کو اللہ تعالیٰ نے بڑا حوصلہ اور بڑی صلاحیتوں سے نوازا ہے، انھوں نے لسان تبلیغ حضرت مولانا محمد عمر پالن پوری نور اللہ مرقدہ سے اپنے ذاتی اور خصوصی تعلق کی بنا پر خاص استفادہ کیا ہے اور ہمارے تبلیغی اکابرین کی تقریروں اور ملفوظات کی ترتیب واشاعت کا مبارک کام اللہ نے ان سے لیا ہے اور بہت کم وقت میں خود الحمد للہ علاقہ میں تعلیم ودعوت کے سلسلہ میں قابل رشک خدمات ان سے لی ہیں، اللہ تعالیٰ نے ان کو دینی دعوتی خدمات کے لئے بھی بڑے جذبہ اور سلیقہ سے نوازا ہے، انھوں نے نومسلموں کی ان تمام آپ بیتیوں کو جو ارمغان میں شائع ہوئی ہیں ترتیب وار مرتب کر کے اشاعت کا پروگرام بنایا ہے، یقیناً ایک مبارک قدم ہے اور مفتی صاحب موصوف کی طرف سے ملت کے لئے ایک مبارک تحفہ ہے، جسے وہ "نسیم ہدایت کے جھونکے" کے نام سے ملت کی خدمت میں پیش کر رہے ہیں۔

میں مفتی صاحب موصوف کو اس اشاعت پر دلی مبارکباد پیش کرتا ہوں، بدل وجان دعا ہے کہ یہ مجموعہ خیر امت کے افراد کو ذلت کے گڑھے سے نکال کر پھر ماضی کی عزت اور خیر امت کے منصب پر لانے کا ذریعہ بنے اور مفتی موصوف کے لئے ذخیرۂ آخرت اور سعادت دارین کے حصول کا وسیلہ ثابت ہو۔

خاکپائے خدام دین

محمد کلیم صدیقی

جمعیت شاہ ولی اللہ پھلت ضلع مظفر نگر (یوپی)

۲؍جمادی الثانیہ ۱۴۳۰ھ

تقریظ

حضرت مولانا نادر سیمان صاحب ندوی زید مجدہم
استاذ تفسیر وفقہ جامعہ الامام شاہ ولی اللہ اور
ایڈیٹر ماہنامہ ارمغان پھلت مظفر نگر یوپی

دعوت دین مسلمانوں کی بنیادی ذمہ داری ہے، اسی عمل سے ان کی سربلندی اور سرفرازی رہی۔ اور اس کو ترک کرنے کی وجہ سے وہ خدا و خلق کی نگاہ میں بے اعتبار اور بے حیثیت ہوتے گئے۔ مسلمانوں کو موجودہ زمانہ میں جتنے مسائل درپیش ہیں اور ان کی انفرادی اور اجتماعی حیثیت کے لئے جو چیلنج موجود ہیں ان سب کا حل اور مشترک علاج کار دعوت سے عملاً وابستگی ہے۔ اسپین کے مسلمان دوسرے ممالک کے مسلمانوں سے کس چیز میں پیچھے تھے؟ مال و دولت کی ان کے پاس کمی نہیں تھی علم وفن فلسفہ و سائنس میں دنیا کی پیشوائی کر رہے تھے، لیکن داعیانہ صفت کے فقدان کے بعد کوئی دنیاوی اور علمی ترقی ان کے قومی اور مذہبی وجود کی ضامن نہیں بن سکی۔

اگر مسلمان چاہتے ہیں کہ وہ دنیا کے ہر خطہ میں اپنے مذہب وعقیدہ اور تہذیبی وثقافتی شناخت کے ساتھ باعزت زندگی گزاریں اور انہیں آبرومندانہ پھلنے پھولنے کے مواقع حاصل ہوں تو انہیں سب سے پہلے اس کار منصبی کی طرف پوری توجہ کرنی ہی پڑے گی قرآن کریم کی مندرجہ ذیل آیتوں کے سیاق وسباق اس کے ظاہر و باطن اور بین السطور پر غور کرنے سے یہ حقیقت پوری طرح واضح ہوتی ہے: يَا أَيُّهَا الرَّسُولُ بَلِّغْ مَا أُنزِلَ إِلَيْكَ مِن رَّبِّكَ وَإِن لَّمْ تَفْعَلْ فَمَا بَلَّغْتَ رِسَالَتَهُ وَاللَّهُ يَعْصِمُكَ مِنَ النَّاسِ (المائدہ:۶۷)

اے رسول! جو کچھ تمہارے رب کی جانب سے تمہاری طرف نازل کیا گیا ہے اسے لوگوں تک پہنچا دو، اگر تم نے یہ نہ کیا تو تم نے کار رسالت کا حق ادا نہیں کیا اور اللہ تم کو لوگوں (کے شر) سے بچائے گا، ماہنامہ ارمغان (پھلت ضلع مظفر نگر یوپی) جو ایک خالص دینی دعوتی رسالہ ہے اس کے مقاصد میں ابتدا ہی سے یہ جذبہ شامل ہے کہ خدا کے بندوں کو خدا سے ملانے اور بھٹکے ہوؤں کو راہ دکھانے کے لئے ملت اسلامیہ کو آمادہ کیا جائے اور انہیں ان کا بھولا ہوا سبق یاد دلایا جائے اس سلسلہ میں دینی دعوتی ذہن رکھنے والے اہل قلم خصوصا داعی اسلام حضرت مولانا محمد کلیم صدیقی صاحب کی مختلف موضوعات کی دعوتی تحریروں کے ساتھ "نسیم ہدایت کے جھونکے" کے عنوان سے ہر ماہ اسلام قبول کرنے والی ایک خوش نصیب شخصیت کے انٹرویوز کا سلسلہ شروع کیا گیا الحمد للہ یہ سلسلہ توقع سے بڑھ کر کارآمد اور مفید ثابت ہوا اور اس نے ملک کی جامد فضا میں ایک ارتعاش پیدا کر دیا، خصوصا دعوت کی راہ کے مختلف مسائل کو سمجھنے اور اس سلسلہ کی بہت سی غلط فہمیوں کا ازالہ کرنے کی راہ ہموار ہوئی اور بڑے پیمانے پر دعوتی ذہن سازی کا کام انجام پایا، ایک ارب سے زائد آبادی کے اس ملک میں جہاں تقریباً ہر پانچواں فرد مسلمان ہے اور خیر امت ہونے کے سبب داعی الی اللہ کے منصب پر فائز ہے، اتنی بڑی تعداد تک یہ پیغام پہنچانے کے لئے ضروری ہے کہ ہر صوبہ اور ہر شہر سے یہ آواز بلند ہو اور چراغ سے چراغ جلتے رہیں مقام شکر ہے کہ ملک کے ایک ممتاز عالم ومصنف اور داعی دین مفتی محمد روشن شاہ قاسمی نے اس کام کا بیڑا اٹھایا اور ان انٹرویوز کو نئی ترتیب وتزئین کے ساتھ پیش کر دیا موجودہ زمانہ میں دعوت کے لئے ماحول بہت سازگار ہے، پوری دنیا میں قبول اسلام کی لہر چل رہی ہے اور لوگ از خود اسلام کی خیر کی طرف لپک رہے ہیں اس لئے اگر تھوڑی سی دردمندی اور انسانیت کو دوزخ سے بچانے کی تڑپ اور فکر کے ساتھ دعوت پیش کی جائے تو توقع سے

بڑھ کر نتائج حاصل ہو سکتے ہیں، ان تمام انٹرویوز کا یہی مشترکہ پیغام ہے، حکیم الاسلام حضرت مولانا قاری محمد طیب صاحبؒ کی اس دردمندانہ گفتگو پر یہ تحریر ختم کی جاتی ہے: کیا اسلام کے لئے اب بھی وقت نہیں آیا کہ وہ اقوام کی دریوزہ گری چھوڑ کر اپنے روایتی استغناء اور غیرت مندی کی بنیادوں پر کھڑی ہوں اور اپنے اساسی مقصد (دعوت الی اللہ) کو سنبھالے جس سے اس کی حقیقی برتری کا جلوہ دنیا پھر ایک بار دیکھ لے جو صرف دعوت دین ہی کے راستے سے نمایاں ہو سکتا ہے"

(دینی دعوت کے قرآنی اصول، مؤلفہ حضرت قاری محمد طیب صاحبؒ ص:۱۴)

وصی سلیمان ندوی

۸ر جمادی الثانیہ ۱۴۳۰ھ

آغاز سخن

آیئے عہد وفا تازہ کریں

زمین و آسمان کے مالک جس نے اس پوری کائنات کو اپنے حکم سے پیدا فرمایا اس کو خوبصورتی عطا کی اور اپنی انگنت مخلوقات سے اس کو آباد کیا اس نے اس پوری کائنات کو اپنے تعارف، پہچان اور شناخت کا ذریعہ بنا دیا اسی نے اس کی حکمرانی، پاسبانی اور نگرانی کے بطور انسان کو اشرف المخلوقات بنا کر اس عالم میں اپنا نائب بنایا اِنِّیْ جَاعِلٌ فِی الْاَرْضِ خَلِیْفَةً (ترجمہ میں زمین میں اپنا خلیفہ بنانا چاہتا ہوں) اور حضرت انسان کی رہنمائی اور رہبری اور رشد و ہدایت کی راہ پر لانے کے لئے نبیوں کا ایک طویل سلسلہ جاری فرمایا جو حضرت آدمؑ سے شروع ہو کر جناب محمد رسول اللہ ﷺ پر آ کر ختم ہوا تاکہ یہ انسان وہ عہد الست بھول نہ جائے جو اس نے عالم بالا میں اپنے پروردگار سے کیا تھا اللہ کے یہ برگزیدہ بندے اپنے اپنے دور میں قوموں، قبیلوں اور خاندانوں میں بھیجے گئے اور دین کا، ایمان کا، اخلاق کا، انسانیت کا سبق بھٹکے ہوئے انسانوں کو دیتے رہے اور اخیر میں نبی آخر الزماں حضرت محمد مصطفی ﷺ اس کارزار عالم میں اس سلسلہ کی آخری کڑی بن کر تشریف لائے اور دنیا کے باطل ایوانوں میں توحید خداوندی کی ایک پر اثر آواز سے لرزہ پیدا کر دیا اور انسان کو انسانیت کا وہ سبق جو اس نے بھلا دیا تھا پوری قوت، طاقت، ہمت اور قربانی کے ساتھ یاد دلایا آپ ﷺ کی یہ آواز کہ "اے لوگو! لا الہ الا اللہ کہو کامیاب ہو جاؤ گے" مکہ کے ایک بنجر پہاڑ کی چوٹی سے بلند ہوئی اور پورے عالم میں پھیل گئی آپ ﷺ اپنے ساتھ خدا کی طرف سے ایسا دستور العمل اور قانون و شریعت لیکر آئے جو انسانی فطرت کا محرم راز اور دم ساز تھا زمین و آسمان نے کبھی ایسے موثر اور ہمہ گیر قانون کا تجربہ نہیں کیا تھا لہذا باطل کے

ساریاں کی نظام اس کے سامنے فیل ہو گئے اور قرآنی تعلیمات اور اس کی آیات اور کلمات کے ذریعے انسان نے انسانیت کا ایسا سویرا دیکھا جس میں ساری تاریکیاں کافور ہو گئیں۔

ھُوَ الَّذِیْٓ اَرْسَلَ رَسُوْلَہٗ بِالْھُدٰی وَدِیْنِ الْحَقِّ لِیُظْھِرَہٗ عَلَی الدِّیْنِ کُلِّہٖ وَلَوْ کَرِہَ الْمُشْرِکُوْنَ (سورۃ الصف آیت ۹) ترجمہ: وہی ہے جس نے ہدایت اور سچا دین دے کر اپنے رسول ﷺ کو بھیجا تا کہ دین کے تمام بناوٹی شکلوں پر اس سچے دین کو غالب کر دے چاہے مشرک لوگ کتنا ہی برا مانتے رہ جائیں۔ یہ لازوال ابدی ہدایت کا سرچشمہ وہ قرآن مجید ہے جس کے بارے میں خود اس کے بھیجنے والے نے یہ کہا "یہ ایک پیغام ہے تمام انسانوں کے لئے اور یہ بھیجا گیا ہے اس لئے کہ ان کو اس کے ذریعے خبردار کیا جائے اور وہ جان لیں کہ حقیقت میں خدا بس ایک ہی ہے۔"

محمد رسول اللہ ﷺ کو اللہ تعالیٰ نے صرف رہبر انسانیت ہی بنا کر نہیں بھیجا بلکہ ان کو شرافت اور زندگی کے لئے صلاح و فلاح اور صفات حسنہ کا نمونہ بھی بنا کر بھیجا مزید یہ کہ انسانیت کو راہ راست اور صراط مستقیم پر لانے کے لئے انہی کاوشوں کے ساتھ بھیجا جس سے انسانوں کو جانوروں جیسی بے مہار زندگی سے نکال کر خیر و کامیابی کی زندگی میں داخل ہونے کی راہ ملی رب العالمین نے آپ ﷺ کو رحمت للعالمین کی صفت عطا فرمائی، وہ امت جس کی طرف آپ بھیجے گئے اس کو بھی دعوت الی اللہ اور کلمہ توحید کو عام کرنے کے لئے ایسے مکلف بنایا گیا کہ جس کے کرنے پر ہی اس کی خیر و فلاح اور کامیابی و کامرانی کو مقدر کیا گیا، کُنْتُمْ خَیْرَ اُمَّۃٍ... الخ۔ لہذا تاریخ اس بات کی گواہ ہے کہ امت نے جب جب دعوت کی ذمہ داری کو پورا کیا وہ کامیاب رہی اور جب جب اس فریضہ سے غافل ہوئی امت ذلت و رسوائی سے دوچار ہوئی، انفرادی اعتبار سے ہو یا اجتماعی اعتبار سے جب جب پیاسی قوموں تک حق و صداقت کی بات اور کلمہ توحید کی دعوت پیش کی گئی ایمان و اسلام کی بارشیں برسیں، نسیم ہدایت کے جھونکے چلے اور ان کے دامن میں سسکتی، تڑپتی، کراہتی

انسانیت نے راحت و آرام چین و سکون اور اطمینان کی سانس لی آج کے اس پر آشوب دور میں بھی الحمدللہ جو لوگ اس فرض منصبی کو ادا کرنے میں سرفروشانہ جدوجہد کر رہے ہیں، خداوند عالم اپنے فضل اور ان کی محنتوں سے بھٹکے انسانوں کو جادۂ حق و صراط مستقیم سے ہم کنار کر رہا ہے لہٰذا ضروری ہے کہ ہم بھی رسول اللہ ﷺ کی تڑپ کو، ان سوز و اضطراب اور ان کا درد لیکر پوری انسانیت کو مخلوق پرستی کی لعنت سے نکال کر خالق سے جوڑنے اور کفر اور شرک کی بھول بھلیوں سے نکال کر توحید کی شاہراہ پر لانے کی کوشش کریں، اسی کے ساتھ یہ موازنہ بھی کریں کہ اس فرض منصبی کو ادا کرنے میں ہم کہاں تک اپنی ذمہ داریوں کو نبھار ہے ہیں، اور جو واقعات آپ ﷺ کی زندگی میں پیش آئے ہمیں ان سے کہاں تک مناسبت ہے، کہیں ایسا تو نہیں کہ ہم نے اس ذمہ داری کو پس پشت ڈال دیا کہیں ایسا تو نہیں کہ وہ کھا کھا کر جس پیغام کو رسول اللہ ﷺ نے ہم تک پہنچایا تھا اسے ہم دھکے دے دے کر اپنے گھروں سے نکال رہے ہیں کیا کسی کو کفر و شرک کی حالت میں دیکھ کر ہمارا دل بے چین ہوتا ہے، کیا کسی کو کفر کی حالت میں دنیا سے رخصت ہوتے ہوئے دیکھ کر ہماری آنکھیں نم ہوتی ہیں، کیا طائف کے واقعہ کی کوئی جھلک ہماری زندگی میں پیش آئی کیا خواب میں بھی دعوت کے لئے کسی گھاٹی میں نظربندی کی سعادت ہمیں نصیب ہوئی ہے، پھر ہم کیسے آپ کے امتی ہیں امت کے کندھوں پر ڈالی گئی ان آفاقی ذمہ داریوں کا تقاضہ ہے کہ ہم رسول اللہ ﷺ کے اسوہ پر عمل پیرا ہوتے ہوئے اپنے فرض منصبی کو سمجھیں اور ایک لمحہ ضائع کیے بغیر دعوت الی الایمان کے لئے متحرک ہو جائیں اور اللہ تعالیٰ سے کئے گئے عہد کو وفا کرنے کی کوشش میں ہمہ تن مصروف ہو جائیں اور امت کی زبوں حالی پستی و ذلت کا علاج اسی نسخۂ شفاء سے کریں جسے رسول اللہ ﷺ نے امت کے ہر فرد کے ہاتھوں میں دیا تھا، اللہ ہم سب کو اپنا فرض منصبی ادا کرنے کی توفیق دے۔

محمد روشن شاہ قاسمی

عبداللہ بھائی (دیپ چند اہیر) سے ایک ملاقات

اسلام قبول کرنے کی پاداش میں جرا کو زندہ جلا دیا گیا

> جرا نے جلتی آگ میں ہاتھ آسمان کی طرف اٹھائے اور چیخی "میرے اللہ آپ مجھے دیکھ رہے ہیں نا! میرے اللہ آپ مجھ سے محبت کرتے ہیں نا! اپنی جرا سے محبت کرتے ہیں نا! ہاں میرے اللہ آپ ناراض سے بھی محبت کرتے ہیں اور غصے میں جلتی جرا سے بھی محبت کرتے ہیں نا! آپ کی محبت کے بعد مجھے کسی کی ضرورت نہیں۔"

مولانا احمد اواہ ندوی

احمد اواہ : السلام علیکم ورحمۃ اللہ برکاتہ

عبد اللہ : وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ برکاتہ

سوال: عبداللہ بھائی آپ کے علم میں ہوگا کہ ہمارے یہاں پھلت سے ایک میگزین ارمغان کے نام سے نکلتا ہے اس میں کچھ عرصے سے، حق قبول اسلام پر آنے والے نئے خوش قسمت لوگوں کے انٹرویو کا سلسلہ چل رہا ہے، اس کے سلسلے میں آپ سے کچھ باتیں کرنا چاہتا ہوں۔

جواب: احمد بھائی (آنسوؤں کو پونچھتے ہوئے کہا) مجھ جیسے ظالم اور کمینے آدمی کی باتیں اس مبارک میگزین میں دے کر کیوں اسے گندہ کرتے ہیں؟

سوال: نہیں عبداللہ بھائی! ابی (میرے ابا جان حضرت مولانا محمد کلیم صاحب صدیقی مدظلہ)

کہہ رہے تھے، آپ کی زندگی اللہ کی قدرت کی ایک عجیب نشانی ہے، ان کی خواہش ہے کہ آپ کا انٹرویو ضرور شائع کیا جائے۔

جواب: آپ کے ابی اللہ تعالیٰ ان کو لمبی عمر دے، میں اپنے کو ان کا غلام مانتا ہوں، ان کا حکم ہے تو میں سر جھکاتا ہوں، آپ جو سوال کریں میں جواب دینے کو تیار ہوں۔

سوال: پہلے آپ اپنا تعارف کرائیے؟

جواب: اگر میں یہ کہوں کہ جب سے دنیا قائم ہوئی ہے آج تک میں دنیا کا سب سے ظالم ترین، بدترین اور خوش قسمت ترین انسان ہوں بلکہ درندہ ہوں تو یہ میرا بالکل سچا تعارف ہوگا۔

سوال: یہ تو آپ کا جذباتی تعارف ہے، آپ اپنے گھر اور خاندان کے بارے میں بتائیے؟

جواب: میں ضلع مظفر نگر کی بڈھانہ تحصیل کے ایک مسلم راجپوت اکثریت کے ایک گاؤں کے اہیر (گڈریہ) کے گھر اب سے چالیس یا پینتالیس سال قبل پیدا ہوا میرا گھرانہ بہت مذہبی ہندو اور جرائم پیشہ تھا والد اور چاچا ایک گروہ کے سرکردہ لوگوں میں تھے لوٹ مار، ظلم خاندانی طور پر گھٹی میں پڑا تھا، ۱۹۸۷ء میں میرٹھ کے فسادات کے موقع پر اپنے باپ کے ساتھ رشتے داروں کی مدد کے لئے میرٹھ رہا، ہم دونوں نے کم از کم پچیس مسلمانوں کو اپنے ہاتھ سے قتل کیا، اس کے بعد مسلم نفرت کے جذبہ سے متاثر ہو کر بجرنگ دل میں شامل ہوا، بابری مسجد کی شہادت کے سلسلہ میں ۱۹۹۰ء میں شاملی میں کتنے ہی مسلمانوں کو قتل کیا، ۱۹۹۳ء میں بڑھانہ میں بہت سے مسلمانوں کو شہید کیا، بڈھانہ میں ایک بہت مشہور نام کا بدمعاش مگر سچا مسلمان تھا، جس سے پورے علاقے کے غیر مسلم تھراتے تھے، میں نے اپنے ساتھی کے ساتھ اس کو گولی ماری، اس مسلم دشمنی میں مجھ درندے نے ایک ایسی ظالمانہ حرکت بھی کی،،، (دیر تک روتے ہوئے) کہ شاید ایسی بربریت اور ظالمانہ حرکت آسمان کے نیچے اور زمین کے اوپر کسی نے نہ دیکھی ہوگی اور نہ سنی ہوگی اور نہ خیال کیا

ہوگا۔۔۔۔ (پھر دیر تک روتے رہے)

سوال: آپ اپنے قبول اسلام کے بارے میں سنایئے؟

جواب: شریف کے ۳۰ ویں پارے میں ایک سورۃ بروج ہے نا، اس میں آگ کی کھائی والوں کے بارے میں اللہ نے کہا ہے کہ وہ برباد ہوئے اور ہلاک کئے گئے یہ سورت شاید میرے بارے میں اتری ہے بس اتنا ہے کہ وہ آگ والے ہوئے، یہ کہا گیا، کیا آیت ہے عربی میں سنایئے؟ یعنی ہلاک کر دئے گئے اور برباد ہوئے آگ کی خندق والے۔

سوال: اعوذ باللہ ۔۔۔ بسم اللہ ۔۔۔ قُتِلَ اَصْحَابُ الْاُخْدُوْدِ النَّارِ ذَاتِ الْوَقُوْدِ اِذْ هُمْ عَلَيْهَا قُعُوْدٌ

جواب: اگر یہ کہیں رحم کیا گیا آگ والوں پر تو عربی میں کیا ہوگا؟

سوال: رحم اصحاب الاخدود النار ذات الوقود

جواب: ہاں اگر میرے بارے میں یہ آیت اترتی تو یہ ہوتا کہ رحم اصحاب الاخدود النار ذات الوقود

سوال: آپ اپنا واقعہ بتایئے؟

جواب: ہاں میرے بھائی بتا رہا ہوں مگر کس منہ سے بتاؤں اور کس دل سے بتاؤں میرا پتھر دل بھی اس واقعہ کو سنانے کی ہمت نہیں رکھتا۔

سوال: پھر بھی بتایئے شاید ایسا واقعہ تو اور زیادہ لوگوں کے لئے عبرت کا ذریعہ ہو۔

جواب: ہاں بھئی واقعی میرے قبول اسلام کا واقعہ ہر مایوس کے لئے امید دلانے والا ہے کہ وہ کر پا (دیا) اور دیالو (ارحم الراحمین) خدا جب میرے ساتھ ایسا کرم کر سکتا ہے تو کسی کو مایوس ہونے کی کہاں گنجائش ہے تو سنو احمد بھائی، میرے ایک بڑے بھائی تھے اتنے ظلم اور جرائم کے باوجود ہم دونوں بھائیوں میں حد درجہ محبت ہے میرے بھائی کی دو لڑکیاں اور

دو لڑکے تھے اور میرے کو کوئی اولاد نہیں ہے، ان کی بڑی لڑکی کا نام ہیرا تھا وہ عجیب دیوانی لڑکی تھی بہت ہی بھاؤک (جذباتی) جس سے ملتی بس دیوانوں کی طرح اور جس سے نفرت کرتی پاگلوں کی طرح کبھی کبھی ہمیں یہ خیال ہوتا کہ شاید اس پر اوپری اثر ہے، کئی سیانوں وغیرہ کو بھی دکھایا، مگر اس کا حال جوں کا توں رہا اس نے آٹھویں کلاس تک اسکول میں پڑھا، بڑی ہوگئی اس کو گھر کے کام کاج میں لگا دیا، مگر اس کو آگے پڑھنے کا بہت شوق تھا اور اس نے گھر والوں کی مرضی کے بغیر، پرائیویٹ اسکول کا فارم بھر دیا آٹھ دن تک کھیتوں میں مزدوری کی تاکہ فیس بھرے اور کتابیں بھی لے، جب کتابیں اس کی خود سمجھ میں نہیں آئی تو وہ برابر میں ایک بامن (برہمن) کے گھر اس کی لڑکی سے پڑھنے جانے لگی، برہمن کا ایک لڑکا بدمعاش اور ڈاکو تھا، نہ جانے کس طرح میری بھتیجی ہیرا کو اس نے بہکایا اور اس کو لے کر رات کو فرار ہوگیا وہ اس کو لے کر بڑوت کے پاس ایک جنگل میں جہاں اس کا گروہ رہتا تھا پہنچا، وہ اس کے ساتھ چلی تو گئی مگر وہاں جا کر اسے اپنے ماں باپ کی عزت جانے اور ان کی بدنامی اور اپنی غلطی کا احساس ہوا وہ چپکے چپکے روتی تھی۔

اس گینگ میں ایک اور میں پور کا مسلمان لڑکا بھی رہتا تھا ایک روز اس نے روتے ہوئے دیکھ لیا اس نے رونے کی وجہ معلوم کی اس نے بتایا کہ میں کم عمری اور کم عقلی میں اس کے ساتھ آ تو گئی مگر مجھے اپنی عزت خطرے میں لگ رہی ہے اور میرے ماں باپ کی پریشانی مجھے بہت یاد آرہی ہے، اس کو ہیرا پر ترس آگیا اور اس نے بتایا کہ میں مسلمان ہوں اور مسلمان اپنے عہد کے سچے ہوتے ہیں، میں تجھے اپنی بہن بناتا ہوں، میں تیری عزت کی حفاظت کروں گا اور تجھے اس جنگل سے نکال کر صحیح سلامت تیرے گھر پہنچانے کی کوشش کروں گا اس نے اپنے ساتھیوں سے کہا کہ یہ لڑکی تو بہت بہادر اور اپنے ارادے کی پکی معلوم ہوتی ہے ہمیں اپنے گروہ میں ایک دو لڑکیوں کو ضرور شامل کرنا چاہیے اکثر

ہمیں اس کی ضرورت ہوتی ہے، اب جنگل میں اس کو ساتھ رکھنے کا طریقہ یہ ہے کہ اس کو لڑکوں کے کپڑے پہناؤ، اس کی بات سب ساتھیوں کی سمجھ میں آ گئی۔ ہیرا کو کپڑے پہنا کر لڑکا بنا دیا گیا اور وہ ساتھ لے کر پھرتے تھے، اس نے دیکھا ان بارہ لوگوں میں اس مسلمان کا حال سب سے الگ تھا، وہ بات کا پکا تھا، اچھی رائے دیتا تھا، جب مال ملتا تھا تو اس میں کچھ غریبوں کا حصہ رکھتا تھا، ہیرا کو ایک کمرے میں سلاتا تھا اور رات کو دروازہ بند کر دیتا تھا کہ کوئی ساتھی ادھر تو نہیں آیا، جب کچھ روز ہیرا کو ان کے ساتھ ہو گئے اور ان کو اطمینان ہو گیا کہ وہ ان کے گینگ کی ممبر بن گئی ہے تو اس سے چوکسی کم کر دی تھی۔

اب اس نے ایک روز ہیرا کو ایک بہانے سے بڑوت بھیجا اور ہیرا سے کہا کہ تو وہاں تانگہ میں بیٹھ کر ہمارے گھر ادریس پور چلی جانا اور وہاں جا کر میرے چھوٹے بھائی سے سارا حال بتانا اور کہنا کہ تیرے بھائی نے بتایا ہے اور اس کو بتا دینا کہ وہ یہاں آ کر یہ کہے کہ وہ لڑکی بڑوت والوں نے شک میں پکڑ کر پولیس والوں کو دے دی ہے، ہیرا نے ایسا ہی کیا، اس کا بھائی جنگل میں گیا اور اپنے بھائی سے جا کر کہا اس لڑکی کو بڑوت والوں نے پکڑ کر پولیس کو شک میں دے دیا ہے، اس نے اپنے بھائی سے کہا کہ ہیرا کو تم نے بھیج دو اور وہ جا کر تھانہ میں کہے کہ ایک گروہ مجھے گاؤں سے اٹھا لایا، کسی طرح میں چھوٹ کر آ گئی ہوں، مجھے اپنی جان کا خطرہ ہے، ہیرا نے ایسا ہی کیا، بڑوت تھانے والوں نے بڑھانہ تھانہ سے رابطہ کیا، وہاں پر اس لڑکی کے اغوا کرنے کی رپورٹ پہلے ہی لکھی ہوئی تھی لہٰذا لیڈی پولیس لے کر بڑھانہ تھانہ کے لوگ بڑوت آئے اور تھانہ سے اس ہیرا کو لے گئے ہیرا کو لے کر ہمارے گاؤں آئے، ہم نے اسے گھر رکھ تو لیا مگر ایسی بدچلن لڑکی کو گھر میں کس طرح رکھیں، ہیرا نے بتایا کہ مجھے ضرور وہ اغوا کر کے لے گیا مگر میں نے اپنی عزت کی حفاظت کی ہے، کسی کو یقین نہ آیا، ایک پڑھے لکھے رشتہ دار بھی آ گئے انھوں نے کہا کہ ڈاکٹری کرالو،

ہم دونوں بھائی ڈاکٹری کے لئے بڑھانا اسپتال اس کو لے کر گئے اور خیال یہ تھا کہ اگر اس کی عزت سلامت ہے تو واپس لائیں گے، ورنہ مار کر بڑھانہ کی ندی میں ڈال آئیں گے، اللہ کا کرم ہوا کہ ڈاکٹر نے رپورٹ دی کہ اس کی عزت محفوظ ہے، خوشی خوشی اس کو لے کر گھر آئے، مگر وہ اب مسلمانوں کا بہت ذکر کرتی تھی اور بار بار ایک مسلمان لڑکے کی شرافت کی وجہ سے اپنے بچ جانے کا ذکر کرتی تھی، وہ مسلمانوں کے گھر جانے لگی وہاں ایک لڑکی نے اس کو دوزخ کا کھٹکا اور جنت کی کنجی کتاب دے دی، مسلمانوں کی کتاب میں نے گھر میں رکھی دیکھی تو میں نے اس کو بہت مارا اور خبردار کیا کہ اگر اس طرح کی کتاب میں نے گھر میں دیکھی تو تجھے کاٹ کے ڈال دوں گا، مگر اس کے دل میں اسلام گھر کر گیا تھا اور اسلام نے اس کے دل کی اندھیری کوٹھری کو اپنے پرکاش (نور) سے پرکاشت (منور) کر دیا تھا، اس نے مدرسے میں ایک مسلمان لڑکی کے ساتھ جاکر ایک مولانا صاحب کے ہاتھ پر اسلام قبول کر لیا اور چپکے چپکے نماز سیکھنے لگی اور وہ سے سے پر (وقتاً فوقتاً) نماز پڑھنے لگی مسلمان ہونے کے بعد وہ شرک کے اندھیرے گھرانے میں گھٹن محسوس کرنے لگی، وہ بالکل اداس اداس سی رہتی، ہر وقت چہکنے والی لڑکی وہ ایسی ہی ہو گئی جیسے اس کا سب کچھ بدل گیا ہو، نہ جانے کس کس طرح اس نے پروگرام بنایا اور وہ پھر گھر سے چلی گئی، ایک مولانا صاحب اس کو اپنی بیوی کے ساتھ پھلت چھوڑ آئے، پھلت کچھ روز احمد بھائی آپ کے یہاں رہی، شاید آپ کو یاد ہوگا۔

سوال : ہاں ہاں حرا باجی! ارے وہ حرا باجی کہاں ہے؟ ہمارے گھر والے تو ان کی طرف سے بہت فکرمند ہیں، وہ بڑی نیک انسان تھیں حیرت ہے کہ آپ حرا باجی کے چچا ہیں۔

جواب : ہاں احمد بھائی! اس کا نام آپ کے ابی نے حرا رکھا تھا، اور اس نیک بخت بچی کا ظالم اور قاتل چچا میں ہی ہوں۔۔۔(روتے ہوئے)

سوال: پہلے تو یہ بتائیے کہ حرا باجی کہاں ہیں؟

جواب: بتا رہا ہوں، میرے بھائی بتا رہا ہوں اپنے ظلم اور درندگی کی داستان، جیسا کہ آپ کے علم میں ہوگا کہ مولانا صاحب نے اس کو احتیاط کے طور پر دہلی اپنی بہن کے یہاں بھیج دیا وہ وہاں رہی، وہاں اس کو بہت ہی مناسب ماحول ملا وہ مولانا صاحب کی بہن کے یہاں رہی، وہ ان کو رانی پھوپی کہتی تھی آپ کی امی نے بھی اس کو بہت پیار دیا اور رانی پھوپی نے اس کی بہت تربیت کی، شاید ایک ڈیڑھ سال وہ دہلی رہی پھلت اور دہلی کے قیام نے اس کو ایسا مسلمان بنا دیا کہ اب اگر قرآن حکیم نازل ہوتا تو احمد بھائی شاید نام لے کر اس ایمان والی شہید بچی کا ضرور ذکر ہوتا، اسے اپنے گھر والوں سے بہت محبت تھی خصوصاً اپنی ماں سے بہت محبت تھی، اس کی ماں بہت بیمار رہتی تھیں، ایک رات اس نے خواب میں دیکھا کہ میری ماں مر گئی ہے آنکھ کھلی تو اس کو ماں کی بہت یاد آئی اگر ایمان کے بغیر اس کی ماں مر گئی تو کیا ہوگا یہ سوچ کر وہ رونے لگی اور اس کی چیخیں نکل گئی، گھر کے سبھی لوگ اٹھ گئے اس کو سمجھایا تسلی دی، وقتی طور پر وہ چپ ہو گئی مگر بار بار اس کو خواب کو یاد کر کے رونا آتا تھا اور آپ کے ابی کو ابی جی کہتی تھی، بار بار وہ اپنی ماں کو یاد کرتی اور گھر جانے کی اجازت مانگتی مگر آپ کے ابی اس کو سمجھاتے کہ تمہارے گھر والے تمہیں زندہ نہیں چھوڑیں گے اور مار دیں گے اور اس سے زیادہ یہ کہ تمہیں پھر ہندو بنا لیں گے، ایمان کے خطرے سے وہ رک جاتی مگر پھر اس کو گھر یاد آتا تو گھر جانے کی ضد کرتی، بہت مجبور ہو کر مولانا نے اس کو اجازت دی مگر سمجھایا کہ تم صرف اپنے گھر والوں کو اسلام کی دعوت دینے کی نیت سے گھر جاؤ اور واقعی اگر تمہیں اپنے گھر والوں سے محبت ہے تو محبت کا سب سے ضروری حق یہ ہے کہ تم ان کو اسلام کی دعوت دو اور ان کو دوزخ کی آگ سے بچانے کی فکر کرو، میرا نے کہا کہ وہ تو اسلام کے نام سے بھی چڑھتے ہیں وہ ہرگز اسلام نہیں قبول کر سکتے، اس نے کہ

میں بتاؤ تھا کہ مولانا صاحب نے کہا کہ جب اللہ تعالیٰ ان کے بیٹے کو اسلام کے لئے قبول دیکھے تو پھر وہ کفر اور شرک سے بھی اسی طرح چڑھنے لگیں گے جس طرح اسلام سے چڑھتے ہیں، مولانا صاحب نے اس سے کہا کہ تم بھی تو اسلام سے اسی طرح چڑھتی تھی جس طرح اب شرک سے نفرت کرتی ہو، اللہ سے دعا کرو اور مجھ سے عہد کرو کہ میں گھر اپنی ماں اور گھر والوں کو دوزخ سے بچانے کی فکر میں جا رہی ہوں، اگر تم اس نیت سے جاؤ گی تو اول تو اللہ تمہاری حفاظت کریں گے اور اگر تم کو تکلیف بھی ہوئی تو وہ تکلیف ہوگی جو ہمارے نبی ﷺ کی اصل سنت ہے اور اگر تمہارے گھر والوں نے تمہیں مار بھی دیا تو تم شہید ہوگی اور شہادت جنت کا مختصر ترین راستہ ہے اور مجھے یقین ہے کہ تمہاری شہادت خود ان کے لئے ہدایت کا ذریعہ ہوگی، اگر تم گھر والوں کو دوزخ سے بچانے کے لئے اپنی جان بھی دے دو گی وہ ہدایت پا جائیں گے تو تمہارے لئے سستا سودا ہوگا۔

مولانا صاحب بتاتے ہیں کہ انہوں نے اس کو دو رکعت نماز پڑھ کر اللہ سے ہدایت کی دعا کر نیا اور دعوت کی نیت سے اپنے گھر جانے کا عہد کرنے کو کہا، وہ دہلی سے پھلت اور پھر گھر آ گئی، ہم لوگ اس کو دیکھ کر آگ بگولہ ہو گئے، میں نے اس کو جوتوں اور لاتوں سے مارا، اس نے یہ تو نہیں بتایا کہ میں کہاں رہی؟ البتہ یہ بتا دیا کہ میں مسلمان ہو گئی ہوں اور اب مجھے اسلام سے کوئی ہٹا نہیں سکتا، ہم اس پر سختی کرتے تو وہ رو رو کر الٹا ہمیں مسلمان ہونے کو کہتی، اس کی ماں بہت بیمار تھی، دو مہینے کے بعد وہ مر گئی تو وہ اس کو دفن کے لئے مسلمانوں کو دینے کو کہتی رہی کہ میری ماں نے میرے سامنے کلمہ پڑھا ہے، وہ مسلمان مری ہے، اس کو جلانا بڑا ظلم ہے مگر ہم لوگ کس طرح اس کو دفن کرتے، اس کو جلا دیا، روز ہمارے گھر میں ایک فساد ہوتا، کبھی وہ بھائیوں کو مسلمان ہونے کے لئے کہتی کبھی وہ باپ کو، ہم لوگوں نے اس کو مجبور اس کی ننھیال میں پہنچا دیا، اس کے ماموں اس کی مسلمانی سے

عاجز آ گئے اور انھوں نے مجھے اور میرے بھائی کو بلایا کہ اس بدھرم (لامذہب) کو ہمارے یہاں سے لے جاؤ، ہم لوگ روز روز کے جھگڑوں سے عاجز آ گئے ہیں۔

میں نے بجرنگ دل کے ذمہ داروں سے مشورہ کیا سب نے اسے مار ڈالنے کا مشورہ دیا میں اسے گاؤں لے آیا، ایک دن جا کر ندی کے کنارے پانچ فٹ گہرا گڑھا کھودا میں اور بڑے بھائی دونوں اس کو گاؤں لے جانے کے بہانے لے کر چلے کہ تیری بوا کے یہاں جا رہے ہیں، اس کو شاید سپنے (خواب) میں معلوم ہو گیا تھا وہ نہائی اور نئے کپڑے پہنے اور ہم سے کہا کہ چچا آخری نماز تو پڑھنے دو، جلدی سے نماز پڑھی اور خوشی خوشی دلہن سی بن کر ہمارے ساتھ چل دی، آبادی سے دور راستہ سے الگ جانے کے باوجود اس نے ہم سے بالکل نہیں پوچھا کہ بوا کا گھر ادھر کہاں؟ ندی کے بالکل پاس جا کر اس نے ہنس کر اپنے باپ سے پوچھا آپ مجھے بوا کے گھر لے جا رہے ہیں یا پیا کے گھر

(دیر تک روتے ہوئے۔۔۔)

سوال: پانی منگا کر پلاتے ہوئے، ہاں بات پوری کر دیجیے؟

جواب: کس دل سے پوری کروں؟ ہاں بھائی پوری تو کرنی ہی ہے میرے تھیلے میں پانچ لیٹر پٹرول تھا، ہیرا کا حقیقی باپ اور میں ظالم چچا دونوں کے ساتھ وہ بھی مومنہ عاشقہ اور شہیدہ ہم اس کو لے کر گڑھے کے پاس پہنچے جو ایک روز پہلے پروگرام کے تحت کھودا تھا، اس درندہ چچا نے یہ کہہ کر اس پھول سی بچی کو اس گڑھے میں دھکا دیا کہ تو ہمیں نرک کی آگ سے کیا بچائے گی، لے خود مزا چکھ نرک کا، گڑھے میں دھکا دے کر میں نے اس کے اوپر وہ سارا پٹرول ڈال دیا اور ماچس جلائی، میرے بڑے بھائی بس روتے ہوئے اس کو کھڑے دیکھتے رہے، جلی ہوئی ماچس کی تیلی اس پر گری کہ آگ اس کے نئے کپڑوں میں بھڑک گئی، وہ گڑھے میں کھڑی ہوئی اور جلتی آگ میں ہاتھ آسمان کی طرف اٹھائے اور

چیخی ''میرے اللہ! آپ مجھے دیکھ رہے ہے نا، میرے اللہ آپ مجھے دیکھ رہے ہیں نا، میرے اللہ آپ مجھ سے محبت کرتے ہے نا! اپنی حرا سے بہت پیار کرتے ہیں نا، ہاں میرے اللہ آپ غار حرا سے بھی محبت کرتے ہیں اور گڑھے میں جھنی حرا سے بھی محبت کرتے ہے؟! آپ کی محبت کے بعد مجھے کسی کی ضرورت نہیں'' اس کے بعد اس نے زور زور سے کہنا شروع کیا: ''بہا جی اسلام ضرور قبول کر لینا'' چاچا مسلمان ضرور ہو جانا، چاچا مسلمان ضرور ہو جانا'' (ہچکیوں سے روتے ہوئے)

اس پر مجھے غصہ آ گیا اور میں بھائی صاحب کا ہاتھ پکڑ کر چلا آیا، بھائی صاحب مجھ سے کہتے رہے کہ ایک بار اور سمجھا کر دیکھ لیتے مگر مجھے ان پر غصہ آیا، بعد میں واپس آتے ہوئے ہم نے گڑھے کے اندر سے زور زور سے لا الہ الا اللہ کی آوازیں آتی سنیں اور ہم اپنے فریضہ کو ادا کرنا سمجھ کر چلے تو آئے مگر اس شہید محبت کا یہ اخیر جملہ مجھ درندہ اور سفاک کے پتھر دل کو ٹکڑے کر گیا، میرے بھائی گھر آ کر بیمار پڑ گئے ان کے دل میں صدمہ سا بیٹھ گیا اور یہ بیماری ان کے لئے جان لیوا ثابت ہوئی، مرنے کے دو دن پہلے انہوں نے مجھے بلایا اور کہا کہ ہم نے زندگی میں جو کیا وہ کیا مگر اب میری موت حرا کے دھرم پر جائے بغیر نہیں ہو سکتی، تم کسی مولانا صاحب کو بلا لاؤ، میں بھی بھائی صاحب کے حال کی وجہ سے ٹوٹ گیا تھا، ہمارے یہاں مسجد کے امام صاحب مل گئے، ان کو لے کر آیا، انہوں نے ان سے کلمہ پڑھانے کو کہا، کلمہ پڑھا، اپنا اسلامی نام عبدالرحمن رکھا اور مجھ سے کہا کہ مجھے مسلمانوں کے طریقے پر مٹی دینا، میرے لئے یہ بہت مشکل بات تھی مگر میں نے بھائی کی انتم اچھا (آخری خواہش) پوری کرنے کے لئے یہ کیا کہ ان کے علاج کے بہانے دہلی لے گیا، وہاں پر اسپتال میں داخل کیا، وہیں ان کی موت ہوئی، وہ بہت اطمینان سے مرے، پھر ہمدرد کے ایک ڈاکٹر سے میں نے یہ حال سنایا تو انہوں نے وہاں حکیم ہمارے

کچھ مسلمانوں کو بلا کر ان کے دفن وغیرہ کا انتظام کیا۔

سوال : عجیب واقعہ ہے؟ آپ نے اپنے اسلام قبول کرنے کا حال نہیں بتایا؟

جواب : وہی بتا رہا ہوں، اسلام سے میری دشمنی کچھ تو کم ہو گئی تھی مگر بھائی کے مسلمان ہو کر مرنے کا بھی مجھے دکھ تھا، بھائی صاحب کے مسلمان مرنے سے مجھے یہ یقین آ گیا کہ میری بھابھی بھی ضرور مسلمان ہو گئی ہوگی۔ مجھے ایسا لگا کہ کسی مسلمان نے ہمارے گھر پر جادو کر دیا ہے اور وہ لوگوں کو پاگل کر رہا ہے، ایک ایک کر کے سب اپنے دھرم کو چھوڑ رہے ہیں، تو میں نے بہت سے سیانوں سے بات کی، میں ایک تانترک کی تلاش میں شاملی سے اون جا رہا تھا، بس میں سوار ہوا تو بس کسی مسلمان کی تھی، ڈرائیور بھی مسلمان تھا، اس نے ٹیپ میں قوالی چلا رکھی تھی، بڑھیا نام کی قوالی تھی اس نے ہمارے نبی ﷺ کے، ایک بڑھیا کی خدمت اور بڑھیا کے ان کو ستانا اور پھر بڑھیا کے مسلمان ہونے کا قصہ تھا، اس قوالی نے میرے سر پر تھا، بس گھنٹہ بجنا کی، اس قوالی نے میری سوچ کو بدل دیا، مجھے خیال ہوا کہ جس نبی کا یہ قصہ ہے وہ جھوٹا نہیں ہو سکتا، میں اون کے بجائے جھنجھانہ اتر گیا اور خیال ہوا کہ مجھے اسلام کے بارے میں پڑھنا چاہئے، اس کے بعد شاملی بس میں بیٹھ گیا، اس میں بھی ٹیپ بج رہا تھا، پاکستان کے مولانا قاری حنیف صاحب کی تقریر تھی مرنے اور مرنے کے بعد کے حالات پر ان کی تقریر تھی، مجھے شاملی اترنا تھا مگر وہ تقریر پوری نہیں ہوئی تھی، شاملی اڈے پر پہنچ کر ڈرائیور نے ٹیپ بند کر دیا، مجھے تقریر سننے کی بے چینی تھی بس مظفر نگر جاتی تھی، میں نے تقریر سننے کے لئے مظفر نگر کا ٹکٹ لیا، بگھرا پہنچ کر وہ تقریر ختم ہو گئی، اس تقریر نے اسلام سے میرے فاصلہ کو بہت کم کر دیا، میں بڑھانہ روڈ پر اترا اور گھر جانے کے لئے بڑھانہ کی بس میں سوار ہوا، میرے قریب ایک مولانا صاحب بیٹھ گئے، ان سے میں نے کہا کہ میں اسلام کے بارے میں کچھ پڑھنا چاہتا ہوں یا معلومات کرنا چاہتا ہوں، آپ

میری اس سلسلہ میں مدد کریں، انہوں نے کہا آپ پھلت چلے جائیں اور مولانا کلیم صاحب سے ملے، ان سے مناسب آدمی ہمارے علاقے میں آپ کو نہیں ملے گا، میں نے پھلت کا پتہ معلوم کیا اور گھر جانے کے بجائے پھلت پہنچا مولانا صاحب وہاں نہیں تھے، اگلے روز صبح کو آنے والے تھے، رات کو ایک ماسٹر صاحب نے مجھے مولانا صاحب کی کتاب "آپ کی امانت، آپ کی سیوا میں" دی، یہ کتاب اس کی زبان اور دل کو چھونے والی باتوں نے، مجھے شکار کرلیا، مولانا صاحب صبح سویرے کے بجائے اگلے روز شام کو پھلت آئے، میں نے مغرب کے بعد ان سے مسلمان ہونے کی خواہش کا اظہار کیا اور بتایا کہ میں معلومات کرنے آیا تھا مگر آپ کی امانت نے مجھے شکار کرلیا، مولانا صاحب بہت خوش ہوئے، ۱۲ جنوری ۲۰۰۰ء کو مجھے کلمہ پڑھایا، میرا نام عبداللہ رکھا، رات کو میں وہیں رکا، میں نے مولانا صاحب سے ایک گھنٹہ کا وقت مانگا اور اپنے ظلم و بربریت کے گندے ماضی کی کہانی سنائی، مولانا صاحب میری بھتیجی حرا کی کہانی سن کر دیر تک روتے رہے اور بتایا کہ حرا ہمارے یہاں ہی رہی اور میری بہن کے پاس رہی، مولانا صاحب نے مجھے تسلی دی کہ اسلام پچھلے سارے گناہوں کو ختم کردیتا ہے، مگر میرے دل کو اس کا اطمینان نہ ہوا اس درجہ سفاکی و بربریت کو کس طرح معاف کیا جاسکتا ہے۔

مولانا صاحب مجھ سے کہتے تھے، اسلام سے سارے پچھلے گناہ معاف ہوجاتے ہیں، اپنے دل کے اطمینان کے لئے آپ نے اتنے مسلمانوں کو قتل کیا، اب آپ کچھ مسلمانوں کی جان بچانے کی کوشش کریں، قرآن نے کہا ہے کہ نیکیاں گناہوں کو زائل کردیتی ہیں إِنَّ الْحَسَنَاتِ يُذْهِبْنَ السَّيِّئَاتِ میں اپنی دل کی تسلی کے لئے ہوا پے ظلم کی قسمت جگانے کے لئے کوشش کرتا ہوں کہ کسی حادثہ میں کسی بیماری میں، کوئی مسلمان مرنے جارہا ہو تو میں اس کو بچانے کی کوشش کروں، یہ بھی مجھے معلوم ہے کہ مرنے والے کو

میں بچانے والا کون ہوں، مگر کوشش کرنے والا بھی کرنے والے کی طرح ہوتا ہے، اس لئے کوشش کرتا ہوں۔

گجرات میں دنگے ہوئے تو میں نے موقع غنیمت جانا، میرے اللہ کا کرم ہے کہ اس نے مجھے خوب موقع دیا، میں نے وہاں پر ہندو بن کر بہت سے مسلمانوں کو محفوظ جگہ پر پہنچایا، یا پہلے سے خطرے سے ہوشیار کیا، پہلے جا کر ہندوؤں کے مشورہ میں شامل ہوا اور دس گیارہ بھیڑ کے حملوں کی میں نے مسلمانوں کو اطلاع دے کر اپنے گاؤں سے، حملے سے پہلے ہی بھگا دیا، ایک کام تو میرے اللہ نے مجھ سے ایسا کرایا جس سے مجھے ضرور بڑی تسلی ہوتی ہے، آپ بے تاب ہوں گے کہ بھاؤ نگر میں ایک مدرسہ میں چار سو بچوں کو مدرسہ کے اندر جلانے کا پروگرام تھا، میں نے وہاں تھانہ انچارج تیرہ کو اطلاع دی اور ان کو تیار کیا، بھیڑ کے آنے کے دس منٹ پہلے پیچھے کی دیوار میں نے اپنے ہاتھ سے توڑی اور اللہ نے چار سو معصوموں کی جان بچانے کا مجھے ذریعہ بنایا، میں تین مہینے تک گجرات جا کر پڑ گیا پھر بھی میرے ظلم اتنے زیادہ ہیں کہ یہ سب کچھ اس کے برابر نہیں ہو سکتا، پس ایک بار مولانا صاحب نے مجھے تسلی دی کہ اللہ کی رحمت کے لئے کیا مشکل ہے کہ موت کا وقت اور بہانہ اس نے خود طے کیا ہے، جس اللہ نے آپ کو ہدایت سے نوازا، وہ اللہ آپ کو معاف کرنے پر کیوں قادر نہیں، اس سے دل مطمئن ہوا، مولانا صاحب نے مجھے اسلام سیکھنے کے لئے جماعت میں جانے کا مشورہ دیا، میں نے دو ماہ کا وقت مانگا، گاؤں سے مکانات اور زمین بستے واسوں میں فروخت کیں اور دہلی جا کر مکان لیا، بیوی اور دو بھتیجوں اور جرا کی بہن کو تیار کیا اور پھلت لے جا کر کلمہ پڑھوایا، اس میں مجھے دو ماہ کے بجائے ایک سال لگا، پھر جماعت میں وقت لگا، میرا دل ہر وقت اس غم میں ڈوبا رہتا ہے کہ اتنے مسلمانوں اور پھول سی بچی کا اس سفاکی سے قتل کرنے والا کس طرح معافی کا مستحق ہے، مولانا صاحب نے

مجھے قرآن شریف پڑھنے کو کہا اور خاص طور پر بروج سورت کو بار بار پڑھنے کو کہا اب وہ مجھے زیادہ یاد ہے اور اس کا ترجمہ بھی، ۱۴۰۰ سو سال پہلے کسی کی بات میرے اللہ نے کی تھی، مجھے یہ لگتا ہے کہ قریب کے بارے میں ہے خدا نے ہمارا نقشہ کھینچا ہے۔

قُتِلَ أَصْحَابُ الْأُخْدُودِ، النَّارِ ذَاتِ الْوَقُودِ، إِذْ هُمْ عَلَيْهَا قُعُودٌ، وَهُمْ عَلَىٰ مَا يَفْعَلُونَ بِالْمُؤْمِنِينَ شُهُودٌ، وَمَا نَقَمُوا مِنْهُمْ إِلَّا أَنْ يُؤْمِنُوا بِاللَّهِ الْعَزِيزِ الْحَمِيدِ، الَّذِي لَهُ مُلْكُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ ۚ وَاللَّهُ عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ شَهِيدٌ (البروج ۴-۹)

ترجمہ: "خندقوں والے ہلاک کر دیے گئے، یعنی آگ کی خندقیں جس میں ایندھن جھونک رکھا تھا، جب کہ وہ ان کے کناروں پر بیٹھے ہوئے تھے اور جو سختیاں وہ اہل ایمان پر کر رہے تھے ان کو سامنے دیکھ رہے تھے، ان کو مومنوں کی یہی بات بری لگتی تھی کہ وہ خدا پر ایمان لائے ہوئے تھے جو غالب اور قابل تعریف ہے، وہی جس کی آسمانوں اور زمین میں بادشاہت ہے اور خدا ہر چیز سے واقف ہے۔"

احمد بھائی اس سورت کو آپ پڑھیں اور خدا کی تڑپا دینے والی آخری صدا آپ پر غور کریں: میرے اللہ آپ مجھے دیکھ رہے ہیں نا! میرے اللہ آپ مجھ سے محبت کرتے ہیں نا! ہاں! میرے اللہ آپ تو ہر دوست سے بھی محبت کرتے ہیں، اپنی مخلوق سے بھی پیار کرتے ہیں نا! آپ کی محبت کے بعد مجھے کسی کی محبت کی ضرورت نہیں۔۔۔ چچا جی اسلام ضرور قبول کر لینا، چچا مسلمان ضرور ہو جانا، چاچی مسلمان ضرور ہو جانا۔ (ہچکیوں سے روتے ہوئے)

میزبان: اللہ کا شکر ہے کہ آپ نے ان کا کہا مان لیا، آپ بہت خوش قسمت ہیں، اس ظلم کے اندھیرے کو رحمت اور اسلام کے نور کا ذریعہ اللہ نے آپ کے لئے بنا دیا۔

داعی: میں نے کہا اس کا کیا کہنا! ہدایت کا فیصلہ کرنے والے اس سے محبت کرنے والے اللہ نے اس کو کیسے بنایا، مجھ جیسا ظالم کب اس کرم کے قابل تھا؟

سوال: بہت بہت شکریہ عبداللہ بھائی!

جواب: احمد بھائی آپ دعا کریں، اللہ تعالیٰ مجھ سے کوئی ایسا کام ضرور کرا دے جس سے میرا دل مطمئن ہو جائے کہ میرے مظالم کی تلافی ہو گئی، واقعی قرآن کے اس فرمان میں مجھ جیسے لاعلاج مریض کے لئے بڑا علاج ہے کہ اچھائیاں برائیوں کو زائل کر دیتی ہیں، اس لئے گجرات فسادات میں کچھ معصوم مسلمانوں کی مدد اور جان بچانے کی کوششوں سے میرے دل کو بڑی تسلی ہوتی ہے۔ (خدا حافظ)

مستفاد از ماہنامہ ارمغان، فروری ۲۰۰۵ء

ڈاکٹر صفیہ ﴿سروج شالنی﴾ سے ایک ملاقات

سائنس اور ٹیکنالوجی کی اس ترقی یافتہ دنیا کو صرف اسلام کی ضرورت ہے اور اسلام کے بغیر یہ دنیا بالکل کنگال ہے، استاد، یہ میں کوئی شاعری نہیں کر رہی ہوں، بلکہ اس ترقی یافتہ دنیا کو بہت قریب سے دیکھ کر یہ بات کہتی ہوں، اس کنگال دنیا کو صرف اسلام بنا سکتا ہے ورنہ یہ دنیا دیوالیہ ہو گئی ہے، اس کے دیوالیہ پن اور اندھیرے کا علاج صرف اور صرف اسلام ہے اور یہ دولت صرف اور صرف مسلمان کے پاس ہے پھر بھی اس کنگال دنیا سے ہم مرعوب کیوں ہیں ؟ مجھے افسوس اور حیرت ہوتی ہے جب میں یہ محسوس کرتی ہوں کہ اس دیوالیہ اور اندھیری دنیا میں اپنے پاس دیوالیہ پن کا علاج اور سب سے بڑی دولت رکھنے کے باوجود ہم احساس کمتری میں مبتلا کیوں ہیں؟ ہمیں اس پر شکر ہونا چاہئے بلکہ فخر ہونا چاہئے اور اس دیوالیہ دنیا پر ترس کھانا چاہئے۔

اسما ء ذات الفوزین

اسماء ذات الفوزین: السلام علیکم ورحمۃ اللہ

ڈاکٹر صفیہ: وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ

سوال: ڈاکٹر صاحب، ابی کا اجمیر سے فون آیا تھا، انھوں نے بتایا کہ آپ کا فون آیا تھا، میں آپ کو بلا لوں اور آپ سے کچھ باتیں کروں، آپ کے علم میں ہوگا کہ ہمارے یہاں پھلت سے اپنے خونی رشتہ کے بھائی بہنوں خصوصاً برادران وطن تک ان کا دعوتی حق

پہونچانے اور ان کو دوزخ سے بچانے کی فکر اور ذمہ داری پیدا کرنے اور مسلمانوں کو بیدار کرنے کے لئے ایک اردو میگزین نکلتی ہے اس میں اسلام کے دسترخوان پر آنے والے نئے خوش قسمت بھائیوں کی آپ بیتی ہر ماہ شائع کی جارہی ہے اپ کی خواہش تھی کہ ۲۰۰۲ء کے شمارے میں آپ کا انٹرویو شائع ہو جائے۔

جواب: اصل میں میں پندرہ روز سے مولانا صاحب کو فون کرنے کی کوشش کر رہی تھی میرے پاس ان کا یوپی اور دہلی کے موبائل تھے مگر مل نہیں رہے تھے کل اتفاق سے فون مل گیا انہوں نے مجھے دہلی گھر کا نمبر دیا اور بہت تاکید کی کہ آپ فون کر کے ضرور چلی جائیں اس لیے کہ میگزین پریس میں جانا ہے اور بالکل آخری تاریخ ہے مجھے مولانا صاحب نے بتایا کہ یہ انٹرویوز دعوت کا ماحول بنانے میں بڑا رول ادا کر رہے ہیں تو مجھے خیال ہوا کہ میرا بھی اس میں کچھ حصہ (شیئر) ہو جائے آپ مجھ سے جو چاہیں معلوم کریں۔

سوال: شکریہ آپ پہلے اپنا تعارف (پریچے) کرائیں۔

جواب: میرا پرانا نام سروج شالنی ہے میں ۲۲ ستمبر ۱۹۷۷ء میں لکھنؤ کے پاس موہن لال گنج میں ایک برہمن خاندان میں پیدا ہوئی میرے والد ڈاکٹر کے اے شرما، پروفیسر تھے اور کارڈیالوجی میں ڈی ایم کیا تھا اس کے بعد کافی زمانہ تک وہ پٹنہ ہوسپٹل میں رہے دس سال سے لکھنؤ میں گھر کے قریب کوشش کر کے ٹرانسفر کرا لیا، میری (ماتا) والدہ گھریلو خاتون ہیں، میرے والد مزاج کے لحاظ سے بالکل ہندوستانی ہیں وہ صرف مشرقی تہذیب سے اتفاق رکھتے ہیں اس لئے انہوں نے اپنے گھر والوں پر دباؤ دیکر بہت سے ڈاکٹروں کو چھوڑ کر میری والدہ کو پسند کیا اور شادی کی، میرے دو بھائی ہیں، ایک بنارس یونیورسٹی میں ریڈر ہیں اور دوسرے بی ایچ ایل میں انجینئر ہیں دونوں مجھ سے بڑے ہیں، میں نے انٹر سائنس بایولوجی میں فرسٹ ڈویژن سے پاس کیا اور پھر PMT مقابلہ پاس کیا لکھنؤ

میڈیکل کالج۔ یہاں ایم بی بی ایس کیا اور مولانا آزاد میڈیکل دہلی سے ایم ڈی کیا اپنے والد کی خواہش پر کارڈیالوجی (امراض قلب) کو منتخب کیا اب میں AIMS سے D.M. بھی کر رہی ہوں اور آجکل AIMS میں ڈپارٹمنٹ آف کارڈیالوجی میں ملازمت بھی کرتی ہوں، میں نے اب سے ایک سال چھ ماہ چار روز دو گھنٹے پہلے بیس مئی ۲۰۰۳ء کو بروز جمعرات (بروز جمعرات) گیارہ بجے، گرین پارک کی مسجد میں جا کر آپ کے والد صاحب کے ہاتھ پر اسلام قبول کیا۔

سوال: اپنے اسلام قبول کرنے کے واقعہ اور اس کے اسباب کو آپ ذرا تفصیل سے بتایئے؟

جواب: جون ۲۰۰۳ء میں I.C.C.U بچوں کے وارڈ میں ڈیوٹی پر تھی میں نے دیکھا کہ ایک مولانا صاحب ہریانہ کے ایک بچہ کو دیکھنے آئے، بچے کے پاس صرف ایک (Attandent) تیمار دار کیسے اپنے بچے کو پھونکنے کے لئے کہا' بچے کی ماں ہریانہ والے بچے کے پاس کھڑی ہوگئی، مولانا صاحب نے دوسرے بچے پر بھی دم کیا اس کو دیکھ کر برابر والی ماں نے بھی اپنے بچے کو پھونکنے کے لئے کہا، ایک کے بعد ایک چھ بچوں کے پاس مولانا صاحب آ کر کھڑے ہوئے اور پھونکتے رہے، ڈاکٹر تیاگی جو ڈپارٹمنٹ کے ہیڈ تھے، ان کے راؤنڈ کا ٹائم تھا جس سامنے سے دیکھ کر وارڈ میں آئی اور مولانا صاحب سے پوچھا۔ آپ کا مریض کون ہے؟ آپ کبھی اس مریض کے پاس، کبھی اس مریض کے پاس آ رہے ہیں اور پھونک رہے ہیں، یہ I.C.C.U ہے یہاں پر انفکشن (Infection) کا خطرہ رہتا ہے، مولانا صاحب نے کہا یہ سارے مریض میرے ہیں اس لئے کہ ہمیں ہمارے بڑوں نے یہ بتایا ہے کہ سارے انسان ایک ماں باپ کی اولاد ہیں، اس لئے یہاں پر ایڈمٹ ہر مریض سے میرا خونی رشتہ ہے، جس مالک نے آپ کو اور ہمیں پیدا کیا ہے اس کو یہ تیرا میرا بالکل پسند نہیں اور جو چیز ہم پڑھ کر پھونک رہے ہیں وہ اسی مالک کا کلام ہے جس نے

اپنے کلام میں یہ بات کہی ہے،اپنے سچے سندیش واایک حضرت ابراہیم کی زبان سے یہ
بات کہلوائی اور حضرت ابراہیم وہ ہیں جن کے نام پر بھارت کے لوگ اپنے کو براہمن
(برہمن) کہلاتے ہیں کہ جب میں بیمار ہوتا ہے تو وہ مالک شفا دیتا ہے یعنی ٹھیک کرتا ہے،
آپ روز دیکھتی ہوں گی آپ اپنی سوچ سے اچھی اچھی دوا مریض کو دیتی ہیں اور مریض
ٹھیک ہونے کے بعد مرجاتا ہے اور بعض مرتبہ علاج میں غلطی ہوتی ہے اور مریض ٹھیک
ہوجاتا ہے،ایسی بات میں نے پہلی بار سنی تھی پچھلے ہفتہ ہمارے وارڈ کے چھ بچے ایکسپائر
(مرگئے) ہوگئے تھے،ان میں سے چار بچے تو بہت سندر تھے اور دو ہفتہ تک وارڈ میں
رہنے کی وجہ سے مجھے بھی ان سے بہت تعلق ہوگیا تھا،ان کی موت سے دل پر بہت صدمہ
تھا،مولانا صاحب کی محبت بھری باتیں سن کر مجھے ایسا لگا کہ مجھے ان کی کچھ اور باتیں سننی
چاہیے میں نے مولانا صاحب سے اپنے کیبن میں آنے کو کہا،مولانا صاحب نے میری
درخواست قبول کی مولانا صاحب نے مجھ سے کہا آپ میری چھوٹی بہن یا میری اولاد کی
طرح ہیں اور محبت سے مجھے بلا کر لائی ہیں تو میری آپ سے درخواست ہے کہ اپنے وارڈ
میں آنے والے مریض کو اپنا بچہ یا اپنا بھائی سمجھیں اور ان کے درد اور تکلیف کو اس طرح
لیں،مالک نے آپ کو کیسا اچھا موقع دیا کہ آپ کو پریشان حال لوگوں کے درد میں شریک
کیا،آپ کو خوب اندازہ ہوگا کہ جس ماں کا بچہ ہو اور وہ تنہا رہ کر ICCU میں ایڈمٹ
ہو اور سرکاری اسپتال میں ایسے مریض آتے ہیں جن کا کوئی سہارا نہیں ہو ان کے ساتھ
ذرا سی ہمدردی آپ کریں تو ان کے رواں میں روئیں،بلکہ اندر آتما سے آپ کے لئے دعا ئیں
نکلیں گی،آخر میں مولانا صاحب نے بڑے درد سے میرا نام پوچھا اور بولے،ڈاکٹر شالنی!
آپ میری خونی رشتہ کی بہن ہیں،اس لئے میں آپ کو نصیحت کرتا ہوں بلکہ وصیت کرتا
ہوں اور وصیت اس کو کہتے ہیں جو کوئی مرنے والا اپنے بچے سے مرنے کے وقت اچھی

آخری بات کے طور پر کہتا ہے کہ آپ وارڈ میں آنے والے کا علاج سب سے بڑی پوجا سمجھ کر کریں آپ کو سینکڑوں سال کی تپسیا اور کٹھن پوجا (مشکل عبادت) مالک کے یہاں وہ جگہ نہیں ملے گی جو کسی پریشان حال مریض اور اس کے مصیبت زدہ ماتا پتا کو تسلی دینے میں ملے گی۔

میں نے مولانا صاحب کا بہت شکریہ ادا کیا اور وعدہ کیا کہ میں کوشش کروں گی، مولانا صاحب چلے گئے، ڈاکٹر صاحب کے راؤنڈ کے بعد میں نے پانی پت ہریانہ کے اس بچے کے باپ سے معلوم کیا کہ یہ مولانا صاحب کون ہیں، اس نے بتایا کہ یہ ہمارے حضرت جی ہیں، یہ بہت اچھے آدمی ہیں، ان کے ہاتھوں پر ہزاروں ہندو مسلمان ہو گئے، کافی دنوں تک مجھے مولانا صاحب کی باتوں کا دل پر اثر رہا، خاص طور پر یہ بات کہ یہ سارے مریض میرے ہیں، جس مالک نے ہمیں پیدا کیا اس کو یہ تیرا میرا پسند نہیں، میں نے یہ بھی محسوس کیا کہ مولانا صاحب کے پھونکنے سے مریضوں کی حالت میں عجیب فرق آیا ہے اور سارے مریض ٹھیک ہو کر وارڈ سے گئے، لیکن کچھ دن گذرنے کے بعد ذہن سے بات نکل گئی، مولانا آزاد میڈیکل کالج میں میری ایک روم پارٹنر ڈاکٹر ریتا سہگل تھی وہ کالج میں ایم ایس کر رہی تھی اور بعد میں وہ صفدر جنگ اسپتال میں کالج ڈپارٹمنٹ میں ملازم ہو گئی ہم لوگوں میں خاصی دوستی ہے، ایک دن انہوں نے مجھے کھانے پر بلایا کھانے کے بعد باتیں ہو رہی تھیں، ان کے یہاں مسلمان کام کرنے والی آتی تھی، وہی کھانا وغیرہ بناتی تھی میں نے ان سے کہا تم نے مسلمان کھانا بنانے والی کیوں رکھ رکھی ہے؟ تمہیں کوئی ہندو نہیں ملی؟ وہ کہنے لگیں یہ بڑی اچھی لڑکی ہے بہت ایماندار ہے، کئی بار میرا پرس گر گیا جوں کا توں مجھے لا کر دیا، باتوں باتوں میں مسلمانوں کے بارے میں باتیں ہونے لگیں، ڈاکٹر ریتا کہنے لگیں جیسے ہمارے دیش بلکہ پورے سنسار میں مسلمانوں کے خلاف

میڈیا میں باتیں آرہی ہیں لوگ مسلمان ہوتے جارہے ہیں، کیسے کیسے بڑے لوگ مسلمان ہورہے ہیں، مائیکل جیکسن کے بارے میں تمہیں معلوم ہوگا وہ بھی مسلمان ہوگیا، ہمارے ہوسپٹل میں کارڈیالوجی میں ایک نوجوان ڈاکٹر جلبیر نام کے ہیں وہ بھی دو ایک سال پہلے مسلمان ہوگئے ہیں اور وہ تو بس یہ چاہتے ہیں کہ پورے اسپتال کے لوگ مسلمان ہوجائیں، ایک مریض کے سلسلہ میں ان کو چیک اپ کے لئے بلایا بس مجھ سے کہنے لگے اگر مرنے کے بعد نرک سے بچنا ہے تو مسلمان ہوجاؤ، مجھے یہ سن کر آپ وارڈ میں آئے مولانا صاحب یاد آگئے اور ان کی ساری باتیں تازہ ہوگئیں، میں نے ڈاکٹر ریتا سے کہا آپ مجھے ڈاکٹر جلبیر سے ضرور ملائیں انہوں نے اگلے روز فون کرنے کو کہا اور بتایا کہ اتوار کو ڈاکٹر جلبیر کو میں نے گھر پر بلایا ہے، آپ دس بجے میرے گھر پر آجائیں اتوار کے روز میں ڈاکٹر صاحبہ کے گھر میں گئی، ڈاکٹر جلبیر بھی آگئے، سانولے رنگ کے بہت ہی بھلے نوجوان، جیسے کسی گہری سوچ میں گم ہوں، میں نے ان سے معلوم کیا آپ نے کتنے دن پہلے اسلام قبول کیا، انہوں نے بتایا آٹھ نو سال پہلے، میں نے وجہ معلوم کی تو انہوں نے کہا صرف اور صرف اسلام ہی سچا اور سب سے پہلا اور سب سے اتم دھرم ہے اور اسلام کے بغیر مرنے کے بعد کی زندگی میں نہ تو موکش ہے نہ مکتی (نجات) اور ہمیشہ ہمیشہ کی نرک ہے اور اسلام قبول کرنا آپ کے لئے بھی اتنا ہی ضروری ہے جتنا میرے لئے، میں نے معلوم کیا کہ آپ نے نام بھی بدل لیا ہے، انہوں نے بتایا کہ ہاں میرا اسلامی نام ولی اللہ ہے، جس کا ترجمہ (معنی) ہے اللہ کا یعنی ایشور کا دوست، میں نے ان سے کہا کہ ایک ڈیڑھ سال پہلے میرے وارڈ میں ایک مولانا صاحب آئے تھے، انہوں نے مجھ سے کچھ باتیں کی تھیں وہ آج تک میرے دل کو لگی ہوئی ہیں وہ وارڈ کے ہر مریض کو پھونک رہے تھے، میرے معلوم کرنے پر کہ آپ کا مریض کونسا ہے انہوں نے کہا کہ سارے

مریض میرے ہیں، ہم سب ایک ماں باپ کی اولاد، خونی رشتہ کے بھائی ہیں، تیرا میرا پیدا کرنے والے مالک کو بالکل پسند نہیں، ڈاکٹر بلبیر کہنے لگے، مولانا صاحب نے یہ باتیں بالکل سچی کہی تھیں یہ تو اسلام کے اور ہم سب کے رسول حضرت محمد ﷺ نے اپنے آخری حج کے بھاشن میں کہی تھیں، میں نے کہا وہ بھاشن چھپا ہوا ملتا ہے انہوں نے کہا کہ ہاں ہمارے نبی کا ہر بول پوری طرح سورکشت (محفوظ) ہے اور چھپا ہوا ملتا ہے میں کسی سے لے کر ڈاکٹر ریتا کے ہاتھ آپ کو بھجوادوں گا۔

دو چار روز کے بعد ڈاکٹر ریتا سہگل نے مجھے وہ پمفلٹ جس میں انگریزی میں ہمارے نبی ﷺ کے آخری حج کا خطبہ انگلش ٹرانسلیشن کے ساتھ تھا لا کر دیا، اس کو پڑھ کر میں حیران رہ گئی خاص طور پر عورتوں کے بارے میں بار بار ان کی چیتا میرے من کو اور لگ گئی، مجھے مولانا صاحب کی یاد آئی اور خیال ہوا کیا اچھا ہوتا کہ میں مولانا صاحب کا پتہ لے لیتی، میں نے ہاسپٹل میں پرانے مریضوں کی فائلیں تلاش کیں کہ پالی پت کے مریض کا پتہ مل جائے تو میں خود مریض کے گھر جا کر مولانا صاحب کا پتہ معلوم کر لوں، مگر مجھے پتہ نہیں مل سکا، مجھے اسلام کو پڑھنے اور اسلام کے بارے میں جاننے کا شوق ہو گیا تھا، میں نے ڈاکٹر بلبیر کا فون لیا اور ان سے ملنے کے لئے وقت طے کیا صفدر جنگ ہوسپٹل جا کر ان کے وارڈ میں ان سے ملی ان سے اسلام کو جاننے کے لئے لٹریچر دینے کو کہا، دوسرے روز وہ میرے ہوسپٹل آئے اور مجھے ایک چھوٹی سی کتاب ''آپ کی امانت' آپ کی سیوا میں'' ہندی میں دی اور انہوں نے کہا کہ اسلام کی ضرورت اور اس کے بارے میں جاننے کے لئے یہ چھوٹی سی کتاب سو کتابوں کی ایک کتاب ہے، بس یہ کتاب آپ کو یہ سوچ کر پڑھنی ہے کہ ایک سچا ہمدرد صرف مجھ سے یہ بات کہہ رہا ہے اور آپ کتاب پڑھیں گی تو آپ کو خود ایسا ہی لگے گا میں نے اس کتاب کے لیکھک کے ہاتھ پر ہی اسلام

قبول کیا ہے کتاب کے دو شبد کتاب کی جان ہے ان کو پڑھ کر آپ کتاب اور کتاب لکھنے والے کو جان جائیں گی۔ ڈاکٹر طلیعہ نے مجھے بتایا کہ وہ دہلی کے پاس یوپی کے ایک شہر کے راجپوت خاندان سے تعلق رکھتے ہیں۔ کتاب دے کر اور کچھ دیر چائے وغیرہ پی کر وہ چلے گئے میں نے وارڈ میں بیٹھ کر وہ کتاب بس ایک بار میں پڑھ ڈالی، کتاب پڑھ کر مجھے مولانا صاحب کی بہت یاد آئی۔ کتاب نے میرے دل میں اپنی جگہ بنالی تھی، میں نے کتاب کو پڑھ کر ڈاکٹر طلیعہ کو فون کیا اور ان سے کہا کہ کتاب کے لیکھک کی اور کوئی کتاب مجھے دیں تو میں آپ سے مجھے آپ مانگیں تو آپ کا مجھ پر بڑا آبھار (احسان) ہوگا۔

چار روز بعد اٹھارہ مئی تھی، ڈاکٹر ہیمر کا میرے پاس فون آیا انہوں نے بتایا کہ اگر آپ چھٹی لے سکتی ہوں تو "آپ کی امانت" کے لیکھک مولانا محمد کلیم صاحب سے گرین پارک کی مسجد میں ملاقات ہو جائے گی میں فوراً تیار ہوگئی، ہم آٹو سے گرین پارک کی مسجد پہونچے، مولانا صاحب گیارہ بجے کے بجائے ساڑھے دس بجے وہاں پہنچ گئے تھے ان کو آگے سفر کرنا تھا مولانا صاحب کو دیکھ کر مجھے اتنی خوشی ہوئی کہ میں اسے بھول نہیں سکتی جب میں نے دیکھا کہ آپ کی امانت کے لیکھک مولانا کلیم وہی مولانا صاحب ہیں، جو ڈیڑھ سال پہلے میرے وارڈ میں ہریانہ کے بچے کو دیکھنے آئے تھے اور جن کو میں اس قدر تلاش کر رہی تھی، محبت اور عقیدت سے مولانا صاحب کے قدموں میں گر گئی، مولانا صاحب نے بہت سختی سے منع کیا اور مجھ سے کہا اب کیا دیر ہے، آپ کی امانت پڑھنے کے بعد بھی آپ کو کوئی شک رہ گیا ہے؟ میں حالانکہ مولانا صاحب سے ملنے ہی آئی تھی مگر میں اپنے کو روک نہیں سکی اور میں نے مولانا صاحب سے کہا کہ میں مسلمان ہونے ہی آئی ہوں، مولانا صاحب بہت خوش ہوئے اور مجھے فوراً کلمہ پڑھایا اور میرا اسلامی نام سروج شالنی کی جگہ صفیہ شالنی (الیس شالنی) رکھا مولانا صاحب نے مجھے کچھ کتابیں بھی دیں

اور نماز یاد کرنے اور پڑھنے کی تاکید کی۔

سوال: اسلام قبول کرنے کے بعد آپ نے اس کا اعلان کیا یا نہیں؟

جواب: مولانا صاحب نے مجھے اعلان کرنے کے لئے سختی سے منع کر دیا مگر پھر بھی میں نے اپنے خاص خاص لوگوں سے ذکر کر دیا کبھی کبھی مجھے بہت جوش سا بھی آتا ہے کہ اسلام جب حق ہے تو اسے چھپانا اور گھٹ گھٹ کر جینا کیسا؟ مگر مجھے یہ خیال آجاتا ہے کہ جب ایک ایسے آدمی کو جس کی وجہ سے بالکل تصور کے خلاف اسلام کی روشنی ایک گندی کو ملی، رہبر مان لیا ہے تو اب اس کا کہنا ماننا ہی اچھا ہے۔

سوال: اپنی دوست ڈاکٹر رینا سہگل کو آپ نے بتا دیا؟

جواب: میں نے نہ صرف یہ کہ اس کو بتا دیا بلکہ میں اور ڈاکٹر ولی اللہ دونوں اس پر لگے رہے اور الحمدللہ اس نے بھی کلمہ پڑھ لیا ہے مگر وہ شادی شدہ ہیں ان کے شوہر ڈاکٹر بی کے سہگل اپنی کلینک کرتے ہیں، بڑے سخت مذہبی گھرانے سے تعلق رکھتے ہیں اور ادھر چند سالوں سے وہ رادھا سوامی ست سنگ سے جڑ گئے ہیں، اس لئے ان کی وجہ سے وہ دبی ہوئی ہیں۔

سوال: ڈاکٹر ولی اللہ سے آپ کا رابطہ ہے؟

جواب: اصل میں ڈاکٹر ولی اللہ خود دل کے بیمار ہو گئے ان کو دل کی ایک ایسی بیماری ہو گئی جس سے رفتہ رفتہ دل کمزور ہو جاتا ہے اور پھر اس میں پیس میکر لگانا پڑتا ہے، وہ اپنے علاج کے سلسلہ میں مجھ سے زیادہ رابطہ میں رہے، میں نے علاج میں بہت دلچسپی لی، ان کی شادی ایک سرکاری ملازمت پر لگی لڑکی سے ہوئی، انہوں نے اس کو شادی سے پہلے بتا دیا تھا اور شرط بھی طے کر لی تھی کہ پہلے مسلمان ہو کر نکاح کرنا ہوگا پھر خاندانی رواج کے مطابق شادی ہوگی، انہوں نے کلمہ پڑھوا کر نکاح بھی کیا مگر بعد میں وہ اسلام کی طرف زیادہ دلچسپی نہ رکھ سکیں، ان کی ملازمت بھی اس میں حائل رہی، اسلام سے ان کی بیوی کی دلچسپی

نہ ہونا ان کو گھن کی طرح کھاتی رہی اور وہ دل کے بیمار ہو گئے، ایلو پیتھک علاج کارگر نہ ہوا تو مولانا صاحب نے ان کو یونانی دوا اور کچھ خمیرہ وغیرہ بتائے، ماشاء اللہ کرم کہ وہ دو ماہ میں تقریباً بالکل ٹھیک ہو گئے، مولانا صاحب نے ان کو مشورہ دیا کہ وہ عرب ملکوں میں چلے جائیں اور اپنی بیوی کو وہیں بلا لیں، ان کو ماحول مل جائے گا، اللہ کا شکر ہے ان کو سعودی عرب میں ملازمت مل گئی اور اب گزشتہ ماہ انھوں نے اپنی بیوی کو بلا لیا ہے، ان کے جانے سے ان کا مسئلہ تو حل ہو گیا مگر میں اکیلی سی ہو گئی، ڈاکٹر رینا جس کا نام آپ کے ابی کے مشورہ سے فاطمہ رکھا گیا تھا ان کے شوہر ڈاکٹر ولی اللہ کام کر رہے تھے اب اس میں کمی آگئی ہے، میں ذرا کھل کر ان سے بات نہیں کر سکتی۔

سوال: کیا آپ کے والد اور والدہ کو بھی آپ کے مسلمان ہونے کا علم ہو گیا ہے؟

جواب: ہاں میں نے اپنے والد کو صاف صاف بتا دیا ہے انھوں نے خوش دلی سے قبول نہیں کیا مگر اب رفتہ رفتہ ان کی کم از کم ناگواری کم ہوتی جا رہی ہے۔

سوال: آپ کی شادی ہو گئی یا نہیں؟

جواب: میرے والد میری شادی کے سلسلہ میں چھ سات سال سے فکرمند ہیں، بہت اچھے اچھے رشتے خود ان کے شاگردوں کے آئے، مگر شاید میرے اللہ کو کچھ اور منظور تھا اس لئے میں اپنے کو تیار نہ کر سکی اور DM کرنے کا بہانہ کر کے منع کر دیا، میں نے مولانا سے کئی بار اپنے اسلام کے اعلان کی اجازت مانگی مگر انھوں نے ابھی خاموشی سے گھر والوں پر کام کرنے کو کہا، جب میں نے اپنی نماز، روزہ کی تکلیف کا ذکر کیا تو مولانا صاحب نے ڈاکٹر ولی اللہ کے جانے کے بعد مجھے بھی کسی عرب ملک میں ملازمت کے بہانے جانے کو کہا اور ڈاکٹر ولی اللہ صاحب سے بھی انھوں نے فون پر کسی جگہ کے لئے بات کی، الحمد للہ جدہ میں کنگ عبدالعزیز اسپتال میں میرا تقرر ہو گیا ہے اور مجھے دو سال کے لئے چھٹی مل

گئی ہے۔ تین ماہ سے میں تیاری میں جھنی پر ہوں۔

اسعد بہن! آپ نے شادی کا ایسا سوال کیا ہے کہ یہ سوال خود آپ کے لئے لطیفہ ہے کہ شاید آپ کے علم میں ہو کہ پی جی آئی چنڈی گڑھ کے ایک سرجن ڈاکٹر اسعد فریدی سے آپ کا رشتہ آیا تھا اور وہ بہت کوشش میں تھے کہ آپ سے ان کا رشتہ ہو جائے وہ اپنے ہسپتال کی تاریخ میں شیروانی اور داڑھی والے اکیلے ڈاکٹر تھے مگر مقدر سے آپ کا رشتہ علی گڑھ میں ہو گیا تھا مولانا صاحب نے ایک بار مجھ سے معلوم کیا کہ اگر آپ راضی ہوں تو میں کوشش کروں، میں نے مولانا صاحب سے کہا کہ میرے لئے تو اس سے زیادہ خوشی کی کوئی بات نہیں ہو سکتی مگر ایک طرف تو آپ کا اسلام کا اعلان کرنے کی اجازت نہیں دیتے دوسری طرف یہ فیصلہ کس طرح ہو سکتا ہے انہوں نے مجھ سے کہا ہے کہ آپ پہلے راضی ہوں تو میں مسئلہ حل کرتا ہوں میں نے منظوری دیدی، انہوں نے ڈاکٹر اسعد اور ان کے والد اور والدہ سے مجھے ملایا، دونوں طرف لوگ بہت مطمئن اور خوش ہوئے، انہوں نے چند لوگوں کو بلا کر میرا نکاح کر دیا، اللہ کا کرنا ڈاکٹر اسعد کی پوسٹنگ بھی جدہ کنگ عبدالعزیز اسپتال میں ہو گئی انہوں نے بھی اپلائی کر رکھا تھا، وہ جدہ ۲۰ ستمبر کو چلے بھی گئے میرا ویزہ وغیرہ آنے والا ہے، خدا کرے جلدی آ جائے میری خواہش ہے کہ اللہ تعالیٰ اسی سال حج کرا دیں۔

س: ایک داڑھی شیروانی والے مسلمان سے شادی آپ کو اپنے ماحول کے لحاظ سے عجیب سی نہیں لگی؟

ج: الحمدللہ بالکل نہیں، میرے اللہ کا شکر ہے کہ اسلام کی ہر بات مجھے اندر سے پسند ہے سچی بات یہ ہے کہ اسلام میرے اندر کا فطری مذہب ہے، جب میں نے سنا کہ میرے شوہر ڈاکٹر اسعد پی جی آئی کی تاریخ میں شیروانی داڑھی والے اکیلے ڈاکٹر ہیں تو میرا دل چاہا

کہ میں اسلام کا اعلان کر کے برقعہ اوڑھ لوں اور آل انڈیا میڈیکل انسٹی ٹیوٹ آف میڈیکل سائنس میں اکیلی برقع والی ڈاکٹر بنوں، مگر مولانا صاحب نے میرے اس جذبہ کی بہت حوصلہ افزائی کرتے ہوئے ابھی دو چار سال سعودی رہ آنے کو کہا، میرا خیال ہے اور مجھے اس خیال سے بھی مزا آتا ہے کہ پورے اسپتال میں اکیلی برقعہ والی نومسلم ڈاکٹر، پورے اسپتال کے لوگوں کے اسلام کے جاننے کی طرف ایک قدم ضرور ہوگا۔

سوال: آپ نے اپنے والدین کی اجازت کے بغیر شادی کر لی، اس سے آپ کے والدین کو تکلیف نہیں ہوئی؟

جواب: میرا نکاح تو اچانک ہی ہو گیا، مگر مولانا صاحب نے میرے والد، والدہ کو جب لڑکے کو دکھایا اور بتایا کہ ایک پیسہ یا انگوٹھی جہیز کے بغیر یہ شادی ہو گئی اور سماج کے جھگڑے سے بچنے کے لئے یہ کریں گے کہ پہلے ڈاکٹر اسعد صاحب جائیں گے اور بعد میں ڈاکٹر شالنی جائیں گی، کسی کو پتہ بھی نہ لگے گا اور بعد میں یہ خیال رہے گا کہ سعودی عرب جا کر یہ شادی ہوئی ہوگی، تو برادری اور عزیزوں کو زیادہ برا نہیں لگے گا، وہ راضی ہو گئے خصوصاً ڈاکٹر اسعد کو دیکھ کر بہت خوش ہوئے، بار بار مجھ سے میرے والد کہتے کہ شالنی تیری قسمت ہے! چاند سا دولہا تجھے مل گیا، واقعی وہ مجھ سے بہت خوبصورت ہیں، وہ ڈاکٹر اسعد کو دہلی ایئر پورٹ تک چھوڑنے آئے اور بہت پیار بھی کیا۔

سوال: واقعی آپ بہت خوش قسمت ہیں اللہ نے غیب سے آپ کا ایسا اچھا انتظام کیا؟

جواب: بلاشبہ میرے اللہ کا بہت کرم ہے میں جب بھی خیال کرتی ہوں، اپنے اللہ کے حضور سجدہ میں دیر تک پڑ جاتی ہوں واقعی میں اس لائق کہاں تھی، کفر و شرک کے اندھیرے میں مجھے اسلام نصیب ہوا، یہاں گندی پر میرے مالک کا کرم ہے۔

سوال: آپ نے اپنے گھر والوں کو اسلام کی دعوت نہیں دی؟

جواب: اللہ کا شکر ہے میں رفتہ رفتہ کام کر رہی ہوں اور اب اسلام سے ان کی کا فاصلہ بہت کم ہوتا جارہا ہے۔

سوال: ارمغان کے واسطے سے مسلمانوں کو آپ کوئی پیغام دینا چاہیں گی؟

جواب: میرے دل میں یہ بات آتی ہے کہ سائنس اور ٹیکنالوجی کی اس ترقی یافتہ دنیا کو صرف اسلام کی ضرورت ہے اور اسلام کے بغیر یہ دنیا بالکل کنگال ہے، اسماء بہن یہ میں کوئی شاعری نہیں کر رہی ہوں، بلکہ اس ترقی یافتہ دنیا کو بہت قریب سے دیکھ کر یہ بات کہتی ہوں، اس کنگال دنیا کو صرف اسلام بچا سکتا ہے ورنہ یہ دنیا دیوالیہ ہو گئی ہے، اس کے دیوالیہ پن اور اندھیرے کا علاج صرف اور صرف اسلام ہے اور یہ دولت صرف اور صرف مسلمان کے پاس ہے پھر بھی اس کنگال دنیا سے ہم مرعوب کیوں ہیں؟ مجھے افسوس اور حیرت ہوتی ہے جب میں یہ محسوس کرتی ہوں کہ اس دیوالیہ اور اندھیری دنیا میں اپنے پاس دیوالیہ پن کا علاج اور سب سے بڑی دولت رکھنے کے باوجود ہم احساس کمتری میں مبتلا کیوں ہیں؟ ہمیں اس پر شکر ہونا چاہئے بلکہ فخر ہونا چاہئے اور اس دیوالیہ دنیا پر ترس کھانا چاہئے، ہمیں اس معنی میں اپنے کو حق اور دنیا کو حقیر سمجھنا چاہئے بس۔

سوال: بہت بہت شکریہ ڈاکٹر صفیہ! السلام علیکم ورحمۃ اللہ، فی امان اللہ۔

جواب: آپ کا شکریہ اسماء بہن! وعلیکم السلام ورحمۃ وبرکاتہ

مستفاد از ماہنامہ ارمغان، دسمبر ۲۰۰۵ء

بہن عائشہ (بلونت کور) سے ایک ملاقات

ایمان کے ساتھ ایک دن جینے میں جو مزہ ہے سینکڑوں سال بغیر ایمان رہ کر جینے میں وہ مزہ نہیں، یقین نہ آئے تو کچھ وقت کے لئے مسلمان بن کر دیکھ لیں میری آنکھ کھل گئی اور میرے دل میں یہ شوق پیدا ہوا کے کچھ روز کے لئے مجھے بھی مسلمان ہو کر دیکھنا چاہئے۔

اسماء ذات الفوزین

اسماء : السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

عائشہ : وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ برکاتہ

سوال : عائشہ دیدی، اب کی مرتبہ تو آپ بہت زمانہ کے بعد آئیں، کیا بات ہے؟

جواب : اسماء بہن میں تو تڑپ رہی تھی، مگر حضرت صاحب سے فون ہی نہیں مل پاتا، نہ جانے کس طرح اس مرتبہ فون پر بات ہوئی تو میں نے وقت لیا اور آ گئی،

سوال : اصل میں ہمارے یہاں پھلت سے ایک اردو میگزین ارمغان نکلتا ہے، ابی نے مجھے حکم دیا تھا کہ آپ آنے والی ہیں، میں آپ سے اس کے لئے ایک انٹرویو لوں،

جواب : ارمغان، ہاں میں ارمغان کو خوب جانتی ہوں، میں تو کچھ کچھ اردو پڑھنے لگی ہوں اور ارمغان بھی اٹک اٹک کر پڑھ لیتی ہوں،

سوال : آپ پہلے اپنا خاندانی پریچے کرائیے؟

جواب : میں ضلع فیروز پور پنجاب کے ایک قصبہ کے سکھ گھرانے میں ۳ رجون ۱۹۶۵ء میں

پیدا ہوئی۔ میرے پتا جی شری شیخ سنگھ تھے جو دعلاقے کے پڑھے لکھے اور زمین دار لوگوں میں تھے۔ میرا اپنا نام بلوندر کور تھا۔ میں نے اپنے شہر کے گرو گوبند سنگھ کالج سے گریجویشن کیا۔ میری شادی جالندھر کے ایک پڑھے لکھے خاندان میں ہوگئی۔ میرے شوہر اس وقت پولیس میں ایس او (S.O) تھے۔ ان کی بہادری اور اچھی کارکردگی کی وجہ سے ان کے پروموشن ہوتے رہے اور وہ ڈی ایس پی بن گئے۔ میرے دو بیٹے اور ایک بیٹی ہے اور تینوں پڑھ رہے ہیں۔

سوال: آپ اپنے قبول اسلام کے بارے میں بتائیے؟

جواب: میری ایک چھوٹی بہن آشا کور تھی۔ اس کی شادی بھی میرے پتا نے ایک پولیس تھانہ انچارج سے کر دی تھی۔ وہ بہت خوبصورت تھی۔ اس کا شوہر اس کو بہت چاہتا تھا۔ شادی کے بعد وہ اکثر بیمار رہنے لگی۔ روز روز اس کو کچھ نہ کچھ ہوتا رہتا تھا۔ علاج کراتے تو کچھ ٹھیک ہو جاتی پھر بیمار ہو جاتی۔ اس کے شوہر نے اس کا دہلی تک علاج کرایا اور لاکھوں روپئے خرچ کئے مگر کوئی خاص فائدہ نہیں ہوا۔ مجبوراً سیانوں اور جھاڑ پھونک والوں کو دکھایا۔ کسی نے بتایا کہ اس پر تو اوپری اثر ہے مگر علاج کوئی نہیں کر پاتا۔ کسی نے بتایا کہ مالیر کوٹلہ میں ایک صاحب ہیں وہ علاج کرتی ہیں۔ ان کو وہاں بھیجا گیا۔ انھوں نے جھاڑا پھونکا۔ اس سے اس کو بڑی راحت ہوئی۔ لیکن انھوں نے آشا سے کہا جب تم کو دو چار روز کی تکلیف برداشت نہیں ہوتی تو تم دوزخ کی ہمیشہ کی تکلیف کو کیسے برداشت کر سکتی ہو؟ اس لئے اس تکلیف کی فکر کرو اور اس کا علاج یہ ہے کہ تم مسلمان ہو جاؤ اور اگر تم مسلمان ہو جاؤ گی تو مجھے امید ہے کہ تم یہاں بھی ٹھیک ہو جاؤ گی۔ پھر میں تمھیں اپنے حضرت صاحب کے پاس بھیجوں گی وہ دعا کریں گے۔ مجھے امید ہے کہ اللہ تعالیٰ تمھیں ضرور ٹھیک کر دے گا۔ آشا نے ان سے کہا کہ میں اپنے شوہر سے مشورہ کروں گی۔ انھوں نے آشا سے کہا کہ ایمان لانا اتنا ضروری ہے کہ اس میں شوہر سے اجازت کی بھی ضرورت نہیں۔ بلکہ اگر شوہر مخالفت کرے،

بلکہ وہ اگر اس بات پر مارے یا چھوڑ دے تو بھی انسان کی بھلائی اسی میں ہے کہ ایمان قبول کرے تاکہ اپنے پیدا کرنے والے مالک کو راضی کر کے ہمیشہ کی جنت حاصل کرے، آشا نے کہا کہ پھر بھی گھر والوں سے مشورہ کرنا اور سوچنا سمجھنا تو ضروری ہے، انھوں نے کہا تم جلدی مشورہ کر کے آجاؤ تو میں تمھیں کلمہ پڑھا کر اپنے حضرت کے پاس بھیج دوں گی، وہ وہاں سے ہکھنڈہ آئی اپنے شوہر سے کہا، مجھے بہت آرام ملا ہے مگر باجی کہتی ہیں کہ اگر تو مسلمان ہو جائے تو بالکل ٹھیک ہو جائے گی، اس کے شوہر اس سے بہت محبت کرتے تھے بولے تو کچھ بھی کر لے اور کچھ بھی بن جا مگر تو ٹھیک ہو جائے، مجھے خوشی ہی خوشی ہے۔ اس نے فون پر باجی سے بات کی کہ مجھے حضرت صاحب کے یہاں جانے کا پتہ بتادیں میں ان کے پاس جا کر ہی مسلمان ہونا چاہتی ہوں، انھوں نے حضرت کا فون نمبر دیا، ۲۵ رمئی ۲۰۰۳ء کو صبح صبح آشا نے حضرت صاحب (مولانا محمد کلیم صاحب) کو فون کیا آشا نے مجھے بتایا کہ میں نے حضرت صاحب سے کہا کہ میں اسلام لینے کے لئے آنا چاہتی ہوں، میرے شوہر میرے بچے اور گھر کا بندہ مسلمان نہیں ہوگا، بس اکیلے میں مسلمان ہوں گی مولانا صاحب کے معلوم کرنے پر آشا نے اس کو مالیر کوٹلہ کی باجی سے جو باتیں ہوئی تھیں بتائیں، حضرت صاحب نے آشا سے کہا تم نے ان سے ہی کلمہ کیوں نہ پڑھ لیا؟ آشا نے اصرار کیا کہ مجھے کلمہ آپ ہی کے پاس پڑھنا ہے، مولانا صاحب نے کہا مجھ سے پڑھنا ہے تو ابھی فون پر پڑھ لو، آشا نے کہا نہیں، آپ کے پاس آکر ہی کلمہ پڑھوں گی، مولانا صاحب نے کہا بہن موت زندگی کا کوئی اطمینان نہیں، تم تو بیمار بھی ہو تندرست آدمی کے بھی ایک سانس کا اطمینان نہیں کہ اگلا سانس آئے گا بھی کہ نہیں، اس لئے کلمہ فون پر پڑھ لو، جب یہاں آؤ گی تو دوبارہ نیا کر لینا، مولانا صاحب کے کہنے پر آشا نے کہا کہ پڑھوا دیجئے مگر اصل تو میں آکر ہی پڑھوں گی، مولانا صاحب نے کہا اصل تو ابھی

وقت پڑھ لو تقل یہاں آ کر کر لینا، وہ تیار ہو گئی مولانا صاحب نے اس کو کلمہ پڑھوایا، اس کی موٹی موٹی باتیں سمجھائیں اور کہا کہ اب تمہیں نماز یاد کرنی ہے اور کسی بھی غیر اسلامی تہوار، پوجا یا رسم سے بچنا ہے، نام معلوم کر کے مولانا صاحب نے اس سے کہا تمہارا اسلامی نام آشا سے بدل کر عائشہ ہو گیا ہے، یہ ہمارے رسول ﷺ کی بیوی صاحبہ کا نام بھی ہے، فون پر بات کر کے اس نے خوشی خوشی سارے گھر کو بتایا، اپنے شوہر کو بھی بتایا، میں بھی جالندھر سے اس سے ملنے آئی ہوئی تھی، مجھے بھی بتایا! مجھے ذرا برا بھی لگا کہ دھرم بدل کر یہ کیسے خوش ہو رہی ہے، مولانا صاحب سے فون پر بات کر کے اور کلمہ پڑھ کر نہ جانے اس کو کیا مل گیا تھا، میں بار بار اس کے منہ کو دیکھتی تھی، جیسے پھول کھل رہا ہو، عجیب سی چمک اس کے چہرے سے پھوٹ رہی تھی میں نے اس سے کہا بھی کہ آشا آج تیرا چہرہ کیسا دمک رہا ہے، بولی میرے چہرے پر ایمان کا نور چمک رہا ہے، سارے دن اس قدر خوش تھی کہ شاید دس سال میں پہلی بار گھر والوں نے اسے ایسا خوش اور تندرست دیکھا، کئی سال کے بعد اس نے اپنے ہاتھوں سے کھانا بنایا، خوب ضد کر کے سب کو کھلایا، سونے سے پہلے وہ نہائی اور کلمہ پڑھنا شروع کیا، ایک کاغذ پر اس نے وہ لکھ رکھا تھا، پہلے اس نے اسے خوب یاد کیا اور پھر زور زور سے پڑھتی رہی، اچانک وہ بہکی بہکی باتیں کرنے لگی، کہنے لگی یہ محل سونے کا کتنا اچھا ہے؟ یہ کس کا ہے؟ جیسے کسی سے بات کر رہی تھی، بہت خوش ہو کر بولی کہ یہ میرا ہے، یہ میرا ہے، یہ جنت کا محل ہے، بہت خوشی ہوئی، اچھا ہم جنت میں جا رہے ہیں، تھوڑی دیر میں کہنے لگی پھولوں کے اتنے حسین گلدستے کس کے لئے لائے ہو؟ کتنے پیارے پھول ہیں یہ، اچھا تم لوگ ہمیں لینے آئے ہو تھوڑی دیر میں ہنس کر بولی اچھا ہم تو اپنی جنت میں چلے تمہاری جیل سے چھوٹ کر، اور زور زور سے پھر تین بار کلمہ پڑھا اور بیٹھی بیٹھی بیڈ پر ایک طرف کو لڑھک گئی، ہم سبھی لوگ گھبرا گئے، اس کو لٹایا، بھائی صاحب ڈاکٹر کو

بلانے چلے گئے، ڈاکٹر صاحب آئے تو انہوں نے کہا کہ یہ تو مرچکی ہے، مگر وہ جیسے چلتے ہوئے سوگئی ہو، گھر میں کہرام مچ گیا، گھر میں مشورہ ہوا کہ یہ مسلمان ہوکر مری ہے، اگر ہم لوگوں نے اس کو اپنے مذہب کے مطابق جلایا تو کبھی ہم پر کوئی بلا آجائے، صبح کو چچا نے مالیر کوٹلہ باجی کو فون کیا کہ آشا کا رات میں انتقال ہوگیا ہے، ہمارے یہاں تو مسلمان نہیں یہاں ان کے کریا کرم کے لئے مالیر کوٹلہ سے کچھ لوگ آجائیں، دس بجے تک ایک گاڑی بھر کے مالیر کوٹلہ سے مرد عورتیں آگئیں اور ان کو دفن کیا، ۱۹۴۷ء کے بعد پہلی مرتبہ اس شہر میں کوئی آدمی دفن ہوا تھا قبرستان ابھی تک موجود تھا۔

سوال: یہ تو آپ نے اپنی بہن کے مسلمان ہونے کی بات بتائی بات تو واقعی حیرت ناک ہے، موت بھی کس قدر قابل رشک، زندگی میں نہ کوئی نماز پڑھی نہ کوئی روزہ رکھا، نہ کوئی اسلامی عمل کیا اور کیسی پاک صاف، گناہوں سے پاک، دنیا سے گئی، کیسا قابل رشک انتقال ہوا، مگر آپ سے میں نے اپنے اسلام قبول کرنے کا واقعہ ذکر کرنے کی درخواست کی تھی، وہ سنایئے؟

جواب: اصل میں میرا اسلام عائشہ کے اسلام سے جڑا ہوا ہے، آشا اور مجھ میں حد درجہ محبت تھی، اس کی اچانک موت نے مجھے توڑ کر رکھ دیا تھا، مگر اس کی موت اور اسلام قبول کرنے کے بعد ایک دن کی زندگی مجھے بار بار سوچنے پر مجبور کرتی تھی، یہاں دنیا کی جیل سے وہ جنت کے محل کی طرف صرف ایک کلمہ کی برکت سے پہنچ گئی، وہ کس طرح چلتے ہوئے دنیا سے گئی، میں نے اپنے میکے اور سسرال میں کئی لوگوں کو مرتے دیکھا، کس طرح تڑپ تڑپ کر کتنی مشکل سے جان نکلی، میں سوچتی کہ آشا کو کیا مل گیا جس کی وجہ سے اتنا مشکل مرحلہ آسان ہوگیا، ایک رات میں نے خواب دیکھا آشا بہت خوبصورت ہیرے اور موتی ٹکے کپڑے پہنے تخت پر خوبصورت تکیہ لگائے بیٹھی ہے، تاج سر پر لگا ہے، جیسے کوئی رانی یا

شہزادی ہو، میں نے اس سے سوال کیا کہ آشا تجھے اتنی آسان موت کیوں کر مل گئی؟ بولی ایمان کی وجہ سے، اور دیدی میں تجھے سچ بتاتی ہوں کہ مجھے ایمان کے ساتھ صرف ایک دن ہی تو ملا ہے، ایمان کے ساتھ ایک دن جینے میں جو مزہ ہے سیکڑوں سال بغیر ایمان رہ کر جینے میں وہ مزہ نہیں، یقین نہ آئے تو کچھ وقت کے لئے مسلمان بن کر دیکھ لے، میری آنکھ کھل گئی اور میرے دل میں یہ شوق پیدا ہوا کہ کچھ روز کے لئے مجھے بھی مسلمان ہو کر دیکھنا چاہئے، میں نے اپنے شوہر سے اپنی خواہش کا ذکر کیا میں ہفتہ دو ہفتہ کے لئے مسلمان ہونا چاہتی ہوں اور دیکھنا چاہتی ہوں کہ ایمان کیا چیز ہے، آشا کی موت کے بعد میں چوں کہ ہر وقت غمگین رہتی اور چپکے چپکے کمرہ بند کرکے روتی رہتی تو میرے شوہر نے مجھے اجازت دیدی کہ تجھے تسلی ہو جائے گی تو کر کے دیکھ لے مگر یہ سوچ لے کہ کہیں تو بھی آشا کی طرح ایک دن بعد مر جائے، میں نے کہا، اگر میں مر گئی تو شاید میں بھی جنت میں چلی جاؤں اور آپ کوئی اچھی دوسری بیوی کر لیجئے مگر دیکھئے میرے بچوں کو دوا ستائے۔

دو روز بعد میں نے اپنے بہنوئی سے ماسٹر کو نکلنے والی ۔جی کا فون نمبر لیا اور ان سے حضرت صاحب (مولانا محمد کلیم صاحب) کا فون نمبر لیا اور میں نے ان سے فون پر کہا کہ میں حضرت صاحب کے پاس جانا چاہتی ہوں اور مقصد یہ ہے کہ میں ایک ہفتہ کے لئے مسلمان ہونا چاہتی ہوں، وہ بہت ہنسی کہ مسلمان ہونا کوئی تماشہ یا ڈرامہ تو نہیں ہے کہ تھوڑی دیر کے لئے اپنا روپ بدل لیں، پھر بھی انھوں نے خوشی کا اظہار کیا آپ ہمارے حضرت صاحب کے پاس جائیں گی تو وہ آپ کو بہت اچھی طرح سمجھا دیں گے، میں نے فون حضرت صاحب کو ملایا، کئی روز کی کوشش کے بعد ان سے بات ہو پائی، میں نے ان سے ملنے آنے کی خواہش کا ذکر کیا، وہ مجھ سے ملنے آنے کی وجہ معلوم کرتے رہے اور بولے آپ مجھے خدمت بتایئے کیا معلوم فون پر ہی وہ مسئلہ حل ہو جائے مجھے

خیال آیا کہ کہیں مجھے بھی فون پر ہی کلمہ پڑھوا دیں اور مسلمان ہونے کو کہیں۔ اس لئے میں نے بتانا نہیں چاہا۔ مولانا صاحب نے مجھ سے کہا: بہن میں بالکل بیکار آدمی ہوں اگر آپ ہاتھ دکھانا چاہتی ہیں یا جادو وغیرہ کا علاج کرانا چاہتی ہیں یا کوئی تعویذ گنڈہ وغیرہ ہوانا چاہتی ہیں تو ہمارے باپ داداؤں کو بھی یہ کام نہیں آتا۔ آپ مجھے ملنے کا مقصد بتائیں اگر وہ مقصد یہاں آ کر حل ہوسکتا ہے تو سفر کرنا مناسب ہے، ورنہ اتنا لمبا سفر کر کے پریشان ہونے سے کیا فائدہ ہوگا۔ مولانا صاحب نے جب بہت زور دیا تو مجھے بتانا پڑا کہ میں ایک ہفتہ کے لئے مسلمان ہونا چاہتی ہوں اور میں اس آشا کی بڑی بہن ہوں جس کو آپ نے فون پر کلمہ پڑھوایا تھا اور اس کا اسی رات میں انتقال ہوگیا تھا، آشا کا نام سن کر مولانا صاحب نے بڑی محبت سے کہا: اچھا اچھا آپ ضرور آیئے اور جب آپ کو سہولت ہو آپ آجایئے۔ مجھے آج بتا دیجئے، میں آپ کے لئے اپنا سفر ملتوی کر دوں گا۔ مولانا صاحب نے مجھے جالندھر سے آنے کا راستہ بتایا کہ شالیمار ایکسپریس سے سیدھے کھتولی اتریں اور اسٹیشن سے آپ کو کوئی لینے آجائے گا۔ سفر کی تاریخ طے ہوگئی کوئی مناسب آدمی میرے ساتھ جانے والا نہیں تھا، میں نے اپنی نن نسس (شوہر کے رشتے کی نانی) کو تیار کیا، گھر میں کام کرنے والی بھی اور نانی بھی تینوں ہم لوگ ۱۳ر نومبر کی صبح کو نو بجے کھتولی پہنچے کھتولی حضرت صاحب کی گاڑی لینے کے لئے آگئی تھی، پھلت آرام سے پہنچ گئے مولانا صاحب پھلت میں موجود نہیں تھے مگر آپ کی امی نے مجھے بتایا کہ حضرت صاحب ابھی دوپہر تک پھلت پہنچ جائیں گے ان شاء اللہ، ہم لوگوں نے نہا کر ناشتہ کیا اور تھوڑی دیر آرام کیا اور اس کے بعد گھر کی عورتوں سے ملاقات ہوئی اور میں اپنے آنے کی غرض بتائی، منیرہ دیدی اور امی جان نے مجھے سمجھایا کہ ایک ہفتہ کے لئے کوئی مسلمان نہیں ہوسکتا یہ تو موت تک کے لئے فیصلہ کرنا ہوتا ہے میں پریشان ہوگئی کہ مجھے اپنا مذہب اور سب کچھ بالکل چھوڑنا ہوگا

یہ کس طرح ہو سکتا ہے، دوپہر دو بجے مولانا صاحب آگئے، باہر بہت سے مہمان آئے ہوئے تھے، مولانا صاحب دو منٹ کے لئے ہمارے پاس آئے، ہمیں تسلی دی، بہت خوشی ہوئی، آپ آئیں عائشہ مرحومہ کی وجہ سے آپ کے پورے خاندان سے مجھے بہت تعلق ہو گیا ہے، میرا واپسی کا نظام معلوم کیا جب میں نے بتایا کہ میں تین روز کے لئے آئی ہوں تو کہا اصل میں باہر بہت سے مہمان آئے ہوئے ہیں جن میں کئی ایسے ہیں جو دو تین روز سے پڑے ہوئے ہیں، رات کو انشاء اللہ اطمینان سے آپ سے ملیں گے، اسماء بہن آپ کو یاد ہوگا آپ نے مجھے حضرت صاحب کی کتاب ''آپ کی امانت'' آپ کی سیوا میں'' لا کر دی، میں نے شام تک اس کو تین دفعہ پڑھا میرا دل ایمان کو ہمیشہ کے لئے قبول کرنے کے سلسلہ میں صاف ہو گیا، مغرب کی نماز پڑھ کر مولانا صاحب ہمارے پاس آئے، مجھے ایمان کی ضرورت کے بارے میں بتایا مرنے کی بعد کی زندگی میں جنت دوزخ اور اپنے پیدا کرنے والے کو راضی کرنے کے بارے میں بتایا آپ کی امانت پڑھ کر میرے ذہن سے ایک ہفتہ کے لئے اسلام قبول کرنے کا خیال ختم ہو گیا تھا، میں نے اپنے اسلام قبول کرنے کے سلسلہ میں آمادگی کا اظہار کیا تو مجھے اسلام کا کلمہ پڑھوایا، گھر کی سب عورتیں جمع تھیں، میں نے کہا آپ میرا نام، جو تشا کا نام رکھا تھا رکھ سکتے ہیں؟ انھوں نے کہا کیوں نہیں، آپ کا نام بھی عائشہ ہی رکھتے ہیں اور عائشہ ہمارے نبی ﷺ کی بہت ہی لاڈلی اہلیہ محترمہ ہیں۔

اسماء تمہیں یاد ہوگا کہ میں نے مولانا صاحب سے دو سوال کیے تھے، میں نے دیکھا مولانا صاحب بات تو ہم سے کر رہے تھے مگر رخ ان کا آپ کے گھر والوں کی طرف تھا، میں نے سوال کیا کہ آپ ہم سے منھ پھیر کر کیوں بات کر رہے ہیں تو مولانا صاحب نے کہا، اسلام عورتوں اور مردوں کے درمیان پردہ کا حکم دیتا ہے، وہ سب عورتیں جن سے

اسلام کے قاعدہ کے مطابق مسلمان کی شادی ہو سکتی ہو سب عورتیں ایک مرد کے لئے نامحرم ہیں ان سے پردہ کرنے کا اسلام حکم دیتا ہے، پچی بات یہ ہے کہ مجھے پردہ کے پیچھے سے آپ سے بات کرنی چاہئے تھی مگر مجھے خیال ہوا کہ آپ کو بڑی اجنبیت سی لگے گی اس لئے میں نے سامنے آکر اپنے رخ کو دوسری طرف کر کے نامحرم پر نگاہ نہ ڈالنے کے اسلام کے حکم پر عمل کیا، ایمان کی دعوت جیسی سب سے محبوب عبادت میں، کسی نامحرم پر نگاہ پڑنے کے گناہ کے ساتھ اثر نہیں رہتا، میں نے کہا: میری بہن آشا نے جب آپ سے ایمان لے آنے کی بات کہی تو امتحان کا کرنے پر بھی آپ نے ان کو فون پر کلمہ پڑھوایا، میں اس لئے آپ سے آنے کی غرض نہیں بتا رہی تھی کہ کہیں آپ مجھے بھی فون پر کلمہ پڑھوا کر ٹال دیں، مگر آپ نے مجھے فون پر کلمہ پڑھنے کے لئے نہیں کہا اس کی کیا وجہ ہے؟ حضرت صاحب نے جواب دیا، فون پر کلمہ پڑھوانا ٹالنا نہیں ہے، بلکہ ناپائیدار، پانی کے بلبلے کی طرح کی فانی زندگی کا خیال اور سچی ہمدردی ہے، واقعی نہ جانے مجھے کیوں خیال نہیں آیا، میں نے غلطی کی، خدا نہ کریں آپ کا راستہ میں یا اس دوران انتقال ہو جاتا تو کیا ہوتا یا میرا انتقال ہو جاتا خود میرے لئے بڑی محرومی تھی، نہ جانے کس خیال میں مجھ سے بھول ہوئی اور پھر آپ چار پانچ روز اسلام سے محروم رہ گئیں اور اتنی بڑی ضرورت اور خیر میں تاخیر ہو گئی، اللہ تعالیٰ مجھے معاف فرمائے، واقعی میں نے بڑی غلطی کی، اصل میں اللہ تعالیٰ کام کرنے والوں کے دلوں میں خود ہی تقاضے ڈالتے ہیں، آپ ایک ہفتے کے لئے اسلام قبول کرنا چاہتی تھیں، ظاہر ہے یہ کوئی کھیل تھوڑی ہے، اقبال ایک شاعر ہیں انہوں نے کہا ہے۔

یہ شہادت گہ الفت میں قدم رکھنا ہے
لوگ آسان سمجھتے ہیں مسلماں ہونا

اسلام قبول کرنا تو اپنی چاہت کو، اپنی انا کو قربان کر دینا ہے، اس کے لئے

آپ کے ساتھ فون پر بات کرنا کافی نہیں تھا، اس لئے اللہ نے دل میں خوش ہو کر کلمہ پڑھوانے کی بات نہیں ڈالی، آشا سے بات کر کے تو مجھے خود اندر سے لگ رہا تھا کہ اگر اس نے اسی وقت کلمہ نہ پڑھا تو شاید اس کی موت ایک دو روز میں ہو جائے، حضرت صاحب نے سمجھایا کہ اب ہر قربانی دے کر اس ایمان کو قبر تک ساتھ لے جانا ہے، اس کے لئے آپ پر مشکلیں بھی پڑ سکتی ہیں، قربانیاں دینی پڑ سکتی ہیں، ایک مٹی کا برتن بھی کمہار سے کوئی خریدتا ہے تو ٹھونک ٹھونک کر دیکھتا ہے، اتنی قیمتی ایمان لانے والے کو آزمایا بھی جا سکتا ہے، اگر آپ ایمان پر جمی رہیں تو موت کے بعد کی زندگی میں یہ محسوس ہوگا کہ کتنے سستے داموں میں یہ نعمت ملی ہے، حضرت صاحب نے گھر کے لوگوں کو مجھے نماز اور کھانے وغیرہ کے طریقے سکھانے کو کہا، میری نانی اور کام کرنے والی کے بارے میں معلوم کیا، امی جان اور منیرہ دیدی ان لوگوں کو سمجھاتی رہیں، اگلے روز حضرت صاحب سفر پر چلے گئے، ہماری واپسی سے دو گھنٹہ پہلے لوٹے، ہماری بوا اور نانی کو سمجھایا، آپ اس دولت سے محروم کیوں جا رہی ہیں، کافی حد تک تو وہ پہلے سے ہی تیار ہو گئی تھیں، حضرت صاحب کے سمجھانے سے وہ کلمہ پڑھنے پر تیار ہو گئیں، ان کو کلمہ پڑھوایا اور بوا کا نام حضرت نے ہاجرہ اور نانی کا نام حضرت نے آمنہ رکھا، خوشی خوشی ہم بامراد ہو کر رخصت ہوئے، گھر کے سبھی لوگوں نے ہمیں ایسی محبت سے رخصت کیا جیسے میں اسی گھر میں پیدا ہوئی ہوں، اسی گھر کی ایک فرد ہوں، نہ جانے کیوں آج تک میں جب پھلت یا دہلی آتی ہوں تو مجھے ایسا لگتا ہے، جیسے میں اپنے میکے آتی ہوں۔

سوال: گھر جانے کے بعد آپ کے شوہر کا انتقال ہو گیا تھا اس وقت آپ کو کیسا لگا؟ انتقال کس طرح ہوا ذرا بتائیں؟

جواب: حضرت صاحب نے مجھے بتایا تھا کہ اب اپنے رشتہ داروں سے محبت کا حق یہ ہے

کہ آپ سب کو دوزخ کی آگ سے بچانے کی فکر کریں اور اپنے شوہر کو بھی اسلام کی طرف لائیں، بچوں کو بھی مسلمان کریں، مجھے یہ بھی بتایا تھا کہ اسلام کے لئے تمہیں آزمائشیں سہنی پڑیں گی، مجھے ایسا لگا جیسے حضرت صاحب دیکھ کر کہہ رہے تھے، مجھے سخت امتحان سے گذرنا پڑا، میں نے جا کر اپنے شوہر سے اپنا پورا حال بتایا کہ اب میں ہمیشہ کے لئے مسلمان ہو گئی ہوں اور ان پر زور دیا آپ بھی مسلمان بن جائیں، وہ مجھ سے بہت والہانہ محبت کرتے تھے، پہلے تو سرسری طور پر لیتے رہے، جب میں نے زور دینا شروع کیا تو انھوں نے مخالفت کرنا شروع کی اور مجھے اسلام پر رہنے سے روکا، میں اپنے اللہ سے دعا کرتی، میں نے حضرت صاحب سے فون پر بات کی ایک مسلمان اور ایک ہندو میاں بیوی کس طرح رہ سکتے ہیں؟ تو حضرت نے بتایا کہ پکی بات یہ ہے کہ مسلمان ہونے کے بعد آپ سے ان کا شوہر بیوی کا رشتہ نہیں رہا اور شادی (نکاح) ٹوٹ گیا مگر اس امید پر آپ احتیاط کے ساتھ ان کے ساتھ رہئے کہ ان کو ایمان نصیب ہو جائے اور بچوں کی زندگی اور ایمان اور مستقبل کا مسئلہ بھی حل ہو جائے، یہ معلوم کر کے مجھے ان کے ساتھ رہنے میں بڑی گھٹن محسوس ہونے لگی، روز رات کو ہم میں لڑائی ہوتی، آدھی آدھی رات گزر جاتی، مجھے حضرت صاحب نے اللہ سے دعا کے لئے کہا اور بتایا کہ تہجد کی نماز میں دعا کروں، ایک رات ساری رات ہی نماز پڑھتی رہی اور روتی رہی، میرے اللہ آپ کے خزانے میں کس چیز کی کمی ہے آپ میرے شوہر کو ہدایت کیوں نہیں دے دیتے، میرے اللہ نے میری دعا سن لی، اگلی رات جب میں نے ان سے مسلمان ہونے کو زور ڈالا تو انھوں نے مخالفت نہیں کی اور بولے روز روز کے جھگڑوں سے میں بھی عاجز آ گیا اگر تو اس میں خوش ہے تو چل میں بھی مسلمان ہو جاتا ہوں، کر لے مجھے مسلمان، میں نے کہا میری خوشی کے لئے مسلمان ہونا کوئی مسلمان ہونا نہیں، بلکہ پیدا کرنے والے، دلوں کا بھید جاننے والے مالک کو راضی کرنے

کے لیے مسلمان ہوتا ہے، میں نے ان کو حضرت صاحب کی کتاب " آپ کی امانت آپ کی سیوا میں " دی، پہلے بھی میں نے ان کو یہ کتاب پڑھوانا چاہی تو وہ پھینک دیتے مگر اس روز انھوں نے وہ کتاب لے لی اور پڑھنا شروع کی۔ پوری کتاب بڑے غور سے پڑھی جیسے جیسے وہ کتاب پڑھتے رہے میں نے محسوس کیا ان کا چہرہ بدل رہا ہے اور پھر اس کتاب میں سے زور زور سے تین بار کلمہ شہادت پڑھا بولے یہ کلمہ اب میں تیری خوشی کے لئے نہیں بلکہ اپنی خوشی اور اپنے رب کی خوشی کے لئے پڑھ رہا ہوں، میں بے اختیار ان سے چمٹ گئی، میں بیان نہیں کر سکتی دو مہینے کے مسلسل کہرام کے بعد میرے گھر میں خوشی آئی تھی، اگلے روز معلوم ہوا کہ ان کا روپڑ ٹرانسفر ہو گیا ہے وہاں گئے ایک ہفتہ گزرا تھا کہ وہاں چیف منسٹر کا دورہ ہوا ان کے پروگرام میں وہ مصروف تھے ایک جگہ سیکورٹی کا معائنہ کرنے لئے وہ گئے اور کالج کی باؤنڈری کے نیچے کھڑے تھے تیز ہوا چلی اور ہوا کا ایک بگولہ ایسا آیا کہ باؤنڈری کا وہ حصہ جس کے نیچے وہ کھڑے تھے ان کے اوپر گر گیا اور اس دیوار کے نیچے دب کر اسی وقت ان کا انتقال ہو گیا۔

اسماء بہن میں بیان نہیں کر سکتی کہ یہ حادثہ میرے لئے کتنا سخت تھا مگر میرے اللہ کا کرم ہے اس نے مجھے است دی ایمان پر اس کا الٹا اثر نہیں ہوا، مجھے اندر سے اس بات کا احساس دل کو تھامے رہا کہ انھوں نے اسلام قبول کر لیا تھا اور وہ جنت میں چلے گئے، جہاں چند دن کے بعد مجھے بھی ان شاء اللہ جانا ہے، ان کے گھر ان کے کریا کرم (تجہیز و تدفین) پر بڑا ہنگامہ ہوا میں نے کہا میں ہرگز ان کو جلنے نہیں دوں گی میں اس لاش کی وارث ہوں، مجھے اس کا قانونی حق ہے مگر گھر کے سب لوگ ضد کر رہے تھے کہ یہ ہمارے خاندان کا فرد ہے، ڈی ٹی پی، اے ڈی جی پی، ڈی آئی جی سب موجود تھے بہت محنت کے بعد یہ طے ہوا کہ ان کی سادھی بنا دی جائے، ان کی سادھی بنا دی گئی اور میں نے ایک مولانا

صاحب کو بلا کر ان کی جنازہ کی نماز سادگی بتانے کے بعد پڑھوائی۔

سوال: اس کے بعد آپ پھر جالندھر آگئیں؟

جواب: روپڑ چھوڑ کر میں جالندھر آگئی حضرت صاحب کے بتانے کے بعد میں نے اپنی عدت پوری کی میرے بھائی لندن میں رہتے ہیں انھوں نے مجھ سے کہا آپ انگلینڈ آجائیں، میں نے پاسپورٹ بنوایا، ایک روز میں نے کعبہ کو خواب میں دیکھا، اٹھ کر میں نے فون پر حضرت صاحب کو بتایا حضرت نے بتایا کہ آپ پر حج فرض ہوگا، مگر کوئی محرم ہونا ضروری ہے اور آپ کا کوئی محرم نہیں ہے، اس کے لئے آپ کسی سے شادی کریں میں اپنے بچوں کے مستقبل کی وجہ سے لاکھ کوشش کے باوجود اپنے کو راضی نہیں کر پائی، مگر نہ جانے کیوں مجھے حج کو جانے کی، جنون کی حد تک دھن لگ گئی، اس کے لئے بار بار پھلت اور دہلی کا سفر کیا، مگر ایجنٹوں کے پاس بار بار کوشش کے باوجود کوئی صورت نہ بن سکی، آپ اور گھر کے سب لوگ حج کو چلے گئے اور میں تڑپتی رہ گئی، یہ حج سے محرومی خود میرے لئے بڑا امتحان تھا، میں بہت رویا کرتی تھی، اپنے اللہ سے فریاد کیا کرتی تھی، مجھے ایسا لگتا تھا کہ شاید اب بھی میں حج کو چلی جاؤں بقر عید سے تین دن پہلے جب مجھے خیال آیا کہ اب حج کے تین دن باقی ہیں، اس لئے کہ مجھے یہ معلوم تھا کہ حج بقر عید کے دنوں میں ہوتا ہے، رات صبح تہجد میں روتے روتے بے ہوش ہوگئی، میں نے نیم بیداری میں دیکھا میرے سر پر احرام کا اسکاف بندھا ہے اور میں ہوں اور پھر منیٰ کے لئے چلے، غرض مکمل حج کیا، میری آنکھ کھلی اور ہوش آیا تو میں بیان نہیں کر سکتی کہ مجھے کتنی خوشی تھی، میں نے کسی طرح حضرت صاحب کا مکہ مکرمہ کا فون لیا اور خوشی خوشی تقریباً پچیس منٹ تک پورے حج کی یہ تفصیل بتائی، حضرت صاحب خود حیرت میں رہ گئے۔

سوال: ابی بتا رہے تھے کہ پچھلے سال آپ حج کو گئی تھیں، امسال تو ہم حج میں بار بار آپ کا

ذکر اور افسوس کرتے رہے۔

جواب: میں اپنے اللہ کے قربان جاؤں کہ اس نے میری حج کی دعا سن لی، پہلے سال تو مجھے بغیر جانے حج کرا دیا، اگلے سال میں نے اپنے ایک بھائی پر کوشش کی اور اس کو باہر کا سفر کرانے یعنی حج کا لالچ دے کر مسلمان ہونے پر زور دیا اور بتایا کہ کرونا تک بھی حج کو گئے تھے، کوشش کے بعد وہ مسلمان ہو گئے اور ہم دونوں کو پچھلے سال حج کی سعادت نصیب ہو گئی۔

سوال: ارمغان کے حوالے سے آپ مسلمانوں کو کوئی پیغام دینا چاہیں گی؟

جواب: بس میں اپنی بہن عائشہ کی بات دہراتی ہوں کہ ایمان کی نعمت کی قدر کریں اور ایمان کے ساتھ ایک دن سینکڑوں سال کے بغیر ایمان کی زندگی سے افضل ہے اور پھر سارے جہانوں کے لئے رحمت والا نبی ﷺ کے امتی ہونے کی حیثیت سے سارے انسانوں کو اس دنیا کی قید سے جنت میں لے جانے کی فکر کریں، میرے اور میرے گھر والوں کے لئے دعا کریں کہ سب کا خاتمہ ایمان پر ہو۔

آمین بہت بہت شکریہ

مستفاد از ماہ نامہ ارمغان، نومبر ۲۰۰۶ء

جمیلہ بہن ﴿پشپا﴾ سے ایک ملاقات

میرا پیغام ہے کہ ایک دوسرے کی خیر خواہی کریں ہندوؤں سے میل جول رکھیں یہ سرحدیں دوریاں گرائیں، ہندو قوم، مسلم دھرم کے بارے میں جاننے کو بے چین تجسس رکھتی ہے قریب آئیں لوگ جوق در جوق اسلام میں کھنچے چلے آئیں گے۔

صفورہ یاسمین

میں نے شہناز بہن کی دلی تمنا اور کوشش سے نومسلم جمیلہ صاحبہ کو غریب خانہ پر آنے کی دعوت دی، اہلیہ مولانا ذوالفقار کی بہن افسانہ صاحبہ کے ہمراہ جمیلہ صاحبہ تشریف لائیں، سلام و دعاء کے بعد چائے پانی کے دوران ہی شہناز بہن کاپی پین لے کر بیٹھ گئیں، تب میں نے کہا کہ ارمغان اور اللہ کی پکار جیسے شمارہ میں جو بھائی بہن اپنی اصل کی طرف یعنی ایمان کے اندر آتے ہیں تو لوگوں کی ترغیب کے لئے ان کے انٹرویو چھاپے جاتے ہیں اور اس کے بے حد اچھے نتائج سامنے آرہے ہیں اور یہ بے حد مقبول ہیں، شہناز بہن بولیں کہ ہندوستان میں ہی نہیں، سعودی عرب، برطانیہ، افریقہ میں بھی یہ انٹرویو بے حد مقبول ہیں اور نفع دے رہے ہیں اور لوگ اپنے خرچ سے ان کی کاپیاں کرا کر تقسیم کراتے ہیں، تب جمیلہ بہن تیار ہو گئیں ورنہ یہ نظریہ رکھتی تھیں کہ میں جو کچھ ہوں خدا کے لئے ہوں اور خدا سے اجر کی طالب ہوں، دنیا کی شہرت بھی عزیز نہیں حسب معمول ہمارا پہلا سوال تھا:

سوال: آپ کا پہلا نام کیا تھا؟

جواب: جمیلہ بہن! میرا پہلا نام پشپا تھا۔

سوال: آپ کے والد کا نام؟

جواب: میرے والد کا نام شیورام بھگت تھا والدہ کا نام سوی بائی تھا۔

سوال: آپ کا تعلق کس خاندان سے اور کس جگہ سے تھا؟

جواب: میرا تعلق پنجاب راجپورہ ضلع پٹیالہ کے بھگت خاندان سے تھا، ہم لوگ تین بہنیں تھیں

سوال: آپ نے اسلام کیوں قبول کیا اور اپنے پرانے مذہب کو کیسے چھوڑا؟

جواب: سیدھا سچا جواب تو یہ کہ میرے اللہ کو مجھ سے پیار تھا اور میرے رب نے پھر کرم کیا کہ ایمان کی دولت سے نوازا اور کفر کو مجھ سے دور کیا اور بظاہر "مسلم عورت کی ستر پوشی" میرے اسلام لانے کا سبب بنی (آگے بولیں) میری بہن! میری ایک لمبی داستان ہے شہناز بہن افسانہ بہن اور میں تینوں برجستہ بولے۔

سوال: ہاں ہاں، وہی تو آپ سب بتایئے اور بلا جھجک بتایئے؟

جواب: (تب انہوں نے اپنی حیات کو پرت در پرت کھولنا شروع کیا) ہمارا گھرانہ غریب تھا، میری والدہ کی بہن کی شادی ایک بڑے گھرانے میں ہوئی، جب میری شادی ہوئی اس وقت میری عمر ۲۰ سال تھی میری خالہ نے سوچا کہ میری بھانجی بھی بڑے گھرانے میں آ جائے، اس لئے انہوں نے اپنے دیور کے بیٹے سے جو کہ سی بی آئی آفیسر تھے میری شادی کرادی، میری والدہ امیر غریب کے خوف کی وجہ سے شادی پر آمادہ نہ تھیں، ایک طرح سے زبردستی یہ شادی کرائی گئی شادی کے بعد معلوم ہوا کہ جن سے میرا بندھن بندھا ہے وہ بے حد لاپرواہ اور شرابی ہیں، سسرال میں میرا حال تو نوکر سے بھی بدتر تھا اور میں کولہو کی طرح سسرال ماتحت میں کھپائی جاتی رہی ۱۹۸۰ء میں میری شادی ہوئی اور ۱۹۸۳ء میں میرا

بیٹا پیدا ہوا اس وقت میں بے حد ستم رسیدہ حالت میں اسپتال میں تھی، میری ماں نے بھی میری پرواہ چھوڑ دی بیچاری کیا کرتی حالات ہی ایسے تھے میں نے لوگوں کے جھاڑو برتن تک کئے اور ایسے حالات میں دو بیٹے اور ایک بیٹی کی خدا نے مجھے ماں بنا دیا، اللہ نے مجھے دماغ بہت تیز دیا، میں نے ۱۹۸۰ء میں سلائی کڑھائی کے کارخانہ میں ۲۵۰ روپے ماہانہ تنخواہ پر کام شروع کیا، وہیں سے میرا اسلام سے تعلق جڑا، وہ کارخانہ کسی ہندو کا تھا لیکن اس میں نوکر مسلمان تھے اور مسلمان بریلوی تھے میں ساڑی پہن کر کارخانہ جاتی اور میرا بازو بغیر آستین کا ہوتا تھا، مسلم نوکر لڑکے بولے بہن جی آپ ہمارا ایمان خراب کرتی ہیں، میں بولی ایمان کیا؟ وہ بولے ہم لوگ مسلمان ہیں اور ہمارے یہاں مسلم عورت ستر پوش یعنی ڈھکی چھپی رہتی ہے اور اس لئے مردوں کا ایمان بھی سلامت رہتا ہے اور عورتوں کا بھی۔

میں نے کہا کہ ایمان کیا ہے؟ بولے کہ ایک کلمہ ہے جو پڑھا لیا جاتا ہے، میں بولی کہ وہ تو مسلمان عورتیں ہیں اپنے دھرم کی وجہ سے کرتی ہیں، مسلم ورکر بہت دردمندی سے بولے کہ بہن جی آپ چاہے جو بھی ہوں ہمارا دل چاہتا ہے کہ آپ بھی ہماری ماں بہنوں کی طرح کپڑے پہنو میرے دل میں ان کے ایمان کی اور ستر پوشی کی بات گھر کر گئی اور میں سوچنے لگی کہ کیسا اچھا ایمان ہے ان کا اور ان کے یہاں کس قدر عورت کی عزت کی جاتی ہے میرا دل بیقرار ہوا تھا ان ورکر کے ایمان کے اندر آنے کے لئے، اگلے دن میں نے کہا کہ بھائی میں تمہارے ایمان میں آنا چاہتی ہوں مجھے کیا کرنا ہوگا؟ ایک کلمہ ہے وہ پڑھنا ہوگا، میں نے کہا جلدی مجھے پڑھاؤ، بولے کہ ہم نہیں پڑھا سکتے ہمارے بابا پڑھائیں گے اور وہ فلاں دن آتے ہیں اب مجھے اس فلاں دن کا بے قراری سے انتظار رہنے لگا، خدا خدا کر کے وہ دن آگیا، ایک لمبا سا چوغا اور طرح طرح کی گلے میں مالائیں پہنے اونچی ٹوپی پہنے بابا کارخانہ میں تشریف لائے اور انھوں نے رومال پکڑوا کر کہلوایا ''علی علی کا یا

محمد یا اللہ یا محمد یا علی مدد کرو (جمیلہ بہن نے جب یہ کلمہ سنایا ہمیں ہنسی بھی آئی اور تعجب بھی ہوا) ہم لوگ بیچ میں بولے یہ کلمہ نہیں ہے وہ بولیں کہ ہاں ہاں یہ اس زمانہ کا میرا ایمان تھا بھئی جیسے کہا، جو بتایا میں نے کہا اور پڑھا اور بہت زمانہ تک ہر وقت یہ ورد زبان رکھتی تھی اور پھر بتایا گیا کہ قبروں پر جانا ہے میں ان بابا کی مرید بن گئی اور میں نے ہندوستان کے بڑے بڑے مزاروں پر حاضری دی اور جیسا وہاں ہوتے دیکھتی کرتی۔

ادھر میں ساڑی کی جگہ سوٹ پہننا شروع کیا اور خود کپڑے ڈیزائن کرنا شروع کیا اور میری ڈیزائن ڈریس کی بہت قیمت لگی، میں نے الگ سے مشین خریدی اور خود ڈیزائن کر کے ڈریس تیار کی اور بازار میں فروخت کی میرا کاروبار چل نکلا، ۱۹۸۶ء میں او کھلا فیس ۲ میں میں نے اپنے کارخانہ کی بنیاد ڈالی اور الگ سے مسلم ورکر رکھے، مجھے کمانے کی دھن لگ گئی اور اللہ نے بھی اس قابل بنا دیا کہ میں نے نہرو نگر میں ۳ منزلہ ایک پورا کمپس خریدا، ہاں ایک بات اور یاد آئی جب میں کارخانہ میں کام کرتی تھی، بابا کو خانقاہ کی ضرورت تھی مری ماں نے میرے نام ایک دوکان کر دی تھی وہی ان کی کل جائداد تھی، بابا کو خانقاہ کے لئے زمین کی ضرورت تھی سلطان پور غوث آباد میں میں نے اپنی ماں سے کہا وہ دوکان کے کاغذات دے دو اور مجھے ایک مکان خریدنا ہے، میں نے ماں سے جھوٹ بولا ورنہ ماں کبھی کاغذات نہ دیتی، میں نے کاغذات لے کر وہ دوکان اس زمانہ میں ۱۲ ہزار کی فروخت کر دی ۱۱ ہزار ان بابا کو خانقاہ کے لئے دے دیئے ایک ہزار خود رکھا اس وقت سروس کرتی تھی ۲۵۰ روپے تنخواہ ۱۳ ر بچے اور خود اور مکان کرائے کا ایک ہزار کرایہ جمع کیا اور دلی کورٹ پٹیالہ ہاؤس میں جا کر باقی پیسے سے اسلام قبول کرنے کی کارروائی پوری کی بس پھر خدا کے نام پر دینے کی دھن سوار تھی میں چاہتی تھی کہ کماؤں اور خدا کے لئے لٹاؤں مجھے کمانے کی دھن لگ گئی نہرو نگر میں خدا نے جائداد دلوا دی، وہاں جو

ورکر کام کرتے تھے وہ ورکر نماز پڑھتے تھے وہ نماز پڑھنے جاتے اور باہر جا کر نماز کے بہانے پکچر دیکھنے چلے جاتے اور میں نمازیوں کو ہی کام دیتی تھی مگر وہ کر چالاکی کرتے ۔ میں نے سوچا مجھے ایسی جگہ کارخانہ کی تلاش کرنی چاہیے ۔ جہاں مسجد کارخانہ سے ملی ہوئی ہو تب میں نے حاجی کالونی غفور نگر میں زمین خریدی اور کارخانہ ادھر شفٹ کیا لیکن ادھر چونکہ میں اکیلی کام کرتی تھی اور مسلم ایریا میں مسجد کی وجہ سے میں شفٹ ہوئی تھی تا کہ ورکر نماز ضرور پڑھیں اور دیر تک غائب بھی نہ ہوں کہ کارخانہ میں کام کا نقصان نہ ہو لیکن ادھر کے مسلمانوں نے مجھے بہت تنگ کیا کہ یہ کیسی مسلمان ہیں بے لڑکوں سے کام کراتی ہے طرح طرح کی باتیں ...... میرا ذہن پریشان ہو گیا تھا کہ میرا کارخانہ ٹھپ ہونے لگا اور میں بچوں کے پاس نہرو نگر چلی گئی کام بالکل بند کر دیا کہ اسلام میں ورکر سے کام کروانا جائز نہیں اور میں غریبی میں چلی گئی ۔ فاقے ہونے لگے میں نے قرآن بیچنا شروع کیا اور پھر کچھ سہارا شروع ہوا ادھر کچھ اور اچھی مسلمان بہنیں ملیں ۔ انہوں نے کہا آپ کو غلط بتایا گیا ہے آپ اپنا کاروبار شروع کیجئے اور یہ افسانہ ہے اس کے شوہر مولوی ذوالفقار نے میری بڑی رہنمائی کی اس نے مجھے اپنی ماں بنالیا اور حقیقی ماں کی طرح میرا خیال رکھنے لگا میں نے حاجی کالونی میں کارخانہ شروع کیا اور ٹائی ۔ ٹاپ اور پیالہ شلوار کی ڈیزائننگ کر کے مارکیٹ میں فروخت شروع کر دی اور یہاں بھی میں نے تجارت بنالی اور خود بھی ادھر ہی شفٹ ہوگئی اور تب میں نے جانا کہ جس اسلام پر میں چلتی ہوں جو پڑھتی ، وہ صحیح نہیں بلکہ صحیح طریقہ پر سیکھ پڑھا ، نماز یہاں آکر سیکھی قرآن کریم پڑھا تبلیغی جماعت کی بہنوں سے مکمل جول پیدا ہوا میں نے جب نماز سیکھی اور اس کو ادا کیا تو سمجھ میں آیا کہ حدیث نبوی ﷺ "نماز مومن کی معراج ہے" واقعی معراج ہے (یہ سب کہتے ہوئے وہ آبدیدہ ہو گئیں) ہمیں ان کی کیفیت دیکھ کر ان پر بڑا رشک آیا ہم نے کہا کہ آپ تو بڑی ہی صفت اور اونچی

ہستی ہیں) جمیلہ بہن بولیں کہ میں کچھ بھی نہیں اور پھر بڑی تڑپ سے بولیں کہ کسی طرح کاش میری وہ نماز کی کیفیت لوٹ آئے اور مجھ سے کہنے لگیں کہ کوئی عمل بتاؤ کہ مجھے نماز میں پہلے کی طرح معاملہ ہو، ہم نے کہا کہ اللہ بے حد رحیم وکریم ہے اس سے گڑگڑا کر جو مانگو ملتا ہے جمیلہ بہن برجستہ بولیں کہ میرے ساتھ تو ہمیشہ ہی جب جب مانگا سب کچھ ملا بندہ بڑا نا شکرا ہے، بے وفا ہے جاسے مانگنا ہی نہیں آتا، مانگتا ہی نہیں ہم نے کہا۔

سوال: اپنے کوئی خاص لمحات بتایئے؟

جواب: رمضان المبارک کا مہینہ تھا میں روزے برابر رکھتی رہی، نمازیں بھی ادا کرتی، لیکن نماز کھڑے ہو کر نہ پڑھ سکتی، مجھے شوگر ہو گئی اور گھٹنوں نے کام کرنا بند کردیا، جہاں میں رہتی ہوں وہاں میرے ایسے پورشن ہیں کہ بہ آسانی کرایہ دار بھی رکھتی ہوں لیلۃ القدر آگئی سب لوگ کھڑے ہو کر نوافل میں مصروف تھے میں بھی اسی رات جاگ رہی تھی، پیروں کے درد کی وجہ سے اٹھ نہ سکتی تھی کسی مسلم بہن نے بھی مجھے اس رات کے بارے میں کچھ خاص نہ بتایا اور میرا دل پھٹا جا رہا تھا کہ کوئی آئے مجھے تسلی دے اس رات کی عظمت کے بارے میں بتائے میں ایسے میں کیسے عبادت کروں، میری مدد کرے، پھر بے بسی کی کیفیت طاری ہوئی میں بیٹھے بیٹھے سجدہ میں جاگری اور اسی طرح مالک کے سامنے آہ وفغاں کی تڑپ تڑپ کر روئی روتے روتے زور زور سے میری چیخیں نکل گئی مجھے کچھ ہوش نہ رہا بس خدا اور میں فریادی اور بے بسی ایسی کہ عبادت اور نماز بھی کھڑے ہو کر نہ پڑھ سکوں اس کا احساس ہوا کہ یکا یک مجھے لگا میں کھڑی ہو سکتی ہوں اور میں سیدھی کھڑی ہو گئی اور اس رات میں نے کھڑے ہو کر خوب نماز ادا کی اور میں چلنے پھرنے سے معذور چلنے پھرنے لگی اور کئی سال تک میں ایسی رہی کہ مجھے کوئی بیماری نہیں تھی شوگر بھی ختم ہو گئی آگے بولیں کہ بس بہن ہم بہت نکمے ہیں، پھر دنیاداری میں پھنس گئی اور پھر وہی بیماری۔

میں نے فضائل اعمال پڑھنا شروع کی، جب میں نے یہ پڑھا کہ جس کا بیٹا حافظ قرآن ہوگا اس کو آخرت میں اس بچے کی ماں کو جنت میں تاج پہنایا جائے گا، میں تڑپ گئی کہ اب میں کیا کروں میرے دو بچے ہیں ان کی شادی ہو چکی، بچے بھی ہو گئے اور پوتی بھی بس نسل ہی کا ایک محمد احمد، گروہ اور تیروں پر جانے کو مسلمان کمپنی تھی بس خود ہی مسلمان بھی رہی مجھے نا امیدی حالت پر رہے ان کی شادی میں نے ہندو لڑکی سے کی اور بچے پھر اس نعمت سے محرومی نے دکھی کر دیا، میں زار و قطار روتی کہ سب حافظوں کی ماؤں کو تاج پہنایا جائے گا میرے لیے کوئی تاج نہ ہوگا میرا کوئی بیٹا حافظ نہیں ایک پڑوسن دیندار تھی میرے ہر وقت کے رونے کو دیکھ کر کہنے لگیں کہ تم میرے بیٹے کو پڑھا کر حافظ بنا دو، دوسروں نے کہا کہ کوئی غریب بچہ پڑھا لو، میں نے غریب بچہ کی تلاش شروع کر دی، ایک بچہ جس کا نام احتشام تھا اس کو پڑھانے کے لئے بہادر پور مدرسہ سوگڑی میں چھوڑا اور وہ الحمدللہ حفظ کر رہا ہے، پھر مجھے لوگوں نے کہا، ایسے تاج نہیں پہنایا جائے گا آپ بن ماں باپ کا بچہ تلاش کرو اس کو حفظ کراؤ، اب میں اور رونے لگی اور سوچتا تھا کہ روتے روتے جان چلی جائے گی کہ ہائے محرومی مجھے تاج نہ پہنایا جائے گا، اب میں نے کسی ہندو غریب کی جھگی جھونپڑی میں تلاش شروع کر دی ایک بچہ خدا نے مجھے دیا، جو بن ماں باپ کا ہے عبداللہ اس کا نام رکھا اسے رائے پور سہارن پور کی طرف سے لے گئی وہاں سے پڑھا رہی ہوں، ماشاء اللہ اس کا ۱۲ واں پارہ ہے رائے پور میں پڑھ رہا ہے دونوں بچوں کے لئے کپڑا خرچ وغیرہ لے جاتی ہوں میرا پوتا میرے پاس رہتا ہے ۱۳ سال کا ہے، اسے موڑ والی مسجد میں بھیجا ہوا ہے، امی آپ سب دعا کرو وہ بھی حافظ ہو جائے، آمین، یہ سب سنتے ہوئے ہم سناٹے میں گم بیٹھے ہوئے تھے کہ یا اللہ فضائل اعمال کی حدیث پڑھی اور کس طرح عمل پیرا ہوئی؟ اور ہمارا کیا حال ہے کہ ہم پیدائشی مسلمان حفظ تو حفظ ناظرہ

پڑھنا بھی بکسر شان اور سب سے پہلے انگلش میڈیم اس کول کی روز روانی روانی تو وقت خدا سے گھبرا ہو گیا کہ ہمارے اس سلوک کی وجہ سے خدا ہمارے ساتھ کیسا معاملہ فرمائے گا میں نے کہا جمیلہ بہن آپ قابل مبارک باد ہیں دعا کریں اللہ ہمیں بھی آپ کی طرح بنا دے، آمین ثم آمین

ہم حالانکہ کافی وقت لے چکے تھے مگر دل چاہتا تھا کہ اپنی روداد سنائی جائیں اور ہم سنتے جائیں ہم نے کہا اور کچھ خاص بتائیے بولیں فضائل اعمال میں پڑھا کہ سود خور کے ساتھ یہ معاملہ ہوگا کہ اس کے پیٹ میں سانپ بچھو ہوں گے۔

ہمارے یہاں ہفتہ میں اجتماع ہوتا ہے اور میں پنجاب وغیرہ بھی جاتی ہوں وہاں ہندو بھی میرا وعظ سنتی ہیں جالندھر میں میں نے جب یہ سود والی حدیث سنائی تو سب نے یقین کر کے وہاں سود لینا دینا چھوڑ دیا ہندو ہو کر اور وہ بے چین رہتی ہیں کہ اپنے دھرم کی اور بات بتاؤ تب میں نے کہا آپ پروگرام بنائیں ان شاء اللہ ہم لوگ بھی چلیں گے، دعوت کے اوپر بات کریں گے بولیں کہ دین لوگ پیاسے ہیں مجھے تو کچھ زیادہ معلومات نہیں بس فضائل اعمال اور قرآن ہندی ترجمہ سے پڑھا ہے آپ لوگ آ جائیں گے تو لوگ پیاسے کھڑے ہیں ذرا سے اشارے کی دیر ہے! امن اسلام میں آ جائیں گے۔ (تب ہم اپنے اوپر شرمندگی ہوئی اور اپنے ساتھ تمام مسلم لوگوں سے شکوہ ہوا کہ دین ہم اپنے ہی وجود میں رہتے ہیں کھانا پینا اور اپنے کو بچوں کو کھلانا پلانا اور انجینئر، ڈاکٹر وغیرہ وغیرہ کی آرزو اور کھنا یہی مقصد حیات سمجھے ہوئے ہیں اللہ نے ہم نے توبہ کی اور کچھ کرنے کا عزم کیا) آگے سلسلہ کلام کو جاری رکھنے کے لئے ہم نے پوچھا کہ

سوال : شہناز بہن بتا رہی تھیں کہ آپ شوہر سے ۲۵ سال بعد ملی ہیں اور آپ کے شوہر بھی مسلمان ہو گئے ہیں اور آپ کا دوبارہ نکاح ہوا ہے یہ سب کیا قصہ ہے؟

جواب: جمیلہ بہن بولیں کہ میرے شوہر نے ۲۵ سال سے میرا اور میرے بچوں کا کوئی خرچ نہیں اٹھایا اب وہ پچھلے دنوں ریٹائر ہوئے اور انہوں نے فنڈ کے پیسے سے ایک فلیٹ خریدا اور حالات کچھ ایسے بنے کہ وہ فلیٹ انہیں گروی رکھنا پڑا، ناچار میرے شوہر کو والے فلیٹ میں جہاں میرے دونوں لڑکے اپنی فیملی کے ساتھ رہتے ہیں ان کو وہاں آنا پڑا، میں برابر سب رشتہ داروں سے ملتی ہوں، جب کچھ دن باپ کو بیٹے اور بہو کے پاس رہتے ہو گئے تو بڑی بہو نے انہیں باہر کر دیا اب وہ دوسرے بیٹے کے گھر میں گئے، دیکھتی کیا ہوں ایک دن میری بڑی بہو ان کو کھانا دیتی ہے ایسے جیسے کسی کتے کو ڈالتے ہیں میں نے کہا تم اس طرح کرتی ہو، اس طرح تو کسی کتے کو بھی نہ دیتے ہوں، خیر میں حسب معمول خرچ دینے کے لئے رائے پور حافظ بچے کے پاس گئی وہاں ایک دہلی جامعہ ملیہ کا بچہ سروس چھوڑ کر آیا ہے اب حفظ کرتا ہے رائے پور میں رہتا ہے خدا نے اسے دین پر لگا دیا ہے وہ بولا اماں جی! مجھے آپ سے ایک بات کرنی ہے، اس نے میری سب کہانی کا حال، ان نو مسلم بچے نے بتا دیا ہوگا، بولا آپ کے شوہر ہندو ہیں، آپ پر فرض ہے کہ آپ اپنے شوہر کو دین کی دعوت دیں مجھے ان کے سلوک کی وجہ سے ان کے ساتھ کوئی تعلق محسوس نہ ہوتا تھا، میں نے کہا کہ بیٹے وہ تو بہت بڑے شرابی ہیں شراب کے بغیر رہ ہی نہیں سکتے، وہ بچہ بولا کہ اماں! اگر آپ کو شراب کا گلاس بھر کر بھی دین کی دعوت دینی پڑے، آپ دین کی دعوت دیں یہ دعوت دینا اتنا ضروری ہے مجھے امید ہے انشاء اللہ وہ ضرور ایمان لے آئیں گے، آپ ایسے جذبہ والی ہیں، آپ یہ کام ہر حال میں کریں، اب میں گھر آ گئی میں نے فون اٹھایا ادھر سے فون انہوں نے اٹھایا مگر میں کچھ ہمت نہ کر سکی عجیب شرم محسوس ہوئی مگر دل میں اللہ سے گڑگڑائی اے اللہ! ایمان کی دعوت دے دوں اس کی ہمت عطا کر، میری بہن ہندو ہے مگر سب کلمہ درود جانتی، وہ بھی جنوری کی ایک دعوت

سے دکھی تھی، وہ روز کہتی کہ تو مسلمان بن جا تیری زندگی بن جائے گی دیکھ میری بہن کی مسلمان بننے سے کیسی زندگی بنی ہوئی ہوئی ہے روز روز کہتی رہی ایک دن دیکھتی کیا ہوں کہ زبردستی میرے شوہر کو میرے گھر لے آئی ہے، میں ناراض ہوئی کہ تو اس ہندو شرابی کو کیوں لے کر آئی ہے؟ وہ بولی یہ مسلمان بننے کو تیار ہے غفار منزل کی مسجد میں صبح ۱۰ بجے کسی مولانا کا بیان ہوا، ان کو وہاں لے کر گئے اور وہاں پر مولانا نے ان کا نکاح پڑھایا، کلمہ پڑھایا، انہیں کا بیان تھا، وہ کلمہ پڑھا کر جانے لگے میں رونی روئی تھی، میرے بیٹے ذوالفقار نے ان سے کہا میری جمیلہ ماں کو سمجھایئے پردہ کئے بیٹھی ہیں، پردہ چھوڑ دیں اور ناراضگی بھی ختم کریں، مولانا نے مجھے سمجھایا میری سمجھ میں بات آ گئی مگر ۲۵ سال سے الگ رہتی ہوں عجیب سا حجاب آتا ہے، ویسے جتنا کچھ ہو رہا ہے خدمت کر رہی ہوں، آج ۲۲ دن ہو گئے شراب کو ہاتھ تک نہیں لگایا ہے۔

س: آپ ان کی نماز وغیرہ کے بارے میں اور تمام ارکان اسلام کے بارے میں کیا فکر کرتی ہیں؟

ج: ماشاء اللہ پانچوں وقت مسجد جا رہے ہیں کسی نے کہا کہ پھلت میں ایک بہت بڑے حضرت جی ہیں ان سے ضرور ملوایئے، وہ ۳ دن کے لئے پھلت گئے مگر حضرت جی نہیں مل سکے، ہم نے کہا کہ آپ ان کو دہلی بٹلہ ہاؤس دارارقم میں بھیجئے وہاں ان کو فائدہ ہوگا اور حضرت جی سے ملاقات بھی ہو جائے گی جمیلہ بہن کہنے لگی، آپ کی بڑی مہربانی ہو گی، اگر آپ ان کی تربیت کا انتظام فرمادیں میں نے اپنے دل میں خیال کیا کہ کاش جگہ جگہ پر تربیتی سینٹر قائم ہو جائیں اور خدا سے دل ہی دل میں دعا کی رب العالمین مجھے اس قابل بنا دے کہ نومسلم بھائی بہنوں کو آشیانہ فراہم کر سکوں اور تربیت کے لئے دردمند، پر خلوص اسکالر جمع کر دوں، کہاں لوگوں کو سنے گا "ہم اسلام میں آ کر امن میں آ گئے جنت میں

آ گئے محبت کی پھواروں میں آ گئے، حالانکہ کافی دیر ہو چکی تھی مگر سب سے اہم سوال ان کی اولاد کے بارے میں پوچھنا باقی تھا میں نے کہا کہ:

سوال: جمیلہ بہن جب آپ شروع سے تنہا ہیں اور اپنے پاؤں پر کھڑے ہوتے ہوئے اپنے بچوں کے ساتھ جیتی رہیں پھر آپ نے اپنے بچوں کو شعور کیسے دے دیا؟

جواب: وہ بولیں کہ کسی مسلمان نے مجھے بتایا نہیں سچ پوچھیے تو ادھر جانے کا اول سے آج مسلمان میں خود ہی ہوں ویسے میرے دونوں لڑکے بسم اللہ، الحمد للہ سب پڑھتے ہیں بڑی بہو تو کنزہ ہے لیکن چھوٹی بہو زیرِ دل ہے چھوٹا بیٹا میرے ساتھ کام کرتا ہے بلکہ اب تو پوری دکان سب کچھ وہی سنبھالتا ہے بس بہو سے ڈرتا ہے۔

ہم نے کہا، ایسا کرتے ہیں کہ آپ کے بیٹے کی بیوی کو دعوت کھانے پر دیتے ہیں اور ہم کچھ کوشش کر کے دیکھتے ہیں وہ بہت خوش ہو گئیں بولیں نہیں پہلے میں آپ کی دعوت کروں گی اور اپنی بہو کو بلا لوں گی سویرے شام سے بلا لوں گی آپ اس سے مل لیجئے اور پھر اپنے گھر آنے کی دعوت بھی دے دیجئے ہم نے کہا کہ ٹھیک ہے مگر نیک کام میں دیر نہیں ہونی چاہیے کچھ دیر خاموشی طاری رہی اور سب سر جھکائے بیٹھے تھے ایسا محسوس ہو رہا تھا کہ ہم کسی اور دیس کی باتیں سن رہے ہیں میں نے کہا افشاں آپ بھی بہت خوش قسمت ہیں اور فاطمہ مبارک باد کی کہ بیچ میں ہی جمیلہ بہن بولیں: میرا منہ بولا بیٹا ذوالفقار اور بہو افشاں مثالی بہو بیٹے ہیں، میں ان کے ساتھ حج بھی کر چکی ہوں اور ان دونوں کے لئے بے حد تعریفی کلمات بولتی گئیں اور دعاؤں کا دریا بہاتی رہیں اور میں سوچ ہی رہی تھی کہ شبینہ زینت کی وجہ سے جاوید اشرف صاحب کی وجہ سے اللہ کتنے اچھے اچھے مثالی لوگوں سے ہمارا تعلق جوڑ رہا ہے، جمیلہ بہن نے جس طرح سے ان بیٹے بہو کی قربانی ایثار خلوص و محبت کا تذکرہ کیا، اگر لکھنا شروع کر دوں تو انٹرویو لمبا ہو جائے گا اور مجھے ڈر ہے چھپنے سے رہ

جانے میں تو خمیازہ افسانہ نبیلہ صاحبہ آبدیدہ ہوگئیں اور اپنے حال پر ندامت اور شرمندگی کہ اللہ کی دنیا میں اب بھی ادائے نبی ﷺ کی نقل کرنے والے لوگ موجود ہیں اور ہمارا کیا ہوگا اپنے میں مست رہتے ہیں۔ سچ کہہ رہی ہوں میرا رونگٹا رونگٹا خوف خدا سے کانپ رہا تھا اور کانپتا ہے آپ سب لوگوں سے ناچیز کی درخواست ہے کہ اللہ ہمیں دین کی خدمت کے لئے چن لے، آمین ثم آمین

اب ایک اور سوال میرے دل میں بھی رہا تھا کہ میں ان کی عبادت، زہد اور خوش اخلاقی نفس، اور صدقہ خیرات کرنے والی اور تبلیغ کے لئے ہر وقت چلت پھرت کرنے والی کے اللہ سے معاملات سرگوشیاں بھی عجیب طرح کی ہوتی ہیں حالانکہ یہ ضروری نہیں، نیکی کی شرط ہے مگر گمان ایسا قدرتی ہوتا ہے، میں نے کہا:

سوال: کچھ خاص اللہ کے کرم فرمایاں سنائیے؟

جواب: بولیں کہ میں نے ایک خواب دیکھا کہ میرا ایک کمرہ ہے جو بے حد حسین ہرے طوطیا رنگ کا ہے کہ رنگ کا حسن بیان سے باہر ہے وہاں میں اور ایک آدمی مسجد میں پڑے ہوئے ہیں بے حد حسین ناقابل بیان عود تھی، ہیرے جواہرات، زمرد، موتیوں کے تھال لیے بیٹھی ہوئی ہیں، دوسرا خواب کہ میں بلا انتہا اونچائی پر کھڑی ہوں۔ بے حد سفید لباس میں اور میرے چاروں طرف بے حد شفاف پانی، میری آنکھ کھل گئی تعبیر تو اللہ جانتا ہے کیا ہے مگر بے حد سکون محسوس ہوتا ہے، ایک بار دیکھا کہ چٹیل میدان ہے میں اور میرا بیٹا امن میرے ساتھ ہے کہ زبردست زلزلہ آتا ہے بڑا خوفناک، میں الحمد شریف پڑھنے لگی ہوں کہ ایک دم زلزلہ الحمد پڑھنے سے رک جاتا ہے۔ اب کافی دیر ہو چکی تھی اور ان کو گھر جانے کی جلدی بھی تھی کیونکہ ان کے شوہر جو کہ پہلے کیلاش اور اب جمیل احمد ہیں اکیلے تھے ہم نے ان کا شکریہ ادا کیا اور آخری سوال کیا۔

سوال: ارمغان پڑھنے والوں کے لئے کوئی پیغام؟

جواب: بس میرا پیغام ہے کہ آپ دوسرے کی خیرخواہی کریں ہندوؤں سے مل جل کر رکھیں میرے سسر جی دو سال گزر گئے وہ ہندو قوم مسلم قوم کے بارے میں بہت کچھ بے چین، متعصب رہتی ہے قریب آئیں تو لوگ جوق در جوق اسلام میں کھنچے چلے آئیں گے میں نے اسلام دیا، اور آئندہ مستقل ملاقات کے وعدوں کے ساتھ وہ ہمارے گھر سے رخصت ہوگئیں، اور اب میں سوچ رہی ہوں کہ جب صرف ایک بجلی نہ جانے سے ترقی کے خیال سے ایک ہندو ایمان میں آگئی اور ان کے ذریعہ حق واضح ہوا ان کے علاوہ اور تبلیغ غیر مسلموں میں اور مسلمانوں میں کرنا خاص دین جو ادا مسجدوں اور مدارس میں رہنے والا ادا ہو سکتے خیرخواہی کے کارنامے ہیں اور اگر جو عام لوگ ہیں ہمارے ہندوستان کے اور پورے ہندوستان کے گھر گھر میں اور ذیب جیسی خیرخواہی کا کسی ہندو بھائی بہن سے بول دیں تو میں کہ رہی تو مسلمان ہندوستان میں ہیں اور باقی دنیا میں رہتے ہوں گے، دنیا امن کا گہوارہ بن جائے گی کاش مسلمان اپنا منصب پہچانیں اور اگر کچھ بھی نہ کر سکیں تو آپ کی تو میری التجاء ہے ضرور کریں کہ اپنے ان خونی رشتوں کے بھائی بہن کے لئے رات کو تنہائی میں آنکھوں سے دو آنسو گرا لیا کریں کہ اللہ ان کے لئے ایمان کی ہدایت مقدر فرماوے۔ آمین

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

مستفاد از ماہ نامہ ارمغان، جولائی ۲۰۰۸ء

ماسٹر محمد عامر (بلبیر سنگھ) سے ایک چشم کشا ملاقات

> میری ہر مسلمان سے درخواست ہے کہ اپنے مقصد زندگی کو پہچانیں اور اسلام کو انسانیت کی امانت سمجھ کر اس کو پہنچانے کی فکر کریں، محض اسلام دشمنی کی وجہ سے ان سے بدلہ کا جذبہ نہ رکھیں احمد بھائی میں یہ بات بالکل اپنے ذاتی تجربہ سے کہہ رہا ہوں کہ بابری مسجد کی شہادت میں شریک ہر ایک شیو سینک بجرنگ دلی اور ہر ہندو کو اگر یہ معلوم ہوتا کہ اسلام کیا ہے؟ مسلمان کسے کہتے ہیں؟ قرآن کیا ہے اور مسجد کیا چیز ہے تو ان میں سے ہر ایک مسجد بنانے کی تو سوچ سکتا ہے، مسجد گرانے کا تو سوال ہی نہیں ہو سکتا، میں یقین سے کہہ سکتا ہوں کہ بال ٹھاکرے جی، ونئے کٹیار، اوما بھارتی اور اشوک سنگھل جیسے سرکردہ لوگوں کو بھی اگر اسلام کی حقیقت معلوم ہو جائے اور یہ معلوم ہو جائے کہ اسلام ہمارا بھی مذہب ہے، ہمارے لئے بھی ضروری ہے، تو ان میں سے ہر ایک اپنے خرچ سے بابری مسجد دوبارہ تعمیر کرنے کو سعادت سمجھے گا۔

مولانا احمد اواہ ندوی

ماسٹر محمد عامر : السلام علیکم ورحمۃ اللہ

احمد اواہ : وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ

سوال: ماسٹر صاحب ایک عرصے سے ابی کا حکم تھا کہ میں ارمغان کے لئے آپ سے انٹرویو لوں اچھا ہوا آپ خود ہی تشریف لے آئے آپ سے کچھ باتیں کرنی ہیں۔

جواب: احمد بھائی آپ نے میرے دل کی بات کہی، جب سے ارمغان میں نومسلموں کے

انٹرویو کا یہ سلسلہ چل رہا ہے، میری خواہش تھی کہ میرے قبول اسلام کا حال اس میں چھپے، اس لئے نہیں کہ میرا نام ارمغان میں آسکے۔ بلکہ اس لئے کہ دعوت کا کام کرنے والوں کا حوصلہ بڑھے اور دنیا کے سامنے کریم وہادی رب کی کرم فرمائی کی ایک مثال سامنے آئے اور دعوت کا کام کرنے والوں کو یہ معلوم ہو کہ جب ایسے کمینے انسان اور اپنے مبارک گھر کو ڈھانے والے کو اللہ تعالیٰ ہدایت سے نواز سکتے ہیں تو عام شریف اور بھولے بھالے لوگوں کے لئے ہدایت کے کیسے مواقع ہیں۔

سوال: آپ اپنا خاندانی تعارف کرائیں؟

جواب: میرا تعلق صوبہ ہریانہ کے پانی پت ضلع کے ایک گاؤں سے ہے میری پیدائش ٦ دسمبر ۱۹۷۱ء کو ایک راجپوت گھرانے میں ہوئی، میرے والد صاحب ایک اچھے کسان ہونے کے ساتھ ساتھ ایک پرائمری اسکول میں ہیڈ ماسٹر تھے، وہ بہت اچھے انسان تھے اور انسانیت دوستی ان کا مذہب تھا، کسی پر بھی کسی طرح کے ظلم سے انہیں سخت چڑ تھی ۱۹۴۷ء کے فسادات انہوں نے اپنی آنکھوں سے دیکھے تھے وہ بہت کرب کے ساتھ ان کا ذکر کرتے اور مسلمانوں کے قتل عام کو ملک پر بڑا داغ سمجھتے تھے بچے کچھے مسلمانوں کو بسانے میں وہ بہت مدد کرتے تھے، اپنے اسکول میں مسلمان بچوں کی تعلیم کا وہ خاص خیال رکھتے تھے، میرا پیدائشی نام بلبیر سنگھ تھا اپنے گاؤں کے اسکول سے میں نے ہائی اسکول کر کے انٹرمیڈیٹ میں پانی پت میں داخلہ لیا، پانی پت شاید بمبئی کے بعد شیو سینا کا سب سے مضبوط گڑھ ہے، خاص طور پر جوان طبقہ اور اسکول کے لوگ شیو سینا میں بہت لگے ہوئے ہیں، وہاں میری دوستی کچھ شیو سینکوں سے ہوگئی اور میں نے بھی پانی پت شاکھا میں نام لکھا لیا، پانی پت کے اتہاس (تاریخ) کے حوالے سے وہاں نوجوانوں میں، مسلمانوں خاص طور پر بابر اور دوسرے مسلمان بادشاہوں کے خلاف بڑی نفرت گھولی

جاتی تھی، میرے والد صاحب کو جب میرے بارے میں معلوم ہوا کہ میں شیوسینا میں شامل ہو گیا ہوں تو انہوں نے مجھے بہت سمجھایا، انہوں نے مجھے اتہاس کے حوالے سے سمجھانے کی کوشش کی، انہوں نے بابر خاص طور پر اورنگ زیب کی حکومت کے انصاف اور غیر مسلموں کے ساتھ ان کے سدھ سلوک کے قصے سنائے اور مجھے بتانے کی کوشش کی کہ انگریزوں نے غلط تاریخ ہمیں لڑانے کے لئے اور دیش کو کمزور کرنے کے لئے گھڑ کر تیار کی ہے، انہوں نے ۱۹۴۷ء کے ظلم اور قتل غارت گری کے قصوں کے حوالے سے مجھے شیوسینا سے دور رکھنے کی کوشش کی مگر میری سمجھ میں کچھ نہ آیا۔

سوال: آپ نے پھلت کے قیام کے دوران بابری مسجد کی شہادت میں اپنی شرکت کا قصہ سنایا تھا، ذرا اب دوبارہ تفصیل سے سنائیے؟

جواب: وہ قصہ اس طرح ہے کہ ۱۹۹۰ء میں ایڈوانی جی کی رتھ یاترا میں مجھے پانی پت کے پروگرام کی خاصی بڑی ذمہ داری سونپی گئی تھی، رتھ یاترا میں ان ذمہ داروں نے ہمارے رونگٹوں رونگٹوں میں مسلم نفرت کی آگ بھر دی، میں نے شیواجی کی سوگندھ کھائی کہ کوئی کچھ بھی کرے میں خود اکیلے جا کر رام مندر پر سے اس ظالمانہ ڈھانچہ کو مسمار کروں گا، اس یاترا میں میری کارکردگی کی وجہ سے مجھے شیوسینا کے یوتھ ونگ کا صدر بنا دیا گیا، میں اپنی نوجوان ٹیم کو لے کر ۳۰ اکتوبر کو ایودھیا گیا، راستہ میں ہمیں پولیس نے فیض آباد میں روک دیا، میں اور کچھ ساتھی کسی طرح بچ بچا کر پھر بھی ایودھیا پہنچے، مگر پہنچنے میں دیر ہو گئی اور اس سے پہلے گولی چل چکی تھی اور بہت کوشش کے باوجود میں بابری مسجد کے پاس نہ پہنچ سکا، میری نفرت کی آگ اس سے اور بھڑک گئی، میں اپنے ساتھیوں سے بار بار کہتا تھا اس جیون سے مر جانا بہتر ہے، رام کے دیش میں عرب لٹیروں کی وجہ سے رام کے بھکتوں پر رام جنم بھومی پر گولی چلا دی جائے، یہ کیسا انیائے اور ظلم ہے، مجھے بہت غصہ تھا، کبھی خیال ہوتا تھا کہ خود

کشی کروں کبھی دل میں آتا تھا کہ لکھنؤ جا کر ملائم سنگھ کے اپنے ہاتھ سے گولی ماردوں۔ ملک میں فسادات چلتے رہے اور میں اس دن کی وجہ سے بے چین تھا کہ مجھے موقع ملے اور میں بابری مسجد کو اپنے ہاتھوں مسمار کروں۔

ایک ایک دن کر کے وہ منحوس دن قریب آیا جسے میں اس وقت کا خوشی کا دن سمجھتا تھا میں اپنے کچھ جذباتی ساتھیوں کے ساتھ ایک دسمبر ۱۹۹۲ء کو پہلے ایودھیا پہنچا میرے ساتھ سونی پت کے پاس ایک جاٹوں کے گاؤں کا ایک نوجوان یوگیندر پال بھی تھا جو میرا سب سے قریبی دوست تھا، اسکے والد ایک بڑے زمیندار تھے اور وہ بھی بڑے انسان دوست آدمی تھے، انھوں نے اپنے اکلوتے بیٹے کو ایودھیا جانے سے بہت روکا اس کے تاؤ بھی بہت بگڑے مگر وہ نہیں رکا۔

ہم لوگ چھ دسمبر سے پہلے کی رات میں بابری مسجد کے بالکل قریب پہنچ گئے اور ہم نے بابری مسجد کے سامنے کچھ مسلمانوں کے گھروں کی چھتوں پر رات گزاری، مجھے بار بار خیال ہوتا تھا کہ کہیں ۳۰ اکتوبر کی طرح آج بھی ہم اس شبھ کام سے محروم نہ رہ جائیں، کئی بار خیال آیا کہ لیڈر رتھ جانے کیا کریں، ہمیں خود جا کر کارسیوا شروع کرنی چاہئے، مگر ہمارے سنچالک نے ہمیں روکا اور ڈسپلن بنائے رکھنے کو کہا، اوما بھارتی نے بھاشن دیا اور کارسیوکوں میں آگ بھر دی میں بھاشن سنتے سنتے مکان کی چھت سے اتر کر کدال لے کر بابری مسجد کی چھت پر چڑھ گیا، یوگیندر بھی میرے ساتھ تھا، جیسے ہی اوما بھارتی نے نعرہ لگایا، ایک دھکا اور دو، بابری مسجد توڑ دو، بس میری مرادوں کے پورا ہونے کا وقت آ گیا اور میں نے بیچ والے گنبد پر کدال چلائی اور بھگوان رام کی جے کے زور زور سے نعرے لگائے، دیکھتے دیکھتے مسجد مسمار ہو گئی، مسجد کے گرنے سے پہلے ہم لوگ نیچے اتر آئے، ہم لوگ بڑے خوش تھے رام للا کے لگائے جانے کے بعد اس کے سامنے ماتھا ٹیک کر ہم لوگ

خوشی سے گھر آئے اور بابری مسجد کی دو دو اینٹیں اپنے ساتھ لائے، جو میں نے خوشی خوشی پانی پت کے ساتھیوں کو دکھائیں، وہ لوگ میری پیٹھ ٹھونکتے تھے، شیوسینا کے دفتر میں وہ اینٹیں رکھ دی گئیں اور ایک جلسہ کیا گیا اور سب لوگوں نے بھاشن میں فخر سے میرا ذکر کیا کہ ہمیں گرو (فخر) ہے کہ پانی پت کے نوجوان شیوسینک نے سب سے پہلے رام بھگتی میں کدال چلائی، میں نے گھر بھی خوشی سے جا کر بتایا میرے پتاجی بہت ناراض ہوئے اور انھوں نے گہرے دکھ کا اظہار کیا اور مجھ سے صاف کہہ دیا کہ "اب اس گھر میں تو اور میں دونوں نہیں رہ سکتے، اگر تو رہے گا تو میں گھر چھوڑ کر چلا جاؤں گا نہیں تو تو ہمارے گھر سے چلا جا، مالک کے گھر کے ڈھانے والے کی میں صورت دیکھنا نہیں چاہتا، میری موت تک تو مجھے بھی صورت نہ دکھانا" مجھے اس کا اندازہ نہیں تھا، میں نے ان کو سمجھانے کی کوشش کی اور پانی پت میں جو سمان (عزت) مجھے اس کارنامہ پر ملا وہ جتانے کی کوشش کی انھوں نے کہا کہ یہ دیش ایسے ظالموں کی وجہ سے برباد ہو جائے گا اور غصہ میں گھر سے جانے لگے، میں نے موقع کو بھانپا اور کہا آپ گھر سے نہ جائیے میں خود اس گھر میں رہنا نہیں چاہتا جہاں رام مندر بھگت کو ظالم سمجھا جاتا ہو اور میں گھر چھوڑ کر آ گیا اور پانی پت میں رہنے لگا۔

سوال: اپنے قبول اسلام کے بارے میں بتائیں؟

جواب: پیارے بھائی احمد! میرے اللہ کیسے کریم ہیں کہ ظلم اور شرک کے اندھیرے سے مجھے نہ چاہتے ہوئے، اسلام کے نور اور ہدایت سے مالا مال کیا، مجھ جیسے ظالم کو جس نے اس کا مقدس گھر شہید کیا ہدایت سے نوازا، ہوا یہ کہ میرے دوست یوگیندر نے بابری مسجد کی اینٹیں لا کر رکھیں اور مائک سے اعلان کیا کہ رام مندر پر بنے ظالمانہ ڈھانچہ کی اینٹیں سوبھاگیہ (خوش قسمتی) سے ہماری تقدیر میں آگئی ہیں سب ہندو بھائی آکر ان پر (موت دان) پیشاب کریں، پھر کیا تھا بھیڑ لگ گئی، ہر کوئی آتا تھا اور ان اینٹوں پر حقارت سے

پیشاب کرتا تھا مسجد کے مالک کو اپنی شان بھی دکھانی تھی چار پانچ روز کے بعد یوگیندر کا دماغ خراب ہوگیا، پاگل ہوکر وہ ننگا رہنے لگا، سارے کپڑے اتار دیتا، وہ عزت والے زمیندار چودھری کا اکلوتا بیٹا تھا، اس پاگل پن میں وہ بار بار اپنی ماں کے کپڑے اتار کر اس سے منہ کالا کرنے کو کہتا، بار بار اس کے منہ سے جب یہ نکلتا تو اس کو پیٹا جاتا، اس کے والد بہت پریشان ہوئے بہت سے سیانے اور مولانا لوگوں کو دکھایا، بار بار مالک سے معافی مانگتے، دان کرتے مگر اس کی حالت اور بگڑتی گئی، ایک روز وہ باہر گئے تو اس نے اپنی ماں کے ساتھ گندی حرکت کرنی چاہی، اس نے شور مچا دیا، محلہ والے آئے تو جان بچی، اس کو زنجیر میں بل باندھ دیا گیا، یوگیندر کے والد عزت والے آدمی تھے، انھوں نے اس کو گولی مارنے کا ارادہ کر لیا، کسی نے بتایا کہ یہاں سونی پت میں عیدگاہ میں ایک مدرسہ ہے وہاں بڑے مولانا صاحب آتے ہیں، آپ ایک رمضان سے اور مل لیں، اگر وہاں کوئی حل نہ ہو تو پھر جو چاہے کرنا، وہ سونی پت گئے تو معلوم ہوا کہ مولانا صاحب تو یہاں پہلی تاریخ کو آتے ہیں اور پرسوں پہلی جنوری کو آ کر ۲ تاریخ کی صبح میں جا چکے ہیں، چودھری صاحب بہت مایوس ہوئے اور کسی جھاڑ پھونک کرنے والے کو معلوم کیا، معلوم ہوا کہ مدرسہ کے ذمہ دار قاری صاحب یہ کام کر دیتے ہیں، مگر وہ بھی مولانا صاحب کے ساتھ سفر پر نکل گئے ہیں، عیدگاہ میں ایک دوکاندار نے انھیں مولانا کا دہلی کا پتہ بتایا کہ پرسوں بدھ میں حضرت مولانا نے (بوانے دہلی) میں ان کے یہاں آنے کا وعدہ کیا ہے، وہ لڑکے کو زنجیر میں باندھ کر بوانہ کے امام صاحب کے پاس لے گئے، وہ آپ کے والد صاحب کے مرید تھے اور بہت زمانے سے ان سے بوانہ کے لئے تاریخ لینا چاہتے تھے مولانا صاحب ہر بار ان سے معذرت کر رہے تھے، اس بار انھوں نے ادھر کے سفر میں دو روز کے بعد ظہر کی نماز پڑھنے کا وعدہ کر لیا تھا، بوانہ کے امام صاحب نے بتایا کہ حالات کے خراب ہونے کی وجہ

سے ۶ دسمبر ۱۹۹۲ء سے پہلے ہریانہ کے بہت سے امام اور مدرسین یہاں سے یوپی اپنے گھروں کو چلے گئے تھے اور ان میں سے بعض ایک مہینہ تک نہیں آئے اس لئے مولانا صاحب نے پہلی تاریخ کو اس موضوع پر تقریر کی اور بڑا زور دے کر یہ بات کہی کہ مسلمان نے ان غیر مسلم بھائیوں کو اگر دعوت دی ہوتی اور اسلام ، انشاء اور مساجد کا تعارف کرایا ہوتا تو ایسے واقعات پیش نہ آتے ، انھوں نے کہا کہ بابری مسجد کی شہادت کے بیک واسطہ ہم مسلمان ذمہ دار ہیں اور اگر اب بھی ہمیں ہوش آجائے اور ہم دعوت کا حق ادا کرنے لگیں تو یہ مسجد گرانے والے ، مسجدیں بنانے اور کرنے والے بن سکتے ہیں ، ایسے موقع پر ہمارے آقا اللھم اھد قومی فانھم لا یعلمون (اے اللہ ، میری قوم کو ہدایت دے اس لئے کہ یہ لوگ جانتے نہیں) فرمایا کرتے تھے۔

یوگیندر کے والد چودھری رگھوبیر سنگھ جب بوانہ کے امام (جن کا نام شاید مولانا بشیر احمد تھا) کے پاس پہنچے تو ان پر اس وقت اپنے شیخ کی تقریر کا بڑا اثر تھا ، انھوں نے چودھری صاحب سے کہا کہ میں جھاڑ پھونک کا کام کرتا تھا مگر اب ہمارے حضرت نے ہمیں اس کام سے روک دیا ، کیوں کہ اس پیشہ میں جھوٹ اور عورتوں سے اختلاط (میل ملاپ) بہت ہوتا ہے اور اس لڑکے پر کوئی اثر یا جادو وغیرہ نہیں بلکہ مالک کا عذاب ہے ، آپ کے لئے ایک موقع ہے ، ہمارے بڑے حضرت صاحب پرسوں بدھ کے روز دوپہر کو یہاں آرہے ہیں ، آپ ان کے سامنے بات رکھیں ، آپ کا بیٹا ہمیں امید ہے کہ ٹھیک ہو جائے گا مگر آپ کو ایک کام کرنا پڑے گا ، وہ یہ کہ اگر آپ کا بیٹا ٹھیک ہو جائے تو مسلمان ہونا پڑے گا ، چودھری صاحب نے کہا کہ میرا بیٹا ٹھیک ہو جائے تو میں سب کام کرنے کو تیار ہوں۔

تیسرے روز بدھ تھا چودھری رگھوبیر صاحب یوگیندر کو لے کر صبح ۸ بجے بوانہ

پہنچ گئے، دوپہر کو ظہر سے پہلے مولانا صاحب آئے، یوگیندر زنجیر میں بندھا تنگ دھڑنگ کھڑا تھا، چودھری صاحب روتے ہوئے مولانا کے قدموں میں گر گئے اور بولے کہ مولانا صاحب میں نے اس کمینے کو بہت روکا، مگر یہ پانی پت کے ایک دوست کے چکر میں آ گیا مولانا صاحب مجھے شما کرا دیجئے میرے گھر کو بچا لیجئے مولانا صاحب نے سختی سے انہیں سر اٹھانے کے لئے کہا اور پورا واقعہ سنا۔

انہوں نے چودھری صاحب سے کہا سنسار سے سنسار کو چلانے والے مردِ شکتی مان (قادرِ مطلق) خدا کا گھر ڈھا کر انہوں نے ایسا بڑا پاپ (ظلم) کیا ہے کہ اگر وہ مالک سارے سنسار کو ختم کر دے تو ٹھیک ہے، یہ تو بہت کم ہے کہ اس اکیلے پر پڑی ہے، ہم بھی اس مالک کے بندے ہیں اور ایک طرح سے اس بڑے مہا اپرادھ پاپ (بڑے گناہ) میں ہم بھی قصوروار ہیں کہ ہم نے مسجد کو شہید کرنے والوں کو سمجھانے کا حق ادا نہیں کیا، اب ہمارے بس میں کچھ بھی نہیں ہے۔ بس یہ ہے کہ آپ بھی اس مالک کے سامنے گڑگڑائیں اور شما مانگیں اور ہم بھی معافی مانگیں، مولانا صاحب نے کہا، جب تک ہم مسجد میں پروگرام سے فارغ ہوں آپ اپنے دھیان کو مالک کی طرف لگا کر سچے دل سے معافی مانگیں اور پرارتھنا (دعا) کریں کہ مالک میری مشکل کو آپ کے علاوہ کوئی نہیں ہٹا سکتا، چودھری صاحب پھر مولانا صاحب کے قدموں میں گر گئے اور بولے جی میں اس لائق ہوتا یہ دن کیوں دیکھتا، آپ مالک کے قریب ہیں، آپ ہی کچھ کریں مولانا صاحب نے ان سے کہا کہ آپ میرے پاس علاج کے لئے آئے ہیں، اب جو علاج میں بتا رہا ہوں وہ آپ کو کرنا چاہئے، وہ راضی ہو گئے مولانا صاحب مسجد میں گئے، نماز پڑھی تھوڑی دیر تقریر کی اور دعا کی، مولانا صاحب نے سبھی لوگوں سے چودھری صاحب کے لئے دعا کو کہا، پروگرام کے بعد مسجد میں ناشتہ ہوا، ناشتے سے فارغ ہو کر مسجد سے باہر نکلے تو مالک کا کرم کہ یوگیندر

نے اپنے باپ کی پگڑی اتار کر اپنے گلے میں لپیٹ لی تھی اور ٹھیک ٹھاک اپنے والد صاحب سے بات کر رہا تھا، سب لوگ بہت خوش ہوئے دیوانے کے امام صاحب تو بہت خوش ہوئے، انھوں نے چودھری صاحب کو وعدہ یاد دلایا اور اس کو ڈرایا بھی کہ جس مالک نے اس کو اچھا کیا ہے، اگر تم وعدے کے مطابق مسلمان نہیں ہوتے ہو تو پھر یہ دوبارہ اس سے زیادہ پاگل ہو سکتا ہے، وہ تیار ہو گئے اور امام صاحب سے بولے، مولانا صاحب میری سات پشتیں آپ کے احسان کا بدلہ نہیں دے سکتیں، آپ کا غلام ہوں، جہاں چاہیں آپ مجھے بیچ سکتے ہیں، حضرت مولانا کو جب یہ معلوم ہوا کہ امام صاحب نے اس سے ٹھیک ہونے کا ایسا وعدہ کر لیا تھا تو انھوں نے امام صاحب کو سمجھایا کہ اس طرح کرنا احتیاط کے خلاف ہے۔

چودھری صاحب کو مسجد میں لے جانے لگے تو یوگیندر نے پوچھا پتاجی کہاں جا رہے ہو انھوں نے کہا مسلمان بننے، تو یوگیندر نے کہا، مجھے آپ سے پہلے مسلمان بننا ہے اور مجھے تو بار بار مسجد دوبارہ ضرور بنوانی ہے، خوشی خوشی ان دونوں کو وضو کرایا اور کلمہ پڑھوایا گیا، والد صاحب کا محمد عثمان اور بیٹے کا محمد عمر نام رکھا گیا، خوشی خوشی وہ دونوں اپنے گاؤں پہنچے وہاں پر ایک چھوٹی سی مسجد ہے، اس کے امام صاحب سے جا کر ملے، امام صاحب نے مسلمانوں کو بتا دیا، بات پورے علاقہ میں پھیل گئی، ہندوؤں تک بات پہنچی تو فرقہ وارانہ لوگوں کی میٹنگ ہوئی اور طے کیا کہ ان دونوں کو رات میں قتل کروایا جائے، ورنہ نہ جانے کتنے لوگوں کا دھرم خراب کریں گے، اس میٹنگ میں ایک مرتد بھی شریک تھا اس نے امام صاحب کو بتا دیا، اللہ نے خیر کی ان دونوں کو راتوں رات گاؤں سے نکالا گیا، پھلت گئے اور بعد میں جماعت میں ۴۰ دن کے لئے چلے گئے، یوگیندر نے پھر امیر صاحب کے مشورہ سے تین چلے لگائے، بعد میں ان کی والدہ بھی مسلمان ہو گئیں، محمد عمر کی

شادی دہلی میں ایک اچھے مسلمان گھرانے میں ہوگئی اور وہ سب لوگ خوشی خوشی دہلی میں رہ رہے ہیں گاؤں کا مکان اور زمین وغیرہ بیچ کر دہلی میں ایک کارخانہ لگا لیا ہے۔

سوال: ماسٹر صاحب آپ سے میں نے، آپ کے اسلام قبول کرنے کے بارے میں سوال کیا تھا آپ نے یوگیندر اور ان کے خاندان کی داستان سنائی، واقعی یہ خود عجیب و غریب کہانی ہے، مگر مجھے تو آپ کے قبول اسلام کے بارے میں معلوم کرنا ہے؟

جواب: پیارے بھائی اصل میں میرے قبول اسلام کو اس کہانی سے الگ کرنا ممکن نہیں، اس لئے میں نے اس کا پہلا حصہ سنایا، اب آگے دوسرا حصہ سن لیجیے ۹/ مارچ ۱۹۹۳ء کو اچانک میرے والد کا ہارٹ فیل ہو کر انتقال ہو گیا، ان پر بابری مسجد کی شہادت اور اس میں میری شرکت کا بڑا غم تھا، وہ میری ماں سے کہتے تھے کہ مالک نے ہمیں مسلمانوں میں پیدا کیوں نہیں کیا، اگر مسلمان گھرانے میں پیدا ہوتے، تو کم از کم ظلم سہنے والوں میں ہمارا نام آتا، ظلم کرنے والی قوم میں ہمیں کیوں پیدا کر دیا، انھوں نے گھر والوں کو وصیت کی تھی کہ میری ارتھی پر بلبیر نہ آنے پائے، میری ارتھی کو یا تو مٹی میں دبا دیا یا پانی میں بہا دینا، ظالم قوم کے رواج کے مطابق آگ مت لگانا بلکہ ہندوؤں کے شمشان میں بھی نہ لے جانا، گھر والوں نے ان کی اچھی (خواہش) کے مطابق عمل کیا اور آٹھ دن بعد مجھے ان کے انتقال کی خبر ہوئی، میرا دل بہت ٹوٹا، ان کے انتقال کے بعد بابری مسجد کا گرانا مجھے ظلم لگنے لگا اور مجھے اس پر فخر کے بجائے افسوس ہونے لگا اور میرا دل بجھ سا گیا، میں گھر کو جاتا تو میری ماں میرے والد کے غم کو یاد کر کے رونے لگتیں اور کہتیں کہ ایسے دیوتا باپ کو تو نے ستا کر مار دیا تو کیسا نیچ انسان ہے میں نے گھر جانا بند کر دیا، جون میں محمد عمر جماعت سے واپس آیا تو بالی بہت میرے پاس آیا اور اپنی پوری کہانی بتائی دو مہینے سے میرا دل ہر وقت خوف زدہ سا رہتا تھا کہ کوئی آسمانی آفت مجھ پر نہ آ جائے، والد کا دکھ اور بابری مسجد کی شہادت دونوں کی

وجہ سے ہر وقت دل سہما سہما سا رہتا تھا، محمد عمر کی کہانی سن کر میں اور بھی پریشان سا ہوا، عمر بھائی نے مجھ پر زور دیا کہ ۲۳؍جون کو سونی پت میں مولانا صاحب آنے والے ہیں، آپ ان سے ضرور ملیں اور اچھا ہے کہ دو دن ان کے ساتھ رہیں، میں نے پروگرام بنایا، مجھے پہنچنے میں دیر ہو گئی، عمر بھائی پہلے پہنچ گئے تھے اور مولانا صاحب سے میرے بارے میں پورا حال بتا دیا تھا، میں گیا تو مولانا صاحب بڑی محبت سے ملے، اور مجھ سے کہا کہ آپ کی تحریک پر اس گناہ کو کرنے والے لوگیندر کے ساتھ ملک یہ معاملہ کر سکتے ہیں تو آپ کے ساتھ بھی یہی معاملہ پیش آ سکتا ہے اور اگر اس دنیا میں وہ مالک سزا بھی دے تو مرنے کے بعد ہمیشہ کے جیون میں جو سزا ملے گی آپ اس کا تصور بھی نہیں کر سکتے۔

ایک گھنٹہ ساتھ رہنے کے بعد میں نے فیصلہ کر لیا کہ اگر مجھے آسمانی آفت سے بچنا ہے تو مسلمان ہو جانا چاہئے، مولانا صاحب دو روز کے سفر پر جا رہے تھے، میں نے دو روز ساتھ رہنے کی خواہش کا اظہار کیا، تو انھوں نے خوشی سے قبول کیا، ایک روز ہریانہ پھر دہلی اور خورجہ کا سفر تھا، دو روز کے بعد پھلت پہنچے دو روز کے بعد میں دل سے اسلام کے لئے آمادہ ہو چکا تھا، میں نے عمر بھائی سے اپنا خیال ظاہر کیا تو انھوں نے خوشی خوشی مولانا صاحب سے بتایا اور الحمد للہ میں نے ۲۵؍جون ۱۹۹۳ء ظہر کے بعد اسلام قبول کیا، مولانا صاحب نے میرا نام محمد عامر رکھا، اسلام کے مطالعہ اور نماز وغیرہ یاد کرنے کے لئے مجھے پھلت رہنے کا مشورہ دیا، میں نے اپنی بیوی اور چھوٹے بچوں کی مجبوری کا ذکر کیا تو میرے لئے مکان کا نظم کر دیا گیا، میں چند روز پھلت آکر رہا اور اپنی بیوی پر کام کرتا رہا، تین مہینے کے بعد وہ بھی مسلمان ہو گئی۔ الحمد للہ

س : آپ کی والدہ کا کیا ہوا؟

ج : میں نے اپنی ماں سے اپنے مسلمان ہونے کے بارے میں بتایا، وہ بہت خوش

ہوئیں اور بولیں کہ تیرے چاچا کو اس سے شانتی ملے گی، وہ بھی اسی سال مسلمان ہو گئیں۔

سوال: آج کل آپ کیا کر رہے ہیں؟

جواب: آج کل میں ایک جونیئر ہائی اسکول چلا رہا ہوں، جس میں اسلامی تعلیم کے ساتھ انگریزی میڈیم میں تعلیم کا نظم ہے۔

سوال: ابی بتا رہے تھے کہ ہریانہ پنجاب وغیرہ کی غیر آباد مسجدوں کو آباد کرنے کی بڑی کوششیں آپ کر رہے ہیں؟

جواب: میں نے عمر بھائی سے مل کر یہ پروگرام بنایا کہ اللہ کے گھر کو شہید کرنے کے بعد اس بڑے گناہ کی تلافی کے لئے ہم ان ویران مسجدوں کو آباد کرنے اور کچھ نئی مسجدیں بنانے کا بیڑا اٹھائیں، ہم دونوں نے طے کیا کہ کام تقسیم کر لیں، میں تو ویران مسجدوں کو آباد کراؤں اور عمر بھائی نئی مسجدیں بنانے کی کوشش کریں اور ایک دوسرے کا تعاون کریں، ہم دونوں نے زندگی میں سو سو مسجدیں بنانے اور واگزار کرانے کا پروگرام بنایا ہے، الحمد للہ ۶ دسمبر ۲۰۰۴ء تک ۳۴ ویران اور مقبوضہ مسجدیں ہریانہ، پنجاب اور دہلی اور میرٹھ کینٹ میں واگزار کرا کے یہ پاپی آباد کرا چکا ہے (جولائی ۲۰۰۹ء تک ۷۱ مسجدیں واگزار اور ۵۰ نئی مسجدیں بن چکی ہیں) عمر بھائی مجھ سے آگے نکل گئے وہ اب تک بیس مسجدیں نئی بنوا چکے ہیں اور اکیسویں کی بنیاد رکھی ہے ہم لوگوں نے یہ بھی طے کیا ہے کہ بابری مسجد کی شہادت کی ہر برسی پر ۶ دسمبر کو ایک ویران مسجد میں نماز شروع کرانی ہے اور عمر بھائی کو نئی مسجد کی بنیاد ضرور رکھنی ہے، الحمد للہ کوئی سال ناغہ نہیں ہوا، البتہ سو کا نشانہ ابھی بہت دور ہے، اس سال امید ہے تعداد بہت بڑھ جائے گی، ۲۰ مسجدوں کی بات چل رہی ہے، امید ہے جلد آئندہ چند ماہ میں ضرور آباد ہو جائیں گی، عمر بھائی تو مجھ سے بہت آگے پہلے ہی ہیں، اصل میں ہمارا کام بھی ان ہی کے حصہ میں ہے، مجھے اندھیرے سے نکالنے کا ذریعہ وہی

بیٹے۔

سوال: آپ کے خاندان والوں کا کیا خیال ہے؟

جواب: میری والدہ کے علاوہ صرف ایک بڑے بھائی ہیں ہماری بھابھی کا چار سال پہلے انتقال ہو گیا ان کی شادی مجھ سے بعد میں ہوئی تھی، ان کے چار چھوٹے چھوٹے بچے ہیں، ایک بچہ معذور سا ہے ہماری بھابھی بڑی بھلی عورت تھیں، بھائی صاحب کے ساتھ مثالی بیوی بن کر رہیں ان کے انتقال کے بعد بھائی بالکل ٹوٹ سے گئے تھے، میری بیوی نے بھابھی کے مرنے کے بعد ان بچوں کی بڑی خدمت کی، میرے بڑے بھائی خود بہت شریف آدمی ہیں، وہ میری بیوی کی اس خدمت سے بہت متاثر ہوئے، میں نے ان کو اسلام کی دعوت دی مگر میری وجہ سے میرے والد کے صدمہ کی وجہ سے وہ مجھے کوئی اچھا آدمی نہیں سمجھتے تھے، میں نے اپنی بیوی سے مشورہ کیا میرے بچے بڑے ہیں اور بھائی مشکل سے جی رہے ہیں، اگر میں تمہیں طلاق دیدوں اور عدت کے بعد بھائی تیار ہو جائیں کہ وہ مسلمان ہو کر تم سے شادی کرلیں تو دونوں کے لئے نجات کا ذریعہ بن سکتا ہے، وہ پہلے تو بہت برا مانی مگر جب میں نے اس کو دل سے سمجھانے کی کوشش کی تو وہ راضی ہو گئی، میں نے بھائی کو سمجھایا ان بچوں کی زندگی کے لئے اگر آپ مسلمان ہو جائیں اور میری بیوی سے شادی کرلیں تو اس میں کیا حرج ہے اور کوئی عورت ایسی ملنا مشکل ہے جو ماں کی طرح ان بچوں کی پرورش کر سکے، وہ بھی شروع میں تو بہت برا مانے کہ لوگ کیا کہیں گے میں نے کہا عقل سے جو بات صحیح ہے اس کے ماننے میں کیا حرج ہے، بالآخر مشورہ ہو گیا، میں نے اپنی بیوی کو طلاق دی اور عدت گزار کر بھائی کو کلمہ پڑھوایا اور ان سے اس کا نکاح کرایا، الحمد للہ وہ بہت خوشی خوشی زندگی گزار رہے ہیں، میرے اور ان کے بچے انہی کے ساتھ رہتے ہیں۔

سوال: آپ اکیلے رہتے ہیں؟

جواب: حضرت مولانا کے مشورہ سے میں نے ایک نو مسلم عورت جو کافی سمجھ رہی شادی کرلی ہے الحمدللہ خوشی ہم دونوں بھی رہ رہے ہیں۔

سوال: قارئین ارمغان کے لئے کچھ پیغام آپ دینا چاہیں گے؟

جواب: میری ہر مسلمان سے درخواست ہے کہ اپنے مقصد زندگی کو پہچانیں اور اسلام کو انسانیت کی امانت سمجھ کر اس کو پہنچانے کی فکر کریں، محض اسلام دشمنی کی وجہ سے ان سے بدلہ کا جذبہ نہ رکھیں احمد بھائی میں یہ بات بالکل اپنے ذاتی تجربہ سے کہہ رہا ہوں کہ بابری مسجد کی شہادت میں شریک ہر ایک شیوسینک بجرنگ دلی اور ہر ہندو کو اگر یہ معلوم ہوتا کہ اسلام کیا ہے؟ مسلمان کیسے کہتے ہیں؟ قرآن کیا ہے اور مسجد کیا چیز ہے تو ان میں سے ہر ایک مسجد بنانے کی تو سوچ سکتا ہے، مسجد گرانے کا تو سوال ہی نہیں ہو سکتا، میں یقین سے کہہ سکتا ہوں کہ بال ٹھاکرے جی، ونے کٹیار، اوما بھارتی اور اشوک سنگھل جیسے سرکردہ لوگوں کو بھی اگر اسلام کی حقیقت معلوم ہو جائے اور یہ معلوم ہو جائے کہ اسلام ہمارا بھی مذہب ہے، ہمارے لئے بھی ضروری ہے، تو ان میں سے ہر ایک اپنے خرچ سے بابری مسجد دوبارہ تعمیر کرنے کو سعادت سمجھے گا، احمد بھائی چلئے کچھ لوگ تو ایسے ہیں جو مسلمان کی دشمنی کے لئے مشہور ہیں مگر ایک ارب ہندوؤں میں ایسے لوگ ایک لاکھ بھی نہیں ہوں گے، ایک لاکھ بھی بچی بات یہ ہے کہ میں شاید زیادہ بتا رہا ہوں، ننانوے کروڑ ۹۹ لاکھ تو میرے والد کی طرح ہیں جو انسانیت دوست بلکہ اسلامی اصولوں کو دل سے پسند کرتے ہیں، احمد بھائی میرے والد (روتے ہوئے) کیا فطرتاً مسلمان نہیں تھے مگر مسلمانوں کے دعوت نہ دینے کی وجہ سے وہ کفر پر مر گئے میرے ساتھ اور میرے والد کے ساتھ مسلمانوں کا کتنا بڑا ظلم ہے، یہ بات سچی ہے کہ بابری مسجد کو شہید کرنے والے مجھ سے زیادہ ظالم کون

ہو سکتا ہے؟ مگر مجھ سے بہت زیادہ ظالم تو وہ مسلمان ہیں، جن کی دعوت سے غفلت کی وجہ سے میرے ایسے پیارے باپ دوزخ میں چلے گئے، مولانا صاحب سچ کہتے ہیں، ہم شہید کرنے والے بھی، نہ جانتے اور مسلمانوں کے نہ پہنچانے کی وجہ سے ہوئے، ہم نے نہ جانے میں ایسا ظلم کیا اور مسلمان جان بوجھ کر ان کو دوزخ میں جانے کا ذریعہ بن رہے ہیں، مجھے جب اپنے والد کے کفر پر مرنے کا رات میں بھی خیال آتا ہے تو میری نیند اڑ جاتی ہے، ہفتوں ہفتوں نیند نہیں آتی نیند کی گولیاں کھانی پڑتی ہیں، کاش مسلمانوں کو اس درد کا احساس ہو۔

س : بہت بہت شکریہ، ماشاء اللہ آپ کی زندگی اللہ کی صفت ہادی اور اسلام کی حقانیت کی مکمل نشانی ہے۔

ج : بلاشبہ احمد بھائی، اس لئے میری خواہش تھی کہ ارمغان میں یہ چھپے، اللہ تعالیٰ اس کی اشاعت کو مسلمانوں کے لئے ان کی آنکھیں کھولنے کا ذریعہ بنائے۔ آمین

اچھا اللہ حافظ

مستفاد از ماہنامہ ارمغان، جون ۲۰۰۵ء

طیب بھائی (رام ویر) سے ایک ملاقات

میری درخواست ہے کہ ہر ایمان والے کو اپنا مقام سمجھنا چاہئے کہ وہ ایمان والا اور مسلمان ہے۔ اس لئے وہ جہاں رہے اس کو یہ خیال رہنا چاہئے کہ وہ رحمۃ للعالمین نبی کا امتی ہے۔ اس کو اپنے آپ کو امن و سلامتی کا پیامبر سمجھنا چاہئے، کم از کم وہ جہاں رہے لوگوں کو اپنے شر سے بچائے، دوسروں کے لئے امن و سلامتی کی کوشش کرے جب وہ دوسروں کی فکر کرے گا، تو وہ خود ہر وقت ہر ایک کی ایمان پر موت کی فکر کرے گا۔

مولانا احمد اواہ ندوی

احمد اواہ: السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ

طیب: وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ

سوال: ماہنامہ ارمغان میں نومسلموں کے انٹرویوز کا سلسلہ کئی سال سے چل رہا ہے جس کیلئے میں نے آپ کو یہ زحمت دی ہے آپ سے انٹرویو لینے کے بارے میں ابی سے کافی روز سے بات چیت چل رہی تھی اور آپ کو ابی سے کوئی کام بھی تھا، اس لئے میں نے آپ کو سونی پت سے بلایا ہے کہ آپ کا کام بھی ہو جائے گا اور میں انٹرویو بھی لے لوں گا؟

جواب: ہاں حضرت نے مجھ سے تین چار مہینے پہلے انٹرویو کے بارے میں کہا تھا۔

سوال: آپ خیریت سے ہیں؟

جواب: الحمد للہ میں بخیر ہوں،

سوال: آپ اپنا تعارف کرائیں؟

جواب: میرا پورا نام رام ویر ہے عجب سنگھ تھا ہم سات بھائی بہن تھے دو کا انتقال ہو گیا اب تین بھائی اور دو بہنیں بچی ہیں، میں کاکڑا ضلع مظفر نگر کا رہنے والا ہوں اور شری رام انٹر کالج شاہ پور سے میں نے ہائی اسکول کیا ہے، میرے والد ایک شریف اور بھلے کسان ہیں مگر ہمارا خاندان بہت دھارمک ہندو خاندان ہے، ہندو جاٹ برادری سے میرا تعلق ہے۔

سوال: اپنے قبول اسلام کے بارے میں بتائیں؟

جواب: میرے اسلام قبول کرنے کا بھی عجیب اتفاق ہے میرے ذہن میں تو اسلام قبول کرنے کی کوئی بات نہیں تھی اور پڑھائی چھوڑنے اور بیوی کو طلاق دینے کے بعد زندگی بالکل خراب ہو گئی تھی، ہر وقت جنگل میں رہنے اور لوگوں کو پریشان کرنے اور نشہ کرنے کا تو میں عادی ہو چکا تھا میرا تعلق علاقے کے بدمعاشوں سے ہو گیا تھا اور میں جا تو دسیلائی کرنے والوں کو راستے میں روک کر پیسے چھین کر زندگی بسر کرتا تھا، گھر اور محلے والے مجھ سے بہت پریشان تھے گھر والوں نے عاجز آ کر مجھے گھر سے نکل جانے کو کہا، مگر میں نے گھر سے نکلنے سے منع کر دیا اور ٹیوب ویل لگا کر کھیتی کرنے کا فیصلہ کیا، ہمارے کھیت کے برابر میں ایک انصاری ہیں ان کی پرانی ٹیوب ویل بند پڑی تھی، میں نے اس کو ٹھیک کرنے میں رات دن محنت کی، بالآخر وہ ٹھیک ہو گئی، میں نے موٹر اور پنکھا ادھار لیے اور چوری سے لائٹ کے کنکشن کر لیے لیکن ٹیوب ویل نے پانی نہیں اٹھایا میں نے اسے چلانے کی بہت کوشش کی، ٹریکٹر سے بھی پمپ چلوایا، لیکن میں کامیاب نہ ہو سکا، بالآخر میں پنڈت کے پاس پہونچا، اس نے ٹیوب ویل پر چڑھاوا چڑھانے کو کہا، میرے پاس کچھ نہیں تھا آخر میرے دل میں یہ آیا کہ دیوتا بھنگ سے خوش ہوتے ہیں، میں نے بھنگ مسل کر اس پر چڑھا دی، پھر بھی پانی نہیں آیا، ایک مرتبہ رات میں برابر کے کھیت والے انصاری

(یٰسین) بھی میرے پاس ہی تھے ہم دونوں ٹیوب ویل کے پاس مٹی پر ہی لیٹے ہوئے تھے تو یٰسین کہنے لگے کہ اگر آج اس نے پانی اٹھایا تو میں دو رکعت نماز پڑھوں گا، میں نے کہا تم دو کی بات کرتے ہو میں چار پڑھوں گا، اکثر رات کو ساڑھے نو بجے بجلی آجاتی تھی لیکن اس رات کو بارہ بجکر پینتالیس منٹ پر لائٹ آئی میں نے یٰسین سے کنکشن کرنے کو کہا، وہ کہنے لگے کہ تم ہی کر لو مجھے تو بجلی سے ڈر لگتا ہے، میرے کنکشن کرتے ہی ٹیوب ویل نے تقریباً ڈھائی میٹر دور پانی پھینکنا شروع کر دیا اور ٹیوب ویل کے سامنے والی سڑک پر پانی گرنے لگا، احمد بھائی (تعجب سے کہتے ہوئے) سوکھی مٹی ہونے کے باوجود پانی کی دھار کی رفتار سے سڑک میں تقریباً ڈیڑھ میٹر گڑھا ہو گیا۔

صبح جب محلے والوں نے دیکھا کہ یہ کامیاب ہو گیا ہے تو وہ سب جمع ہو کر آئے اور ٹیوب ویل بند کرادی کہنے لگے کہ اس لائٹ سے ہم تمہاری ٹیوب ویل نہیں چلنے دیں گے، اپنی لائٹ منظور کراؤ ٹیوب ویل بند ہونے کے بعد یٰسین نماز کے لئے کہنے لگے، انہوں نے مجھ سے کہا کہ تم نے چار رکعت پڑھنے کا عہد (نذر) کیا تھا اب تمہیں پڑھنی چاہیے کبھی ٹیوب ویل پھر خراب ہو جائے، میں نے کہا چلو پڑھتے ہیں، ہم کیر پور کھیت کے قریب ایک گاؤں کی مسجد میں نماز پڑھنے جا رہے تھے کہ یاسین نے کہا کہ اپنی ٹیوب ویل میں وضو کریں گے، ہم وہاں آئے یاسین نے وضو کیا اور مجھے اچھی طرح غسل کرایا اس کے بعد ہم نے نماز ادا کی نماز کے بعد یاسین کہنے لگے کہ تم مسلمان ہو جاؤ، ہم تمہاری بجلی بھی منظور کرا دیں گے، میں نے کہا کہ مجھ سے مسلمان بھی پریشان ہیں وہ مجھے کہاں رکھ لیں گے یاسین نے کہا کہ جب تم مسلمان ہو جاؤ گے تو تم ٹھیک ہو جاؤ گے اور اگر تم ٹھیک بھی نہ ہوگے تب بھی مسلمان تمہیں رکھ لیں گے اور مسلمان نہ بھی رکھیں تو مرنے کے بعد خدا تمہیں جنت میں رکھے گا، میں نے یاسین سے کہا کہ تم مجھے پھر سولی مدرسہ میں لے چلو میں

وہاں یہ معلوم کروں گا کہ مسلمان ہو جاؤں یا نہیں؟ ہم دونوں وہاں پہنچے مولانا انیس صاحب سے ملاقات ہوئی ان سے میں نے مسلمان ہونے کے بارے میں معلوم کیا انھوں نے کہا کہ مسلمان ایسے نہیں بنتے بلکہ جماعت میں جا کر نماز وغیرہ سیکھنی ہوگی تم چلہ لگاؤ اور دلی مرکز چلے جاؤ میں نے ان سے کہا کہ مجھے تو کچھ معلوم نہیں تم ہی بھیج دو، انھوں نے مظفر نگر مرکز میں فون پر بات کی اور مظفر نگر جانے کو کہا، اس وقت میں تیار نہیں تھا اس لئے میں نے اگلے دن جانے کا وعدہ کر لیا، جانے سے پہلے میں نے اپنی اماں کو بتایا کہ گھر والے مجھ سے بہت پریشان ہیں اس لئے میں تو جا رہا ہوں اور مسلمان ہو جاؤں گا، اس نے کہا اچھا چلے جانا لیکن کھانا تو کھالے میں کھانا کھا کر اور دودھ کا گلاس پی کر راستہ میں ایک شخص سے سات سو روپے لے کر مظفر نگر پہنچا جہاں مرکز میں مولانا موسیٰ صاحب سے ملاقات ہوئی، انھوں نے مجھے بتایا کہ یہاں تو کوئی جماعت نہیں جا رہی ہے، تم پھلت چلے جاؤ، پھلت سے بھی جماعت جاتی ہے، میں پھلت چلا گیا وہاں ابا الیاس سے ملاقات ہوئی، انھوں نے شام کو حضرت سے ملوایا، حضرت نے کلمہ پڑھوایا، پھر میری زندگی کے حالات معلوم کئے، جب انھوں نے میرے حالات سنے تو انھوں نے مجھے بتایا کہ ایمان و اسلام اصل میں ایمان و سلامتی میں خود رہنے اور اپنے سے دوسروں کو امن و سلامتی میں رکھنے کا نام ہے، اس لئے اب تم مسلمان ہو گئے ہو تم اگر یہ چاہتے ہو کہ خود بھی امن و سلامتی میں رہو اور اس دنیا کے بعد ہمیشہ کی زندگی میں بھی سکون و چین اور امن و سلامتی میں رہو تو ضروری ہے کہ تم اس طرح زندگی گذارو کہ تم سے کسی کو تکلیف نہ پہنچے اور ہر آدمی کے لئے امن اور سلامتی کا ذریعہ ہو اس کے لئے سب سے پہلے تمہیں نشہ سے بچنا تو بہ کرنی ہوگی اس لئے کہ سب سے زیادہ آدمی نشہ کی حالت میں لوگوں کو ستاتا ہے، ہے، حضرت نے مجھ سے کہا کہ تم چودھری آدمی ہو، چودھری لوگ بڑے بہادر ہوتے ہیں، ایک جوان

اگر کسی بات کا پکا ارادہ کرلے تو پہاڑ سے دودھ کی نہر کھود نکال سکتا ہے، ایک جوان مرد اگر پکا ارادہ کرے تو نشہ چھوڑنا کوئی مشکل کام نہیں، مولانا صاحب نے میرا ہاتھ پکڑا اور کہا پکا ارادہ کرو، مجھ سے وعدہ کرو کہ اب کسی طرح کا نشہ نہ کروں گا، اب تم ایمان والے ہو اور مسلمان ہو گئے ہو، اب تو نشہ بہت بڑا جرم ہے، میں نے مولانا صاحب سے وعدہ کیا، احمد بھائی نشہ کی مجھے اتنی عادت ہو گئی تھی کہ میں سوچتا تھا، یہ عادت میرے جیون کے ساتھ ہی جائے گی، میں سوچ بھی نہیں سکتا تھا کہ مجھ میں نشہ چھوڑنے کے ارادہ کی بھی ہمت ہو جائے گی مگر حضرت کے سامنے جب میں نے وعدہ کیا تو مجھے یہ نشہ چھوڑنا بالکل آسان کام لگا، شاید یہ میرے ایمان کی برکت تھی میرے اللہ نے مجھے ہمت دی اور اس تجربے نے نہ صرف مجھے بہت سی برائیوں سے بچایا بلکہ میرے دل میں یہ بات بیٹھ گئی کہ اللہ تعالیٰ نے انسان کو بڑی ہمت دی ہے، پکا ارادہ کر کے انسان ہر بڑے سے بڑا کام کر سکتا ہے اس یقین کے ساتھ میں نے شہ جانے کتنے لوگوں سے نشہ اور بیڑی، سگریٹ اور گٹکا چھڑوا دیا، پانچ چھ لوگوں سے جوا اور رشوت چھڑوایا، دو لوگوں سے عورتوں کے ناجائز تعلقات چھڑوائے، بس میرے اللہ کا کرم ہے، مولانا صاحب نے میرٹھ بھیج کر میرا سرٹیفکٹ بنوالیا، اتفاق سے اگلے دن پھلت سے جماعت جانی تھی میں ان کے ساتھ چلا گیا، وہاں نماز وغیرہ سیکھی پھر چلہ پورا کرنے کے بعد پھلت واپس آ گیا، حضرت سے ملاقات ہوئی حضرت نے پوچھا یہ زندگی اچھی ہے یا اسلام سے پہلے کی زندگی؟ میں نے بتایا کہ حضرت مجھے تو بہت سکون ملا ہے، ان چالیس دنوں میں نشہ تو دور کی بات، کوئی نشہ کرنے والا بھی قریب سے نہیں گزرا اور میری صحت بھی اچھی ہو گئی ہے، مجھے تو یہ زندگی بہت اچھی لگی، حضرت نے پوچھا اب کہاں رہنا چاہو گے؟ میں نے کہا آپ جہاں کہیں گے، انھوں نے میری تعلیم کے بارے میں معلوم کیا میں نے بتا دیا، حضرت نے پوچھا: پڑھا سکتے ہو؟ میں نے کہا چھوٹے بچوں کو

پڑھا لکھا ہوں، حضرت نے مجھے سونی پت بھیج دیا۔

ایک سال بعد سونی پت میں میری شادی ہوگئی، میری شادی الحمدللہ بہت دیندار اور پڑھی لکھی نیک لڑکی سے ہوئی، وہ لوگ سونی پت تاندہ کے رہنے والے ہیں، سونی پت میں ہمارے ہندو رشتہ دار بہت سے رہتے ہیں، اس خیال سے کہ کہیں وہ کوئی فتنہ فساد نہ کریں حضرت میری شادی کا پروگرام کھتولی میں میرے سمدھو کے گھر سے بنایا، وہ لوگ لڑکی کو لے کر کھتولی آگئے، حضرت دو تین لوگوں کے ساتھ مجھے لیکر کھتولی گئے اور الحمدللہ سادگی سے سنت کے مطابق نکاح اور رخصتی ہوئی، میرے والد بھی میرے ساتھ میرے نکاح میں شریک تھے وہ بہت خوش تھے حضرت مولانا (کلیم صاحب) کا بار بار شکریہ کرتے تھے اور کہتے تھے کہ آپ نے میرے لڑکے کو سدھار دیا، اس سے پورا علاقہ پریشان تھا اور ہم سب لوگ عاجز تھے، بعد رخصتی ہوئی تو میری والدہ بھی آگئیں میری اہلیہ سے مل مل کر خوشی سے روئیں اور بار بار کہتی تھیں کہ کیسی سونی بہو میرے مالک نے مجھے دی ہے، میری اہلیہ نے بھی دو روز کی شادی کے باوجود میری والدہ کی خوب خدمت کی، ابتداء اچھے گھرانہ میں شادی کی وجہ سے مجھے مضبوطی ملی اور مجھے اپنے دوستوں اور رشتہ داروں کو اسلام کی دعوت دینے میں بڑی قوت ملی، میرے والد صاحب کو جب معلوم ہوا کہ مولانا صاحب نے سونی پت میں ہمارے رشتہ داروں کے فتنہ کرنے کے ڈر سے کھتولی لڑکی بلا کر شادی کی ہے تو انھوں نے مولانا صاحب سے کہا مولانا صاحب آپ مجھے پہلے خبر کرتے ہم کسی کے گھیر میں نہیں رہتے ان بیچاروں کو بے گھر کیا، خود بارات لے کر سونی پت جاتا، میرے بیٹے نے کوئی جرم تو کیا نہیں مسلمان ہوگیا تو اچھا ہی کیا ہے، کیا تھا کیا ہوگیا؟ میں سات جنم تک آپ کا احسان نہیں اتار سکتا میرے گاؤں والوں نے اس کے مسلمان ہونے کے بعد پنچایت کی کہ تیرا بیٹا ادھرم ہوگیا ہے اس پر سختی کرو تو میں نے صاف کہہ دیا دو

ادھرم نہیں بلکہ دھارمک (مذہبی) ہو گیا ہے، دھرم اپنا اپنا معاملہ ہے، میں آپ میں سے کسی کا دیا نہیں کھاتا، اگر زیادہ کرو گے تو کھیت اور گھر بیچ کر میں بھی پرسوں ہی جا رہا ہوں اور بیٹے کے ساتھ میں بھی مسلمان ہو جاؤں گا جب ایسے اوت اور بگڑے ہوئے کو مسلمان نے ایسا سدھار دیا تو مجھ میں بھی سدھار آئے گا، کچھ لوگ ذرا غصہ میں گالیاں دینے لگے تو میں پنچایت سے چلا آیا اور میں نے کہا ابھی ایس پی کے یہاں جا کر رپٹ لکھواؤں گا، کچھ لوگوں نے مجھے روکا اور پھر میٹھی باتیں کرنے لگے، ہم تیری بھلائی میں پنچایت کر رہے تھے، آدمی میں ہمت ہونا چاہئے، میں جب اپنے گاؤں والوں سے نہیں ڈرا تو پھر سکوتی والوں کا کیا ڈر تھا؟ حضرت نے فرمایا ڈرتے تو ہم بھی نہیں، مگر شادی میں کوئی بات ہوتی تو بدمزگی آ جاتی، اور اب میں اپنی بیوی کے ساتھ سونی پت میں رہ رہا ہوں، میرے پڑوسی بہت اچھے ہیں، سب لوگ پانچوں وقت کے نمازی ہیں اور میری عزت کرتے ہیں، مجھے ان سے بہت پیار ملا وہ سب میرا بہت خیال رکھتے ہیں، اصل میں جب میں سونی پت آیا تو مدرسہ والوں نے میرے لئے ایک کرایہ کے مکان کا عید گاہ کالونی میں انتظام کر دیا سب کو معلوم تھا کہ میں نے دو مہینے پہلے اسلام قبول کیا ہے، مجھے نماز کی پابندی اور تسبیح وغیرہ پڑھتے دیکھ کر لوگوں کو شرم آتی میں نے اپنی اہلیہ سے عورتوں میں تعلیم شروع کرائی، میں گشت وغیرہ بھی پابندی سے کراتا تھا رفتہ رفتہ پڑوسی نماز پڑھنے لگے بہت سے بچے میں نے مدرسے میں داخل کرائے الحمد للہ کافی لوگ نماز کی پابندی کرنے لگے، وہ لوگ میرا بہت احترام کرتے ہیں، میرے محلے اور مدرسہ والے جس طرح مجھے پیار کرتے ہیں میں نے اپنے گھر والوں سے بھی ایسا پیار نہیں پایا یہ محض میرے اللہ کا کرم اور میرے ایمان کا صدقہ ہے۔

سوال: اسلام قبول کرنے کے بعد آپ کو کسی قسم کی پریشانی سے دوچار ہونا پڑا؟

جواب: احمد بھائی، میرے حضرت نے مجھے کلمہ پڑھوایا تھا تو اس وقت مجھے سمجھایا تھا کہ

اصل میں ایمان واسلام خود امن وسلامتی سے رہنے اور دوسروں کو اپنے شر سے بچا کر امن وسلامتی سے رکھنے کا نام ہے، اسلام امن وسلامتی ہے، بلکہ احمد بھائی میں یہ بتانا بھول گیا کہ حضرت نے یہ فرمایا کہ امن وسلامتی، ایمان واسلام سے نکلی ہے، ایمان واسلام کے بغیر نہ دنیا کے کسی آدمی کو خود امن وچین نصیب ہو سکتا ہے نہ دنیا کو بغیر اسلام وایمان کے کسی سے امن وسلامتی نصیب ہو سکتی ہے، اس پر میں نے حضرت سے کہا بھی تھا کہ ساری دنیا کے اخباروں اور ٹی وی پر جو خبریں آتی ہیں ان سے یہ لگتا ہے کہ مسلمانوں نے ساری دنیا کے چین کو برباد کر رکھا ہے اور وہ اسلام و جہاد سے پوری دنیا کو آتنک واد (دہشت گردی) کی آگ میں جھونک رہے ہیں، مولانا صاحب نے مجھے بتایا کہ یہ غلط پروپیگنڈہ ہے، کچھ جذباتی مسلمانوں کی ناسمجھی کے بعض فیصلوں سے فائدہ اٹھا کر اسلام مخالف لوگ اسلام اور مسلمانوں کی غلط تصویر پیش کر رہے ہیں، اس کے باوجود اسلام دنیا میں پھیل رہا ہے، مولانا صاحب نے چاروں طرف بیٹھے دسیوں لوگوں کا مجھ سے تعارف کرایا کہ یہ سب ان ہی دنوں میں اندھیروں سے نکل کر اسلام کے سایہ رحمت میں آئے ہیں، انھوں نے قرآن پاک کی آیت پڑھ کر بتایا کہ اس آیت میں اللہ تعالیٰ نے کسی ایک آدمی کی ناحق جان لینے کو پوری دنیا کا قتل بتایا ہے اور قرآن نے صاف اعلان کیا ہے:

إِنَّ اللَّهَ لَا يُحِبُّ الْفَسَادَ "ترجمہ: بے شک اللہ بگاڑ کو پسند نہیں کرتا"

قرآن کو ماننے والے آتنک وادی نہیں ہو سکتے، اسلام رحمت اور امن کا مذہب ہے، مولانا صاحب نے کہا کہ ہم لوگ تو پشتوں سے مسلمان ہیں اس لئے پرانے مسلمان صرف نام کے اور رسمی مسلمان ہیں، جب کسی جسم میں خون خراب ہو جائے تو زندگی کو معمول پر لانے اور صحت کو ٹھیک کرنے کے لئے نئے خون کی ضرورت ہے، اس دنیا کی امن وسلامتی کے لئے نئے خون کی یعنی سوچ سمجھ کر قرآن مجید کے اسلام قبول کرنے

والے نومسلموں کی ضرورت ہے، اس لئے آپ لوگوں پر زیادہ ذمہ داری ہے اور اللہ کا شکر ہے نئے لوگ یہ کام کر رہے ہیں، انھوں نے بتایا کہ عراق اور سعودی عرب میں مسلمانوں کو قتل کرنے اور ان سے لڑنے والے امریکی فوجی مسلمان ہو رہے ہیں اور ان فوجیوں کا اسلام کیسا ہوتا ہے اس کے کچھ قصے سنائے۔

میں یہ بتا رہا تھا کہ اللہ کا شکر ہے کہ میں نے اسلام میں امن وسلامتی پائی میں اسلام سے پہلے گھر کے سایہ سے محروم تھا لوگوں کو ستاتا، جنگلوں میں رہنا لڑنا، مارنا دھاڑنا، میرا کام تھا اور مسلمان ہونے کے بعد دیکھا کہ جس گھر میں جاتا ہوں، مجھے پیار ملتا ہے، لوگ میرا اکرام کرتے ہیں، شاید میں ایسا مسلمان ہوں کہ اسلام قبول کرنے کے بعد میں نے کوئی پریشانی نہیں جھیلی میرے ہندو خاندان کی طرف سے میری مخالفت کی بجائے میری عزت ہوئی اب وہ میری بات کو عزت سے سنتے ہیں مجھ سے مشکل معاملات میں مشورہ لیتے ہیں، میرے اللہ نے مجھ بگڑے کو کیسے سنوار دیا میں جان بھی دے دوں تو اس کا شکر ادا نہیں کر سکتا اللہ کا شکر ہے مجھے کسی قسم کی پریشانی سے دوچار ہونا نہیں پڑا، کیونکہ میری تربیت اچھے عالموں کے سپرد رہی ہے، اسلام لانے کے بعد میں نے جو اطمینان وسکون حاصل کیا ہے اس کے بارے میں تو میں کبھی سوچ بھی نہیں سکتا تھا، اللہ تعالیٰ نے میرے لئے نعمتوں کے دروازے کھول رکھے ہیں، میں نے تو کبھی خواب میں بھی نہیں سوچا تھا کہ میری اتنی اچھی زندگی ہو جائے گی، میں دعا کرتا ہوں کہ اللہ ہر مسلمان کو میری جیسی زندگی عطا فرمائے۔

سوال: آپ کی اپنے والدین سے ملاقات ہے؟ آپ نے کبھی ان کو دعوت نہیں دی؟

جواب: الحمد للہ میں اور میری اہلیہ دونوں گھر جاتے ہیں، میری والدہ پر ان کے گھر والوں کا دباؤ ہے، ورنہ وہ اندر سے مسلمان ہو گئی ہیں، میں نے ایک بار ان کو کلمہ بھی پڑھوا دیا ہے

میرے ایک بھائی حضرت کے پاس آتے ہیں، وہ حضرت سے بہت محبت کرتے ہیں، مجھے ایسا لگتا ہے کہ شاید حضرت نے ان کو کلمہ پڑھوا دیا ہے، اب وہ مندر بالکل نہیں جاتے ان سے چھوٹا بھائی الحمدللہ سونی پت آیا اور ایک بھتیجے دونوں نے اسلام قبول کر لیا، ایک چلہ میں گیا ہوا ہے، دوسرا کچھ روز کے بعد ان شاء اللہ جماعت میں جائے گا، مجھے امید ہے کہ میرے بہت سے دوست بھی مسلمان ہو جائیں گے وہ خود میرا حال دیکھ کر حضرت سے ملنے کے بڑے (لالچک) مشتاق ہیں، آپ بھی دعا کریں مجھے جب بھی اپنے اسلام کا خیال آتا ہے، مجھے اپنے سارے رشتہ دار اور دوست یاد آتے ہیں، میں بہت دل سے ان کی ہدایت کے لئے دعا کرتا ہوں۔

سوال: آپ ارمغان کے ذریعہ مسلمانوں کو کچھ پیغام دینا چاہیں گے؟

جواب: اس میں یہ پیغام دینا چاہوں گا کہ اسلام کے اندر بہت سکون ہے اور بہت بڑی نعمت ہے اور جو نماز کی پابندی کرے گا اس کو یہ سکون حاصل اور جو فارملٹی پوری کرے گا اس کے لئے کچھ نہیں ہے، میں یہی پیغام دینا چاہوں گا کہ ہم سب مسلمان نماز کی پابندی اور قدر کریں اور اسلام کی طرف لوگوں کو بلائیں معلوم نہیں اللہ تعالیٰ کس کو ذریعہ بنا کر کامیابی و کامرانی کا راستہ کھول دیں، سب سے ضروری بات یہ ہے کہ دنیا میں امن چین اور سلامتی کے لئے، دنیا کے لوگوں کو اسلام کے سایہ میں آنا ضروری ہے، یہ کیسا اندھیر ہے کہ لوگ امن شانتی اور چین سلامتی کے مذہب کو دہشت گردی سمجھنے لگے ہیں، اس میں جہاں شیطان اور شیطانی چیلوں کا لوگوں کو اسلام اور جنت سے دور رکھنے کی سازش کا دخل ہے، وہیں مسلمانوں کے حالات بھی ان کی مدد کرتے ہیں، آپ علاقے کی جیلوں کو جا کر دیکھیں تو زیادہ تر قیدی مسلمان ہیں، حالانکہ جن سنکھیا ہندوؤں کی زیادہ ہے، جب میں ایک دوبار مظفر نگر جیل میں گیا تو وہاں یہ دیکھ کر حیرت ہوئی کہ قیدیوں میں ٦٠ فیصد

سعید احمد ہوڈا (ڈاکٹر شیلندر کمار مہوترا) سے دہلی سے ایک چشم کشا ملاقات

> غیر مسلموں کو جن مسلمانوں سے واسطہ پڑتا ہے ان میں اکثر وہ ہیں جو قرآنی اسلام کے لئے حجاب ہیں میری یہ بات یقیناً بڑی کڑوی سچائی ہوگی کہ اگر مسلمان سچائی اور حق سے دنیا یا انسانیت کو حق کی دعوت کا حق ادا نہیں کر سکتے تو کم از کم قرآنی اسلام اور دنیا کے درمیان رکاوٹ اور حجاب نہ بنیں۔

مولانا احمد اواہ ندوی

ڈاکٹر سعید احمد : السلام علیکم ورحمۃ اللہ

احمد اواہ : وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

س: ڈاکٹر صاحب آپ مسقط سے کب تشریف لائے؟

ج: میں ۳ رنومبر کو مسقط سے آگیا تھا، اصل میں میرا پہلا Agreement (معاہدہ) ختم ہو گیا تھا، وہ لوگ دوبارہ مجھے وہاں پر رہنے کے لئے اصرار کر رہے تھے مگر میں نے درمیان ہی میں دہلی میں ایک معاملہ طے کر لیا تھا اس لئے مجھے آنا پڑا۔

س: کچھ زمانہ قبل ابی نے آپ کے قبول اسلام کا واقعہ سنایا تھا اسی وقت سے آپ سے ملاقات کا اشتیاق تھا، الحمد للہ آج ملاقات ہو گئی، اصل میں، میں آج آپ کی خدمت میں ابی کے حکم سے انٹرویو کی غرض سے حاضر ہوا ہوں۔

ج: ضرور ضرور! مجھے حکم کریں میرے لئے مولانا صاحب کا کیا حکم ہے؟

س: ہمارے یہاں پھلت سے ایک دینی اور دعوتی ماہنامہ ارمغان نکلتا ہے۔

جواب: ہاں ہاں! میں الحمدللہ اس سے واقف ہوں۔

سوال: اس کے لئے آپ سے ایک انٹرویو لیا جا رہا ہے تاکہ دعوت کا کام کرنے والوں کے لئے بھی مفید ہو اور مسلمانوں کے لئے بھی اسلام کی قدر و منزلت کا ذریعہ ہے۔

جواب: ضرور! میرے لئے خوشی کی بات ہوگی۔

سوال: براہ کرم آپ اپنا تعارف کرائیں؟

جواب: میری پیدائش ۷ر نومبر ۱۹۵۵ء کو ایک مشہور راٹھور راجپوت خاندان میں ہوئی، ہمارا خاندان اصل میں ۱۹۴۷ء میں پاکستان سے ہندوستان آیا تھا، سرگودھا ہمارا آبائی وطن تھا، تبادلہ آبادی میں سخت مراحل سے گذرنے کی وجہ سے ہمارے خاندان میں بڑا تعصب پایا جاتا ہے، ہمارے خاندان کے اکثر لوگ (مجھے چھوڑ کر) آر ایس ایس اور بی جے پی سے جڑے ہوئے ہیں، ایک بڑے لیڈر بی جے پی کے میرے چچا زاد بھائی ہیں، دہلی میں قرول باغ میں ہمارا گھر ہے، ابتدائی تعلیم مقامی اسکول میں حاصل کرنے کے بعد میرا داخلہ سینٹ اسٹیفن کالج میں ہو گیا، وہیں سے میں نے بی ایس سی کیا اور پھر کیمسٹری میں ایم ایس سی کیا، مجھے ہمیشہ تعلیمی لائن پسند تھی، میرے والد تو زندگی بھر ٹیچنگ لائن سے وابستہ رہے، اس کے بعد میرا سلیکشن آکسفورڈ یونیورسٹی میں پی ایچ ڈی کے لئے ہو گیا، وہاں پر مجھے ملازمت بھی مل گئی، ۹ر سال دوران ملازمت میں نے ایجوکیشن میں ڈاکٹریٹ (ڈی ایڈ) بھی مکمل کر لیا، والدین کی بیماری اور ان کے اصرار پر مجھے ہندوستان آنا پڑا، مجھے انگلینڈ میں دنیوی زندگی کے لئے بڑے اچھے مواقع تھے، مگر شاید اللہ کو مجھے ہدایت سے نوازنا تھا، اس لئے میں نہ چاہتے ہوئے بھی ہندوستان آ گیا، تقریباً دو سال میں والدین کی بیماری کی وجہ سے تقریباً اسپتالوں ہی میں رہا، آخری درجہ کی علاج کی کوششوں کے باوجود موت نے اپنی سچائی منوائی اور ۱۳ر اکتوبر ۱۹۸۹ء میں میرے والد کا انتقال

ہوگیا اور ان کے ۹ روز بعد میری ماں بھی مجھے چھوڑ کر ان کے پاس چلی گئیں۔ آج کل تئے معاشرہ میں بوڑھے والدین کو بوجھ سمجھنے کا عام رواج ہے اور ہمارے یہاں تو شاید یورپ سے بھی برا حال ہے، بوڑھے والدین کے لئے بس دنیا ہی میں دوزخ ہے، میرے اللہ کا شکر ہے کہ مجھے اپنے والدین سے حد درجہ محبت تھی اور مجھے ان کی خدمت کا موقع ملا، آخری بیماری میں تو میرا حال دیکھ کر لوگ حیرت کرتے تھے اس تعلق کی وجہ سے مجھے ان کے انتقال کا بہت صدمہ ہوا اور میں نے سنیاس لینے کی سوچی، میں دو سال اسی خیال سے ہری دوار اور رشی کیش کے آشرموں میں رہا، ایک کے بعد ایک آشرم بدلتا رہا اور شانتی اور سکون کی تلاش کرتا رہا مگر مجھے یہ محسوس ہوا کہ یہاں پر بس دھرم کے نام پر دھندا کا ایک بازار ہے، ان لوگوں کو چھوڑ کر جو دنیا کی بے چینی سے تنگ آکر اور سب کچھ چھوڑ کر شانتی اور سکون کی تلاش میں یہاں بھٹک رہے ہیں، ہر آدمی اور ہر گرو کا کچھ نشانہ ہے اور صرف لوگوں کو اپنا معتقد بنانا اور ان سے اپنا الو سیدھا کرنا ہے، مجھے خیال ہوا کہ یہاں سے اچھا یہ ہے کہ میں سماجی دنیا میں جا کر اپنی صلاحیت سے لوگوں کو فائدہ پہنچاؤں، دو سال کی اس مدت میں مجھے مذہب سے بڑی مایوسی ہوئی، میں دہلی آگیا، میں ایک روز سیمینار میں شریک ہوا جو ''ہندوستانی سماج کی تعلیمی پسماندگی اور اس کا حل'' کے عنوان سے (وزرات فلاح و بہبود انسانی) کے تحت کیا جارہا تھا جہاں پر جناب سوامی کلیان دیو جی مہمان خصوصی کے طور پر مدعو تھے، میرے ایک دوست نے ان سے میرا تعارف کرایا اور میری تعلیم کے میدان میں کچھ خدمت کرنے کا اظہار کیا، سوامی جی کی اور ان کے ٹرسٹ کی تعلیمی خدمات کا بھی انہوں مجھ سے تعارف کرایا، اگلے روز صبح کو چندرا پارک میں ایک وزیر کی کوٹھی پر ہماری ملاقات طے ہوگئی اور دو گھنٹے کی ملاقات کے بعد میں نے سوامی جی اور ان کے ٹرسٹ سے وابستہ ہونے کا فیصلہ کرلیا ان کے ساتھ جڑ کر میں ان کی ذاتی زندگی اور اصول پسندی سے

بہت متاثر ہوا اور سماج میں رہ کر اس کی فکر کرتا اور تعلیمی پس ماندگی دور کرنے کے سلسلہ میں فکرمندی میرے مزاج کے بہت قریب تھی، مگر ٹرسٹ میں ان کے کارندوں کی آپسی سیاست میرے لئے وہاں بھی گھٹن کا باعث رہی، اس کے علاوہ جب میں تنہائی میں بیٹھ کر ان سے مذہب اور خدا کے بارے میں بات کرتا تو مجھے ایسا لگتا تھا کہ اتنے بڑے گرو ہونے کے باوجود جیسے کسی سچ کی تلاش میں ابھی غیر مطمئن اور پیاسے ہیں، جب بھی ان سے خدا اور مذہب کے بارے میں بات ہوتی مجھے اس بات کا احساس اور زیادہ ہو جاتا، ان کے ٹرسٹ کے ایک ذمہ دار سے مجھے بالکل مناسبت نہیں ہو پائی جن کی ان کے یہاں بہت زیادہ اہمیت تھی، اس خیال سے مجھے ان کے کام میں انتشار کا ذریعہ نہیں بننا چاہئے میں نے وہ ٹرسٹ چھوڑ دیا اور ۱۹۹۸ء میں دہلی پبلک اسکول سے وابستہ ہو گیا، پہلے میں ایک برانچ میں پرنسپل رہا پھر اس کے بعد مجھے ہیڈ وائزر کی پوسٹ پر اصرار کر کے مقرر کیا گیا، اسی دوران اللہ کی رحمت نے مجھ پر ترس کھایا اور میرے مشرف باسلام ہونے کا واقعہ پیش آیا، اور مجھے آپ کے والد صاحب نے کچھ روز کے لئے Gulf (خلیج) میں جانے کا مشورہ دیا، میں تین سال کے معاہدے کے تحت مسقط چلا گیا، وہاں میں اپنا معاہدہ الحمدللہ عزت کے ساتھ اور خوش اسلوبی کے ساتھ مکمل کر کے آیا ہوں اور اگلے ہفتے واپس جا رہا ہوں، بس یہ میرا تعارف ہے۔

سوال: آپ اپنے قبول اسلام کا واقعہ بتایئے اور یہ بھی بتایئے کہ اسلام کی طرف کس نے آپ کو دعوت دی؟

جواب: سچی بات یہ ہے کہ مجھے اسلام کی طرف کسی مسلمان یا کسی انسان نے دعوت نہیں دی، بلکہ مذہب حق اسلام نے خود مجھے دعوت دی، ہوا یہ میں احمد آباد میں دہلی پبلک اسکول کی برانچ کے قیام کے لئے گیا، ایک ہفتہ کے قیام کے بعد احمد آباد میل سے واپس

پونا، گاڑی سات گھنٹے لیٹ تھی، دوپہر کے شاید ایک ڈیڑھ بجے رہے ہوں گے، میں گاڑی
سے اترا تو میں نے دیکھا کہ قلی اکٹھے ہو کر ایک طرف کو جا رہے ہیں، مجھے غریبوں اور
مزدوروں کے حقوق سے ہمیشہ دل چسپی رہتی ہے، مجھے یہ خیال ہوا کہ شاید یہ کوئی میٹنگ
کرنے جا رہے ہیں، سچی بات یہ ہے کہ ہدایت مجھے بلا رہی تھی ورنہ آج میں بھی کبھی
سوچتا ہوں کہ دس بیس قلی آنے والی گاڑی پر اس طرح جاتے ہی ہیں مگر اس وقت میرے
خیال میں آیا کہ میں ان کی میٹنگ میں ان کی رہنمائی کروں، میں گیا تو میں قلیوں کے
ساتھ چلا، میں نے دیکھا کہ انھوں نے پلیٹ فارم پر ایک جگہ سے ڈبے اٹھائے پانی بھرا
اور پلیٹ فارم پر وضو کرنے لگے، مجھے دوپہر کو سب لوگوں کے اس طرح لوٹے اٹھانے اور
پھر منہ ہاتھ دھونے سے حیرت ہوئی اور خیال ہوا کہ دیکھنا چاہئے کہ دوپہر کو ہاتھ منہ دھو کر یہ
کیا کرتے ہیں؟ خوب اچھی طرح دانتوں وغیرہ کے انھوں نے ہاتھ اور پاؤں
دھوئے اور جگہ پر جو انھوں نے رسیاں باندھ کر نماز کے لئے بنائی ہوئی تھی وہاں چٹائیاں
بچھیں اور سب ان میں کھڑے ہو گئے ایک آدمی آگے کھڑا ہوا باقی سب بالکل سیدھی
صف بنا کر کھڑے ہو گئے اور اس طرح صف کو سیدھا کیا کہ ایک ذرا کوئی آگے پیچھے ہوتا تو
برابر والا اس کو ٹھیک کھڑا ہونے کو کہتا، ایک کے اللہ اکبر کہنے سے سب ہاتھ پر ہاتھ باندھ کر
کھڑے ہو گئے اب مجھے سمجھ میں آیا کہ یہ لوگ نماز پڑھ رہے ہیں بوجھ ڈھونے والی قلی قوم
کو میں دیر تک جماعت پوری ہونے تک دیکھتا رہا، مجھے خیال ہوا کہ ایسی جاہل قوم میں
ایسا نظم اور ڈسپلن جس مذہب نے پیدا کیا ہے مجھے ضرور اس کو پڑھنا چاہئے، میں اس
جذبے سے اردو بازار پہنچا میرے علم میں تھا کہ وہ بازار اردو اور اسلامی کتابوں کا ہے، ایک
کتب خانے پر گیا تو انھوں نے مجھے کتب خانہ انجمن ترقی اردو پر جانے کا مشورہ دیا، وہاں
پہنچا تو انھوں نے مجھے مولانا منظور نعمانی صاحب کی کتاب کا انگریزی ترجمہ What

Is? Islam (اسلام کیا ہے؟) اور مولانا سید سلیمان ندوی کی Prophet Mohammad The Ideal (خطبات مدراس) پڑھنے کا مشورہ دیا۔ میں خرید کر لے آیا۔ مجھے ان دونوں کتابوں نے اسلام سے میری خاندانی دوری کے باوجود اسلام سے بالکل قریب کر دیا بلکہ اگر میں یہ کہوں کہ ان دونوں کتابوں نے مجھے ایک حد تک مسلمان بنا دیا تو شاید یہ بات بھی صحیح ہو، اس کے بعد مجھے یہ خیال ہوا کہ مجھے اسلام کو اس کی اصل سے پڑھنا چاہئے اور قرآن پاک کے ہندی اور انگریزی ترجمے اردو بازار سے میں لے کر آیا، قرآن پاک کو پڑھ کر مجھے احساس ہونے لگا کہ اسلام میری کھوئی ہوئی مایا ہے اور جیسے جیسے میں قرآن پاک پڑھتا گیا میرے اندر کی اندھیری جگمگانے لگی اور مجھے ایسا لگا کہ (فطرتاً) میں مسلمان ہی پیدا کیا گیا ہوں، جنت دوزخ کے حالات پڑھ کر مجھے یہ بھی خیال ہوا کہ مجھے فیصلہ میں جلدی کرنا چاہئے، اگر اسلام اور ایمان کے بغیر میری موت آگئی تو میری ہلاکت ہے، میں نے اس کے لئے تلاش شروع کی، میں جامع مسجد امام بخاری کے پاس گیا مگر انھوں نے میرے ساتھ بہت بے رخی کا معاملہ کیا میرے مالک کا مجھ پر کرم تھا کہ میرے لئے خود اسلام نے اپنا دروازہ کھولا، کوئی مسلمان اس کا ذریعہ نہیں تھا، اب میرے لئے قرآنی اسلام اور مسلمانوں کے اسلام میں فرق کرنا مشکل کام نہیں تھا، اگر میں مسلمانوں کے اسلام سے متاثر ہو کر اسلام کی طرف آتا تو امام صاحب کے پاس حاضری ہی میرے لئے رکاوٹ بننے کے لئے کافی تھی مگر میں نے تلاش جاری رکھی، میں جماعت اسلامی کے دفتر میں بھی گیا وہ میرا تعارف سن کر شاید شک میں پڑ گئے اور میرے بڑے بھائی جو وزیر ہیں ان کی رشتہ داری ان کے لئے جھجک کا باعث ہوئی، میں ۶ ماہ تک شاید پچاس لوگوں کے پاس گیا کہ کوئی مجھے مسلمان کرلے مگر نہ جانے کیوں مجھے کوئی کلمہ نہ پڑھوا سکا، اس دوران میرا مطالعہ جاری رہا اور مجھے روز بروز یہ فکر اور خوف بڑھتا گیا کہ

کہیں میں اس حال میں مر نہ جاؤں اور شاید میں اس نعمت کا اہل نہیں ہوں، بار بار میں تنہائی میں اپنے مالک سے فریاد بھی کرتا، میرے مالک آپ ہی مجھے مسلمان کر دیجئے، یہ ۲ ار ماہ مجھ پر بہت سخت گزرے اور حد درجہ شکستگی مجھ پر طاری رہی، میری بے چینی بڑھتی گئی، اس دوران میری بڑی بہن کا انتقال ہو گیا، مجھے کریا کرم میں شریک ہونا پڑا، میں نے اندر سے مسلمان ہو کر پہلی بار اپنی بہن کو جلتے دیکھا تو میں بیان نہیں کر سکتا کہ مجھ پر کیا گزری میرے والدین کے بعد میری بڑی بہن اس آگ کے واسطے سے ہی دوزخ کی آگ کی طرف چلی گئی، اب اس کے بعد عمر کے لحاظ سے میرا نمبر تھا، میری ہمت ٹوٹ گئی، ایک رات مجھے بے چینی میں نیند نہیں آئی، اٹھ کر بیٹھ گیا، بڑی آہ و زاری سے دعا کرتا رہا، میرے مالک مجھے ایمان کے بغیر موت نہ آئے۔

صبح کو مجھے خیال آیا کہ مجھے کتب خانہ انجمن ترقی اردو والوں سے بھی مشورہ کرنا چاہئے، شاید وہ کچھ راہ نکالیں، ان کے پاس گیا اور اپنی پوری کہانی سنائی، انہوں نے کہا آپ فوراً پھلت چلے جائیں اور مولانا کلیم صاحب سے ملیں، انہوں نے پھلت کا پتہ بتایا، میں فوراً کتب خانہ سے اپنی گاڑی سے پھلت پہنچا، ۲۴ر جنوری ۲۰۰۰ء کو تقریباً ساڑھے گیارہ بجے میں پھلت پہنچا، مولانا کلیم صاحب اندر گھر سے خود ہی کسی سفر کے لئے نکل رہے تھے، گاڑی تیار تھی، بیٹھک میں ان سے ملاقات ہوئی، کھڑے کھڑے میں نے ان سے جھجکے پن سے کہا، میں مسلمان ہونے آیا ہوں، اگر آپ کر سکتے ہوں تو بتائیں ورنہ جواب دیں، مولانا صاحب شاید اس جملے سے میری پوری داستان سمجھ گئے، انہوں نے کہا اگر آپ کھڑے کھڑے کلمہ پڑھ کر مسلمان ہونا چاہتے ہیں تو کھڑے کھڑے پڑھ لیں اور اگر کرسی پر بیٹھ کر پڑھنا چاہیں تو بیٹھ جائیں، میں بیٹھ گیا، انہوں نے مجھے کلمہ پڑھوایا اور میرا نام میرے نام کی مناسبت سے سعید احمد رکھا، مولانا صاحب نے مجھے دلی مبارکباد دی اور

گلے لگایا، پانی منگوایا اور کہنے لگے اگر آپ برا نہ مانیں تو اپنا تعارف کرادیں اور یہ بتائیں کہ آپ کو اسلام کی کس نے دعوت دی؟ میں نے تعارف کرایا اور بتایا کہ مجھے اسلام نے خود دعوت دی ہے، مولانا نے پورا حال سن کر میری تسلی کے لئے گویا انھوں نے میری مذاق اڑائی اور کہا ڈاکٹر صاحب آپ سائنس داں ہیں مذہب اسلام کو آپ حق سمجھ کر قبول کررہے ہیں اور اسلام کو پڑھ کر آپ نے یہ فیصلہ کیا ہے آپ نے اچھی طرح سمجھا ہوگا کہ اسلام رسموں کا مذہب نہیں ہے، ایمان اللہ اور بندہ کے درمیان سچے رشتے کا نام ہے، جب حق سمجھ کر آپ نے اس کو مان لیا دل کی گہرائی سے تسلیم کرلیا اور باپ دادوں کی بت پرستی اور شرک کو چھوڑنے فیصلہ کرلیا تو آپ اللہ کے نزدیک مسلمان ہوگئے، میں نے جو کلمہ آپ کو پڑھوایا محض آپ کی تسلی اور آپ جیسے سچے اور گناہوں سے پاک مسلمان کے ساتھ کلمہ پڑھنے کی سعادت حاصل کرنے کے لئے پڑھوایا ہے ورنہ مسلمان تو آپ چھ ماہ پہلے ہوگئے تھے انھوں نے میرا اس طرح پر مذاق اڑایا کہ میرے سارے جگہ جگہ دھکے کھانے کے زخموں کا علاج ہوگیا اور اب میں ان لوگوں کے بجائے جو کلمہ پڑھوانے سے کتراتے ہیں اپنی حماقت پر خود ہی ہنسا، مولانا صاحب کے یہاں پرتکلف ناشتہ ہوا، انھوں نے اپنے سفر کو ایک گھنٹہ موخر کیا اور جن لوگوں نے مجھے کلمہ پڑھوانے سے جھجک محسوس کی حالات کا تذکرہ بتاکر ان کی صفائی کرتے رہے اور مجھے اس پر آمادہ کرتے رہے کہ مسلمانوں کا اسلام بیماری اور دکھیاری انسانیت کے قبول حق کے راستہ میں رکاوٹ و حجاب ہے ایسے میں اب زیادہ ضرورت ہے کہ قرآنی اسلام کو سمجھنے اور ماننے والے آپ جیسے قرآنی مسلمان لوگوں کو حقیقی اسلام کا اپنے قول اور عمل سے تعارف کرائیں، بلکہ دردمندی سے دعوت دیں اور چلتے چلتے مجھ سے وعدہ بلکہ عہد لیا کہ دنیا کی اس کمی کے لئے میں کام کروں گا، مولانا صاحب نے اصرار کیا کہ میں کھانا کھا کر جاؤں، مگر یہ چاہتے ہوئے کہ میں مولانا صاحب

کے ساتھ کچھ وقت گزارنے کو دل چاہتا تھا مگر میں نے ان کے سفر کی وجہ سے اجازت لی اور خوشی خوشی واپس آیا۔

مولوی محمد صاحب! آپ میرے محسن زادے ہیں جو میں اپنی اس خوشی اور سفر کی کامیابی کے مزے کی حالت بتا نہیں سکتا مجھے ایسا لگا جیسے آج ہی میں پیدا ہوا ہوں، میں وزارت چھوڑ کر سوچ رہا تھا کہ پوری دنیا کو ایک ملک بنا کر مجھے اس کا بادشاہ بنا دیا جاتا شاید میرے لئے اتنی خوشی کی بات نہ ہوتی اس لئے کہ میں آج اپنے مالک کو راضی کر کے لوٹا تھا۔

دہلی واپس لوٹا تو میں نے اپنی بیوی سے صاف صاف بتا دیا انہوں نے گھر والوں سے بتا دیا اور میرے گھر میں کہرام مچ گیا میرے بڑے بھائی (جو وزارت کی کرسی پر تھے) نے بڑی دھمکیاں دیں اور فیصلہ بدلنے پر زور دیا اور فیصلہ نہ بدلنے پر سخت دھمکی بھی دی، میں نے دو ٹوک ان کو اپنا فیصلہ سنا دیا انہوں نے مجھے پارٹی اور ملک کے دو بڑے ذمہ داروں بلکہ وقت کے سب سے بڑے ذمہ داروں سے ملوایا، انہوں نے مجھے ملک کی وزارت کی آفر دی، میں نے وہاں بھی اپنا دو ٹوک فیصلہ سنا دیا اور جب وہ زور دیتے رہے اور مجھے چھوڑنے کو تیار نہ ہوئے تو میں سوچنے کو کہہ کر جان چھڑا کر چلا آیا ظاہر ہے اس مبارک فیصلہ کے لئے کچھ سوچنے کے تصور سے بھی کانپ جاتا ہوں، میں نے آپ کے والد صاحب کو ضرور ان ملاقاتوں کی اطلاع دی، انہوں نے ایک دو روز غور و فکر کے بعد یہ مشورہ دیا کہ آپ دلی پبلک اسکول کو چھوڑ کر کچھ روز کے لئے سعودی عرب یا گلف کے کسی ملک میں رہیں، میں نے بھی اس رائے کو بہتر سمجھا انٹرنیٹ پر دیکھ کر ایک انگلینڈ کے اسکول میں انٹرنیٹ پر اپلائی کر دیا اور نیٹ ہی پر انٹرویو ہوا اور ایک مہینہ میں ہی مستقلاً تین سال کے لئے چلا گیا، اللہ کا شکر ہے کہ میرا یہ وقت بہت اچھا گزرا۔

سوال: آپ فرما رہے تھے کہ والد سے آپ نے قرآنی اسلام کی دعوت کا وعدہ اور عہد کیا تھا۔

اس عرصہ میں آپ کا کیا رہا؟

جواب: میں نے تین سال مسقط میں گزارے، صرف اور صرف دعوت کو مقصد بنا کر گیا، عرب نوجوانوں کو جس نے زندگی کا مقصد سمجھ کر جینے کے لئے تیار کیا، اپنے ساتھیوں اور رفقاء میں کام کیا، میرے کالج کے پرنسپل جو عیسائی تھے، ہمارے ساتھ تھے الحمدللہ مسلمان ہوئے اور انھوں نے چرچ میں جا کر ایک دعوتی ادارہ قائم کیا، ہمارے کالج کے چھ اساتذہ اور تین ملازموں نے اسلام قبول کیا جن میں تین ہندوستانی، تین امریکی اور تین لوگ لندن کے تھے اور خوشی کی بات یہ ہے کہ یہ لوگ تنہا اپنے خاندان سے مسلمان ہوئے، تعداد تو زیادہ بڑی نہیں ہوئی مگر اس بات پر میں اللہ کا حد درجہ شکر کرتا ہوں کہ یہ سب لوگ شعوری طور پر قرآنی مسلمان ہیں، جس کالج میں رہا وہاں پر ایک دعوتی فضا بن گئی کہ ہفتہ واری پروگراموں میں میرا دعوتی لیکچر بڑے شوق سے سنا جاتا رہا، میرے کالج کے پچاسوں شاگردوں کی الحمدللہ ایسی ذہن سازی ہوگئی ہے کہ وہ ان شاء اللہ جب تک زندہ رہیں گے دعوت کو مقصد بنا کر جئیں گے، ان میں سے اکثر برطانیہ اور مغربی ملکوں میں ہیں اور جاپان اور دوبئی میں دعوتی کام کر رہے ہیں، اصل میں میرے ساتھ بھی مسئلہ تھا کہ میں نے اس وقت خود بھی پڑھنے کی کوشش کی، الحمدللہ قرآن شریف پڑھا اور اردو بھی اب میری اچھی خاصی ہوگئی ہے۔

سوال: اب آپ نے فجی جانے کا پروگرام بنایا ہے، وہاں پر آپ کی کیا مصروفیت ہوگی؟

جواب: اصل میں یہ فیصلہ میں نے مولانا صاحب کے مشورہ اور ان کی ایماء پر کیا ہے، مولانا صاحب فجی، نیوزی لینڈ اور آسٹریلیا میں دعوت کے لئے بڑے فکرمند ہیں اور وہاں کے امکانات سے بہت پرامید ہیں، وہاں پر ان سے وابستہ کچھ لوگ کام کر رہے ہیں، مولانا صاحب کا خیال ہے کہ مغربی ملکوں خصوصاً امریکہ کی دادا گیری اور ظالمانہ رویے سے مشتعل،

نوجوان مسلمانوں کی جہادی تحریکوں سے اسلام کی رحمۃ للعالمینی اور سوفی صد رحمت بھری تصویر مسخ ہو کر رہ گئی ہے، اس لئے کہ جذبات میں یہ نوجوان اسلامی اصولوں کو نظر انداز کر کے، مغرب کی دیوالیہ ہوتی انسانیت کے، اسلام کی طرف آنے میں رکاوٹ اور حجاب بنا رہے ہیں، اس لئے ان ملکوں میں دعوت کی ضرورت بھی زیادہ ہے اور یہاں امیدیں بھی زیادہ ہیں اس لئے میں نے ایک ملازمت تلاش کرلی ہے اور انشاء اللہ جنوری میں میرا وہاں کا سفر ہے، خدا کرے میں مولانا صاحب کی امیدوں کو پورا کرنے کا ذریعہ بن سکوں۔

سوال: مسلمانوں کے لئے کچھ پیغام ارمغان کے واسطہ سے آپ دینا چاہیں گے؟

جواب: بہت زیادہ تو میں کچھ کہنے کے حال میں نہیں ہوں، البتہ میری زندگی خود مسلمانوں کے لئے پیغام اور عبرت ہے، میری یہ بات یقیناً بڑی کڑوی سچائی ہوگی کہ اگر مسلمان سچائی اور حق سے دیوالیہ انسانیت کو حق کی دعوت کا حق ادا نہیں کر سکتے تو کم از کم قرآنی اسلام اور دنیا کے درمیان رکاوٹ اور حجاب نہ بنیں اور اسلام اور انسانیت کے درمیان سے ہٹ جائیں۔

سوال: واقعی یہ بات تو حقیقت ہے مگر آپ کو اس سلسلہ میں بالکل مایوس نہیں ہونا چاہئے اس لئے کہ کسی نہ کسی درجہ میں آپ کو کتاب دینے والے اور جن کتابوں کو آپ نے پڑھا ان کے لکھنے والے اور کلمہ پڑھوانے والے سب لوگ آج کل کے ہی مسلمان ہیں۔

جواب: یہ بات بالکل حق ہے یہ لوگ واقعی قرآنی مسلمان ہیں مگر ایسے مسلمانوں سے عام انسانوں کا رابطہ اور ان کو دیکھنے کا موقع ان کو کب ملتا ہے، غیر مسلموں کو جن مسلمانوں سے واسطہ پڑتا ہے ان میں سے اکثر وہ ہیں جو قرآنی اسلام کے لئے حجاب ہیں۔

سوال: واقعی آپ کی یہ بات بھی سچ ہے، بہت بہت شکریہ! السلام علیکم ورحمۃ اللہ

جواب: آپ کا بھی شکریہ! وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ فی امان اللہ

مستفاد از ماہنامہ ارمغان جنوری ۲۰۰۷ء

ڈاکٹر محمد حذیفہ (رام کمار) بستی یوپی، سے ایک ملاقات

ہمارا ملک سیکولر ملک ہے، اور ملک کے قانون نے اپنے مذہب کو ماننے اور مذہب کی دعوت دینے کا بنیادی حق ہمیں دیا ہے۔ کسی کو ایمان کی دعوت دینا، کوئی مسلمان ہونا چاہے اس کو کلمہ پڑھوانا ہمارا بنیادی قانونی حق ہے، جس چیز کا قانون ہمیں حق دیتا ہے اس کے سلسلہ میں ہم لوگ کسی سے نہیں ڈرتے، اور غیر قانونی کام ہم لوگ جان بوجھ کر ہرگز نہیں کرتے، بھول میں ہو جائے تو اس کی تلافی کی کوشش کرتے ہیں۔

مولانا احمد اواہ ندوی

احمد اواہ : السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

ڈاکٹر حذیفہ : وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ

سوال : اللہ کا شکر ہے آپ آگئے، ابی سے بہت مرتبہ آپ کا ذکر سنا، ابی اکثر لوگوں کے سامنے آپ کا ذکر کرتے ہیں، اپنے خونی رشتہ کے بھائیوں کی خیر خواہی اور ان کو ہمیشہ کی ہلاکت اور عذاب سے بچانے کے لئے اسلام کی دعوت دینا نہ صرف یہ کہ اسلامی فریضہ ہے بلکہ یہ ایک خیر خواہی ہونے کی وجہ، ہمارے ملک کے قانون کے لحاظ سے بھی ہمارا قانونی حق ہے، اس سلسلہ میں آپ کے قبول اسلام کا تذکرہ مثال کے طور پر کیا کرتے ہیں، مجھے آپ سے ملاقات کا اشتیاق تھا، اللہ نے ملاقات کرادی۔

جواب : میں دہلی ایک سرکاری کام سے آیا تھا، مولانا صاحب کا فون تو ملتا نہیں، خیال ہوا کہ

فون کر کے دیکھ لوں، اگر پھلت ہوں تو ملاقات کر کے جاؤں گا، بہت دنوں سے ملاقات نہ ہو پانے کی وجہ سے بہت بے چین سا تھا، فون ملایا تو معلوم ہوا مولانا صاحب دہلی میں ہی ہیں، میرے لئے اس سے زیادہ خوشی کی کیا بات ہو سکتی ہے کہ دہلی میں ملاقات ہوگئی میرے اللہ کا کرم ہے رمضان سے پہلے ملاقات ہوگئی ہے، بیقراری بھی بہت ہو رہی تھی اور ذرا ایمان کی بیٹری بھی چارج سی ہوگئی، بہت دن ملاقات کو ہو جاتے ہیں تو ایسا لگتا ہے، جیسے اندر کی بیٹری ڈاؤن ہوگئی ہو، الحمد للہ ملاقات ہوگئی اور ایک پروگرام میں بھی مولانا صاحب کے ساتھ شرکت ہوگئی، بیان سے بھی تسلی سی ہوگئی۔

سوال: حذیفہ صاحب میں آپ سے ایک مطلب کے لئے ملنا چاہتا تھا، ہمارے یہاں پھلت سے ایک ماہنامہ میگزین ارمغان کے نام سے نکلتا ہے، شاید آپ کے علم میں ہو، اس کے لئے ایک انٹرویو آپ سے لینا چاہتا ہوں تاکہ دعوت کا کام کرنے والوں کے لئے رہنمائی بھی ہو خصوصاً آپ کے انٹرویو سے خوف کم ہو اور حوصلہ بڑھے۔

جواب: ہاں احمد بھیا! میں 'ارمغان' کو خوب جانتا ہوں میں نے مولانا صاحب سے کئی مرتبہ درخواست کی ہے کہ اس کا ہندی ایڈیشن ضرور نکالیں، میں نے مولانا صاحب سے کہا تھا کہ ہندی کے کم سے کم پانچ سو ساڑھے ممبر میں بناؤں گا انشاء اللہ۔ مجھے معلوم ہوا ہے کہ ستمبر سے ہندی ایڈیشن نکل رہا ہے، مگر نہ جانے کیا وجہ ہوئی ستمبر میں بھی وہ نہیں آسکا۔

سوال: وہ انشاء اللہ جلدی آرہا ہے، آپ فکر نہ کریں، ابی اور مولانا وصی صاحب اس کے لئے بہت فکرمند ہیں اور لوگوں کا تقاضا بھی بہت ہے۔

جواب: خدا کرے یہ خبر جلدی سچ ہو، احمد بھائی حکم کریں، مجھ سے کیا معلوم کرنا چاہتے ہیں؟

سوال: آپ اپنا تعارف کرائیے؟

جواب: مشرقی یوپی میں بستی ضلع کے گاؤں کے زمیندار کے یہاں میری پیدائش ۱۲ راگست

۱۹۵۷ء میں ہوئی، ۱۹۷۷ء میں انٹر پاس کیا، میرے چچا یوپی پولیس میں ڈی ایس پی تھے، ان کی خواہش پر پولیس میں بھرتی ہوگئی، دوران ملازمت ۱۹۸۲ء میں میں نے بی کام کیا اور ۱۹۸۳ء میں ایم اے کیا، یوپی کے دو محکموں میں انسپکٹر تھا، ترقی پاتا رہا، ۱۹۹۰ء میں پرموشن ہو کر ڈی او ہوگیا، ۱۹۹۷ء ایک ٹریننگ کے لئے فلور اکیڈمی جانا ہوا تو اکیڈمی کے ڈائریکٹر جناب اے اے صدیقی صاحب نے جو ہمارے چچا کے دوست بھی تھے، مجھے کریمنالوجی میں پی ایچ ڈی کرنے کا مشورہ دیا، میں نے چھٹی لے کر ۲۰۰۰ء میں پی ایچ ڈی کیا تو ۱۹۹۹ء میں میری پرفارمنس (ملازمت میں بہتر کارکردگی) کی بنیاد پر خصوصی پرموشن ڈی ایس پی کے عہدہ پر ہوگیا اور میری پوسٹنگ مظفر نگر میں خفیہ پولیس کے محکمہ میں ہوگئی، میرے ایک چھوٹے بھائی ہیں جو انجینئر ہیں ایک بہن ہے جس کی شادی ایک ٹیچر سے ہوئی، خاندان میں الحمد للہ تعلیم کا رواج رہا ہے، آج کل میں مشرقی یوپی میں ایک ضلع ہیڈ کوارٹر میں محکمہ خفیہ پولیس کا ذمہ دار ہوں۔

سوال: اپنے قبول اسلام کے بارے میں بتائیے؟

جواب: ہمارا خاندان پڑھا لکھا خاندان ہونے کی وجہ سے اپنی مسلم دشمنی میں مشہور رہا ہے، اس کی ایک وجہ یہ بھی کہ ہمارے خاندان کی ایک شاخ تقریباً سو سال پہلے مسلمان ہو کر فتح پور ہسوا، پرتاپ گڑھ میں جا کر آباد ہوگئی تھی، جو بہت پکے مسلمان ہیں، ادھر ہماری بستی میں تین سال پہلے بستی کے زمینداروں کی چھوا چھوت سے تنگ آکر آٹھ دلت خاندانوں نے اسلام قبول کیا تھا، ان دونوں واقعات کی وجہ سے ہمارے خاندان میں مسلم دشمنی کے جذبات اور بھی زیادہ ہوگئے تھے، بابری مسجد کی شہادت کے زمانے میں اس میں اور بھی زیادتی ہوگئی، ہمارے خاندان کے کچھ نوجوانوں نے بجرنگ دل کی ایک برانچ گاؤں میں قائم کر لی تھی جس میں سب سے زیادہ فعال ان کے لڑکے ممبر تھے، میں نے یہ باتیں اس

لئے جائیں کہ کسی آدمی کے اسلام قبول کرنے کے لئے مخالف ترین ماحول میرے تھے تھا مگر اللہ کو جس کا نام ہادی اور رحیم ہے اپنی شان کا کرشمہ دکھانا تھا۔ اس نے ایک عجیب راہ سے مجھے راہ دکھائی۔

ہوا یہ کہ غازی آباد ضلع کے پلکھوہ کے ایک خاندان کے نو لوگوں نے مولانا کے پاس آکر پھلت میں اسلام قبول کیا، دو ماں باپ اور چار لڑکیاں اور تین لڑکے بڑا لڑکا شادی شدہ تھا، مولانا صاحب سے ان لوگوں نے کلمہ پڑھوانے کے لئے کہا اور بتایا کہ ہم آٹھ لوگ تو ابھی کلمہ پڑھ رہے ہیں یہ بڑا لڑکا شادی شدہ ہے اس کی بیوی ابھی تیار نہیں ہے، جب اس کی بیوی تیار ہو جائے گی یہ اس کے ساتھ کلمہ پڑھے گا، مولانا صاحب نے کہا موت زندگی کا کچھ بھروسہ نہیں، یہ بھی ساتھ ہی کلمہ پڑھ لے، ابھی اپنی بیوی کو نہ بتائے اور اس کو تیار کرے اور اس کے ساتھ پھر دوبارہ کلمہ پڑھ لے مولانا صاحب نے ان سب کو کلمہ پڑھوایا اور ان کی فرمائش پر ان سب کے نام بھی اسلامی رکھ دیئے، ان لوگوں کے کہنے پر ایک پیڈ پر ان کے قبول اسلام اور ان کے نئے ناموں کا سرٹیفکیٹ بنا کر دے دیا ان لوگوں کو بتا بھی دیا کہ قانونی کارروائی ضروری ہے اس کے لئے بیان حلفی تیار کرا کے ڈی ایم کو رجسٹرڈ ڈاک سے بھیجنا اور کسی اخبار میں اعلان نکالنا کافی ہوگا، یہ لوگ خوشی خوشی وہاں سے گئے اور قانونی کارروائی پکی کرالی، بچوں کو مدرسے میں داخل کر دیا، بڑی لڑکیاں اور ماں عورتوں کے اجتماع میں جانے لگیں۔

مسلمان عورتوں کو معلوم ہوا تو انھوں نے خوشی میں مٹھائی تقسیم کر دی، بڑے لڑکے کی بہو کو معلوم ہو گیا، اس نے اپنے مائکہ والوں کو خبر کر دی ایک سے ایک کو خبر ہوتی گئی اور ماحول گرم ہو گیا علاقہ کی ہندو تنظیمیں جوش میں آگئیں، آج تک، ٹی وی چینل کے لوگ آگئے دیکھتے دیکھتے خبر پھیل گئی دینک جاگرن اور امر اجالا دونوں ہندی اخباروں میں چوتھ

کالموں کی بڑی بڑی خبریں چھپیں، جن کا ہیڈنگ تھا ''لالچ دے کر دھرما نترن پورے ہندو برادری میں روش، دھرما نترن پھلت مدرسہ میں ہوا'' اس خبر سے پورے علاقے میں گرمی پیدا ہوگئی میری پوسٹنگ مظفر نگر میں تھی، علاوہ اپنی دفتری ذمہ داری کے مجھے خود اس خبر پر غصہ آیا اور ہم اپنے دو انسپکٹروں کو لے کر پھلت پہنچے، وہاں جن لوگوں سے ملاقات ہوئی انھوں نے لاعلمی کا اظہار کیا اور بتایا کہ مولانا صاحب ہی صحیح بات بتا سکتے ہیں اور ہمیں اطمینان دلایا کہ ہمارے یہاں کوئی غیر قانونی کام نہیں ہوتا، مولانا صاحب سے آپ ملیں وہ آپ کو بالکل حق بات بتادیں گے میں نے اپنا فون نمبر وہاں دیا کہ مولانا صاحب سے معلوم کرکے مجھے بتائیں کہ وہ پھلت کب آرہے ہیں؟

تیسرے روز مولانا صاحب کا پھلت کا پروگرام تھا، ۹ / نومبر ۲۰۰۲ء کی صبح ۱۱ بجے ہم پھلت پہنچے، مولانا صاحب سے ملے، مولانا صاحب بہت خوشی سے ہم سے ملے ہمارے لئے چائے ناشتہ منگایا، بولے بہت خوشی ہوئی آپ آئے، اصل میں مولوی ملاؤں اور مدرسوں کے سلسلہ میں بہت غلط پروپیگنڈہ کیا جاتا ہے، میں تو اپنے ساتھیوں اور مدرسے والوں سے بار بار یہ کہتا ہوں کہ پولیس والوں ہندو تنظیموں کے ذمہ داروں اور سی آئی ڈی، سی بی آئی کے لوگوں کو زیادہ سے زیادہ مدرسوں میں بلانا بلکہ چند دن مدرسوں میں مہمان رکھنا چاہئے، تاکہ وہ اندر کے حال سے واقف ہوجائیں اور مدرسوں کی قدر پہچانیں، مجھے معلوم ہوا کہ آپ ایک دن پہلے بھی آئے تھے، مجھے ایک سفر پر ادھر ہی سے جانا تھا مگر خیال ہوا کہ آپ کو انتظار کرنا ہوگا، اس لئے میں صرف آپ کے لئے آج آگیا ہوں، مولانا صاحب نے ہنس کر کہا فرمایئے میرے لائق کیا سیوا ہے؟ احمد بھائی! مولانا صاحب نے ملاقات کے شروع میں ہی بازی لے لی: محبت اور مروت کا اظہار کیا کہ میری سوچ کا رخ بدل گیا، میرا اندر کا غصہ آدھا بھی نہ رہ گیا، میں نے اخبار نکالے اور معلوم کیا کہ آپ نے

یہ خبر پڑھی ہے؟ مولانا صاحب نے بتایا کہ رات مجھے یہ اخبار دکھایا گیا تھا میں نے امر اجالا میں یہ خبر پڑھی ہے۔ میں نے کہا پھر آپ اس کے بارے میں کیا کہتے ہیں؟ مولانا صاحب نے بتایا کہ میں ایک سفر پر جا رہا تھا، گاڑی میں سوار ہو رہا تھا کہ ایک جیپ گاڑی آئی مجھے کی جلدی تھی میں نے ساتھیوں سے کہا کہ یہ لوگ حضرت جی سے ملنے آئے ہوں گے ان کو ادھر قاری حفظ الرحمٰن صاحب کا پتہ بتا دو، مگر ایک صاحب جانتے تھے، کہا ہمیں کسی دوسری جگہ نہیں جانا ہے، ہم لوگ آپ کے پاس آئے ہیں، یہ ہمارے بھائی اپنے گھر والوں کے ساتھ مسلمان ہونا چاہتے ہیں اور ایک مہینہ سے پریشان ہیں، میں گاڑی سے اترا، ان کو کلمہ پڑھوایا، ان کے زیادہ کہنے پر ان کے اسلامی نام بھی بتائے اور ان کو ایک سرٹیفکٹ بھی قبول اسلام کا دیا اور ان کو بتا دیا کہ قانونی کارروائی یہ ہوگی جب آپ بیان حلفی تیار کر کے ڈی ایم کو اطلاع کریں گے اور ایک اخبار میں اعلان کر دیں گے اور اچھا ہے کہ ضلعی گزٹ میں دیدیں، ان لوگوں نے وعدہ کیا کل ہی جا کر ہم سب کارروائی پوری کریں گے اور مجھے علم ہوا کہ انھوں نے یہ سب کام پورے کرا لئے ہیں مولانا صاحب نے کہا کہ ہمارا ملک سیکولر ملک ہے اور ملک کے قانون نے اپنے مذہب کو ماننے اور مذہب کی دعوت دینے کا بنیادی حق ہمیں دیا ہے، کسی کو ایمان کی دعوت دینا، کوئی مسلمان ہونا چاہے اس کو کلمہ پڑھوانا ہمارا بنیادی قانونی حق ہے۔ جس چیز کا قانون ہمیں حق دیتا ہے، اس کے سلسلہ میں ہم لوگ کسی سے نہیں ڈرتے اور غیر قانونی کام ہم لوگ جان بوجھ کر ہرگز نہیں کرتے، بھول میں ہو جائے تو اس کی تلافی کی کوشش کرتے ہیں، جہاں تک لالچ دے کر یا ڈرا کر مذہب بدلوانے کی بات ہے، یہ بالکل غیر قانونی ہے میرا ذاتی خیال یہ ہے کہ یہ غیر قانونی کام ممکن بھی نہیں ہے، مذہب بدلنا یا کسی کا مسلمان ہونا اس کے دل کے وشواس کا بدلنا ہے جو لالچ اور ڈر سے ہو ہی نہیں سکتا، آپ کو خوش کرنے کے لئے کوئی کہہ سکتا ہے کہ

میں ہندو ہوتا ہوں یا مسلمان ہوتا ہوں مگر اتنا بڑا فیصلہ اپنی زندگی کو آدمی اندھیرے میں رکھتے ہوئے بغیر جانچے نہیں کر سکتا۔

دوسری اس سے بھی اہم اور ضروری بات یہ ہے کہ میں ایک مسلمان ہوں اور مسلمان اس کو کہتے ہیں جو ہر سچی بات کو مانے ہمارے سچوں نے بتایا ہے ہمارا مالک اور اس کے بھیجے ہوئے رسول حضرت محمد ﷺ جن کے بارے میں یہ غلط فہمی ہے کہ وہ صرف مسلمانوں کے رسول اور ان کے لئے مالک کے سندیش واہک تھے، مالک کا قرآن میں اور آپ کی حدیثوں میں صرف یہ بات سچی ہے کہ ہم سب کے مالک کی طرف سے بھیجے ہوئے سارے انسانوں کی طرف انتم (آخری) اور سچے سندیشٹا (رسول) تھے، وہ ایسے سچے تھے کہ ان کے دین کے اور ان کی جان کے آخری دشمن بھی کبھی ان کو جھوٹا نہ کہہ سکے، بلکہ دشمنوں نے آپ کا لقب الصادق (سچا) اور سچا امانت دار رکھ دیا، ہمارا اشواس یہ ہے کہ دن ہو رہا ہے ہماری آنکھیں دیکھ رہی ہیں یہ آنکھیں دھوکہ دے سکتی ہیں، یہ بات جھوٹ ہو سکتی ہے کہ دن ہو رہا ہے، مگر ہمارے رسول ﷺ نے جو ہمیں خبر دی ہے اس میں ذرہ برابر غلطی، دھوکہ یا جھوٹ نہیں ہو سکتا، ہمارے رسول ﷺ نے ہمیں خبر دی ہے کہ سارے دنیا کے سارے انسان ایک ماں باپ کی اولاد ہیں اس لئے سارے جگت کے انسان آپس میں خونی رشتے کے بھائی ہیں، شاید آپ کے یہاں بھی یہی مانا جاتا ہے، میں نے کہا یہ بات تو ہمارے یہاں بھی مانی جاتی ہے، مولانا نے کہا یہ تو بالکل سچی بات ہے ہم اور آپ خونی رشتے کے بھائی ہیں اور زیادہ سے زیادہ یہ ہو سکتا ہے کہ آپ میرے چچا ہوں یا میں آپ کا چاچا ہوں، مگر آپ کے اور ہمارے بیچ خونی رشتہ ہے، اس خونی رشتے کے علاوہ آپ بھی انسان ہیں اور میں بھی انسان، انسان وہ ہے جس میں انسانیت ہو، محبت ہو، ایک دوسرے کی بھلائی کا جذبہ ہو، اس رشتے سے اگر آپ یہ سمجھتے ہیں کہ ہندو دھرم ہی اکیلا مکتی کا

راست اور موکش کا طریقہ ہے، تو آپ کو مجھے اس رشتہ کا لحاظ کرتے ہوئے، ہندو بنانے کی جی جان سے کوشش کرنی چاہئے اور اگر آپ انسان ہیں اور آپ کے سینہ میں پتھر نہیں ہے دل ہے، تو اس وقت تک آپ کو چین نہیں آنا چاہئے، جب تک میں غلط راستہ چھوڑ کر سچ کے راستہ پر نہ آ جاؤں، مولانا صاحب نے مجھ سے پوچھا کہ یہ بات ہے یا نہیں؟ میں نے کہا بالکل سچ بات ہے، مولانا صاحب نے کہا آپ کو سب سے پہلے آکر مجھے ہندو بننے کے لئے کہنا چاہئے تھا، دوسری بات یہ ہے کہ میں مسلمان ہوں، نکلتے سورج کی روشنی سے زیادہ مجھے اس بات کا یقین ہے کہ اسلام ہی واحد سب سے پہلا اور سب سے آخری، فائنل مذہب اور مکتی اور موکش یعنی نجات کا واحد راستہ ہے، اگر آپ مسلمان ہوئے بغیر دنیا سے چلے گئے تو آپ کو ہمیشہ کی نرک میں جلنا پڑے گا اور زندگی کا ایک سانس کے لئے بھی اطمینان نہیں، جو سانس اندر چلا گیا کیا خبر کہ باہر آنے تک آپ زندہ رہیں گے یا نہیں اور جو سانس باہر نکل گیا کیا خبر کہ اندر آنے تک زندگی وفا کرے گی؟ اس حال میں اگر میں انسان ہوں اور میں آپ کو اپنے خونی رشتہ کا بھائی سمجھتا ہوں تو جب تک آپ کلمہ پڑھ کر مسلمان نہیں ہوں گے مجھے چین نہیں آئے گا، یہ بات میں کوئی ناٹک کے طور پر نہیں کہہ رہا ہوں، تھوڑی دیر کی اس ملاقات کے بعد اس خونی رشتہ کی وجہ سے اگر مجھے رات سوتے سوتے بھی آپ کی موت اور نرک میں جلنے کا خیال آئے گا تو میں بے چین ہو کر بلکنے لگوں گا، اس لئے سر آپ **پلکھوہ** والوں کی فکر چھوڑ دیجئے، جس مالک نے پیدا کیا ہے جیون دیا ہے اس کے سامنے منہ دکھانا ہے، میرے درد کا علاج تو جب ہوگا جب آپ تینوں مسلمان ہو جائیں گے، اس لئے آپ سے رکویسٹ (درخواست) ہے کہ آپ میرے حال پر ترس کھائیں، آپ تینوں کلمہ پڑھیں، احمد بھائی میں عجیب حیرت میں تھا، مولانا صاحب کی محبت جیسے جادو ہو، میں ایسے خاندان کا ممبر ہوں، جس کی گھٹی میں مسلمانوں، مسلم

بادشاہ ہوں اور اسلام کی دشمنی پالی گئی ہے اور اس تیر کے سلسلے میں صدو وجہ یہ ہم لوگوں میں گویا مخالف ان کو اڑی کے لئے فیصلہ کر کے ہلاکت کیا تھا اور مولانا صاحب مجھے نہ اسلام کے متانند کو کہتے ہیں، نہ غلط فہمیوں کو دور کرنے کے لئے کہتے ہیں، بس سیدھے سیدھے مسلمان ہونے کو کہہ رہے ہیں اور میری اندر آتما میرا ضمیر گویا مولانا صاحب کی محبت کے شکنجے میں جیسے بالکل بے بس ہو، میں نے کہا بات تو آپ کی بالکل سادی اور سچی ہے اور ہمیں سوچنا ہی پڑے گا، مگر یہ فیصلہ اتنی جلدی کرنے کا تو نہیں کہا جاتا بڑا فیصلہ اتنی جلدی میں لے لیں، مولانا صاحب نے کہا سچی بات یہ ہے کہ آپ اور ہم سب مالک کے سامنے ایک بڑے دن حساب کے لئے اکٹھا ہوں گے تو اس وقت اس سچائی کو آپ ضرور پائیں گے کہ یہ فیصلہ بہت جلدی میں کرنے کا ہے اور اس میں دیر کی گنجائش نہیں اور آدمی اس میں جتنی دیر کرے گا پچھتائے گا، پتہ نہیں پھر زندگی فیصلہ لینے کی مہلت دے یا نہ دے اور موت کے بعد پھر افسوس اور پچھتاوے کے علاوہ آدمی کچھ نہیں کر سکتا بالکل یہ بات سچ ہے کہ ایمان قبول کرنے اور مسلمان ہونے سے زیادہ جلد بازی میں کرنے کا کوئی اور فیصلہ ہو نہیں سکتا ہاں اگر آپ ہندو دھرم کو مکتی کا راستہ سمجھتے ہیں تو پھر مجھے ہندو بنانے میں اتنی ہی جلدی کرنی چاہئے جس طرح میں مسلمان بننے کے لئے جلدی کرنے کو کہہ رہا ہوں، مجھے خیال ہوا کہ جس وشواس (مضبوط اعتقاد و یقین) کے ساتھ مولانا صاحب مسلمان ہونے کو کہہ رہے ہیں اس میں اس اعتقاد کے ساتھ میں ہندو بننے کو نہیں کہہ سکتا، بلکہ سچی بات یہ ہے کہ ہم لوگ اپنے پورے دھرم کو بھی سنائی رسموں پر آدھارت کہانیوں کے علاوہ کچھ نہیں سمجھتے تھے، جب ہمارا ہندو دھرم پر وشواس کا یہ حال ہے تو یہ کسی کو کس بل بوتے ہندو بننے کو کہہ سکتے ہیں؟ میرے اندر سے جیسے کوئی کہہ رہا تھا، رام کمار اسلام میں ضرور سچائی ہے جو مولانا صاحب کے اندر یہ وشواس ہے۔ مولانا صاحب کبھی کبھی بہت خوشامد، کبھی ذرا

زور سے بار بار ہم لوگوں سے کلمہ پڑھ کر مسلمان ہونے کے لئے کہتے رہے، جب مولانا صاحب خوشامد کرتے تو مجھے ایسا لگتا جیسے کسی زہر کھانے کا ارادہ کرنے والے یا آگ میں کودنے والے کو ہلاکت سے بچانے کے لئے کوئی ہمدرد کوئی ماں خوشامد کرتی ہے۔

مولانا صاحب ہمیں بار بار کلمہ پڑھنے پر زور دیتے رہے میں نے وعدہ کیا ہم لوگ ضرور غور کریں گے ہمیں پڑھنے کے لئے بھی دیجئے ،مولانا نے اپنی کتاب ''آپ کی امانت آپ کی سیوا میں'' دی اور ہمیں سو سو بار روزانہ یا ہادی، یا رحیم اس وشواس کے ساتھ پڑھنے کو کہا کہ وہ مالک راستہ دکھانے والا، سب سے زیادہ دیا کرنے والا ہے، آنکھیں بند کر کے اس مالک کو جب آپ ان ناموں سے یاد کریں گے تو آپ کے لئے اسلام کے راستے ضرور کھول دیں گے، اصل میں دلوں کو پھیرنے کا فیصلہ اسی اکیلے کا کام ہے، میں نے مولانا صاحب سے کہا اچھا ہے، ماحول گرم ہو رہا ہے آپ اخبارات میں اس خبر کا کھنڈن نکلوا دیں، مولانا صاحب نے کہا میں نے ان کو حق اور ان کا قانونی حق سمجھ کر کلمہ پڑھوایا ہے، جھوٹ کھنڈن کرانا کس طرح ہو سکتا ہے؟ میری رائے یہ ہے کہ آپ کو بھی کسی جھوٹ بات کو چھپانا نہیں چاہئے، میں نے کہا اچھا ہم خود کر دیں گے ہم لوگ واپس ہو گئے تو میرے دونوں انسپکٹرس مجھ سے بولے، سر دیکھا کتنے سچے اور سچن آدمی ہیں، ہم لوگوں کا تو دل کا بوجھ ہلکا ہو گیا مولانا صاحب تو ایسے آدمی ہیں کہ کبھی کبھی شانتی کے لئے ان کی سنگتی میں آ کر بیٹھا جائے کوئی لاگ نہیں لپیٹ نہیں، صاف صاف باتیں۔

سوال: آپ نے کلمہ نہیں پڑھا؟

جواب: میں نے گھر جا کر آپ کی امانت آپ کی سیوا میں پڑھی محبت ہمدردی اور سچائی اس کے لفظ لفظ سے پھوٹ رہی تھی، مجھے اس کتاب کو پڑھ کر لگا کہ ایک بار پھر میری ملاقات مولانا صاحب سے ہو گئی ہے، اس کے بعد بار بار میرے اندر مولانا صاحب سے ملاقات

کی ہوک سے الٹتی رہی، اسلام کو پڑھنے کا شوق بھی پیدا ہوا، میں مظفر نگر میں ایک دکان سے قرآن مجید کا ہندی ترجمہ لے کر آیا، میں نے فون پر مولانا صاحب سے اس کے پڑھنے کی خواہش کا اظہار کیا، مولانا صاحب نے کہا، دیکھئے قرآن مجید کو آپ ضرور پڑھیں مگر صرف اور صرف یہ سمجھ کر پڑھیئے کہ میرے مالک کا بھیجا ہوا کلام ہے یہ سوچ کر اور پڑھیں کہ یہ مگر صرف اور صرف میرے لئے بھیجا ہے، اس لئے مالک کا کلام سمجھ کر اچھا ہے آپ اشنان کر کے پڑھیں، پاک کلام کا پاک تور، پاک اور صاف ستھری حالت میں پڑھنا چاہئے، دو ہفتوں میں میں نے پورا قرآن مجید پڑھ لیا اب میرے لئے مسلمان ہونے کے لئے اندر کے دروازے کھل گئے تھے، میں نے پھلت جا کر مولانا صاحب کے سامنے کلمہ پڑھا مولانا صاحب نے میرا نام "رام کمار" بدل کر میری خواہش پر محمد حذیفہ رکھا اور بتایا کہ ہمارے نبی ﷺ اپنے ایک صحابی کو رازداری اور جاسوسی کے لئے بھیجا کرتے تھے، مجھے اس لحاظ سے یہ نام بہت اچھا لگا۔

سوال: اس کے بعد اسلام کے مطالعہ کے لئے آپ نے کیا کیا؟

جواب: مولانا صاحب کے مشورے سے ہی چھٹی لے کر ایک چلہ جماعت میں لگایا مگر مولانا صاحب نے مجھے سختی سے منع کر دیا تھا کہ آپ کسی سے جماعت میں اپنا پرانا تعارف نہ کرائیں، نہ اپنے آپ کو نو مسلم کہیں، اس لئے کہ آپ کی بات یہ ہے کہ پیدائشی مسلمان ہیں، ہمارے نبی نے بھی خبر دی ہے کہ ہر پیدا ہونے والا اسلامی فطرت پر پیدا ہوتا ہے اس لئے ہر مذہب کے بچے کو دنیا یا ہی جاتا ہے، آپ تو پیدائشی مسلمان ہیں اور ہم سب کے باپ حضرت آدم اس کائنات کے سب سے پہلے مسلمان تھے اس لئے آپ خاندانی مسلمان ہیں، جماعت میں میرا وقت اچھا گذرا، لوگ مجھے انگریزی پڑھا لکھا، دینی تعلیم سے بالکل کورا مسلمان سمجھ کر مجھے نماز وغیرہ یاد کرانے کی کوشش کرتے رہے، گجرات کے ایک

نوجوان عالم ہماری جماعت کے امیر تھے، میں نے چالیس دن میں پوری نماز اور بہت سی دعائیں یاد کر لیں۔ جماعت سے واپس آیا تو میرا ٹرانسفر الہ آباد ہو گیا، الہ آباد پوسٹنگ کے دوران میں نے اپنی بیوی کو بہت کچھ بتادیا، وہ بہت فرمانبردار بھولی بھالی عورت ہیں، انھوں نے میرے فیصلہ کی ذرا بھی مخالفت نہیں کی۔ بلکہ میرے ساتھ ہر حال میں رہنے کا وعدہ کیا میں نے اس کو بھی کتابیں پڑھوائیں، ہماری شادی کو دس سال ہو گئے، تھے مگر کوئی اولاد نہیں تھی میں نے اس کو لالچ دیا، اسلام قبول کرنے سے ہمارا مالک ہم سے خوش ہو جائے گا اور ہمیں اولاد بھی دے گا، اولاد نہ ہونے کے غم میں وہ بہت گھلتی رہتی تھی وہ اس بات سے بہت خوش ہو گئی، ایک مدرسہ میں لے جا کر اس کو کلمہ پڑھوادیا، میں نے اپنے اللہ سے بہت دعا کی میرے رب میں نے آپ کے بھروسے اس سے وعدہ کرلیا ہے، آپ میرے بھروسے کی لاج رکھئے اور اس کو چاہے ایک ہی ہو، اولاد دیجئے خدا کا کرنا ایسا ہوا کہ اللہ نے گیارہ سال کے بعد ہمیں ایک بیٹا دیا اور تین سال کے بعد ایک بیٹی بھی ہوگئی ہے۔

احمد: اسلام قبول کرنے کے بعد آپ کی ملازمت میں کوئی مشکل نہیں آئی؟

جواب: میں نے الہ آباد پوسٹنگ کے دوران اپنے قبول اسلام کا اعلان کردیا اور قانونی کاروائی ہائی کورٹ کے ایک وکیل کے ذریعہ کرائی، جس کے لئے مجھے اپنے محکمہ سے اجازت لینی ضروری تھی میں نے اس کی درخواست کی، ایک ویدی جی ہمارے باس تھے، انھوں نے مجھے بہت سختی سے روکا اور دھمکی دی کہ اگر آپ نے یہ فیصلہ کیا تو میں آپ کو معطل کردوں گا، میں نے ان سے صاف طور پر کہہ دیا کہ یہ فیصلہ تو میں کر چکا ہوں اب واپسی کا کوئی سوال ہی پیدا نہیں ہوتا، آپ کو جو کچھ کرنا ہو کر دیجئے انھوں نے مجھے سسپنڈ (معطل) کردیا، میں نے اللہ کا شکر ادا کیا اور تین چلے کے لئے جماعت میں چلا گیا، بنگلور اور میسور میں میرا وقت گزرا اور الحمد للہ بہت اچھا گذرا، مجھے اس وقت تین بار حضور

ﷺ کی خواب میں زیارت ہوئی جس کی مجھے اتنی خوشی ہوئی کہ میں بیان نہیں کرسکتا، واپس آیا تو اللہ نے میرے تمام افسروں کو نرم کردیا، لکھنؤ میں ایک مسلمان افسر جو بہت بڑی پوسٹ پر ہیں، میں نے ان سے جاکر اپنا پورا حال سنایا وہ مولانا صاحب کو جانتے تھے، انھوں نے میری مدد کی اور مجھے ملازمت پر بحال کردیا گیا۔

س: آپ کے دونوں انسپکٹر ساتھیوں کا کیا ہوا؟ جواہی سے آپ کے ساتھ ملنے گئے تھے؟

ج: ان میں سے ایک نے اسلام قبول کرلیا ہے ان کے گھر والوں کی طرف سے ان پر بہت مشکلیں آئیں، ان کی بیوی ان کو چھوڑ کر چلی گئی مگر وہ جمے رہے اور اللہ نے ان کے حالات کو حل کیا دوسرے بھی اندر سے تیار ہیں مگر وہ بھی اپنے ساتھی کی مشکلات دیکھ کر ڈرے ہوئے ہیں۔

س: آپ نے اپنے خاندان والوں پر کام نہیں کیا؟

ج: الحمد للہ کام جاری ہے، اس کام کی بڑی تفصیلات ہیں، میری ٹرین کا وقت ہورہا ہے، پھر کسی ملاقات میں آپ تفصیلات سنئے تو آپ کو بہت مزا آئے گا۔

س: ایک منٹ میں ارمغان کے پاٹھکوں (قارئین) کے لئے کوئی پیغام آپ دیں گے؟

ج: اسلام سے بڑی کوئی سچائی نہیں اور جب یہ ایسی سچائی ہے تو اس کے ماننے والوں کو نہ اس پر عمل کرنے میں ڈرنا چاہئے نہ اس کو دوسروں تک پہنچانے سے رکنا چاہئے تھوڑی بہت مشکلیں آئیں گی، ہمارے مولانا صاحب کہتے ہیں کہ اسلام ایک روشنی ہے اور سارے باطل مذہب اندھیرے، اندھیرے کبھی اجالے پر حاوی نہیں ہوسکتے، اجالا ہی غالب ہوا کرتا ہے، کبھی کبھی جب روشنی کی کمی ہوتی ہے تو لگتا ہے کہ اندھیرے چھاگئے اور غالب آگئے مگر ذرا اجالا کیجئے اندھیرے لودگیارہ ہو جاتے ہیں، بس میرا یہ ماننا ہے اور یہی میرا پیغام ہے کہ وہ ہمیشہ روشنی والوں کی ہوتی ہے اس لئے کسی طرح کے ڈر کے بغیر اسلام

کی دعوت دینی چاہئے اور پیغمبر اسلام ﷺ کے سچی ہمدردی کا حق ادا کرنے کی نیت سے دعوت دی جائے تو مجھ جیسے اسلام اور مسلم دشمنی میں پلے، مخالفانہ ان کو ابری کا فیصلہ کرنے والوں کو جب ہدایت ہو سکتی ہے تو بھولے بھالے سادہ دماغ لوگوں پر اثر نہ ہو یہ کیسے ہو سکتا ہے؟

احمد: شکریہ! جزاک اللہ

[illegible]: اچھا اجازت دیجئے۔ السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

[illegible]: وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ، بہت بہت شکریہ، ان شاء اللہ جب بھی آپ آئیں گے تو دوسری قسط ضرور سنائیے گا۔

[illegible]: ان شاء اللہ ضرور

مستفاد از ماہنامہ ارمغان، اکتوبر ۲۰۰۶ء

جناب عبدالرحمٰن (انل راؤ) سے ایک ملاقات

> بس مسلمان بھائیوں سے تو میری درخواست یہی ہے کہ ہم جیسے دکھیاروں کے غم کو سمجھیں، جن کو اللہ نے ہدایت دی مگر ان کے ماں باپ دوزخ تک جا رہے ہیں، دوسرا بھائی ہے اس غم کو سمجھنے کی کوشش کریں اور نبی اکرم ﷺ نے جو ذمہ داری ہم مسلمانوں کے ذمہ سپرد کی ہے اس کے لئے فکر کریں۔

مولانا احمد اواہ ندوی

عبدالرحمٰن : السلام علیکم ورحمۃ و برکاتہ

احمد اواہ : وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ و برکاتہ

سوال: عبدالرحمٰن صاحب، ایک زمانہ قبل ہمارے یہاں سے ارمغان دعوت میں حضرت مولانا علی میاں نور اللہ مرقدہ کے نام آپ کا ایک خط شائع ہوا تھا، اس وقت سے آپ سے ملاقات کا اشتیاق تھا، آپ ایسے وقت تشریف لائے جب مجھے ایک دوسری بھی ضرورت درپیش تھی کہ پھلت سے شائع ہونے والے دعوتی ماہنامہ ارمغان میں دسترخوان اسلام پر آنے والے نئے خوش نصیب بھائی بہنوں کے انٹرویو شائع کرنے کا ایک سلسلہ چل رہا ہے، ستمبر کے شمارے کے لئے میں تلاش میں تھا کہ آپ سے ملاقات کروں، بہت اچھے وقت پر آپ کا آنا ہوا۔

جواب: مجھے بھی بعض بہت ضروری مشورے مولانا صاحب (مولانا کلیم صدیقی صاحب) سے کرنے تھے سالوں ملے بھی ہو گئے تھے، اچھا ہوا آپ سے بھی ملاقات ہو گئی، آپ سے

ملنے کا میرا بھی دل چاہتا تھا، اصل میں حیدرآباد کے ہمارے بہت سے دوست آپ کا بہت ذکر کرتے ہیں، وہاں کے اخباروں میں ارمغان کے حوالے سے انٹرویو شائع ہورہے ہیں، جن سے بڑی دعوتی فضا بن رہی ہے اور لوگوں میں الحمد للہ بڑا دعوتی جذبہ پیدا ہورہا ہے، ہمارے یہاں ورنگل سے بہت سے لوگ جماعت کے سفر کا خاص طور پر آپ سے ملاقات کے لئے پروگرام بنارہے ہیں، اللہ تعالیٰ آپ کی عمر اور علم میں برکت عطا فرمائے۔ دل بہت خوش ہوتا ہے کہ ہمارے حضرت کے صاحب زادہ بھی مشن سے جڑ گئے ہیں، اللہ تعالیٰ قبول فرمائے۔

س: آمین، اللہ آپ کی زبان مبارک کرے اور مجھ نا اہل کو بھی اپنے دین کی خدمت خصوصاً دعوت کے لئے قبول فرمائے آمین، جناب عبدالرحمن صاحب! آپ اپنا خاندانی تعارف کرائیں؟

ج: میں شہر ورنگل کے ایک بڑے تاجر کے گھر میں اب سے تقریباً ۵۰ سال پہلے ۱۳ راگست ۱۹۵۳ء کو پیدا ہوا نام انیل راؤ رکھا گیا پانچ سال کی عمر میں اسکول میں داخل ہوا، ۱۹۵۹ء میں ہائی اسکول پھر ۱۹۶۱ء میں بارہویں کلاس سائنس سائڈ سے پاس کی، اس کے بعد ۱۹۶۳ء میں بی ایس سی اور ۱۹۶۶ء میں فزکس سے ایم ایس سی (M.Sc.) کیا اور اس کے بعد Ph.D میں رجسٹریشن کرالیا۔

س: ایسی معیاری تعلیم کے باوجود آپ ہردوار رشی کیش کس طرح گئے؟

ج: میرے والد صاحب میری شادی کرنا چاہتے تھے اگرچہ جانے کیوں میرا دل اس طرح کے جھمیلوں سے گھبراتا تھا، میرے پتا جی نے شادی کے لئے دباؤ ڈالا تو میں گھر سے فرار ہوگیا، میں نے ہردوار کا رخ کیا، میں نے ارادہ کرلیا کہ مجھے برہم چاری کی (مجرد) زندگی گذارنی ہے، ہمارا گھرانہ آریہ سماجی تھا، ہریدوار میں ایک کے بعد ایک چھ آشرموں

میں رہا، مگر مجھے وہاں کا ماحول نہ بھایا، ہردوار میں ایک انجینئر صاحب بی ایچ ای ایل میں ملازمت کرتے تھے اور دہرہ دون کے رہنے والے تھے، میری ان سے اچھی دوستی ہوگئی، انھوں نے میری بے چینی دیکھ کر مجھے مشورہ دیا کہ مجھے رشی کیش میں شانتی کنج میں جانا چاہئے، یاد نہیں پر کسی اور سوامی آشرم کو تلاش کرنا چاہئے، میں نے رشی کیش جاکر تلاش شروع کی بہت تلاش کے بعد میں نے شری نتیانند جی مہاراج کے ستیا پرکاش آشرم کو اپنے لئے مناسب سمجھا، جہاں پر اکثر پڑھے لکھے لوگ رہتے تھے اور سوامی نتیانند جی خود بہت پڑھے لکھے تعلیم یافتہ آدمی تھے، وہ الہ آباد یونیورسٹی سے سنسکرت میں ڈاکٹریٹ کرکے ایک زمانہ تک وہاں ریڈر اور پھر پروفیسر رہ چکے تھے، چھ سال تک میں وہاں برہم چاری رہ کر گیان سیکھتا تھا، چھ سال کے بعد سوامی جی نے مجھ سے پریکشا (امتحان) کے لئے یگیہ کرائے اور مجھے شاستری کی پروان کی شاستری بننے کے بعد میں نے سات سال میں چوبیس یگیہ کئے، جن میں بڑا امتحان تھا، مگر میں سب کچھ تیاگ کر اپنے مالک کو پانے کے لئے آیا تھا اس لئے میں نے مشکل سے مشکل وقت میں ہمت نہ ہاری اور رودنگی سے آنے کے سات سال بعد میرے بھائی اور چچا جی مجھے ڈھونڈتے ڈھونڈتے رشی کیش پہنچے اور مجھے نہ جانے کس طرح تلاش کرلیا، آشرم میں آئے، ایک ہفتہ تک میری خوشامد کرتے رہے اور مجھے واپس گھر لے جانے کے لئے زور دیتے رہے، لیکن میرا دل گھر جاتے ہوئے گھبراتا تھا، میں نے اپنے والد اور بھائی کی بہت خوشامد کی اور مجھے ایشور کو پانے تک وہاں رہنے دینے کے لئے کہا، وہ مجھے چھوڑ کر اس شرط پر چلے گئے کہ وہ اپنے خرچ پر آشرم میں رہے گا اور دان وغیرہ یعنی صدقہ خیرات نہیں کھائے گا اور آشرم میں انھوں نے اندازہ سے اب تک کا خرچ بھی جمع کیا اور ایک بڑی رقم آئندہ کے لئے جمع کرا کے چلے گئے۔

[illegible] اتنے روز تک ایک پروفیسر سوامی کے زیرِ تربیت ایسے پڑھے لکھے لوگوں کے ساتھ

آشرم میں رہنے کے باوجود آپ کو اسلام کی طرف آنے کا خیال کیسے ہوا؟ آپ نے قبول اسلام کے بارے میں ذرا تفصیل سے بتایئے؟

جواب اصل میں جس سچے مالک کی تلاش میں میں نے وہ گھر چھوڑا تھا اس کو مجھ پر ترس آیا اور اس نے میرے لئے راستہ خود نکال لیا، احمد بھائی آپ کو معلوم ہے کہ آریہ سماج، ہندو دھرم کی بہت سنشودھت (اصلاح شدہ) شکل ہے، اس میں ایک خدا کی عبادت کا دعویٰ کیا گیا ہے، مورتی پوجا اور بہت سی پرانی دیومالائی باتوں کا انکار کیا گیا ہے، اس مذہب کی اصل کتاب ستیارتھ پرکاش ہے، جو سوامی دیانند سرسوتی کی تصنیف ہے۔ اس مذہب کے بانی سوامی دیانند اسلام مذہب اور اس کی تعلیمات سے بہت زیادہ متاثر ہوئے اور انھوں نے ہندوؤں کو مسلمان بننے سے روکنے کے لئے ہندو مذہب کو عقل کے مطابق بنانے کے لئے آریہ سماج کی بنیاد رکھی ان کا دعویٰ ہے کہ آریہ سماج سو فیصد ویدک دھرم ہے، جو گرنتھوں (دلائل) پر ٹکی ہے اور بالکل منطقی مذہب ہے مگر جب میں نے آریہ سماج کو پڑھا تو میرے دل میں بہت سی باتیں کھٹکتی تھیں [illegible] سخت ترین تپسیا (مجاہدہ) کے باوجود میں اپنے اندر کوئی تبدیلی محسوس نہیں کرتا تھا۔ میں کبھی کبھی سوامی جی آنند جی کے قریب ہونے کی کوشش کرتا تو میں ان کو بہت الجھا ہوا انسان پاتا، میں جب ان کے سامنے اپنے اشکالات رکھتا تو کبھی وہ جھنجھلا جاتے، مجھے محسوس ہوا کہ یہ خود بھی اپنی بات سے مطمئن نہیں ہیں، ۱۹۹۲ء میرے لئے بہت بہت سخت گزرا۔ میں نے باپو کو [illegible] تیرہ سال کے سنیاس (خلوت نشینی) کے بعد ان کے علاوہ لوگ شاستری جی کہنے لگے تھے، میں نے اپنے اندر کے انسان کو پہلے سے گھبرایا ہوا ہی پایا، طرح طرح کے خیالات میرے دل میں آتے، بعض دفعہ کئی روز تک میری نیند اڑ جاتی، کبھی خیال آتا کہ خدا کو پانے کا راستہ ہی غلط ہے، مجھے کسی اور راستے کو تلاش کرنا چاہئے، کبھی یہ خیال آتا

کہ میری آتما میں گندگی ہے، اس لئے مجھ پر کچھ اثر نہیں ہو رہا ہے، جب بھی رات کو مجھے نیند نہ آتی تو میں اٹھ کر بیٹھ جاتا اور من ہی من میں اپنے مالک سے دعائیں کرتا، سچے مالک آپ تو موجود ہے اور ضرور موجود ہے، تو اپنے اٹل راؤ کو اپنا راستہ دکھا دے، تو خوب جانتا ہے کہ میں نے سب کچھ صرف اور صرف تجھے پانے کے لئے چھوڑا ہے، اس دوران اترکاشی میں سخت ترین زلزلہ آیا، پورا پردوار اور رشی کیش دہل گیا، میرا دل اور بھی ڈر گیا، اسی طرح کسی دن میں بھی کسی حادثہ میں مر گیا تو میرا کیا ہوگا، ۱۷/دسمبر ۱۹۹۲ء کی رات تھی، مجھے سوامی جی نے بلایا اور کہا کہ ہریانہ کے ضلع سونی پت میں رائی میں ایک بڑا آریہ سماج آشرم ہے، وہاں وہ لوگ اپنا پچاس سالہ سماروہ (جشن) منا رہے ہیں، مجھے وہاں جانا تھا مگر میری طبیعت اچھی نہیں، یوں بھی اب آپ کا تعارف کرانا چاہتا ہوں، وہاں پروگرام کی صدارت اور ریکچر کے لئے کل آپ کو وہاں جانا ہے، مجھے یہ سن کر بہت خوشی ہوئی کہ سوامی جی مجھ سے کتنا پریم کرتے ہیں، خوشی خوشی کمرے میں آیا سفر کی تیاری کی مگر رات کو بستر پر گیا تو میرے من میں آیا کہ اس سنسار کے سامنے تعارف اور نام ہو بھی جائے تو کیا؟ کیا اسی لئے تو نے ورنگل چھوڑا تھا، ماں باپ بھائی بہن سب کچھ تیاگ کر کیا اسی نام کے لئے تو آیا تھا، میرا دل بہت دکھا، میری نیند اڑ گئی میں بستر سے اٹھا اور آنکھ بند کر کے مالک سے پرارتھنا کرنے لگا، میرا مالک تو سب کچھ کرنے والا ہے، مجھے گروکی آگیا ہے تو جانا ہے، میرے مالک کب تک میں اندھکار میں بھٹکتا رہوں گا، مجھے سچی راہ دکھا دے، وہ راہ جو تجھے پسند ہو وہ راستہ جس پر چل کر تجھے پایا جا سکے، خوب رو رو کر میں دعا کرتا رہا، روتے روتے میں سو گیا، میں نے خواب میں دیکھا، میں ایک مسجد میں ہوں وہاں ایک خوبصورت مولانا صاحب ہیں، ایک سفید چادر اوپر اور ایک نیچے لنگی باندھے تکیہ لگائے بیٹھے ہیں، بہت سارے لوگ ادب کے ساتھ بیٹھے ہیں، لوگوں نے بتایا کہ یہ حضرت محمد ﷺ ہیں،

میں نے لوگوں سے سوال کیا کہ وہ محمد صاحب جو مسلمانوں کے دھرم گرو ہیں، وہ تو خود
حضرت محمد ﷺ نے جواب دیا نہیں نہیں! میں صرف مسلمانوں کا دھرم گرو (رسول) نہیں
ہوں، بلکہ میں تمہارا بھی رسول ہوں، میرا ہاتھ پکڑا اور اپنے پاس بٹھایا اور بڑے پیار سے
مجھے گلے لگایا اور فرمایا کہ جو تلاش کرتا ہے وہ پاتا ہے تمہیں کوئی ہمدرد ملے تو قدر کرنا، آج کا
دن تمہارے لئے عید کا دن ہے، میری آنکھ کھل گئی میرے دل کا حال عجیب تھا، گدگدی سی
لگ رہی تھی، آپ ہی آپ خوش ہو رہا تھا، میرے ساتھیوں نے مجھے اتنا خوش کبھی نہیں
دیکھا تھا، وہ کہنے لگے کہ سوامی جی اپنی جگہ ادھیکشا (صدارت) کے لئے کھینچ رہے ہیں،
واقعی آپ کو خوش ہونا ہی چاہیے، ان کو کیا معلوم تھا کہ میں کیوں خوش ہو رہا ہوں، صبح
سویرے اٹھ کر میں رشی کیش بس اڈے پہنچا، وہاں سے سہارن پور پہنچا بس اڈے کے
سامنے ایک مسجد دکھائی دی، میں مسجد کے اندر گیا لوگ مجھے حیرت سے دیکھ رہے تھے میں
نے کہا کہ مالک کا گھر ہے درشن کرنے کے لئے آیا ہوں، میں نے مسجد کے اندر جا کر
چاروں طرف تلاش کیا کہ رات والے لوگوں میں کوئی ملے مگر مسجد خالی تھی، مسجد سے واپس
آیا اور بڑوت کی بس میں بیٹھ گیا، بڑوت سے مجھے ہریانہ کے لئے بس ملنی تھی، سونی پت
جانے والی ہریانہ روڈ ویز میں سوار ہوا، آگے کی سیٹ پر آپ کے ابی (مولانا کلیم صاحب
بیٹھے ہوئے تھے) میں نے ان سے معلوم کیا کہ آپ کے پاس کوئی اور ہے، انھوں نے کہا
نہیں، کوئی نہیں، آپ تشریف رکھئے، بہت خوشی کے ساتھ بٹھایا، مولانا صاحب نے مجھ
سے معلوم کیا کہ پنڈت جی کہاں سے آرہے ہو؟ میں نے کہا: رشی کیش ستیہ پرکاش آشرم
سے، انھوں نے سوال کیا کہ سونی پت جا رہے ہو؟ ہم نے کہا کہ نہیں رائی میں آریہ ست
آشرم کے پچاس سالہ جشن میں یگیہ کے لئے جا رہا ہوں، انھوں نے پوچھا کہ آریہ سماجی
ہیں؟ میں نے کہا جی ہاں، مولانا صاحب نے اخلاق کے ساتھ خیر خیریت معلوم کر کے

تھوڑی دیر میں بولے کہ بہت روز سے مجھے کسی آریہ سماج گرو کی تلاش تھی، اصل میں دھرم میری کمزوری ہے اور ہر دھرم کو پڑھتا ہوں، مجھے خیال ہوتا ہے کہ جو ہمارے پاس ہے وہ سچ ہے، یہ خیال تو اچھا نہیں، جو سچ ہے وہ ہمارا ہے وہ کہیں پر بھی ہو، یہ اصل سچائی کی بات ہے، میں نے ستیارتھ پرکاش بھی پڑھی اور بار بار پڑھی، کچھ باتیں سمجھ میں نہیں آئیں، شاید میری عقل بھی موٹی ہے، اگر آپ برا نہ مانیں تو آپ سے معلوم کرلوں؟ میں اعتراض کے طور پر نہیں بلکہ سمجھنے کے لئے معلوم کرنا چاہتا ہوں، میں نے کہا ضرور معلوم کیجئے، مولانا صاحب نے سوالات کرنے شروع کئے، میں جواب دیتا رہا، ایک کے بعد ایک سوالات کرتے رہے، بڑی بات یہ ہے کہ احمد بھائی، مولانا صاحب سوال کرتے تھے، مجھے ایسا لگتا تھا کہ مولانا کلیم صاحب اتنی ادا سے سوال نہیں کر رہے ہیں، بلکہ اٹل ارادہ سوامی دیانند جی سے سوال کر رہے ہیں، بالکل وہی سوالات جو میں اپنے سے کرتا تھا اور وہ مجھے جواب بند کر دیتے تھے، مجھ پر رات کے خواب کا اثر تھا، میں نے چار پانچ سوالوں کے بعد ہتھیار ڈال دئے اور مولانا صاحب سے کہا کہ مولانا صاحب یہ سوالات سارے میرے دل میں بھی کھٹکتے ہیں اور میرے گرو سوامی دیانند جی اس کا اطمینان بخش جواب نہیں دے سکے، پھر میں آپ کو کس طرح مطمئن کر سکتا ہوں، تھوڑی دیر خاموش رہ کر مولانا صاحب نے مجھ سے کہا میں ایک مسلمان ہوں، اسلام کے بارے میں سب کچھ تو میں بھی نہیں جانتا مگر کچھ جاننے کی کوشش کی ہے، میرا دل چاہتا ہے کہ میں کچھ اسلام کے بارے میں آپ کو بتاؤں اور اسلام کے بارے میں کچھ اشکال یا سوال آپ کے من میں یا عقل میں آتا ہو تو آپ بغیر جھجک کے مجھ سے سوال کر سکتے ہیں، مجھے کوئی ناگواری نہیں ہوگی، میں اسلام کے بارے میں کچھ بھی نہیں جانتا تھا اس لئے سوال کیا کرتا، بس ستیارتھ پرکاش میں کچھ پڑھا تھا مگر وہ بات میری عقل کو نہیں لگتی تھی، میں نے مولانا صاحب سے کہا کہ آپ اسلام کے

بارے میں مجھے ضرور بتائیں اور اگر حضرت محمد ﷺ کے جیون کے بارے میں مجھے بتائیں گے تو مجھ پر بڑا احسان ہوگا، مولانا صاحب نے مجھے بتانا شروع کیا اور سب سے پہلے مجھے بتایا کہ محمد ﷺ کے پریچے (تعارف) کے لئے بڑی غلط فہمی یہ ہے کہ لوگ سمجھتے ہیں کہ وہ صرف مسلمانوں کے دھارمک گرو (رسول) ہیں، حالانکہ قرآن میں جگہ جگہ اور حضرت محمد ﷺ نے بار بار یہ بتایا کہ وہ پوری انسانیت کی طرف بھیجے گئے آخری رسول (انتم سندیشٹا) ہیں، وہ جس طرح میرے رسول ہیں، اسی طرح آپ کے بھی ہیں، اب جو میں ان کے بارے میں بتاؤں تو آپ یہ سمجھ کر سنیں، آپ کو زیادہ آنند آئے گا، مولانا صاحب نے یہ کہا تو مجھے رات کا خواب یاد آیا اور مجھے ایسا لگا کہ رات جو لوگ حضرت محمد ﷺ کے ساتھ تھے یہ ان میں ضرور تھے اور وہ ہمدرد یہی ہیں، مولانا صاحب نے اپنے پیارے حضرت محمد ﷺ کے جیون، انسانیت پر ان کے ترس اور ان کو راست دکھانے کے لئے قربانیوں اور اپنوں غیروں کی دشمنی کا حال کچھ اس طرح بتایا کہ میں بار بار رو دیا، تقریباً ڈیڑھ گھنٹہ کا سفر پتہ بھی نہ لگا کہ کب پورا ہوا، بہال گڈھ آ گیا، مجھے بہال گڈھ اتر کر دوسری بس لینی تھی، مولانا صاحب کو سونی پت جانا تھا، مگر وہ بھی ٹکٹ چھوڑ کر میرے ساتھ بہال گڈھ اتر گئے مجھ سے کہا سردی کا موسم ہے، ایک کپ چائے ہمارے ساتھ پی لیں میں نے کہا بہت اچھا، میں نے سامنے ایک ریسٹورنٹ کی طرف اشارہ کیا کہ چلیں، مگر مولانا صاحب نے کہا کہ یہاں پر ہمارے ایک دوست کی دوکان ہے وہیں پر چائے منگا لیتے ہیں، ہم دونوں وہاں پہنچے چائے منگالی گئی، میں مولانا صاحب کو دیکھتا تو بار بار مجھے رسول اللہ ﷺ کا فرمان یاد آتا، کوئی ہمدرد ملے تو قدر کرنا، میں نے مولانا صاحب سے معلوم کیا کہ آپ لوگوں کو مسلمان بناتے ہیں تو کیا رسم ادا کرتے ہیں؟ مولانا صاحب نے کہا اسلام میں کوئی رسم نہیں یہ مذہب تو ایک حقیقت ہے بس دل میں ایک خدا کو سچا جان کر اس کو خوش

اور راضی کرنے کے لئے اور اس کے آخری اور سچے رسول کے بتائے طریقے پر زندگی
گزارنے کا عہد کرنے والا مسلمان ہوتا ہے۔ بس! میں نے کہا پھر بھی کچھ تو آپ کہلواتے
ہوں گے، انھوں نے کہا ہاں اسلام کا کلمہ ہے، ہم اپنے بھلے اور ساکشی (گواہ) بننے کے
لئے وہ کلمہ پڑھواتے ہیں، میں نے کہا کہ آپ مجھے بھی وہ کلمہ پڑھوا سکتے ہیں؟ مولانا
صاحب نے کہا بہت شوق سے پڑھیں، اشھد ان لا الہ الا اللہ واشھد ان محمدا عبدہ ورسولہ
مولانا صاحب نے اس کا ترجمہ بھی ہندی میں کہلوایا، احمد بھائی! میں زبان سے اس حال کو
بیان نہیں کر سکتا کہ اس کلمہ کو پڑھنے کے بعد میں نے اپنے اندر کیا محسوس کیا بس ایسا لگتا تھا
کہ ایک انسان بالکل اندھکار اور گھٹن سے بالکل پرکاش اور اجالے میں آ گیا اور اندر سے
جیسے نہ جانے کتنے بندھن سے آزاد ہو گیا، مجھے جب بھی وہ کیفیت یاد آتی ہے تو مجھے خوشی
اور مزا کا ایک نشہ سا چھا جاتا ہے ایمان کے نور کا مزا ماشاء اللہ، دیکھئے اب بھی میرا رواں کھڑا
ہو گیا ہے۔

س: ماشاء اللہ واقعی آپ پر اللہ کا خاص فضل ہے، آپ سچے متلاشی تھے اس لئے اس نے
آپ کو راہ دکھائی، اس کے بعد رائی کے پروگرام کا کیا ہوا؟

ج: مولانا صاحب نے مجھے بہت مبارکباد دی اور گلے لگایا، مجھ سے پتہ وغیرہ لیا اور
سونی پت جانے لگے، وہاں سے مرتدوں کے ایک گاؤں بھورا رسول پور جانا تھا، جو
۱۹۴۷ء میں مرتد ہو گئے تھے اور خاندانی ہندوؤں سے بھی زیادہ سخت ہندو ہو گئے تھے، میں
نے مولانا صاحب سے کہا کہ آپ مجھے کہاں چھوڑ کر جا رہے ہیں، اب آپ کو مجھے بھی
ساتھ لینا ہے، مولانا صاحب نے کہا کہ واقعی اب آپ کو میرے ساتھ ہی جانا بلکہ رہنا
چاہئے، مگر رائی کے پروگرام کا کیا ہوگا؟ میں نے کہا کہ اب مجھے اس پروگرام میں شریک
ہونا کیا اچھا لگے گا، مولانا صاحب میرے اس خیال سے بہت خوش ہوئے، پہلے کپڑے لیں،

ساتھ بے تکلف اور ڈمرو ہاتھ میں لئے میں بھی مولانا صاحب کے ساتھ ہولیا اور ہم لوگ بھورا رسول پور پہنچے، مولانا صاحب نے بتایا کہ اس علاقہ کے لوگ اسلام کو جانتے نہیں تھے، ان کو ایمان کی قدر و قیمت معلوم نہیں تھی، اس لئے ۱۹۴۷ء میں فسادات سے گھبرا کر یہ مرتد (ہندو) ہو گئے تھے، چھوٹے بچے کے ہاتھ میں ہیرا ہو، اس کو ہیرے کی قیمت کیا معلوم اب اگر اس کو کوئی ذرا دھمکا دے تو وہ ہیرا دے دیگا کہ یہ پتھر ہے، اگر وہ ہیرا جوہری کے ہاتھ میں ہو تو جان دے دیگا مگر ہیرا نہیں دیگا، اب ہم لوگ ان کو ایمان کی ضرورت اور قیمت بتا کر دوبارہ اسلام میں لانے کی کوشش میں ہیں، بھورا گاؤں میں ایک مسجد تھی بالکل ویران، مولانا صاحب نے بتایا کہ یہاں اب صرف ایک گوجر گھر مسلمان ہے، حالانکہ ۱۹۴۷ء سے پہلے یہ پورا گاؤں مولا جاٹ مسلمانوں کا تھا، اب یہ مولا جاٹ ایسے سخت ہو گئے ہیں کہ چند سال پہلے یہاں ایک تبلیغی جماعت آئی تھی، مسجد میں قیام کیا، یہ بیچارہ گوجر مسلمان ان کو لے کر مولا جاٹوں میں لے گیا، بس گاؤں میں فساد ہو گیا ان مرتدوں نے عدالت میں مقدمہ کر دیا کہ شر پھیلانے کے لئے یہ ہمارے یہاں ملاؤں کو لے کر آیا ہے، مقدمہ چلا اور اس بیچارے گوجر کو ایک گشت کی رہبری کی قیمت مقدمہ میں تقریباً بیس ہزار روپے لگا کر چکانی پڑی، اتر کاشی کے زلزلے کے جھٹکے یہاں تک آئے تھے، لوگوں کے دل ذرا ڈرے ہوئے اور نرم تھے، مولانا صاحب نے مسجد کے امام صاحب سے کہا کہ کوشش کرو، کچھ ذمہ دار لوگوں کو مسجد میں بلا لاؤ، کچھ مشورہ کرنا ہے، کم از کم کسی بہانے لوگ اللہ کے گھر میں آجائیں گے، امام صاحب نے کہا بھی کہ یہ لوگ مسجد میں نہیں آئیں گے، مگر مولانا صاحب نے کہا کوشش کریں، اگر آ گئے تو اچھا ہے ورنہ پردھان کے گھر میں لوگوں کو بلائیں گے، خدا کا کرنا ایسا ہوا کہ وہ لوگ مسجد میں آ گئے، میں نے مولانا صاحب سے پہلے کچھ کہنے کی خواہش ظاہر کی، مولانا صاحب نے اجازت دے دی، میں نے لوگوں سے اپنا

پریچے (تعارف) کرا دوں کہ میں ورنگل کے بہت بڑے تاجر کا بیٹا ہوں۔ ایم ایس سی کرنے کے بعد پی ایچ ڈی مکمل کرنے والا تھا کہ گھر والوں نے شادی کے لئے دباؤ دیا، میں دنیا کے جھمیلوں سے بچ کر ہردوار آ گیا، ایک کے بعد ایک تقریباً ہر آشرم کو دیکھا جہاں میں رشی کیش رہا وہاں بھی بہت سے آشرموں میں رہا، تیرہ سال وہاں تپسیا (مجاہدے) کرتا رہا، ۱۳ سال میں مجھے اس ہندو دھرم کے مرکز میں اس کے علاوہ کچھ نہ ملا کہ لوگ مجھے شاستری جی کہنے لگے، اس کے علاوہ شانتی جس کا نام ہے اس کا کہیں پتہ نہیں لگا، مالک کی مہربانی ہوئی مولانا صاحب کے ساتھ بڑوت سے بہان گڑھ تک کا سفر کیا، سچی بات کہتا ہوں جو شانتی مجھے ڈیڑھ گھنٹہ اسلام کی باتیں سن کر بڑوت سے بہان گڑھ تک مولانا صاحب کے ساتھ سفر کر کے اور کلمہ پڑھ کے ملی وہ ۱۳ سالوں میں مجھے نہیں ملی، میرے بھائیو! ایسے شانتی اور سچے دھرم کو چھوڑ کر اس بے چینی میں آپ کیوں واپس جا رہے ہیں، یہ کہتے ہوئے مجھ سے رہا نہ گیا اور میری ہچکیاں بندھ گئیں، میری اس سچی اور درد بھری بات کا وہاں کے لوگوں پر بڑا اثر ہوا اور وہاں کے لوگوں نے اسلامی اسکول قائم کرنے کے لئے آمادگی ظاہر کی، بلکہ اس کے لئے چندہ بھی دیا، اس میں سب سے زیادہ دل چسپی گاؤں کے پردھان کرن سنگھ نے دکھائی جو سب سے زیادہ اسلام کا مخالف تھا، مولانا صاحب بہت خوش ہوئے اور مجھے مبارکباد دی اور کہنے لگے آپ کا اسلام ان شاء اللہ نہ جانے کتنے لوگوں کے لئے ہدایت کا ذریعہ بنے گا۔

سوال: اس کے بعد آپ کہاں رہے؟

جواب: مولانا صاحب کے ساتھ پھلت واپس آئے، کپڑے اتارے، چوٹی کٹوائی، خط بنوایا اور حلیہ ٹھیک کرا کے مولانا صاحب نے مجھے جماعت میں چلہ لگانے کے لئے بھیج دیا، ہمارا چلہ متھرا کے علاقے میں لگا مجھے اپنے اسلام کی بہت خوشی تھی بار بار میں شکرانے کی

نماز پڑھتا تھا، میرے اللہ نے میری مراد پوری کی مگر جب میں ہندوؤں کو دیکھتا کہ بیچارے راستہ نہ معلوم ہونے کی وجہ سے کفر اور شرک کے لئے کیسی قربانیاں دے رہے ہیں تو مجھے خیال ہوتا کہ یہ تو مسلمان کا ظلم ہے کتنے لوگ روز کفر و شرک پر مر کر ہمیشہ کی دوزخ کا ایندھن بن رہے ہیں، پیارے نبی ﷺ نے تو یہ کام پورے مسلمانوں کے ذمہ سونپا تھا میں اس سلسلہ میں بہت سوچنے لگا اور میری خوشی ایک طرح غم کی طرف لوٹ آئی اس غم میں گھلتا تھا کہ کس طرح لوگوں تک حق پہنچے میں نے متھرا مرکز سے حضرت مولانا علی میاں کا پتہ لیا اور ان کے نام اپنے اس حال کے لئے خط لکھا وہ خط آپ نے ارمغان دعوت میں پڑھا ہوگا (وہ خط قارئین ارمغان کے لئے ذیل میں دیا جارہا ہے) آدرنیہ جناب مولانا علی میاں صاحب السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ آپ کو یہ معلوم ہو کر آشچریہ ہوگا کہ میں آپ کا نیا سیوک ہوں،...... کے ساتھ سفر کیا اور وہاں سفر کیا جماعت میں جارہا ہوں وہاں سے آکر ہریدوار میں کام کرنے کا ارادہ ہے وہاں پر شانتی کی تلاش میں آئے مجھ جیسے کتنے لوگ بھٹک رہے ہیں، آپ میرے لئے دعا کریں، ایک پرشن غلطی کی معافی کے ساتھ آپ سے کرتا ہوں جو لوگ اسلام کی دعوت نہ دینے کی وجہ سے اسلام سے دور رہ کر دنیا سے چلے گئے اور سدا کے نرک کے ایندھن بن گئے ان کی ذمہ داری کس پر ہوگی آپ سے دعا کی امید ہے۔ آپ کا سیوک عبدالرحمن (انل براؤ شاستری)

س: جماعت سے آنے کے بعد آپ نے کیا مشغلہ اختیار کیا؟

ج: میں نے جماعت میں ارادہ کیا تھا کہ میں ہریدوار اور رشی کیش جاکر دعوت کا کام کروں گا، کتنی بڑی تعداد میں حق کے متلاشی ہندو بھائی راہ معلوم نہ ہونے کی وجہ سے وہاں بھٹک رہے ہیں بلکہ اب تو بڑی تعداد انگریزوں اور یہودیوں کی بھی وہاں رہنے لگی ہے، مجھے ویسے بھٹکے لوگوں کو راستہ دکھانا ہے، میں جماعت سے واپس آیا تو مولانا صاحب نے

مجھ سے کہا: آپ کا میدان تو بہت بڑا اور روشن ہی ہے مگر پہلے اپنے گھر والوں کا حق ہے، آپ ایک آدھ سال ورنگل جا کر رہیں، میں ورنگل گیا وہاں جا کر معلوم ہوا کہ میرے والد اور والدہ کا انتقال ہو گیا ہے، وہ آخر تک مجھے یاد کرتے رہے اور تڑپتے رہے، ابھی تک مجھے غیر متعلق ہندوؤں کے کفر و شرک پر مرنے کا غم سوار تھا مگر اب میری ماں جس نے مجھے جنم دیا جس نے اپنے خون سے بنا دودھ پلایا، جس نے میرا پیشاب پاخانہ صاف کیا، میرے پیارے والد جو مجھے اپنی آنکھوں کا تارا سمجھ کر پالتے پوستے رہے، میرے گھر سے جانے کے بعد پانچ چھ سال تک سارے دیش میں مجھے تلاش کرتے رہے اور روتے پھرتے رہے، میرے ایسے محسن ماں باپ ایمان سے محروم کفر و شرک پر مر گئے اور وہ دوزخ میں جل رہے ہوں گے، بس یہ خیال میرے سینے کا ایسا زخم ہے" میرے بھائی احمد شاید آپ اس درد کو نہیں سمجھ سکتے یہ ایک زخم ہے جس کا کوئی مرہم نہیں اور ایسا درد ہے جس کی کوئی دوا نہیں اور جب میں سوچتا ہوں کہ مسلمانوں نے ان کو ایمان نہیں پہنچایا تو میں سوچتا ہوں کہ ایسے ظالموں کو کیسے مسلمان کہوں؟ یہ بات بھی ہے کہ مجھ کو مسلمان نے ہی راستہ دکھایا مگر شاید میرے لئے میرے ایمان سے زیادہ ضروری میرے ماں باپ کا ایمان ہے، جب کہ وہ اسلام سے بہت قریب تھے، اپنے گھر میں مسلمان ملازم رکھتے تھے، ڈرائیور ہمیشہ مسلمان رکھتے تھے، ہڈی کی فیکٹری میں سارے کام کرنے والے مسلمان تھے، ہندو دھرم میں ان کو ذرا بھی یقین نہ تھا، وہ کہا کرتے تھے کہ میں تو پہلے جنم میں مسلمان ہی رہا ہوں گا، اس لئے مجھے صرف اسلام کی باتیں اچھی لگتی ہیں، ایک روز وہ اپنے ڈرائیور سے کہنے لگے کسی بُرے کرم کی وجہ سے میں اس جنم میں ہندو پیدا ہو گیا، اگلے جنم میں امید ہے کہ میں مسلمان پیدا ہوں گا، احمد بھائی میں بیان نہیں کر سکتا کہ اس غم میں کس قدر گھلتا ہوں اور مجھے کبھی کبھی مسلمانوں پر بہت غصہ بھی آتا ہے، میرے بھائی کاش میں پیدا نہ ہوتا (روتے ہوئے)

آپ ذرا تصور کریں اس بیٹے کا غم اور زندگی کا دکھ جس کو یقین ہو کہ اس کے پیار سے مشفق و محسن ماں باپ دوزخ میں جل رہے ہوں گے۔ (بہت دیر تک روتے ہوئے)

سوال: کیا پھر اللہ تعالیٰ نے ان کو ایمان عطا کر دیا۔ جب وہ ایمان کے اس قدر قریب تھے ہو سکتا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے فرشتوں سے ان کو کلمہ پڑھوا دیا ہو ایسے بھی واقعات ملتے ہیں۔

جواب: ہاں میرے بھائی کاش یہ بات سچ ہو، جھوٹی تسلی کے لئے میں اپنے دل کو یہ بھی سمجھاتا ہوں مگر ظاہر ہے کہ یہ صرف تسلی ہے۔

سوال: باقی رشتہ داروں کی تو آپ فکر کرتے، آپ نے ان پر کچھ دعوتی کام کیا؟

جواب: الحمد للہ میرے بڑے بھائی، بھابھی اور دو بچوں کے ساتھ مسلمان ہو گئے تھے، والد کے انتقال کے بعد کاروبار پر بہت برا اثر پڑا، فیکٹری بند ہو گئی انھوں نے گھر بیچ کر اب گلبرگہ میں مکان خریدا ہے اور کاروبار شروع کیا ہے۔

سوال: آپ کی شادی کا کیا ہوا؟

جواب: میری طبیعت ذمہ داری سے گھبراتی ہے، اس لئے اندر سے دل شادی کے لئے آمادہ نہیں تھا، مجھ جیسے معذور کے لئے شاید شریعت میں گنجائش بھی ہوتی مگر مولانا صاحب نے نکاح کے سنت ہونے اور اس کے فضائل کچھ اس طرح بیان کئے کہ مجھے اس میں ہدایت معلوم ہوئی، میں نے ایک غریب لڑکی سے شادی کر لی ہے، الحمد للہ وہ بہت نیک سیرت اور حد درجہ خدمت گذار ہے اور اللہ تعالیٰ نے ہمیں دو بچے ایک لڑکا اور ایک لڑکی عطا فرمائے ہیں۔

سوال: ہردوار رشی کیش میں کام کے ارادہ کا کیا ہوا؟

جواب: والد اور والدہ کے کفر و شرک پر مرنے کے غم نے مجھے نڈھال کر دیا تھا، ایک زمانہ تک میرے ہوش و حواس ختم ہو گئے تھے، نیم پاگل جنگلوں میں رہنے لگا، بھائی صاحب

مجھے پکڑ کر لانے، علاج وغیرہ کرایا کئی سال میں جا کر طبیعت بحال ہوئی، تین سال پہلے میں رشی کیش گیا، ستیہ پرکاش آشرم پہنچا، سوامی جیا نند جی سے ملا، کچھ کتابیں میرے پاس تھیں، مولانا صاحب کی '' آپ کی امانت آپ کی سیوا میں'' ان کو بہت بھائی، وہ بہت بیمار تھے ان کے (غدود) میں کینسر ہو گیا تھا، ایک روز انھوں نے مجھے تنہائی میں بلایا اور مجھ سے کہا کہ میرے دل میں بھی یہ بات آتی ہے کہ اسلام سچا مذہب ہے مگر اس ماحول میں میرے لئے اس کو قبول کرنا سخت مشکل ہے، میں نے ان کو بہت سمجھایا کہ آپ اتنے پڑھے لکھے آدمی ہیں، اپنے دھرم کو ماننے کا ہر انسان کو پورے سنسار کے لوگوں کے سامنے قانونی حق ہے، آپ کھل کر اعلان کریں، مگر وہ ڈرتے رہے بار بار مجھ سے اسلام پر یقین کا ذکر کرتے، میں نے ان کو قرآن شریف ہندی ترجمے کے ساتھ لا کر دیا، وہ ما تھے اور آنکھوں سے لگا کر اس کو روز پڑھتے تھے، ان کی بیماری بڑھتی رہی، میں نے اس خیال سے کہ کفر پر مرنے سے بچ جائیں ان سے کہا کہ آپ سچے دل سے کلمہ پڑھ کر مسلمان ہو جائیں، چاہے لوگوں سے اعلان نہ کریں، دلوں کا بھید جاننے والا تو دیکھتا اور سنتا ہے، وہ اس پر راضی ہو گئے، میں نے ان کو کلمہ پڑھوایا اور ان کا نام محمد عثمان رکھا، موت سے ایک روز پہلے انھوں نے آشرم کے لوگوں کو بلایا اور ان سے اپنے مسلمان ہونے کا کھل کر اعلان کیا اور کہا کہ مجھے جلایا نہ جائے، بلکہ اسلام کے طریقہ پر دفنایا جائے، لوگوں نے اسلام کے طریقے پر تو نہیں بلکہ ہندوؤں کے طریقہ پر ان کو بٹھا کر سمادھی بنا دیا، اللہ کا شکر ہے کہ وہ یہاں کی آگ سے بھی بچ گئے، ان کے مسلمان ہونے پر رشی کیش میں بہت سے لوگ میرے مخالف ہو گئے، مجھے وہاں رہنے میں خطرہ محسوس ہونے لگا، میں نے پھلت جا کر پورے حالات بتائے، مولانا صاحب نے میرا حوصلہ بڑھایا کہ داعی کو ڈرنا نہیں چاہئے، قرآن کا ارشاد ہے: الذین یبلغون رسالات اللہ و یخشونہ ولا یخشون احدا الا

اللہ و کفی باللہ حسیبا (جو لوگ اللہ کا پیغام پہنچاتے ہیں اور اس سے ڈرتے ہیں اور وہ اللہ کے سوا کسی سے نہیں ڈرتے اور ان کے حساب کے لئے اللہ کافی ہے)

اللہ کی مدد ہمیشہ داعیوں کے ساتھ رہی ہے، کچھ روز قبل میں نے پھر رشی کیش کا سفر کیا، ہمارے آشرم کے کئی ذمہ دار اب میرے اور اسلام کے بہت قریب ہیں اور دوسرے آشرموں میں بھی لوگ مانوس ہو رہے ہیں، شانتی کنج کے تو بہت سے لوگ اسلام کو پڑھ رہے ہیں، امید ہے کہ دعوت کی فضا ضرور بنے گی، اب کافی لوگ میری باتیں محبت سے سنتے ہیں، میرا ارادہ مستقل وہیں رہ کر کام کرنے کا ہے، اللہ تعالیٰ مجھے ہمت عطا فرمائے۔

: بہت بہت شکریہ عبدالرحمن صاحب، آپ سے بہت سی باتیں قارئین ارمغان کے حوالے سے ہو گئیں، آپ ان کو کچھ پیغام دینا چاہیں گے؟

: بس مسلمان بھائیوں سے تو میری درخواست یہی ہے کہ ہم جیسے دکھیاروں کے غم کو سمجھیں، جن کو اللہ نے ہدایت دی مگر ان کے ماں باپ دوزخ میں جل رہے ہیں، ذرا گہرائی سے اس غم کو سمجھنے کی کوشش کریں اور نبی اکرم ﷺ نے جو ذمہ داری ہم مسلمانوں کے ذمہ سپرد کی ہے اس کے لئے فکر کریں۔

: واقعی آپ کی بات سچ ہے اللہ تعالیٰ ہمیں اس درد کو سمجھنے کی توفیق عطا فرمائے۔

: آمین

: جزاکم اللہ خیرا السلام علیکم

: وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

مستفاد از ماہنامہ ارمغان، ستمبر ۲۰۰۵ء

جناب نور محمد (رام پھل) سے ایک ملاقات

اسلام قبول کرنے سے پہلے میری ماں سے میری نہیں بنتی تھی، وہ میری اس خدمت سے مجھ سے بہت متاثر ہوئی اور ان کے دل میں خیال آیا کہ مسلمان ہو کر بیا ایسا ہو گیا ہے، میں نے موقع دیکھ کر ان سے مسلمان ہونے کو کہا وہ تیار ہو گئیں، میں نے ان کو کلمہ پڑھایا اور ان کا نام فاطمہ رکھا۔

مولانا احمد اوّاہ ندوی

احمد اوّاہ : السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

نور محمد : وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ

س : نور محمد صاحب ہمارے یہاں سے ایک اردو میگزین ارمغان کے نام سے نکلتا ہے، مجھے اس کے لئے آپ سے کچھ باتیں کرنی ہیں، تاکہ وہ باتیں اس رسالہ میں آئیں اور لوگوں کو ان سے فائدہ ہو۔

ج : احمد بھیا! مجھ دیہاتی سے آپ ایسی کیا باتیں کریں گے، جن سے لوگوں کو فائدہ ہو۔

س : آپ کو اللہ تعالیٰ نے ایسے زمانہ میں اپنے فضل سے ہدایت دی ہے، آپ کی زندگی میں اللہ کی کریمی کا نمونہ ہے۔

ج : ہاں بھیا! اس میں کیا شک ہے کہ میرے اللہ نے مجھے ہدایت دی، (روتے ہوئے) میں ہرگز ہرگز اس لائق نہیں تھا، اگر میرے رونگٹے رونگٹے میں ایک جان ہو اور اللہ کے شکر میں اس کو قربان کردوں پھر بھی شکر ادا نہیں ہو سکتا کہ جان اور روواں بھی اس کی امانت

(نعمت) ہے۔

سوال: آپ اپنا تعارف کرائیے، یعنی اپنا پریچے دیجئے؟

جواب: میرا پرانا نام رام پھل ہے۔ میں میرٹھ ضلع کے ایک گاؤں راوری کے گوجر گھرانے میں پیدا ہوا، پتا جی ایک چھوٹے کسان تھے، تقریباً ۱۵ سال ہوئے، ان کا دیہانت (انتقال) ہوگیا تھا، مجھے میرے اللہ نے تیرہ چودہ سال پہلے ہدایت دی، میں نے پھلت آکر آپ کے والد صاحب کے ہاتھ پر اسلام قبول کیا اور میری مرضی سے انہوں نے میرے بڑے بھائی کے نام پر میرا نام نور محمد رکھا۔

سوال: آپ کے بڑے بھائی بھی مسلمان ہوگئے تھے؟

جواب: جی ہاں! اصل میں مسلمان وہی ہوئے تھے اور مجھے ان کے صدقے میں ہدایت ملی

سوال: ذرا تفصیل سے اپنے قبول اسلام کا واقعہ سنایئے؟

جواب: میرے ایک بڑے بھائی جے پال تھے، وہ کھتولی میں میرٹھ والے لالاؤں کے یہاں ملازم تھے، ان کے یہاں کولھو کریشر کا بڑا کاروبار تھا، بھائی صاحب بڑے مذہبی مَن اور رحم دل آدمی تھے، کسی دکھی آدمی کو دیکھ نہیں سکتے تھے، کسی زخمی جانور کو دیکھ کر وہ بہت پریشان ہو جاتے، بڑے بھاوک (جذباتی) سے آدمی تھے، پھولوں، پودوں کو دیکھتے تو کھل جاتے، ستاروں کو دیکھتے تو بے تاب ہو جاتے، اٹھ کر بیٹھ جاتے، ساری ساری رات مالک کی تعریف کرتے رہتے تھے، ان کے کارخانہ کے پاس میں پھلت کے دو لوگوں کی دوکان تھی، جو فرنیچر وغیرہ بناتے تھے، ان کی دوکان پر آپ کے ابی (مولانا ۔م صاحب) کبھی کبھی آیا کرتے تھے، بھائی صاحب بھی ان سے ملتے دو چار لوگ جمع ہو جاتے، تو مولانا صاحب دین کی باتیں کرتے، میرے بھائی بھی نیچے بیٹھتے ان کو توجہ سے سنتے اسلام کی باتیں ان کے دل کو بہت بھاتیں، مولانا صاحب بتاتے ہیں کہ ان کو خیال ہی نہ تھا کہ

یہ شخص ہندو ہے، اگست کے مہینہ میں کھتولی میں چھڑیوں کا میلہ لگتا تھا، ۱۹۹۰ء میں میلہ
لگ رہا تھا، مولانا صاحب جا رہے تھے کہ میں سڑک سے جا رہا تھا تو نسیم الدین نے تیز آکر
مجھے سلام کیا اور کہا کہ دادری کا ایک گوجر میرٹھ والوں کے کارخانہ میں رہتا ہے، وہ آپ
سے ملاقات کے لئے تڑپ رہا ہے، آپ پانچ منٹ اس سے مل لیں، مولانا صاحب آکر
دوکان پر بیٹھے اور اندر کارخانہ سے ہمارے بھائی کو بلا لائے، بھائی صاحب نے مولانا
صاحب سے کہا کہ مولانا صاحب میں نے ایک سپنا دیکھا، دیکھا کہ ایک بہت خوبصورت
سنہرا رتھ (رتھ) ہے جیسے سونے کا ہو، اس پر بہت سارے حضرات یعنی مولانا لوگ بیٹھے
ہیں اور آپ اس رتھ کو چلا رہے ہیں، سامنے ایک بڑا محل ہے، بہت خوبصورت جس پر
ہیرے جڑے ہوئے ہیں، قمقمے سجے ہوئے ہیں، اس کے آٹھ دروازے ہیں، لوگ کہہ
رہے ہیں کہ یہ سورگ ہے، میں نے یہ سنا تو میں بھی رتھ میں لٹکنے لگا مگر آپ نے میرا ہاتھ
پکڑ کر اتار دیا کہ تو ہندو ہے، تو اس حال میں سورگ میں نہیں جا سکتا، آپ سب لوگ
سورگ میں چلے گئے اور میں روتا ہوا کھڑا رہ گیا، یہ کہہ کر بھائی صاحب مولانا صاحب سے
چمٹ گئے اور خوب روئے، مولانا صاحب آپ نے مجھے سورگ میں جانے کیوں نہیں دیا،
آپ کا کیا بگڑ جاتا؟ مولانا صاحب نے ان کو تسلی بھی دی اور کہا کہ بھائی مجھے تو اس خواب
کا پتہ بھی نہیں، مجھے کسی کو سورگ سے روکنے کا حق بھی نہیں، اصل میں سورگ سے آپ کو
اس نے روکا جو سورگ کا مالک ہے، اس کا قانون یہ ہے کہ اس نے صرف ایمان والوں اور
مسلمانوں کے لئے سورگ بنائی ہے، سچی بات یہ ہے کہ جو انسان ایمان نہ لائے اور
مسلمان نہ ہو اس کو تو اس دنیا میں رہنے کا حق ہی نہیں ہے، اس کو سنسار کی شکتی ہی نہیں،
غیر ایمان والا باغی اور غدار کی طرح دنیا میں رہتا ہے، اس دنیا کا مالک ایک اکیلا خدا ہے
اور اس نے اپنی دنیا کے لوگوں کے لئے ایک قانون اسلام اپنے سچے نبی ﷺ کے واسطہ

سے بھیجا ہے، جو آدمی اس اکیلے مالک کو نہ مانے اور اس کے بتائے ہوئے قانون اسلام کو نہ مانے وہ تو اللہ کا باغی اور غدار ہے، اس کو اس دنیا میں رہنے کا حق حاصل نہیں، پھر وہ سورگ میں کیسے جا سکتا ہے، اگر آپ کو سورگ میں جانا ہے تو کلمہ پڑھ کر مسلمان ہو جائیے، آج تو خواب دیکھ کر تو پچھتا رہے ہو موت کا کچھ پتہ نہیں کب آجائے، موت کے بعد اگر خدانہ خواستہ آپ مسلمان نہ ہوئے تو یہ خواب حقیقت بن جائے گا اور پھر یہاں لوٹ کر بھی نہیں آسکتے، بھائی صاحب نے کہا کہ دوری جیسے گاؤں میں آج کے فسادات کے دور میں اگر میں مسلمان ہو جاؤں تو میرے گھر کے لوگ مجھے مار ڈالیں گے، مولانا صاحب نے کہا، مار ڈالیں گے تو آپ شہید ہو جائیں گے اور بھی جلدی جنت میں جائیں گے، بھائی صاحب نے کہا اگر میں مسلمان ہو جاؤں تو مجھے گھر چھوڑنا پڑے گا، پھر میں کہاں رہوں گا؟ مولانا صاحب نے کہا کہ آپ پھلت آجائیے اور ہمارے یہاں رہیے، بھائی صاحب نے کہا کہ میں دو چار روز میں گھر والوں سے کہہ کر آؤں گا، مولانا صاحب بتاتے ہیں کہ ملاقات کر کے وہ پھلت چلے آئے، خیال تھا کہ وہ چار روز میں جے پال بھائی پھلت آئیں گے، مگر وہ نہیں آئے، نومبر کے آخر میں ایک روز مولانا صاحب ظہر کی نماز کے لئے نکلے تو دیکھا جے پال بھائی صاحب باہر بیٹھے ہیں، کچھ پھل وغیرہ لے کر آئے ہیں، مولانا صاحب سے گلے ملے اور بولے مولانا صاحب! آپ سوچتے ہوں گے دھوکہ دے گیا، اصل میں میرے نام کچھ زمین تھی میری ایک ماں ہے میں نے سوچا کہ ماں کی سیوا بھی ان کا حق ہے، میں یہاں سے چلا جاؤں گا ان کی سیوا کا کیا ہوگا؟ میں نے اپنے بھتیجے کو بلایا اور اس کو قسم دی اور اس سے وعدہ لیا کہ میں اپنی ساری زمین تیرے نام کرتا ہوں مگر شرط یہ ہے کہ تو میری ماں یعنی اپنی دادی کی دل سے سیوا کرے گا، وہ راضی ہو گیا، زمین اور گھر کا حصہ اس کے نام کرانے میں اتنا وقت لگ گیا، اب میں آگیا ہوں مجھے مسلمان

ہونے کے لئے کیا کرتا ہے؟ مولانا صاحب ان کو اپنے ساتھ مسجد میں لے گئے اور ان کو غسل کا طریقہ بتا کر مسجد کے غسل خانہ میں نہانے کے لئے کہا، محلہ میں ایک عرب جماعت آئی ہوئی تھی جماعت سے دو چار منٹ پہلے مولانا صاحب ان کو مسجد کے اندر والے حصہ میں لے گئے اور جا کر کلمہ پڑھوایا، مسجد کے صحن میں، دھوپ میں جماعت کے لوگ بیٹھے تھے سب دیکھنے لگے کہ اجنبی کو اندر کیوں لیجا رہے ہیں؟ جماعت کھڑی ہوگئی، مولانا صاحب نے بھائی صاحب کا نام نور محمد رکھا، اپنے برابر میں جماعت میں کھڑا کر لیا، کسی طرح نماز پڑھی نماز پڑھ کر گھر آئے کھانا وغیرہ کھایا، عصر کی نماز میں پھر مسجد گئے، نماز میں عرب لوگوں کو دیکھا، وہ بھائی صاحب کو بہت اچھے لگے، بھائی صاحب رات کو ان کے ساتھ رہے، اگلے روز اتوار کا دن تھا جماعت میرٹھ جانے والی تھی، بھائی صاحب نے مولانا صاحب سے کہا کہ میرا دل اس جماعت کے ساتھ جانے کو چاہ رہا ہے، مولانا صاحب نے امیر صاحب سے جو گجرات کے رہنے والے تھے بھائی صاحب کا تعارف کرایا اور ان کی خواہش کا ذکر کیا، امیر صاحب نے خوشی کا اظہار کیا اور بہت اصرار کے باوجود مولانا صاحب سے خرچ وغیرہ بھی نہیں لیا، جماعت میرٹھ چلی گئی، تین چار روز کے بعد مولانا صاحب نے بھائی صاحب کی خبر لینے کے لئے ایک حافظ صاحب کو میرٹھ بھیجا تو معلوم ہوا کہ جماعت میرٹھ پہنچی پیر کے روز صبح فجر کے بعد کلمہ اور نماز وغیرہ یاد کرانے کے لئے نور محمد کو تلاش کیا گیا تو کسی نے بتایا کہ آج شاید انھوں نے فجر کی نماز بھی نہیں پڑھی، وہ اندر تہجد کی نماز پڑھ رہے تھے، تلاش کے لئے ایک ساتھی اندر مسجد میں گئے، تو دیکھا کہ سہ دری کے برابر میں ایک الگ حصہ ہے اس میں سجدہ میں پڑے ہیں، ساتھی نے آواز دی مگر انھوں نے نہیں سنی، خیال کیا کہ سجدہ میں نیند آگئی ہے مگر ہلایا گیا تو معلوم ہوا کہ وہ ہمیشہ کے لئے آغوش رحمت میں سو چکے ہیں، کل دو نمازیں فرض اور ایک تہجد

انھوں نے پڑھی، جو مشکل اس موت کی تمنا کرتا تھا ظہر کی نماز میں ان کو میرٹھ میں دفن کر دیا گیا۔

س: ہاں ہاں یہ واقعہ ابی اکثر سنایا کرتے ہیں، وہ آپ کے بھائی کا واقعہ ہے؟ آپ اپنے اسلام کی بات بتائیے؟

ج: بھیا! اصل میں ہم لوگوں کا اسلام تو بھائی صاحب کے ایمان کا صدقہ ہے ایک زمانہ تک ہمیں معلوم نہیں ہوسکا کہ ان کا انتقال ہو گیا ہے، مگر وہ میرے لڑکے کے سپنے میں بہت آتے تھے، زیادہ تر اسلامی لباس میں ٹوپی، کرتے اور داڑھی کے ساتھ ایک بار میرے بیٹے کو خواب دکھائی دیا، بھائی صاحب یہ کہہ رہے ہیں کہ بیٹا میں نے ساری زمین جائیداد تیرے نام کی ہے، تو میرا ایک کام کر دے، ایک درجن کیلے لے کر پھلت میں بڑے مولانا صاحب کے پاس پہنچا دے، وہ صبح کو اٹھا اور کھتولی سے کیلے خریدے اور پھلت گیا، مسجد کے ملاجی اس کو آپ کے گھر لیکر گئے مولانا صاحب لکھنؤ گئے ہوئے تھے، وہ کیلے مولانا صاحب کے بہنوئی کو دے آیا، کہ مولانا صاحب سے کہنا کہ بادری والے ہے جے پال نے یہ کیلے بھیجے ہیں، ایک بار اس کو خواب میں آکر مولانا صاحب کو ایک کلو مٹھائی پھلت جا کر دینے کو کہا، وہ مٹھائی لے کر گیا، مولانا صاحب کہتے ہیں کہ اللہ کے لئے محبت یہ ہے کہ مرنے کے بعد بھی باقی رہتی ہے، بھائی نور محمد مرنے کے بعد جنت میں بھی تحفے بھیج رہے ہیں، ایک ہمارے گاؤں میں جھگڑا ہو گیا ایک بڑے اور طاقت ور آدمی نے کچھ غریبوں اور کمزوروں پر بہت ظلم کیا، میرا دل بہت دکھا ہوا تھا، رات کو دیر تک نیند نہیں آئی، من من میں مالک سے شکایت کرتا رہا کہ مالک جب سب کچھ دیکھتا ہے تو یہ اتیاچار کیوں ہوا، دیر رات کو نیند آئی، سپنا دیکھا لوگوں کی بھیڑ ایک طرف کو جارہی تھی، میں نے معلوم کیا کہ یہ بھیڑ کہاں جارہی ہے، اچانک بھائی صاحب کو دیکھا، انھوں نے کہا یہ بھیڑ پھلت جارہی ہے، مسلمان ہونے اور مسلمان ہو کر سورگ میں جانے، رام چل جلدی کر ورنہ تو

پیچھے رہ جائے گا، جلدی جلدی پھلت جا کر مولانا صاحب سے کہنا کہ مجھے مسلمان بنادو، تاکہ میں بھی سورگ میں چلا جاؤں، میں تو اپنے مالک کے کرم سے سورگ میں آ گیا ہوں، آنکھ کھل گئی بیٹے مجھے بہت کم دکھائی دیتے ہیں، مگر اس سپنے نے مجھے بے چین کر دیا، صبح ہوئی تو میں پھلت پہنچا، بڑی مسجد گیا، حاجی صاحب مجھے مولانا صاحب کے یہاں لے گئے مولانا صاحب کہیں گئے ہوئے تھے، معلوم ہوا کہ رات میں آجائیں گے، رات تک انتظار کیا، مگر مولانا صاحب نہ آسکے صبح کو سو کر اٹھا تو معلوم ہوا کہ مولانا صاحب رات ڈیڑھ بجے آ گئے ہیں، پیر کا دن تھا مولانا صاحب کا پھلت رہنے کا دن تھا، صبح سے لوگ آنا شروع ہو گئے، مولانا صاحب سے ملاقات کر کے جاتے رہے میرا نمبر دیر میں آیا نو بجے میری ملاقات ہوئی میں نے معلوم کیا کہ آپ جے پال جی دادری والوں کو جانتے ہیں، انھوں نے کہا خوب، وہ میرے پاس آئے تھے اور ان کے اسلام کا پورا واقعہ بتایا، میں نے اپنا خواب سنایا، مولانا صاحب نے مجھے مبارکباد دی اور بتایا کہ آج ہی رات میں انھوں نے بھی خواب دیکھا کہ نور محمد بہت اچھے لباس میں ہیں اور کہہ رہے ہیں کہ میرا چھوٹا بھائی رام پھل آ رہا ہے، اس کو مسلمان ہوئے بغیر جانے مت دیجئے، مولانا صاحب نے میرا نام معلوم کیا اور کہا آپ نور محمد کے چھوٹے بھائی رام پھل ہیں؟ مولانا صاحب سے بغیر بتائے نام سن کر مجھے اپنے خواب کے اور سچا ہونے کا یقین ہو گیا، میں نے مولانا صاحب سے خود بھی مسلمان ہونے کو کہا مولانا صاحب نے مجھے کلمہ پڑھوایا اور مجھ سے کہا کہ اگر آپ اسلامی نام رکھنا چاہیں تو نام بدل سکتے ہیں، نام بدلنا کوئی ضروری نہیں، اصل میں دل کا بدلنا ضروری ہے، میں نے کہا کہ آپ میرا نام ضرور رکھ دیں اور اچھا ہے کہ جو نام لے کر میرے بڑے بھائی سورگ میں گئے ہیں، میرا نام بھی وہی رکھ دیں، کیا میرا نام نور محمد رکھا جا سکتا ہے؟ مولانا صاحب نے کہا کوئی حرج نہیں اور میرا نام نور محمد رکھ دیا، ایک روز رہ کر میں

اپنے گھر واپس چلا آیا، میں نے اگلے روز اپنی بیوی سے پورا حال بتایا، وہ بہت ناراض ہوئی
اور اس نے میرے خاندان والوں کو بتا دیا، میرے چچا گاؤں کے پردھان تھے، گاؤں میں
پنچایت ہوئی، کئی لوگوں نے کہا کہ اس کا منھ کالا کر کے گدھے پر بٹھا کر جلوس نکالو، کسی نے
کہا اس کو گولی مار دو، یہ کافر ہو گیا، ہمارے گاؤں کے ایک ریٹائرڈ پرنسپل بھی اس پنچایت
میں تھے، انھوں نے کہا یہ زمانہ ترکوں (دلائل) کا ہے، آپ اس کو سمجھاؤ اور یہ ثابت کرو کہ
یہ ہندو دھرم اسلام سے اچھا ہے، زبردستی سے آپ اس کے دل کو نہیں بدل سکتے، اچھا ہے
آپ اس کو اس کے حال پر چھوڑ دو، کیونکہ وہ بہت معزز آدمی تھے، ان کے سمجھانے سے
پنچایت ختم ہوئی، میری ماں نے مجھے بہت سمجھایا، ان کا خیال تھا کہ پھلت والوں نے اس
پر جادو کر دیا ہے، وہ ہمارے لئے مجھے پھلاؤدہ لے گئیں، چیرمین صاحب جو بڑے عامل
سمجھے جاتے ہیں، ان کے پیروں میں پڑ گئیں کہ میرے بیٹے پر جادو کرا دیا گیا، وہ کافر ہو گیا
آپ مجھ پر دیا کرو، انھوں نے ماں کو تسلی دی، اس پر کوئی جادو نہیں، نسک کی لہر ہے، آپ بھی
پھلت والوں سے جا کر ملیں، وہ بہت مہان آدمی ہیں، وہ ہر دکھیارے کی مدد کرتے ہیں،
وہاں سے ہم دونوں لوٹے، میں نے ماں کو بہت سمجھایا کہ ماں آپ بھی مسلمان ہو جاؤ،
سب سے زیادہ ہمارے چچا پردھان جی کو دکھ تھا، وہ کہتے تھے کہ رام چند نے برادری میں
منھ دکھانے لائق نہیں چھوڑا، عاجز آ کر انھوں نے ایک دن پورنیا کے بہانے ایک دعوت
کی، میں نے خواب میں آپ کے والد کو دیکھا، مولانا صاحب مجھ سے کہہ رہے ہیں کہ پورنیا
کی دعوت میں کھیر کا جو پیالہ تمہارے سامنے ہے، اس میں زہر ہے، اسے مت کھانا، دعوت
ہوئی تو میں نے خواب کا منظر سامنے پایا، میرے چاچا نے میرے آگے کھیر کا پیالہ رکھا، میں
نے روٹی کھانا شروع کی اور موقع پا کر وہ پیالہ چاچا کے سامنے کر دیا، ان کو پتہ نہیں لگا،
دو تین چمچے انھوں نے کھائے، ان کا حال بگڑ گیا، الٹیاں شروع ہو گئیں، فوراً ان کو میرٹھ لے

کر گئے مگر وہ بچ نہ سکے اور ان کا دیہانت ہو گیا ان کے کریا کرم سے فارغ ہو کر میں پھلت آیا مولانا صاحب سے سارا قصہ سنایا اور معلوم کیا کہ آپ کو کیسے معلوم ہو گیا کہ ان کھیر میں زہر ملایا گیا ہے، مولانا صاحب نے کہا کہ غیب کی بات اللہ کے علاوہ کوئی نہیں جانتا، اللہ اپنے بندوں کو بچاتے ہیں اور ایمان والے لوگ جس کسی سے محبت ہوتی ہے، اس کی صورت میں اپنے فرشتوں کو بھیج کر رہبری کرتے ہیں، اللہ مہربان رب کہتے ہیں، گھر جا کر میں نے اپنی ماں کو بھی سارا قصہ سنایا، میرے کاپھر (کافر) ہونے کے باوجود چاچا کی بدبختی ان کو بہت بری لگی اور وہ اسلام سے قریب ہو گئیں، چاچا کے دونوں لڑکے اب میری جان کے دشمن ہو گئے اور میں نے روز روز کے جھگڑوں سے بچنے کے لئے گاؤں چھوڑ دیا، پھلت جا کر رہنے لگا، میرے گھر والے پھلت جا کر پیچھا کرتے تھے مگر ان کا کوئی بس وہاں نہیں چلتا تھا۔

سوال: آپ پھلت کتنے دن رہے؟

جواب: میں تین سال سے زیادہ پھلت رہا، وہاں نماز وغیرہ یاد کی، ذکر کرتا تھا اور آنے جانے والے مہمانوں کی خدمت کرتا تھا۔

سوال: سنا ہے آپ پھلت میں رہتے تھے تو نماز میں بہت روتے تھے؟

جواب: بھیا میں کیا روتا تھا (روتے ہوئے) ایک گندے ناپاک قطرہ سے بنے انسان کو اتنے بڑے مالک کے سامنے جانا مل جائے اور اپنے پیارے اللہ سے ملاقات نصیب ہو جائے تو رونا تو چڑھے ہے، داروغہ تھانے میں بلالے تو کیا حال ہو جاتا ہے، مالک کے سامنے جا کر کیا حال ہونا چاہئے، جہاں میں نے نیت باندھی میرے دل میں خیال آیا کہ یہ گندا نطفہ اور کہاں آپ کا دربار، مسجد میں جاتا ہوں تو ایسا لگتا ہے کہ اپنے مالک کے، جو میرا محبوب بھی ہے قدموں میں سر رکھ رہا ہوں، مولانا صاحب نے مجھے نماز کے ساتھ نماز کا ترجمہ بھی یاد کرا دیا تھا مجھے یہ خیال ہوتا تھا کہ نماز میں التحیات اور درود کیوں ہے؟ ایک روز

مولانا صاحب نے بیان کیا کہ معراج میں ہمارے نبی کے صدقہ میں ہمیں اللہ سے ملاقات کا یہ موقع نصیب ہوا، اس لئے نماز کے آخر میں معراج کا وہ مکالمہ اور نبی پر درود پڑھ کر ہمارے نبی ﷺ کا احسان یاد کیا جاتا ہے، میرے دل کو یہ بات بہت لگی اب میرا دل التحیات اور درود شریف میں بہت بھر بھر آتا ہے، مجھے ایسا لگتا ہے کہ پیارے نبی ﷺ کی روح بھی مجھ سے خوش ہے۔

سوال: سنا ہے کہ آپ کو حضور اقدس ﷺ کی کافی زیارت ہوئی ہے؟ ایک آدھ خواب سنایئے۔

جواب: میں الحمد للہ درود اور التحیات بہت دل سے پڑھتا ہوں اور جب سے حضور اقدس ﷺ کی زیارت بھی مجھے خوب ہوئی ہے سب سے پہلے جب مجھے حضور اقدس ﷺ کی زیارت ہوئی، آپ ایسے ہی جیسے ہیں، ذرا عمر کچھ زیادہ اور رنگ صاف ہے اور مجھ سے فرما رہے ہیں کہ جا اپنی ماں کو کلمہ پڑھوادے، وہ تیار ہے اور تیرا انتظار کر رہی ہے، میں نے صبح کو مولانا صاحب کو بتایا، مولانا صاحب نے مجھے گھر جانے کا مشورہ دیا، میری ماں بہت بیمار تھی میں نے ڈاکٹر کولا کر دکھایا، میں ان کی خدمت کے لئے گھر رک گیا، میرا بیٹا بھی ان کی بہت سیوا کرتا تھا، ان کو دستوں کا مرض ہو گیا تھا بار بار کپڑے خراب ہو جاتے تھے میں اپنے ہاتھوں سے ان کو نہلاتا اور کپڑے وغیرہ دھوتا، اسلام قبول کرنے سے پہلے میری ماں سے میری نہیں بنتی تھی، وہ میری اس خدمت سے مجھ سے بہت متاثر ہوئی اور ... میں خیال آیا کہ مسلمان ہو کر یہ ایسا ہو گیا ہے، میں نے موقع دیکھ کر ان سے مسلمان ہونے کو کہا، وہ تیار ہو گئی، میں نے ان کو کلمہ پڑھایا اور ان کا نام فاطمہ رکھا اللہ کا کرم ہے کہ وہ اچھی بھی ہو گئیں، گاؤں والوں کو میرا گاؤں میں آنا اچھا نہیں لگا، وہ میرے ساتھ دشمنیاں کرتے رہے، کئی بار مجھ پر حملے بھی ہوئے مگر اللہ کا شکر ہے کہ اللہ نے مجھے بچالیا، میں اپنے

پھلت جا کر مشورہ کیا مولانا صاحب نے مجھے گاؤں چھوڑنے کو کہا، میں اپنی ماں کو لے کر میرٹھ میں ایک کمرہ کرایہ پر لے کر رہنے لگا، شروع میں کمرہ کرایہ پر لے لیا بعد میں مولانا صاحب نے مجھ سے کہا اسلام روزگار میں سب سے زیادہ تجارت کو پسند کرتا ہے، ہمارے نبی ﷺ نے بھی تجارت کی ہے، میں نے سبزی کی تجارت شروع کی، اس کے بعد مولانا صاحب نے لوہے کی تجارت میں نفع ہونے حدیث سنائی، تو میں نے کباڑے کی دوکان کرلی، میرا کام بہت اچھا چل گیا، میرا بیٹا بھی میرے یہاں آکر مسلمان ہوگیا، گاؤں والوں کو میرا پتہ معلوم ہوگیا وہ میرٹھ میں بھی میرا پیچھا کرتے رہے، میرے چاچا کے بڑے بیٹے نے ایک بدمعاش کو دس ہزار روپے مجھے گولی مارنے کے لئے دیئے، میں نے خواب میں حضور ﷺ کی پھر زیارت کی کہ کل تمہیں مارنے کے لئے بدمعاش آئے گا، اس کا نام محمد علی ہے، وہ کالی پینٹ اور نیلی قمیص پہنے ہوگا، اس سے کہنا کہ محمد علی ہوکر ایک رام پھل کے نور محمد بیٹے پر مجھے مارنے آئے ہو، میں رات کو دوکان بند کر کے جانے والا تھا، وہ شخص آیا، میں نے فوراً اس سے کہا کہ محمد علی ہو کر ایک رام پھل کے 'نور محمد' بیٹے پر مارنے آئے ہو، وہ حیرت میں پڑ گیا، اس نے حیرت سے پوچھا تمہیں میرا نام کس نے بتایا، میں نے کہا اس نے بتایا جو سارے سچوں کا سچا ہے، جس نے دنیا کو سچ سکھلایا ہے، میں نے اس کو رات کا خواب بتایا، اپنی قبول اسلام کی داستان سنائی، وہ چمٹ کر مجھ سے رونے لگا، میرے ہاتھ میں ریوالور دے کر کہنے لگا، اپنے پیارے نبی ﷺ کے نام کو بدنام کرنے والے محمد علی سے تم رام پھل کے بیٹے اچھے ہو، ایسے کمینے کو زندہ رہنے کا حق نہیں، لو میرے پیٹ میں گولی ماردو، میں نے اس سے کہا گولی مارنے سے کام نہیں چلے گا، سچی توبہ ہر گناہ کا علاج ہے، اللہ سے توبہ کرو اور جماعت میں چلے جاؤ، اس نے وعدہ کیا وہ صبح کو میرے یہاں آیا، میں اس کو لے کر حوض والی مسجد گیا اور وہ مجھ سے قرض لے کر جماعت میں چلا

گیا، مرکز میں مجھے ایک جماعت کے ساتھی نے وہ جگہ دکھائی، جہاں میرے بھائی نے تہجد کی نماز میں مسجد میں انتقال کیا تھا، میں رات کو مسجد میں رکا، تہجد اسی جگہ پڑھی، دیر تک سجدہ میں اس امید پر پڑا رہا کہ شاید یہیں جنت کا دروازہ ہے، مجھے مسجد میں نیند آگئی اور نبی ﷺ کی زیارت ہوئی، فرمایا: جنت اہل ایمان کے لئے ہے، مگر ابھی تمہیں بہت کام کرنا ہے، آنکھ کھل گئی میں سوچ میں پڑ گیا مجھ گندے کو کیا کام کرنا ہے، میں سوچتا رہتا تھا کیا میں بھی کچھ کام کرسکتا ہوں، ہمارے نبی کا کچھ کام، میرٹھ میں بھی میرے لئے رہنا مشکل ہوگیا، مولانا صاحب سے مشورہ کیا تو انھوں نے مجھے میرٹھ چھوڑنے کا مشورہ دیا، پہلے پنجاب، پھر ہریانہ، مگر میرا کام نہ جم سکا، قرض بڑھتا گیا، مجھے کسی نے کانپور جانے کا مشورہ دیا، مولانا صاحب نے استخارہ کو کہا، اتفاق سے مولانا کے ایک جاننے والے کانپور سے آگئے اور میں ان کے ساتھ کانپور آگیا، الحمد للہ چار سال میں یہاں میرا خوب کام سیٹ ہوگیا، سارا قرض بھی اتر گیا، پہلے میں نے اپنے بیٹے کی شادی کی اور اب گذشتہ سال ایک بیوہ سے میں نے مسلمان کرکے شادی کرلی ہے، اس کے چھ بچے بھی میری تربیت میں مسلمان ہیں۔

سوال: ماشاء اللہ بہت مبارک ہے، آپ مسلمانوں کو کچھ پیغام دینا چاہیں گے؟

جواب: ایک تو درخواست میری آپ سے ہے اور میں نے یہ سفر مولانا صاحب سے دعا کی درخواست کے لئے کیا ہے اور سب مسلمانوں سے بھی دعا کی درخواست ہے کہ میں نے اپنے ساتھ ایک دعوتی ٹیم بنائی ہے، جس نے ایک تو بنگالی خانہ بدوشوں اور ایک مدھیہ پردیش کے جنگلی لوگوں میں دعوت کا کام شروع کیا ہے، اصل میں میرا ایک چلہ تو جنگر میں لگا، وہاں پر جگہ جگہ بنگالی لوگوں کی کچی پکی بستیاں ہیں، ان میں اس وقت ہمارے مولانا صاحب کے ساتھی کام شروع کررہے تھے اور ایک چلہ کھنڈوہ کے علاقہ میں لگا، وہاں پر ای

طرح کی آبادی جیلوں کی رہتی ہے، وہاں پر میں نے محسوس کیا کہ ان لوگوں میں کام کیا جائے تو فوج کی فوج مسلمان ہوسکتی ہے کانپور میں سینٹ ہو کر پچھلے سال میں نے دس ہزار کئے، مجھے اللہ سے امید ہے کہ لاکھوں لاکھ لوگ انشاء اللہ مسلمان ہوں گے، میری تمام مسلمانوں سے درخواست ہے کہ ایسی نہ جانے کتنی آبادیاں ہوں گی اگر سنجیدگی سے کوشش کی جائے تو کتنے لوگ دوزخ سے بچ سکتے ہیں، اپنے اپنے حالات کے لحاظ سے دعوت کی فکر کرنی چاہئے۔

سوال: بہت بہت شکریہ! نور بھائی آپ بڑے خوش قسمت ہیں، آپ ہمارے لئے بھی دعا کریں۔

جواب: پیارے بھیا، ایسا احسان فراموش کون ہوسکتا ہے، جو آپ کے اور آپ کے گھرانے والوں کے لئے دعا نہ کرتا ہو، روتے ہوئے، رواں رواں آپ کے گھر کے احسان میں دبا ہوا ہے، میں اپنی کھال کی جوتیاں بنادوں تو آپ کے گھر کے احسان کا بدلہ ادا نہیں کرسکتا اللہ تعالیٰ قیامت تک آپ کے گھرانے کو پورے عالم کی ہدایت کا ذریعہ بنائے رکھے۔

سوال: آمین، ہمارے گھرانے کا کچھ نہیں، اصل میں تو اللہ کی طرف سے آپ کے لئے ہدایت کا فیصلہ ہوا۔

جواب: ہاں میرے اللہ کا تو اصل کرم ہے ہی،

سوال: اچھا! السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ، اللہ حافظ فی امان اللہ

جواب: وعلیکم السلام، اللہ حافظ

مستفاد از ماہنامہ ارمغان، جولائی و اگست ۲۰۰۳ء۔

انجینئر محمد خالد (ونود کمار کھنہ) سے ایک ملاقات

> اس لئے میں کہتا ہوں کہ مسلمانوں میں دعوتی شعور بیدار ہونا بہت ضروری ہے، اگر مسلمانوں کو ذمہ داری کا احساس ہو جائے تو پھر دعوت کا کام بالکل آسان ہے اور ماحول بہت سازگار ہے، ادھر تو پیاس ہے بے چینی ہے، بس ہم میں ان کو کچھ دینے اور سیراب کرنے کا شعور ہی نہ ہو تو پھر کیا کیا جائے؟ اس لئے مولانا صاحب ہر وقت اس غم میں گھلتے رہتے ہیں، اور دن رات یہی بات کہتے ہیں کہ بس مسلمانوں سارے انسانوں بلکہ کائنات کے سارے مسائل کا حل یہ ہے کہ مسلمانوں کو دعوتی ذمہ داری کا احساس ہو جائے۔

مولانا احمد اواہ ندوی

محمد خالد : السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ

احمد اواہ : وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ

سوال : خالد صاحب آپ کو ایک زحمت دینی ہے، ہمارے یہاں پھلت سے ایک اردو دعوتی میگزین ارمغان کے نام سے نکلتی ہے، اس کے لئے آپ سے کچھ باتیں کرنی ہیں؟

جواب : ہاں احمد بھائی ارمغان سے میں خوب واقف ہوں اس میں میرا نام بھی ہو جائے تو میرے لئے بڑی خوش قسمتی کی بات ہوگی، آپ جو حکم کریں میں تیار ہوں۔

سوال : آپ اپنا خاندانی تعارف کرائیں؟

جواب : میرا نام الحمد للہ محمد خالد ہے، میرا گھریلو نام ونود کمار کھنہ تھا، میری پیدائش ۱۲ اگست

۱۹۵۶ء میں پنجاب کے مشہور شہر جالندھر میں ہوئی، ہمارا آبائی وطن پٹیالہ ہے، میرے والد کا نام جناب ڈاکٹر انل کمار کھنہ ہے، وہ میکانیکل انجینئر ہیں اور وہ پانچ سال پہلے بجلی پانی کے محکمہ ہائیڈل سے ایگزیکیٹو انجینئر کی پوسٹ سے ریٹائرڈ ہوئے ہیں، میں نے بھی الیکٹریکل میں انجینئرنگ کی اور والد صاحب کے محکمہ میں مجھے ملازمت مل گئی، ۱۵ سال برابر میری پوسٹنگ بھی جالندھر میں رہی، تین سال پہلے میرا پروموشن میں ٹرانسفر ہوگیا، آج کل وہیں پر فیملی کے ساتھ رہتا ہوں، بہت دنوں سے مولانا صاحب سے ملاقات نہیں ہوئی تھی، مجھے ایک دفتری کام سے دہلی کا سفر تھا، موقع غنیمت سمجھ کر ملنے آیا ہوں، الحمدللہ ملاقات بھی ہوگئی اور ضروری باتوں کے لئے مشورہ بھی ہوگیا۔

سوال: اپنے قبول اسلام کے بارے میں بتایئے؟

جواب: آج سے ٹھیک تیرہ سال پہلے ۱۹/اپریل ۱۹۹۲ء کو میں دہلی سے دفتر کے کام سے واپس لوٹ رہا تھا دہلی سے سپر فاسٹ ایکسپریس میں سوار ہوا، گاڑی مظفر نگر اسٹیشن پر پہنچی، گاڑی میں لوگ سوار ہوئے، ان سوار ہونے والوں میں ایک (اگر میں اپنی پیدائش زبان میں یہ کہوں کہ) دیوتا بھی گاڑی میں سوار ہوئے تو میرا خیال ہے کہ اس زبان میں وہ حق ٹھیک ہوگا، اسلامی زبان میں رحم وکرم کا فرشتہ، نبی رحمت کا سچا وارث بھی کہہ سکتا ہوں، مجھ سے کچھ فاصلہ پر تیسری سیٹ پر بیٹھ گئے دو منٹ گاڑی رکی اور جلدی ذرا سی دیر میں رفتار تیز ہوگئی، وہ دیوتا اور فرشتہ صفت انسان احمد بھائی آپ کے والد، میرے سب سے بڑے محسن مولانا کلیم صاحب تھے، میرے برابر میں مظفر نگر کا ایک دیہاتی شاید جاٹ چودھری بیٹھا تھا، گاڑی جب تیز ہوگئی تو اس نے سوال کیا کہ مظفر نگر کتنی دیر میں آجائے گا مولانا صاحب نے جواب دیا کہ گاڑی مظفر نگر تو جاچکا، یہ اسٹیشن جس سے ہم سوار ہوئے ہیں، مظفر نگر ہی تھا، اس کو مظفر نگر اترنا تھا، وہ چودھری اپنی سیٹ کے پیچھے سے سامان کی گٹھری اپنے سر پر

دیکھ کر دروازہ کی طرف بڑھا اور جلدی میں دروازہ سے چلتی گاڑی سے کودنا چاہتا تھا، مولانا صاحب نے پہلے اس کا ہاتھ پکڑا اور پھر اس کو دونوں ہاتھوں میں تھاما اور کہا گاڑی ابھی آپ نہیں اتر سکتے، آپ دیوبند تک چلیں، گاڑی رکے گی، آپ اتر کر کسی دوسری گاڑی سے مظفر نگر واپس آنا، وہ چودھری ضد کرنے لگا، میری لڑکی کے منگنی والے آ رہے ہیں، مجھے جلدی جانا ہے، مولانا صاحب اس کو کھینچ کر اپنی سیٹ پر لے آئے اور اس کو سمجھایا کہ تاؤ جی جب آپ زندہ بچیں گے، تب تو آپ منگنی کریں گے، چلتی گاڑی سے اتریں گے تو آپ بچیں گے کہاں؟ وہ ضد کرتا رہا، مگر مولانا صاحب اس کو مضبوط تھامے رہے اور کہا کہ میں دیوبند سے پہلے آپ کو نہیں اترنے دوں گا، جب چودھری کو یقین ہو گیا کہ یہ ہرگز مجھے چلتی گاڑی سے نہیں اترنے دیں گے تو اس نے مجبوراً اپنی گٹھری سیٹ کے نیچے ڈال دی، دیوبند اسٹیشن آیا، گاڑی رکی، مولانا صاحب نے اس کی گٹھری اٹھائی اور اس کو اتارا، گٹھری اس کے سپرد کی، میں یہ سارا منظر دیکھ رہا تھا، ہمارا گھرانہ بہت مذہبی سمجھا جاتا تھا اور مجھے خود اپنے بارے میں یہ خیال تھا کہ میں بہت سوشل انسان ہوں، یہ منظر دیکھ کر میرے ضمیر کو بہت چوٹ لگی میرے دل میں خیال آیا کہ میرا ہم مذہب ہندو بھائی میرے برابر سے اٹھ کر چلتی گاڑی سے کود کر گویا مر گیا اور ایک غیر مذہب کے بہت مذہبی دکھائی دینے والے مسلمان نے اس تعصب کے زمانہ میں (یہ بابری مسجد رام جنم بھومی کی آگ کا زمانہ تھا) اس کی جان بچائی، اس لئے کہ اگر مولانا صاحب اس کو نہ روکتے اور بہت کوشش کر کے زبردستی کھینچ کر نہ لاتے تو چودھری تو مر گیا تھا، مجھے اپنے حال پر بڑی شرمندگی ہوئی اور میں اٹھ کر مولانا صاحب کے سامنے والی سیٹ پر جا کر بیٹھا اور مولانا صاحب سے کہا کہ مولانا آپ نے تو مجھے بہت بڑی سزا دی، مجھے اس قدر تکلیف ہو رہی ہے، دل چاہ رہا ہے کہ ٹرین سے کود کر مر جاؤں، مولانا صاحب نے بڑے پیار سے کہا معاف کیجئے میں تو آپ

سے بہت دور بیٹھا ہوں، آپ سے میری کوئی بات چیت بھی نہیں ہوئی، پھر بھی اگر کوئی تکلیف ہوئی ہے تو میں معافی چاہتا ہوں کہ آپ ساتھ میں سفر کرنے والے ہیں اور ایک مسلمان پر ساتھی مسافر کا بڑا حق ہوتا ہے۔

میں نے کہا مولانا صاحب ہندو مسلم نفرت کی اس آگ کے زمانہ میں آپ نے ایک ہندو کو اتنی محنت سے مرنے سے بچالیا اور یہ میرا اندھی بھائی میرے برابر سے اٹھ کر گیا تھا، مجھے یہ ہوش نہ آیا کہ میں اس کو روکتا اور آپ اتنی دور سے جاکر اس کے لئے پریشان ہوئے، مجھے یہ خیال ہو رہا تھا کہ ایسی بے حسی کی زندگی سے مرجانا بہتر ہے، واقعی مولانا صاحب آپ کی تو یہ بڑائی کی بات تھی مگر مجھے آپ کے اس برتاؤ نے بڑی سزا دی، میری سمجھ میں نہیں آرہا ہے کہ میں اپنے کو اس کی کیا سزا دوں؟ مولانا صاحب میرے اس احساس سے بہت خوش ہوئے اور پیار سے میرے دونوں ہاتھوں کو پکڑ کر چوما اور بولے میرے پیارے بھائی مالک کا کرم ہے کہ آپ کو احساس ہوگیا، ورنہ یہ دنیا تو بس اپنے میں کھوئی ہوئی ہے اور میں تو آپ سے بہت گیا گذرا ہوں، بس مالک کا کرم ہے کہ اس نے ہمیں مسلمان مذہبی گھرانے میں پیدا کیا جس کی وجہ سے ہمیں انسانیت کے کچھ اصول آگئے ہمارے نبی ﷺ نے ہمیں پڑوسیوں، انسانوں اور جانداروں کے حقوق بتائے، مولانا صاحب نے دیر تک رسول اللہ ﷺ کی باتیں ہمیں بتائیں اور بیچ میں حضرت محمد ﷺ کے سچے وارث کی اللہ والوں کے بھی قصے سنائے، باتیں محبت کی اور ستانے رلانے کچھ ایسا کہ لوگ اکٹھا ہوگئے، بار بار دل بھر آرہا تھا کئی لوگ تو رو پڑے۔

میں نے مولانا صاحب سے تعارف چاہا تو انھوں نے بتایا کہ صوفی سنتوں کی ایک مشہور تاریخی بستی پھلت ہے، جہاں پر دنیا کے مشہور اسلامی اسکالر حضرت شاہ ولی اللہ پیدا ہوئے، وہ وہیں کے رہنے والے ہیں، مولانا صاحب نے اپنا پتہ لکھ کر دیا اور میرا پتہ

بھی معلوم کیا اور جب یہ معلوم ہوا کہ میں جالندھر میں انجینئر ہوں تو مولانا صاحب نے اپنے دو لوگوں کے فون نمبر اور پتے دیئے جو جالندھر میں کاروبار کے سلسلہ میں آتے تھے اور مجھے ان سے رابطہ رکھنے کی تاکید کی، مولانا صاحب کے دونوں ساتھی اصل میں مولانا صاحب کے مرید تھے۔ جالندھر جا کر میں ان سے ملا مجھے انھوں نے بہت متاثر کیا انھوں نے مجھے مولانا صاحب کی کتاب ''آپ کی امانت آپ کی سیوا میں'' اور ''اسلام کیا ہے؟'' دی میں نے ٹرین میں اسلام کی ہلکی سی کرن مولانا صاحب کے عمل کی شکل میں دیکھی تھی ان دونوں کتابوں کو پڑھنے کے بعد میرے لئے کسی شک کی گنجائش نہیں رہی اور میں نے اسلام قبول کرلیا، شروع میں مجھے لوگوں نے اپنے اسلام کو چھپانے کا مشورہ دیا، ایک سال تک میں نے اعلان نہیں کیا، مگر بعد میں مجھے خیال ہوا کہ میں ایک پڑھا لکھا آدمی ہوں ایک غلط راہ پر تو ہم کھلے عام چلیں اور اللہ کی زمین پر، اللہ کے آسمان کے نیچے، اللہ کی بندگی چھپ کر کریں، یہ کیسی بزدلی اور کم ظرفی کی بات ہے، میں نے کچہری جا کر اپنے قبول اسلام کے قانونی کاغذات بنوائے اور پھر گھر والوں کے سامنے اعلان کردیا، اپنی بیوی سے بھی بتادیا، گھر کے لوگ بہت برہم ہوئے اور میرے والد کے علاوہ سب لوگ مجھے برا بھلا کہتے رہے، گھر سے نکل جانے کو کہا میرے والد صاحب نے گھر والوں سے کہا اس طرح لڑنے سے کوئی فائدہ نہیں، یہ پڑھا لکھا ہے، ہوشیار بھی ہے، کوئی پاگل نہیں ہاں یہ بات ضرور ہے کہ مذہب بدلنے کا فیصلہ بڑا فیصلہ ہے بہت سوچ سمجھ کر کرنا چاہئے، میں نے ان سے کہا کہ میں نے دو سال خوب سوچ سمجھ کر یہ فیصلہ کیا ہے۔

اسلام کو پوری طرح جاننے اور نماز وغیرہ سیکھنے کے لئے مجھے کسی آدمی کی تلاش ہوئی تو میں نے ایک مولانا صاحب سے جو سہارنپور کے رہنے والے تھے اور ایک مسجد میں امام تھے مولانا محمد اشتیاق صاحب ان سے رابطہ کیا، میں نے ان کے پاس رات میں جانا

شروع کیا تین چار روز کے بعد انھوں نے ہمیں بتایا کہ اسلام قبول کرنے کے بعد آپ کی بیوی سے آپ کا رشتہ ختم ہوگیا ہے کیونکہ وہ ہندو ہیں اب ان کے ساتھ آپ کا رہنا جائز نہیں، اسلام میں نے بہت سوچ سمجھ کر قبول کیا تھا اور میری خواہش تھی کہ ایک پکے مسلمان کی طرح اسلام کے ہر قانون کو جانوں، میں نے ایک کمرہ کرائے پر لیا اور اپنی بیوی سے اپنی مجبوری بتائی میرے دو چھوٹے بچوں کا مسئلہ تھا جن میں سے ایک ابھی دودھ پیتا تھا، اس مسئلے کے بعد میرے خاندان میں میرے قبول اسلام کی سخت مخالفت ہوئی اور مجھے سخت مسائل کا سامنا کرنا پڑا مجھے مولانا اشتیاق صاحب نے بتایا کہ مولانا کلیم صاحب کو ہم نے جالندھر کی دعوت دی ہے اور انھوں نے اگلے ہفتہ پنجاب کے سفر کا وعدہ کرلیا ہے ان کا اصلی سفر سمرالا ضلع لدھیانہ کا تھا میں نے اس خیال سے کہ جالندھر سفر ہو نہ ہو اور بات کا موقع ملے یا نہ ملے، سمرالا جا کر ملاقات کو اچھا سمجھا جہاں رات کو مولانا صاحب کو رکنا تھا میں نے چھٹی لی، سمرالا دوپہر کو پہنچ گیا، عصر کے بعد مولانا صاحب آگئے ملاقات ہوئی میرے قبول اسلام سے بہت خوش ہوئے اور مجھے بتایا کہ کئی رات وہ میرے لئے ہدایت کی دعا کرتے رہے کہا اللہ کیسا اچھا آدمی ہے، کیسا صاحب ضمیر ہے، وہ تو ہدایت کا ضرور مستحق ہے، اللہ کا شکر ہے میرے اللہ نے سن لی، میں نے اپنی بیوی سے علاحدگی وغیرہ کے بعد درپیش مسائل کے سلسلہ میں مشورہ کیا، مولانا صاحب مجھے اللہ کے ہر حکم کو ماننے پر رضامندی پر مبارکباد دی، مگر ساتھ ہی مجھ سے کہا کہ آپ کو کسی بھی حکم پر عمل کرنے سے پہلے کسی داعی سے رابطہ کرنا چاہئے کہ دعوت کا قانون الگ ہوتا ہے، اسلامی شریعت کا اصول یہ ہے کہ دو نفعوں میں سے ایک کو اختیار کرنا ہو تو چھوٹے نفع کو چھوڑ کر بڑے نفع کو اختیار کرنا چاہئے اور دو نقصانوں میں سے ایک کو قبول کرنا ضروری ہو تو بڑے نقصان کے مقابلے چھوٹا نقصان قبول کیا جائے گا، ہمارا زندگی بھر کا تجربہ ہے کہ اگر احتیاط کے ساتھ ان

حالات میں شوہر کو بیوی کے ساتھ رہنے دیا جائے اور شوہر فکر مند رہے تو بیوی بچے مسلمان ہو ہی جاتے ہیں اور اگر الگ کر دیا جائے تو پھر اس کا امکان بہت کم ہو جاتا ہے، اس حال میں اگر چہ نامحرم کے ساتھ رہنا ایک گناہ ہے، مگر کم از کم دو بچوں اور بیوی کے قبول اسلام کی امید پر اس کو برداشت کیا جانے گا، بس اللہ سے توبہ کرتے رہیں اور تھوڑے فاصلہ پر احتیاط سے رہیں، لیکن ازدواجی تعلق سمجھ کر ساتھ نہ رہیں، ایک داعی اور مدعو سمجھ کر ساتھ رہیں، مولانا صاحب نے فون نمبر بھی دیا اور مجھے تاکید کی کہ ہر مسئلہ میں مجھ سے مشورہ کریں، یہ ملاقات میرے لئے بڑی رحمت کا ذریعہ بنی، میں اپنے گھر چلا گیا اور میں نے ٹرین والے واقعہ کے ساتھ مولانا صاحب کا تعارف کرا رکھا تھا، میں نے سمرالہ لوٹ کر بیوی کو بتایا کہ مولانا صاحب نے مجھے بہت برا بھلا کہا کہ ایسی وفادار اور محبت کرنے والی بیوی کو مسلمان ہو کر کس طرح چھوڑ سکتے ہیں، اب تو اور بھی ان کا حق بڑھ گیا ہے، میں نے اپنی بیوی کو یہ بھی بتایا کہ مولانا صاحب نے مجھے یہ بات بتائی ہے کہ سب سے اچھا مسلمان وہ ہے جو اپنی بیوی کے ساتھ اچھا ہو، مولانا صاحب نے مجھے اردو اور قرآن شریف پڑھنے کا مشورہ دیا، میں نے روزانہ اس کے لئے ایک گھنٹہ دینا شروع کیا اور آدھا گھنٹہ بیوی پر دعوت کے لئے بلا ناغہ دیا، جس میں اس سے محبت کی باتیں کرتا اور دو چار باتیں اسلام کی حقانیت اور بعد و مذہب کی خلاف عقل باتوں کی کرتا، چار سال کی مسلسل محنت کے بعد میری بیوی اسلام قبول کرنے کے لئے راضی ہوگئی اور میں نے قرآن شریف اور اردو اس طرح پڑھ لیا کہ میں اردو اچھی طرح لکھنے لگا، جنوری ۱۹۹۹ء میں، میں نے دو روز کا اپنی بیوی کے ساتھ پھلت کا سفر کیا، مولانا صاحب بہت خوش ہوئے اور مجھے بتایا کہ آپ کے ذمہ حج فرض ہے، اب الحمد للہ ہمارے یہاں چار بچے تھے اور ایک کی ولادت قریب تھی، وقت ایسا تھا کہ حج کے موقع پر میری بیوی کا سفر مشکل تھا اس لئے ہم نے اگلے

سال حج کا پختہ ارادہ کیا اور الحمد للہ ۲۰۰۰ء میں پانچوں بچوں کے ساتھ حج کی سعادت حاصل کی، حج کے اس سفر میں دس دن روز میرا مدینہ منورہ کا قیام عجیب رہا۔ اصل میں ۱۹۹۶ء میں میں نے مولانا صاحب کی کتاب ارمغان دعوت پڑھی اس کو پڑھ کر میرے دل میں یہ بات بالکل بیٹھ گئی کہ پوری انسانیت تک نبی کے درد کے ساتھ اسلام کی دعوت کو مقصد بنائے بغیر مسلمانی جھوٹی ہے۔ بس مجھے کچھ کرنے کی سوجھی اور میں نے جالندھر میں چمڑا رنگنے والی ایک آبادی کو ٹارگیٹ بنایا، میں نے اپنے ساتھ کچھ لوگوں کو جوڑا گھر والوں پر محنت کے ساتھ میں نے ان پس ماندہ لوگوں پر کام شروع کیا الحمد للہ چند سالوں کی کوشش اللہ نے قبول کی اور اس برادری کے پنجاب میں تقریباً ۳۰۰ لوگوں نے کفر وشرک سے توبہ کی، جالندھر میں ایک مسجد اور مدرسہ بنوایا، اس کے علاوہ تین گردواروں کے گرنتھی بھی مسلمان ہوئے، یہ میری مدینہ حاضری عجیب جذبے سے ہوئی تھی، دل چاہتا تھا کہ قدموں سے نہیں بلکہ پیارے نبی ﷺ کے شہر میں پلکوں سے چلوں، روضۂ اطہر پر پہنچ کر میں بے خود ہوگیا، ایک عجیب مدہوشی کی کیفیت تھی، میں نے محسوس کیا کہ پیارے نبی ﷺ نے مجھے سینہ سے چمٹا لیا ہے، میں نے اپنی شرمندگی اور ندامت کا اظہار کیا کہ پیارے نبی ﷺ آپ نے تو اس دعوت کے لئے کیسے کیسے قربانیاں دی ہیں، مگر ہم تو بس نام کے مسلمان ہیں، پیارے نبی ارمغان دعوت سے میں نے یہ سمجھا ہے کہ آپ کے درد کے بغیر آپ کا کہلانے کا حق نہیں ہے، کیا میرا یہ خیال صحیح ہے؟ مجھے ایسا لگا جیسے آپ ﷺ نے میرے خیال کی تائید کی ہو اور فرمایا کہ بلا شبہ ہمارے اس کام کے بغیر ہمارا کہلانے کا حق نہیں ہے اور تم سے ہمیں جو پیار ہے وہ اس لئے کہ تم نے سماج کے کمزور سیکڑوں لوگوں کو دوزخ سے بچانے کی کوشش کی۔

سوال: یہ باتیں آپ سے بیداری میں ہوئیں؟

جواب: مجھے تو پتہ نہیں مجھے نیند تھی یا خیال تھا یا مدہوشی، مگر اس میں اتنا مزہ تھا کہ آج تک اس کا مزہ محسوس ہوتا ہے، بلکہ جب بھی مجھے ذرا غفلت ہوتی ہے، میں اس کا تصور کر لیتا ہوں، میرا جذبہ بالکل تازہ ہو جاتا ہے، خود دس روز تک مدینہ منورہ کے قیام کے دوران مجھ پر اس واقعہ کا نشہ سا طاری رہا اور الحمد للہ دس روز میں اکیس بار خواب میں حضور اکرم ﷺ کی اس گنبد کو زیارت ہوئی، الحمد للہ میں نے وہیں پر داڑھی رکھ لی اور تقویٰ کی زندگی گذارنے کا عزم کر لیا، ملازمت کے دوران اس سلسلہ کی جو بے احتیاطی ہوئی تھی، ان کی مدینہ منورہ میں ایک فہرست بنائی اور حج سے واپسی کے بعد اہل حق کو حق ادا کرنا شروع کئے، کافی حد تک میرے اللہ نے مجھے کامیابی عطا فرمائی۔

سوال: آپ کے بچوں کی تعلیم کا کیا ہوا؟

جواب: احمد بھائی! میرے تین بیٹے عبداللہ، عبدالرحمن اور عبدالرحیم ہیں اور دو بچیاں فاطمہ اور عائشہ ہیں، میری اہلیہ کا نام بھی میں نے آمنہ رکھا، میں نے ایک مولانا صاحب کو صرف اپنے بچوں کی تعلیم کے لئے گھر پر رکھا ہوا ہے، اسلام قبول کرنے سے پہلے میں فیملی پلاننگ کا قائل تھا اس لئے گیارہ سال تک ہمارے ایک بچہ اور بچی چھ سال کے فاصلہ سے پیدا ہوئے تھے، مگر میں نے اسلام قبول کیا تو مجھے خیال ہوا کہ آدھا تیتر آدھا بٹیر کا معاملہ اچھا نہیں، جب میں نے اسلام قبول کیا ہے، تو اب عقل میں آئے یا نہ آئے مجھے اسلام کو ماننا ہے اور اللہ تعالیٰ نے مجھے چھ بچے عطا فرمائے، مجھے خوشی ہوتی ہے، مدینہ منورہ کے قیام کے دوران اسلام کے سلسلہ میں میری کیفیت بدل گئی اب مجھے اسلام کا ہر حکم سو فیصد عقل کے مطابق بالکل برحق لگتا ہے، چنانچہ اب میں فیملی پلاننگ کی حمایت کے خلاف کسی بڑے سے بڑے اسکالر سے مناظرہ کر سکتا ہوں، میرے پیارے نبی ﷺ حکم دیں کہ زیادہ بچے پیدا کرنے والی عورتوں سے شادی کرو اور ہم مسلمان ہو کر ان احمق انگریزوں کے چکر میں

فیملی پلاننگ کی حماقت کو ترقی سمجھیں کیسی بے وقوفی ہے، مجھے امید ہے کہ اگر میرے اللہ
مجھے جب بچے دیں گے اور میں نے ان کی تعلیم وتربیت کا اسلامی حق ادا کیا تو سب سورج
چاند بنیں گے۔ ان شاء اللہ، ثم ان شاء اللہ، الحمد للہ میرے بچے اسکول بھی جاتے ہیں اور دینی
تعلیم کی حالت سے بھی میں مطمئن ہوں۔

سوال: آپ نے اپنے والدین پر کام نہیں کیا؟

جواب: میرے اللہ کا مجھ پر کرم ہے کہ میرے والد مرتد ہو کر پٹیالہ اپنے گھر چلے گئے۔
میں نے حج کیا، میں نے ملتزم پر اور عرفات میں اپنے والد اور والدہ اور اپنی چھوٹی بہن کے
لئے خوب دعائیں کیں۔ دعا کی اور حج سے واپسی پر سیدھا پٹیالہ گیا اور ایسا لگتا تھا کہ والد
صاحب خود ہی تیار تھے، وہ دراصل میں پاکستان کے ایک صوفی بابا بوٹے شاہ چشتی کے مرید
بابا سانولی شاہ سے بہت متاثر تھے، بابا سانولی شاہ گرداس پور کے رہنے والے تھے، ۱۲۵
سال کی عمر ہوئی اور بڑے پکے عقیدے کے توحید کے قائل تھے، بڑے ذکر وغیرہ کرتے تھے،
ان کا پنجابی میں تصوف پر بڑا کلام چھپا بھی ہے شاید وہ کہیں ان سے بیعت بھی ہو گئے
تھے، حج سے واپسی پر انھوں نے مجھ سے زمزم مانگا اور کھڑے ہو کر عقیدت سے پیا، مدینہ
کی کھجوریں بہت آنکھوں کو لگا کر کھائیں اور بار بار کہتے رہے کہ مدینہ اور مدینہ والے کی
باتیں بتاؤ؟ میں نے جب ان سے اپنے مدینہ کے کچھ واقعات سنائے تو وہ سن کر رونے
لگے اور بولے بیٹا تو نے بڑی قسمت پائی ہے، مجھے مدینہ سے ان کی ایسی عقیدت کا اندازہ
نہیں تھا، میں نے ان سے مدینہ والے کا پیغام بتا کر اسلام قبول کرنے کو کہا تو انھوں نے بتایا
کہ میں تو تیرے آنے کا انتظار کر رہا تھا، مجھے میرے بابا سانولی شاہ کی خواب میں زیارت
ہوئی تو انھوں نے بتایا کہ دین تو سچا اسلام ہی ہے، پھر اس کو مانتے کیوں نہیں؟ اس دن سے
میں بے چین ہوں، میں نے ان سے کلمہ پڑھنے کے لئے کہا، الحمد للہ انھوں نے کلمہ پڑھا، میں

نے ان کا نام محمد عمر رکھا، اس کے بعد میں نے محبت سے اپنی والدہ کی خوشامد کی تین روز کی کوشش سے وہ بھی مسلمان ہوگئیں، اب کے بعد سارے گھر میں میری بہن بچی تھی، اس کی شادی کے ایک سال کے بعد وہ بیوہ ہوگئی تھی ہم سب کے اسلام کے بعد اس کے مسلمان ہونے کی زیادہ کوشش نہیں کرنی پڑی، وہ خود بہت بھلی انسان ہے بلکہ ہم سب سے اچھی ہے۔

سوال: ماشاء اللہ خالد صاحب آپ کے ساتھ اللہ کی خاص رحمت ہے، ورنہ گھر والوں کے سلسلہ میں بڑے مسائل کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔

جواب: الحمد للہ میرے لئے میرے اللہ نے سب کچھ بلا مشقت مقدر کر رکھا ہے، واقعی میں اس کا شکر ادا نہیں کر سکتا۔

سوال: بتائیے آپ تو دن رات دعوت کی دھن میں لگے رہتے ہیں، دعوتی زندگی کے کچھ خاص تجربات، کچھ خاص مشکلات یا نکات سنائیے؟

جواب: احمد بھائی اصل میں میری زندگی کے اجالے کی شروعات آپ کے والد صاحب کی محبت کی کرنوں سے ہوئی ہے، میری نگاہ میں کوئی آئیڈیل اور نبی کا سچا تبع مسلمان اگر کوئی ہے جو میں نے دیکھا ہے تو وہ مولانا کلیم صاحب ہیں، میں کہا بھی کرتا ہوں:

دیر و حرم میں روشنی شمس و قمر سے ہو تو کیا　　مجھ کو تم پسند ہو اپنی نظر کو کیا کروں

مولانا صاحب کی ایک تقریر میں نے لدھیانہ میں سنی، انھوں نے کہا کہ اسلام ایک نور ہے اور مسلمان اس نور سے منور ایک پینٹ (دکائی) ہے نور اور روشنی کی مجبوری یہ ہے کہ وہ ہوگی تو منور کرے گی یعنی مسلمان ہوگا تو داعی ہوگا اور داعی اس طرح کا کہ اس کی پہچان داعی ہو۔ میں تو الحمد للہ اپنا کام اور اصل مشغلہ دعوت کو سمجھتا ہوں اور مجھ سے کوئی مشغلہ پوچھتا ہے تو میں یہ نہیں کہتا ہوں کہ میں ہائیڈل میں انجینئر ہوں بلکہ دعوت بتاتا ہوں اور یہ بتانا بھی میں نے مولانا صاحب سے سیکھا ہے اور الحمد للہ مجھے بتانے اور کہنے کا

بہت فائدہ ہوا، پہلے میں نے کہنا شروع کیا تھا، الحمدللہ کہتے کہتے میرے شعور میں یہ بات بیٹھ گئی ہے، میں الحمدللہ اپنی تنخواہ کا آدھا حصہ کم از کم دعوت پر خرچ کرتا ہوں، میرے بچے میری بیوی برابر کے شریک ہیں، میرا خیال ہے کہ ہمیں اپنے منصب اور مشغلے کا شعور ہو جائے تو پوری دنیا اسلام کی پیاسی ہے اور دعوت اسلام کے لئے ماحول بالکل سازگار ہے، اس سلسلہ میں سب سے اہم بات یہ ہے کہ مسلمان اس کے لئے تیار نہیں، مسلمانوں میں دعوتی شعور بیدار کرنا اور ان کو اس سلسلہ میں ذمہ داری کا احساس دلانا بڑا مشکل ہے، ایک داعی کو سب سے بڑی مشکل مسلمانوں کے ذمہ داری کا نہ سمجھنے اور دعوتی شعور نہ ہونے کی وجہ سے آتی ہے، اصل میں انسان ایک سماجی حیوان ہے اسے زندگی کے ہر مرحلہ میں ایک سماج کی ضرورت ہوتی ہے اور ایسا سماج جو اسے اسلام پر باقی رکھنے میں معاون ہو میں آپ کو ایک دردناک واقعہ بتاتا ہوں، جالندھر میں جو چمڑا رنگنے والے لوگ مسلمان ہوئے ہیں ان میں سے ایک ذمہ دار اور حد درجہ فکرمند ساتھی ہیں جو پہلوان کے نام سے مشہور ہیں، ان لوگوں میں کام کرنے میں ہمارے سب فعال ساتھی ہیں ابتدا سے بہت پکے، حج بھی کرلیا ہے، اس علاقہ میں چھ مسجدیں واگذار کرانے میں ان کا بنیادی حصہ ہے مدرسہ کے قیام میں مرکزی کردار ادا کر رہے ہیں، اپنے چاروں بچوں کو انھوں نے حافظ بنایا، بڑی بچی ہے اس کو بھی حفظ کرایا، چار بار قرآن شریف تراویح میں اس نے سنایا، جب اس کی شادی کا مرحلہ آیا تو کوئی آدمی اس سے شادی کو تیار نہ ہوا، چار سال تک کوشش کرتے رہے، بہت معمولی درجہ کے لڑکوں سے شادی کی کوشش کی، مگر چمار کہہ کر لوگ ہٹ گئے وہ بہت جذباتی آدمی ہیں، بہت مجبور ہو کر انھوں نے اپنی حافظ لڑکی کی شادی اپنی برادری کے غیر مسلم سے کردی، جس کے گھر میں خنزیر پلتے ہیں اور اس کا گوشت پکتا ہے اب پہلوان کا حال یہ ہوگیا کہ مسلمان کا نام آتا تھا تو گالیاں بکتا تھا، میں نے اس کو سمجھایا

بھی تھا کہ بغیر شادی کے رہ جاتا اس سے بہتر ہے کہ غیر مسلم کے یہاں جائے اور حرام کاری کی مجرم ہو، اصل میں ان کے ساتھ یہ واقعہ پیش آیا کہ ان کے کارخانے میں ان کا ایک مزدور ملازم مسلمان تھا، جو بالکل ان پڑھ اور موٹی عقل کا تھا، انھوں نے اس سے شادی کی پیشکش کی، اس نے صاف انکار کردیا کہ چماروں میں میں تو ہرگز بھی نہیں کرسکتا، بس اس غصہ میں کہ ہمارا ملازم بھی اس لڑکی سے شادی کو منع کردے انھوں نے غیر مسلم سے اس کی شادی ہندوانہ طریقہ پر کردی، خود میرے لئے یہ بہت تکلیف کی بات تھی، وہ لڑکی ساری ساری رات روتی تھی، کئی بار اس نے زہر بھی کھایا، مگر زندگی تھی نہیں مری، اللہ کا کرنا کہ آپ کے والد صاحب کا یہاں کا سفر ہوا، میں نے پورا واقعہ سنایا، انھوں نے جالندھر جاکر پہلوان سے ملاقات کی اور ان کو سمجھایا کہ آخرت اور اللہ کی رضا کے لئے مسلمان ہوئے ہو تو ان مسلمانوں سے کیا امید لگاتے ہو، پھر انھوں نے اپنے دو ساتھیوں کو لڑکی کے شوہر پر لگایا، الحمد للہ وہ مسلمان ہوکر اپنا گھر چھوڑ کر آگیا، ان کا نکاح کرایا، مولانا صاحب نے ان کو یقین دلایا کہ بچوں کی شادی کرانے کی ذمہ داری ہماری ہے، اب اللہ کا شکر ہے مسئلہ حل ہوگیا، سچی بات یہ ہے احمد بھائی، اس لڑکی کے شوہر کے مسلمان ہونے کی خوشی مجھے اپنے مسلمان ہونے سے زیادہ ہے، اس کی وجہ یہ ہے کہ جب میں مسلمان ہوا تھا اس وقت مجھے دعوتی شعور نہیں تھا اور اس بات کا مجھ پر دن رات غم سوار تھا، میں راتوں کو اس سلسلہ میں مولانا صاحب کے لئے دعائیں کرتا ہوں، اس لئے میں کہتا ہوں کہ مسلمانوں میں دعوتی شعور بیدار ہونا بہت ضروری ہے، اگر مسلمانوں کو ذمہ داری کا احساس ہوجائے تو پھر دعوت کا کام بالکل آسان ہے اور ماحول بہت سازگار ہے، ادھر تو پیاس ہے بے چینی ہے، بس ہم ہی ان کو کچھ دینے اور سیراب کرنے کا شعور ہی نہ ہو تو پھر کیا کیا جائے؟ اس لئے مولانا صاحب ہر وقت اس غم میں گھلتے رہتے ہیں اور دن رات، پکی بات کہتے ہیں کہ

بس مسلمانوں، سارے انسانوں بلکہ کائنات کے سارے مسائل کا حل یہ ہے کہ مسلمانوں کو دعوتی ذمہ داری کا احساس ہو جائے، اس سلسلہ میں بڑا کام کرنے کی ضرورت ہے۔

سوال: بہت بہت شکریہ خالد صاحب، ارمغان کے لئے میں نے بہت سے لوگوں سے باتیں کیں، بہت سے انٹرویو لئے مگر مجھے بڑا احساس ہو رہا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے دعوت کا کام آپ کو جس طرح سمجھایا ہے، کسی دوسرے کو نہیں سمجھایا، آپ کے ساتھ رہ کر اس سلسلہ میں استفادہ کرنا چاہئے اللہ نے موقع دیا تو آپ کے ساتھ رہوں گا۔

جواب: احمد بھائی آپ شرمندہ کرتے ہیں، میں تو خود بہت کڑھتا ہوں کہ نبی کا امتی ہونے کا ہم حق ادا نہیں کر رہے ہیں، یہ جو کچھ زبانی باتیں ہیں وہ صرف آپ کے والد صاحب کے درد کا ایک فیض ہے، یہ بات ضرور ہے کہ مولانا صاحب میرے اور میرے ہمارے ساتھیوں کے واسطہ سے قبول اسلام کرنے والے سینکڑوں لوگوں کے اسلام کو اس بات کے ثبوت میں بیان کرتے ہیں کہ اسلام کے لئے حالات کس قدر سازگار ہیں، مولانا صاحب کہا کرتے ہیں کہ دعوت کا شور مچانے والا ایک شخص ایک طرح سے بے شعوری میں انسانی ہمدردی میں چلتی گاڑی سے کود پڑنے والے ایک چودھری کا ہاتھ پکڑ کر سیٹ پر بٹھا لیتا ہے تو یہ چھوٹا سا ہمدردی کا عمل سینکڑوں لوگوں کی ہدایت کا ذریعہ بن جاتا ہے اس سے زیادہ دعوت کے لئے سازگار حالات ہونے کا کیا ثبوت ہو سکتا ہے۔

سوال: واقعی بڑی سچی بات ہے، بہت بہت شکریہ! آپ نے بڑے کام کی بات بتائی اور ان سے قارئین ارمغان کو انشاء اللہ بڑا فائدہ ہوگا۔ السلام علیکم ورحمۃ اللہ

جواب: شکریہ! آپ کا کہ آپ نے مجھے اس کار خیر میں شریک کیا، وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ فی امان اللہ۔

مستفاد از ماہنامہ ارمغان، مئی ۲۰۰۵ء

کل اسی لئے سفر کرنے سے منع کیا تھا، میں بھی رک گیا کہ رمضان کی دعوتی تحریک میں بھلا اہل کا بھی کام کے لئے نام آجائے، کیا عجب ہے اللہ مجھ سے بس اتنی بات سے ہی راضی ہو جائے۔

سوال: آپ اپنا خاندانی تعارف کرائیں؟

جواب: میں مدھیہ پردیش کے سیہور ضلع کے ایک ورما خاندان میں اب سے بائیس سال پہلے پیدا ہوا میرا نام گھر والوں نے دھرمیندر رکھا میرے والد بہت متعصب ہندو ہیں میرے خاندان کے لوگ بجرنگ دل، شیوسینا اور سناتن دھرم اکھاڑے کے ذمہ دار ہیں، میرے تین بھائی ایک بہن اور ہیں، میں نے اپنے یہاں اسکول کی تعلیم حاصل کی اس کے بعد منڈی دیپ بھوپال میں ایک فیکٹری میں ملازمت کرلی وہاں میرے کئی نوجوان ساتھی شیوسینا میں تھے مجھے ورزش وغیرہ کا شوق تھا اس لئے میرے دوستوں نے مجھ کو کوشش کرکے بھوپال شیوسینا میں شامل کرا دیا، میں شیوسینا کا بہت فعال ممبر تھا ہر پروگرام میں شامل ہوتا اور مسلمانوں سے نفرت اور ان کو تکلیف پہنچانے کے کئی پروگراموں میں، میں نے بہت بڑھ چڑھ کر حصہ لیا۔

سوال: اپنے اسلام قبول کرنے کے بارے میں بتایئے؟

جواب: پیارے نبی ﷺ کی ایک حدیث میں نے سنی جس کا مفہوم یہ ہے کہ دن رات میں ایک گھڑی اللہ کے یہاں ایسی مقبول آتی ہے کہ آدمی کی زبان سے نکلی بات قبول و پوری ہو جاتی ہے میرا ایمان اس حدیث پاک کی تصدیق ہے، میں اس کول میں پڑھتا تھا تو میری دوستی دو مسلم لڑکوں سے ہوگئی، دونوں بھائی تھے ان کا نام شہزاد اور آزاد تھا، میں ان کے ساتھ کھیلتا، ان کے گھر جاتا اور ان کے ساتھ کھانا کھاتا، گوشت بھی کھانے لگا تھا اکثر جب میں ان کے گھر کھانا کھاتا تو ہم تینوں ایک پلیٹ میں کھانا کھاتے، ان کے کھیت بھی ہمارے کھیت کے ساتھ تھے شہزاد کے والد نے ایک بار ہمارے کھیت کی مینڈ کاٹ دی اس

پر میرے والد اور ان کی لڑائی ہوئی، بات بہت بڑھنے لگی تو شہزاد کی امی نکل آئیں اور میرے والد اور شہزاد کے والد کو کہنے لگیں، آپ لوگ بڑے ہو کر آپس میں لڑتے ہیں اور یہ بچے آپس میں اتنی محبت کرتے ہیں، آپ کا بیٹا اور ہمارے بیٹے ایک تھالی میں کھانا کھاتے ہیں اور ایک گلاس میں پانی پیتے ہیں، یہ سن کر میرے والد اس وقت تو گھر آ گئے مگر آ کر مجھے بہت مارا اور کہا تو تو ادھرم ہو گیا، گئو کا مانس کھاتا ہے، مجھے گالیاں دیں اور کہنے لگے تیرا منو تو ناپاک ہو گیا ہے اس کو پاک کرنے کے لئے اس کو آگ سے جلانا پڑے گا، مجھے بھی غصہ آ گیا، چھوٹا تو تھا ہی میں نے کہا آپ مجھے وہاں جانے سے روک نہیں سکتے، وہ مجھے اور مارنے لگے تو میں نے کہا کہ میں گھر سے بھاگ کر مسلمان بن جاؤں گا، سچی بات یہ ہے، مجھے تو لگتا ہے کہ میرے اللہ نے میری زبان سے نکلی بات قبول کر لی اور مجھے مندر سے توحید بنا دیا۔

س: تم نے کس طرح گھر چھوڑا، ذرا تفصیل سے بتائیے؟

ج: میرے والد کو میرا مسلمانوں سے دوستی کرنا بہت برا لگا اور انھوں نے اسلام اور مسلمانوں کے خلاف ذہن بنانے کی فکر شروع کی، مغل بادشاہوں اور محمود غزنوی وغیرہ کے مظالم کا ذکر کر کے روزانہ رات کو مجھے پڑھاتے، میرے ذہن میں بھی مسلمانوں سے نفرت ہونا شروع ہو گئی اور یہ نفرت ہی میرے شیوسینا کا ممبر بننے کا ذریعہ بنی، مگر میرے دل میں اپنے بچپن کے دوستوں کے ساتھ رہنے کی وجہ سے مسلم معاشرت سے بڑی مناسبت ہو گئی تھی اس لئے اس نفرت کے باوجود کوئی نہ کوئی دوست مسلمان ضرور رہا۔ بھوپال میں میری کمپنی میں ایک لڑکا وسیم نام کا تھا میں اس کے ساتھ ڈیوٹی چھوڑ کر اس کے گھر چلا جاتا، رمضان آتے تو وہ روزے رکھتا اور مجھے شام کو افطار میں شریک کرتا اور میری بڑی خاطر مدارات کرتا، اس کے پاس جماعت کے لوگ آتے تو وہ مجھے چھوڑ کر ان کے پاس چلا جاتا میں بھی دور سے جماعت والوں کی بات سنتا، کبھی کبھی میں بے اختیار ان کے

پاس کھڑا ہو جاتا اور میں وہاں بامحمد کران کی باتیں سنتا وہ صرف مرنے کے بعد کی باتیں کرتے اور اللہ کے سامنے کھڑا ہونا، جنت، دوزخ کا ذکر کرتے، میرے دل کو یہ بات بہت بھلی اور سچی لگتی۔ اس فیکٹری سے کسی مجبوری کی وجہ سے نوکری چھوڑنا پڑی، تو دوسری فیکٹری میں نوکری کر لی، اتفاق سے وہاں بھی جاوید نام کا ایک لڑکا میرا دوست بن گیا وہ بھی مجھے افطار پر لے جاتا افطار کے بعد وہ نماز پڑھتا میں دور سے نماز پڑھتے دیکھا رہتا ایک روز جاوید نے مجھ سے کہا، بھورا بھائی مرنا تو تمہیں بھی ہے، تم کو بھی نماز پڑھنا چاہئے تم مسلمان ہو جاؤ، میں نے کہا تم مجھے کھانا اس لئے کھلاتے ہو کر لالچ دے کر مسلمان کر دو، وہ کہنے لگا میں تو محبت اور سچی ہمدردی کی بات کہتا ہوں، اتفاق سے میری طبیعت خراب ہو گئی چند روز کی چھٹی لی اور چھٹی لمبی ہونے کی وجہ سے مجھے وہاں سے نوکری چھوڑنا پڑی، اس فیکٹری میں ایک گیتا نام کی لڑکی بھی کام کرتی تھی میں نے اس کو بڑی بہن بنا لیا اور ان کو گیتا دیدی کہتا تھا، میری کمپنی کے پہلے سپروائزر بھوپال چھوڑ کر نوئیڈا میں نوکری کرنے لگے تھے انھوں نے مجھے فون کیا اور میں نوئیڈا آ گیا میں نے گھومنے کے لئے گیتا دیدی کو نوئیڈا بلایا، ان کو دیکھ کر میری کمپنی کا مالک مجھ سے ناراض ہو گیا کہ یہ لڑکا تو بدمعاش ہے لڑکیوں کو بلا کر رکھتا ہے اور اس نے مجھے نوکری سے ہٹا دیا، میں نے گیتا دیدی سے کہا کہ جاوید مجھے مسلمان ہونے کو کہتا ہے، انہوں نے کہا وہ بہت اچھی بات کہتا ہے، اسلام ہی سچا دھرم ہے ہمارے پڑوس میں ایک میاں جی رہتے ہیں ان کی دو لڑکیاں مجھے مرنے کے بعد کے حالات سناتی تھیں، ان کے یہاں اردو کی ایک میگزین ارمغان آتی ہے اس میں ایسے لوگوں کے انٹرویو آتے ہیں جو پہلے دوسرے مذہب کے تھے اور اب مسلمان ہو گئے تو ضرور مسلمان ہو جا اور جب تو مسلمان ہو جائے تو مجھے بھی ضرور بلا لینا، دیدی کا اچھی دیدی کو ضرور یاد رکھنا، دہلی گھما کر میں گیتا دیدی کو تو چھوڑ آیا مگر ان کے کہنے سے میرے

دل میں یہ بات بیٹھ گئی کہ مجھے مسلمان ہونا ہے، میں نے ایک دوسری فیکٹری میں ملازمت کر لی وہاں شریف نام کا ایک لڑکا رہتا تھا، میں نے اس سے کہا میں مسلمان ہونا چاہتا ہوں تو مجھے مسلمان کروا دے انہوں نے کہا کہ تم مسجد کے امام صاحب کے پاس چلے جاؤ وہ تمہیں مسلمان بنائیں گے، میں مسجد گیا بہت سارے مسلمان وہاں وضو کر رہے تھے، میں باہر ہی سے کھڑا دیکھتا رہا، اس ڈر سے کہ لڑائی نہ کریں باہر بیٹھ سگریٹ پیتا رہا اور پانچ بجے سے آٹھ بجے تک مسجد کے باہر بیٹھ کر واپس آ گیا، مگر مسجد میں جانے کی ہمت نہ ہوئی، وہاں بیٹھنے کے بعد مسلمان ہونے کی بے چینی میری بہت بڑھ گئی، دوسرے روز دن چھپنے کے بعد میں پھر مسجد گیا تو لوگوں نے بتایا کہ امام صاحب مارکیٹ گئے ہیں، میں انتظار کرتا رہا، آٹھ بجے وہ آئے مجھے دیکھ کر بولے میں مریضوں کو صبح دس سے بارہ بجے تک دیکھتا ہوں اس کے بعد تعویذ نہیں دیتا، میں نے کہا مجھے یہ علاج نہیں چاہئے، میں دوسرے مرض کا مریض ہوں، میں یہ معلوم کرنا چاہتا ہوں اگر کوئی آدمی آپ کے دھرم میں آنا چاہے تو آپ کو کوئی مشکل تو نہیں، انہوں نے کہا ہمیں تو کوئی مشکل نہیں میں نے کہا میں مسلمان ہونا چاہتا ہوں انہوں نے میرا نام پتہ مکان نمبر فون نمبر وغیرہ لکھا اور جمعرات کو دوبارہ بلایا میں جمعرات کو گیا تو بولے کل جمعہ کو آنا میں جمعہ کو گیا تو وہاں جماعت کے ساتھیوں سے ملاقات ہوئی انہوں نے مجھ سے معلوم کیا تم مسلمان کیوں ہونا چاہتے ہو؟ میں نے کہا ویسے ہی وہ بولے ایک درخت پر بہت سی چڑیاں بیٹھی تھیں ایک آدمی آیا اس نے پتھر اٹھا کر مارا کچھ چڑیاں مر گئیں کچھ اڑ گئیں کچھ بیٹھی رہ گئیں کسی نے پوچھا تم نے پتھر کیوں مارا تو بولا ویسے ہی تم بھی ویسے ہی مسلمان ہو رہے ہو، مجھے اس طرح ان کا بات کرنا بہت برا لگا میں نے نوئیڈا میں لوگوں سے معلوم کیا کہ ہمارے قریب میں دہلی میں سب سے زیادہ مسلمان کہاں رہتے ہیں لوگوں نے کہا اوکھلا میں، میں نے سوچا میں اوکھلا جا کر مسلمان

ہو جاؤں، اتفاق سے جمعہ کے دن اوکھلا کی جماعت آ گئی، مجھے شریف نے بلوایا اور جماعت والوں سے بتایا کہ یہ لڑکا مسلمان ہو گیا ہے، جماعت والوں نے مجھ سے کہا اوکھلا کی جماعت چالیس دن کی جانے والی آپ اس میں وقت لگا دو، میں تیار ہو گیا تین روز کے بعد میں جماعت میں نکل گیا، خرچ کے لئے میں نے گھڑی اور سونے کی انگوٹھی بیچی، پانی پت سونی پت میں ہمارا وقت لگا مجھے فون کا بہت شوق تھا کبھی بھوپال، کبھی سیوہر فون کرتا کبھی نوئیڈا فون کرتا تھا، میرے ساتھیوں کو مجھ پر شک ہو گیا مجھ سے الگ مشورہ ہو گیا اس لڑکے کو واپس بھیج دو یہ سی آئی ڈی کا آدمی ہے جماعت میں ایک صاحب تھے وہ اپنی (مولانا کلیم صاحب) سے بیعت تھے انھوں نے کہا کہ یہ سی آئی ڈی کا ہے تو کیا ہے، ہم کوئی چوری ڈاکہ تو کر نہیں رہے ہیں لیکن جماعت والے نہیں مانے انھوں نے مولانا صاحب (مولانا کلیم صدیقی) کو فون کیا اور میری ساری بات سنا دی، مولانا نے صرف فون پر ہی کرنال سے یہ بات کہی کہ تم اس لڑکے کو اپنے ساتھ میں چالیس دن لگواؤ اگر اس سے کوئی خطرہ ہو گیا تو ذمہ دار میں ہوں گا، آپ اس کو میرا بیٹا سمجھ کر ساتھ رکھو ہر نقصان کا ذمہ دار میں ہوں، مجھ سے بھی مولانا صاحب نے بڑی محبت سے بات کی اور کہا جماعت سے آ کر آپ مجھ سے ملنا اور امیر صاحب سے بھی کہا یہ میرا بیٹا ہے ہر نقصان اور خطرہ کا میں ذمہ دار ہوں اس لئے انھوں نے مجھے مشورہ دیا کہ میں جماعت سے واپس جا کر حضرت مولانا سے بیعت ہو جاؤں پانی پت میں حضرت کے یہاں ایک مفتی صاحب (مفتی شرافت صاحب) سے ملاقات ہوئی انھوں نے مجھے بڑی تسلی دی اور مبارک باد دی۔

جماعت سے واپس آ کر میں نوئیڈا آ گیا اور مولانا صاحب کو بار بار فون کرتا رہا ایک مہینہ تک مولانا سے ملاقات نہ ہو سکی جب فون کرتا تو معلوم ہوتا کہ سفر میں ہیں ایک روز مولانا صاحب نے بتایا کہ صبح نو بجے تک میں انشاء اللہ دلی پہنچوں گا آپ مسجد خلیل اللہ

آ جائیں، میں آٹھ بجے فضیل اللہ مسجد پہنچا، مولانا راستہ میں جام میں پھنس گئے اور گیارہ بجے تک نہیں آئے، مسجد فضیل اللہ میں میرے ایک جماعت کے ساتھی بھائی یوسف ملے انھوں نے مجھے مشورہ دیا کہ میں حکیم محمود اجمیری کے پاس جا کر بیعت ہو جاؤں وہ مجھے لے کر ان کے پاس گئے انھوں نے گھر سے آ کر مصافحہ ملایا اور بولے میں تو ایک بجے کے بعد ملاقات کر سکتا ہوں، مجھے افسوس بھی ہوا مگر بیعت کے شوق میں جا کر مسجد میں انتظار کرنے لگا اتفاق سے ساڑھے گیارہ بجے مولانا صاحب آ گئے بہت پیار سے گلے لگایا، دیر ہونے اور اتنے دنوں ملاقات نہ ہونے کے سلسلہ میں بہت معافی مانگی، مجھ سے معلوم کیا کہ تم کتنے دن پہلے مسلمان ہوئے ہو، میں نے کہا مجھے کسی نے مسلمان نہیں کیا مولانا صاحب نے کہا کلمہ پڑھے بغیر سارے اعمال بے کار ہیں موت کا کچھ پتہ نہیں پہلے آپ کلمہ پڑھ لو مجھے کلمہ پڑھوایا اور کہا کوئی نام پسند ہو تو بدل دو میں نے کہا میں نے شرک سے توبہ کی ہے اس لئے میں اپنا نام بھی توحید رکھنا چاہتا ہوں، مولانا صاحب نے یہ نام بہت پسند کیا مجھے "آپ کی امانت" کتاب منگا کر دی اور میرے اصرار پر مجھے بیعت بھی کر لیا۔

[illegible]: اس کے بعد کیا ہوا؟

[illegible]: اگلے روز ہمارے ضلع کے کچھ لوگ مولانا صاحب سے ملنے آ گئے انھوں نے حضرت سے کہا کہ توحید کو ہم لے جاتے ہیں یہ گھر والوں پر کام کرے گا مولانا صاحب نے مجھے ان کے ساتھ بھیج دیا، میں بھوپال میں تھا کہ میرے گاؤں کے کچھ لوگوں نے مجھے دیکھ لیا انھوں نے بتایا کہ گاؤں کے لوگوں کو پتہ چل گیا ہے کہ تو مسلمان ہو گیا ہے انہیں وہاں فساد کا خطرہ ہے، تمہیں یہاں ہرگز نہیں رہنا چاہئے، میں پھر پھلت آ گیا مولانا سے میں نے کہا کہ میں نے بیعت کی تھی سنت کی اتباع پر، مگر میری ایک سنت چھوٹ رہی ہے آپ میری ختنہ کرا دیں، مولانا صاحب نے کہا بہت اچھا ہے، اگلے روز نائی کو بلایا اور بہت

سارے لوگوں کی ایک ساتھ ختنہ ہو گئی سب کی ختنہ جلد اچھی ہو گئی بس میری اور ایک لڑکے کی ختنہ پک گئی مجھے بخار ہو گیا بہت تکلیف رہی، میرے ساتھی مجھ سے معلوم بھی کرتے رہے، ایک دو لوگوں نے مجھے ڈرایا کہ ختنہ کے پکنے سے آدمی مر بھی جاتا ہے میں نے کہا کہ پیارے نبی ﷺ کی سنت کے لئے میری جان بھی چلی جائے تو میری خوش قسمتی ہے، الحمدللہ میری طبیعت ٹھیک ہو گئی میں نے مولانا صاحب سے درخواست کی کہ حضرت میں بیعت ہو گیا تھا مگر میرے دل میں یہ بات آئی تھی کہ سنت کی اتباع کا عہد تو کر رہا ہے مگر ایک سنت چھوٹ رہی ہے اب الحمدللہ وہ سنت بھی ادا ہو گئی، آپ مجھے دوبارہ بیعت فرمالیں حضرت نے مجھے دوبارہ بیعت کر لیا۔

سوال: آپ کی گیتا دیدی کا کیا ہوا؟

جواب: ان کے گھر والے ان کی شادی کرنا چاہتے تھے وہ کئی مسلمانوں کے پاس گئی کہ کوئی ان کو مسلمان کرلے اور ہندو دھرم سے نکلنے کے لئے مدد کرے مگر کوئی اس کے لئے تیار نہ ہوا سب ڈرتے تھے ان کے گھر والوں نے ایک شرابی اور جواری لڑکے سے منگنی کر دی اور ساموہک ووواہ سمیلن میں لے جانے کو کہا، انہوں نے مجھے فون کیا کہ میں آکر اس سے پہلے ان کو لے جاؤں میں نے کہا اتوار کو میری چھوٹی ہوتی ہے مگر ہفتہ کے دن ان کی شادی ہونی تھی وہ جمعہ کے روز دسیوں مسلمانوں کے پاس گئیں کہ وہ مسلمان بننا چاہتی ہے اور اگر آج مجھے مسلمان نہ بنایا گیا تو میرے گھر والے میری شادی کر دیں گے اور مجھے ہندو ہی رہنا پڑے گا مگر کوئی آدمی ان کو مسلمان کرنے کے لئے تیار نہ ہوا مجبوراً انہوں نے رات کو سلفاز کی گولیاں کھالیں اور رات کو ان کا انتقال ہو گیا وہ یہ کہتی رہیں کہ میں ہندو سماج میں رہنے اور شادی کرنے سے زیادہ موت کو پسند کرتی ہوں میرے اللہ مجھے خود مسلمان کرلیں گے، میں اتوار کو بھوپال پہنچا تو مجھے حادثہ کا علم ہوا آج تک میں اس ظلم کو بھلا نہیں سکتا، میں

نے دو پیسے کی نوکری کے لئے کتنا ظلم کیا، میرے اللہ مجھے معاف کرنا۔

سوال: اس کے بعد آپ کہاں رہے؟

جواب: مجھے حضرت نے کلام آپ (جبریات) بھیج دیا، وہاں ایک فیکٹری میں ملازمت کی تلاش میں گیا، انہوں نے میرے حالات معلوم کر کے نوکری دینے کا تو وعدہ کیا مگر شرط لگائی کہ تمہیں داڑھی کٹوانا پڑے گی، میں نے کہا نوکری تو کیا چیز ہے میں جان کے لئے بھی داڑھی نہیں کٹوا سکتا، میں سر تو کٹوا سکتا ہوں مگر داڑھی نہیں کٹوا سکتا، مجھے فاقے منظور ہیں مگر نبی ﷺ کی سنت چھوڑنا منظور نہیں، ایک دوسری فیکٹری میں، میں نے آدھی تنخواہ پر ملازمت کر لی میرے اللہ نے میرے ساتھ کرم کیا میرے کام کو دیکھ کر کمپنی مالک نے میرا پرموشن کر دیا اور سپروائزر بنا دیا میرے ساتھی مجھ سے جلنے لگے ایک روز مجھے فیکٹری میں پانچ روپے پڑے ہوئے ملے میں نے جماعت میں سنا تھا کہ ہر پڑی چیز یا تو اٹھانی نہیں چاہئے اگر اٹھائی ہے تو ذمہ داری ہے کہ تین سال تک اعلان کرتا رہے میں نے ایک کاغذ میں اعلان لکھ کر فیکٹری کے دروازے پر لگا دیا، میرے ساتھیوں نے منیجر کو بھڑکا دیا مجھے مجبوراً ملازمت چھوڑنی پڑی۔

سوال: اسلام میں آنے کے بعد آپ کو کیسا لگتا ہے؟

جواب: اسلام کی ہر چیز سے مجھے عشق ہے مجھے اپنے مسلمان ہونے پر ناز ہے اور اپنے پیارے نبی ﷺ کی سنت مجھے جان سے زیادہ عزیز ہے میں نے بال بڑھا کر پیچھے رکھے ہیں، میں جب آئینہ دیکھتا ہوں تو مجھے نبی کی سنت کی وجہ سے اپنے پر بہت پیار آتا ہے میں کپڑے سلوانے گیا درزی نے معلوم کیا جیب کدھر لگواؤں، ایک حافظ صاحب میرے ساتھ تھے، میں نے ان سے معلوم کیا جیب کدھر لگانا سنت ہے انہوں نے کہا مجھے معلوم نہیں میں نے کہا ابھی کپڑے مت سینا مجھے جب تک معلوم نہ ہو جائے کہ میرے نبی

ﷺ جیب کدھر لگواتے تھے میں ہرگز کپڑے نہیں سلواؤں گا، میں نے مولانا صاحب کو فون کیا انھوں نے جواب دیا تحقیق کرکے بتاؤں گا پھر وہ عمرہ کو چلے گئے میں پچھ روز کے بعد سعودی عرب فون کیا حضرت مولانا نے وہاں بہت کی دعا کی حضرت مولانا نے وہاں پہنچ کر عالموں سے معلوم کیا مگر اطمینان نہیں ہوسکا، میں نے آج تک نئے کپڑے نہیں سلوائے اور انشاء اللہ جب تک معلوم نہ ہوجائے میرے نبی ﷺ جیب کہاں لگواتے تھے ہرگز ہرگز کپڑے نہیں سلواؤں گا۔

سوال: آپ نے اسلام قبول کرنے کے بعد کوئی دعوتی کام بھی کیا؟

جواب: الحمدللہ ثم الحمدللہ، بھلا حضرت مولانا سے جڑنے کے بعد یہ کیسے ہوسکتا ہے کہ دعوت کا کام نہ کریں الحمدللہ ایک سال میں بہت سے فیکٹری کے ساتھیوں کو میں نے دعوت دی اور وہ مسلمان ہوئے آج بھی ایک سفر پر جارہا ہوں پانچ لوگ جھانہ کے قریب الگ الگ گاؤں کے بالکل قریب ہیں، انشاء اللہ پرسوں تک ان کو کلمہ پڑھوا کر لے کر آؤں گا، ہدایت تو اللہ کے فیصلے میں ہے مگر کوشش پر اللہ نوازتے ہیں۔

سوال: ارمغان کے لئے کوئی پیغام آپ دیں گے؟

جواب: بس اس سے زیادہ پیغام کیا ہوسکتا ہے کہ اسلام کے دشمن خاندان کے ایک انسان کو جب اللہ تعالیٰ سنت سے ایسی محبت دے سکتے ہیں تو بھولے بھالے انسان جو دنیا میں زیادہ ہیں اگر ان کو اسلام سمجھایا جائے تو پھر وہ کیسے نبی ﷺ کے چاہنے والے نہیں بن سکتے، ہمیں کوشش کرنی چاہیے۔

سوال: بہت شکریہ! توحید بھائی۔

جواب: آپ کا بھی شکریہ احمد بھائی

مستفاد از ماہنامہ ارمغان، دسمبر ۲۰۰۶ء

عبداللہ سنگی (سنجیو پٹنائک) سے ایک ملاقات

> مجھے یہ خیال ہوتا ہے کہ وراثت میں ملے اسلام کی مسلمانوں کو کچھ قدر نہیں ہوتی، ان کو خاندانی طور پر ملی اس دولت میں اس کا احساس ہے کہ اسلام سے محروم انسان کتنے خطرے میں ہیں اور وہ کیسی قابل ترس حالت میں ہیں، خدا را ان پر ترس کھائیں اور ان کو دوزخ کی دردناک آگ سے نکالنے کی فکر کریں، کم از کم اس تکلیف اور درد کا احساس ہی کریں۔

مولانا احمد اواہ ندوی

احمد اواہ : السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

عبداللہ سنگی : وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ

س: عبداللہ بھائی میرا نام احمد ہے، مولانا کلیم صاحب کا بیٹا ہوں، کل ابی نے مجھے آپ کا پتہ دیا تھا، آپ کی طبیعت کیسی ہے؟

ج: ہاں احمد بھائی میں آپ کو جانتا ہوں، پھلت میں ایک ماہ کے قریب رہا ہوں، میری طبیعت الحمد للہ اب ٹھیک ہے۔

س: ابی نے مجھے کہا تھا کہ آپ سے "ارمغان" کے لئے انٹرویو لوں؟

ج: ضرور بھیا، مجھ سے مولانا صاحب کہہ رہے تھے کہ میں احمد کو بھیجوں گا، آپ کو اپنی زندگی کی کہانی ان کو سنانی ہے۔

س: ذرا آپ اپنا انٹروڈکشن (تعارف) کرا دیں؟

جواب: میرا پرانا نام سنجیو پٹنائک تھا۔ میں کٹک اڑیسہ میں ایک تعلیم یافتہ گھرانہ میں ۹ر جنوری ۱۹۶۷ء کو پیدا ہوا، میرے پتا جی (والد صاحب) ایک انٹر کالج میں لیکچرر تھے، ہمارے والد صاحب کا اچانک ہارٹ فیل ہو کر انتقال ہو گیا، اس لئے مجھے مجبوراً ایف ایس سی کے بعد تعلیم ترک کرنی پڑی۔

سوال: اپنے قبول اسلام کا واقعہ بتائیے؟

جواب: والد صاحب کے انتقال کے بعد والدہ اور بہن کی ذمہ داری میرے سر پر تھی، بہن کی منگنی والد صاحب نے کر دی تھی میں نے قرض لے کر کسی طرح اس کی شادی کر دی، دو سال تک والد صاحب کے اسکول میں، میں جونیئر سیکشن میں پڑھاتا تھا، مگر اسکول کے پرنسپل سے میری ان بن رہتی تھی اور مجبوراً مجھے ملازمت چھوڑنی پڑی، اس کے بعد دو چار جگہ تھوڑے تھوڑے وقت کے لئے میں کام کرتا رہا مگر قرض ادا نہ ہو سکا اور مسلسل مجھ پر دباؤ بڑھتا رہا، چھ سال تک میں روزگار کے لئے پریشان رہا، سوسائڈ (خودکشی) کرنے کا ارادہ کیا اور ایک بڑی ندی کے پل پر چڑھ کر ڈوب کر مر جاؤں، میں پل پر چڑھ رہا تھا کہ ایک مولانا صاحب وہاں آ گئے، انہوں نے سردی میں مجھے پل پر چڑھتے دیکھا، موٹر سائیکل روکی اور میرا ہاتھ پکڑ کر نیچے کھینچا اور مجھ سے پل پر چڑھنے کی وجہ معلوم کی، میں نے اپنا ارادہ بتایا، مولانا صاحب نے مجھ سے کہا، میری بات پہلے سن لو پھر جو چاہے کر لینا، انہوں نے مجھے بتایا کہ ندی میں چھلانگ لگا کر ضروری نہیں کہ تم مر جاؤ، یہ بھی ہو سکتا ہے کہ کسی طرح بچ جاؤ اور پانی پھیپھڑوں میں بھر جانے کی وجہ سے بیماری کے ساتھ تمہیں کب تک جینا پڑے، اور اگر تمہاری موت ڈوب کر مر جانے میں لکھی ہے تو بھی اس موت کے بعد ایک زندگی جو کبھی ختم ہونے والی نہیں، تمہارے مالک نے یہ زندگی اور جان امانت بنا کر دی ہیں، جس کی حفاظت تمہارے ذمہ ہے، اگر تم نے اس کی حفاظت کرنے کی بجائے

خودکشی کرلی تو قیامت (پرلوک) تک تمہیں یہ سزا دی جائے گی کہ تمہیں بار بار ڈوب کر مرنا پڑے گا، اس لئے اچھا ہے کہ مرنے سے پہلے مرنے کے بعد کی سدا رہنے والی زندگی کی فکر کرو، میں نے ان سے سوال کیا کہ مرنے کے بعد تو سب گل سڑ جاتے ہیں مولانا صاحب بہت محبت کے ساتھ مثالیں دے کر مجھے سمجھاتے رہے، بیچ بیچ میں قرآن مجید کی آیتیں پڑھتے جاتے تھے، جن کا میرے دل پر بہت اثر ہوا، میں نے ان سے مرنے کے بعد کی زندگی کو کامیاب بنانے کے طریقہ کے بارے میں معلوم کیا تو انھوں نے مجھے مسلمان ہونے کو کہا اور مجھے مشورہ دیا کہ آپ ہمارے پیر صاحب کے یہاں پھلت چلے جاؤ، انھوں نے مجھے اطمینان دلایا کہ آپ کو وہاں جا کر کچھ ملے نہ ملے شانتی تو ضرور ملے گی، میں نے ان سے اپنے قرض کے بارے میں بتایا اور بتایا کہ اتنی دور جانے کا کرایہ میرے پاس نہیں ہے، وہ مجھے موٹر سائیکل پر بٹھا کر گھر لائے اور مجھے ایک خط لکھ کر دیا اور ۵۰۰ روپے بھی مجھے دیئے۔

میں ماں کے پاس گیا اور ان سے کہا کہ میری نوکری دلی لگ رہی ہے، ماں نے خوشی سے مجھے اجازت دیدی، میں ٹرین میں سوار ہو کر دلی پہنچا یہاں سے دوسری ٹرین میں کھتولی پہنچا اور پھر پھلت، مولانا صاحب سفر پر گئے تھے اتفاق سے مولانا صاحب کے ایک مرید مولانا عتیق سنگلی صاحب آئے ہوئے تھے، میری ان سے ملاقات ہو گئی مجھے ہندی بولنا نہیں آتی تھی ان کے ملنے سے میری جان میں جان آ گئی، انھوں نے میری پوری کہانی سنی اور مجھے مبارک باد دی کہ آپ نے بہت مناسب فیصلہ کیا ہے حضرت کل آ جائیں گے اور حضرت مولانا صاحب کی بہت تعریف کی، اگلے روز چار بجے وہ سفر سے واپس آ گئے، ملاقات ہوئی، مولانا صاحب نے مجھے کلمہ پڑھوایا اور میرا نام عبداللہ رکھا مجھے صرف اڑیا اور انگریزی زبان آتی تھی، میں نے انگریزی میں مولانا صاحب سے درخواست کی کہ مجھے یہیں رہنا ہے اور مجھے روزگار بھی چاہئے، مولانا صاحب نے مجھے مولانا عتیق صاحب کے ساتھ جسولہ گاؤں

میں رہنے کے لئے بھیج دیا کہ آپ وہاں رہ کر کچھ دن ہندی اور اردو بولنا سیکھ لیں اور کچھ دین بھی سیکھ لیں، میں ایک باہر کے سفر پر جا رہا ہوں وہاں سے واپسی پر کسی اسکول میں آپ کی ملازمت لگوا دیں گے، میں اگلے روز صبح کو مولانا عتیق صاحب کے ساتھ جسولہ گاؤں چلا گیا، وہاں پر میں نے قاعدہ پڑھنا شروع کیا، غسل وضو کا طریقہ سیکھا نماز سیکھنی شروع کی، مولانا عتیق صاحب نے پاکی اور بہت سی بیماریوں سے بچنے کے لئے ختنہ کرانے کا مشورہ دیا، میرے خیال میں خود اصل مسلمانی ختنہ ہی تھی اس لئے میں نے بھی خود ختنہ کرانے پر زور دیا، نائی کو بلایا میں نے ختنہ کرالیا اور مجھے اطمینان ہوا آج میں پکا مسلمان ہوا ہوں۔

سوال: آپ نے پھلت تھانے ابی کے خلاف ایک رپورٹ کرائی تھی، اس کی وجہ کیا تھی؟

جواب: احمد بھائی میری کم ظرفی تھی، شاید کتا بھی اتنی کم ظرفی اور کمینے پن کی حرکت نہ کرتا، میری آپ کے ابی سے صرف چند گھنٹوں کی ملاقات تھی، بلکہ اس میں بھی مصروفیت کی وجہ سے بیس پچیس منٹ سے زیادہ میری بات نہیں ہوئی، مگر ان بیس پچیس منٹ میں مجھے محسوس ہوا کہ یہ آدمی اس کل یگ کا نہیں، یہ تو پوری انسانیت کے درد میں کڑھنے والا کسی پرانے زمانے کا آدمی ہے جس کی زبان میں ہر دکھے دل کے لئے مرہم ہے، میں سالوں کا مایوس جیسے دوبارہ جنم لے کر پیدا ہوا ہوں، اصل میں میرے مزاج میں غصہ تو پیدائشی تھا مگر اتنی لمبی مایوسی کی زندگی نے مجھے حد درجہ چڑچڑا بنا دیا تھا، مولانا صاحب ایک لمبے سفر پر دہلی اور عمرے کے لئے چلے گئے، میں جسولہ میں رہ رہا تھا، وہاں بھی میری بار بار استادوں سے لڑائی ہوئی مگر مولوی عتیق صاحب مجھے سمجھا دیتے، اتفاق سے مولوی عتیق کی والدہ بہت بیمار ہو گئیں اور ان کو اڑیسہ جانا پڑا، میں نے بھی اپنی ماں کی خبر لینے کو ان سے کہا، وہ مجھے لڑائی کے ڈر سے پھلت چھوڑ گئے، میں وہاں خانقاہ میں رہتا تھا، ماسٹر اسلام صاحب جو خود ایک نو مسلم تھے مدار تھے میری وہاں مہمان سے بار بار لڑائی ہوتی رہی، ماسٹر صاحب

سمجھاتے رہے، بہت عاجز آ کر لڑائی سے بچانے کے لئے میرے لئے انہوں نے مسجد کے حجرے میں رہنے کا انتظام کر دیا، وہاں پر مؤذن صاحب سے بھی میری لڑائی ہوتی رہتی ایک روز میں نے مؤذن صاحب کو بہت گالیاں دیں ماسٹر اسلام صاحب نے مجھے بہت ڈانٹا کہ روز روز کی لڑائی ہم کب تک برداشت کرتے رہیں گے، مجھے غصہ آ گیا اور ماسٹر صاحب کو گالیاں بکنے لگا اور ان کا گریبان پکڑ لیا ان کو بھی غصہ آ گیا تھا انھوں نے دو چار تھپڑ زور زور سے میرے کو لگا دیے بس کیا تھا میں آپے سے باہر ہو گیا اپنا سامان اٹھایا اور سیدھا کھتولی تھانہ پہنچا اور تھانے جا کر رپورٹ لکھوائی کہ مولانا کلیم صاحب مجھے دہلی سے گاڑی کی ڈگی میں ڈال کر زبردستی لائے، مجھے مار مار کر کلمہ پڑھوایا اور مسلمان کیا، باندھ کر میرا ختنہ کروایا اور خود تو عرب کے سفر پر چلے گئے اور دو پہلوانوں اسلام اور عبداللہ کو میرے اوپر چھوڑ گئے جو مجھے مار مار کر نماز پڑھواتے ہیں، میں کسی طرح ان کی قید سے چھوٹ کر آیا ہوں پولیس انسپکٹر میری باتیں سن کر بہت ہنسا اور بولا بھلے مانس کچھ تو سچ بھی کہہ لے، آج کے زمانے میں ایسا ہو سکتا ہے؟ تو جوان آدمی ہے بات بتا کیا ہے تو کس سے لڑ کر آیا ہے؟ میں نے کہا آپ میری رپورٹ لکھیں ورنہ میں ایس پی کے یہاں جا کر لکھواؤں گا۔

سوال: آپ نے ابی کے خلاف رپورٹ لکھوائی، جب کہ آپ یہ بھی کہہ رہے ہیں کہ ان کی ہمدردی سے آپ بہت متاثر ہوئے تھے؟

جواب: احمد بھائی سچی بات یہ ہے کہ میرا ضمیر شاید موت تک اس کمینے پن کو معاف نہیں کر سکتا، مگر مجھ جیسے کتوں کے بھونکنے سے پریم و محبت کی گاڑی کب رکنے والی ہے، میں نے تھانے میں رپورٹ کرائی، رپورٹ کچے کاغذ پر لکھ لی گئی، تھانہ انچارج نے دو سپاہیوں کو پھلت مولانا صاحب کو بلانے بھیجا، مولانا صاحب باہر کے سفر پر گئے ہوئے تھے، مولانا صاحب کے بڑے بھائی وکیل صاحب ایک ڈاکٹر صاحب کو لے کر تھانے آئے،

تھانہ میں ایک خطرناک معاملہ زوروں پر تھا، چند دن پہلے کچھ شیو سینکوں نے ایک گاؤں کے جنگل میں ایک ۱۵ سالہ مسلمان لڑکی سے اجتماعی بلاتکار (زنا) کر کے اس کو مار کر مٹی میں دبا دیا تھا، مسلمانوں نے احتجاج کیا تو بابا وتی کے آرڈر سے ان لوگوں کو گرفتار کر لیا گیا، شیو سینک پورے علاقہ کے اکٹھا ہو کر ان لوگوں کو رہا کرانے کے لئے دھرنا دے رہے تھے ایسے گرم ماحول میں وکیل صاحب نے سوچا کہ کسی طرح اس معاملہ کو رفع دفع کرانا چاہئے، ایک بڑی رقم کا مطالبہ تھانے سے تھا، بڑی کہاسنی کے بعد کہ ہمیں خود کچھ نہیں چاہئے اس آدمی کو دینا ہے جس کے ساتھ ایسا جرم ہوا ہے نو ہزار روپے میں معاملہ طے ہو گیا تھا تھانیدار نے مجھے پانچ سو روپے کرایہ کے دیئے، میں نے زیادہ مانگے تو مجھے گالیاں دیں کہ جھوٹی رپورٹ لکھاتا ہے شرم نہیں آتی، میں تھانے سے نکل کر بس میں بیٹھا، دہلی جا کر کٹک کا ٹکٹ لیا اور ٹرین سے گھر پہنچا میری ماں کا دیہانت (انتقال) ہو چکا تھا، لوگوں نے مجھے بتایا کہ وہ مولانا صاحب جو کلیم صاحب کے مرید تھے، انھوں نے میری ماں کا بہت علاج کرایا اور بہت خدمت کی اور وہ مسلمان ہو کر مریں اور مسلمانوں کے قبرستان میں ان کو دفن کیا گیا، میں ایک ایسے بدقسمت فقیر کی طرح جس کو خواب میں بادشاہت مل گئی ہو اور پھر اچانک آنکھ کھل جائے اور فقیر کا فقیر رہے پھلت سے واپس لوٹا، ایک انجانا سا ڈر مجھے اندر ہی اندر محسوس ہو رہا تھا کہ ایسے احسان اور ہمدردی کرنے والوں کے ساتھ ان کینے پن کی سزا مجھے زندگی میں ضرور بھگتنی پڑے گی اتنے دنوں اسلام کی باتیں جاننے کے بعد مجھے ہندو بن کر جینے کو تو دل بالکل نہیں چاہتا تھا مگر میرا منہ بھی نہیں تھا کہ میں کسی مسلمان کے پاس جاؤں، ایک دو مہینے میں کٹک میں گذارا کرتا رہا کبھی کچھ سوچتا کبھی کچھ ایک روز ایک پنڈت جی سے ملاقات ہوئی، وہ بنارس کے ایک بڑے آشرم کے ذمہ دار تھے، میں نے یہ سوچ کر کہ یہ دھارمک آدمی ہیں اپنی پریشانی کا ذکر کیا انھوں نے مجھ سے بنارس

ساتھ چلنے کے لئے کہا، میں ان کے ساتھ بنارس آشرم میں چلا گیا، ایک سال میں وہاں رہا، مگر مجھے ہندو دھرم کی کوئی بات بھی بھائی نہیں تھی۔

انہیں دنوں بنارس کے کئی آشرموں میں بم ملے، ہمارے آشرم میں بھی بم رکھے ملے پولیس نے سخت ایکشن لیا، خود مندروں میں رہنے والوں اور پجاریوں کی تحقیق و تفتیش ہوئی، نئے لوگوں میں مجھ پر پولیس کو شک ہوا، ہمارے پورے آشرم سے صرف مجھے، پولیس گاڑی میں بٹھا کر تھانہ لے گئی، تھانہ انچارج نے مجھ سے تفتیش شروع کی، تو ان کو مجھ پر اور بھی شک ہو گیا، کہنے لگے یہ لشکر طیبہ کا آدمی ہے، اس کی پینٹ اتار کر دیکھو یہ مسلمان ہے، میری پینٹ اتاری گئی، میری ختنہ دیکھ کر ان کو یقین ہو گیا کہ یہی آتنک وادی ہے، میں نے ان سے کہا کہ میری ختنہ زبردستی کرادی گئی تھی اور کھتولی تھانہ میں رپورٹ بھی لکھی ہوئی ہے، تھانہ انچارج نے کھتولی رابطہ کیا کھتولی والوں نے بتایا کہ ہمارے یہاں ایسی کوئی رپورٹ دو سالوں میں بھی نہیں لکھی ہوئی ہے، پھر کیا تھا میرے ساتھ سختی ہونے لگی، مجھ سے تفتیش کے بعد اور جرم کے اقرار کے لئے جو بھی حیوانیت ہو سکتی تھی، کی گئی کرنٹ ماری گئی میرے ناخن کھینچے گئے، حیوانیت کا کوئی ظلم ایسا نہ تھا جو میں نے نہ سہا ہو، خیال ہوتا تھا کہ میں اب مر جاؤں گا، وہ مجھ سے دہشت گردوں کا پتہ مانگتے تھے مگر میں کہتا کہ یہ میرا جرم نہیں ہے جس کی سزا تم مجھے دے رہے ہو، بلکہ میرا جرم یہ ہے کہ میں نے اپنے محسن کے ساتھ دغا کی، مگر ان ظالموں کو کہاں سمجھ میں آنے والا تھا، میرے فوٹو اخباروں میں چھپے کہ لشکر کا پرانا آتنک وادی پجاری کے بھیس میں ایک سال وکاس آشرم میں رہا، پورا پرشاسن حرکت میں تھا، سب کچھ کرنے کے بعد جب ان کو مجھ سے کچھ سراغ نہیں مل سکا تو مجھے ڈی آئی جی کے یہاں لے جایا گیا میرے پاؤں کی ہڈیوں میں فریکچر آ گئے تھے اس لئے مجھے لیٹا کر لے جایا گیا، یہ ڈی آئی جی بریلی سے پروموشن ہو کر ڈی آئی جی بنے تھے، انھوں

نے سارے پولیس والوں کو الگ کر کے محبت سے مجھ سے بات کی اور مجھے سچ بتانے کو کہا، میں نے روداد کراچی کہانی ان کو بتائی اور بتایا کہ یہ سب سزا مجھے اس گھناؤنے جرم کی مل رہی ہے کہ میں نے ایسے محسن کو دغا دی مولانا کلیم صاحب کو وہ جانتے تھے، وہ مولانا صاحب سے دہلی میں ملے تھے اور ان کی کتاب ''آپ کی امانت آپ کی سیوا میں'' پڑھ چکے تھے انھوں نے مجھے وہ منگوا کر دکھائی، ڈی آئی جی کو میرے سچ پر یقین آگیا، انھوں نے مجھے بتایا کہ میں نے خود مولانا صاحب کے ہاتھ چھ مہینے پہلے کلمہ پڑھا ہے، مگر ابھی میں نے اعلان نہیں کیا، واقعی تم نے بہت بری حرکت کی، انھوں نے مجھ سے کہا اب بھی اگر سکھی جیون چاہتے ہو، تو مولانا صاحب کے پاس بلکلف جاؤ میں تمہیں یہاں سے چھڑوا دیتا ہوں بشرطیکہ یہ ہے کہ تم اسلام پر جمے رہو، انھوں نے مجھے پولیس کی گاڑی میں بٹھا کر، بنارس کے ایک مدرسے میں بھیج دیا، مدرسے والوں نے مجھے رکھنے سے صاف منع کر دیا کہ جس شخص پر دہشت گردی کا الزام ہو ہم لوگ اسے نہیں رکھ سکتے لوگ مدرسوں کو اور بھی بدنام کریں گے، مجھے ایک سرکاری اسپتال میں بھرتی کر دیا گیا، میرے دونوں پاؤں پر پلاسٹر ہوا دو مہینے بعد میری ہڈیاں جڑ گئیں اور بیساکھیوں سے چلنے لگا مگر میری صحت بالکل خراب ہو گئی تھی سخت چوٹوں کی وجہ سے میرے گردے خراب ہو گئے تھے بنارس کے ایک حاجی صاحب نے ڈی آئی جی کے کہنے پر میرے علاج پر کافی رقم خرچ کی مگر میری صحت بحال نہ ہوئی، تو مجھے دہلی علاج کے لئے جانے کا مشورہ دیا گیا آل انڈیا میڈیکل انسٹی ٹیوٹ کے لئے مجھے ڈاکٹر نے پرچہ لکھ دیا، کچھ رقم حاجی صاحب سے لے کر دہلی آیا دہلی آل انڈیا انسٹی ٹیوٹ میں ایک ہفتہ چکر لگا تا رہا مگر میرا داخلہ نہ ہو سکا، مجبوراً میں صفدر جنگ اسپتال میں داخل ہو گیا، میں علاج سے بالکل مایوس ہو گیا تھا مجھے یہ خیال ہوتا تھا کہ کاش موت سے پہلے میں مولانا صاحب سے ایک بار ملاقات کر کے، ان کے قدموں میں پڑ کر ان سے

معافی مانگ لوں، شاید موت کے بعد کی زندگی کے لئے رحمت کا ذریعہ بن جائے، مجھے بار بار ڈی آئی جی صاحب کی وہ بات یاد آرہی تھی کہ اب بھی اگر کسی جیون چاہتے ہو تو مولانا صاحب کے قدموں میں بعجلت چلے جاؤ، مجھے یہ بھی خیال آرہا تھا کہ اس محسن کی کیا بات ہے کہ ایسے غدار کو اتنی مشکل سے نجات ملی تو ڈی آئی جی سے ان کے رشتہ کی وجہ سے ورنہ نہ جانے کس طرح جیل میں سڑ کر مرتا مجھے مولانا صاحب کی بہت یاد آئی اور روز بروز جیسے علاج سے مایوسی بڑھتی رہی یاد بڑھتی گئی کہ کاش کوئی صورت آخری ملاقات کی ہو جاتی۔

۹ / مارچ کو اچانک میری عید ہو گئی، ۱۰ / بجے کے قریب مولانا صاحب اپنے کسی دوست ڈاکٹر صاحب سے ملنے صفدر جنگ پہنچے، وہ ڈاکٹر صاحب ہمارے وارڈ میں تھے میں نے دروازے سے مولانا کو آتے دیکھا تو میں گیٹ سے نہ جانے کس طاقت سے کود کر مولانا صاحب کے قدموں سے چپٹ گیا، مولانا صاحب شروع میں تو ڈر سے گئے مگر جب میں نے بتایا کہ میں آپ کا کمینہ جھک خوار احسان فراموش عبداللہ کلرک والا ہوں تو مولانا نے مجھے اٹھایا اور گلے لگایا اور معلوم کیا کہ یہ کیا حال ہو گیا، میں نے رو رو کر پوری کہانی سنائی، مولانا صاحب نے معلوم کیا اب اسلام پر ہو کہ نہیں، میں نے کہا اللہ تعالیٰ نے حقیقی مسلمان تو اب بنایا ہے، اب بس آپ کے قدموں میں جان دینے کی آخری آرزو ہے مولانا صاحب میری حالت زار دیکھ کر بہت دکھی بھی ہوئے اور اس بات پر خوش بھی ہوئے کہ میں انہیں مل گیا، مولانا صاحب نے میری شرمندگی اور ندامت کو اور بھی بڑھا دیا کہ اتنی کم ظرفی کے باوجود بھی وہ اس کے لئے فکر مند تھے کہ کہیں میں ہندو ہو کر نہ مر جاؤں اور ہمیشہ کی دوزخ کا ایندھن بنوں، انھوں نے بتایا کہ حج وعمرہ کے سفر میں ہر موقع پر میرے لئے دعا کی کہ میرے اللہ! میرے عبداللہ کو میرے یہاں بھیج دیجئے اور اسے اسلام پر موت نصیب فرمایئے، مولانا صاحب نے مجھے بتایا کہ میں نے تمہارے اسلام پر چلنے کے لئے روزوں کی نذر مانی نفلوں

اور صدقوں کی نذر مانی، مقدور بھر جاتا رہا، اب تک چالیس روزے، سو رکعت نفل اور دس ہزار روپے صدقہ کی نذر میں تمہارے اسلام پر واپس آنے کے لئے کر چکا ہوں، میں یہ سن کر بلک گیا کہ ایسے احسان فراموش کے ساتھ ایسی ہمدردی، یا اللہ یہ کائنات ایسے لوگوں کی وجہ سے قائم ہے، میں مولانا صاحب کے قدموں میں بار بار چمٹتا تھا کہ خدا کے لئے اس کمینے کو معاف کر دیں میری وجہ سے بھائی صاحب کو نو ہزار روپے تھانے میں بھی دینے پڑے، مولانا صاحب بار بار مجھے گلے لگاتے اور کہتے کہ ہمارے اسلام پر ملنے کے بعد مجھے کسی بات کا بھی احساس نہیں رہا اور وہ نو ہزار روپے تو اللہ نے مجھے واپس دلوا دیئے تھے میں نے کہا وہ کیسے احمد بھائی دیکھئے اللہ کے یہاں سچے انسانیت دوستوں اور ہمدردوں کی کیسی ناز برداری ہوتی ہے، مولانا صاحب نے بتایا کہ میں باہر کے سفر سے واپس آیا تو لوگوں نے میرا پورا واقعہ سنایا میں نے ساتھیوں سے کہا آپ لوگوں کو سمجھانا چاہئے تھا نو ہزار روپے کی تو ایسی بات نہیں ہے البتہ اگر وہ مرتد ہو گیا تو ایک آدمی کا ایمان سے چلے جانا ساری دنیا لٹ جانے سے زیادہ ہے، مولانا صاحب نے بتایا، مجھے یہ بھی خیال ہوا کہ اگر تھانے میں رشوت کا سلسلہ چل گیا تو یہ خون پولیس والوں کے منھ لگ جائے گا، حسن اتفاق کہ کچھ زمانہ پہلے مولانا صاحب نے حضرت مولانا رابع صاحب کا ایک پیام انسانیت کا دورہ علاقہ میں کرایا تھا جس میں میرٹھ، کھتولی، بجنور، مظفر نگر میں پیام انسانیت کے زبردست جلسے ہوئے تھے، مظفر نگر کے جلسے میں ایس پی سٹی جناب اے کے جین بھی شریک ہوئے تھے، جو پیام انسانیت تحریک سے لکھنؤ پوسٹنگ کے زمانے سے واقف تھے انھوں نے مظفر نگر میں میری تقریر سنی تو مجھ سے کہا کہ مولانا صاحب میں آپ کے اس فورم کا آجیون (تا حیات) سیوک ہوں، مجھے آپ ممبر بنانے کے لئے لائف ممبر شپ کی فیس لے لیں اور رات دن میں دیش کے جس کونے میں جس سیوا کے لئے آپ مجھے بلائیں گے، میں حاضر رہوں گا، تھانوں کا

چارج ایس پی سٹی کے ہاتھ میں ہوتا ہے، مولانا صاحب نے سنایا کہ میں نے معلوم کرایا کہ
جین صاحب ابھی مظفر نگر میں ہیں یا نہیں؟ خدا کا کرنا کہ ابھی تک وہ ایس پی سٹی تھے، میں
نے ان کو فون کیا کہ مجھے ضروری کام ہے، جین صاحب نے بڑی معذرت سے کہا کہ مجھے
خود سیوا میں حاضر ہونا چاہیے تھا، مگر اس وقت ایک مسئلہ یہ ہے کہ کانوڑ چل رہے ہیں، اگست
کے مہینے میں ہریدوار سے لوگ کاندھے پر کانوڑ میں جل لے کر اپنے اپنے مندروں پر چڑھا
تے ہیں، بیسیوں لاکھ لوگ اس میں شریک ہوتے ہیں، پورے علاقے کے راستے بند
کردیے جاتے ہیں اور پولیس پر انتظام کے لیے بڑا دباؤ ہوتا ہے اور آئی جی کی میٹنگ ہے
اس لیے آپ ہی زحمت کریں، مظفر نگر پہنچا بہت خوشی سے ملے، میں نے پورا واقعہ بتایا کہ
روزگار سے پریشان خودکشی کرنے والے ایک گریجویٹ کو ہمارے ایک دوست نے میرے
پاس بھیجا تھا، وہ ہندی نہیں جانتا تھا اس لیے میں اس کو اڑیا جاننے والے دوست کے پاس
چھوڑ کر باہر چلا گیا، بعد میں کسی سے اس کی لڑائی ہوگئی اور اس نے جھوٹی رپورٹ لکھوائی
اور تھانیدار نے موقع کا فائدہ اٹھاتے ہوئے بھائی صاحب سے نو ہزار روپے لے لیے آپ
اگر ہمیں وطن میں رہنے کا حق دار سمجھتے ہیں تو بتائیے ورنہ پھر ہمیں یہاں سے نکل جانے کے
لیے کہیں، جین صاحب نے بہت افسوس کا اظہار کیا اور کہا کہ ہمارے ہوتے ہوئے اگر آپ
کے ساتھ ظلم ہوگا تو ہمارا جیون کس کام کا؟ مگر آپ کو کل مجھے آدھا گھنٹہ اور دینا پڑے گا، کل دس
بجے آپ میری کوٹھی پر آجائیں اور بس ایک کپ چائے پی لیں، میں آپ کا دل ٹھنڈا کر کے
بھیجوں گا اور میں چاہے گا بالکل ایک نمبر کی پالوں گا، مولانا صاحب نے بتایا کہ میں اگلے روز
جین صاحب کی کوٹھی پر پہنچا، جین صاحب نے کھتولی کے تھانیدار کو بلا رکھا تھا اور کوتوال کھتولی
بھی موجود تھے، تھانیدار کو بہت گالیاں دیں کہ تم دیہاتوں کو نہیں پہچانتے، ان سے رشوت
لے کر کہاں جاؤ گے، سارا دیش ان کو جلا رہا ہے، یہ بچانے والے رہ گئے ہیں ان کی مدد نہیں

کرسکتے تو ان کے ساتھ ظلم تو نہ کرو، جین صاحب نے کہا بس آخری بات یہ ہے کہ کل تک تیری وردی مولانا صاحب کے ہاتھ میں ہے، اگر صبح سویرے مولانا صاحب کے چرنوں میں نو ہزار روپے رکھ کر چھما یاچنا (معافی) کرلیا اور مولانا صاحب معاف کریں گے تو تیری وردی رہے گی ورنہ بیلٹ اتار کر یہاں جمع کر دینا۔

مولانا صاحب نے بتایا، میرے اللہ کا شکر ہے کہ وہ تھانیدار صبح سات بجے آیا تو ہزار روپے میرے قدموں میں رکھ کے دیر تک معافی مانگتا رہا، میں نے اسے اٹھایا، گلے لگایا اور کہا آپ اب میرے مہمان ہیں اس نے موبائل جین صاحب کو ملا کر مجھے دیا کہ صاحب سے کہہ دیجئے میں نے معاف کر دیا، میں نے جین صاحب سے ان کو معاف کرنے کو کہا اور اللہ کا شکر ادا کیا اور آج تک سوچتا ہوں کہ شاید ہندوستان کی تاریخ میں یہ پہلا واقعہ ہو کہ داروغہ رشوت لے کر قدموں میں واپس لے کر آئے اور معافی مانگے بھلا اس سے زیادہ میرے رب کے ''وَ کَفٰی بِاللّٰہِ حَسِیْبًا'' ترجمہ: اور حساب کیلئے تو اللہ ہی کافی ہے'' کے داعی کیساتھ وعدہ کی اور کیا مثال ہو سکتی ہے۔

س: پھر اسکے بعد کیا ہوا؟

ج: مولانا صاحب نے مجھے ساتھ لے کر صفدر جنگ سے چھٹی کرائی اور اپنے جاننے والے ایک ڈاکٹر صاحب کو آل انڈیا میڈیکل میں فون کیا، وہ فوراً صفدر جنگ آگئے اور مجھے آل انڈیا لے گئے اور مجھے داخل کرایا اور علاج کرایا الحمدللہ ایک مہینے میں زندگی کے آثار دکھائی دینے لگے۔ مجھے خود مولانا صاحب سے مل کر بڑا علاج مل گیا تھا، اب الحمدللہ ایک مہینے پہلے میں اسپتال سے آگیا ہوں، اگرچہ علاج اب بھی چل رہا ہے یہاں دہلی کے ایک مدرسے میں مولانا صاحب نے میرے رہنے کا نظم کر دیا ہے وہاں میں انگلش پڑھا رہا ہوں اور ہر لمحہ اپنے اللہ کا شکر کرتا ہوں کہ ایسے ناقدرے کو اسلام کی طرف کس طرح

زندہ دوستی لوٹا پا، اصل میں تو یہ مولانا کے درد و دعاؤں کا صدقہ تھا۔

س: اب آپ کیسا محسوس کرتے ہیں؟

ج: میں بیان نہیں کرسکتا کہ میں اپنے کو دنیا کا کس قدر خوش قسمت انسان سمجھتا ہوں کہ اتنی کم ظرفی کے باوجود میرے اللہ نے مجھے گھیر کر اسلام پر لوٹایا، میرا رواں رواں کانپ جاتا ہے کہ اگر بھلت سے لوٹنے کے بعد مجھ پر مسائل نہ آئے ہوتے اور میں بنارس کے وکاس آشرم میں کفر پر مر گیا ہوتا مرنے کے بعد ہمیشہ کی سزائیں کس طرح برداشت کرتا، حقیقت یہ ہے کہ دنیا میں اسلام و ایمان کے لئے میں سب سے زیادہ نااہل انسان تھا۔

س: ارمغان کے قارئین کے لئے آپ کچھ پیغام دینا چاہیں گے؟

ج: مجھے یہ خیال ہوتا ہے کہ وراثت میں ملے اسلام کی مسلمانوں کو کچھ قدر نہیں ہوتی، ان کو خاندانی طور پر ملی اس دولت میں اس کا احساس ہے کہ اسلام سے محروم انسان کتنے خطرے میں ہیں اور وہ کیسی قابل ترس حالت میں ہے مقدار ان پر ترس کھائیں اور ان کے دوزخ کی دردناک آگ سے نکالنے کی فکر کریں، کم از کم اس تکلیف اور درد کا احساس ہی کریں۔

س: بہت بہت شکریہ عبداللہ بھائی، السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ فی امان اللہ

ج: آپ کا بہت بہت شکریہ آپ میرے پاس آئے، واقعی میری کہانی بہت سے لوگوں کے لئے بڑا سبق ہے، اچھا ہوا مولانا صاحب نے آپ کو بھیج دیا۔

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

مستفاد از ماہنامہ ارمغان، جون ۲۰۰۶ء

بھائی ڈاکٹر محمد احمد (رام چندر) دہلی سے گفتگو

ہمارے ملک میں پچاس کروڑ دلت ہیں، بنگلہ دیش میں پچاس لاکھ لوگ دلت رہتے ہیں، اس طرح دنیا میں ڈیڑھ ارب لوگ وہ ہیں جو ذات پات کے نظام سے متاثر اور مظلوم ہیں، ان میں ہر ایک میری طرح صرف ایک بار ساتھ کھانے کے لئے ترس رہا ہے، رسول ﷺ کے آخری حج کے خطبے کو حقیقی معنوں میں اگر ان تک پہنچا دیں اور ذرا اسلامی انداز میں ان کو گلے لگا لیا جائے تو آتی بڑی آبادی دونوں جہاں میں ہدایت یاب ہو کر دوزخ کی آگ سے بچ سکتی ہے ہم نے پھلت میں دیکھا ہے صفائی کرنے والا جمعدار اور کام کرنے والے دلت مزدور مولانا کے برابر میں بیٹھ کر چائے اور ناشتہ کرتے ہیں۔

مولانا احمد اواہ ندوی

احمد اواہ : السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

ڈاکٹر محمد احمد : وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ

س : بھائی محمد احمد صاحب بہت شکریہ! آپ تشریف لے آئے، میں نے اس لئے آپ کو زحمت دی کہ ابی کا حکم تھا کہ میں آپ کو فون کر کے بلاؤں اور آئندہ ماہ کے ارمغان کے لئے آپ سے ایک انٹرویو لوں،

ج : احمد بھائی شکریہ کی کوئی بات نہیں مجھے بھی مولانا صاحب کئی ماہ سے فرما رہے تھے کہ میں خود آپ سے مل کر ارمغان کے لئے کچھ باتیں کروں مگر مجھے خود آپ سے کہنے کی ہمت

نہیں ہو رہی تھی، مجھے خیال آتا تھا کہ میری حیثیت ہی کیا ہے کہ میں ایک اہم میگزین کے لئے اپنے انٹرویو کی پیشکش کروں، مجھے یہ بھی خیال تھا کہ مجھے حکم کی تعمیل کرنی چاہئے آپ نے خود مجھ پر بڑا احسان کیا میری مشکل حل کردی۔

سوال: آپ اپنا تعارف کرائیے۔

جواب: میرا پرانا نام رام چندر ہے جو میرے گھر والوں نے رکھا، میں تقریباً ۲۸ سال قبل مہرولی دہلی کے ایک بھنگی خاندان میں پیدا ہوا میرے چاچا نے پتاجی سے زبردستی کرکے مجھے چھ سال کی عمر میں ایک اسکول میں داخل کرادیا جہاں سے میں نے آٹھویں کلاس پاس کی، بچپن سے مجھے پڑھائی کا شوق تھا اور ذہن بھی اللہ نے اچھا دیا تھا، سرکاری اسکول میں نویں کلاس میں داخلہ لے لیا، جب میں گیارہویں کلاس میں تھا تو میرے والد صاحب کا انتقال ہوگیا میں گھر میں بڑا تھا بڑی مشکل سے مزدوری کرکے میں نے انٹر پاس کیا سائنس سے، انٹرمیڈیٹ میں نے الحمدللہ فرسٹ ڈویژن سے پاس کیا تھا، میرے گھریلو حالات ایسے خراب تھے کہ میں بیان نہیں کرسکتا کہ انٹرمیڈیٹ تک میں کس طرح پہنچا، کئی بار ایسا خیال ہوا مجھے پڑھائی چھوڑنی پڑے گی میرے چاچا گورنمنٹ کالج میں ملازم تھے، ہمارے کالج میں کئی برہمن ٹیچر تھے اور ایک راجپوت بھی تھے مجھے بھنگی سمجھ کر مجھ سے جس طرح کا معاملہ کرتے تھے میں اس ذلت آمیز رویہ کو بیان نہیں کرسکتا، کبھی کبھی میرا دل چاہتا کہ میں خودکشی کرلوں کبھی یہ بھی خیال آیا تھا کہ میں ان لوگوں کو قتل کردوں، انٹر کے بعد میں ریگولر تعلیم جاری نہیں رکھ سکا اور ملازمت کی تلاش میں تھا میرے والد صاحب ایک سید صاحب کی کوٹھی پر جو گریٹر کیلاش میں ہے ملازم تھے میں سید صاحب کے یہاں گیا انھوں نے مجھے کوٹھی پر صفائی اور چوکی داری کے لئے ملازم رکھ لیا، میں نے پرائیویٹ بی اے کا فارم بھردیا بس یہ میرا خاندانی تعارف ہے۔

س: اپنے قبول اسلام کا واقعہ سنائیے؟

ج: احمد بھائی میرا قبول اسلام، میرے نبی پر کروڑوں اربوں سلام اور درود ہوں، ان کے رحمۃ للعالمین ہونے کا زندہ ثبوت ہے، ایک بھنگی پر اللہ کا ایسا احسان ہے کہ ہر روز احساس شکر سے میرا رواں رواں کھڑا ہو جاتا ہے، ہندو مذہب کے ذات پات کے نظام سے میں بیان نہیں کر سکتا کہ اس چھوٹی سی زندگی میں، میں نے کتنے تکلیف دہ واقعات کا سامنا کیا ہے، ذات پات کے ظالمانہ نظام سے کچلا ہوا صدمہ سے شکستہ دل تھا کہ اچانک رحمت اسلام کا ایک جھونکا مجھے چھو گیا اور اس ایک جھونکے کی ٹھنڈک نے مجھے ماں کی ممتا کی طرح اپنی آغوش میں لے لیا شاید مولانا صاحب نے آپ سے واقعہ بتایا ہو۔

س: ایک بار ابی نے اپنی تقریر میں بڑے درد کے ساتھ آپ کا واقعہ سنایا تھا اور مسلمانوں کو جھنجھوڑا تھا کہ نبی رحمت ﷺ کی امانت کے ہم امین، برادران وطن کے رواجوں سے متاثر ہو کر اونچ نیچ اور ذات پات کے نظام میں جی رہے ہیں، پچاس کروڑ ہمارے خونی رشتہ کے دلت بھائی صرف ہمارے ساتھ کھانے اور ہمارے برتن میں پانی پینے کو ترس رہے ہیں ہم اللہ کو کیا منہ دکھائیں گے؟ آپ ذرا پورا واقعہ سنائیے؟

ج: سید ندیم صاحب جن کے یہاں میں کوٹھی میں صفائی اور چوکی داری پر ملازم تھا، مالدار اور خاندانی آدمی ہیں، وہ فتح آباد کے رہنے والے ہیں، مگر ریٹر کیلاش میں ان کی کوٹھی ہے، نوئیڈا میں دو کارخانے ہیں، آپ کے والد صاحب (مولانا کلیم صدیقی) سے کافی دنوں سے تعلق رکھتے ہیں اور دینی مزاج رکھتے ہیں، ان کی خواہش تھی کہ مولانا صاحب ان کی دعوت ایک بار قبول کر لیں، ایک بار مولانا صاحب نے وعدہ کر لیا تھا مگر وہ کسی وجہ سے نہیں آ سکے، ایک روز پہلے فون آ گیا کہ کوئی حادثہ ہو گیا ہے جس کی وجہ سے نہیں آ سکیں گے، اصل میں مجھ سے سید صاحب نے کہا تھا کہ رام چندر ہمارے مولانا صاحب آئیں گے

میں تمہیں ان سے ملواؤں گا، ان سے دعا کو کہنا مجھے بھی خوشی تھی کہ کوئی وعدہ تک کر دیں، اچھا ہے ملاقات ہو جائے گی مگر ان کے فون آنے سے مایوس ہو گئی تھی، ۲۰ رجون ۱۹۹۹ء کو انھوں نے اپنے الور کے سفر سے واپسی پر ہمارے سید صاحب کے یہاں کھانے پر دوپہر بعد آنے کا وعدہ کیا، پونے تین بجے مولانا صاحب آئے میں بھی انتظار کر رہا تھا، آندھی اور تیز ہوا کی وجہ سے پوری کوٹھی میں مٹی کوڑا ہو گیا تھا میں اس خیال سے کہ مولانا صاحب آنے والے ہیں جھاڑو لے کر صفائی کرنے لگا، ابھی صفائی آدھی کی تھی کہ مولانا صاحب کی کار آ گئی میں چونکہ بار بار سید صاحب سے معلوم کرتا رہا تھا کہ مولانا صاحب کب آئیں گے، اس لئے جیسے ہی میں نے کار کو اندر کھڑا کرنے کے لئے دروازہ کھولا سید صاحب نے میرا تعارف کرایا کہ یہ ہمارا جمعدار رام چندر ہے میں نے اس سے آپ کے آنے کا ذکر کر دیا تھا، یہ آج دوپہر کو کھانا کھانے بھی نہیں گیا، مولانا صاحب نے مجھے اوپر سے نیچے کو دیکھا، نہ جانے کس طرح جیسے میرے اندر کے زخموں کو انھوں نے دیکھ لیا ہو، سید صاحب سے پہلے مجھ سے ہاتھ ملایا اور پھر اپنے سینے سے لگایا اور دیر تک میری پیٹھ کو پیار سے دباتے رہے اس کے بعد سید صاحب سے ملے، دوپہر کے کھانے کو دیر ہو گئی تھی، فوراً ڈرائنگ روم میں تخت پر دسترخوان لگا دیا گیا میں اپنی جھاڑو کو پورا کرنے لگا، میرے اندر ایک بھونچال سا آ گیا یہ مسلمانوں کے دھرم گرو ہیں میں تو سمجھتا تھا کہ وہ مجھ سے ملیں گے بھی نہیں مگر یہ کس سنسار کے آدمی ہیں ایک بھنگی کو سید صاحب سے پہلے گلے لگا لیا، ایک چوکیدار ایک چپراسی کو ایسی محبت سے گلے لگانے والے یہ کس یگ کے آدمی ہیں، میں یہ سوچ رہا تھا کہ مولانا صاحب ڈرائنگ روم سے باہر آئے اور بولے آؤ رام چندر کھانا کھاؤ، پہلے تو میں یہ سمجھا کہ مولانا صاحب ایسے ہی فارملٹی پوری کر رہے ہیں، مگر انھوں نے زور دینا شروع کیا اور کہا کہ دیکھو تم نے کھانا تو کھایا نہیں اور میرے ہاتھ سے جھاڑو لے کر ایک طرف رکھ دی اور

میرا ہاتھ پکڑ کر کھینچ کر واش بیسن کے پاس لے گئے کہ ہاتھ دھولو، مجھ سے کہا تمہارے ہاتھ جھاڑو کے ہورہے ہیں صابن سے دھولو، ہاتھ دھلا کر میرا ہاتھ پکڑ اا ور ڈرائنگ روم میں لے گئے اور تخت پر بٹھانے لگے، میں بار بار نیچے بیٹھنے پر زور دیتا رہا مگر مولانا صاحب نے میری ایک بھی نہ مانی اور کہا تمہیں میرے برابر میں بیٹھ کر کھانا کھانا ہے میرے لئے بالکل عجیب تجربہ تھا میرے لئے اس دسترخوان پر بیٹھنا کتنا مشکل کام تھا اور پھر بیٹھ کر ساتھ کھانا کھانا، پلیٹ میں مولانا صاحب نے اپنے ہاتھ سے سالن نکالا روٹی اٹھا کر میرے ہاتھ میں دی، ایک ایک لقمہ میرے لئے کتنا مشکل ہو رہا تھا میں بیان نہیں کرسکتا، اچانک مولانا صاحب نے ایک لقمہ میری پلیٹ میں لگایا میں اچھل سا گیا، مولانا صاحب نے محبت سے معلوم کیا کہ رام چندر مجھ گندے سے گھن (کراہیت) آرہی ہے؟ تمہارے ساتھ خوب اچھی طرح صابن سے ہاتھ دھوئے ہیں، میری آواز نہ نکل سکی، مولانا صاحب نے میری پلیٹ میں اپنی پلیٹ کا سالن الٹ دیا اور پھر میری پلیٹ میں کھانے لگے، یہ پانی بھی نکالی اور میٹھا بھی ایک پیالے میں کھایا، مجھ سے کھانا تو کہاں کھایا جارہا تھا مجبوراً کچھ نہ کچھ کھاتا رہا دسترخوان اٹھالیا گیا مگر میں اس لائق نہیں رہا تھا کہ اپنے پاؤں اٹھ سکوں، میں سوچ رہا تھا کہ اس سنسار میں اس جنم میں میرے ساتھ یہ سب کچھ ہوا، میرے مالک جس کا میں چوکیدار ہوں ان کے پیر صاحب اور دھرم گرو میری پلیٹ میں کھانا کھائیں، میں یہ سب خواب تو نہیں دیکھ رہا تھا، کیا واقعی یہ سچ تھا مجھے خود اپنے حواس پر اعتماد سا اٹھتا جارہا تھا، شاید آدھا گھنٹہ میں اسی حالت میں بیٹھا رہا اور نہ جانے کیا کیا سوچتا رہا اچانک سید صاحب نے کہا رام چندر تمہیں گھر نہیں جانا؟ مولانا صاحب سے کیوں ملنا چاہتے تھے کچھ کہنا ہو کہہ لو اور گھر جاؤ، گھر پر تمہارا انتظار ہو رہا ہوگا، تمہاری ماں پریشان ہو رہی ہوگی کہ کھانا کھانے کیوں نہیں آیا، میں نے ہمت کرکے سر اٹھایا اور سید صاحب سے کہا میاں

صاحب اب آپ مجھے اس گندگی میں کیوں بھیج رہے ہو جب ساتھ کھلا لیا ہے تو بس مسلمان کر کے اپنے میں ملالو، مولانا صاحب نے جواب دیا کہ بیٹے تم ہمارے ہی تو ہو، کیا تمہیں یہ معلوم نہیں کہ تم ہم ایک ماں باپ کی اولاد ہیں اور تم ہمارے خونی رشتے کے بھائی ہو، ہاں بھتیجے البتہ ایک خاندان کے لوگوں کو ایک خدا کا بندہ بن کر ایک اسلام کا قانون ضرور ماننا چاہئے۔ اللہ کے نبی ﷺ جو قانون اسلام کی شکل میں ہمارے لئے لائے اور جس نے اونچ نیچ، ذات پات کے نظام کو آ کر پیروں کے نیچے روندا اس کا ماننا تمہارے لئے بھی اتنا ہی ضروری ہے جتنا ہمارے لئے، تم نے بہت اچھا سوچا بس تم نے ارادہ کرلیا تو مسلمان تو تم ہو گئے مگر ہم بھی ساکشی (گواہ) بن جائیں اس لئے اپنے مطلب کے لئے تم سے کہتے ہیں کہ دلائنوں کا کلمہ ہے وہ پڑھ لو میں نے کہا جی پڑھاؤ، مولانا صاحب نے مجھے کلمہ پڑھوایا اور ہندی میں اس کا ترجمہ بھی کہلوایا اور پھر کہا نام بدلنا ضروری نہیں مگر نام بھی بدلنا چاہو تو بتا دو، میں نے کہا نہیں جی نام تو ضرور بدل دو، مولانا صاحب نے کہا میں تمہارا نام محمد احمد رکھتا ہوں، اس نے رکھتا ہوں کہ محمد اور احمد ہمارے نبی ﷺ کے نام ہیں، تم نے چونکہ ایک زمانے تک اونچ نیچ کے نظام میں ذلت برداشت کی ہے اب اسلام میں تمہارے لئے، میں سب سے عزت والا بلکہ دونوں ناموں کو ملا کر معزز ترین نام رکھتا ہوں اور مجھے جماعت میں جانے کا مشورہ دیا۔

سوال: اس کے بعد کیا ہوا؟

جواب: شام کو میں گھر چلا تو گیا مگر مجھے وہاں صد درجہ گھٹن محسوس ہوئی ساری رات خیالوں میں مجھے نیند آئی اگلے روز میں ڈیوٹی پر گیا تو سید صاحب نے مجھے جماعت میں جانے کا مشورہ دیا گھر والوں سے یہ کہہ کر کہ مجھے میرے مالک سوا مہینہ کے لئے باہر بھیج رہے ہیں، میں جماعت میں چلا گیا مرکز کے سامنے سے کچھ کتابیں ہندی انگریزی میں مجھے سید

صاحب نے خرید کردیں، علی گڑھ کی جماعت کے ساتھ مرادآباد میں ہمارا وقت لگا، سب پڑھے لکھے لوگ تھے، میرا وقت بہت اچھا لگا، جماعت میں وقت لگا کر میں واپس آیا، تو سید صاحب جن کو میں اب ابی کہتا ہوں مجھے لینے کے لئے مرکز آگئے، مجھے لے کر گھر گیا، اس پہنچے، ساتھ میں کھانا کھلایا، پھر مجھ سے کہا تم نے پڑھائی کیوں چھوڑ دی ہے؟ میں نے گھر کے حالات کے بارے میں بتایا، انھوں نے مجھ سے کہا میں تمہارا داخلہ کرادوں؟ میں نے کہا اگر کہیں ہوجائے تو اس سے بہتر میرے لئے اور کیا ہوسکتا ہے، جامعہ میں میرا داخلہ اللہ کے کرم سے سفارشوں کے بعد ہوگیا، میں نے بی اے آنرس کرلیا اور الحمد للہ فرسٹ ڈویژن، بی اے میں بھی آئی، پھر انگلش سے ایم اے بھی کیا، اس دوران میں نوئیڈا فیکٹری میں جانے لگا، ایم اے پہلے سال میں ایک روز شام کو سید صاحب نے مجھے بلایا اور کہنے لگے کہ اگر تمھیں قبول ہو تو میں تم سے اپنی بیٹی کی شادی کرنا چاہتا ہوں، میں ششدر رہ گیا کہ یہ کیا کہہ رہے ہیں، میں خاموش ہوگیا تو انھوں نے کہا آج رات تمہارا نکاح ہوگا، عشاء کی نماز کے بعد کچھ لوگ اکٹھا ہوگئے، سید صاحب نے خود میرا نکاح پڑھایا اور لوگوں کو بتایا کہ بہتر ہے کہ لڑکی کا باپ اگر نکاح پڑھا سکتا ہو تو وہ نکاح پڑھائے، مدینہ کی کھجوریں نکاح کے بعد تقسیم ہوئیں، رخصتی تو بعد میں ہونی طے تھی، نکاح کے بعد ساری رات میں سوچتا رہا آخر میں کون سی دنیا میں آگیا، ۱۰ر جنوری ۲۰۰۳ء کو میرا نکاح ہوا اور اسی سال مئی میں رخصتی ہوئی اور رخصت کرکے ہم دونوں کے لئے ابی صاحب نے عمرہ کا پروگرام بنایا، عمرہ میں میری عجیب کیفیت رہی، مدینہ منورہ ہم پہنچے تو روضۂ اطہر پر میری عجیب کیفیت ہوگئی، مجھے خیال تھا، یہ ساری نئی دنیا میرے اس محسن نبی ﷺ کے قدموں کا صدقہ ہے، جی چاہتا تھا کہ فرطِ عقیدت میں جان دیدوں، میں نے ابھی تک داڑھی بھی نہیں رکھی تھی، روضہ مبارک پر حاضر ہوا تو مجھے ایسا لگا کہ میرے نبی ﷺ مجھے مشرکوں کی صورت بنائے ہوئے

امتی کو دیکھ رہے ہیں، میں نے اسی وقت داڑھی رکھنے کا عہد کیا حرم کے اماموں کو قرآن شریف پڑھتے ہوئے سن کر میرا دل بہت متاثر ہوتا تھا، مجھے احساس ہوا کہ یہ بھی کوئی بندگی ہے کہ اپنے مالک کا کلام بھی نہ سمجھ سکے، الحمد للہ قرآن شریف ناظرہ میں نے تجوید کے ساتھ ایم اے کے دوران پڑھ لیا تھا اور اردو بھی خوب لکھنا پڑھنا سیکھ لیا تھا میں نے عربی پڑھنے کا بھی عزم کیا اور مدینہ منورہ میں ہی ایک مولانا صاحب سے اس کی بسم اللہ بھی کرائی، الحمد للہ یہ عمرہ کا سفر میرے لئے بڑا مبارک رہا، میں نے بارہا اپنے رسول ﷺ کی خواب میں زیارت کی ایک بار میں خواب میں آپ کے قدموں سے چمٹ گیا اور خوب بوسے دیئے، اسی سال دوبارہ الحمد للہ ہم دونوں کا حج کا سفر بھی ہوا، پی ایچ ڈی میں میرا رجسٹریشن ہو گیا تھا، الحمد للہ ۲۰۰۳ء سے اس سال میری تحقیق مکمل ہو گئی ہے۔

س: آپ نے کس مضمون میں پی ایچ ڈی کیا اور عنوان کیا تھا؟

ج: میں نے جے این یو سے انگریزی میں پی ایچ ڈی کیا ہے، میرا عنوان بھی بہت پیارا تھا، اس کے لئے مجھے وزارت تعلیم سے زور ڈلوانا پڑا، میری پی ایچ ڈی کا عنوان تھا "انسانیت اور تہذیبوں پر محمد رسول اللہ ﷺ کے احسانات"

س: آپ کی پی ایچ ڈی مکمل ہو گئی؟

ج: جی الحمد للہ تقریباً مکمل ہو گئی، وایوا کا ایک مرحلہ مکمل ہو گیا ہے، ایک باقی رہا ہے۔

س: آپ کی اہلیہ محترمہ کا رویہ آپ کے ساتھ کیسا ہے؟

ج: وہ بہت دین دار لڑکی ہے، میں نے چار سالہ ملازمت میں اس کو نہیں دیکھا تھا، ایک دین دار خاتون ہونے کی حیثیت سے وہ مجھے اپنا شوہر سمجھتی ہیں، اسلام میں آنے کے بعد سب سے بڑا مجاہدہ اور مشکل میرے لئے ان کو بیوی سمجھنا ہے، مجھے ہر لمحہ یہ خیال رہتا ہے یہ میرے نبی ﷺ کی آل سے ہیں، الحمد للہ میں نے کبھی ان سے پانی بھی اس

اکرام کی وجہ سے نہیں مانا، بڑا دعوتی ذہن ہے، مولانا صاحب کی ساری دعوتی کتابیں پڑھتی ہیں کبھی کبھی جب مجھے نبی اکرم ﷺ کی عقیدت کا جذبہ آتا ہے تو میں بے اختیار ان کے قدموں کو چوم لیتا ہوں کہ ان قدموں میں میرے نبی کا خون ہے، پیارے نبی کا ذکر، آپ کا خیال، میرے لئے زندگی کا سہارا ہے، آپ کی رحمۃ للعالمینی کا جو پرتو میری زندگی پر ہے وہ شاید کسی کو نصیب ہوا ہو، کاش بلکتی انسانیت کو آپ ﷺ کا تعارف کرایا جاتا تو انسانیت ظلم کے اندھیروں سے نکل سکتی ابھی کچھ روز پہلے ڈنمارک کے بدبختوں اور احمقوں کا واقعہ ہوا اپنے کو ترقی یافتہ سمجھنے والے مغرب اور یورپ کے لوگ کیسی ذلالت کی حرکت کرتے رہے، میں بیان نہیں کرسکتا مجھے کیسی تکلیف ہوئی، میں نے بلک بلک کر دعائیں کیں میرے اللہ ان کمینوں نے میرے پیارے نبی ﷺ اربوں سلام ہوں آپ پر اور کروڑوں درود، کی شان کو نہیں سمجھا، میرے اللہ ان کو سزا دیجئے، مجھے امید ہے کہ دنیا ان بدبختوں کا انجام ضرور دیکھے گی اور آگ ان کو کھائے گی، کئی بار میں اٹھ کر بیٹھ جاتا، میرے نبی ﷺ کی توہین کرنے والوں کو اللہ کی زمین پر رہنے کا حق نہیں ہے اور جی چاہتا کہ ابھی اٹھ کر چل دوں اور ان کمینوں کو اپنے جوتوں کے نیچے مسل دوں، ایک روز مولانا صاحب سے میں نے اس کا ذکر بھی کیا، مولانا صاحب نے بتایا کہ اس توہین کے بیک واسطہ ذمہ دار ہم مسلمان ہیں کہ ہم نے رسول رحمت ﷺ کا دنیا کو تعارف ہی نہیں کرایا، تو مجھے واقعی اپنے قصور کا احساس ہوا اور غصہ کچھ کم ہوا، پھر بھی مجھے اپنے رب سے امید ہے کہ وہ بدبخت ضرور اس دنیا میں بھی اس کا خراب انجام دیکھیں گے۔

سوال: آپ نے عربی پڑھنے کا کیا کیا؟

جواب: الحمدللہ دو گھنٹہ روز عربی پڑھ رہا ہوں اللہ کا شکر ہے پورا قرآن شریف سمجھ میں آرہا ہے شیخ سدیس اور شیخ شریم دونوں کے لہجوں میں قرآن شریف پڑھ لیتا ہوں، میں

نے حفظ کرنا بھی شروع کر دیا ہے اور چار پارے مکمل کر لیے ہیں، اس مرتبہ میں نے نوئیڈا کی مسجد میں جمعہ کی نماز بھی پڑھائی مولانا صاحب نے مجھ سے اصرار کیا، میں نے بھی سعادت سمجھ کر قبول کر لیا۔

س: آپ کو دیکھ کر بالکل نہیں لگتا کہ آپ نئے مسلمان ہیں بلکہ آپ کو سب لوگ مولانا ہی سمجھتے ہوں گے۔

ج: آپ نے بالکل ٹھیک فرمایا اکثر لوگ مجھے دیکھ کر مولانا ہی کہتے ہیں، میں معذرت کرتا ہوں کہ میں تو مولانا کے قدموں کی خاک بھی نہیں ہوں۔

س: آپ خود آئینہ دیکھتے ہیں تو کیسا لگتا ہے؟

ج: میرا خود اپنے چہرے کو بوسہ لینے کو دل چاہتا ہے، یہ خیال ہوتا ہے کہ میرے نبی کی اتباع میں یہ چہرا ہے، یہ نہیں لگتا کہ مجھ گندے کا یہ چہرا ہے، میرے اللہ نے میرے حلیہ کو بھنگی سے سید بنا دیا، مجھے غیر اسلامی حلیہ میں ہر شخص ایسا لگتا ہے جیسے مجھ بھنگی کا اسلام سے پہلے کا چہرہ اور حلیہ ہو۔

س: مگر کسی کو حقیر تو نہیں سمجھنا چاہیے۔

ج: آپ کے علم میں ہے کہ ہم دونوں مولانا صاحب سے بیعت ہیں الحمد للہ کسی کافر کی حقارت کبھی نہیں آتی کسی کو غیر اسلامی حلیے میں دیکھتا ہوں خصوصاً مسلمانوں کو تو اندر سے دعا نکلتی ہے، الٰہی اندر سے تو یہ مسلمان ہے اس کو باہر سے بھی مسلمان بنا دیجیے اور اس کو یہ سمجھا دیجیے کہ بھنگی کے حلیے میں عزت ہے یا سید کے حلیے میں؟

س: اپنے گھر والوں کے بارے میں آپ نے کچھ کام شروع کیا؟

ج: اصل میں تعلیمی مصروفیات میں زیادہ رہا ہوں تاہم دعوت سے بالکل غافل نہیں رہا، میری والدہ اور ایک بہن مسلمان ہو گئی ہے اور ہم نے ایک گھر نوئیڈا میں بنا لیا ہے جہاں

سال میرا عمرے کے لئے جانے کا ارادہ ہے اور پھر ہم دونوں میں دعوت کے لئے زندگی کو وقف کریں گے، میری اہلیہ محترمہ تو بہت جذبے کی داعی خاتون ہیں، الحمد للہ ان کی کئی سہیلیاں مسلمان ہو چکی ہیں اور انھوں نے اپنے والد کے خرچ پر ان کی شادیاں بھی کی ہیں ایک ہزار بار درود شریف اور ایک منزل قرآن مجید روزانہ پڑھتی ہیں۔

سوال: آپ کے معمولات کا کیا حال ہے۔

جواب: میں بھی الحمد للہ ان کے پیچھے پیچھے ساتھ ساتھ چلتا ہوں سونے سے پہلے ایک ہزار بار درود شریف اور ایک منزل قرآن حکیم پورا کر لینا تو ہم دونوں ضروری سمجھتے ہیں، بس اللہ ان میں جان اور اخلاص پیدا فرمائیں۔

سوال: آپ ارمغان کے قارئین کے بارے میں کچھ پیغام دینا چاہیں گے۔

جواب: ہمارے ملک میں پچاس کروڑ دلت ہیں، بنگلہ دیش میں پچاس لاکھ لوگ دلت رہتے ہیں، اس طرح دنیا میں ڈیڑھ ارب لوگ وہ ہیں جو ذات پات کے نظام سے متاثر اور مظلوم ہیں، ان میں ہر ایک میری طرح صرف ایک بار ساتھ کھلانے کے لئے ترس رہا ہے، رسول ﷺ کے آخری حج کے خطبے کو حقیقی معنوں میں اگر ان تک پہنچا دیں اور ذرا اسلامی انداز میں ان کو گلے لگا لیا جائے تو اتنی بڑی آبادی دونوں جہاں میں ہدایت یاب ہو کر دوزخ کی آگ سے بچ سکتی ہے ہم نے پھلت میں دیکھا ہے صفائی کرنے والا جمعدار اور کام کرنے والے دلت مزدور مولانا کے برابر میں بیٹھ کر چائے اور ناشتہ کرتے ہیں اور اللہ کا شکر ہے ہدایت یاب ہوتے ہیں اور دلت اور پسماندہ اور کالے ہی کیا اسلام تو پوری دنیا کے ظالمانہ نظام کا تریاق ہے انسانیت تک اسلام اور نبی رحمت ﷺ کا تعارف اپنی ذمہ داری سمجھنی چاہیے۔

سوال: بہت بہت شکریہ جزاکم اللہ خیر الجزاء، آخر میں چند آیتیں پیچ شریم کے بارے میں

سنائیے۔ (آپ قراء میں کس کو زیادہ پسند کرتے ہیں؟)

جواب: مجھے شیخ شریم سے زیادہ مناسبت اور عقیدت ہے ایک تو وہ خود بہت سادہ مزاج کے انسان ہیں (نیز وہ) اندر اندر گھٹتے ہیں اور حدیث میں جو آتا ہے کہ خوش الحانی یہ ہے کہ قاری کی آواز اور لہجے سے یہ محسوس ہو رہا ہو کہ عظمت قرآن سے دبا جا رہا ہے، شیخ شریم کے پڑھنے میں یہ بات پائی جاتی ہے جیسے رعب میں آواز دبی جا رہی ہو۔ (شیخ شریم کے لہجے میں اعوذ باللہ بسم اللہ سے شروع کر کے پوری سورہ مدثر تلاوت کی)

سوال: سبحان اللہ محمد احمد بھائی آپ نے تو تڑپا کر رکھ دیا قرآن مجید سے اس درجہ مناسبت بہت مبارک ہو۔

جواب: احمد بھائی آپ کو بھی مبارک ہو، ہمیں بھی مبارک ہو قرآن مجید مبارک ہو، اسلام مبارک ہو قرآن مجید کے الفاظ مبارک ہو اس کا لہجہ مبارک ہو، اس کی زبان مبارک ہو، اس کا رسول مبارک ہو، اس کی ہدایت مبارک ہو، اس کی تعلیمات مبارک ہوں، بلا شبہ مبارک صد مبارک ہزار مبارک، اہل زمین کو مبارک ساری کائنات کو مبارک خصوصاً آپ کو مبارک ہو آپ کے گھرانے کو مبارک ہو، نبی کا فیض مبارک ہو قرآنی دعوت کی توفیق مبارک ہو اللہ کے یہاں آپ کے گھر کا انتساب مبارک ہو، آپ کو ارمغان مبارک ہوں ارمغان دعوت مبارک، ہدیہ دعوت مبارک، تحفہ دعوت مبارک۔ (بہت زیادہ روتے ہوئے)

سوال: اچھا محمد احمد صاحب بہت بہت شکریہ! السلام علیکم ورحمۃ اللہ

جواب: وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ برکاتہ

مستفاد از ماہنامہ ارمغان، جولائی ۲۰۰۶ء

سہیل صدیقی (دیوان سنگھ) گجرات سے ایک چشم کشا ملاقات

> ایک آدمی سفر کرتا ہے ریل میں، دو تین گھنٹے کا سفر، کبھی کبھی تو ریل میں چیکنگ ہو جاتی ہے ورنہ جب اسٹیشن کے گیٹ سے گھر کے لئے جاتا ہے تو ٹکٹ چیک ہوتا ہے، اس دنیا کی ریل میں سے اپنے گھر آخرت کے دروازے پر ٹکٹ کی چیکنگ ضرور ہوتی ہے اور یہاں کا ٹکٹ ایمان ہے بغیر ایمان کے 'بغیر ٹکٹ یاتری' کی طرح آدمی نرک (دوزخ) کی جیل کے حق میں ہے اس لئے ہمیں ساری دنیا کے انسانوں کو اس ٹکٹ کے حاصل کرنے کے لئے کہنا تو چاہئے، اسلام ایسی سچائی ہے کہ اگر وہ لوگوں تک پہنچ جائے تو سب کا حال میری طرح بدل جائے گا اور ہم مسلمانوں کی یہ خاص ذمہ داری ہے، جس کو آخرت اور جنت دوزخ پر یقین نہ آئے میرے دل سے پوچھ لے کہ دوزخ کیسی خطرناک جگہ ہے۔

مولانا احمد اواہ ندوی

احمد اواہ : السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

محمد سہیل : وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

س : سہیل بھائی آپ کے علم میں ہے کہ ہمارے یہاں سے ایک دعوتی میگزین ارمغان کے نام سے نکلتی ہے اس میں اسلام قبول کرنے والے خوش قسمت بھائی اور بہنوں کی آپ بیتی انٹرویو کے ذریعہ شائع کی جاتی ہے، اسی کا حکم ہے کہ میں آپ سے اس کے لئے ایک

انٹرویولوں، اس لئے آپ کو اندر بلایا ہے۔

جواب: بھائی احمد ضرور، میری خود بڑی خواہش ہے کہ مجھ گندے پر اللہ کے کرم کی کہانی لوگ پڑھیں، شاید کہ لوگوں کو فائدہ ہو۔

سوال: آپ اپنا خاندانی پریچے (تعارف) کرائیں؟

جواب: میں گجرات کے مہسانہ ضلع کے ایک گاؤں کے ٹھاکر زمین دار کا بیٹا ہوں میرا پرانا نام یوراج سنگھ ہے، یوراج سنگھ سے ہی لوگ مجھے جانتے ہیں، بعد میں پنڈتوں نے میری راشی کے لئے مشہور نام بنا کر میرا نام مُکیش رکھا مگر یوراج ہی مشہور ہو گیا، ۱۳ر اگست ۱۹۸۵ء میری تاریخ پیدائش ہے، ہمارا اپنا خاندانی کالج ہے، اے جے جپال ٹھاکر کالج، اس سے میں بی کام کر رہا تھا کہ مجھے تعلیم چھوڑنی پڑی میرے ایک بھائی اور ایک بہن ہے، میرے جیوتی بڑے نیتا ہیں، اصل میں وہ بی جے پی کے ہیں، مقامی راجنیتی میں اپنا وزن بڑھانے کے لئے انھوں نے اس سال کانگریس سے الیکشن لڑا ہے اور جیت گئے ہیں۔

سوال: اپنے قبول اسلام کے بارے میں بتایئے؟

جواب: گودھرا کانڈ کے بعد ۲۰۰۲ء کے فسادات میں ہم آٹھ دوستوں کا ایک گروپ تھا، جو فسادات میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیتا تھا، ہمارے علاقے میں درندگی کا ننگا ناچ ہو رہا تھا، ہمارے گاؤں سے ۵ رکلو میٹر دور سندر پور میں ۶۰-۷۰ رلوگوں کو زندہ جلا دیا گیا تھا، ہم لوگ بھی جوانی کے زعم میں بہادری سمجھ کر اس میں حصہ لیتے تھے ہمارے گھر کے قریب گاؤں میں ایک چھوٹی سی مسجد تھی، لوگ کہتے تھے یہ بڑی اتہاسک (تاریخی) مسجد ہے، اس کو بڑے پیر صاحب جن کو لوگ پیر ہمدانی کہتے ہیں ان سے بنوائی تھی، گجرات کے لوگ ان کے ہاتھ پر مسلمان ہوئے، ہمارے گاؤں کی اس مسجد کو ہمیں ڈھا دینا چاہیے، ہم آٹھوں ساتھی اس کو گرانے کے لئے گئے، بہت کوشش کے باوجود اصل مسجد کو ہم گرا نہ سکے، ایسا لگتا تھا کہ

ہمارے کدال لکڑی کے ہیں لوہے کے نہیں، بہت مجبور ہو کر ہم نے باہر والی دیوار گرانی شروع کی، جو ابھی کچھ سال پہلے گاؤں والوں نے بنوائی تھی اس دیوار کو گرا کر ہم نے سوچا کہ اس مسجد کو جلا دینا چاہئے اس کے لئے پٹرول لایا گیا اور پرانے کپڑے میں پٹرول ڈال کر مسجد کو جلانے کے لئے ایک ساتھی نے آگ لگائی تو خود اس کے کپڑوں میں آگ لگ گئی اور وہ وہیں جل کر مر گیا، میں تو یہ منظر دیکھ کر ڈر گیا، میرے ساتھی کوشش کرتے رہے، مسجد کو کچھ نقصان پہنچا دو ہفتوں کے اندر میرے چار ساتھی اچانک ایک کے بعد ایک مر گئے، ان کے سر میں درد ہوتا تھا اور وہ تڑپ تڑپ کر مر گئے، میرے علاوہ باقی دو پاگل ہو گئے، مجھ پر ڈر طاری ہو گیا میں ڈرا ڈرا چھپا پھرتا تھا، رات کو اس ٹوٹی مسجد میں جا کر روتا تھا کہ اے مسلمانوں کے بھگوان مجھے چھما (معاف) کر دو، اپنا ماتھا وہاں ٹیکتا، اس دوران مجھے سپنے (خواب) بہت دکھنے لگے اور خواب میں نرک اور سورگ (جنت اور دوزخ) دونوں دکھتے۔

سوال: جنت اور دوزخ کس طرح دکھائی دیتے تھے، ایک دو خواب سنائیے؟

جواب: میں نے ایک بار دیکھا میں نرک میں ہوں اور وہاں کا ایک داروغہ ہے وہ میرے ان ساتھیوں جو مسجد کو گرانے میں میرے ساتھ تھے اپنے جلادوں سے سزا دلوا رہا ہے، اور سزا یہ ہے کہ لمبے لمبے لوہے کے کانٹوں کا ایک جال ہے، اس پر ڈال کر ان کو کھینچ رہے ہیں اور ماس (گوشت) اور کھال گردن سے پیروں تک اتر جاتا ہے پھر ٹھیک ہو جاتا ہے اس کے بعد ان کو الٹا لٹکا دیا اور نیچے آگ جلادی گئی جو منہ سے اوپر کو نکل رہی ہے اور وہ جلاد ہنٹر سے ان کو مار رہے ہیں وہ رو رہے ہیں، چیخ رہے ہیں کہ ہمیں معاف کر دو ہم اب کسی مسلمان کو نہیں ماریں گے نہ کوئی مسجد ڈھائیں گے داروغہ جلال میں کہتا ہے تو بہ کا موقع ختم ہو گیا ہے موت کے بعد کوئی توبہ نہیں ہے اس طرح کے وحشت ناک منظر مجھے روز روز دکھائی دیتے

اور میں ڈر کے مارے پاگل سا ہونے کو ہوتا، تو پھر مجھے سورگ دکھائی جاتی سورگ جنت جیسے دیکھا کہ دودھ کے تالاب سے بھی چوڑی نہر ہے دودھ بہہ رہا ہے اور خوبصورت لہریں چل رہی ہیں، ایک نہر دو میٹھی شہد کی ہے، ایک ٹھنڈے پانی کی ہے، اتنی اچھی کہ میری تصویر اس میں صاف دکھ رہی ہے، ایک نہر مدرا کی ہے (یہ شراب کی نہر) میں نے کہا شراب تو گندی چیز ہے ہمارے یہاں شراب بہت بری گنی جاتی ہے، جواب دیا یہ پاک اور خوشبو والی شراب ہے اس کو پی کر نشہ نہیں ہوتا، ایک بار دیکھا کہ بہت خوبصورت درخت ہے اتنا بڑا کہ ہزاروں لوگ اس کے سایہ میں آجائیں گی بہت اچھے باغ دیکھا اور ہمیشہ مجھے وہاں اللہ اکبر اللہ اکبر کی تین بار آواز آتی، مجھے اچھا لگتا اور جب میں ساتھ میں اللہ اکبر کہتا تو مجھے اٹھا کر سورگ سے باہر پھینک دیا جاتا، میری آنکھ کھلتی تو میں بستر سے نیچے پڑا ملتا۔

ایک بار میں نے سورگ کو دیکھا تو لا الٰہ الا اللہ کہا وہاں کے بہت بہت سارے لڑکے لڑکیاں، وہاں سورگ میں میری خدمت میں لگ گئے اس طرح کافی دن گذر گئے گجرات میں فساد ہوتا رہا مگر اب مجھے اندر سے ایسا لگتا تھا جیسے میں مسلمان ہوں جب مسلمانوں کے قتل کی خبر سنتا تو میرا دل بہت دکھتا، میں ایک روز بھاؤ پور گیا، وہاں ایک مسجد دیکھی وہاں کے امام صاحب سہارنپور کے تھے وہ ہریانہ میں مولانا کلیم صاحب کے ساتھ کام کر چکے تھے ان سے میں نے پورا حال بتایا انھوں نے کہا کہ اللہ کو آپ سے بہت پیار ہے، اگر آپ سے پیار نہ ہوتا تو اپنے ساتھیوں کی طرح آپ بھی دوزخ میں جل رہے ہوتے آپ اس رحمت کی قدر کریں اور اسلام قبول کر لیں ساتھیوں نے بتایا کہ بابری مسجد کو شہید کرنے والے سب سے پہلا کدال چلانے والے دونوں نوجوان بھی ہمارے مولانا صاحب (مولانا کلیم صاحب) کے ہاتھ پر مسلمان ہو چکے ہیں، شاید آپ کو بھی اللہ کو

ہدایت دے کر سچے راستہ پر لاتا ہے اب دیر نہیں کرنی چاہئے ہریانہ کے ایک روڑا لوگوں کے مسلمان ہونے کے قصے بھی انھوں نے سنائے، خوابوں سے پہلے اسلام کے نام سے میں چڑتا تھا، خاکر کالج میں کسی مسلمان کو داخل بھی نہیں ہونے دیتا تھا مگر نہ جانے کیوں اسلام کی ہر بات اب مجھے اچھی لگنے لگی جاپور سے میں گھر آیا اور میں نے ارادہ کرلیا کہ مجھے مسلمان ہونا چاہئے ورنہ اپنے ساتھیوں کی طرح مجھے بھی نرک کی سزا بھگتنی پڑے گی۔

میں نے احمد آباد جامع مسجد گیا اور اسلام قبول کرلیا، مولانا صاحب نے گھر والوں سے اسلام کو چھپانے کو کہا میں احمد آباد سے رہبر نماز نام کی کتاب لے کر آیا اور نماز یاد کرنے لگا اور رفتہ رفتہ نماز یاد کر کے چھپ کر نماز پڑھنا شروع کردی، امتحان کے بعد گرمیوں کی چھٹی ہوئی تو میں نے جماعت میں جانے کا پروگرام بنایا گھر والوں سے گھومنے کے لئے ٹکٹ بنوالیا اور اپنے دوست کو اپنے ٹکٹ پر بھیج دیا میرا چلہ بڑودہ میں لگا فضائل اعمال اور مرنے کے بعد کیا ہوگا؟ میں نے پڑھیں تو جب میں جنت دوزخ کے حال کو پڑھتا تو وہ سب مجھے آنکھوں دیکھا لگتا تھا، چلہ لگا کر میں گھر آیا تو چھپ چھپ کر نماز پڑھتا، ایک روز ہمارا نوکر دیر چندر گھر اچانک دودھ لے کر میرے کمرے میں آگیا اس نے مجھے نماز پڑھتے ہوئے دیکھ لیا اس نے میرے بھائی اور گھر والوں کو بتادیا کہ چھوٹے بابو تو مسلمانوں کی جیسی نماز پڑھ رہے تھے، میرے بھائی کو کچھ شک سا پہلے ہی ہوگیا تھا، میں کالج سے آیا تو میرے بھائی نے دروازے میں مجھے روک دیا اور ۔ ۔ ۔ انہیں معلوم ہوگیا کہ تو مسلمان ہوگیا ہے، اب یا تو اسلام یا گھر ایک چیز چھوڑنی پڑے گی ایسے آدھرم کے لئے اس گھر کا دروازہ نہیں کھل سکتا، میں جماعت میں تھا تو میں سوچتا تھا کہ اسلام کے لئے اگر مجھے وطن چھوڑ کر بنجارا بنا پڑے تو خوشی سے جاؤں گا میں نے سوچا کہ اللہ کا شکر ہے اسلام میرے رگ رگ میں اس طرح رچ بس گیا ہے کہ جان، سانس اور اسلام میں سے

ایک چیز چھوڑنے کے لئے مجھے کہا جائے تو جان سانس کا چھوڑنا میرے لئے آسان ہوگا، اسلام چھوڑنے کا تصور بھی میرے لئے جان لیوا ہے، میں نے سوچا کہ اللہ کی زمین پر کب تک گھٹ گھٹ کر جیوں گا، من چاہی چھوڑ کر رب چاہی جینے کا نام ہی تو اسلام ہے، جب من چاہی چھوڑی ہے تو رب چاہی کے لئے جن (عوام) چاہی چھوڑنا کیا مشکل ہے، میں نے چاچی سے پورے وشواس کے ساتھ کہا کہ اگر یہ بات ہے تو میں گھر چھوڑتا ہوں اسلام چھوڑ دوں یہ خیال بھی حماقت ہے، میرا سو بائکل، میرا اے ٹی ایم اور کریڈٹ کارڈ مجھ سے چھین لیا گیا، میں احمد آباد پہنچا وہاں پر جماپور مسجد میں گیا مگر وہاں پر سب لوگ ڈرے ہوئے تھے اس لئے وہاں کے لوگوں نے مجھے رہنے کی اجازت نہیں دی، وہاں سے دریاپور پرانے مرکز گیا انھوں نے میرے سرٹیفکٹ وغیرہ دیکھے انھوں نے فون وغیرہ کر کے میرے بارے میں تحقیق کی جب ان لوگوں کو معلوم ہوا کہ میرے والد کے وہاں کے مشہور بی جے پی لیڈر جو اب منتری بھی بن گئے ہیں سے تعلقات ہیں، تو انھوں نے بھی وہاں رہنے کی اجازت نہیں دی اور معذرت کر دی، میرے پاس کھانے کے لئے پیسے نہیں تھے میں چائے اور بسکٹ لیتا اور بسم اللہ پڑھ کر یقین سے کھالیتا اور دعا کرتا میرے اللہ! آپ ہر چیز پر قادر ہیں مجھے اس چائے اور بسکٹ سے تین دن کی طاقت دیدے، میرے اللہ کا شکر ہے کہ تین تک مجھے بھوک نہ لگتی، ایک صاحب نے مجھے پالن پور بھیج دیا، وہاں پر ایک حاجی صاحب نے مجھ سے کہا کہ اگر سدھ پور چلے جاؤ تو وہاں پر تمہارا انتظام ہو سکتا ہے، سدھ پور پہنچا جہاں سے مجھے راجستھان میں نوجے پور ہوٹل (جو جے پور اجمیر ہائی وے پر ہے) وہاں بھیج دیا ہوٹل کے مالک ذکر بھائی نے مجھے ۲۵ دن وہاں رکھا وہاں نماز پڑھتا اور اپنی مرضی سے کچھ ہوٹل کا کام بھی کرتا حالانکہ وہ مجھے منع کرتے تھے، انھوں نے احمد بھائی ڈکس سے رابطہ کیا وہ مولانا کلیم صاحب کے خاص آدمی تھے انھوں

نے مجھے پھلت جانے کا مشورہ دیا، پیسے لے کر میں دہلی آیا اور پہلے جامع مسجد پہنچا خیال تھا کہ اسلام قبول کرنے کا سرٹیفکٹ بنوالوں تاکہ لوگ شک نہ کریں، وہاں کوئی بخاری صاحب امام ہیں انھوں نے مجھے جمعہ کو آنے کو کہا، جب یہاں (پھلت) آیا تو یہاں کا ماحول دیکھ کر بالکل ایسا لگا کہ میں اپنے گھر میں آیا ہوں۔

سوال: یہاں آکر آپ نے کیا خاص بات محسوس کی؟

جواب: یہاں پر ہم سب لوگ مولانا صاحب کو پی جی کہتے ہیں، مجھے پھلت آکر صحابہ کے وہ قصے جو حکایت صحابہ میں پڑھے تھے اور ہمارے نبی ﷺ کی زندگی کے سارے حالات آنکھوں دیکھے لگنے لگے، کبھی کبھی گھر کی یاد آتی ہے، مولانا صاحب کے بارے میں معلوم ہوتا ہے کہ آج سفر سے آنے والے ہیں پہلے سے خوشی ہونے لگتی ہے اور مولانا صاحب آئے اور مصافحہ کیا، کبھی گلے لگایا جس سے سارے غم دھل گئے۔

سوال: اسلام قبول کرنے کے بعد آپ کیا محسوس کرتے ہیں؟ آپ کا کیا خیال ہے کہ اگر آپ اسلام قبول نہ کرتے تو کیا ہوتا؟

جواب: کفر پر مر جانے کا تو تصور بھی میرے لئے دوزخ سے کم نہیں، میرے بھائی، میرے کو بس اللہ کا کرم ہے، ورنہ اپنے ساتھیوں سے زیادہ دوزخ کا مستحق تھا، میں زمین داری اور مالداری کے زعم میں کیسے کیسے ظلم کرتا تھا اللہ کی زمین پر چلتا اس کا دیا کھاتا تھا، اس کے دیئے ہوئے شریر (جسم) سے نہ صرف یہ کہ اس کا حق ادا نہیں کرتا تھا بلکہ اس کی مرضی کے خلاف ہی ہر کام کرتا تھا، میں نے اسلام قبول کیا تو ایک روز گھر میں وشنو بھگوان کی مورت دیکھ رہا تھا اس پر میری ماں نے پرساد چڑھایا تھا دو تین چیونٹیاں اس پرساد میں سے کھینچ کر لے جا رہی تھیں، تھوڑی دیر میں ایک کتا باہر سے آگیا اس نے وہ پرساد کھایا اور سارا چاٹ کر ٹانگ اٹھا کر وہاں پیشاب کر دیا، وہ چیونٹی کو روک سکے نہ کتے کو، میں اپنی

عقل پر بہت ہنسا کہ کیسی اگر میرے خدا کی مجھ پر مہربانی نہ ہوتی اور مجھے ہدایت نہ دی ہوتی تو میں کیسی حماقت کے ساتھ اس مورتی کے آگے سر جھکاتا، جب کبھی اپنے ہندو بھائیوں سے بات کرتا تو مجھے اور بھی افسوس اور حیرت ہوتی وہ کہتے کہ دیکھو ہم جس بھگوان کی مورتی کی پوجا کرتے ہیں وہ تو ہمارے ساتھ ہے، مسلمان جس خدا کی پوجا کرتے ہیں اسے کس نے دیکھا ہے؟ میں ان سے کہتا اچھا بتاؤ! جس ہوا میں سانس لیتے ہو اس میں آکسیجن ہے کہ نہیں؟ وہ کہتے اگر آکسیجن نہ ہو تو مر جائیں، میں نے کہا جس آکسیجن سے تم سانس لیتے ہو اس کو تم نے دیکھا ہے؟ وہ کہتے کہ ہم اپنی عقل سے محسوس تو کرتے ہیں، میں کہتا کہ آکسیجن کو تم بغیر دیکھے محسوس کرتے ہو اور وشواس کرتے ہو اور آکسیجن کے پیدا کرنے والے مالک کو نہ محسوس کرتے نہ اس کے اوپر وشواس کرتے ہو، افسوس ہے تمہاری عقل پر، میرا ارادہ ہے ذرا معاملہ ٹھنڈا ہو جائے تو ورلڈ نیوز میں اپنی کہانی بھیجوں گا اس لئے ہمارا پریوار پورے علاقے میں ہر طرح سے بڑا سمجھا جاتا ہے لوگ مجھے دیکھ کر یہ سمجھتے تھے کہ تو سورگ میں رہتا ہے، اسلام کے نام سے میں چڑھتا تھا شاید جو شبد (لفظ) میرے لئے سب سے کڑوا ان (نفرت) کا لفظ تھا وہ مسلمان تھا مگر جب حق آیا اور میری عقل سے پردے ہٹے تو مجھے خیال ہوتا ہے کہ اپنے سچے مالک کو اس کی مرضی نہ مان کر میں کیسے شرک میں جی رہا تھا اب سب سے پیارا لفظ کوئی ہے تو میرے لئے اسلام ہے، اگر کوئی مجھ سے اسلام اور مسلمان کے لئے جان اور خون مانگے تو میں سوچتا ہوں کہ میں اپنے لئے سو بھاگیہ (خوش قسمتی) سمجھ کر دوں گا۔ میں اس لئے لوگوں کے سامنے اپنی کہانی سنانا چاہتا ہوں کہ لوگ جانیں کہ ایسے بڑے گھر کا لڑکا کسی لالچ میں تو فیصلہ نہیں کرے گا، اسلام حق ہوگا جو سب گھر بار چھوڑ کر اس نے اسلام کو قبول کیا۔

: اپنے گھر والوں کے بارے میں آپ فکر کرتے ہیں؟

جواب: خون کا رشتہ ایک جذباتی رشتہ ہوتا ہے، اپنے گھر والوں کو بہت یاد کرتا ہوں، بلکہ گھر والوں سے زیادہ وہ مجھے ان کی موت بہت یاد رہتی ہے، ابھی تو میرے لئے وہاں رابطہ کرنا بھی آسان نہیں ہاں میں دعا کرتا ہوں، میں نے ابی جی (مولانا کلیم صاحب) سے دعا کے لئے کہا ہے، مجھے یقین ہے، انھوں نے وعدہ کیا ہے اور مجھ سے کہا ہے کہ وہ دعا کرتے ہیں، اللہ ان کی دعا ضرور قبول کریں گے، اور انشاء اللہ ضرور بالضرور میرا پریوار (خاندان) اسلام کے سایہ میں آئے گا ایک روز میں نے ابی جی مولانا کلیم صاحب سے کہا آپ میرے باپ اور گرو سب کچھ ہیں آپ سے ایک چیز مانگوں گا تو آپ دیں گے؟ میرا نام مولانا صاحب نے سہیل خان رکھا تھا، میرا دل میرا چاہتا ہے کہ میرا نام آپ سے جڑے جب آپ میرے ماں باپ بلکہ ماں باپ نے دھکے دیئے ہیں، آپ تو ماں باپ سے بھی زیادہ ہیں، تو میں اگر سہیل صدیقی لکھنے لگوں آپ مجھے اجازت دیں مجھے امید ہے اگر میں اپنا نام سہیل صدیقی لکھنے لگوں گا تو مولانا کلیم صدیقی کی طرح اللہ ہمیں بھی لوگوں کی ہدایت کا ذریعہ بنائیں گے، کم از کم میرے پریوار کے لئے تو اسلام کے فیصلے ہو جائیں گے، ابی جی نے کہا بیٹا اچھی بات یہ ہے کہ ابھی تو کلیم صدیقی خود بھی مسلمان نہیں ہوا اصل بات یہ ہے کہ ہمارے نبی ﷺ نے ہمیں یہ خبر دی ہے کہ قیامت سے پہلے ہر کچے پکے گھر میں اسلام داخل ہو جائے گا، وہ خبر تو سچ ہونی ہے، نام کلیم صدیقی کا ہو رہا ہے، ایسے گندے سے نسبت سے کیا فائدہ، اصل میں یہ صدیقی نسبت حضرت ابوبکر صدیق کی طرف ہے، جنھوں نے بغیر پس و پیش اور جھجک کے پہلے لمحہ میں اللہ کے رسول ﷺ کی تصدیق کی اس لئے آپ صدیق کہلائے آپ نے جنت دوزخ خواب میں دیکھ کر اسلام کی سچائی کی تصدیق کی آپ اس نیت سے اپنے کو سہیل صدیقی لکھا کریں، اس کے بعد سے میں اپنا نام سہیل خان کی جگہ سہیل صدیقی بتاتا ہوں۔

سوال: مسلمانوں کے لئے کوئی پیغام آپ دیں گے؟

جواب: ایک آدمی سفر کرتا ہے ریل میں، دو تین گھنٹے کا سفر، کبھی کبھی تو ریل میں چیکنگ ہوجاتی ہے ورنہ جب اسٹیشن کے گیٹ سے گھر کے لئے جاتا ہے تو ٹکٹ چیک ہوتا ہے، اس دنیا کی ریل میں سے اپنے گھر آخرت کے دروازے پر ٹکٹ کی چیکنگ ضرور ہوتی ہے اور یہاں کا ٹکٹ ایمان ہے بغیر ایمان کے 'بغیر ٹکٹ یاتری' کی طرح آدمی نرک (دوزخ) کی جیل کے منھ میں ہے اس لئے ہمیں ساری دنیا کے انسانوں کو اس ٹکٹ کے حاصل کرنے کے لئے کہنا تو چاہئے، اسلام اتنی سچائی ہے کہ اگر وہ لوگوں تک پہنچ جائے تو سب کا حال میری طرح بدل جائے گا اور ہم مسلمانوں کی یہ خاص ذمہ داری ہے، جس کو آخرت اور جنت دوزخ پر یقین نہ آئے میرے دل سے پوچھ لے کہ دوزخ کیسی خطرناک جگہ ہے، (جھرجھری لیتے ہوئے) اللہ بچائے، اللہ بچائے اور جنت کیسی جگہ ہے اس کے لئے آدمی قربان ہوجائے۔

سوال: بہت بہت شکریہ! السلام علیکم

جواب: وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ فی امان اللہ

مستفاد از ماہنامہ ارمغان، اپریل، مئی ۲۰۰۶ء

ماسٹر عبدالواحد (سنجیوا ستھانا) سے ایک ملاقات

مصیبت میں اجنبی کے ساتھ مولانا صاحب کی ایسی ہمدردی نے ہمیں متاثر کیا مگر ہمارے قبول اسلام کی وجہ وہ ہمدردی نہیں بس اس سے یہ ہوا کہ ایسی بے لوث ہمدردی سے ہمارے دل میں مولانا کی ہمدردی پر اعتماد پیدا ہوا اور آپ کی امانت کو ہم نے اپنا ہمدرد اور سچے خیر خواہ کی بات سمجھ کر پڑھا، قبول اسلام کا ذریعہ اسلام کی حقانیت اور انسانی فطرت سے قریب توحید اور اسلامی نظریہ ہوا، ہمدردی تو لوگ کتنی کرتے ہیں کون اپنا مذہب بدلتا ہے ہمارے دل میں یہ خیال کہ اسلام کے حق نے ایک انسان کو فرشتہ بنا دیا وہ اسلام ہمارا بھی حق ہے۔

مولانا احمد اواہ ندوی

احمد اواہ : السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

ماسٹر عبدالواحد : وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

سوال : عبدالواحد بھائی ابی نے مجھے حکم کیا ہے کہ اپنی اردو میگزین کے لئے آپ سے کچھ باتیں کروں تاکہ دعوت کا کام کرنے والوں کے لیے کارآمد ہوں۔

جواب : رات مجھے بھی مولانا صاحب نے کہا تھا کہ احمد آپ سے کچھ باتیں کریں گے۔

سوال : آپ اپنا خاندانی تعارف کرائیں۔

جواب : ہمارا خاندان پہلے سے آسامی ہے گوہاٹی میں ہمارے دادا انگریزی دور میں افسر تھے، ستھانا گوت سے ہمارا تعلق ہے، میرے چاچا جی بھی سول پلس افسر تھے، بنگال کے الگ

الگ شہروں میں رہتے رہے آخر میں کلکتہ میں گھر بنالیا تھا اور وہیں پر ان کا انتقال ہوا، میرا پرانا نام نیجیوا استھانا تھا میں گیارہ ستمبر ۱۹۵۹ء کو مالدہ میں پیدا ہوا، شروع کی تعلیم بھی مالدہ میں ہوئی، اسکول کے بعد کالج کا نمبر آیا تو ہمارے والد کا کلکتہ ٹرانسفر ہو گیا اور وہیں میری تعلیم ہوئی ایم ایس سی، بی ایڈ کیا اور سرکاری ہائیر سکنڈری اسکول میں سائنس کا ٹیچر ہو گیا، بعد میں ایک ڈگری کالج میں لیکچرر رہا اور آج بھی اللہ کے شکر سے سائنس پڑھاتا ہوں میری شادی بھی ایک پڑھے لکھے گھرانے میں اب سے چودہ سال پہلے ہوئی میرے سسر صاحب ایک کالج کے پرنسپل ہیں اور میری اہلیہ بھی ایک کانونٹ اسکول میں پڑھاتی ہیں،

سوال: اپنے قبول اسلام کے واقعے کو ذرا تفصیل سے بتائیے۔

جواب: تین سال میں بحیثیت سرکاری ملازم کے ہم لوگوں کو خاندان کے گھومنے کے لئے خرچ دیا جاتا ہے، اب سے نو سال پہلے ۱۹۹۸ء کو ہم ساؤتھ کے پکنک ٹور پر اپنی بیوی بچوں کے ساتھ گئے جاتے وقت دو روز کے لئے بھوپال میں بریک جرنی کر کے بھوپال دیکھنے کا بھی پروگرام تھا، بھوپال ہم اترے ایک ٹیکسی اسٹیشن سے کرایہ پر لی، مجھے اتفاق سے بخار ہو گیا، ٹیکسی والے سے کسی مناسب ہوٹل کا پتہ معلوم کیا اس نے کہا کہ تھوڑے فاصلے پر اچھے اور سستے ہوٹل کا میں انتظام کرا دیتا ہوں ٹیکسی والا غلط آدمی تھا وہ ہمیں لے کر ایک ہوٹل گیا، مجھ سے کہا آپ ہوٹل میں کمرہ پسند کر لیں میں ہوٹل کے اندر گیا کمرہ پسند کر لیا مجھ سے ٹیکسی والے نے کہا کہ میں بچوں اور سامان کو لاتا ہوں آپ کو بخار ہو رہا ہے آپ کمرہ میں آرام کر لیں، گاڑی میں جا کر میری اہلیہ سے کہا کہ آپ بچوں کو لے کر چلیں میں گاڑی سے سامان اتار کر لاتا ہوں میری قسمت کی خرابی کہو یا خوبی کہ سفر میں کبھی بھی کسی ٹیکسی والے کو کرتا تو ہمیشہ گاڑی کے نمبر نوٹ کرنے کا عادی تھا، مگر بخار کی تیزی میں مجھے نمبر نوٹ کرنا یاد نہیں رہا، ٹیکسی والا ٹیکسی لیکر سامان سمیت فرار ہو گیا، سارا سامان کپڑے، پرس کے پانچ

سو روپے کے علاوہ ٹکٹ بھی گاڑی میں تھے، بخار کی حالت میں اس حادثہ نے پراجنبی شہر میں جو گذری بیان نہیں کر سکتا، بخار کی شدت میں میں ہوٹل سے اترا، پولیس تھانہ کا پتہ لگایا، پولیس میں رپورٹ کی، تھانہ والوں نے تسلی بہت دی مگر شام تک ہم لوگ تھانہ میں پڑے رہے مگر کوئی کارروائی نہیں کی، بخار کے لئے اسٹور سے دوائی لی بخار کچھ اترا، اس کے لئے ریلوے اسٹیشن پہونچے گھر فون لگایا مگر تیز بارش اور سیلاب کی وجہ سے بنگال کی لائنیں خراب ہو رہی تھی فون نہ لگ سکا، جھانسی جانے والی ایک گاڑی تیار تھی بغیر ٹکٹ اس میں بیٹھ گئے ریزرویشن کے ڈبے میں ٹی، ٹی ٹکٹ چیک کرنے کے لئے آیا ہم سے ونیلی سمیت ٹکٹ لینے کے لئے اصرار کرنے لگا میں نے اپنا پورا تعارف کرایا اور اپنے ساتھ جو حادثہ پیش آیا تھا بتایا تو وہ نرم ہوا اس نے کہا آپ فکر نہ کریں جھانسی سے کٹہار کی گاڑی تو رات ملے گی آپ وہ پکڑ لیں میرے جاننے والے کئی ٹی ٹی ایس مل جائیں گے میں ان سے کہہ دوں گا وہ آپ کو اپنے ساتھ بغیر ٹکٹ ہی لے جائیں گے کٹہار میں آپ کوئی صورت بنا لینا میری جان میں جان آئی کہ چلو کٹہار تک جانے کی صورت بنی، بھوپال سے چلتے ہی مجھے پھر بخار ہوا، بخار اس قدر تیز ہوا کہ میرا پورا جسم کانپنے لگا مجھے ہاتھوں پیروں کے ملنے کا دورہ سا ہونے لگا، کسی طرح جھانسی پہونچے مگر میرا حال اتنا خراب تھا کہ میں آگے سفر کے لائق نہیں تھا مجبوراً فیصلہ کیا کہ جھانسی کے کسی سرکاری ہسپتال میں داخل ہو جانا چاہئے، جھانسی اسٹیشن پر اتر کر ہسپتال معلوم کیا اور کسی طرح آٹو رکشہ کر کے ہسپتال پہونچے ڈاکٹروں نے بتایا کہ دماغی بخار ہے، اگر علاج میں دیر کی تو آپ بے ہوش ہو سکتے ہیں، میں نے کہا آپ ہمیں ایڈمٹ کر لیں اور علاج شروع کریں دوا وغیرہ کے پیسے اگر ضرورت پڑے گی تو ہم گھر سے رابطہ کی کوشش کریں گے، دس روز ہسپتال میں رہے اور ہسپتال کے ڈاکٹر نے ترس کھا کر ہمارے کھانے کا نظم بھی ہسپتال سے کر دیا، ان دنوں میں میری اہلیہ ہمارے اور اپنے

گھر فون کرنے کی کوشش کرتی رہیں مگر کوئی رابطہ نہ ہو سکا، طبیعت کچھ سنبھلی تو ڈاکٹروں نے ہمیں سفر کی اجازت دیدی، ہم لوگ اسٹیشن پہنچے تو اتفاق سے وہ ٹی ٹی جو ہمیں بھوپال سے لائے تھے ہمیں اسٹیشن پر مل گئے، ان کی ٹرین دو گھنٹے لیٹ ہو گئی تھی، میں نے ان کو پہچان کر ان سے درخواست کی کہ وہ ہمیں کمہار کی گاڑی میں سوار کرادیں، وہ بیچارے اپنے ساتھیوں کو تلاش کرنے لگے، وہ مل گئے، دو گھنٹے بعد ٹرین جانے والی تھی، انھوں نے ہمیں ٹرین میں سوار کردیا، راستہ میں مجھے بخار آیا اور میرے جسم کی حالت پھر اسی طرح ہوگئی، کپکپی کا دورہ مسلسل ہونے لگا، کتنی مشکل سے کمہار تک کا سفر پورا کیا بیان کرنا مشکل ہے، کمہار بہت سی گاڑیاں کلکتہ کے لیے تھیں گاڑیاں آئیں تو ٹی ٹی سے بات کی مگر کوئی بھی ہمیں بغیر ٹکٹ ساتھ لے جانے پر راضی نہ ہوا میری جیب میں تیرہ روپے بچے تھے، بچوں نے رات سے کھانا بھی نہیں کھایا تھا، بھوک سے بیتاب بچے رونے لگے تو میں نے بیوی سے تیرہ روپے کا کھانا لانے کو کہا وہ دال بھات لے کر آئی بیوی بچوں نے کھانا کھایا اسٹیشن پر فقیروں کی طرح ہفتوں کے میلے کپڑوں میں دال بھات کھاتے دیکھ کر میں بہت رویا بس میرے رونے پر میرے مالک کو ترس آگیا اور نہ صرف یہ کہ مجھے اس امتحان اور مشکل سے نکالنے کا فیصلہ فرمایا بلکہ مرنے کے بعد مجھے دوزخ سے بچانے کا فیصلہ بھی انشاء اللہ ان آنسوؤں پر کردیا۔

: دال بھات کھاتے دیکھ کر رونے سے اس کا کیا مطلب؟

: ہاں مطلب ہے، میں پلیٹ فارم پر جہاں لیٹا تھا میرے بچے سامنے کھانا کھا رہے تھے بخار کی تیزی سے میں کراہ رہا تھا اور پورا جسم تپ رہا تھا میری ساری بیماریوں کے مسیحا کو میرے مالک نے میرے سامنے لا بٹھایا، آپ کے ابی مولانا کلیم صاحب بہار کے ایک سفر سے واپس آرہے تھے اور ان کو کمہار سے راجدھانی ایکسپریس پکڑنی تھی گاڑی چار

گھنٹے لیٹ تھی جو لوگ مولانا کو اسٹیشن چھوڑنے آئے تھے ان کو ٹرین سے جانا تھا مولانا صاحب نے ان کو زور دیکر واپس کر دیا اور خود گاڑی کے انتظار میں پلیٹ فارم پر بیٹھ گئے میرے سامنے بنچ پر آ کر بیٹھے مجھے کراہتے ہوئے انھوں نے دیکھا وہ میرے قریب آئے تو میں رو رہا تھا، مولانا صاحب نے مجھ سے کراہنے کی وجہ معلوم کی میں تو اس حال میں نہیں تھا کہ کچھ کہہ سکوں، میری بیوی نے اپنا دکھڑا سنایا، مولانا صاحب ہماری پریشانی سن کر رو دیئے اپنے ساتھی کو سامان سنبھال کر اسٹیشن سے باہر گئے اور اسٹور سے دوا لائے اور ساتھی سے چائے اسٹال سے دودھ منگایا اور دودھ کے ساتھ اپنے ہاتھ سے نکال کر دوا کھلائی اور پانچ روز کی دوا ہمیں دی تھوڑی دیر میں میرے جسم کے درد میں آرام ہوا، مجھ سے بولے بھائی صاحب مجھے بہت شرم آ رہی ہے مگر میری مجبوری ہے مجھے آپ سے رکویسٹ (درخواست) کرنی ہے کہ آپ ہمارے خونی رشتہ کے بھائی ہیں آپ کی جگہ ہمارے ساتھ بھی یہ حادثہ ہو سکتا ہے، آپ دو ہزار روپے مجھ سے قرض لے لیجئے قرض اس لئے کہہ رہا ہوں کہ آپ بڑے آدمی ہیں آپ کو برا نہ لگے، ورنہ میرا دل دو ہزار روپے آپ کو جمینٹ (تحفہ) دینے کو چاہ رہا ہے، پلیز یہ آپ قبول کر لیجئے، میں بیان نہیں کر سکتا کہ میرا کتنا عجیب حال تھا میرے دل میں خیال آیا کہ یہ کوئی ایشور دوت (غیبی فرشتہ) ہے جو ایک اجنبی کے ساتھ یہ معاملہ کر رہا ہے کتنے لوگوں کو اپنا حال سنایا بس ٹیکسی والے کی برائی کرنے اور ہائے وائے کرنے کے سوا کسی کو خیال تک نہ آیا اور یہ غیر مذہب کے مسلمان کس انداز سے رقم دے رہے ہیں جیسے دے نہ رہے ہوں بھیک مانگ رہے ہوں، میں نے ان سے کہا کہ ہمیں پیسوں کی اتنی ضرورت ہے ہم کیسے منع کر سکتے ہیں مگر آپ پہلے اپنا پتہ دے دیجئے تاکہ گھر پہنچ کر یہ رقم منی آرڈر کر دیں، مولانا صاحب نے کہا کہ پیسے تو رکھئے ابھی پتہ بھی لکھ کر دیتا ہوں اور اپنے ساتھی سے کہا ماسٹر جی ان کو پتہ لکھ کر دیدینا اور ان کے کان

میں آہستہ سے کچھ کہا، وہ اٹھ کر گئے اور بچوں کے لئے آئس کریم اور کیلے لے کر آئے، بچوں نے لینے سے منع کیا تو ہم نے بچوں سے کہا لیلو بیٹا یہ آپ کے اصل انکل ہیں مولانا صاحب سے میں پتہ لکھنے کو کہتا رہا اور وہ ٹالتے رہے، ابھی لکھتے ہیں تب لکھتے ہیں میں نے زور دیا کہ کہنے لگے بھائی صاحب آپ تلاش کریں گے تو ہم مل جائیں گے، کیا آپ اپنے خونی رشتہ کے بھائی کو بھی تلاش نہیں کر سکتے؟ اتنی دیر میں ہماری گاڑی آگئی، ٹکٹ ان پیسوں میں سے مولانا صاحب کے ساتھی نے لا کر دے دیا تھا، ہمیں سوار کرایا میں نے پتہ کے لئے کہا تو مولانا صاحب کے ساتھی ماسٹر جمشید صاحب نے اپنے بیگ سے جلدی ایک کتاب نکال کر دی کہ وہ مولانا صاحب کی کتاب ہے، اس پر پیچھے حضرت کا پتہ لکھا ہے، دن کا وقت تھا، ریزرویشن کے ڈبے میں خالی دیکھ کر ہم لوگ بیٹھ گئے اور پتہ دیکھنے کے لئے کتاب نکالی کتاب کا نام تھا" آپ کی امانت آپ کی سیوا میں" کتاب کے شروع میں دو شبد مولانا وصی صاحب کے لکھے ہوئے تھے، مولانا صاحب کا گویا ان کے اندر کا تعارف تھا کیوں کہ ہم اس فرشتہ صفت مسیحا کو دیکھ کر آئے تھے ایک ایک لفظ دل میں اتر تا گیا، بخار کے باوجود چلتے چلتے میں نے پوری کتاب پڑھی پھر بیوی کو پڑھنے کو دی انھوں نے بھی ایک بار میں پوری پڑھی، مجھ سے کہنے لگیں کہ مولانا صاحب اگر یہ کتاب ہمیں اسٹیشن پر دیدیتے تو اچھا تھا، بیچ میں چھوڑنے کو دل نہیں چاہ، دوا کی دوسری خوراک میں نے ریل میں لی، دوا نے جادو کا اثر کیا اور کلکتہ پہنچتے تک ایسا لگا جیسے میں بالکل ٹھیک ہو گیا ہوں، میں اور میری بیوی آپ کی امانت کے ایک ایک لفظ کے شکار ہو گئے اور سچائی اور محبت کے پیغام کے سامنے اپنے کو بے بس سمجھ چکے تھے، میں نے کلکتہ اتر کر اپنی بیوی سے کہا میری طبیعت کافی اچھی ہے، میرا دل چاہتا ہے کہ گھر جا کر پیسے لے کر آج ہی مظفر نگر چلا جاؤں اور کچھ سمے (وقت) مولانا کے ساتھ گذاروں، بیوی نے کہا دوا پوری کر

لیجئے اس کے بعد جلدی چلے جائیے، ہم گھر پہونچے، طبیعت بالکل ٹھیک ہوگئی، بیوی نے کہا پہلے پیسے منی آرڈر کر دیجئے اور پھر کچھ روز بعد چھٹی لے کر ملنے چلے جائیے، منی آرڈر کرنے کے لئے کتاب تلاش کی پتہ لکھیں گے مگر نہ جانے شیطان نے وہ کتاب کہاں چھپا دی، دو روز ہم دونوں ایک ایک چیز الٹتے پلٹتے رہے مگر کتاب نہیں ملی۔

مجھے یہ تو یاد تھا کہ مولانا صاحب کا نام محمد کلیم ہے، مگر میں مظفر نگر کی بجائے مظفر پور ضلع کر رہا تھا ایک دو لوگوں سے معلوم کیا انھوں نے بتایا کہ مظفر پور یو، پی میں نہیں بلکہ بہار میں ہے بے چینی کے حال میں مظفر پور بہار کا ٹکٹ بنوایا ایک روز پہلے ایک یو، پی کے آدمی سے ملاقات ہوئی میں نے ان سے معلوم کیا کہ یو، پی میں کوئی ضلع مظفر پور بھی ہے؟ انھوں نے کہا، وہاں مظفر نگر ہے مظفر پور نہیں، مظفر نگر سن کر مجھے یاد آیا کہ یہ پتہ صحیح ہے انھوں نے بتایا کہ مظفر نگر کی کوئی گاڑی ڈائریکٹ نہیں ہے، آپکو دہلی یا سہارنپور جانا پڑے گا وہاں سے مظفر نگر کے لئے بس یا ٹرین مل سکتی ہے، میں نے دہلی کا ریزرویشن کرایا اور ۲۷؍اکتوبر کو دہلی اور دہلی سے مظفر نگر پہونچا اسٹیشن پر ایک میاں جی ملے، میں نے کہا کہ مظفر نگر میں آپ مولانا کلیم صاحب کو جانتے ہیں؟ انھوں نے کہا وہ مظفر نگر میں نہیں رہتے بلکہ آپ کو کھتولی اور وہاں سے پھلت جانا ہوگا، اسٹیشن سے بس اڈے پہونچے کھتولی کی بس میں سوار ہوئے تو میرے برابر میں ایک نوجوان مولوی صاحب بیٹھے تھے ان سے تعارف ہوا تو معلوم ہوا کہ پھلت مدرسہ میں رہتے ہیں، ریزرویشن کے لئے مظفر نگر آئے تھے ان سے معلوم ہوا کہ مولانا صاحب تو پھلت نہیں ہیں پنجاب کے سفر پر گئے ہوئے ہیں ان کے ساتھ پھلت پہونچے، مولانا صاحب کے گھر پہونچے تو معلوم ہوا کہ آج رات تک پہونچیں گے انتظار کا مزہ لیا مولانا صاحب رات کو ایک بجے پہنچے میں جاگ رہا تھا ملاقات ہوئی مولانا صاحب فوراً پہچان گئے مجھے ٹھیک دیکھ کر بہت خوش ہوئے اور صبح کو ملاقات

کے لئے کہہ کر گھر میں چلے گئے اگلے روز صبح ۹ بجے ملاقات ہوئی میں نے وہ پیسے پیش کئے مولانا صاحب بہت زور دیتے رہے کہ ان کو آپ بھینٹ میں قبول کرلیں تو مجھے زیادہ خوشی ہوگی، آپ نے صرف یہ پیسے دینے کے لئے اتنا لمبا سفر کیا بہت زیادتی کی یہ پیسے تو ہم خود آکر وصول لیتے، مولانا صاحب ہنس کر بولے دیکھئے آپ نے تلاش کرنا چاہا تو تلاش بھی کرلیا، بغیر پتے کے تلاش کرلیا میں نے کہا آپ کو کیسے معلوم ہے کہ ہم سے پتہ یعنی کتاب کھو گئی تھی؟ مولانا صاحب نے کہا کیسی کتاب؟ اصل میں ہم نے پتہ دینا ہی نہ چاہا، میں نے بتایا کہ آپ کے ساتھی "آپ کی امانت آپ کی سیوا میں" گاڑی میں چلتے چلتے پکڑا گئے تھے وہ ہم نے پڑھ بھی لی اور ہمیں شکار بھی کر گئی اور گھر جا نے کیسے کھو گئی، اب میں نے پورا حال بتایا مولانا صاحب بہت خوش ہوئے، مولانا صاحب نے فرمایا کہ آپ کی امانت پڑھ کر آپ نے کیا فیصلہ کیا میں نے کہا آپ کا چکر آتے ہیں، آپ جو چاہے کر لیجئے یا چھوڑ دیجئے، مولانا صاحب نے کہا میرا بننے سے تو کام بننے والا نہیں جس نے پیدا کیا ہے اس کا بننے سے کام چلے گا میں نے کہا اسی لئے تو آپ کے پاس آئے ہیں، مولانا صاحب نے کہا کہ کلمہ آپ نے پڑھ لیا؟ ہم نے کتاب میں تو پڑھ لیا آپ بھی پڑھا دیجئے، مولانا صاحب نے ۲۹ راکتوبر کو ساڑھے نو بجے ہمیں کلمہ پڑھوایا میرا نام عبدالواحد رکھا مولانا صاحب نے مجھ سے کہا کیا بھائی نے بھی یہ کتاب پڑھی ہے؟ میں نے کہا کہ انھوں نے تین بار پڑھی ہے، مولانا صاحب نے کہا کہ ان کا کیا ارادہ ہے؟ ہم نے جو ارادہ کیا ہے وہ ہمارے ساتھ ہیں، کچھ کتابیں مولانا نے منگوا کر ہمیں دیں، ایک روز قیام کرنے کے بعد کلکتہ واپس ہوا مولانا صاحب کے مشورہ کے مطابق کلکتہ کے مرکز گیا وہاں علیگڑھ کی ایک جماعت آئی تھی اس کے ساتھ چالیس روز گزارے الحمدللہ یہ چالیس روز ہمارے لئے بہت مفید رہے نماز بھی مکمل یاد کرلی اور ضروری باتیں معلوم ہوگئیں۔

سوال: آپ کی اہلیہ صاحبہ کا کیا ہوا؟

جواب: الحمد للہ بھلت لے جا کر میں نے کلمہ پڑھوایا وہ بہت خوش ہوئیں۔

سوال: اسلام قبول کر کے آپ کو کیا محسوس ہوا؟

جواب: اسلام ملنے کے بعد میں بیان نہیں کر سکتا کتنی خوشی ہوئی، اب میں اس ٹیکسی والے کو دعا دیتا ہوں کہ اگر وہ میرا سامان نہ لوٹتا تو میرا کیا ہوتا؟ میرے اللہ کی رحمت کے قربان کہ کوڑیاں لٹوا کر ہمارے دل کی تجوری ایمان کے خزانے سے بھر دی، ہم دونوں جب بھی بیٹھتے ہیں بس اسی بات پر شکر ادا کرتے ہیں کہ اللہ آپ نے ہمارا سامان لٹوایا ہمیں ایمان کا مالدار کرنے کے لئے اور کفر و شرک کی موت سے بچانے اور شفاء عطا کرنے کے لئے، واقعی احمد بھائی اللہ کی رحمت کا کوئی کیا اندازہ لگا سکتا ہے!!!

سوال: ایک سوال ذہن میں آتا ہے کہ آپ کو والی کی ہمدردی اور اخلاق نے زیادہ متاثر اور اسلام کے قریب کیا یا آپ کی امانت نے یا اسلام کی حقانیت نے؟

جواب: احمد بھائی! ایسی مصیبت میں اجنبی کے ساتھ مولانا صاحب کی ایسی ہمدردی نے ہمیں متاثر کیا مگر ہمارے قبول اسلام کی وجہ وہ ہمدردی تھی بس اس سے یہ ہوا کہ ایسی بے لوث ہمدردی سے ہمارے دل میں مولانا کی ہمدردی پر اعتماد پیدا ہوا اور آپ کی امانت کو ہم نے اپنا ہمدرد اور سچے خیر خواہ کی بات سمجھ کر پڑھا، قبول اسلام کا ذریعہ اسلام کی حقانیت اور انسانی فطرت سے قریب توحید اور اسلامی نظریہ ہوا، ہمدردی تو لوگ کتنی کرتے ہیں کون اپنا مذہب بدلتا ہے ہمارے دل میں یہ خیال کہ اسلام کے حق نے ایک انسان کو فرشتہ بنا دیا وہ اسلام ہمارا بھی حق ہے۔

سوال: اب آپ بچوں کی تعلیم کا کیا کر رہے ہیں؟

جواب: اب میرے بچے انگلش میڈیم میں پڑھ رہے ہیں اور ہم نے ایک مولانا صاحب کا

ٹیوشن بھی لگا رکھا ہے، بچے اور ہم دونوں روزانہ رات کو قرآن، دینیات اور اردو پڑھ رہے ہیں۔

سوال: گھر والوں نے آپ کے اسلام کی مخالفت نہیں کی؟

جواب: بہت زیادہ کی، جب کسی نے کی تو ہم نے اسے پورا واقعہ بتایا، پورا واقعہ سن کر ہمارے چچا جو بہت ہی زیادہ مسلمان ہونے سے ناراض تھے انہوں نے کہا بیٹا تم نے بہت اچھا کیا اور کتاب ہمیں بھی دینا، وہ دیناج پور اسٹیشن پر پوسٹیڈ ہے میں نے آپ کی امانت ان کو دی، مولانا صاحب کے مشورہ سے سفر کرکے ان کے یہاں گیا، رات کو دو بجے تک میں ان کی خوشامد کرتا رہا الحمد للہ دو بجے رات ہی میں انہوں نے کلمہ پڑھا، الحمد للہ میرے خاندان کے پچاس سے زیادہ لوگ مسلمان ہوچکے ہیں۔

سوال: ارمغان کے قارئین کے لئے آپ کوئی پیغام دیجئے۔

جواب: بہت محبت بھرا دل ہو، انبیاء کی طرح بغیر لالچ کے، اسلام جیسا حق ہاتھ میں ہو تو پھر کوئی سخت سے سخت آدمی ایسا نہیں جو اسلام کا اسیر نہ ہو، اس لئے ہمیں انسانیت کا حق ادا کرنا چاہئے۔

سوال: شکریہ ماسٹر صاحب بہت بہت شکریہ السلام علیکم ورحمۃ اللہ

جواب: شکریہ تو آپ کا کہ ہماری بات آپ نے اتنی دیر سنی۔

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

مستفاد از ماہنامہ ارمغان نومبر ۲۰۰۹ء

محمد اسحاق (اشوک کمار) سے ایک دلچسپ ملاقات

بابری مسجد کو شہید کر کے احمد بھیایوں تو ہم نے اپنے ارمان پورے کر لئے، مگر نہ جانے صرف مجھ اکیلے کو ہی نہیں، ہم تینوں کا حال یہ تھا کہ ہم اپنے دل میں انجانے خطرے سے ڈرے سے رہتے تھے اور ہر ایک کو یہ لگتا تھا کہ شاید اب کوئی خطرہ آ جائے، کبھی کبھی تو ایسا لگتا تھا کہ آسمان سے کوئی آگ کی چٹان ہمیں دبانے والی ہے۔

مولانا احمد اواہ ندوی

احمد اواہ : السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

محمد اسحاق : وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ

سوال : اسحاق بھائی آپ سے تو پچھلے سال ۷ دسمبر کی رات کے بعد ملاقات ہی نہ ہو پائی، کل ابی نے بتایا کہ آپ کا فون آیا تھا آپ دہلی آرہے ہیں تو خوشی ہوئی، رات ہی ابی نے فرما دیا تھا کہ آئندہ ماہ کے لئے آپ سے انٹرویو لوں۔

جواب : ہاں احمد بھائی! مولانا صاحب نے مجھ سے بھی آج صبح ہی بتایا کہ ارمغان میں اس مہینے تمہارا انٹرویو چھپنا ہے، میں نے کہا مجھے شرم آتی ہے مگر انھوں نے حکم کیا کہ تمہارا حال سن کر لوگوں میں دعوت کا جذبہ پیدا ہوگا اور دعوت کا کام کرنے والوں میں خوف کم ہوگا، تمہیں بھی ثواب ملے گا، میں نے کہا پھر تو اچھا ہے۔

سوال : اسحاق بھائی اپنا خاندانی تعارف کرائیے؟

جواب: احمد بھائی! میں یوپی کے مشہور ضلع رام پور میں ٹانڈہ بادلی قصبہ کے قریب ایک گاؤں کے ایک سینی خاندان میں ۷/دسمبر ۱۹۶۷ء میں پیدا ہوا، گھر والوں نے میرا نام اشوک کمار رکھا، پتاجی (والد صاحب) شری پورن سنگھ جی ایک بڑے پڑھے لکھے کسان تھے، میں نے آٹھویں کلاس تک اپنے گاؤں کے جونیئر ہائی اسکول میں پڑھا، اسکول اور انٹر میں نے رام پور میں کیا، بعد میں لکھنؤ میں سول انجینئرنگ میں ڈپلومہ کیا، ایک پرائیویٹ کنسٹرکشن کمپنی میں نوکری لگ گئی تھی، بچپن میں غصہ بہت تھا، کئی بار اسکول میں ٹیچر سے بھی لڑائی ہوئی، کمپنی میں روز روز جھگڑا ہوتا رہتا تھا، تو نوکری چھوڑ آیا، میرے دو دوست پہلی کلاس سے انٹر تک ساتھ پڑھتے تھے، ایک کا نام یوگیش کمار اور دوسرے کا یوگیندر سنگھ تھا، دونوں ہماری برادری کے تھے، ایک رشتے میں بھائی ہوتے تھے، تینوں ساتھ پڑھتے اور ورزش بھی ساتھ کرتے تھے، کچھ روز پہلوانی بھی کی، رام جنم بھومی بابری مسجد کا جھگڑا ہوا تو ہم تینوں نے بجرنگ دل میں اپنا نام لکھوایا، اڈوانی جی کی رتھ یاترا میں ہم لوگ گوالیار جا کر شامل ہوئے اور چار روز ساتھ چلے، ہمارے گھر والے بھی اس فیصلے سے بہت خوش ہوئے، ایک روز یوگیش کے پتاجی نے جو اسکول میں ٹیچر بھی تھے، ہم تینوں کو اپنے گھر بلایا، میرے اور یوگیندر کے پتاجی کو بھی بلایا اور بولے کہ ہم تم تینوں بھائیوں کو رام نام پر چھوڑتے ہیں، اگر رام مندر کے نام پر تمہاری بلی بھی چڑھ جائے تو پیچھے نہ ہٹنا، دنیا میں تم امر ہو جاؤ گے، انھوں نے ہمارے تینوں کے سروں پر انگوچھا باندھا، ہم لوگوں کا بڑا حوصلہ بڑھا اور بھی جوش پیدا ہوا، ۳۰/اکتوبر کو ہم لوگ کار سیوا میں پہنچے مگر ہم ابھی جگہ پر پہنچ نہیں پائے تھے کہ ملائم سرکار کی گولی چل گئی اور ہمیں پولیس نے گرفتار کر لیا، ٹرین میں سوار کر کے رام پور لا کے چھوڑا، ہمارے غصہ کی حد نہ رہی، میں نے راستہ میں کئی سپاہیوں کی پٹائی بھی کی مگر انھوں نے ہمیں یہ کہہ کر ٹھنڈا کیا کہ ملائم سرکار رد کرے گی، ہماری سرکار آئے گی تو اس وقت تم

اپنے ارمان پورے کر لینا نومبر ۱۹۹۱ء میں ہم لوگ بابری مسجد شہید کرنے کے شوق میں اجودھیا پہنچ گئے سردی کے کپڑے بھی پورے ساتھ نہیں تھے الگ الگ آشرموں میں رہتے رہے ہمیں وہاں رہ کر بڑی حیرت ہوئی کہ اکثر سادھوؤں نے ہمیں بابری مسجد شہید کرنے میں شامل ہونے سے منع کیا اور انھوں نے ہمیں اس طرح ڈرایا جیسے ہم کوئی پاپ کر رہے ہوں، ایک سادھو نے تو یہ کہا کہ میں سچ کہتا ہوں اگر رام چندر جی جیوت (زندہ) ہوتے تو بھی ہرگز یہ پاپ یعنی بابری مسجد گرانے کا کام نہ کرنے دیتے ہمیں ان سمجھانے والوں پر بہت غصہ آتا، ۶ردسمبر ۱۹۹۲ء کو بھیڑ مسجد کے پاس جمع ہوگئی ہمارے سنچالک نے ہمیں بتا یا تھا کہ جیسے ہم اشارہ کریں گے دھاوا بول دینا، اوما بھارتی نے نعرہ لگایا تھا کہ ہم چل پڑے، یوگیش تو بھیڑ میں گر گیا لوگ اس پر چلتے رہے کسی نے دیکھ کر اس کا ہاتھ پکڑا اور اٹھایا، گھنٹوں بیمار رہا، اس کی پسلیاں ٹوٹ گئی تھیں، خوشی خوشی ہم ایک اینٹ لے کر گھر آئے راستے میں لوگ ہمارا سواگت (استقبال) کرتے تھے، گھر والوں نے ہمارے سواگت میں ایک پروگرام کیا اور ہم کو پھولوں سے تولا گیا، ماتے سال تک لوگ ہمیں شاباشی دیتے رہے۔

سوال: اپنے قبول اسلام کے بارے میں کچھ بتایئے؟

جواب: بابری مسجد کو شہید کر کے احمد بھائیوں تو ہم نے اپنے ارمان پورے کر لئے مگر نہ جانے صرف بھگوا کیلئے کوئی نہیں ہم تینوں کا خیال یہ تھا کہ ہم اپنے دل میں انجانے خطرے سے ڈرے سے رہتے تھے اور ہر ایک کو یہ لگتا تھا کہ شاید اب کوئی خطرہ آ جائے، کبھی کبھی تو ایسا لگتا تھا کہ آسمان سے کوئی آگ کی چٹان ہمیں دبانے والی ہے، بابری مسجد کی شہادت کی ہر برسی پر یعنی ۶ردسمبر ۱۹۹۲ء کو ہمارے لئے دن رات کاٹنا مشکل ہوتا تھا ایسا لگتا تھا کہ آج تو ضرور کوئی آفت آئے گی پچھلے سال ۶ردسمبر کو یہ خطرہ پچھلے سالوں سے زیادہ ہی تھا، ہم لوگ ڈر کی وجہ سے ۶ردسمبر کو کبھی گھر سے نہیں نکلتے تھے اور جب ۶ تاریخ گذر جاتی تو

ہم لوگ بہت سکون محسوس کرتے، ۷ دسمبر ۱۹۹۲ء کی صبح کو ہم تینوں گھر سے نکلے مجھے رامپور میں ایک ضروری کام تھا میرے ساتھی بھی ساتھ ہو لئے، رام پور بس اڈہ پر ہمارا ایک کالج کا ساتھی رئیس احمد ملا، اس نے ہمیں دیکھا تو قریب آیا مذاق کے انداز میں بولا، اشوک اب تم لوگوں کی باری ہے تیار ہو جاؤ میں نے کہا کس چیز کی باری ہے، اس نے پہلے پاگل بننے کی اور پھر مسلمان ہونے کی، میں نے کہا اب چرچ بند کر، اس نے کہا اخبار پڑھا ہے کہ نہیں، میں نے کہا اخبار میں کیا ہے؟ اس نے اپنے بیگ سے ایک اردو سہارا اخبار نکالا اور محمد عامر اور عمر کے اسلام قبول کرنے کی خبر پوری سنادی، ہم لوگوں کو غصہ بھی آیا اور ڈر بھی لگا میں نے کہا اردو کا اخبار ہے جھوٹی خبر ہو گی اس نے ہندی کے دو اخبار نکالے اور مجھے دکھائے، چھوٹی چھوٹی دونوں میں خبریں دکھائیں میں نے دوبارہ اردو کی خبر جو تفصیل سے تھی پڑھنے کو کہا میرے دوسرے دونوں ساتھیوں کو بھی غصہ آیا اور مشورہ کیا کہ پھلت جا کر معلوم کرنا چاہئے کہ جھوٹی خبر کیوں چھپوائی ہے اور خبر چھپوانے والوں کو مزہ چکھانا چاہئے، بات کو صاف کرنا چاہئے ورنہ کتنے لوگوں کے (دھرم بھرشٹ) دین خراب ہو جائیں گے، رام پور سے ہم لوگ مظفر نگر کی بس میں بیٹھے اور پھر کھتولی پہنچے اور ایک جگاڑ میں بیٹھ کر پھلت پہنچے مولانا صاحب کا پتہ معلوم کر کے آپ کے گھر پہنچے، مولانا صاحب نماز کے لئے گئے تھے نماز پڑھ کر آئے تو ایک صاحب نے بتایا کہ یہ مولانا کلیم صاحب ہیں، ہم لوگ کچھ تو غصہ میں تھے اور کچھ زیادہ سخت لہجہ میں میں نے مولانا صاحب کو اخبار دکھا کر کہا، یہ خبر آپ نے چھپوائی ہے، آپ نے کس طرح یہ خبر چھپوائی ہے؟ ہم تین بالکل جنگ انداز میں بڑے سخت لہجہ میں بات کر رہے تھے مگر مولانا صاحب نہ جانے کس دنیا کے آدمی تھے بہت ہی پیار سے بولے، میرے بھائی آپ اپنے ایک خونی رشتہ کے بھائی کے یہاں آئے ہیں، آپ ہمارے ہم آپ کے، یہ تڑ بڑ تو شہر کے لوگوں میں ہوتی ہے، آپ

کہاں سے تشریف لائے ہیں، پہلے یہ بتائیے؟ ہم رام پور منڈوا دلی کے پاس سے آئے ہیں، مولانا صاحب بولے میرے بھائیو! اتنی سردی میں آپ نے اتنا لمبا سفر کیا، کتنے تھک رہے ہوں گے، یہ آپ کا گھر ہے آپ کسی غیر کے یہاں نہیں آئے ہیں، آپ جو معلوم کریں گے ہم بتائیں گے، پہلے آپ بیٹھئے، چائے پانی ناشتہ کیجئے، کھانا کھائیے، خیر ہم لوگوں نے نہیں چھپائی ہے مگر بے خبر تھی، ہم لوگ کچھ ٹھنڈے ہو گئے تھے، پھر سے گرمی سی آگئی، میں نے کہا آپ کیسے کہہ رہے ہیں سچے لوگوں کا دھرم بھرشٹ کرنا چاہتے ہیں، مولانا صاحب نے پھر پیار سے کہا چلو اگر آپ سچ مانو گے تو مان لینا ورنہ ہمیں اس کی بھی کوئی ضد نہیں عامر اور عمر میں سے محمد عمر اتفاق سے ایک نو مسلموں کی جماعت لے کر پھلت آئے ہوئے تھے جس میں نو مسلم تھے، امیر ہونے کی وجہ سے مولانا صاحب نے ان کو پھلت بلایا تھا، جن میں تین ہریانہ کے تھے اور دو گجرات کے اور چار یو پی کے، دو ان میں مندر کے سادھو بھی تھے، مولانا صاحب نے ایک حافظ صاحب کو بلایا اور ان سے کہا عمر میاں کو بلاؤ، تھوڑی دیر میں محمد عمر آگئے، مولانا صاحب نے ہم سے کہا: وہ جن کی خبر چھپی ہے ان میں ایک محمد عمر یہ ہیں، آپ ان سے مل لیں اور معلوم کریں خبر کیا ہے اور کتنی سچی ہے؟ عمر بھائی کے ساتھ ہم برابر والے چھوٹے کمرے میں بیٹھ گئے، مولانا صاحب نے ان کو آواز دی اور کچھ سمجھایا، بعد میں بھائی عمر نے مجھے بتایا کہ مولانا صاحب نے مجھے بہت تاکید کی کہ یہ کتنا بھی غصہ ہوں تم صبر کرنا اور بہت پیار نرمی سے مریض سمجھ کر بات کرنا اور دل دل میں اللہ سے دعا کرنا، میں بھی گھر میں جا کر دو رکعت پڑھ کر اللہ سے ہدایت کی دعا کرتا ہوں، تھوڑی دیر میں پر تکلف ناشتہ آگیا، ہم بھی کو سردی لگ رہی تھی، عمر بھائی نے ضد کر کے دو پیالی چائے پلائی اور خوب خاطر کی اور ہمیں سمجھاتے رہے اور بتایا کہ پانی پت سے سونی پت تک ایڈوانی جی کی رتھ یاترا میں ہم دونوں سب سے پیش پیش تھے، ۳۰ اکتوبر میں ہم دونوں کے اوپر گنبد

پر گولی لگی تھی تھوڑی دیر میں کھانا بھی آ گیا اب ہم تینوں کو لگا کہ ہمیں جو خوف تھا وہ سچ تھا اور ۶ دسمبر کو ہماری یہ حالت کیوں ہوئی تھی، میں نے عمر سے کہا اب ہمیں کیا کرنا چاہئے؟ انھوں نے مجھے بتایا کہ دین کا عذاب تو کچھ نہیں مرنے کے بعد بڑے دن کے عذاب سے بچنے کے لئے آپ کو میری رائے مانی چاہئے اور کلمہ پڑھ کر مسلمان ہو جانا چاہئے ہم تینوں باہر مشورہ کے لئے آنے لگے تو عمر بھائی نے کہا میں ایک کام کے لئے باہر جاتا ہوں آپ اندر بیٹھے رہیں، ہم تینوں نے مشورہ کیا اور سب نے طے کیا کہ ہم کو مسلمان ہو جانا چاہئے پھر عمر بھائی کو آواز دی اور اپنا فیصلہ بتایا، عمر بھائی نے کہا کہ وہ دو رکعت نماز پڑھ کر سچے مالک سے آپ کے لئے دعا کرنے گئے تھے اور مولانا صاحب بھی آپ کے لئے دعا ہی کرنے اندر گئے ہیں، خوشی خوشی عمر نے گھر میں مولانا صاحب کو آواز دی اور درخواست کی کہ ان تینوں بھائیوں کو کلمہ پڑھوا دیں مولانا صاحب نے ہمیں کلمہ پڑھوایا، احمد بھائی وہ حال میں بتا نہیں سکتا کہ ہم تینوں پر کیا گذری، جیسے جیسے مولانا صاحب نے ہمیں کلمہ پڑھوایا اور توبہ کروائی ایسا لگ رہا تھا جیسے کانٹوں کا ایک لباس جس سے جسم بندھا تھا ہمارے جسم سے اتر گیا، اندر سے خوف ایک دم کافور ہو گیا، جیسے ہم نہ جانے کس خطرہ سے نکل کر ایک محصور قلعہ میں آ گئے ہوں، مولانا صاحب نے میرا نام محمد اسحاق رکھا، یوگیش کا محمد یعقوب رکھا اور یوگیندر کا محمد یوسف اور حضرت یوسف، حضرت اسحاق اور حضرت یعقوب کا قصہ بھی سنایا اور ہمیں بتایا کہ کل سے فون آ رہے تھے کہ یہ خبر چھپ گئی ہے خدا خیر کرے کوئی فساد نہ ہو جائے، میں دوستوں سے کہہ رہا تھا آپ ڈر رہے تھے ہم نے خبر نہیں چھپوائی، اللہ نے چھپوائی ہے انشاء اللہ اس میں ضرور خیر ہوگی، اللہ نے اتنی بڑی خبر ظاہر کر دی، مولانا صاحب نے کھڑے ہو کر گلے لگایا مبارک باد دی اور تینوں کو ”آپ کی امانت آپ کی سیوا میں“ دی۔

سوال: اس کے بعد کیا ہوا؟

جواب: صبح کو نو مسلموں کی جماعت کے ساتھ ہم تینوں کو شامل کر دیا گیا ایک مفتی صاحب بلند شہر کے سال لگا رہے تھے، ان کو ہمارا امیر بنایا گیا اور دو لوگوں کو سکھانے کے لئے شامل کیا گیا، ۱۵ لوگوں کی جماعت ایک روز میرٹھ رہی، ہم تینوں نے میرٹھ میں سرٹیفکٹ بنوائے اور پھر جماعت کا رخ آگرہ کی طرف ہوا آگرہ اور متھرا ضلع میں ۴۰ دن پورے کئے جماعت میں وقت ٹھیک لگا، نئے نئے لوگ تھے ایک دو بار لڑائی بھی ہوئی ایک روز ہم تینوں نے لڑ کر واپس آنے کی سوچی رات کو پکا ارادہ کیا کہ صبح چلے جائیں گے، رات میں یوسف نے ایک خواب دیکھا، مولانا صاحب فرما رہے ہیں آپ کو اللہ نے کس طرح ہدایت دی پھر بھی آپ اللہ کے راستہ سے بھاگ رہے ہیں، اس نے بعد میں ہم دونوں کو بتایا، ہم لوگوں نے طے کر لیا کہ جان بھی چلی جائے گی تو چلہ پورا کر کے ہی مولانا صاحب کو منھ دکھائیں گے الحمد للہ ہمارا چلہ پورا ہو گیا۔

سوال: جماعت سے واپس آنے کے بعد پھر کیا ہوا؟

جواب: مولانا صاحب نے مجھ سے معلوم کیا کہ اب آپ کا ارادہ کیا ہے؟ اور مشورہ دیا کہ گھر پر تو ابھی جانا ٹھیک نہیں ہے مگر ہم نے مولانا صاحب سے کہا کہ ہم بچے نہیں ہیں، مذہب ہمارا ذاتی معاملہ ہے اور ہمارا حق ہے کہ حق کو مانیں، ہم گھر جا کر گھر والوں پر کام کریں گے اور ہمیں کسی طرح کا کوئی خطرہ نہیں ہے، مولانا صاحب کے سمجھانے کے باوجود ہم لوگ اپنے گاؤں پہنچے پورے علاقہ میں ماحول خراب تھا خبر مشہور تھی کہ مسلمانوں نے ان کو قتل کر دیا ہے، ہم لوگوں نے گھر والوں کو جا کر صاف صاف بتا دیا، پھر کیا تھا، پوری برادری میں ماتم مچ گیا بار بار پنچایت ہوئی دور دور کے رشتہ دار آ گئے ایک دو اخبار والے بھی آ گئے گاؤں والوں نے ان کو پیسے دلا کر واپس کیا اور راضی کیا کہ خبر اخبار میں ہرگز نہ دی

جائے ورنہ اور بھی لوگوں کو خطرہ ہے، دوسرے گھر والوں پر برادری والوں نے زور دیا کہ اپنے لڑکوں کو کسی طرح باز رکھیں مگر اللہ کا شکر ہے کہ اللہ نے ہمیں مخالفت سے اور پکا کردیا ہمارے ساتھ بہت سختیاں بھی ہونے لگیں، ہمارے بیوی بچوں کو گھر بھیج دیا گیا مجبوراً ہمیں گھر چھوڑنا پڑا، ہمیں پھلت جاتے ہوئے شرم آئی کہ مولانا صاحب کی بات نہیں مانی، ہم لوگ پہلے دہلی گئے اور پھر ایک صاحب ہمیں پٹنہ لے گئے، پٹنہ میں ہم نے بڑی مشکل اٹھائی، کچھ دن رکشہ بھی چلائی، ضرورت کے لئے مزدوری بھی کی، بعد میں مجھے ایک صاحب اپنی کمپنی میں کلکتہ لے گئے اور پھر میرے دونوں ساتھی بھی کلکتہ آگئے الحمد للہ ہماری مشکل کا زمانہ زیادہ طویل نہیں ہوا اور اب ہم سیٹ ہیں، اس دوران ہم تینوں کو بڑی بار حضور ﷺ کی زیارت بھی ہوئی، جس سے ہمیں بڑی تسلی ہوئی، مولانا صاحب کی یاد ہم لوگوں کو بہت آرہی تھی مگر موقع نہیں مل سکا، اللہ کا کرم ہے آج ملاقات ہوگئی، مولانا صاحب سے ملنے کے بعد نو دس مہینے کی تکلیفیں ساری جیسے ہوئی ہی نہیں تھیں۔

سوال: اپنے گھر والوں سے کوئی رابطہ آپ نے کیا کہ نہیں؟

جواب: ہم لوگوں نے فون پر بات کی ہے، ماں اور بھائی بہنوں سے بات ہو جاتی ہے چاچی سے بات تو نہیں ہو پائی، انشاء اللہ وقت کے ساتھ ساتھ سب کچھ ٹھیک ہو جائے گا البتہ میری بیوی اور دونوں بچے ابھی میری سسرال میں ہیں، وہ بات نہیں کرتے ہیں، میں نے ایک دوست کو کسی طرح بھیجا تھا اس نے ہماری سسرال کی ایک مسلمان عورت کو ان کے گھر بھیجا تھا، میری بیوی نے کہا جب کہیں جہاں کہیں جانے کو تیار ہوں، میری بھابھیوں سے بالکل نہیں بنتی اور میں خود ایک پجی کی رہ کر مرنا چاہتی ہوں، آج مولانا صاحب سے مشورہ ہو گیا ہے میں اب کسی طرح ان کو لے کر ہی جاؤں گا۔

سوال: دعوت کے سلسلہ میں آپ سے ابی نے کوئی بات نہیں کی، اس سلسلہ میں کچھ

بتائیے؟

جواب: مولانا صاحب نے ہم سے عہد لیا ہے کہ بڑی مسجد شہید کرنے والوں کی فکر کرنی ہے اور کارسیوکوں پر کام کرنا ہے اور ان کے لئے اور گھر والوں کے لئے دعا کرنی ہے مولانا صاحب سے مشورہ ہوا ہے میں بہت جلد کلکتہ سے جماعت میں وقت لگاؤں گا اور اللہ کے راستہ نکل کر اپنے اللہ سے منظور کروانے کے لئے دعا کروں گا اور پھر آکر گھر والوں اور کارسیوں پر کام کروں گا۔

سوال: ارمغان کے قارئین کے لئے کچھ پیغام دیجئے؟

جواب: اسلام ہر انسان کی ضرورت ہے کسی آدمی کو اسلام دشمنی میں سخت دیکھ کر یہ نہ سوچنا چاہیے کہ اس کے مسلمان ہونے کی امید نہیں، ہمارے اسلام دشمن غلط فہمی یا نہ جاننے کی وجہ سے اسلام دشمن ہیں، ہمارے حال سے زیادہ اس کا اور کیا ثبوت ہو سکتا ہے، اسلام قبول کرنے سے پہلے ہم بجرنگ دل تھے اسلام اور مسلمان ہمارے سب سے بڑے دشمن تھے اور اب، ہم ہی ہیں، یہ تصور کہ خدانخواستہ ہم ہندو مر جاتے (دھڑ دھڑی دے کر روتے ہوئے) تو ہماری ہلاکت کا کیا حال ہوتا اور کس طرح اللہ کی ناراضگی اور دوزخ کا ہمیشہ ہمیشہ کا عذاب برداشت کرتے۔

سوال: شکریہ اسحاق بھائی! آپ تینوں کا شکریہ آپ دونوں سے بھی کسی وقت دوبارہ بات ہوگی، السلام علیکم ورحمۃ اللہ

جواب: وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

مستفاد از ماہنامہ ارمغان، دسمبر ۲۰۰۶ء

محمد سلمان (بنواری لال) سے ایک ملاقات

بس یہ بات میں سوچتا ہوں کہ ہندوستان میں لگ بھگ دو ارب کم سے کم ڈیڑھ ارب تو دلت، آدی واسی اور پچھڑے طبقے کے لوگ ہیں اسلام اور صرف اسلام ان کے دکھ کا علاج ہے ان کو مظلومیت سے صرف اسلام بچا سکتا ہے اگر مسلمان ان کو اسلام کے انصاف اور برابری کا صرف پرچے (تعارف) بھی سو بھاؤ سے کرا دیں تو سب اسلام لا سکتے ہیں اور سارے اپنے پچھلے سماج کے لوگ اونچ نیچ کے ظلم سے بچ کر میری طرح ایسا محسوس کریں گے کہ ان کو پھانسی سے رہائی مل گئی ہے اس لئے دو ارب انسانوں پر تو ضرور ترس کھائیں۔

مولانا احمد اواہ ندوی

احمد اواہ : السلام علیکم ورحمۃ اللہ برکاتہ

محمد سلمان : وعلیکم السلام

سوال : اللہ کا شکر ہے آپ بہت وقت پر آ گئے ہم کل ہی مکہ معظمہ سے واپس آئے ہیں ابی مکہ معظمہ میں آپ کا ذکر کر رہے تھے اور کہہ رہے تھے کہ میں تو نہ جا کر آپ سے ملوں اور ارمغان جو ہمارا میگزین ہے اس کے لئے آپ سے انٹرویو لوں۔

جواب : مجھے قاری صاحب نے فون پر بتایا تھا کہ مولانا صاحب جہاں حج کو جاتے ہیں کعبہ کے سفر پر گئے ہیں اور ۶ اگست کو آئیں گے پھر میں نے کل فون کیا تو معلوم ہوا کہ آپ لوگ آ گئے ہیں میرا دل بہت ملنے کو چاہ رہا تھا کچھ چیزوں میں مشورہ بھی کرنا تھا اس

لئے میں رات ہی دہلی ڈیڑھ بجے پہنچا، مالک کا شکر ہے کہ ملاقات بھی ہوگئی اور بہت اطمینان بھی ہوگیا۔

سوال: آپ اپنا تعارف کرائیں یعنی پریوار کے بارے میں بتائیں؟

جواب: میرا پہلا جنم تو مظفر نگر کے ملبو پورہ محلہ کے ایک بہت بلکہ چمار گھرانے میں ۲۰؍ اگست ۱۹۵۸ء کو ہوا، ایسا میرے اسکول کے سرٹیفکٹ میں چڑھا ہے اصل جنم تتھی (تاریخ پیدائش) تو کسی چمار کے گھر والوں کو بھی پچاس سال پہلے کیسے پتہ ہوگی، میرے پتا جی (والد صاحب) بیچارے مزدوری کرتے تھے بعد میں کمزور ہو گئے تو سبزی بیچنے لگے، ان کا اتر سنگھ جی نام تھا، انھوں نے میرا نام بنواری لال رکھا، ہمارے خاندان میں پڑھائی کا رواج نہیں تھا، بس ہمارے ایک ماموں ایک بینک میں چپراسی تھے اور آٹھویں کلاس پاس تھے، انھوں نے مجھے پڑھانے کی کوشش کی اور اپنے خاندان میں میں نے بارہویں کلاس پاس کی پھر ٹائپنگ سیکھ لی اور پولیس میں مجھے کلرک کی نوکری مل گئی، بڑی وپریت استھتی (مخالف ماحول) میں میں نے پڑھائی کی اس اسکول میں ہیڈ ماسٹر ایک پنڈت جی تھے بس اتنا ذلیل کرتے تھے کہ کئی بار زہر کھانے کو جی کرتا تھا، کلاس میں سب سے پیچھے بٹھاتے تھے اور بری بری گالیاں دیتے تھے، زندگی بھر اونچی ذات والوں سے ہم ذلیل ہوتے رہے پولیس کی نوکری بھی بڑی بری ہے ۲۵؍ سال میں ایک سو سترہ تھانوں میں میرا تبادلہ ہوا، آپ کے یہاں رتن پوری تھانے میں بھی رہا اور آپ کے یہاں ہی مجھے صدر محرر کی ترقی ہوگئی تھی، میرا دوسرا جنم (پیدائش) اب سے دو مہینے پہلے ۱۸؍ جولائی کو ہوا۔

سوال: اچھا اچھا، وہ تو ہمارے پورے گھر والوں کو معلوم ہے، مگر آپ پھر بھی اس جنم کے بارے میں ذرا اپنی زبانی بتائیے یعنی اپنے اسلام قبول کرنے کے بارے میں بتائیے اس لئے آپ کو کہانی سنانی پڑے گی؟

جواب : جیسا کہ آپ کو معلوم ہے کہ بہار کے ایک بڑے ڈاکٹر کی لڑکی میرٹھ کالج میں پڑھتی تھی اور دینی بوا کے گھر رہتی تھی، اس کے ناجائز تعلقات ایک مسلمان لڑکے سے ہو گئے لڑکے کا نام بلال تھا، دونوں میں بات بڑھتی گئی دونوں نے ٹھان لی کہ شادی کر لیں گے، ایک روز لڑکی اپنی بوا کا گھر چھوڑ کر لڑکے کے پاس آ گئی کہ مجھے مسلمان کر کے شادی کرو، لڑکا بہت سیدھا اور کمزور دل کا تھا اس نے منع کیا کہ میرے گھر والے تو کسی طرح تجھے گھر نہیں رکھ سکتے اور میرے حالات بھی رکھنے کے نہیں ہیں، لیکن لڑکی نہ مانی اس نے کہا کہ اگر تو نے مجھ سے شادی نہ کی تو میں زہر کھا لوں گی لڑکا مجبور ہوا، کئی جگہ شادی اور نکاح کے لئے لے گیا، کوئی تیار نہ ہوا، کسی نے اس کو پھلت جانے کا مشورہ دیا، وہ پھلت پہنچا مولانا کلیم صاحب نے پورے حالات سے لڑکی سے خوب ٹھونک کر پوچھا، اس نے کہا کہ میرے گھر والے تو تیار ہو جائیں گے میرے والد تو آدھے مسلمان ہیں روزانہ قرآن شریف پڑھتے ہیں، حضرت صاحب نے کلمہ پڑھوا کر ان کا نکاح کروا دیا اور قانونی کارروائی مکمل کرنے کا مشورہ دیا، وہ لڑکا بہت سیدھا تھا، وہ بولا اب میرا کوئی ٹھکانہ نہیں ہے میرے نانا کلکتہ میں رہتے ہیں میں نے سوچا تھا ہم وہاں چلے جائیں گے ان سے فون پر بات کی تو انھوں نے صاف منع کر دیا، میرے گھر والے ہرگز مجھے گھر میں داخل نہیں ہونے دیں گے، مولانا صاحب نے کہا، تیرے گھر والے تجھے نہیں رکھتے تو ہم کیسے رکھ سکتے ہیں؟ مگر بلک بلک کر رونے لگا حضرت صاحب کو ترس آ گیا، انھوں نے ان دونوں کو دو چار روز تک پھلت رکھ کر دہلی بھیج دیا اور ایک کمرہ کرایہ پر دلوا دیا اور اپنی بہن سے لڑکی کی پڑھائی یعنی اسلام کی پڑھائی طے کر دی، لڑکی کا نام شاہ رکھا مولانا صاحب کی بہن کے یہاں لڑکی کو بہت کم وقت میں اسلام سمجھ میں آ گیا اور ایمان اب اس کے بلتے بلال سے زیادہ پیارا ہو گیا، لڑکی کی بوا نے بلال اور اس کے گھر والوں کے خلاف اغوا کی تھانہ میں

شکایت لکھوائی، بہار کے ایک سینئر آئی پی ایس افسر لڑکی کے رشتہ دار تھے، انھوں نے میرٹھ
کے ایس ایس پی پر زیادہ دباؤ دیا کہ وہ لڑکی کو برآمد کریں، بلال کے والد اور گھر والوں کو
پولیس اٹھا کر لے گئی، مولانا صاحب کے بار بار دباؤ دینے کے باوجود بلال اپنی سستی اور کم
ہمتی میں قانونی کاروائی نہیں کرسکا، لڑکی نے تھانہ میں فون کیا کہ میں گریجویٹ ہوں اور
میں نے اپنی مرضی سے شادی کی ہے، مگر پولیس پر اس کا کوئی اثر نہ ہوا، بلال کے بڑے
بھائی نے کسی طرح مولانا صاحب کا نمبر لیا اور فون کیا کہ کسی طرح بلال کا پتہ بتادیں، ہمیں
صرف قانونی کاغذات لینے ہیں تاکہ تھانہ میں دکھا کر اپنے گھر والوں کو چھڑا لیں، مولانا
اس وقت ممبئی میں تھے انھوں نے ان کو مشورہ دیا کہ دو روز بعد بلال دہلی کی کسی مسجد
میں آئے گا آپ وہاں مل لیں ہمارے بھائی آپ سے ان کی ملاقات کرادیں گے
دوپہر کی نماز میں بلال مسجد میں نہیں پہنچا اور بلال کے بھائی معلوم کرتے کرتے مولانا
صاحب کے دہلی والے گھر پہنچ گئے، وہاں گھر والوں نے کہا کہ ہم کسی بلال کو نہیں جانتے
پھر اس نے مولانا صاحب کو فون کیا مولانا صاحب نے کسی طرح بلال کو تلاش کرکے اس کو
بھائی سے ملنے کو کہا، پولیس کا دباؤ پڑا تو بلال کے اس بھائی کو بھی پکڑ لیا، ان سب پر دباؤ بھی
دیا اور لالچ بھی کہ ہمیں صرف لڑکی چاہئے، اگر لڑکی کا پتہ تم لوگ بتادو ہم سب لوگوں کو
چھوڑ دیں گے، بلال کے بھائی نے اپنے چھوٹنے کے لالچ میں تھانہ انچارج سے کہا کہ
لڑکی دہلی میں مل سکتی ہے، وہ اس کو اور لڑکی کے بھائی کو لے کر رات کو دہلی پہنچے اور
۱۷ جون کی رات کے ساڑھے تین بجے بٹلہ ہاؤس میں حضرت صاحب کے گھر چھاپہ
مارا، مولانا صاحب کسی اجتماع میں جانے کی تیاری کر رہے تھے، پولیس نے گھر کی تلاشی لی
اور مولانا صاحب سے بلال کا پتہ معلوم کیا، مولانا صاحب نے بتایا کہ بلال ان کے پاس
نہیں ہے بلکہ کل اس کا فون آیا تھا، رو رہا تھا کہ آپ کا کمرہ تو خالی کردیا اب میں کیا

کروں؟ میں نے سفر سے فون پر اس کو پنجاب کے ایک دوست کا نمبر دیا کہ کوشش کرو، اگر وہ تمہیں کرایہ کا مکان اور کوئی نوکری دلوا دیں۔ پولیس مولانا صاحب کو جامعہ نگر چوکی لے گئی اور پھر فوراً میرٹھ کے اس تھانہ میں روانہ ہو گئی۔ موبائل بھی اپنے قبضہ میں کر لیا۔ مولانا صاحب بتاتے ہیں، زندگی میں پولیس سے ایسا پہلا سابقہ تھا، فوراً مجھے خیال ہوا کہ دعوت ہر مشکل کا علاج ہے۔ مولانا دعوت کی بات شروع کی ایک گاڑی میں تھانہ انچارج موتلہ صاحب اور حضرت صاحب تھے، مولانا صاحب نے تھانہ انچارج سے معلوم کیا کہ آپ پولیس والے ہی ہیں یا انسان بھی ہیں۔ وہ بولے پہلے ہم انسان ہیں بعد میں پولیس والے، مولانا ہم پہاڑ کے رہنے والے ہیں اتراکھنڈ کے اور پہاڑی لوگ پہلے انسان ہوتے ہیں۔ مولانا صاحب نے کہا آپ میری طرف دیکھئے، میرے چہرے سے آپ کو کیا جرائم ٹپک رہے ہیں۔ کیا میں کوئی لڑکی اغوا کر سکتا ہوں؟ موتلہ صاحب نے کہا: سر ہم نے آپ کا کوئی انادر (بے عزتی) تو نہیں کی، آپ پولیس کی مدد کیجئے، ہمیں صرف لڑکی چاہئے، ہم پر بہت دباؤ ہے۔ مولانا صاحب نے کہا کہ یہ کوئی آدر ہے کہ آپ ایک شریف آدمی کو تین بجے رات میں بغیر کسی جرم کے تھانہ لے جا رہے ہیں۔ مولانا نے مراد نگر مسجد میں نماز پڑھنے کی اجازت چاہی، تو موتلہ جی ہاتھ جوڑنے لگے، سر میں مسجد میں نماز پڑھنے نہیں دے سکتا آپ کہیں راستہ میں نماز پڑھ لیں، گاڑی میں چٹائی ہے۔ مولانا صاحب نے کہا نماز تو آپ کو بھی پڑھنی چاہئے، ایک دن مالک کے سامنے آپ کو بھی جانا ہے، وہاں آپ سے اس کا سوال ہوگا کہ آپ نے نماز کیوں نہیں پڑھی۔ مولانا نے اس کو اسلام کے بارے میں بتانا شروع کیا، تھانہ پہنچ گئے، تھانے میں کرسی پر بٹھا کر اس نے سپاہی کو چائے اور بسکٹ لانے کو کہا، حضرت صاحب نے منع کیا، اگر ہم لوگ پولیس کی چائے نہیں پیتے، مگر موتلہ جی نے کہا کہ چائے والے سے معلوم کر لیجئے کہ ہم کس طرح پیسے دیتے ہیں، اگر آپ

سنتوشٹ (مطمئن) ہوں تو چائے لے لیجئے، ورنہ چائے کے پیسے اپنے پاس سے ادا کردیجئے، چائے تو پی لیجئے مولانا جی نہانے اور ناشتہ کے لئے میرٹھ گھر چلے گئے، تھوڑی دیر میں مولانا صاحب کے بھتیجے اور ایک دو وکیل آگئے، مولانا صاحب ان سے بات کررہے تھے، مولانا صاحب نے بتایا کہ تھانے کا ایک سنتری آیا اور بولا: مولانا صاحب آپ اپنی کرسی لے کر اندر الگ بیٹھئے، مولانا صاحب نے سوچا تھانے میں اپنی عزت بچانی چاہئے، بس وہ اندر آگئے، اصل میں میرے مالک کو مجھ مظلوم پر رحم آگیا کہ کتوں کو پیاسے کے پاس گرفتار کرکے بھیجا، میں اپنے ماتحت سپاہی سے بحث کررہا تھا وہ اہلاوت چودھری تھا، میں نے کہا کہ سارے کام ہم کرتے ہیں، بس تمہارے پاس بڑی توپ ہے ورنہ سارے کام ہم کرتے ہیں، میں نے کہا: میاں صاحب! مندر ہم بنائیں، مسجد ہم بنائیں، سب کام ہم کریں اور ہمیں گھسنے بھی نہیں دیتے، مولانا صاحب نے کہا مندر کی بات آپ سچ کہہ رہے ہیں، مسجد کی یہ بات ٹھیک نہیں ہے، آپ کسی مسجد میں امام کے پیچھے چلے جائیں، کوئی آپ کو روکے گا نہیں، آپ ہندو پہچان کے ساتھ دہلی کی جامع مسجد میں جائیے، آپ کو کوئی امام کے پیچھے نماز پڑھنے سے نہیں روکے گا، میں نے کہا مولانا صاحب اصل میں ہم چمار ہیں، بس بتا نہیں سکتا کیسے دکھ بھرے دن ہم نے اسکول میں ماسٹر سب سے پیچھے بٹھاتا تھا، آواز بالکل بند کی تھی، کچھ سوال کرنے جاتا تو بس گالیاں دیتا، کتنی بار دل میں آیا کہ مالک نے ہمیں ہندو کیوں بنا دیا، کئی بار خیال آیا کہ بودھ یا مسلمان ہو جاؤں۔

مولانا صاحب نے بتایا بودھ بننے سے تو امبیڈکر جی کا مسئلہ حل نہیں ہوا، انہوں خود لکھا ہے کہ مسلمان ہونا ہی مسئلہ کا حل تھا، میں نے کہا کہ ہمیں تو کوئی مسلمان کرنے والا ملا نہیں، مولانا صاحب نے کہا کہ میں تو آگیا ہوں تم آج، میں نے کہا کہ مولانا صاحب آپ تو مذاق میں لے رہے ہیں، میرا دل تو کڑھ رہا ہے میں بہت سیریس کی بات کررہا

ہوں، مولانا صاحب نے کہا کہ میں آپ سے کئی گنا زیادہ میری (سنجیدہ) ہوں اور بولے، پڑھلوکلمہ "لا الہ الااللہ محمد رسول اللہ" پڑھوجلدی، بس ہوچکے مسلمان، میں نے کہا یہ تو مجھے یاد ہے مولانا صاحب نے کہا کہ مجھے سناؤ میں نے سنایا مولانا صاحب بولے: اب اس کو مسلمان ہونے کی نیت سے سچے دل سے پڑھ لیجئے، یہ خیال کر کے کہ قرآن جو مالک کی طرف سے سنودھان (منشور) ہے، اس کی شپتھ (حلف) لینے کے لئے پڑھ رہا ہوں کہ اس منشور کو مانوں گا، مولانا کے زور دینے پر میں نے پڑھا، مولانا نے کہا بس مسلمان ہوگئے، میں نے کہا اب مجھے مسلمان ہونے کے لئے کیا کرنا ہے؟ مولانا صاحب نے کہا کہ مسلمان ہونے کے لئے کچھ نہیں کرنا ہے، بس اچھا مسلمان ہونے کے لئے اسلام کو پڑھنا ہے، نماز سیکھنی ہے، صفائی کا اسلامی طریقہ سیکھنا ہے میں نے کہا مجھے کہاں جانا پڑے گا؟ مولانا صاحب نے کہا کہ پھلت آجانا، میں نے کہا پھلت جو رتن پوری تھانہ میں ہے اور جہاں بڑا مدرسہ ہے اور جہاں کے مولانا مشہور ہیں، مولانا صاحب نے کہا ہاں وہی، مولانا صاحب نے کہا فون نمبر لکھ لیں اچھا ہے میری موجودگی میں آئیں، احمد مولانا صاحب: میں بیان نہیں کرسکتا کہ مجھے کلمہ پڑھ کر ایسا لگا جیسا میں نے ایک تنگ اور گھٹن کی زندگی سے ایک نئے جگت (جہان) میں جنم لیا ہے۔

مولانا صاحب بتاتے ہیں کہ انھوں نے مجھے جیسے ہی کلمہ پڑھوایا، موتلہ صاحب کے پاس ہوم سکریٹری اور لیڈروں اور افسروں کے فون آئے، انہوں نے تھانے میں فون کیا، انسپکٹر سے بات ہوئی، موتلہ صاحب نے کہا کہ مولانا صاحب کو آدر سے آفس میں بٹھاؤ اور ناشتہ وغیرہ کراؤ، میں آتا ہوں۔

موتلہ جی آگئے مولانا صاحب سے معذرت کی کہ پولیس کو اصل حال معلوم نہیں تھا، آپ باعزت جاسکتے ہیں، آپ سے درخواست ہے کہ آپ آگے کوئی کاروائی نہ

کریں، مجھے بالکل ایسا لگا جیسے میرے مالک نے مجھے دنیا کی تنگی اور ظلم سے نکالنے کے لئے مولانا صاحب کو گرفتار کر کے بھیجا مولانا کہتے بھی ہیں کہ آپ مجھے ایسے ہی بلوا لیتے، رات کو تین بجے کلمہ پڑھوانے کے لئے گرفتار کروایا میں کس منھ اپنے پیارے مالک کا شکر ادا کر سکتا ہوں۔

سوال: اس کے بعد موتی لال جی کا کیا ہوا؟

جواب: اخباروں میں مولانا صاحب کی گرفتاری کی خبر چھپ گئی فون پر فون احتجاج کے آنے شروع ہوئے، موتی لال اور انسپکٹر کا ٹرانسفر ہوا بلکہ ڈسمس ہوا تقریباً سارا تھانہ بدلا گیا، میرا بھی ٹرانسفر ہوا، موتی لال صاحب اپنا سامان لینے آئے تو میں ان سے ملنے گیا، بولے دہلی سے آتے وقت مولانا صاحب نے گاڑی کے اندر کی لائٹ جلا کر جب کہا کہ میرا چہرہ دیکھئے آپ، کیا اس سے جرائم ٹپک رہے ہیں؟ میں بیان نہیں کر سکتا، جیسے مجھ پر بجلی گر گئی ہو میرے دل میں آیا کہ کسی مہان (بڑے) آدمی پر تو نے یہ ہاتھ ڈالا، بعد میں افسروں کے دباؤ سے بچنے کے لئے مولانا صاحب کا نام تو ایف آئی آر میں لکھا کہ مولانا صاحب کے علم میں تھا، مگر مجھے اندر سے ایسا لگتا ہے جواہر لال، وہ لڑکی کیا مسلمان ہوئی ہم سبھی کو مسلمان ہونا پڑے گا، میں ان کو مولانا صاحب کی کتاب آپ کی امانت بھی دی، ان کا فون آیا تھا اسلام کے تعارف کے لئے اور کوئی کتاب بھیجا۔

سوال: پھر آپ نے اسلام کو پڑھنے اور سیکھنے کے لئے کیا کیا؟

جواب: سب سے پہلے تو میں نے اپنے اطمینان کے لئے ایک روز کی چھٹی لی اور دھوتی چھتی میں لگایا اور دہلی جامع مسجد پہنچا، گیارہ بجے جامع مسجد پہنچا اور نماز کا وقت معلوم کیا تو لوگوں نے بتایا کہ ڈھائی گھنٹہ بعد اکٹھی نماز ہوگی، اکیلے تو جب چاہو پڑھ سکتے ہو، میں امام صاحب کی جگہ پیچھے جا کر بیٹھ گیا، دو گھنٹہ بعد اذان ہوئی لوگوں نے مجھ سے بتایا کہ نماز

ہونے والی ہے، آپ یہاں سے تھوڑی دیر کے لئے چلے جائیں، میں نے کہا میں چمار ہوں ہندو مذہب کا کوئی مجھے مندر نہیں جانے دیتا، آج مسجد دیکھنے آیا ہوں، اذان دینے والے میاں جی کا ایک مصلی بچھا تھا، انہوں نے اسے جھاڑا اور مجھے کہا آپ اس پر بیٹھ جائیں، میں نے امام کے پیچھے نماز پڑھی لوگ یہ معلوم کر کے کہ میں چمار ہوں بہت خوش ہوئے اور کئی لوگوں نے مجھے گلے لگایا اسلام کی سچائی پر اب مجھے پورا یقین آ گیا تھا، اب میں گھر گیا اپنے بچوں اور گھر والوں کو بتایا سب لوگ بہت خوش ہوئے اور میں نے پھلت مولانا صاحب سے وقت لے کر ان چاروں بچوں اور بیوی کو کلمہ پڑھوایا۔

سوال: آپ کے خاندان والوں نے کچھ مخالفت نہیں کی؟

جواب: ہمارے خاندان والے مظفر نگر میں رہتے ہیں ہمارا ان سے رابطہ زیادہ نہیں ہو پاتا، ہاں مجھے یقین ہے کہ سچائی معلوم ہوگی تو وہ مخالفت کرنے کے بجائے اسلام کے سامنے میں آ کر بے حد خوشی محسوس کریں گے، میں خود ایسا محسوس کرتا ہوں جیسے مجھے پھانسی سے رہائی ملی ہو۔

سوال: دین کو سیکھنے کے لئے آپ نے کیا کیا؟

جواب: میں نے مولانا صاحب سے بات کی ہے، انشاء اللہ جلد چھٹی لے کر چار مہینے جماعت میں یا کسی مدرسہ میں لگادوں گا میں نے نام بدلنے کی بھی درخواست لگادی ہے، میں نے کتابیں پڑھنی شروع کر دی ہیں، مولانا صاحب نے مجھے پچاس کتابوں کی فہرست بتائی ہے، جو ہندی میں مل سکتی ہیں، پچیس میں نے خرید لی ہیں، ہر لائن پڑھ کر مجھے اپنے مالک کے شکر میں بس سر جھکے رہنے کو جی چاہتا ہے۔

سوال: ارمغان پڑھنے والوں کے لئے آپ کچھ پیغام دیں گے؟

جواب: مولانا احمد صاحب، میں ابھی کم عمر ایک بچہ ہوں، دو مہینے کی میری عمر ہے، دو مہینے کا

بچہ کچھ کہہ سکتا ہے، بس یہ بات میں سوچتا ہوں کہ ہندوستان میں الگ جھگڑا روا رکھا ہے کم دیش دو ادب تو دولت والے کالے اور بیک ورڈ، پسماندہ دراوڑیوں کے لوگ ہیں اسلام اور صرف اسلام ان کے دکھ کا علاج ہے، ان کو مظلومیت سے صرف اسلام بچا سکتا ہے، اگر مسلمان ان کو اسلام کے انصاف اور برابری کا صرف پریچے (تعارف) اپنے سوبھاؤ سے کرادیں تو سب اسلام لا سکتے ہیں اور سارے دبے کچلے سماج کے لوگ، اونچ نیچ کے ظلم سے بچ کر میری طرح ایسا محسوس کریں گے کہ ان پھانسی سے رہائی ملی ہے، اس لئے دراوڑ انسانوں پر تو ضرور ترس کھائیں۔

سوال: آپ نے اپنا اسلامی نام نہیں بتایا؟

جواب: مولانا صاحب نے میرا نام محمد سلمان رکھا ہے، مجھے بہت پسند آیا۔

سوال: بہت بہت شکریہ سلمان بھائی، آپ کو مذاق میں ہدایت نصیب ہوگئی

جواب: آپ کا بھی بہت بہت شکریہ مولانا صاحب آپ کہہ رہے ہیں کہ مذاق میں ہدایت ہوئی میرے اللہ نے مجھ پر کرم کر کے ایک مہمان داعی کی عزت کو داؤں پر لگا کر میرے لئے گرفتار کر کے بھیجا، مجھے بہت خوشی ہوئی کہ دنیا کے لوگ ہمیں نیچ سمجھیں تو کیا، میرا مالک تو مجھے اتنا پیار کرتا ہے، خود مولانا صاحب کہہ رہے تھے کہ کلمہ پڑھنے کے بعد مجھے مولانا صاحب کے اس طرح لانے پر غصے کے بجائے پیار آیا میرے دل میں آیا، میں نے اللہ سے دعا بھی کی، میرے اللہ ایک آدمی کے ایمان لانے کے لئے اگر مجھے برسوں جیل میں رہنا پڑے تو مجھے عزیز ہے، ایک خاندان کے اسلام لانے کے لئے چند گھنٹے بہت سستے ہیں۔

سوال: ایک بات معلوم کرنا رہ گئی کہ آپ نے اپنے خاندان کے بارے میں کیا سوچا؟ آپ کو ان میں تو کام کرنا چاہئے اب تو آپ بھی مسلمان ہیں آپ کی بھی ذمہ داری ہے؟

جواب: بالکل سچ کہا، مولانا صاحب نے ہر ملاقات میں مجھے صرف اس پر زور دیا اور میں

نے آپ کی امانت اور اسیڈ کرا اور اسلام ایک ایک ہزار چھپوائی ہے، مجھے ایسا لگتا ہے کہ ہزاروں نہیں تو سینکڑوں ہمارے سماج کے لوگ اونچ نیچ کے ظلم اور پھانسی سے رہائی پاکر اسلام میں آئیں گے، آپ بھی دعا کریں ذرا مجھے اسلام کو پڑھنا ہے، میں نے قرآن بھی پڑھنا شروع کر دیا ہے۔

سوال : بہت مبارک ہو ماشاء اللہ۔

جواب : بس آپ دعا ضرور کیجیے۔

سوال : آپ کے علم میں بعد میں اس شتا اور بلال کے مقدمہ اور بلال کے والدین کی باقی تفصیلات ہیں؟

جواب : جی ہاں وہ خود بڑی عجیب ہیں۔

سوال : ذرا بتایئے؟

جواب : ایک ہفتہ تک بلال کے والد، اس کے بھائی، اس کے بہنوئی اور جس گھر میں وہ میرٹھ میں کرائے دار رہے، اس کے مالک کو بلال کے بہنوئی اور شاید بہن کو تھانے میں حوالات میں بند رکھا، مالک مکان کو تو پہلے سفارش پر چھوڑ دیا تھا، حضرت صاحب کا تھانے میں لانا تھا کہ افسروں کے فون آئے، تو گھبرا کر سب گھر والوں کو چھوڑ دیا، الہ آباد ہائی کورٹ سے ایف آئی آر پر کاروائی پر اسٹے بھی اسی دوران لے لیا تھا، جولائی کو ۲۳ر تاریخ کو لڑکی کے بیان ہونے تھے، لڑکی کے والد پوری ٹیم کے ساتھ الہ آباد آپڑے اور کوشش تھی کہ کورٹ پہنچنے سے پہلے لڑکی کو پکڑ لیں گے، اتفاق کی بات لڑکی کی رات میں طبیعت خراب ہوگئی، وہ بالکل اس حال میں نہیں تھی کہ بیان دے سکے، مگر مولانا صاحب کی بہن کے یہاں اس کے ساتھ ایسا سلوک کیا گیا تھا اور اسلام اس کے دل میں گھر کر گیا تھا کہ وہ جان پر کھیل کر ہائی کورٹ پہنچی اور راستہ میں بیہوش ہوگئی، کورٹ میں جا کر بیان سے

پہلے اس نے اپنے گھر والوں کی طرف دیکھا بھی نہیں کورٹ میں اس نے ایسا بیان دیا کہ عدالت بھی حیرت میں رہ گئی، اس نے کہا میں بالغ ہوں پڑھی لکھی ہوں، اسلام کو سمجھ کر مسلمان ہوئی ہوں اور میں نے اپنی مرضی سے اپنے پسند کے شوہر سے نکاح کیا ہے میرے گھر والے بے کار ہیں سب لوگوں کو پریشان کر رہے ہیں، لڑکی کے والد نے بہت چاہا کہ لڑکی کو تین روز کے لئے ہمیں دے دیا جائے مگر وہ تیار نہیں ہوئی اور اس نے کہا کہ میرا ایمان وہاں جا کر خطرے میں پڑ جائے گا، بیان دینے کے بعد سنا ہے اس نے اپنے والد سے فون پر بات کی اور کہا کہ ڈیڈی آپ تو ہر وقت اسلام کی باتیں کرتے تھے اور روزانہ قرآن شریف پڑھتے تھے اب میں مسلمان ہوگئی تو اب آپ خود اس کے خلاف ہو گئے اور اس نے اپنے والد کو مسلمان ہونے کو کہا اور مولانا صاحب سے ملنے کو کہا سنا ہے کہ وہ مولانا صاحب کے ملک سے آنے کا انتظار کر رہے ہیں اور مولانا صاحب سے ملنے کے لئے بیتاب ہیں، مجھے تو ایسا لگتا ہے کہ اللہ کو شاہ کے گھر والوں کو بھی ہدایت دینی ہے ورنہ اس طرح کے کیس میں لڑکی کا باپ کہاں کسی جماعتی سے ملنے کا انتظار کرتا ہے، مولانا صاحب کہہ رہے تھے وہ بھی تو ہمارے بھائی ہیں ہمیں جتنا موقع ملے گا ہم ان کے ساتھ بھی خیر خواہی کا معاملہ کریں گے۔

[illegible]: بلال کے گھر والوں کا حال آپ کو معلوم ہے؟

[illegible]: بلال کا بھائی گو ہر جو رات میں پولیس کو دہلی مولانا صاحب کے گھر لایا تھا اس کو اپنی غلطی پر بہت پشیمانی ہوئی اور سنا ہے کہ مولانا صاحب سے ملنے دہلی گیا ہے اور بہت شرمندگی کے ساتھ معافی مانگی لڑکی کے جان پر کھیل کر اس طرح بیان دینے سے اس کے گھر والے بہت متاثر ہوئے اور انہوں نے باقاعدہ اس کی رخصتی کرائی اور سنا ہے اپنی بیٹی سے زیادہ اسے چاہنے لگے شاہ نے ان کے گھر میں بہت دین کا ماحول بنا دیا ہے گھر والے

نماز پڑھنے لگے ہیں اور کافی اچھے مسلمان بنتے جارہے ہیں۔

سوال: یہ تفصیلات آپ کو کس طرح معلوم ہوئی؟

جواب: اصل میں اپنے اسلام کے بعد مجھے دلچسپی ہوئی میں نے تلاش شروع کی کہ اس کیس میں کس کس کے حصے میں اسلام کی خیر آئی ہے، مولانا صاحب نے مجھے چاروں ملاقاتوں میں یہ بات سمجھانے کی کوشش کی ہے کہ سچا مسلمان وہ ہے جہاں جائے خیر خواہی کرے، ہمارے نبی ؐ کی شان یہ تھی کہ دوست تو دوست دشمنی کرنے والوں کو بھی بھلائی اور اپنی خیر خواہی سے محروم نہیں رکھتے تھے، سچی خیر خواہی یہ ہے کہ مسلمان جہاں جائے اسلام پھیلائے اور داعی کی پہچان کے ساتھ رہے اور داعی وہ ہے جہاں جائے اس کی دعوتی خیر پھیلے، مولانا صاحب کہتے ہیں کہ ہم اسی رحمت بھرے نبی کے امتی ہیں، اگر ہم اندر سے نہیں تو باہر سے ہی داعی بننے کی کوشش کریں، میں تو اس لئے ہر جگہ دعوت دعوت کا شور مچاتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ اس بھلائی کے بہروپ اور ڈھونگ میں اپنے نبی ﷺ کی نقل کی وجہ سے، جان اور حقیقت بھی پیدا فرمادیتے ہیں، مولانا صاحب کہہ رہے تھے کہ اب آپ اس کیس پر نظر رکھئے اور دیکھئے کہ چند گھنٹوں میں میرے تھانہ جانے سے اللہ تعالیٰ نے انشاء اللہ کتنے لوگوں کو کفر و شرک سے نکالیں گے، اس لئے میں چاروں طرف نظر رکھ رہا ہوں اور کھلی آنکھوں میں اسلام کا نور پھیلتا دیکھ رہا ہوں۔

سوال: شکریہ بہت بہت !!

جواب: آپ کا شکریہ !

مستفاد از ماہنامہ ارمغان، ستمبر ۲۰۰۷ء

بھائی حسن ابدال (جے ورد شن) سے ایک ملاقات

ہمارے خونی رشتہ کے بھائی جو کانوڑ لاتے ہیں کیسی مصیبت بھر کر سفر کرتے ہیں اور ان کا سچائی کا راستہ معلوم نہ ہونے کی وجہ سے، ہر قدم نرک کی طرف شرک کی طرف جا رہا ہے، اور ہم اپنی کھال میں مست کھانے اور کمانے میں ہیں، یہ کیسا بڑا ظلم ہے ہم سارے غیر مسلموں کو اپنا دشمن اور مخالف سمجھتے ہیں، یہ لاکھوں لوگ صرف مالک کو راضی کرنے کے لئے اس قدر مشکل سفر کرتے ہیں، میں نے کئی کانوڑ کیمپوں میں دیکھا کہ پاؤں پر ورم چھالے اور زخم ہو رہے ہیں لوگ ان کی مرہم پٹی کر رہے ہیں، ہم کیسے رحمت بھرے نبی کو ماننے والے ہیں کہ ہم ان بھائیوں کو حق نہیں پہنچاتے، ذرا کوشش تو کرنی چاہئے اپنا سمجھ کر ہمارے ذمہ ان کو سچائی پہنچانا ہے۔

مولانا احمد اواہ ندوی

احمد اواہ : السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ

حسن ابدال : وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ

سوال : حسن بھائی! آپ جماعت سے کب لوٹے اور آپ کا وقت کہاں لگا؟

جواب : احمد بھائی میں آج ہی جماعت میں سے واپس آیا ہوں اور ہماری جماعت متھرا میں وقت لگا کر لوٹی ہے۔

سوال : جماعت میں کچھ پریشانی تو نہیں ہوئی؟ آپ کے ساتھ جماعت کہاں کی تھی؟

جواب : الحمد للہ جماعت میں وقت بہت اچھا لگا اور ساتھیوں نے بہت ہی بہت ہماری خدمت کی اور ہماری جماعت متفرق تھی، کچھ لوگ سہارن پور کے تھے تین لوگ میوات کے تھے دو چار بجنور کے، اللہ کا شکر ہے اور امیر ہمارے سہارنپور ضلع کے ایک گاؤں کے عالم تھے اور بار بار وقت لگا چکے تھے، الحمد للہ مجھے پوری نماز دعائے قنوت کے ساتھ یاد ہوگئی۔

سوال : حسن بھائی ہمارے یہاں پھلت سے ایک اردو میگزین ہر مہینہ نکلتی ہے اس میں ان لوگوں کے انٹرویو شائع کیے جارہے ہیں جن کو اللہ تعالیٰ آج کے زمانے میں اپنے فضل سے راہ ہدایت عطا فرماتے ہیں ابی کا حکم ہے کہ آپ سے اس کے لیے کچھ باتیں کروں تاکہ دوسرے لوگوں کے لیے بھی راہنمائی ہو، خاص طور پر پرانے خاندانی مسلمانوں کو عبرت ہو۔

جواب : ہاں مولوی احمد صاحب میں نے جماعت میں بہت سے لوگوں سے ارمغان کا نام سنا، ہم لوگ ایک مسجد میں گئے تو وہاں کے امام صاحب نے بستی کے قدیم صاحب انٹرویو پڑھ کر سنایا تو مجھے بہت اچھا لگا اور میرے دل میں آیا تھا کہ میں مولانا صاحب سے کہوں گا کہ میرا بھی انٹرویو چھپوا دیں، مجھے اس کا اندازہ نہیں تھا کہ میرے کہنے سے پہلے ہی خود ہی حضرت کے دل میں میرا اللہ یہ بات ڈال دے گا، اللہ کی ذات کیسی کرم والی ہے کہ مجھ دو مہینے بیس دن کے چھوٹے سے مسلمان کے دل میں جو بھی بات آئی ہے میرے اللہ اسے پورا کر دیتے ہیں، امیر صاحب نے ایک روز تعلیم میں اللہ کے نبی موسیٰؑ کا قصہ سنایا تھا کہ وہ آگ لینے کے لئے پہاڑ پر گئے تھے اور ان کو پیغمبر بنا دیا گیا، (روتے ہوئے) میرے مالک نے (میری جان اس کے نام پر قربان کہ مجھ گندے کو، شرک اور بت پرستی کے راستے پر بلکہ منزل پر ہدایت دی اور میرے ساتھ کیسا کرم ہے کہ میرے دل چاہ رہا تھا کہ میں ارمغان میں انٹرویو کے لئے کہوں گا مگر اندر سے شرم بھی آرہی تھی کہ ایک دو مہینے کے مسلمان کا حال اس قابل کہاں کہ اس کو ارمغان میں چھپوایا جائے۔

سوال: ابی نے رات میں مجھے حکم کردیا تھا حسن انٹرویو ضرور دینا ہے۔ آپ اپنا خاندانی پریچے (تعارف) کرائیے۔

جواب: میں غازی آباد ضلع کے ایک گاؤں کے برہمن گھرانے میں ۹ ستمبر ۱۹۶۷ء کو پیدا ہوا، پتاجی (والد صاحب) نے میرا نام سجے ورون حسن رکھا، آٹھویں کلاس تک گاؤں میں ایک اسکول میں پڑھا، اس کے بعد غازی آباد کے ایک کالج سے انٹر کیا، اس کے بعد ایک دوسرے کالج سے بی کوم کیا، بی کام کرنے کے بعد ایک سال IAS کمپٹیشن کی تیاری کی، پریلمس پہلا امتحان دوبار پاس کیا، مگر مین امتحان میں پاس کے قریب رہ گیا جس سے دل بہت ٹوٹ گیا، میرے پتاجی (والد صاحب) ایک اسکول میں پرنسپل تھے، ان کی خواہش تھی کہ میں ایک بار اور کوشش کروں، مگر دل دنیا سے بالکل اچاٹ ہو گیا تھا، مجھے دوسری بار بہت امید تھی کہ میں یہ امتحان ضرور پاس کرلوں گا، مگر بالکل قریب ہو کر محروم ہوجانے سے میرے دل و دماغ کو بہت صدمہ ہوا اور میں گھر سے بھاگ کر ہریدوار چلا گیا کہ سنیاس لے لوں گا، میں ہریدوار، رشی کیش، متھرا، کاشی، بنارس بہت آشرموں میں چار سال بھٹکتا رہا، کہیں شانتی نہیں ملی، دو چار مہینے کے بعد ہر آشرم میں کوئی ایسی بات نظر آجاتی جس سے دل کھٹا ہو جاتا، ہریدوار سے ایک روز میں اپنے دوستوں کے ساتھ کلیر گیا، وہاں پہنچ کر مجھے شانتی تو ملی، مگر وہاں کا حال بھی مجھے بازاری آشرموں کی طرح لگا، وہاں سے ہم پھول چڑھا کر واپس آئے تو ایک مست نے مجھے پکڑ لیا اور بار بار مجھ سے کہتا دس روپے مجھے دے دے اللہ تجھے ابدالی بنایا ہے، میں نے کہا، میں تو سادھو ہوں، ہریدوار سے آیا ہوا ہوں، وہ مست پاگل مجھے چھوڑنے کو تیار نہ ہوا، میں نے لوگوں سے پوچھا کہ یہ پاگل یہاں کہاں رہتا ہے؟ لوگوں نے کہا کہ یہاں کا ملنگ ہے، یہ کسی سے کچھ نہیں مانگتا، کوئی دے دیتا ہے تو کھانا کھاتا ہے ورنہ جنگلوں میں چلا جاتا ہے جس سے

جان چھڑانے کے لیے اس کو دس روپئے دیئے، میں نے لوگوں سے معلوم کیا کہ یہ ابدال کیا کہہ رہا تھا، ایک صاحب وہاں تھے انہوں نے بتایا کہ ابدال بڑے پہنچے ہوئے فقیر کو کہتے ہیں، اس کو میں نے دس روپئے کیا دیئے، مانگنے والے میرے کپڑے پھاڑنے کو تیار ہو گئے، ہر ایک مجھ سے ضد کرتا کہ ہمیں بھی کچھ دو، میرے ماتھے پر تمغہ لگا ہوا تھا، مگر اس کے باوجود وہاں کے مانگنے والوں سے جان بچانا مشکل ہو گئی، وہاں کے ظاہری حال سے میں بہت بدظن ہوا، مگر وہاں اندر جا کر مجھے کچھ عجیب سی یکتائی و سکون ملا، خاص طور پر وہاں ایک مسجد ہے اس میں اندر جا کر بیٹھا تو میں دو گھنٹے بیٹھا رہا، وہاں سے آنے کو دل نہیں چاہتا تھا، مسجد میں کچھ لوگ سو رہے تھے، کچھ لوگ نماز پڑھ رہے تھے، وہاں سے واپس ہریدوار آیا، یہاں چین نہ ملا پھر ایک بار گھر چلا گیا گھر والوں نے مجھ پر زور دیا کہ میں آگے پڑھائی کروں، بی اے کرلوں، یا کم از کم ایم بی اے کرلوں، میرا دل کچھ اس طرح کا کام کرنے کو نہیں چاہتا تھا، تین مہینے گھر رہنے کے بعد گھر سے دباؤ بڑھا، تو پھر میں گھر سے ہریدوار چلا آیا، اور بس نہ جانے کیسی بے چینی میں دربدر مارا مارا پھرتا رہا، یہ میری پہلے جنم کی کہانی ہے۔

سوال: پہلے جنم کا کیا مطلب؟

جواب: بس میں اپنی نئی زندگی کو ۲۹؍ جولائی ۲۰۰۸ء سے مانتا ہوں اور اس کو میں اپنا نیا جنم سمجھتا ہوں، اس لئے کہ زندگی شرک میں گزرے وہ زندگی کیا زندگی ہے۔

سوال: اپنے اسلام قبول کرنے کا حال بیان کریئے۔

جواب: میں نے ابھی بتایا کہ میرا حال تو یہ ہوا کہ میرے اللہ نے شرک کے راستہ پر اپنا دست رحمت میرے اوپر رکھ کے مجھے ہدایت نصیب فرمائی، دربدر مارا مارا پھرتا، پھر بھی ایسا لگتا تھا کہ جیسے مجھے کسی چیز کی تلاش ہے، دھرم کی کوئی بات جس پر قربانی دے کر مجھے لگتا کہ میرا مالک راضی ہو جائے گا، میں اس کو کرنے کی کوشش کرتا، اس کے لیے میں نے کا

وڑ لے جانے کی نذر مانی، آپ جانتے ہیں کہ مہا شیوراتری پر سخت گرمی اور برسات کے
زمانہ میں ہر کی پوڑی ہریدوار سے گنگا جل کاوڑ میں لے کر پیدل جہاں کی کاوڑ ہے پانی
چڑھانے کی نذر مانی جاتی ہے وہاں لے کر جانا ہوتا ہے، سب سے زیادہ پورا مہادیو شیخ پورا
کے ایک مندر پر دسیوں لاکھ لوگ پانی چڑھانے جاتے ہیں، یہ سفر مولانا احمد صاحب بہت
مشکل تپسیا (مجاہدہ) ہے، میں بھی تین سال سے کاوڑ لے جاتا اور کسی طرح پانی چڑھا کر
سخت بیمار ہو جاتا، پچھلے سال تو میں اتنا بیمار ہو گیا کہ سوچتا تھا کہ شاید اس بار بچ نہیں سکوں گا
مگر میرے مالک نے زندگی دے دی، پاؤں پر اتنا ورم آ جاتا ہے کہ پاؤں کی کھال پھٹ
کر خون رسنے لگتا، چھالے زخم بن جاتے ہیں، بار بار آسمان کی طرف منہ کر کے مالک سے
شکایت کرتا اور فریاد بھی کرتا کہ مالک آپ نے دھرم کتنا مشکل بنا دیا ہے، کبھی کہتا کیا
میرے جل چڑھائے بغیر تو خوش نہیں ہو سکتا؟ اس سال میں کاوڑ لے کر چلا تو عجیب شش و
پنج میں تھا، کبھی دل میں آتا یہ سب ڈھونگ ہے، مگر اندر سے کوئی کہتا ہے کہ تو سچا ہے تو تجھے
اس راستے سے ہی مالک تک پہونچنا نصیب ہو جائے گا، مظفر نگر شہر میں نکلا تو ایک
کاوڑ کیمپ میں آرام کیا، میں نے سپنا (خواب) دیکھا کہ میں ایک مسجد میں ہوں اور
جماعت کھڑی ہے ایک صاحب آئے اور انھوں نے مجھے دروازے کے اندر جوتوں میں
کھڑا دیکھا تو بولے بیٹا! نماز ہو رہی ہے تم نماز کیوں نہیں پڑھتے؟ میں نے کہا کہ لوگ
مجھے پڑھنے نہیں دیں گے میں ہندو ہوں، وہ بولے آ میں تجھے لے چلوں، میرا ہاتھ پکڑا اور
جماعت میں کھڑا کر دیا، میں نے دیکھا دیکھی نماز پڑھی، آنکھ کھلی تو احمد صاحب میں بیان
نہیں کر سکتا کہ کتنا اچھا لگا، تھوڑی دیر آرام کر کے ہم چل دیئے، میرے ساتھ ہریدوار کے
تین ساتھی اور تھے، راستے میں ایک مسجد سڑک پر تھی، دو بجے دوپہر کا وقت تھا، میں نے دیکھا
لوگ مسجد میں نماز پڑھ رہے ہیں، بس میں بے چین ہو گیا، میں نے اپنے ساتھیوں سے کہا

یہ مسجد بھی تو اسی مالک کا گھر ہے جس کے لئے ہم جا رہے ہیں میں تھوڑا سا چڑھاوا وہاں چڑھا آؤں تیل کے لئے مجھے مسجد میں پیسے دینے ہیں، کا وڑ ساتھی کو دیکر میں مسجد گیا مگر ڈر بھی لگ رہا تھا کہ نا معلوم مسلمان کیا سمجھیں گے، مگر میں اندر سے مجبور تھا، میرا دل چاہا کہ میں جماعت میں کھڑا ہو جاؤں گا مگر ہمت نہ ہوئی ایک بڑے میاں بولے، بھولے بیٹا کیا دیکھ رہا ہے تجھے کیا چاہئے؟ میں نے کہا ابا جی ! ایک بار نماز پڑھنا چاہتا ہوں، انہوں نے میرا ہاتھ پکڑا اور کہا کہ تو پھر سوچ کیا رہا ہے اور یہ کہہ کر میرا ہاتھ پکڑ کر جماعت میں کھڑا کر دیا، میں نے نماز پڑھی سر جب زمین پر رکھ کر سجدے میں گیا تو مجھے ایسا لگا جیسے آج میں مالک کے پاس آیا ہوں، نماز پڑھ کر واپس آیا، میں نے ساتھیوں سے اپنے خواب کا ذکر کیا اور نماز میں جو مزہ آیا اس کا بھی، ساتھیوں میں دو نے تو بہت برا بھلا کہا، میرا ایک ساتھی ونیش بولا تو مجھے کیوں نہیں لے گیا؟ مجھے بھی دکھاتا کہ نماز میں کیا مزہ آتا ہے ہمارا سفر چلتا رہا ہم لوگ اکتیس تاریخ کی دوپہر کو نہر کی پٹری والی سڑک سے بھولے کی جھال پر پہنچے تو ظہر کی اذان مسجد میں ہوئی میں موقع لگا کر کا وڑ ایک کیمپ میں رکھ کر ونیش کو لے کر اندر گاؤں میں مسجد میں گیا، چار پانچ لوگوں کی جماعت ہو رہی تھی، میں جماعت میں شریک ہو گیا میں نے ونیش سے کہا کہ شیش (سر) جب زمین پر رکھے گا تو دیکھنا ایسا لگے گا جیسے مالک کے چرنوں (قدموں) میں ماتھا رکھا ہے، پھر دیکھنا کیسا آنند آئے گا، نماز پڑھ کر پھر ہم کیمپ آگئے، ونیش نے کہا کہ واقعی تم سچ کہتے ہو، عصر کے بعد ہم لوگ پورا مہادیو پہنچے، ہم لوگ خوشی خوشی منزل تک پہنچنے کی خوشی میں بیٹھے ہوئے تھے رات بارہ بجے کے بعد جل چڑھانا تھا بھیڑ بہت تھی دور دور تک بھیڑ سے دور ہنڈی کے کنارے ایک پیڑ کے نیچے ہم سو گئے آدھ گھنٹے میں آنکھ کھلی تو کچھ نوجوان پاس بیٹھے ہوئے تھے ان کے ہاتھ میں کچھ کتابیں تھیں وہ ہمارے پاس آئے اور ہمارا پریچے (تعارف) پوچھا، پھر بولے ہم سب ایک ماں

باپ کی سنتان ہیں، ہم آپ کے حقیقی خونی رشتے کے بھائی ہیں، آپ لوگ مالک کو راضی کر
نے کے لئے کیسی کٹھن تپسیا (مجاہدہ) کر کے یہاں پہنچے ہیں، ہمارے ایک دھرم گرو ہیں،
انہوں نے انسانوں سے ہمارا کیا رشتہ ہے اور اس رشتہ کا سب سے بڑا حق کیا ہے، یہ
سمجھانے اور اس حق دینے پہنچانا چاہئے اس کی ٹریننگ کے لئے ایک کیمپ بڑودہ میں لگایا
تھا، مسجد میں اس کے آخری پروگرام میں ہم سبھی کو اپنی تقریر میں بہت پھٹکار سنائی کہ یہ
ہمارے خونی رشتہ کے بھائی جو کاوڑ لاتے ہیں کیسی مصیبت جھیل کر سفر کرتے ہیں اور ان کا،
سچائی کا راستہ معلوم نہ ہونے کی وجہ سے، ہر قدم نرک کی طرف شرک کی طرف جا رہا
ہے، اور ہم اپنی کھال میں مست کھانے اور کمانے میں ہیں، یہ کیسا بڑا ظلم ہے ہم ہمارے
غیر مسلموں کو اپنا دشمن اور مخالف سمجھتے ہیں، یہ لاکھوں لوگ صرف مالک کو راضی کرنے کے
لئے اس قدر مشکل سفر کرتے ہیں، میں نے کئی کاوڑ کیمپوں میں دیکھا کہ پاؤں پر ورم
چھالے اور زخم ہو رہے ہیں، لوگ ان کی مرہم پٹی کر رہے ہیں، ہم کیسے رحمت بھرے نبی کو
ماننے والے ہیں کہ ہم ان بھائیوں کو حق نہیں پہنچاتے، ذرا کوشش تو کرنی چاہئے اپنا سمجھ کر
ہمارے ذمہ ان کو سچائی پہنچانا ہے، کم از کم ہمیں پہنچانا تو چاہئے، چھ سات روز کے کیمپ میں
ایک ساتھی بھی کاوڑ بھائیوں سے نہیں ملا، کل میدان حشر میں یہ ہمارا گلا دبائیں گے اور ہم
چھڑا نہ سکیں گے، ان کی درد بھری باتوں سے ہمارا دل بھر آیا اور ہم نے ارادہ کیا کہ ہم کچھ
بھائیوں تک بات ضرور پہنچائیں گے، آج ہم صبح سے کئی بھائیوں سے ڈرتے ڈرتے
ملے ہیں، آپ کو سوتے دیکھا تو خیال ہوا کہ آپ الگ جگہ پر ہیں، آپ سے اطمینان سے
بات ہو سکتی ہے، اگر آپ کو برا نہ لگے تو ہم آپ کے اور اپنے مالک کے بارے میں کچھ
باتیں کریں، میرے ساتھی ونیش نے کہا ضرور کہئے، وہ ہمیں ایک مالک اور اس کی پوجا
کے بارے میں بتانے لگے اور اس کے علاوہ کسی کی پوجا کو پاپ بتا کر نرک کی آگ سے

ذرا سنانے لگے اور قرآن کی آیتیں پڑھ کر سنائیں، وہ جب عربی میں قرآن پڑھتے تھے تو ہم سبھی ساتھیوں کو بہت اچھا لگتا، آدھے گھنٹے تک باری باری وہ لوگ بات کرتے رہے اور جب ہم نے ان کی سب باتوں سے سہمتی (اتفاق) ظاہر کیا تو انہوں نے ہمیں کلمہ پڑھنے کو کہا ہم چاروں نے کلمہ پڑھا، انہوں نے ہمیں ایک ایک کتاب "آپ کی امانت، آپ کی سیوا میں" دی اور بتایا کہ جس دھرم گرو نے پروت میں کیمپ لگا کر ہمیں جھنجھوڑا تھا اور جن کی وجہ سے ہم آپ کے پاس آئے ہیں یہ انہیں کی کتاب ہے، ہم آپ کو بھینٹ کر رہے ہیں، اس کو غور سے تین تین بار پڑھئے، تو آپ کو حق کیا ہے اور اسلام لانا اور کلمہ پڑھنا کیوں ضروری ہے، معلوم ہو جائے گا اور پھر اس کتاب میں جو کرنے کو کہا ہے ضرور کر لیجئے میں یہ کتاب لے کر فوراً پڑھنے لگا میرے دوسرے ساتھی بھی پڑھنے لگے، ہم لوگ بس پریم بھاؤ (محبت) سے لکھی اس کتاب میں بالکل گم سے ہو گئے یہ کتاب پڑھ کر مجھے ایسا لگا، جیسے یہ کتاب صرف میرے لئے لکھی گئی ہو اور میں جس سچائی کی تلاش میں در بدر مارا پھرتا رہا اور تپسیا نہیں کرتا رہا، وہ مجھے مل گئی، دن چھپنے کو تھا، وہ لوگ یہ کہہ کر جانے لگے اچھا ہم چلتے ہیں میں نے کہا آپ تو جاتے ہم کیا کریں، انہوں نے کہا کہ آپ جل چڑھائیے پھر گھر جا کر سوچئے اور فیصلہ کیجئے، میں نے کہا کہ آپ کیسی بات کرتے ہیں؟ اس کتاب میں شرک کو سب سے "بڑا پاپ" کہا گیا ہے اور یہاں جل چڑھانا سب سے بڑا پاپ ہے، انہوں نے کہا کہ یہ کاوڑ یہاں آپ چھوڑیں گے تو کچھ اور نہ ہو جائے، میں نے کہا ہو جائے تو کیا ہے، اور میں نے وہ کاوڑ ندی میں پھینک دی اور کہا کہ اب کسی نماز کا وقت ہے کہ نہیں؟ انہوں نے کہا کہ تھوڑی دیر بعد نماز کا وقت ہو جائے گا، میں نے کہا مجھے نماز پڑھنے لے چلو، میرے ساتھی دنیش نے بھی کاوڑ ڈال دی، اور ہم ان دونوں کے ساتھ ہو لئے اور ہریدوار پہنچے، میرے دو ساتھی کاوڑ لے کر پانی چڑھانے کے لئے چلے گئے مگر

بعد میں انہوں نے بھی پانی پت جانے کا ارادہ ملتوی کر دیا۔

سوال: اس کے بعد کیا ہوا؟

جواب: بڑوت پہنچ کر انہوں نے میرے اور آپ کے والد مولانا کلیم صاحب سے فون پر بات کی، انہوں نے فون پر مجھے بہت بہت مبارک باد دی اور کہا کہ آپ سچے طالب تھے اس لئے مالک نے آپ کو راہ دکھائی، میں نے اسلام کو سمجھنے خاص طور پر نماز سیکھنے کا تقاضہ کیا، تو انہوں نے مجھے جماعت میں جانے کا مشورہ دیا اور بتایا کہ پہلے کچہری جا کر کسی وکیل سے مل کر قانونی کارروائی کر کے اور پھر دہلی آجائیں میں آپ کو کسی اچھی جماعت میں بھیج دوں گا، اگلے روز میں نے سہارنپور جا کر اپنا بیان حلفی اور سرٹیفکیٹ وغیرہ بنوایا اور پھر اکتیس کی شام کو میں اور دنیش دہلی پہنچے حضرت سے ملاقات کی اور پوری داستان سنائی، انہوں نے میرا نام حسن اور دنیش کا نام حسین رکھا، میں نے عرض کیا کہ ایک مست نے مجھے کلیر میں بتایا تھا کہ تجھے ابدال بنایا، اس لئے میرا نام ابدال رکھ دیں تا کہ میں نام کا ابدال بن جاؤں، کیا مشکل ہے کہ میرا اللہ مجھے پہنچا ہوا ابدال بنا دے، مولانا نے کہا کہ اللہ کے ایک بہت پیارے بندے اور بزرگ حسن ابدال ہوئے ہیں میں آپ کا نام حسن ابدال رکھتا ہوں تا کہ آپ ابدال بھی اچھے والے بن جائے، جس اللہ نے آپ کو پروا ہادیوں میں شرک کی منزل پر ہدایت عطا فرمائی اور اپنی آغوش رحمت میں آپ کو اٹھا لیا، اس اللہ کے لئے ابدال بنانا بہت آسان ہے، مولانا صاحب نے کہا مجھے امید ہے آپ ابدال ضرور بنیں گے ان شاء اللہ اور بلکہ ابدال سے بھی آگے اللہ آپ کو کچھ بنائیں گے، میں نے مولانا صاحب سے جب اپنی چار سالہ تپسیا کی بات بتائی کہ میں نے برت پر برت رکھا ہے، تین چلے ایک ٹانگ پر کھڑا ہو کر کیا ہے، چھ مہینے بہت دنوں کے برابر سویا ہوں، کتنے آشرموں میں جیسے کوئی بنانا رہا محنت کرتا رہا ہوں، مولانا صاحب رونے لگے اور بولے اصل میں

تمہاری ان تکلیفوں کے ہم مجرم ہیں کہ ہم نے آپ کو بتایا نہیں پھر بھی اللہ کا شکر ہے کہ اللہ تو آپ کے پالنہار ہیں خود ہی اللہ نے آپ کے لئے راہ نکال دی، مولانا نے مجھے ایک ولایتی صاحب کے صاحب کے ساتھ مرکز نظام الدین بھیج دیا یعنی اگست کو ہم جماعت میں متھرا چلے گئے، جماعت تین چلے کی تھی، آگرہ متھرا کے چلے کے بعد میرا دل نہیں بھرا، میرا قاعدہ مکمل ہوا، اردو بھی میں نے پڑھنا شروع کر دی تو امیر صاحب نے ہمیں دوسرے چلے میں جانے کا مشورہ دیا جماعت میں میرے ساتھ عجیب عجیب حالات آئے، ایک دو دفعہ جانے ساتھیوں سے کس طرح بچھڑ گیا، کچھ عجیب عجیب لوگوں سے میری ملاقاتیں ہوئیں، انہوں نے مجھے کیسی کیسی عجیب چیزیں دکھائیں اور جب میں ذرا خیال کرتا کہ میری جماعت! تو اچانک جیسے زمین میرے پیروں کے نیچے بھاگ رہی ہو جس طرح ریل میں یا گاڑی میں بیٹھ کر لگتی ہے ایسا لگتا اور میں اپنی جماعت کے ساتھ ہوتا ایسا میرے ساتھ ۸،۹ بار ہوا، مجھے خواب دکھائی دیتا جیسے میں پروں والا پرندہ ہوں، یہاں اڑا وہاں اڑا، یہاں پہنچا، وہاں پہنچا سوتے میں میں اڑنے لگتا، ایک روز تعلیم میں فضائل اعمال میں ابدالوں کا ذکر آیا میں نے امیر صاحب سے معلوم کیا کہ ابدال کیا ہوتے ہیں؟ انہوں نے تفصیلات بتائیں کہ اللہ کے خاص بندے ہوتے ہیں، جن کے پیروں میں زمین سکڑ جاتی ہے جس طرح فیلڈ افسروں کو گاڑی دی جاتی ہے اسی طرح ابدالوں کو طرح طرح کے کمالات اور کرامات دی جاتی ہیں، مجھے دھن سی لگ گئی، میرے اللہ مجھے تو ابدال بنا دے، پوری جماعت یہ دعا کرتا رہا اس کے بعد میرے ساتھ جماعت سے بچھڑنے وغیرہ کے معاملے ہوئے۔

س: آپ نے ابی سے یہ حالات بتائے؟

ج: دو گھنٹے تک حضرت نے کارگزاری سنی، اصل میں حضرت نے مجھے سختی سے منع کر دیا تھا کہ جماعت میں کسی کو مت بتانا کہ میں کاوڑ لے جا رہا تھا اور دو ہی مسلمان ہوا ہوں، بس

میں نے ایک روز امیر صاحب سے آخر میں ذکر کیا، آج میں نے مولانا صاحب سے کہا آپ دعا کیجئے اللہ تعالیٰ مجھے ابدال بنادے، مولانا نے کہا کہ ابدال بننے سے کیا ہوگا، گوشت بنئے ابدال تو تم ہو ہی انسان گوشت کا بنا ہے اس کے لئے یہی بہتر ہے، جب میں نے ضد کی تو مولانا صاحب نے کہا کہ بس اللہ ایمان پر خاتمہ فرمادیں اور اپنے نبی ﷺ کے طریقے پر چلادیں اور سب سے زیادہ یہ کہ انسان بنادیں، اس کی دعا کرنا چاہئے ابدال ہونا، کشف کرامت کی تمنا کرنا یہ بھی ایک طرح غیریت ہیں، جس طرح دیو دیوتا کی تمنا کرنا شرک ہے اسی طرح یہ بھی ایک طرح خاص لوگوں کے لئے شرک کی طرح ہے، بس اللہ کو راضی کرنے کی فکر کرنا چاہئے اس کے لئے دعوت کے کام کو مقصد بنائیے، جہاں تک ابدال اور غوث بننے کی بات ہے آدمی اپنے اللہ کی رضا میں سچا ہو تو ابدال اور غوث تو یوں ہی اللہ بنادیتے ہیں آپ کے حالات بتارہے ہیں کہ انشاء اللہ آپ کو ضرور ابدال ہی نہیں اس سے آگے بنائیں گے۔

سوال: اب آپ کا کیا ارادہ ہے؟

جواب: مجھے حضرت نے چند روز کے لئے ایک اللہ والے کے یہاں جا کر رہنے کا مشورہ دیا ہے۔

سوال: آپ کے دو ساتھی جو کاوڑ میں ساتھ تھے ان کا کیا ہوا؟

جواب: وہ گھر آکر ۱۵ ار روز کے بعد مولانا سے آکر ملے تھے، بعد میں وہ بھی جماعت میں چلہ لگا کر آئے اور گھر والوں پر کام کر رہے ہیں۔

سوال: آپ کے ساتھی دنیش کمار کا وقت کیسا گزرا؟

جواب: الحمد للہ اس کا وقت بھی بہت اچھا گزرا وہ بہت سیدھا سادھا اور بھلا آدمی ہے، اس کے نیچر میں برائی پہلے ہی سے نہیں ہے بس کلمہ پڑھ کر بہت اچھا مومن انسان وہ بن گیا، ہماری پوری جماعت میں سب سے اچھا وقت دنیش کا لگا، سارے ساتھی اس کی خدمت

میں بہت خوش تھے۔

سوال: آپ نے ساتھیوں کی خدمت نہیں کی؟

جواب: میرے ساتھ ایک دو عجیب باتیں ہو گئی تھیں، اس لئے ساتھی مجھے نہ جانے کیا سمجھنے لگے اور سب میری خدمت کرتے تھے مجھے نہ جانے کیا کیا کہتے تھے دعا کو کہتے تھے، مجھے ذرا بھی لگتا تھا کہ میرے اندر کی خرابی ان کو معلوم ہو جائے گی تو سارا بھرم کھل جائے گا، میں اللہ سے دعا بھی کرتا تھا۔

سوال: ابی نے آپ کو دعوت کا کام کرنے کے لئے نہیں کہا؟

جواب: آج بیٹھ کر خاک بنایا ہے، حضرت نے مجھے کہا ہے کہ پہلے اپنے کو بنانے کی فکر کیجئے، یہ ہمارا دیش محبت والوں اور روحانیت والوں کا دیش ہے، اگر اندر کو صاف کر کے اور بنا کے روحانیت کی ترقی ہو جائے تو ان میں خصوصاً مذہبی لوگوں میں کام زیادہ آسان ہوگا، اس لئے مجھے کچھ روز کے لئے ایک جگہ بھیج رہے ہیں وہاں ذکر وغیرہ بتاتے ہیں، دعا کیجئے اللہ تعالیٰ میرے اندر کا کھوٹ نکال دے اور حضرت کا میرے بارے میں جو ارادہ ہے وہ پورا ہو جائے۔

سوال: انشاء اللہ، اللہ تعالیٰ ضرور پورا کریں گے، بہت بہت شکریہ، حسن بھائی کسی وقت حسین بھائی سے بھی ملوائیے، تاکہ ان سے بھی باتیں کی جا سکیں؟

جواب: جب آپ کہیں گے میں ان کو انشاء اللہ بلا دوں گا۔

سوال: السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ، بہت بہت شکریہ

جواب: احمد بھائی اللہ کا لاکھوں لاکھ شکر ہے کہ اللہ نے میرے دل کی چاہت پوری کرادی ارمغان میں میری کارگزاری آئے گی اور آپ کا بھی شکریہ، وحنیف بھائی۔

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

مستفاد از ماہنامہ ارمغان، اکتوبر ۲۰۰۸ء

ندیم احمد صاحب سے ایک ملاقات

کسی دکان پر سامان وغیرہ خریدنے یا ذاتی ضرورت سے جاتا تھا تو کسی نہ کسی سے ضرور بات کرتا تھا، اعظم گڑھ کے اجتماع میں حضرت مولانا سعد صاحب نے اپنی تقریر میں فرمایا تھا کہ "ہم انفرادی طور پر تو سب کو دعوت دینے کی بات کہہ رہے ہیں اور دوران سفر جاتے ہیں ٹرین وغیرہ میں سب کو ذہن میں رکھ کر تعلیم کریں" الحمدللہ اس کے بعد سے میرے لئے جماعت کے ساتھیوں کو ترغیب دینے کا موقع ملا اور اب تک ۲۶ غیر مسلم مشرف بہ اسلام ہو چکے ہیں۔

مولانا احمد اوّاہ ندوی

احمد اوّاہ : السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ

ندیم احمد : وعلیکم السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ

سوال: ندیم صاحب ابی سے آپ کا ذکر سنتے تھے ملاقات کا اشتیاق تھا آج ابی نے بتایا کہ آپ ایک سال کی جماعت میں جا رہے ہیں اور مرکز نظام الدین سے کسی نئی جماعت میں جانے والے ہیں جانے سے پہلے آپ ملاقات کے لئے مسجد خلیل اللہ آرہے ہیں خوشی ہوئی کہ ملاقات ہو جائے گی۔

جواب: احمد بھائی میرے تین چلے باقی ہیں، الحمد للہ ایک چلہ پہلے اور پھر چھ چلے لگاتار لگ گئے ہیں ابھی ہم لوگ کو دھرا میں وقت لگا کر آئے ہیں، مرکز آیا تھا تو مولانا صاحب (مولانا کلیم صدیقی) کو فون کیا معلوم ہوا دہلی میں ہیں بحرین وغیرہ کا سفر ہے بہت خوشی

ہوئی جیسے لاٹری نکل گئی ہو الحمد للہ اس دوران میری بار بار اللہ تعالیٰ ملاقات کراتے رہے، کبھی کبھی جب میری ملاقات نہیں ہوتی ہے تو خواب میں ملاقات ہو جاتی ہے، مولانا احمد صاحب اس سے بھی بہت تسلی ہو جاتی ہے۔

سوال: عدیم بھائی آپ سے ارمغان کے لئے کچھ بات کرنا چاہتا ہوں؟

جواب: جی احمد بھائی میں بھی اسی لئے رکا ہوا ہوں، ابھی حضرت فرما کر گئے ہیں کہ احمد آرہے ہیں آپ سے انٹرویو لیں گے۔

سوال: آپ اپنے خاندان کا تعارف کرائیے؟

جواب: احمد بھائی میں جنوبی ہند کی مشہور ریاست کے مرکز میں ایک مراٹھا خاندان میں پیدا ہوا، والد صاحب ایک بینک میں منیجر تھے، ابتدائی تعلیم ایک اچھے اسکول میں ہوئی، بی کام کیا اور پھر ایم بی اے اس کے بعد میں انگلینڈ چلا گیا، ۶ جنوری ۲۰۰۰ء کو میرے والد صاحب کا اچانک ہارٹ اٹیک ہو کر انتقال ہو گیا اور مجھے بیرون چھوڑ کر وطن لوٹنا پڑا، ہندوستان کے ایک بڑے مسلمان تاجر کے ساتھ وابستہ ہو گیا، پہلے منیجر کی حیثیت سے ایک کمپنی میں رہا بعد میں کمپنی کا ڈائرکٹر بن گیا الحمد للہ یہاں میں نے خوب کمایا، والد صاحب کا بھی اکیلا بیٹا ہوں انھوں نے بھی بہت سرمایہ چھوڑا، میرے اللہ کا کرم ہے مفری میں مجھ گدھے کو خیر دکھا رہے ہیں۔

سوال: اپنے قبول اسلام کے بارے میں بتائیے؟

جواب: احمد بھائی، میرا اسلام میرے اللہ کی شان ہدایت کی کرشمہ سازی ہے۔

سوال: ابی بھی آپ کے بارے میں اسی طرح کہا کرتے ہیں اس لئے تو اور بھی آپ سے ملنے کا اشتیاق تھا؟

جواب: میری کمپنی میں ایک خوبصورت لڑکی مسلم گھرانہ کی اکاؤنٹنٹ کی حیثیت سے کام

کرتی تھی۔ میں نے انگلینڈ سے آکر کمپنی میں کام شروع کیا تو پہلے ہی روز وہ مجھے بھا گئی، وہ شریف خاندان کی لڑکی تھی، روز بروز مجھے اس سے تعلق بڑھتا گیا، مذہب اور برادری کی دیوار توڑ کر میں ہر قیمت پر اس سے شادی کرنا چاہتا تھا، مگر وہ کسی طرح مجھ سے کام کے علاوہ بات کرنا بھی پسند نہ کرتی تھی، میں نے بہت کوشش کی تہواروں پر بہانے سے اس کو تحفے دیئے، اس کے لئے مجھے اور بھی لوگوں کو تحفے دینے پڑے، اصل میں وہ اپنے خاندان کے ہی کسی لڑکے کے ساتھ شادی کی خواہش مند تھی، ہماری کمپنی کے مالک جو ایک بڑے نیک آدمی تھے، ان کا انتقال ہوا، وہ کافی عمر رسیدہ تھے، ان کے انتقال کے بعد جو خیر کے کام ان کے تعاون سے چل رہے تھے ایک وقت کے لئے بند ہو گئے، اس کے لئے کچھ لوگوں کی رائے ہوئی کہ ان کے بڑے بیٹے (جو ایک طرح سے ذمہ دار تھے) سے حضرت مولانا کلیم صاحب کی ملاقات ہو جائے اور وہ انھیں ان کے والد کے واسطہ سے کئے جانے والے خیر کے کاموں سے واقف بھی کرائیں اور اس کام کے لئے وقت دینے کے لئے ان کی ذہن سازی بھی کریں، لوگوں کے اصرار پر مولانا نے سفر کا پروگرام بنایا، ملاقات کا وقت طے ہو گیا، والد صاحب کا دفتر الگ تھا اور صاحب زادے کا دفتر دوسری جگہ تھا، مولانا صاحب والد صاحب کے دفتر میں وقت مقررہ پر پہنچ گئے، آدھا گھنٹہ انتظار کے بعد انھوں نے دفتر سکریٹری کو فون کرنے کو کہا، معلوم ہوا کہ وہ اپنے دفتر میں انتظار کر رہے ہیں، دفتر سکریٹری نے اپنی گاڑی سے دوسرے دفتر پہنچایا، وہ معذرت کے لئے اپنے دفتر کے باہر استقبال کے لئے نیچے آئے، ملاقات آدھا گھنٹے کی طے تھی مگر باتیں ہوتی رہیں تو ڈیڑھ گھنٹے تک باتیں ہوئیں، واپسی میں وہ گاڑی تک چھوڑنے کے لئے آنے لگے، مولانا صاحب نے بہت اصرار سے لفٹ تک چھوڑ دینے کو کہا اور فرمایا کہ مہمان کو گھر کے دروازے تک چھوڑنا سنت ہے، بس لفٹ کے دروازے تک چھوڑنے سے سنت بھی ادا ہو جائے گی، سیٹھ

صاحب نے مجھے بلایا اور نیچے گاڑی تک مولانا کو چھوڑ کر آنے کے لئے کہا۔ میں مولانا صاحب کے ساتھ لفٹ میں دفتر کی ساتویں منزل سے سوار ہوا، پانچویں منزل پر جہاں ہمارا دفتر تھا وہاں جا کر لفٹ کھلی وہی لڑکی اس میں سوار ہوئی، مولانا صاحب نے بہت اچھی خوشبو لگا رکھی تھی ناک کے نکسوروں میں بار بار سانس لے کر بے اختیار زندگی میں پہلی بار اس نے مجھ سے اس انداز میں گفتگو کی ”کیا خوشبو لگائی ہے نظر تک جاتے“

میں نے مولانا صاحب کو رخصت کیا دوسرے دفتر سکریٹری کو فون کیا جن سے مولانا صاحب کے بہت تعلقات تھے، میں نے کہا مولانا صاحب نے بہت اچھی خوشبو لگا رکھی تھی وہ خوشبو مجھے چاہئے، انھوں نے مولانا صاحب سے معلوم کیا کہ آپ نے کون سی خوشبو لگا رکھی تھی مولانا نے بتایا کہ مجھے تو معلوم نہیں وہ دبئی سے ایک دوست نے ہدیہ میں دی تھی، انہوں نے مولانا صاحب سے کہا کہ وہ خوشبو ہمیں چاہئے، مولانا صاحب نے کہا میری جیب میں شیشی ہے وہ منگالیں، انہوں نے ڈرائیور بھیج کر وہ عطر منگوایا، میں نے وہ لگایا، اس لڑکی نے پھر دفتر میں اس خوشبو کی تعریف کی میں نے وہ عطر کی شیشی اس کو دیدی، اس سے کچھ بات بنتی دکھائی، اس لڑکی کے والد ارمغان پڑھتے تھے اس کی وجہ سے دعوت کا ذہن تھا مجھے کچھ معلومات ہوئیں تو میں نے ان کے والد صاحب سے پیغام بھجوایا کہ آپ اپنی لڑکی سے میری شادی کریں تو میں مسلمان ہو کر نکاح کے لئے تیار ہوں، انہوں نے سنا تو بہت استقبال کیا، اپنی لڑکی کو راضی کرنے کی کوشش کی اور کسی طرح دباؤ دے کر اس کو راضی کر لیا اور مجھ سے کہا اسلام قبول کر کے جماعت میں چالیس روز لگا لیں تو ہم رشتہ کے لئے تیار ہیں ان کے ساتھ جا کر شہر کی جامع مسجد کے امام صاحب کے پاس جا کر میں نے کلمہ پڑھا اور جماعت میں چلا گیا، بنگلور میں میرا وقت لگا، آ کر شادی ہوئی۔

س: آپ کے خاندان والوں نے مخالفت نہیں کی؟

جواب: کچھ لوگوں نے اعتراض کیا مگر خاندان میں ذرا آزادی رائے کا مزاج ہے سب پڑھے لکھے لوگ ہیں بہت زیادہ مخالفت نہیں ہوئی۔

سوال: شادی کے بعد ازدواجی زندگی کیسی گزر رہی ہے؟

جواب: مولانا احمد صاحب، کیسی ازدواجی زندگی؟ اس لڑکی کو مجھ سے مناسبت نہ ہو پائی وہ بھی اپنی خاندان کے ایک لڑکے سے شادی چاہتی تھی، اس نے دل سے شاید یہ شادی رضامندی کے ساتھ نہیں کی تھی، بلکہ بعد میں معلوم ہوا کہ والد نے ان سے کہا تھا کہ اگر تم اس سے شادی کے لئے تیار نہیں ہوتی تو گھر سے چلا جاؤں گا، اس دباؤ میں اس نے منظور کرلیا تھا، نتیجہ یہ نکلا کہ اختلافات بہت جلدی ہوئے اور آٹھ ماہ میں، میں بھی عاجز آ گیا اور طلاق ہوگئی۔

سوال: اس شادی کی ناکامی کے بعد آپ کے دل میں پھر اسلام سے واپس جانے کا خیال نہیں آیا؟

جواب: اصل میں میرے کریم رب نے میرے لئے ہدایت لکھ دی تھی اس لئے مجھے اس کا بالکل خیال نہیں آیا اور جماعت میں وقت لگنے کے بعد مجھے اسلامی کتابوں کے مطالعہ کا شوق بھی ہوگیا تھا میرے اللہ نے یہ کرم فرمایا کہ طلاق ہونے اور اس مسئلہ کے ختم ہو جانے کے تیسرے روز مولانا کلیم صاحب ہمارے شہر میں تشریف لائے انہیں دفتر کے ایک جاننے والے نے میرے بارے میں بتایا مجھ سے ملنے آئے دو گھنٹہ میں ان کے ساتھ رہا، مجھے ایک پروگرام میں لے گئے، ایک جگہ دعوت میں اپنے ساتھ شریک کیا، اس ملاقات میں انہوں نے مجھے یہ سمجھانے کی کوشش کی، بلکہ یہ سمجھا دیا کہ اللہ تعالیٰ کا آپ پر خاص کرم ہے کہ اس لڑکی کو ستم گری بنا کر آپ کو اپنا بنانے کا نظم کیا، چند سال کی اس لڑکی کی محبت میں آپ نے دیکھا ہوگا کہ محبت میں کتنا مزا ہے، اس دنیا کی ہر چیز فانی ہے، بے وفا اور دھوکہ

دینے والی ہے، اکثر تو جیتے جی دھوکہ دے کر بے وفائی کر دیتی ہے، زندگی میں وفا کریں تو آپ کی موت یا اس کی موت بے وفائی کا ذریعہ بن جاتی ہے، جب بنی ہوئی ان فانی اور بے وفا چیزوں اور حسینوں کی محبت میں اتنا مزا ہے تو پھر اس حسن حقیقی اور اس فانی حسن کو پیدا کرنے والے کے عشق اور محبت میں کتنا مزا ہوگا، مولانا صاحب نے کچھ اللہ والوں اور مشہور بزرگوں کے قصے سنائے ان کو دنیا کے کسی انسان سے عشق ہوا اور جب جنون حد کو پہنچ گیا تو اللہ نے اپنے سے لگا لیا مولانا صاحب نے مجھے یقین دلایا کہ مجھے امید ہے کہ آپ بھی ان اولیاء اللہ کے سلسلے کی ایک کڑی بننے والے ہیں بس اب اس حسن حقیقی سے دل لگائیے اور پھر دیکھئے زندگی کا مزہ دنیا کے حسینوں کی محبت میں بے چینی ہے اور اس کی محبت میں چین ہی چین، بے سکون ہی سکون ہے مزا ہی مزا ہے، میرے ایک دوست نے جو مولانا صاحب سے بیعت تھے مجھے مشورہ دیا کہ میں مولانا صاحب سے بیعت ہو جاؤں میں نے بھی مناسب سمجھا، مولانا نے پہلے مجھے دو بڑے بزرگوں سے تعلق قائم کرنے کا مشورہ دیا مگر میں نے جب اصرار کیا کہ آپ کی خوشبو میرے لئے ہدایت کی خوشبو بنی ہے تو پھر میں آپ کے علاوہ کسی کا دامن نہیں پکڑ سکتا، مولانا صاحب نے مجھے توبہ کرائی اور اپنے حضرت مولانا سید ابوالحسن ندوی نور اللہ مرقدہٗ کے سلسلہ میں بیعت کیا۔

س: اس کے بعد جماعت میں سال لگانے کا آپ نے کس طرح پروگرام بنایا؟

ج: میرا دل دنیا کے جھمیلوں سے بہت گھبرا رہا تھا میں نے حضرت سے کہا کہ میں نے اتنا کما لیا ہے اور میرے والد صاحب نے اتنا چھوڑا ہے کہ میرے ساتھ ایک دو خاندان بھی پچاس سال مزے سے کھا سکتے ہیں اب میرا دل چاہتا ہے کہ بس میں کہیں اللہ کا ہو کر رہ جاؤں بس آپ مجھے اپنے ساتھ رکھ لیجئے، حضرت نے فرمایا، اسلام کی تعلیم یہ ہے کہ دنیا میں رہ کر اللہ کے ہو رہو دل میں دنیا نہ بسے رہبانیت یعنی دنیا چھوڑ کر الگ جانے کی اسلام تعلیم

نہیں رہتا البتہ آپ اسلام کو پڑھئے اور سلوک طے کیجئے قرآن مجید کو اس طرح پڑھئے کہ نہ صرف آپ کی سمجھ میں آ جائے بلکہ آپ خود چلتا پھرتا قرآن بنئے جس طرح صحابہ کرام قرآن مجید پڑھتے تھے اور اپنی زندگی کو دعوت کے لئے وقف کر دیجئے دعوت اللہ کے نزدیک کائنات کی سب سے محبوب چیز ہے اور جو مجسم دعوت بن جاتا ہے وہ بھی اللہ کا محبوب بن جاتا ہے، میں نے کہا جب میں نے آپ کا دامن پکڑا ہے تو پھر آپ ہی میری زندگی کا نظام بھی بنا دیجئے مولانا صاحب نے فرمایا ابھی دو روز یہاں ہوں، ان شاء اللہ سوچ کر مشورہ سے طے کریں گے اگلے روز حضرت کا فون میرے پاس آیا مجھے بلایا اور مجھ سے بتایا کہ ایک بہت ہی سلجھے ہوئے عالم اور مفتی ایک سال کے لئے جماعت میں جا رہے ہیں، میری خواہش ہے کہ آپ ان کے ساتھ سال لگا دیں، میں ان کو آپ کی تعلیم کا نصاب بتا کر دے دوں گا وہ راضی ہیں کہ دوران جماعت میں پڑھا دوں گا میں نے ارادہ کر لیا حضرت نے مجھے معمولات بھی بتائے اور بتایا کہ جماعت سے رابطہ بھی رکھیں اجتماعی تسبیحات، پھر جہری ذکر اور اس کے بعد ذکر قلبی بتایا، الحمد للہ اب میرا سلطان الاذکار چل رہا ہے، قرآن شریف مع ترجمہ کے میں نے اس طرح پڑھ لیا ہے کہ الحمد للہ میں بلا تکلف پڑھا سکتا ہوں میں نے الحزب الاعظم حفظ کر لی ہے اللہ نے میرے وقت میں بہت برکت دی ہے۔

س: آپ کا وقت کہاں کہاں لگا؟

ج: شروع میں تین چلے کرناٹک میں میسور اور بنگلور میں لگے اس کے بعد ایک چلہ اعظم گڑھ اجتماع کی محنت میں لگا دو چلے آندھرا میں اور باقی مہاراشٹر میں لگے اب ہمارا رخ بہار کی طرف بنائے دو چلے باقی ہیں،

س: اب آپ کا کیا پروگرام ہے؟ یعنی جماعت سے آنے کے بعد،

ج: اصل میں یوں تو آخری فیصلہ ہمارے حضرت کا ہی ہوگا، میری نیت دعوت کے لئے

وقف ہونے کی ہے آج حضرت نے فرمایا کہ جلدی سے دو چلے پورے ہو جائیں تو آپ کو ملک سے باہر دعوت کے لئے بھیجنا طے کر دیا ہے اللہ تعالیٰ بس اس گندے کی زندگی کو کسی کام میں لگا دیں میں نے جماعت میں بہت دعائیں بھی کی ہیں میرے حضرت بھی ہر ملاقات میں یہی فرماتے رہے کہ کسی ملازم کی سرکار کے ذریعہ پوسٹنگ ہو جائے تو آلات و وسائل سرکار خود دیتی ہے، گاڑی دفتر، وردی قلم سب سرکار کی ذمہ داری ہوتی ہے آپ بیٹھ جیفس سے ابروونی (منظوری) کرالو اللہ کے راستہ میں دعائیں قبول ہوتی ہیں اب لگتا ہے کہ اللہ خانی میری ہر دعا قبول کرتے ہیں، ہمارے اکثر جماعت کے ساتھیوں کو بھی ایسا گمان ہوتا ہے کہ ندیم کی دعائیں قبول ہوتی ہیں کرناٹک اور مہاراشٹر میں علاقہ کے لوگ میرے پاس دعا کو آتے تھے اور کہتے تھے کہ آپ مستجاب الدعوات ہیں ہمارے لئے دعا کیجئے میں دعا کرتا میرے اللہ اپنے ایمان والے بندوں کے گمان کی لاج رکھ لیجئے الحمد للہ دعا قبول ہوتی تھی میرے حضرت نے جماعت میں پوری دنیا کی ہدایت کے لئے دعا کو بھی کہا تھا اس کے لئے بھی میں اللہ سے دعا کرتا ہوں۔

سوال: ابی بتا رہے تھے کہ راہ سلوک میں آپ نے بہت کم وقت میں بڑی ترقی کی ہے؟

جواب: اگر حضرت فرما رہے تھے تو میرے لئے بڑی خوشی کی بات ہے یہ حقیر تو اپنے حال پر جب غور کرتا ہے تو کائنات کی بدتر مخلوق اپنے کو مانتا ہے اس احساس شرمندگی اور کمتری میں ایک چلہ تک میرا یہ حال ہوتا کہ میرا خودکشی کرنے کو دل چاہتا تھا کہ ایسے ناپاک سے اللہ کی زمین کو پاک ہو جانا چاہئے، حضرت سے بار بار فون پر عرض کرتا تھا، حضرت نے فرمایا یہ مقام فنا ہے مبارک ہو، حضرت کے فرمانے سے تھوڑی سی تسلی ہو جاتی تھی الحمد للہ ذکر میری زندگی بن گیا ہے اور اب الحمد للہ، اللہ کے فضل سے میرا قلب عجیب وغریب طرح جاری ہو گیا ہے، لطائف ستہ بھی میرے حضرت کی برکت سے جاری ہو گئے ہیں،

خواب بھی بڑے اچھے دکھائی دیتے ہیں مگر یہ سب تو بقول حضرت جی کھلونے ہیں جن سے اس راہ کے بچوں کو بہلایا جاتا ہے اصل تو یہ ہے کہ اللہ ایمان پر خاتمہ فرمادیں اور مغفرت فرمادیں اور زندگی دین کی کچھ خدمت سے قیمتی بن جائے

سوال : نعیم بھائی آپ سے مل کر اس کا تصور نہیں کیا جا سکتا کہ آپ ایک دو سال کے مسلمان ہیں، آپ کی بول چال، چال ڈھال، آپ کا حلیہ کسی ادارہ یا دینی گھرانے کے کوئی عالم کا لگتا ہے معلوم ہوتا ہے کہ آپ کسی دوسرے ماحول میں پروان چڑھے ہیں۔

جواب : احمد بھائی اللہ کے خزانے میں کسی چیز کی کمی نہیں، میرے حضرت کہتے ہیں کہ آپ ہندو گھرانے میں پل کر بھی اسلامی فطرت پر تھے، اس لئے آپ کو بہت جلدی اسلام ظاہر و باطن سے بھا گیا، مجھے بھی اب لگتا ہے کہ میں اسی دنیا کے لئے پیدا کیا گیا تھا، بلکہ ہندووانہ طور طریق مجھے بیگانے سے محسوس ہوتے ہیں۔

سوال : آپ کا دوسری شادی کے بارے میں کیا پروگرام ہے؟

جواب : میرا دل اس جھمیلے میں پڑنے کو تیار نہیں اور چونکہ میں نے اپنے آپ کو کسی کے حوالہ کردیا ہے اس لئے مجھے کچھ کہنے کا حق بھی نہیں، جیسے ڈور ہلے گی، ویسے ہی کٹھ پتلا ناچے گا۔

سوال : ماشاء اللہ واقعی والی حضرت رائپوری کا ملفوظ سنتے ہیں کہ "ارادت کا مرد فٹ بال بن جانے میں ہے" کسی کا ہونے کا فائدہ تو اسی طرح ہوتا ہے آپ کو یہ جذبہ اور خود سپردگی مبارک ہو۔

جواب : آپ دعا کیجئے اللہ تعالیٰ فٹ بال بنادیں اور اس سے زیادہ موت تک بنائے رکھیں۔

سوال : قارئین ارمغان کے لئے آپ کوئی پیغام دیں گے؟

جواب : ہمارے حضرت فرماتے ہیں یہ زمانہ ہے جب اللہ کی طرف سے ہدایت نازل

ضرورت ہے ہم لوگ اس سنہرے موقع سے فائدہ اٹھائیں اور اپنے حصے میں جتنا ہو سکے لوگوں کی ہدایت لکھوائیں مجھے خود بھی ایسا ہی لگتا ہے یہ اللہ کی طرف سے ہدایت کا فیصلہ ہی تو ہے کہ اللہ نے ایک ناجائز تعلق کو میرے لئے ہدایت کا ذریعہ بنادیا اگر ہم مسلمان ذرا ہی فکر کریں تو دنیا کا نقشہ اسلامی بن سکتا ہے۔

سوال: آپ نے جماعت میں وقت لگانے کے دوران کچھ غیر مسلم لوگوں پر بھی کام کیا؟

جواب: بہت زیادہ تو میں نے کام نہیں کیا، کسی دکان پر سامان وغیرہ خریدنے یا ذاتی ضرورت سے جاتا تھا تو کسی نہ کسی سے ضرور بات کرتا تھا، اعظم گڑھ کے اجتماع میں حضرت مولانا سعد صاحب نے اپنی تقریر میں فرمایا تھا کہ "ہم انفرادی طور پر تو سب کو دعوت دینے کی بات کہہ رہے ہیں اور دوران سفر جماعتیں ٹرین وغیرہ میں سب کو ذہن میں رکھ کر تعلیم کریں" الحمدللہ اس کے بعد سے میرے لئے جماعت کے ساتھیوں کو ترغیب دینے کا موقع ملا اور اب تک ۷ لوگ غیر مسلم مشرف باسلام ہو چکے ہیں، وقت پورا ہونے کے بعد انشاء اللہ حضرت کے مشورے سے کام کرنا ہے۔

سوال: بہت بہت شکریہ ندیم بھائی! اللہ آپ کے وقت کو آپ کے ارادوں کو ساری انسانیت کے لئے ہدایت کا ذریعہ بنائے، السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

جواب: آمین، وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

مستفاد از ماہنامہ ارمغان، اگست ۲۰۰۸ء

ماہنامہ ارمغان کا مختصر تعارف

ماہنامہ "ارمغان" جمعیت شاہ ولی اللہ پھلت ضلع مظفر نگر یوپی کا ترجمان ہے جو حضرت مولانا محمد کلیم صاحب صدیقی مدظلہ العالی (جن کی شخصیت کسی تعارف کی محتاج نہیں ہے) کی زیر سرپرستی اور مولانا وصی سلیمان صاحب ندوی کی ادارت میں نکلتا ہے ماہنامہ ارمغان گزشتہ سترہ (۱۷) سالوں سے پابندیٔ وقت کے ساتھ مسلسل شائع ہورہا ہے اور اس کی تعداد اشاعت میں برابر اضافہ ہوتا جارہا ہے، ماہنامہ ارمغان اپنے مضامین کی افادیت اور دعوتی فکر کی وجہ سے واقعی ساری انسانیت کے لئے ایک ارمغان (تحفہ) ہی ہے اس میں ہر ماہ ایک خوش قسمت نومسلم بھائی کی سرگزشت انٹرویو کی شکل میں شائع ہوتی ہے جو بڑی چشم کشا، دلچسپ اور دعوت کے کام پر ابھارنے والی ہوتی ہے انٹرویوز ملک و بیرون ملک بہت پسند کئے جاتے ہے ان کے مختلف زبانوں میں ترجمے بھی ہورہے ہیں، رسالہ میں حضرت مولانا محمد کلیم صاحب صدیقی مدظلہ العالی کے ارشادات، افادات، خطبات شامل اشاعت ہوتے ہیں خصوصا رسالہ کا "آخری صفحہ" تو رسالہ کی جان ہوتا ہے، ماہنامہ ارمغان کا سالانہ زرتعاون ۱۰۰ روپیے ہے جو رسالہ کی اہمیت کے مقابلے میں بہت ہی کم ہے اس کی توسیع اشاعت میں کوشش کرنا اس عظیم دعوتی مشن میں اپنا حصہ لگانا ہے اس لئے پرخلوص گزارش ہے کہ خود بھی اس کے ممبر بنئے اور دوسروں کو بھی بنائیے۔

فقط

بندہ محمد روشن شاہ قاسمی

مہتمم دارالعلوم سونوری

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اللّٰھم صلّ علیٰ محمّدٍ وعلیٰ آلِ محمّدٍ
کما صلّیت علیٰ ابراہیم وعلیٰ آلِ ابراہیم
انّک حمیدٌ مّجید

اللّٰھم بارک علیٰ محمّدٍ وعلیٰ آلِ محمّدٍ
کما بارکت علیٰ ابراہیم وعلیٰ آلِ ابراہیم
انّک حمیدٌ مّجید

اسلام قبول کرنے والے نو مسلم بھائیوں کی کہانی خود ان کی زبانی

نسیم ہدایت کے جھونکے

مع

آپ کی امانت آپ کی سیوا میں

افادات

داعی اسلام حضرت مولانا محمد کلیم صدیقی مدظلہ العالی

سرپرست جامعہ امام ولی اللہ الاسلامیہ پھلت ضلع مظفر نگر یوپی

مرتب

مفتی محمد روشن شاہ قاسمی

[illegible]

مکتبہ یادگار شیخ

اردو بازار لاہور

بسم اللہ الرحمن الرحیم

نام کتاب ———— نسیم ہدایت کے جھونکے

افادات ———— حضرت مولانا محمد کلیم صدیقی صاحب مدظلہ

———— مفتی محمد روشن شاہ قاسمی مدظلہ

سن طباعت ———— ۱۴۳۲ھ

تعداد ———— ۱۱۰۰

مکتبہ یادگار شیخ

اردو بازار لاہور

[illegible]

کتاب کی دستیابی کے مراکز

• مکتبہ رحمانیہ	اردو بازار لاہور	• مکتبہ شیخ	بہادر آباد کراچی
• مکتبہ سید احمد شہید	اردو بازار لاہور	• مکتبہ ظفیریہ	بنوری ٹاؤن کراچی
• مکتبہ قاسمیہ	اردو بازار لاہور	• مکتبہ مدنیہ	[illegible]
• مکتبہ محمدیہ	اردو بازار لاہور	• مکتبہ امدادیہ	ملتان
• بیت العلوم	نابھہ روڈ لاہور	• مکتبہ حقانیہ	ملتان
• ادارہ اسلامیات	انارکلی لاہور	• ادارہ تالیفات اشرفیہ	ملتان
• زمزم پبلشرز	کراچی	• مکتبہ اسلامیہ	امین پور بازار فیصل آباد
• قدیمی کتب خانہ	کراچی	• مکتبہ العارفی	فیصل آباد
• دارالاشاعت	کراچی	• مکتبہ رشیدیہ	کوئٹہ
• مکتبہ عمر فاروق	کراچی	• مکتبہ علمیہ	اکوڑہ خٹک

[illegible] فرمائیں

استدعا

اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے انسانی طاقت اور بساط کے مطابق کتابت، طباعت، تصحیح اور جلد سازی میں پوری پوری احتیاط کی گئی ہے۔ پھر بھی اگر کوئی غلطی نظر آئے یا صفحات درست نہ ہوں تو ازراہ کرم مطلع فرما دیں۔ ان شاء اللہ ازالہ کیا جائے گا۔ نشاندہی کے لئے ہم بے حد شکر گزار ہوں گے۔ (ادارہ)

عرض مرتب

اسلام دین فطرت ہے اس کا ہر شعبہ ہر لمحہ فطرت کو اپیل کرتا ہے اس لئے ہر دور اور ہر علاقہ میں اس کی دعوت انسانیت کے ہر مسئلہ کا حل مانی گئی آج کے اس جدید دور جہالت میں جب کہ ہر طرف الحاد، ارتداد اور لامذہبیت کی دعوت زور شور سے پیش کی جارہی ہے وہیں اسلام وایمان کی دعوت بھی موثر ثابت ہورہی ہے اور لاکھوں لوگ پروانہ وار اسلام کی آغوش میں پناہ حاصل کررہے ہیں۔

اس سلسلہ کی ایک زبردست اور مضبوط کڑی طبیب دل، مرشد روحانی، داعی اسلام حضرت مولانا محمد کلیم صاحب صدیقی مدظلہ العالی کی ذات بابرکت ہے جن کی فکرو کڑھن کی بدولت لاکھوں بندے جو کفر وشرک میں مبتلا تھے اللہ نے انہیں ایمان کی دولت سے سرفراز کیا ہے زیر نظر کتاب "نسیم ہدایت کے جھونکے" دراصل انہی اہل ایمان کے حصول ایمان کی پرلطف اور نصیحت آموز حکایات و حالات ہیں جس کی پہلی جلد اللہ کی توفیق سے ہم نے پیش کرنے کی سعادت حاصل کی اللہ نے اسے مقبولیت سے نوازا اور اندازہ سے زیادہ فرزندان توحید اس سے مستفید ہوئے داعی اسلام حضرت مولانا محمد کلیم صاحب صدیقی مدظلہ العالی کے خلوص، دعاؤں اور توجہات کی برکت سے دیکھتے ہی دیکھتے ۲۵ روز کی قلیل مدت میں پہلا ایڈیشن (ایک ہزار) ختم ہوگیا، پہلی جلد کے مطالعہ کے بعد تعلق رکھنے والے حضرات کا اصرار ہوا کہ جتنی جلدی ہو اس سلسلہ کی دوسری جلد حاضر خدمت کردی جائے لہذا بلا کسی تاخیر کے "نسیم ہدایت کے جھونکے" کی الحمد للہ دوسری جلد

پیش کرنے کی سعادت حاصل کر رہے ہیں۔

کتاب کا نام حضرت مولانا محمد کلیم صاحب صدیقی مدظلہ العالی کا تجویز کردہ ہے اور مقدمہ بھی حضرت مولانا نے ہی عنایت فرمایا ہے، اللہ حضرت کا سایہ عاطفت تا دیر انسانیت کے سروں پر قائم رکھے اور ہم سب کو ان سے بھرپور استفادہ کی توفیق عطا فرمائے محترم مولانا عبدالمنصور صاحب ندوی زید مجدہم ڈونگر گاؤں ضلع آکولہ اور برادرم محمد یعقوب علی ولد جناب میر واجد علی صاحب عادل آبادی نے اس کتاب کے مسودہ پر نظر ثانی فرما کر مفید مشورے دیئے اللہ تعالیٰ انہیں بہترین جزائے خیر عطا فرمائے اور دلوں کی کارگزاریوں کی اس دستاویز کی طباعت کو ہدایت عامہ کا سبب اور امت مسلمہ کے لئے دعوت کے کام پر کھڑا ہونے کا ذریعہ بنائے۔

محمد روشن شاہ قاسمی

مہتمم دارالعلوم سوذری

۲۶ رجب المرجب ۱۴۳۰ھ ۲۰ جولائی ۲۰۰۹ء بروز پیر

بسم اللہ الرحمن الرحیم

مقدمہ

منبع اخلاق، مشفق انسانیت، داعی اسلام حضرت مولانا محمد کلیم صاحب صدیقی مدظلہ العالی

خلیفۂ مجاز مفکر اسلام حضرت مولانا سید ابوالحسن علی میاں ندوی و

عارف باللہ حضرت مولانا محمد احمد صاحب پرتاپ گڑھیؒ

خالق کائنات فَعَّالٌ لِّمَا يُرِيدُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ عَلِيمٌ وَّخَبِيرٌ رب نے اپنے سچے کلام میں بانگ دہل یہ اعلان فرمایا: هُوَ الَّذِيْ اَرْسَلَ رَسُوْلَهٗ بِالْهُدٰى وَدِيْنِ الْحَقِّ لِيُظْهِرَهٗ عَلَى الدِّيْنِ كُلِّهٖ وَلَوْ كَرِهَ الْمُشْرِكُوْنَ (سورہ التوبہ)

"وہ اللہ ہے جس نے اپنے رسول کو ہدایت اور دین حق دے کر بھیجا تا کہ اس کو تمام دینوں پر غالب کردے، گو مشرکین کیسے ہی ناخوش ہوں" حجاز مقدس کی حد تک جناب رسول اللہ ﷺ کی حیات مبارکہ میں دین حق دوسرے تمام باطل مذاہب پر غالب آ گیا تھا، مگر یہ عالمی دین سارے عالم میں غالب ہونا ہے، اللہ کے سچے نبی ﷺ نے یہ خبر بھی دی ہے کہ ہر کچے اور پکے گھر میں اسلام داخل ہو کر رہے گا، قرب قیامت کے اکثر آثار ظاہر ہو چکے ہیں، اسلام کا پیغام پوری انسانیت تک پہنچانے کی ذمہ داری ختم نبوت کے صدقے میں ہمیں عطا کی گئی تھی، اس فرض منصبی سے مجرمانہ غفلت کی وجہ سے دین حق اسلام (جو خیر محض ہے) کا تعارف لوگوں کو نہ ہو سکا، اور پوری دنیا میں اس عدم واقفیت کی وجہ سے، یا غلط واقفیت کے نتیجہ میں اسلام اور مسلمانوں کے خلاف پروپیگنڈہ اپنے نقطۂ عروج پر ہے، مگر اللہ کی شان ہادی اور اس کی ربوبیت کے قربان، کہ اسلام قرآن

اور مسلمانوں کے خلاف اس پروپیگنڈہ سے عام انسانوں میں اسلام کو جاننے کا تجسس بڑھ رہا ہے، ایک زمانہ تھا کہ لوگ اسلام کو مسلمانوں کے کردار معاملات اور اخلاق سے جانتے تھے مگر اب جدید ذرائع ابلاغ کی کثرت خصوصاً انٹرنیٹ کی ایجاد نے حقیقی اسلام لوگوں کے بستروں تک پہنچا دیا ہے، اس کی وجہ سے پورے عالم میں جوق در جوق لوگ اسلام قبول کرتے دکھائی دیتے ہیں اور حیرت ناک بات یہ ہے کہ قبول اسلام کے واقعات مغربی ملکوں میں زیادہ ہیں جہاں سے خاص طور پر اسلام کے خلاف پروپیگنڈہ ہو رہا ہے، روحانیت، ملک محبت اور مذہب سے جنون کی حد تک تعلق رکھنے اور مسلمانوں کے بعد مذہب پر سب سے زیادہ قربانی دینے والوں کے ہمارے پیارے ملک ہندوستان میں بھی اسلام قبول کرنے والوں کی تعداد کم نہیں ہے۔ پوری دنیا میں بڑی تعداد میں اسلام قبول کرنے والوں کے حالات پر غور کیا جائے تو تین باتیں خاص طور پر حیرت ناک ہیں، پہلی بات تو یہ ہے کہ ان خوش قسمت ہدایت یاب ہونے والے نومسلموں کے قبول اسلام میں مسلمانوں کی دعوتی کوشش کا دخل بہت کم ہے، اسلام کی کسی چیز میں کشش محسوس کر کے، اسلام مخالف کسی پروپیگنڈہ سے متاثر ہو کر اسلام کو جاننے کا شوق پیدا ہوا اسلام کا مطالعہ کیا اور مسلمان ہو گئے، یا اپنے مذہب کی کسی رسم سے انفعال کے نتیجہ میں مذاہب کا تقابلی مطالعہ ہدایت کا ذریعہ بنا۔ دوسری اہم بات یہ ہے کہ ان خوش قسمت دستر خوان اسلام پر آئے ہوئے نومسلم مہمانوں کے ایمان، تعلق مع اللہ، دین کیلئے قربانی اور دعوت کے جذبہ کو دیکھ کر خیر القرون کے مسلمان یاد آجاتے ہیں اور ان میں سے ہر ایک کا حال اللہ کے اس فرمان کا کھلا مظہر ہے۔

وَاِنْ تَتَوَلَّوْا يَسْتَبْدِلْ قَوْمًا غَيْرَكُمْ ثُمَّ لَا يَكُوْنُوْٓا اَمْثَالَكُمْ (سورہ محمد)

''اور اگر تم روگردانی کرو گے تو اللہ تعالیٰ دوسری قوم پیدا کر دے گا پھر وہ تم جیسے نہ ہوں گے'' اشاعت اسلام کے ان واقعات کی کثرت کے ساتھ جب ہم پوری دنیا کے

حالات کے تناظر میں غور کرتے ہیں تو انتہائی خطرناک فکر کی بات سامنے آتی ہے کہ جس تیزی کے ساتھ بلکہ جس طرح جوق در جوق نئے لوگ اسلام کے سایہ میں آتے دکھائی دیتے ہیں اسی کثرت سے مسلمانوں کے مرتد ہونے کے واقعات بھی دکھائی دیتے ہیں، بعض مرتبہ تو تعداد اور معیار کے لحاظ سے بالکل متوازی تبدیلی کا فیصلہ دکھائی دیتا ہے، کسی علاقہ میں جتنے نئے لوگ مسلمان ہوتے ہیں اتنے ہی مسلمان مرتد ہو جاتے ہیں یا جس معیار کا غیر مسلم مشرف بہ اسلام ہوا اسی معیار کا کوئی مسلمان مرتد ہو گیا۔

دستر خوان اسلام پر آنے والے ان نو وارد خوش قسمت نو مسلموں کی داستانیں، ہم رسمی اور خاندانی مسلمانوں کو خواب غفلت سے بیدار کرنے والی اور جھنجھوڑنے والی ہوتی ہیں اور ان سے جہاں ایک طرف یاس میں آس دکھائی دیتی ہے، وہیں اپنے دعوتی فریضہ سے غفلت کی وجہ سے تبدیلی کی وارننگ بھی سنائی دیتی ہے، کسی نہ کسی طرح اشاعت اسلام کے یہ واقعات ایمانی حرارت پیدا کرنے اور غفلت و جمود توڑنے کا ذریعہ بنتے ہیں، مسلمانوں میں ان خوش قسمت نو مسلموں کے حالات پڑھ کر غیرت ایمانی پیدا ہو اور دعوت کا جذبہ رکھنے والوں کو حوصلہ ملے اور ان کی زندگی سے دعوتی تجربات سامنے آئیں، اس مقصد سے الحمد للہ ماہنامہ ارمغان نے چند سالوں سے ہر ماہ ایک نو مسلم کی آپ بیتی کا سلسلہ بطور انٹرویو "نسیم ہدایت کے جھونکے" کے عنوان سے شروع کیا تھا، یہ اشاعت اپنے مقصد میں بہت کامیاب ہوئی، ملک کے مختلف رسائل، اخبارات نے ان کو شائع کیا، ان کے مجموعے شائع ہوئے اور اردو کے علاوہ ملک کی دوسری زبانوں میں ترجمے شائع ہونے لگے، اس سے الحمد للہ ملک بلکہ بیرون ملک میں مسلمانوں میں بڑا دعوتی جذبہ پیدا ہوا اور ایک طرح سے صدیوں کا جمود ٹوٹا۔

یہ انٹرویو اس حقیر کے فرزند عزیز "احمد اواہ ندوی" اور ان کی بہنوں اسماء ذات الفوزین امت اللہ اور مثنیٰ ذات الفیضین سلمہم

نے لئے ہیں، ان آپ بیتیوں کے بعض مجموعے کتابی شکل میں پہلے بھی شائع ہو چکے ہیں، مگر اب مکمل طور پر کام کرنے کے لئے ہمارے ایک بلند ہمت رفیق، داعی الی اللہ، خادم قرآن و سنت، محب و مکرم جناب مفتی روشن شاہ صاحب قاسمی زید لطفہٗ نے نئی ترتیب کے ساتھ شائع کرنے کا بیڑہ اٹھایا ہے، مفتی صاحب کو اللہ تعالیٰ نے بڑا حوصلہ اور بڑی صلاحیتوں سے نوازا ہے، انھوں نے لسان تبلیغ حضرت مولانا محمد عمر پالن پوری نور اللہ مرقدہٗ سے ... اور طویل تعلق کی بنا پر خاص استفادہ کیا ہے اور ہمارے تبلیغی اکابرین کی تقریروں اور ملفوظات کی ترتیب و اشاعت کا مبارک کام اللہ نے ان سے لیا ہے اور بہت کم وقت میں خود الحمد للہ علاقہ میں تعلیم و دعوت کے سلسلہ میں قابل رشک خدمات ان سے لی ہیں، اللہ تعالیٰ نے ان کو دینی دعوتی خدمات کے لئے بھی بڑے جذبہ اور سلیقہ سے نوازا ہے، انھوں نے ارمغان کی ان تمام آپ بیتیوں کو جو ارمغان میں شائع ہوئی ہیں ترتیب وار مرتب کر کے اشاعت کا پروگرام بنایا ہے، یقیناً ایک مبارک قدم ہے اور مفتی صاحب موصوف کی طرف سے ملت کے لئے ایک مبارک تحفہ ہے، جسے وہ ”نسیم ہدایت کے جھونکے“ کے نام سے ملت کی خدمت میں پیش کر رہے ہیں۔

میں مفتی صاحب موصوف کو اس اشاعت پر دلی مبارکباد پیش کرتا ہوں، بدل و جان دعا ہے کہ یہ مجموعہ خیر امت کے افراد کو ذلت کے گڑھے سے نکال کر پھر ماضی کی عزت اور خیر امت کے منصب پر لانے کا ذریعہ بنے اور مفتی موصوف کے لئے ذخیرۂ آخرت اور سعادت دارین کے حصول کا وسیلہ ثابت ہو۔

خاک پائے خدام دین

محمد کلیم صدیقی

جمعیت شاہ ولی اللہ پھلت ضلع مظفر نگر (یو پی)

۲ر جمادی الثانیہ ۱۴۳۰ھ

تقریظ

حضرت مولانا وصی سلیمان صاحب ندوی زید مجدہم
استاذ تفسیر و فقہ جامعۃ الامام شاہ ولی اللہ اودر
ایڈیٹر ماہنامہ ارمغان پھلت مظفرنگر یوپی

دعوت دین مسلمانوں کی بنیادی ذمہ داری ہے، اسی عمل سے ان کی سربلندی اور سرفرازی رہی۔ اور اس کو ترک کرنے کی وجہ سے وہ خدا و خلق کی نگاہ میں بے اعتبار اور بے حیثیت ہوتے گئے، مسلمانوں کو موجودہ زمانہ میں جتنے مسائل درپیش ہیں اور ان کی انفرادی اور اجتماعی حیثیت کے لئے جو چیلنج موجود ہیں ان سب کا حل اور مشترک علاج کار دعوت سے عملاً وابستگی ہے، اسپین کے مسلمان دوسرے ممالک کے مسلمانوں سے کس چیز میں پیچھے تھے؟ مال و دولت کی ان کے پاس کمی نہیں تھی علم وفن فلسفہ و سائنس میں دنیا کی پیشوائی کر رہے تھے، لیکن داعیانہ صفت کے فقدان کے بعد کوئی دنیاوی اور علمی ترقی ان کے قومی اور مذہبی وجود کی ضامن نہیں بن سکی۔

اگر مسلمان چاہتے ہیں کہ وہ دنیا کے ہر خطہ میں اپنے مذہب و عقیدہ اور تہذیبی وثقافتی شناخت کے ساتھ باعزت زندگی گزاریں اور انہیں آمدہ مشکلات پھلنے پھولنے کے مواقع حاصل ہوں تو انہیں سب سے پہلے اس کار خصوصی کی طرف پوری توجہ کرنی ہی پڑے گی قرآن کریم کی مندرجہ ذیل آیتوں کے سیاق و سباق اور ان کے ظاہر و باطن اور بین السطور پر غور کرنے سے یہ حقیقت پوری طرح واضح ہوتی ہے: یٰۤاَیُّهَا الرَّسُوْلُ بَلِّغْ مَاۤ اُنْزِلَ اِلَیْكَ مِنْ رَّبِّكَ وَاِنْ لَّمْ تَفْعَلْ فَمَا بَلَّغْتَ رِسَالَتَهٗ وَاللّٰهُ یَعْصِمُكَ مِنَ النَّاسِ (المائدہ ۶۷)

اے رسول! جو کچھ تمہارے رب کی جانب سے تمہاری طرف نازل کیا گیا ہے لوگوں تک پہنچا دو، اگر تم نے یہ نہ کیا تو تم نے کار رسالت کا حق ادا نہیں کیا اور اللہ تم کو لوگوں (کے شر) سے بچائے گا ماہنامہ ارمغان (پھلت ضلع مظفر نگر یوپی) جو ایک خالص دینی دعوتی رسالہ ہے اس کے مقاصد میں ابتدا ہی سے یہ جذبہ شامل ہے کہ خدا کے بندوں کو خدا سے ملانے اور بھٹکے ہوؤں کو راہ دکھانے کے لئے ملت اسلامیہ کو آمادہ کیا جائے اور انہیں ان کا بھولا ہوا سبق یاد دلایا جائے اس سلسلہ میں دینی دعوتی ذہن رکھنے والے اہل قلم خصوصاً داعی اسلام حضرت مولانا محمد کلیم صدیقی صاحب کی مختلف موضوعات کی دعوتی تحریروں کے ساتھ "نسیم ہدایت کے جھونکے" کے عنوان سے ہر ماہ اسلام قبول کرنے والی ایک خوش نصیب شخصیت کے انٹرویوز کا سلسلہ شروع کیا گیا الحمد للہ یہ سلسلہ توقع سے بڑھ کر کارآمد اور مفید ثابت ہوا اور اس نے ملک کی جامد فضا میں ایک ارتعاش پیدا کر دیا، خصوصاً دعوت کی راہ کے مختلف مسائل کو سمجھنے اور اس سلسلہ کی بہت سی غلط فہمیوں کا ازالہ کرنے کی راہ ہموار ہوئی اور بڑے پیمانے پر دعوتی ذہن سازی کا کام انجام پایا، ایک ارب سے زائد آبادی کے اس ملک میں جہاں تقریباً ہر پانچواں فرد مسلمان ہے اور خیر امت ہونے کے سبب داعی الی اللہ کے منصب پر فائز ہے اتنی بڑی تعداد تک یہ پیغام پہنچانے کے لئے ضروری ہے کہ ہر صوبہ اور ہر شہر سے یہ آواز بلند ہو اور چراغ سے چراغ جلتے رہیں مقام شکر ہے کہ ملک کے ایک ممتاز عالم و مصنف اور داعی مؤرخ مفتی محمد روشن شاہ قاسمی نے اس کام کا بیڑہ اٹھایا اور ان انٹرویوز کو نئی ترتیب و تزئین کے ساتھ پیش کر دیا موجودہ زمانہ میں دعوت کے لئے ماحول بہت سازگار ہے، پوری دنیا میں قبول اسلام کی لہر چل رہی ہے اور لوگ از خود اسلام کی خیر کی طرف لپک رہے ہیں اس لئے اگر تھوڑی سی دردمندی اور انسانیت کو دوزخ سے بچانے کی تڑپ اور فکر کے ساتھ دعوت پیش کی جائے تو توقع سے

جدوجہد کرنتائج حاصل ہو سکتے ہیں ان تمام انٹرویوز کا یہی مشترک پیغام ہے جو حکیم الاسلام حضرت مولانا قاری محمد طیب صاحب کی اس دردمندانہ گفتگو پہ یہ تحریر ختم کی جاتی ہے: کیا اسلام کے لئے اب بھی وقت نہیں آیا کہ وہ اقوام بھی دریوزہ گری چھوڑ کر اپنے روایتی استغناء اور غیرت مندی کی بنیادوں پر کھڑی ہوں اور اپنے اساسی مقصد (دعوت الی اللہ) کو سنبھالے جس سے اس کی حقیقی برتری کا جلوہ دنیا پھر ایک بار دیکھ لے جو صرف دعوت دین حق کے راستے سے نمایاں ہو سکتا ہے"

(دینی دعوت کے قرآنی اصول مؤلفہ حضرت قاری محمد طیب صاحبؒ ص:۱۶)

ذکی سلیمان ندوی

۱۵ جمادی الثانیہ ۱۴۳۰ھ

آغاز سخن

آیئے عہد وفا تازہ کریں

زمین و آسمان کے مالک جس نے اس پوری کائنات کو اپنے حکم سے پیدا فرمایا اس کو خوبصورتی عطا کی اور اپنی انگنت مخلوقات سے اس کو آباد کیا، اسی نے اس پوری کائنات کو اپنے تعارف، پہچان اور شناخت کا ذریعہ بنا دیا، اسی نے اس کی حکمرانی، پاسبانی اور نگرانی کے لئے انسان کو اشرف المخلوقات بنا کر اس عالم میں اپنا نائب بنایا یعنی جَاعِلٌ فِی الْاَرْضِ خَلِیْفَۃً (ترجمہ: میں زمین میں اپنا خلیفہ بنانا چاہتا ہوں) اور حضرت انسان کی رہنمائی اور رہبری اور رشد و ہدایت کی راہ پر لانے کے لئے نبیوں کا ایک طویل سلسلہ جاری فرمایا جو حضرت آدمؑ سے شروع ہو کر جناب محمد رسول اللہ ﷺ پر آ کر ختم ہوا تاکہ یہ انسان وہ عہد الست بھول نہ جائے جو اس نے عالم بالا میں اپنے پروردگار سے کیا تھا، اللہ کے یہ برگزیدہ بندے اپنے اپنے دور میں قوموں، قبیلوں اور خاندانوں میں بھیجے گئے اور دین کا، ایمان کا، اخلاق کا، انسانیت کا سبق بھٹکے ہوئے انسانوں کو دیتے رہے اور آخر میں نبی آخر الزمان حضرت محمد مصطفی ﷺ اس کارزار عالم میں اسی سلسلہ کی آخری کڑی بن کر تشریف لائے اور دنیا کے باطل ایوانوں میں توحید خداوندی کی ایک پراثر آواز سے لرزہ پیدا کر دیا اور انسان کو انسانیت کا وہ سبق جو اس نے بھلا دیا تھا پوری قوت، طاقت، ہمت اور قربانی کے ساتھ یاد دلایا آپ ﷺ کی یہ آواز کہ "اے لوگو! لا الہ الا اللہ کہو تو کامیاب ہو جاؤ گے" مکہ کے ایک بنجر پہاڑ کی چوٹی سے بلند ہوئی اور پورے عالم میں پھیل گئی آپ ﷺ اپنے ساتھ خدا کی طرف سے ایسا دستور اساسی اور قانون و شریعت لے کر آئے جو انسانی فطرت کا ہمراز اور ہمدم ساز تھا زمین و آسمان نے کبھی ایسے موثر اور ہمہ گیر قانون کا تجربہ نہیں کیا تھا جو ہر باطل کے

سارے ان کے نظام کے سامنے قبل ہوگئے اور قرآنی تعلیمات، اس کی آیات اور نشانات کے ذریعے انسان نے انسانیت کا ایسا سویرا دیکھا جس میں ساری تاریکیاں کافور ہوگئیں۔

"هُوَ الَّذِيْ اَرْسَلَ رَسُوْلَهٗ بِالْهُدٰى وَدِيْنِ الْحَقِّ لِيُظْهِرَهٗ عَلَى الدِّيْنِ كُلِّهٖ وَلَوْ كَرِهَ الْمُشْرِكُوْنَ (سورہ الصف آیت:۹) ترجمہ: وہی ہے جس نے ہدایت اور سچا دین دیکر اپنے رسول ﷺ کو بھیجا تا کہ دین کے تمام بناوٹی شکلوں پر اس سچے دین کو غالب کر دے چاہے مشرک لوگ کتنا ہی برا مانتے رہ جائیں" یہ لازوال ابدی ہدایت کا سرچشمہ وہ قرآن مجید ہے جس کے بارے میں خود اسکے بھیجنے والے نے یہ کہا "یہ ایک پیغام ہے تمام انسانوں کے لئے اور یہ بھیجا گیا اس لئے کہ ان کو اس کے ذریعے خبردار کیا جائے اور وہ جان لیں کہ حقیقت میں خدا بس ایک ہی ہے۔"

محمد رسول اللہ ﷺ کو اللہ تعالیٰ نے صرف رہبر انسانیت ہی بنا کر نہیں بھیجا بلکہ ان کو شرافت اور زندگی کے لئے صلاح و فلاح اور صفات حسنہ کا نمونہ بھی بنا کر بھیجا مزید یہ کہ انسانیت کو راہ راست اور معیار اعلیٰ پر لانے کے لئے الہی کاوش کے ساتھ بھیجا جس سے انسانوں کو جانوروں جیسی بے مہار زندگی سے نکل کر خیر و کامیابی کی زندگی میں داخل ہونے کی راہ ملی، رب العالمین نے اسی بنیاد پر ان کو رحمت للعالمین کی صفت عطا فرمائی وہ امت جس کی طرف آپ بھیجے گئے اس کو بھی دعوت الی اللہ اور کلمہ توحید کو عام کرنے کے لئے ایسے مکلف بنایا گیا کہ جس کے کرنے پر ہی انکی خیر و فلاح اور کامیابی و کامرانی کو مقدر کیا گیا، كُنْتُمْ خَيْرَ اُمَّةٍ... الخ، لہذا تاریخ اس بات کی گواہ ہے کہ امت نے جب جب دعوت کی ذمہ داری کو پورا کیا وہ کامیاب رہی اور جب جب اس فریضہ سے غافل ہوئی امت ذلت و رسوائی سے دوچار ہوئی، انفرادی اعتبار سے ہو یا اجتماعی اعتبار سے جب جب پیاسی قوموں تک حق و صداقت کی بات اور کلمہ توحید کی دعوت پیش کی گئی، ایمان و اسلام کی بارشیں برسیں، نسیم ہدایت کے جھونکے چلے اور اسکے دامن میں سلگتی، سسکتی، تڑپتی، کراہتی

جس انسانیت نے راحت و آرام چین و سکون اور اطمینان کی سانس لی آج کے اس پر آشوب دور میں بھی الحمد للہ جو لوگ اس فرض منصبی کو ادا کرنے میں سرفروشانہ جدوجہد کر رہے ہیں خداوند عالم اپنے فضل اور ان کی محنتوں سے بھٹکے انسانوں کو جادہ حق و صراط مستقیم سے ہمکنار کر رہا ہے لہٰذا ضروری ہے کہ ہم بھی رسول اللہ ﷺ کی تڑپ کڑھن سوز و اضطراب اور زکا درد لیکر پوری انسانیت کو مخلوق پرستی کی لعنت سے نکال کر خالق سے جوڑنے اور کفر اور شرک کی بھول بھلیوں سے نکال کر توحید کی شاہراہ پر لانے کی کوشش کریں۔ اس کے ساتھ یہ سوال بھی کریں کہ اس فرض منصبی کو ادا کرنے میں ہم کہاں تک اپنی ذمہ داریوں کو نبھار ہے ہیں، اور جو واقعات آپ ﷺ کی زندگی میں پیش آئے ہمیں ان سے کہاں تک مناسبت ہے؟ کہیں ایسا تو نہیں کہ ہم نے اس ذمہ داری کو پس پشت ڈال دیا کہیں ایسا تو نہیں کہ دھکے کھا کھا کر جس پیغام کو رسول اللہ ﷺ نے ہم تک پہنچایا تھا اسے ہم دھکے دے دے کر اپنے گھروں سے نکال رہے ہیں کیا کسی کو کفر و شرک کی حالت میں دیکھ کر ہمارا دل بے چین ہوتا ہے، کیا کسی کو کفر کی حالت میں دنیا سے رخصت ہوتے ہوئے دیکھ کر ہماری آنکھیں نم ہوتی ہیں، کیا طائف کے واقعہ کی کوئی جھلک ہماری زندگی میں پیش آئی کیا خواب میں بھی دعوت کے لئے کسی گھاٹی میں نظر بندی کی سعادت ہمیں نصیب ہوئی ہے، پھر ہم کیسے آپ کے امتی ہیں امت کے کندھوں پر ڈالی گئی ان آفاقی ذمہ داریوں کا تقاضہ ہے کہ ہم رسول اللہ ﷺ کے اسوہ پر عمل پیرا ہوتے ہوئے اپنے فرض منصبی کو سمجھیں اور ایک لمحہ ضائع کیے بغیر دعوت الی الایمان کے لئے متحرک ہو جائیں اور اللہ تعالیٰ سے کئے گئے عہد کو وفا کرنے کی کوشش میں ہمہ تن مصروف ہو جائیں اور امت کی زبوں حالی پستی و ذلت کا علاج اسی نسخہ شفاء سے کریں جسے رسول اللہ ﷺ نے امت کے ہر فرد کے ہاتھوں میں دیا تھا، اللہ ہم سب کو اپنا فرض منصبی ادا کرنے کی توفیق دے۔

محمد روشن شاہ قاسمی

ایک خوش قسمت نو مسلمہ آمنہ (انجو دیوی) سے ملاقات

میرے حضرت جی (مولانا محمد کلیم صاحب صدیقی) کی تقریر میں نے سنی، کہ اللہ نے ہدایت اتار دی، ہر بچے بچے گھر میں اسلام کو داخل کرنے کا فیصلہ ہو چکا ہے اب اگر مسلمانوں نے اپنی ذمہ داری نہ نبھائی تو اللہ اپنے بندوں کی ہدایت کے لیے مسلمانوں کے محتاج نہیں ہیں۔ حضرت فرماتے ہیں کہ رشی کیش کے گرو سے مجھے ہدایت ملنا اس کی طرف سے مسلمانوں کو تنبیہ ہے کہ تمہیں اپنے داعیانہ منصب پر کھڑا ہو جانا چاہیئے۔

سدرۃ ذات الفیضین

سدرۃ ذات الفیضین : السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ

آمنہ : وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ

سوال: بہن آمنہ! اللہ تعالیٰ کی ہدایت کا کرشمہ ہے کہ اللہ نے آپ کو بت پرستی کے گڑھے میں اونچی شان ہدایت دکھا کر ہدایت عطا فرمائی، آپ سے ملاقات کا بہت اشتیاق تھا، آپ کو دیکھ کر اور مل کر بہت خوشی ہوئی، ابی آج کل اپنی تقریروں میں آپ کا بہت ذکر کرتے ہیں۔

جواب: (روتے ہوئے) سدرہ بہن! ایسا شبہ میرے کریم رب کیسے کریم ہیں، کہ مجھے کس طرح در در کی پوجا کی ذلت سے نکال کر اپنے در پر لگا لیا، بس آپ دعا کیجئے کہ مرتے دم تک اللہ ہمیں ایمان پر رکھے اور مجھ سے راضی رہے۔

سوال: ابی نے آپ کو یہاں، خاص طور پر بلایا ہے تاکہ میں ارمغان کے لئے آپ

سے کچھ باتیں کروں، ہمارے یہاں پھلت سے ایک اردو میگزین "ارمغان" نکلتی ہے اس میں چند سالوں سے اسلام قبول کرنے والے لوگوں کے انٹرویو شائع کیے جاتے ہیں، ادھر کچھ روز سے مردوں کے انٹرویو ہی چھپ رہے ہیں، اس لئے ابی نے آپ کو خاص طور پر بلایا ہے، آپ سے مجھے کچھ باتیں کرنی ہیں، عام طور پر اسماء باجی یہ انٹرویو لیتی ہیں، میں پہلی بار آپ سے انٹرویو لے رہی ہوں؟

جواب: مجھے بھی حضرت مولانا نے یہی بتایا ہے، آپ بتائیں کہ میں کیا بتاؤں؟

سوال: سب سے پہلے آپ اپنا خاندانی تعارف کرائیں؟

جواب: پوری دنیا میں شرک و بت پرستی کے سب سے بڑے ملک کے، سب سے بڑے شرک و بت پرستی کے مرکز رشی کیش میں، میں پیدا ہوئی، رشی کیش میں چار بڑے آشرموں میں سے ایک بڑے آشرم کے ذمہ دار میرے پتاجی (والد صاحب) ہیں جو بہت مشہور ہیں اور ہندوستان کے بڑے پنڈت جانے جاتے ہیں، میں ۲۰/ اپریل ۱۹۸۵ء کو رشی کیش میں پیدا ہوئی میرا نام میرے گھر والوں نے انجو دیوی رکھا، میرے ایک بڑے بھائی اور بڑی بہن ہے، ابتدائی تعلیم رشی کیش کے ایک انگلش میڈیم اسکول میں ہوئی، جو ہمارے پتاجی کی ٹرسٹ چلا رہی ہے، میں نے ہائی اسکول کے بعد سائنس سے انٹرمیڈیٹ اس کے بعد بی ایس سی کیا، اس سال ایم ایس سی کر رہی ہوں

سوال: اپنے قبول اسلام کے بارے میں بتایئے؟

جواب: بہن کیا بتاؤں، میرا رب جس کی شان ہدایت نے مجھے اپنی گود میں اٹھا لیا، اس کی شان یہ ہے کہ روز رات کے اندھیرے سے دن کو نکالتا ہے ایسے ہی میری زندگی کو بھی بت پرستی کے اندھیرے سے اس رب کریم نے ایمان کے اجالے میں نکالا، ہمارے آشرم میں ایک گھناؤنا حادثہ پیش آیا، ایک ہندو بہن اپنی جوان بچی کے ساتھ

پوجا کے لئے گئی، ایک سادھو جو ابھی چند مہینوں سے وہاں رہتا ہے، نے ان کو کچھ دینے کے بہانے سے بلا کر اپنے ساتھی کے ساتھ ان دونوں سے منھ کالا کیا ماحد میں بات کھل گئی پورے آشرم میں چرچا ہوا، مجھے بھی معلوم ہوا، میں نے اپنے پتاجی سے کہا کہ اس آشرم کو ان تمام سادھوؤں کے ساتھ آگ لگا دینی چاہئے بلکہ آپ کو اور ہم کو سب کو سزا کے طور پر جل جانا چاہئے کہ آشرم کے ذمہ دار آپ ہیں، اس کی وجہ سے مجھے آشرم سے نفرت ہوگئی اور پوجا کے لئے جانا بند کر دیا، ایک رات میں سوئی تو خواب دیکھا کہ میں آشرم میں پوجا کے لئے گئی تو میرے پیچھے دو سادھو لگ گئے، وہ مجھے پکڑ کر اپنے کمرے میں لے جانے لگے، میں کسی طرح جھٹ کر بھاگی، وہ بھی میرے پیچھے دوڑے، میں دوڑتی رہی، بیسوں میل تک وہ بھی میرے پیچھے مجھے پکڑنے کے لئے دوڑتے رہے، ان سب میں سے ایک جو مہاراج کہلاتے ہیں پچاس سال کی عمر کے باوجود میرے پیچھے دوڑ رہے ہیں، میں تھک کر ہلکان ہو رہی ہوں اور خیال آیا کہ بس اب میری ہمت جواب دے چکی ہے یہ مجھے ضرور پکڑ لیں گے اور میری عزت جائے گی، لیکن اس وقت میں نے دیکھا کہ ایک چھوٹی سی مسجد کے دروازے پر ایک مولانا چشمہ اور ٹوپی لگائے کھڑے ہیں اور بولے بیٹا رکو! ادھر آجاؤ، یہاں مسجد کے اندر آجاؤ، میں جان بچا کر مسجد کے اندر داخل ہوگئی فوراً انھوں نے دروازہ بند کر دیا اور بڑی محبت سے بولے بیٹا اب یہ تمہارا گھر ہے، یہاں تمھیں کوئی بری آنکھ سے بھی نہیں دیکھ سکتا، میری آنکھ کھل گئی میری عجیب سی کیفیت تھی، رات کے تین بج رہے تھے، اس کے بعد صبح تک میری آنکھ نہیں لگی، مجھ پر اس خواب کا ایسا اثر تھا، جیسے یہ واقعہ میرے ساتھ جاگتے میں ہوا ہو، عجیب سے تابی سی مجھ پر سوار تھی، دن میں دس بجے میرے دل میں خیال آیا کہ ان پنڈتوں سے میری عزت بچنے والی نہیں، مجھے مولویوں کو تلاش کرنا چاہئے شاید اسلام میں میری عزت بچے گی، میں نے اپنے آپ کو سمجھایا کہ یہ

سپنا (خواب) تھا کوئی حقیقت تو نہیں تھی، مگر جیسے اندر سے مجھے کوئی جھنجھوڑ رہا تھا، یہ خواب تھا مگر سوسچائیوں کا سچا، اس کشمکش میں میرے دل میں خیال آیا کہ میں اپنے موبائل سے ویسے ہی فون ملاؤں، اگر وہ فون کسی مسلمان کے فون پر مل گیا تو میں سمجھوں گی کہ اسلام میں میری عزت بچے گی، مجھے مسلمان ہو جانا چاہئے، اور اگر فون کسی ہندو کا ملا تو میں سمجھوں گی کہ یہ خواب ہے۔ میں نے ویسے ہی من من میں اپنے مالک سے پرارتھنا (دعا) کی میرے مالک! میرے دودھ کا دودھ پانی کا پانی کر دے، یہ دعا کر کے میں نے فون ملایا، گھنٹی بجی تو میں نے پوچھا کہ آپ کون صاحب بول رہے ہیں؟ انھوں نے کہا: میں محمود بول رہا ہوں۔ میں نے کہا: کہاں سے بول رہے ہیں؟ انھوں نے کہا: مظفر نگر ضلع کے فلاں گاؤں سے بول رہا ہوں، میں نے کہا: مجھے مسلمان ہونا ہے۔ وہ بولے: مسلمان کیوں ہونا چاہتی ہو؟ میں نے کہا کہ اسلام سچا دھرم ہے اور اسلام ہی میں ایک لڑکی کی عزت بچ سکتی ہے۔ وہ بولے: تم کہاں سے بول رہی ہو؟ میں نے کہا: رشی کیش سے، انھوں نے بتایا کہ مسلمان ہونے کے لئے آپ کو پھلت ہمارے حضرت کے پاس جانا ہوگا، ان کا نام مولانا محمد کلیم صاحب صدیقی ہے، پھلت ضلع مظفر نگر میں کھتولی کے پاس گاؤں ہے، میں ان کا فون نمبر آپ کو دے دوں گا، میں نے کہا: دے دیجئے، انھوں نے کہا کہ ابھی میرے پاس نہیں ہے، ایک گھنٹہ بعد تم فون کر لینا، میں تلاش کر لوں گا۔ میں نے ان سے کہا کہ میں اگر اسلام قبول کروں گی تو میرے گھر والے تو مجھے نہیں رکھ سکتے، میں پھر کہاں رہوں گی؟ انہوں نے کہا: میرا ایک بڑا بیٹا تو ایکسیڈنٹ میں انتقال کر گیا ہے، میرا ایک لڑکا ہے جس کی عمر ابھی پندرہ سال ہے، اگر تو مسلمان ہو گئی تو میں تمہاری اس سے شادی کر دوں گا اور تم میرے گھر میں رہنا۔ میں نے کہا کہ وعدہ یاد رکھنا۔ انہوں نے کہا کہ یاد رہے گا۔ مجھے بے چینی تھی، مجھے ایک گھنٹہ انتظار کرنا مشکل ہو گیا، پچاس منٹ کے بعد میں نے فون کیا، مگر

ان کو مولانا کا فون نہیں مل سکا اس کے بعد گھنٹہ آدھ گھنٹہ بعد ان کو فون کرتی رہی اور معذرت بھی کرتی رہی کہ آپ کو پریشان کردیا مگر مجھ سے بغیر اسلام کے رہا نہیں جاتا، انہوں نے کہا کہ صبح کو میں خود تمہیں فون کروں گا۔ بڑی مشکل سے صبح ہوئی نو بجے تک میں انتظار کرتی رہی، نو بجے کے بعد میں نے پھر فون کیا فون اب بھی نہ ملتا تھا، انہوں نے بتایا کہ میں نے آدمی بھیجا ہے بڑوت، وہ وہاں سے فون نمبر لے کر آئے گا، ساڑھے گیارہ بجے فون ملا، میں نے فون نمبر لے کر مولانا صاحب کو فون کیا فون کی گھنٹی بجی، مولانا صاحب نے فون اٹھاتے ہی کہا: السلام علیکم، میں نے کہا: جی سلام، کیا آپ مولانا کلیم ہی بول رہے ہیں؟ انہوں نے کہا جی کلیم بول رہا ہوں، میں نے کہا کہ مجھے مسلمان ہونا ہے، مولانا صاحب نے کہا آپ کہاں سے بول رہی ہیں؟ میں نے کہا رشی کیش سے، مولانا نے کہا کہ آپ کیسے آئیں گی؟ میں نے کہا، اکیلے ہی آؤں گی، مولانا نے کہا فون پر ہی آپ کلمہ پڑھ لیجئے، انہوں نے کہا کہ فون پر بھی مسلمان ہو سکتے ہیں، کہا کہ ہاں کیوں نہیں ہو سکتے، بس اپنے مالک کے لئے جو دلوں کے بھید جاننے والا ہے اس کو حاضر ناظر جان کر سچے دل سے کلمہ پڑھ لیجئے کہ اب میں مسلمان بن کر قرآن اور اسکے سچے نبی کے بتائے ہوئے طریقے کے مطابق زندگی گذاروں گی، میں نے کہا، پڑھائیے! مولانا صاحب نے کلمہ پڑھایا اور کہا کہ اب ہندی میں اس کا ارتھ (ترجمہ) بھی کہہ لیجئے، ابھی بات پوری نہیں ہوئی تھی کہ میرے فون میں پیسے ختم ہو گئے اور بات کٹ گئی، میں جلدی سے بازار گئی اور فون میں پیسے ڈلوائے، مگر اس کے بعد مولانا صاحب کا فون نہیں مل سکا، میں بہت تلملاتی رہی اور اپنے کو کوستی رہی کہ "انجو تیرے من میں ضرور کوئی کھوٹ ہے، تبھی تو تیرا ایمان ادھورا رہا، میں اپنے مالک سے دعا کرتی رہی، میرے سچے مالک! آپ نے کہاں اندھیرے میں میرے لیے ایمان کا نور نکالا، میں تو گندی ہوں، میں ایمان کے لائق کہاں ہوں، مگر آپ تو داتا ہیں جس کو چاہیں

بھیک دے سکتے ہیں، تیسرے روز میں نے آنکھ بند کر کے درود کر دعا کی اور فون ملایا تو فون مل گیا، میں بہت خوش ہوئی میں نے کہا مولانا صاحب میری گندی آتما کی وجہ سے میرا ایمان ادھورا رہ گیا تھا، فون میں پیسے ختم ہو گئے تھے، اس کے بعد لگاتار آپ کو فون کر رہی ہوں مگر ملا نہیں، مولانا صاحب نے بڑے پیار سے کہا بیٹا آپ کا ایمان بالکل پورا ہو گیا تھا، میں خود سوچ رہا تھا کہ میں ادھر سے فون ملاؤں مگر میں اس وقت لو نیڈا میں ایک پروگرام میں جا رہا تھا، ہمارے ساتھی ایک بات کر رہے تھے اس کی وجہ سے میں فون نہ کر سکا، پھر ایسی معروفیت رہی کہ فون بس برائے نام کھولا، میں نے کہا پھر بھی آپ مجھے دوبارہ کلمہ پڑھا دیجئے، فون دوبارہ کٹ گیا، میرا حال خراب ہو گیا، میری ہچکیاں بندھ گئیں، میں اپنے مالک سے فریاد کر رہی تھی میرے مالک کیا آج بھی میرا ایمان ادھورا ہی رہ جائے گا، کہ اچانک مولانا کا فون آیا، میں نے خوشی سے رسیو کیا، مولانا نے بتایا کہ میں نے فون کاٹ دیا تھا کہ پتہ نہیں کہ آج بھی تمہارے پاس فون میں پیسے ہوں گے کہ نہیں، اس لئے اپنی طرف سے فون کروں، کلمہ پڑھ لو، میں نے کلمہ پڑھا، ہندی میں عہد کیا اور پھر کفر و شرک اور سب گناہوں سے مجھے توبہ کرائی اور اللہ اور اس کے رسول کی تابعداری کا عہد کرایا، مولانا صاحب نے مجھ سے معلوم کیا کہ یہ فون نمبر آپ کو کس نے دیا ہے، میں نے کہا مظفر نگر کے فلاں گاؤں کے محمود صاحب نے، مولانا صاحب نے پوچھا کہ اب تم کیا کرو گی؟ میں نے کہا کہ میں نے سب سوچ لیا ہے اور محمود صاحب نے وعدہ کیا ہے کہ وہ سب میری ذمہ داری سنبھالیں گے، مولانا صاحب نے مجھے دعائیں دیں اور کہا، کوئی مشکل ہو تو جب چاہے مجھے فون کر لینا۔

سوال: اس کے بعد آپ نے کیا کیا؟

جواب: میں نے محمود صاحب کو جو آپ میرے ابا ہیں، ان کو فون کیا کہ میں نے اسلام قبول کر لیا ہے، انھوں نے معلوم کیا کیسے؟ میں نے کہا حضرت صاحب نے مجھے فون

ہر کلمہ پڑھوایا اور بتایا کہ فون پر اور سامنے کلمہ پڑھنے میں کوئی فرق نہیں ہے، میں نے اباجی سے کہا کہ اب میں رشی کیش میں نہیں رہ سکتی، اباجی نے مجھ سے کہا کہ بیٹی نہ تم نے ہمیں دیکھا، نہ ہم نے تمہیں دیکھا، تم کون ہو؟ تمہارے باپ کیا کرتے ہیں؟ میں نے کہا میرے چاچا جی کا بہت بڑا آشرم ہے اور میں ایم ایس سی کر رہی ہوں۔ اباجی نے کہا کہ بیٹی تم ایسے بڑے گھرانے کی لڑکی ہو، میں تو بالکل غریب آدمی ہوں۔ میں نے کہا کہ میں آپ کے یہاں آکر مزدوری کر کے گذارہ کرلوں گی، انھوں نے کہا: میرا لڑکا پندرہ سال کا ہے، وہ ابھی کچھ نہیں کرتا، میں نے کہا میں اسے پال کر پرورش کرلوں گی، انہوں نے کہا کہ تم گوشت کھاتی ہو؟ میں نے کہا گوشت سے مجھے گھبراہٹ ہوتی ہے، مگر میں گوشت کھانے لگوں گی، انہوں نے کہا کہ میری مرغے کی دکان ہے، 100 روپے کماتا ہوں اور میں قصائی ہوں، تم کیسے ہمارے یہاں رہوگی؟ میں نے کہا کہ میں بھی قصائی بن جاؤں گی، میں نے کہا کہ بیٹی تو ایسے بڑے گھرانے کی بیٹی ہے تو کیسے ہمارے یہاں گذارا کرے گی؟ پوری زندگی گزارنا دو چار دن کی بات نہیں ہے، میں نے کہا وعدہ توڑنا اسلام میں کعبہ کو ڈھا دینا ہے، انہوں نے کہا کہ ہم حضرت سے مشورہ کر کے پھر تمہیں بتائیں گے۔

سوال: اس کے بعد کیا ہوا؟

جواب: اباجی نے حضرت صاحب کو فون کیا کہ بہت ضروری ملنا ہے، مولانا صاحب نے کہا کہ لگاتار سفر میں ہوں، مطلب ابھی دو ہفتہ آنا نہیں ہوگا، انہوں نے کہا کہ کہیں بھی ہو گے تو میں وہیں آجاؤں گا مجھے بہت ضروری ملنا ہے، حضرت صاحب نے کہا آپ کے قریب کاندھلہ کے قریب ایک گاؤں رنھوڑہ ہے، وہاں آجانا، اباجی وہاں پہنچے مولانا صاحب کو پورا ماجرا بتایا، حضرت صاحب نے ان سے کہا کہ آپ بڑے خوش قسمت ہیں آپ اس لڑکی کو لے کر آئیے اور آپ کو پورے گھرانے کو جان دینی پڑے تو ایسی بچی موحد

کی ایمان کی حفاظت کرنا چاہئے اور ان سے کہا کہ میرا نام بھی آمنہ رکھنا اور شادی کی قانونی کارروائی اور وکیلوں کے پتے وغیرہ دیئے، میرے لئے شرک کے ماحول میں منٹ مہینے سے لگ رہے تھے، مجھ سے رہا نہیں گیا اور دو روز بعد میں خود ایک پتہ معلوم کر کے ابا جی کے گھر پہنچ گئی، دو روز میں وہاں رہی، اس کے بعد وہ مجھے لے کر میرٹھ گئے اور راستہ میں پھلت حضرت صاحب سے مل کر جانا طے ہوا، میری خوش قسمتی تھی کہ حضرت صاحب پھلت میں تھے، سدرہ بہن! میں بیان نہیں کرسکتی کہ حضرت صاحب کو دیکھ کر میرا کیا حال ہوا، میں حضرت صاحب سے بچوں کی طرح چمٹ گئی، میں نے حضرت صاحب کو دیکھا خواب میں مسجد میں جن صاحب نے میری ان ساد ھوؤں سے جان بچائی تھی وہ چشمہ اور ٹوپی لگائے مولانا صاحب، مولانا کلیم ہی تھے، میں بے اختیار بول اٹھی: آپ ہی تھے، آپ ہی تھے، میں انہیں دیکھ کر ایسی جذباتی ہوگئی، یہ بھی خیال نہیں رہا کہ پہلی بار ایک انجانے مرد سے میں جوانی میں مل رہی ہوں۔ مجھے ایسا لگا جیسے کوئی بچی اپنی ماں سے مل رہی ہو، میرٹھ میں نکاح اور قبول ایمان کی قانونی کارروائی پوری کرا کے ہم گاؤں پہنچے، ایک مہینے میں میں نے نماز یاد کی، روزانہ فضائل اعمال پڑھتی، گھر کے لوگ مجھ سے بہت محبت کرتے، گاؤں کی عورتیں میرے ساتھ رہتیں۔

ہمارے ابا جی کے ایک رشتہ دار کی ہمارے ابا جی سے بہت لڑائی ہے انہیں معلوم ہوگیا انہوں نے تھانے میں شکایت کردی کہ یہ لوگ رشی کیش سے ایک لڑکی کو اغوا کرلائے ہیں، تھانے نے رشی کیش رابطہ کیا، وہاں پر ایف آئی آر لکھی ہوئی تھی، رشی کیش پولیس آگئی، اور مقامی پولیس کے ساتھ دس بجے مجھے اور میرے ابا جی کو اٹھا کر لے گئی، جیپ میں میں اور ابا جی بیٹھے تھے، میں نے ابا جی سے کہا، میں ڈرائیور کو آواز دیتی ہوں، جیسے یہ گاڑی ہلکی ہو آپ فوراً کود جانا، ابا جی نے کہا تمہارا کیا ہوگا؟ میں نے کہا اللہ پر بھروسہ

رکھئے، میرے اللہ مجھے میرے گھر بھیج دیں گے، میں نے ڈرائیور کو آواز دی ڈرائیور صاحب! ذرا رکئے، گاڑی ذرا سا ٹھہر کر بیس میٹر پر آئی تو باجی کود گئے، گر پڑے اور چوٹ لگی، پیچھے سے گاؤں والے پتھراؤ کر رہے تھے، اس لئے پولیس نہیں رکی اور بھاگ گئی۔

سوال: اس کے بعد کیا ہوا؟

جواب: اسکے بعد میرے اللہ نے میرا ایمان بنایا، فضائل اعمال کے حکایات صحابہ کے قصے، میں نے سب پڑھ لئے تھے، ان کا مزہ لیا، میرے گھر والوں نے مجھے بہت سزائیں دیں اور لیڈیز پولیس نے مجھے بری طرح اذیتیں دیں اور مارا، میں نے ہر بار ان سے کہہ دیا، میرے جسم کی بوٹی بوٹی کرلو، جب بھی جو کلمہ اور ایمان رو ئیں رو ئیں اور خون کے قطرے قطرے میں بس گیا ہے وہ نکل نہیں سکتا، میرے جسم سے خون نکلتا دیکھ کر دیکھنے والے رونے لگتے، پیٹنے والے میرے حال کو دیکھ کر رونے لگتے، مگر مجھے تکلیف کے بجائے مزہ آتا، مجھے لگتا جس اللہ کی محبت میں میں ستائی جا رہی ہوں وہ مجھے دیکھ رہا ہے، وہ کتنا خوش ہو رہا ہوگا، میری ماں نے دو دفعہ میرا گلا گھونٹا، میرے بڑے بھائی مجھ پر بار بار چڑھتے، بس ایک میرے رشتہ کی خالہ تھیں جنہیں اللہ نے نرم کر دیا تھا، بار بار مجھے چھڑاتیں میری شادی کرنے کا پروگرام بنایا گیا، میں نے صاف صاف کہہ دیا کہ شادی میری ہو چکی ہے، اب جس کی میں ہوں اس کے علاوہ مجھے کوئی چھو بھی نہیں سکتا، یہ مسلمان کی جان ہے کوئی آپ کے آشرم کے عیاشوں کی چاہت نہیں ہے، میں یہاں شرک میں ہرگز زندہ نہیں رہ سکتی، یا مجھے مار دو یا مجھے جانے دو، اگر مجھے اس گھر میں رکھنا چاہتے ہو تو بس ایک راستہ ہے کہ گھر والے مسلمان ہو جائیں، مار مار کر لوگ تھک گئے اور ہار گئے، کئی بار مجھے زہر دینے کا پروگرام بنایا، ایک دو بار میرے اباجی کو بھی بار کر فون کیا کہ اس کی لڑکی کو لے جاؤ، وہ آنے کی تیاری کرتے مگر پھر ان کو منع کر دیتے، ایک روز میرے چاچی (والد صاحب

نے ابا جی کو فون کیا کہ ہم اس لڑکی کو رخصت تو کر دیتے مگر کس طرح کریں کہ آپ مسلمان اور ہم ہندو ہیں، ابا جی نے کہا کہ اس کا علاج تو بہت آسان ہے کہ آپ مسلمان ہو جائیں اور اگر آپ مسلمان ہو جائیں گے اور آپ لڑکی کو رخصت نہ کرنا چاہیں تو میں اپنا اکلوتا لڑکا رخصت کر کے آپ کو دے دوں گا، وہ چپ ہو گئے۔

ایک روز میرے گھر والے مجھے مار رہے تھے، میری خالہ نے مجھے چھڑایا، جب سب لوگ چلے گئے تو میری خالہ نے کہا انجو تو جس مالک پر ایمان لائی ہے اگر وہ تجھے چاہتا ہے تو اس سے کہتی کیوں نہیں؟ کہ مجھے یہاں سے نکال لے، خالہ یہ کہہ کر چلی گئیں، میں نے وضو کیا، کمرہ بند کیا اور دو رکعت صلوٰۃ الحاجت پڑھی اور خوب اپنے رب سے فریاد کی، میرے اللہ مجھے نہ کوئی شکایت ہے اور نہ کوئی شکوہ ہے، میرے لیے آپ کا یہ کرم کیا کم ہے کہ مجھ گندی کو شرک کی نگری میں ایمان نصیب کیا اور مجھ گندی کو اپنے نبی کے مظلوم صحابہ کی طرح مار کھانا نصیب ہوا، میرے اللہ آپ نے میرے لیے ساری تکلیفوں کو مسرت کی چیز بنا دیا، میں کہاں اور ایمان کہاں، مگر میرے اللہ میری خالہ یہ سوچیں گی کہ اس کا خدا اسے نہیں چاہتا یا وہ کچھ نہیں کر سکتا، میرے مولا! آپ مجھے میرے شوہر کے گھر ان کے ذریعہ پہنچا دے۔

سوال: پھر کیا ہوا؟

جواب: میرے پتا جی (والد صاحب) نے عاجز آ کر آشرم کے لوگوں سے مشورہ کیا سب نے مشورہ کیا کہ لڑکی ادھرم ہو گئی ہے، اب دھرم میں آ سکتی نہیں، جتنا اس کو مارا جائے گا پورے رشی کیش میں رسوا ہوگی، اس لئے اچھا ہے کہ اس کو اس کے شوہر کے گھر خاموشی سے پہنچا دیا جائے، میرے پتا جی نے میرے ابا جی کو فون کیا، آپ ہم سے ڈر رہے ہو ہم آپ سے ڈر رہے ہیں، ہم دونوں ایک درمیان میں جگہ طے کریں، وہاں ہم انجو کو لے کر آ جائیں اور آپ وہاں آ جائیں، سہارنپور طے ہو گیا، ابا جی نے اپنے جاننے والے کا پتہ

دیا، اگلے روز صبح کو میرے پتا جی (والد صاحب) اور خالہ مجھے لے کر سہارنپور آگئے، ہمارے نانا جی بھی آگئے اور خوشی خوشی ہم لوگ اپنے شوہر کے یہاں آگئے، میں نے اپنی خالہ سے کہا: خالہ! آپ نے دیکھا، ادھر میں نے اپنے اللہ سے کہا، ادھر اللہ نے میری سنی، خود میرے پتا جی کو مجبور کیا کہ مجھے پہنچا دیں، کیا میری خالہ ایسے اللہ پر ایمان کے بغیر جینا اچھا ہے، میری خالہ بہت حیرت میں آگئیں، میں نے سہارنپور میں ان کو ایمان قبول کرنے کے لئے کہا وہ تیار ہوگئیں، چلتے چلتے میں نے ان کو کلمہ پڑھوایا۔

سوال: گاؤں میں پہنچ کر کیا ہوا؟

جواب: گاؤں والوں کو خبر ہوگئی تھی، پورا گاؤں استقبال کے لئے باہر آگیا، پورے گاؤں میں عید ہوگئی، اور اب میں خوشی خوشی رہ رہی ہوں، میں ملنے کے لئے ایک پروگرام میں حضرت صاحب کے یہاں آئی، حضرت صاحب نے مجھے پورے گاؤں کی عورتوں میں کام کے لئے کہا، الحمد للہ بہت سی مسلمان عورتیں جو پہلے نماز، روزے اور دین سے دور تھیں، وہ نماز کی پابند ہوگئیں، میرے اللہ کا کرم ہے، پانچ نماز کے علاوہ تہجد اور اکثر نفلی نمازیں پڑھنے لگیں، کوشش کرتی ہوں نفلی روزے بھی شروع کروں، قرآن شریف پڑھ رہی ہوں، میرے گھر والے مجھ سے بہت محبت کرتے ہیں۔

سوال: گوشت آپ کھانے لگی ہیں؟

جواب: میرے اللہ نے گوشت حلال کیا ہے، میرے اللہ نے کھانوں کا سردار گوشت کو رکھا ہے، اب گوشت میرے لئے مرغوب غذا ہے، اسلام تو کہتے ہی اس کو ہیں کہ اپنے اللہ اور اس کے رسول کی پسند کو اپنی پسند بنالے، میرے اللہ کا کرم ہے مجھے یہ معلوم ہو جائے کہ میرے نبی کو یہ پسند ہے، بس اب وہ مجھے پسند ہو جاتا ہے اور دل سے پسند ہو جاتا ہے، مجھے پہلے میٹھا اچھا نہیں لگتا تھا، اپنے اسکول کی لڑکیوں کے ساتھ مل کر اصل میں کہ میرا

ذائقہ بگڑ گیا تھا کہ میں میٹھا نہیں کھاتی تھی مگر مجھے معلوم ہوا کہ میرے نبی ﷺ میٹھے کو پسند کرتے تھے بس اب مجھے میٹھا پسند ہو گیا اور اب مجھے یہ محسوس ہوتا ہے کہ میٹھا مجھے پہلے بھی پسند تھا۔

سوال: آپ کے گھر والوں سے آپ کا رابطہ ہے؟

جواب: میرے والد اور بہن کے فون آتے رہتے ہیں، انہوں نے آنے کا وعدہ بھی کیا ہے۔

سوال: ان کو آپ نے دعوت نہیں دی؟

جواب: ابھی ان کے لئے دعا کرنی شروع کی ہے، سچی بات یہ ہے کہ دعا بھی کی نہیں، بس ارادہ ہے ایک دعا جس کو دعا کہتے ہیں ہو جائے تو پھر وہ ایمان میں ضرور آجائیں گے، اصل میں دعا بھی اللہ ہی کراتے ہیں، بس اللہ وہ دعا کروادے اس کا انتظار کر رہی ہوں؟

سوال: آمنہ بہن! ارمغان کے قارئین کے لئے کچھ پیغام آپ دیں گی؟

جواب: میرے حضرت جی کی تقریر میں نے سنی، کہ اللہ نے ہدایت اتار دی ہے، ہر کچے پکے گھر میں اسلام کو داخل کرنے کا فیصلہ ہو چکا ہے، اب اگر مسلمانوں نے اپنی ذمہ داری نہ نبھائی تو اللہ اپنے بندوں کی ہدایت کے لئے مسلمانوں کے محتاج نہیں ہیں حضرت فرماتے ہیں کہ رشی کیش کے گرو سے مجھے ہدایت ملنا اس کی طرف سے مسلمانوں کو وارننگ ہے، اس سے پہلے کہ دوسرے راستوں سے ہدایت کا کام لیا جائے، مسلمانوں کو اپنے داعیانہ منصب پر کھڑا ہو جانا چاہئے۔

سوال: بہت بہت شکریہ! آپ سے حالات سن کر ایمان تازہ ہو گیا۔

جواب: بہن! بس دعا کیجئے کہ اللہ تعالیٰ موت تک ایمان پر ثابت قدم رکھے

مستفاد از ماہنامہ ارمغان، جون ۲۰۰۸ء

جناب محمد نعیم صاحب (اترپال سنگھ چوہان) سے ایک ملاقات

مجھے ایسا لگتا ہے کہ اسلام پوری دنیا کی پیاس ہے، وہ لوگ جن کے پاس اسلام ہے اگر وہ اس کو ان لوگوں تک پہنچائیں جو پیاسے ہیں تو وہ اسکی ہی محبت سے اسلام کو لیں گے، بلکہ پئیں گے جیسے پیاسا پانی پیتا ہے، مسلمانوں کا حال یہ ہے کہ ہم ان کو ان کی پیاس بجھانے کے بجائے مخالف سمجھتے ہیں، یہ بات اسلام سے میل نہیں کھاتی خدا کے لئے ہمیں پیاسوں پر ترس کھا کر ان کی پیاس بجھانی چاہئے، ان کی ناسمجھی پر برائی کا بدلہ برائی سے نہیں دینا چاہئے۔

مولانا احمد اواہ ندوی

احمد اواہ : السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

نعیم محمد : وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ احمد صاحب

[illegible]: آپ خیریت سے ہیں نعیم صاحب؟

[illegible]: الحمد للہ! میرے اللہ کا شکر ہے بالکل خیریت سے ہوں۔

[illegible]: ابی کا فون آپ کے پاس آیا ہوگا، مجھے آپ کے پاس انھوں نے بھیجا ہے؟

[illegible]: جی حضرت کا فون آیا تھا، میں آپ کا انتظار کر رہا تھا، حضرت نے فرمایا کہ ارمغان میں انٹرویو چھپوانا چاہتے ہیں، میں نے کہا میرے لئے اس سے خوشی کی کیا بات ہوگی کہ دین کے کسی کام میں میرا حصہ ہو جائے وہ بھی اپنے حضرت کے حکم کی تعمیل میں۔

[illegible]: تو بہتر ہے نعیم بھائی اپنا خاندانی تعارف کرائیے؟

جواب: میں اب سے ۵۰ سال پہلے بہرائچ کے ایک راجپوت خاندان میں پیدا ہوا، میرے والد سرکاری اسکول میں ہیڈ ماسٹر تھے، اسکول میں میں نے بہرائچ سے انٹر پاس کرنے کے بعد انجینئرنگ میں داخلہ لیا، دہلی میں جامعہ سے سول میں بی ای کیا، اس کے بعد ڈی ڈی اے میں میری ملازمت لگ گئی، مزاج گرم تھا، خاندانی مزاج زمین داری کا تھا، رشوت لینا دینا ہمارے پتا جی (والد) نے سب سے بڑا پاپ پڑھایا تھا، افسروں اور نیتاؤں سے جھگڑے بنے، اس لئے سسپنڈ (معطل) ہونا پڑا اور پھر ایک روز جھنجھلا کر ریزائن کر دیا، بعد میں ایک کنسٹرکشن کمپنی ایک صاحب کی پارٹنرشپ میں بنائی، پرائیویٹ ٹھیکے لے کر کام کئے، کام اچھا چلا، کام بڑھا تو ڈی ایل ایف کے کام لینے لگے، کئی بڑی کمپنیوں کے کام کئے، کام تھوڑا اور بڑھا تو ہم نے دہلی میں ایک شاپنگ مال کا ٹھیکہ لیا، اس میں اچھے نفع کی امید تھی، لیکن ساتھی کی نیت میں فرق آگیا، مالکوں نے بھی دھوکہ دیا اور اچانک پوری کمپنی خسارہ میں آگئی، ہوتے ہوتے اور صحت کے بگاڑ بڑھنے نے اور جلتی پر آگ کا کام کیا، دہلی کے فلیٹ، سات فلیٹ بیچ کر نقصان پورا نہ ہوا، پھر مقدمہ عدالت میں شروع ہوا، گاڑی بھی بیچنی پڑی، ۲۵۰۰۰ روپے کی ایک کھٹارہ ماروتی خریدی، قرضداروں نے جینا دوبھر کر دیا، بس اچانک میرے مالک کو مجھ پر ترس آیا اور زندگی کے آخری اندھیرے سے ایمان کا نور پھوٹا اور اس کالے کلوٹے بندے کی زندگی میرے مالک نے روشن کر دی۔

سوال: اپنے اسلام قبول کرنے کا حال بتائیے؟

جواب: ۱۳/ اکتوبر کی تاریخ میری زندگی کی تاریک ترین تاریخ تھی، مجھے پولیس والے قرض والوں کے دباؤ میں اٹھا کر لے گئے اور میرے ساتھ میرے قرض والے نے ایسی بدتمیزی کی کہ میں بیان نہیں کر سکتا، میں نے اپنے چودہ سالہ بیٹے کے ساتھ بیوی اور

دونوں بچیوں کو عزت سے جانے کے لئے گھر بھیج دیا۔ ۱۲ اکتوبر کی صبح میں کچھ مقدموں کے لئے جامعہ نگر میں غفار منزل ایک وکیل سے مشورہ کیلئے صبح صبح پہنچا ساڑھے نو بجے مشورہ کے بعد واپس ہورہا تھا غفار منزل کے باہر جامعہ کی باؤنڈری کے پاس میں اکیلا گاڑی سے جا رہا تھا تو آپ کے والد پیدل سڑک کی طرف جا رہے تھے، میں نے ان کو دیکھا تو لگا کہ وہ کوئی دھارمک آدمی ہیں، مجھے خیال ہوا کہ پیدل جا رہے ہیں کیوں نہ میں ان کو گاڑی میں بٹھالوں، شاید یہ مجھے کوئی اپائے (علاج) بتادیں، میں نے گاڑی روکی، میں نے کہا آئیے سڑک تک باہر میں آپ کو چھوڑ دوں! حضرت نے کہا نہیں بہت بہت شکریہ اصل میں، میں آج صبح مارننگ واک نہیں کر سکا تھا اس لئے پیدل جا رہا ہوں، میں نے کہا: ہمیں کچھ سیوا کا موقع مل جائے گا آئیے پلیز بیٹھ جائیے، وہ میرے ساتھ برابر کی سیٹ پر بیٹھ گئے، میں نے ان سے معلوم کیا: آپ کہاں جا رہے ہیں؟ انھوں نے کہا مجھے بٹلہ ہاؤس خلیل اللہ مسجد کے پاس جانا ہے۔ جامعہ کے باہر مین روڈ پر پہنچ کر انھوں نے اترنا چاہا میرا دل چاہا کہ میں کچھ اور وقت ان کے ساتھ گزار دوں، میں نے کہا پانچ منٹ کی بات ہے میں آپ کو بٹلہ ہاؤس پہنچا دوں گا، وہ منع کرتے رہے مگر میں نے گاڑی نہ روکی، انھوں نے میرا نام معلوم کیا: میں نے بتایا اتر پال سنگھ چوہان میرا نام ہے، میرا نام معلوم ہونے پر انھوں نے میرا بہت شکریہ ادا کیا اور بتایا کہ آپ نے میرے ساتھ محض انسانی ہمدردی میں احسان کیا ہے، مجھے بہت اچھا لگا، دل میں آتا ہے اس جیون اور اس کے بعد آنے والے جیون میں کام آنے والا ایک تحفہ آپ کو دوں، وہ مالک سنسار کو چلانے والا اور بنانے والا ہے اس کے اچھے اچھے نام ہیں ان ناموں میں سے دو نام ہیں یا ھادی اور یا رحیم، ہادی کے معنی ہیں منزل تک پہنچانے والا، رحیم کے معنی ہیں سب سے زیادہ دیا اور رحم کرنے والا، صبح اٹھ کر اشنان کرنے یا منہ دھونے کلی کرنے کے بعد یہ خیال کرکے

کہ میں اپنے مالک کو یاد کررہا ہوں سو بار یا ھادی سو بار یا رحیم پڑھ لیا کریں اور پھر کاروبار کی فیصل کی یا کسی طرح کی کوئی مشکل ہو اپنے مالک سے سیدھے کہیں (دعا کریں) انشاء اللہ فوراً مشکل حل ہوگی، یہ مالک کی ہاٹ میل لائن فون لائن میں نے آپ کو بتادی، میں نے کہا میاں صاحب میں آج کل بہت پریشان ہوں شاید آپ میری مشکل سنیں تو آپ رو پڑیں، یہ کہہ کر میرے آنسو نکل گئے، حضرت نے کہا بس مجھ سے کہہ کر اور سنا کر کیا کریں گے ہم سب مشکلوں میں گھرے ہیں، جو خود مشکل میں پھنسا ہوا اس کو سنانے سے کیا فائدہ؟ بس آپ یہ پڑھ کر اپنے اس اکیلے مالک کو سنائیں، جس کو سنا کر نہ کبھی ذلت ہوگی نہ شرمندگی اور جس کے بس میں سب کچھ ہے، بس اس جاپ کا ایک پرہیز ہے اس اکیلے کے علاوہ کسی اور کی پوجا، کسی اور کے آگے سر نہ جھکائیں، ہاتھ نہ جوڑیں، نہ کسی پیر کے، نہ دیوی کے نہ دیوتا کے، اچھا ہے کہ گھر میں اگر مورتیاں ہوں تو ان کو گھر سے باہر پہنچادیں، میں نے ان کا شکریہ ادا کیا اور رخصت کے لئے ہاتھ جوڑے، وہ بولے: بس یہی تو بدپرہیزی ہے اور پرہیز علاج کے لئے دوا اور غذا سے زیادہ ضروری ہے، میں نے سوری کہہ کر معذرت کی۔

اگلے روز صبح کو میں نے اشنان (غسل) کیا اور آنکھیں بند کرکے سو بار یا ہادی اور سو بار یا رحیم پڑھا، مولانا احمد صاحب! میں بیان نہیں کرسکتا مجھے کیسا محسوس ہوا، مجھے ایسا لگا جیسے میرا مالک میرے سامنے ہے، میں نے پوری دکھ بھری داستان اس کو سنائی اور دعا کی، مالک آپ کو کیا سنانا آپ تو مجھ سے زیادہ جانتے ہیں اور آدھا گھنٹہ میں روتا رہا، مگر آدھا گھنٹے کے بعد اگرچہ میرے سارے حالات جوں کے توں تھے مگر میرے دل اور دماغ سے جیسے بوجھ اتر گیا اور ایسا لگا جیسے میں نے اپنا مقدمہ کسی دوسرے کے سپرد کر دیا، قرض والے اس دن بھی آئے مگر انھوں نے میرے ساتھ شرافت سے بات کی، میرا

دل چاہا کہ شام کو بھی میں یہ پڑھوں مگر مجھے حضرت نے صرف ایک بار ہی بتایا تھا خیال ہوا مالک کا نام ہے چاہے جتنی بار لے، لیکن خیال ہوا کہ حکیم کے بتائے طریقہ پر دوا استعمال کرنی چاہیے، حضرت صاحب کا نہ میں نے نام معلوم کیا نہ پتہ نہ فون نمبر، میں جامعہ نگر کی طرف گاڑی لے کر چلا، شام کو تین بجے سے رات تک اوکھلا اور اس کے آس پاس چکر لگاتا رہا، مگر حضرت صاحب نہ ملے، دن چھپنے کے بعد واپس آیا اور صبح کا انتظار کرتا رہا، صبح کو سویرے نہا کر پھر یا ہادی یا رحیم پڑھا، بہت ہی اچھا لگا ایک ہفتہ تک روزانہ پڑھتا رہا، بے اختیار دن بھر کبھی بھی یا ہادی یا رحیم زبان پر جاری ہو جاتا، تین دن کے بعد گھر سے ساری مورتیاں اٹھا کر مندر میں رکھ آیا، ۲۱ر اکتوبر کو شاپنگ مال کے مالک سے ایک مقدمے کا فیصلہ تھا مقدمہ ہائی کورٹ میں تھا، فیصلہ ہمارے حق میں ہو گیا اور عدالت نے پچاسی لاکھ روپے ایک مہینے کے اندر ادا کرنے کا حکم سنایا، میری خوشی کی کوئی حد نہ تھی، اس کے بعد میں ۲۴ر اکتوبر کو گرین پارک میں ایک پارٹی سے میٹنگ کے لئے پہنچا لوگ مسجد میں جا رہے تھے، میں نے سوچا کہ مسجد کے مولانا صاحب سے کچھ اور پڑھنے کو معلوم کروں یا ہادی یا رحیم زیادہ پڑھنے کی اجازت لوں، میں نے ایک صاحب سے معلوم کیا کہ مسجد کے مولانا سے میری ملاقات ہو سکتی ہے، انھوں نے کہا آدھے گھنٹہ کے بعد نماز کے بعد آپ مل لیجئے، میں انتظار کرتا رہا، لوگ نماز پڑھ کر چلے گئے تو ایک صاحب مجھے مولانا صاحب کے کمرے میں لے کر گئے، میں نے بتایا کہ ایک میاں صاحب نے مجھے یا ہادی یا رحیم بتایا تھا اس سے مجھے بہت فائدہ ہوا، اب میں کچھ زیادہ پڑھنا چاہتا ہوں، کچھ ہوگا تو نہیں اگر میں سو سے زیادہ بار پڑھ لوں، انھوں نے کہا آپ پڑھ لیجئے اور انھوں نے مجھے مشورہ دیا کہ آپ اوکھلا جا کر مولانا کلیم صاحب سے مل لیں وہ آپ کو زیادہ اچھی طرح بتا سکتے ہیں، میں نے ان سے معلوم کیا کہ ان کا پتہ کیا ہے تو انھوں نے بتایا کہ بٹلہ ہاؤس کی

جامع مسجد کے امام صاحب سے جاکر معلوم کریں، وہیں پر ان کا دفتر ہے۔

میں وہیں سے بٹلہ ہاؤس گیا، امام صاحب نے بتایا کہ سامنے حضرت کا دفتر دارارقم ہے، وہاں پر کوئی ہوگا معلوم کرلیں، دارارقم گیا تو وہاں ایک حافظ صاحب ملے انھوں نے کہا، آپ خلیل اللہ مسجد کے پاس ان کا مکان ہے وہاں معلوم کرلیں، شاید حضرت تو سفر پر گئے ہیں، میں خلیل اللہ مسجد گیا کافی دیر کے بعد حضرت کا فلیٹ معلوم ہوا، وہاں گھر سے ایک بچے نے آکر بتایا کہ حضرت مدراس کے سفر پر گئے ہیں، ایک ہفتے کے بعد آئیں گے، میں نے گھر سے فون نمبر لیا، مسجد کے باہر گاڑی کھڑی کی، وہاں ایک ملا جی ٹھیلی پر کتابیں بیچ رہے تھے، خیال ہوا یہ اسلامی کتابیں بیچ رہے ہیں ان سے کتابیں لے لوں، میں نے ملا جی سے کہا، دعاؤں کی اچھی سی کتاب ہندی میں دے دو، انھوں نے دو چھوٹے چھوٹے سائز کی کتابیں "مسنون دعائیں" اور "اللہ کے رسول کی دعائیں" دکھائیں، میں نے دونوں خرید لیں، پھر خیال ہوا کوئی اچھی سی اسلامی بک بھی لے لوں، ان سے معلوم کیا تو انھوں نے "اسلام کیا ہے؟" اور "جنت کی کنجی" اور "دوزخ کا کھٹکا" ہندی میں دیدی، ان پانچ کتابوں کے ساتھ ملا جی نے ایک کتاب "آپ کی امانت آپ کی سیوا میں" دی کہ یہ کتاب ہم فری میں دیتے ہیں، آپ اس کو پڑھ کر اور سمجھ کر دعا پڑھیں گے تو زیادہ فائدہ ہوگا، میں نے کتاب پر نام دیکھا تو میں نے کہا: میں مولانا کلیم صاحب سے ملنے ہی یہاں آیا تھا، مگر وہ ملے نہیں، انھوں نے کہا ان کا ملنا بہت مشکل ہے، مگر آپ ان سے ضرور ملیں آپ کو بہت اچھا لگے گا، کتابیں لے کر میں گھر گیا، موبائل پر مولانا صاحب سے فون کرنے کی کوشش کی، موبائل نہ مل سکا، میں نے رات کو آپ کی امانت سب سے پہلے پڑھی، کتاب ہاتھ میں لی، چھوٹی سی کتاب ہے ایک ایک لفظ جب تک پڑھ نہ لیا دل نہ بھرا، ایک بار پڑھ کر دوبارہ پڑھی، مجھے اس کتاب کو پڑھ کر

ایسا لگا کہ جیسے سخت پیاسے کو سیر ہو کر پانی مل گیا ہو، اب مجھے حضرت صاحب سے ملنے کا اور بھی شوق ہو گیا، فون پر خدا خدا کر کے چوتھے روز بات ہوئی، تو دوڑ کر مجھے ایسا لگا کہ یہ صاحب کہیں وہی تو نہیں جو گاڑی میں بیٹھ کر یا ہادی یا رحیم بتا رہے تھے، ان کی کتاب کے پیچھے یا ہادی یا رحیم لکھا تھا۔

چار روز کے بعد حضرت صاحب واپس آئے، نومبر کی چھ تاریخ کو وہ دن آیا، جب ساڑھے دس بجے خلیل اللہ مسجد میں حضرت صاحب سے ملاقات ہوئی، یہ دیکھ کر میری خوشی کی انتہا نہ رہی کہ آپ کی امانت اور دارارقم والے مولانا کلیم وہی میاں صاحب ہیں جن کو میں نے غفار منزل کے باہر اپنی گاڑی میں بٹھایا تھا اور انھوں نے یا ہادی یا رحیم پڑھنے بتایا تھا، میں نے اپنے حالات بتائے اور ان کا بہت بہت شکریہ ادا کیا، مولانا صاحب نے پوچھا: آپ کی امانت پڑھ کر آپ نے کیا فیصلہ کیا؟ میں نے کہا اس کا ایک ایک حرف میری اندر کی آتما پر لکھا گیا ہے، حضرت نے کہا پھر آپ نے کلمہ پڑھا، میں نے کہا کتاب میں تو میں نے پڑھ لیا ہے، اب آپ پڑھا دیں، مولانا صاحب نے مجھے کلمہ پڑھوایا، میرا نام نعیم محمد رکھا اور مجھے بتایا کہ زندگی کا ہر پل اس ہادی اور رحیم مالک کی مرضی سے گزارنا ہے، جس کے سامنے آدمی کو چاروناچار ایسا لگتا ہے کہ جیسے اپنا بوجھ اتار دیا۔

سوال: ماشاء اللہ، اللہ تعالیٰ مبارک فرمائیں، اس کے بعد دین سیکھنے کا آپ نے کچھ سوچا؟

جواب: حضرت صاحب کے مشورے سے میں نے ایک مولانا صاحب کو ٹیوشن کے لئے طے کیا اور الحمد للہ نماز یاد کی اور اب قرآن شریف پڑھ رہا ہوں، تیسرا پارہ میرا لگ گیا ہے۔

سوال: کیا یہ تمام باتیں اپنے گھر والوں کو آپ نے بتا دیں؟

جواب: الحمد للہ اس کے بعد تین مقدمے میرے حق میں ہو گئے، میں نے دوبارہ گھر

خریدا گھر والوں کو بلایا، میرے ساتھ جو بچے ہوئے میرے نئے حالات میرے گھر والوں کے لئے بہت اچھے لگے اور بس دو تین دنوں میں میرے تینوں بچے اور میری بیوی مسلمان ہوگئی، مولانا صاحب نے میری اہلیہ کا نام خدیجہ رکھا اور بیٹیوں کا نام آمنہ، فاطمہ اور بیٹے کا نام محمد عمر رکھا ہے۔

سوال: آپ نے کبھی اسلام کا مطالعہ بھی کیا یا نہیں؟

جواب: میرا خاندانی پس منظر بہت مذہبی تھا، بابری مسجد کی شہادت کے وقت اور بھی زیادہ اسلام مخالفت بڑھ گئی، ہمارے خاندان کے ایک پولیس ڈی آئی جی مسلمان ہو کر حذیفہ بن گئے تھے، اس کی وجہ سے خاندان میں اسلام اور مسلمانوں سے دوری بڑھ گئی تھی، میرا کاروبار بڑھا تو مذہبی اور قومی فریضہ سمجھ کر میں نے بہت سا پیسہ بجرنگ دل کو دیا، جو معنی میں بھی کچھ اس طرح کے مسلمان لوگوں سے میرا واسطہ رہا جن کی وجہ سے بظاہر بول چال پر تو اثر پڑا، مگر اسلام اور مسلمانوں کی ابتج کچھ اچھی نہ تھی، بلکہ ان لوگوں کی وجہ سے میں مسلمانوں سے کچھ دور ہی ہوا، اب اسلام اور اسلام والوں کے ساتھ میرا دوسرا ہی واسطہ تھا، میرے دل ودماغ کے پردے کھلتے چلے گئے، اسلام مخالفت مجھے اسلام کو نہ سمجھنے کے علاوہ کچھ اور نہ لگی، اسلام میرے اندر کی ضرورت اور میرے اندر کی بابا تھی جو مجھے مل گئی، مجھے ایسے لگا جیسے میں اپنے نیچر اور اپنے گھر سے کھویا ہوا تھا، مجھے اپنا گھر مل گیا۔

سوال: اب آئندہ خاندان والوں تک اسلام پہنچانے کے بارے میں آپ نے کیا سوچا؟

جواب: الحمد للہ میں نے تین بار تین روزہ جماعت میں لگائے ہیں، میں نے مولانا صاحب سے کہا ہے کہ میں نئے سال سے ایک لاکھ روپے ماہانہ دین کو اللہ کے بندوں تک پہنچانے کے لئے خرچ کرنا چاہتا ہوں، حضرت نے کہا کہ جان مال اپنا لگے، آپ اپنا

مال خود خرچ کریں یہ زیادہ بہتر ہے کہ آپ یہ مال کسی اور کو خرچ کرنے کے لئے دیں تو میں نے حضرت کے مشورہ سے ایک ''آپ کی امانت سنٹر'' کھولنے کا پروگرام بنایا ہے، اس کے لئے ایک فلیٹ خرید لیا ہے، دعا کیجئے کہ اللہ تعالیٰ میرے ارادہ کو پورے کرا دے۔

سوال: مسلمانوں اور ارمغان کے لئے آپ کوئی پیغام دیں گے؟

جواب: چند ماہ کا مسلمان اس لائق کہاں کہ کچھ پیغام دے، البتہ مجھے ایسا لگتا ہے کہ اسلام پوری دنیا کی پیاس ہے، وہ لوگ جن کے پاس اسلام ہے اگر وہ اس کو ان لوگوں تک پہنچائیں جو پیاسے ہیں تو وہ ایسی ہی محبت سے اسلام کو لیں گے، بلکہ چھینیں گے جیسے پیاسا پانی پیتا ہے۔

مسلمانوں کا حال یہ ہے کہ ہم ان کو ان کی پیاس بجھانے کے بجائے مخالف سمجھتے ہیں، یہ بات اسلام سے میل نہیں کھاتی خدا کے لئے ہمیں پیاسوں پر ترس کھا کر ان کی پیاس بجھانی چاہئے، ان کی نا سمجھی پر برائی کا بدلہ برائی سے نہیں دینا چاہئے۔

سوال: بہت بہت شکریہ، السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

جواب: شکریہ تو آپ کا، آپ نے آکر مجھے اس بھلے کام میں شامل کر لیا

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

مستفاد از ماہنامہ ارمغان، فروری ۲۰۰۹ء

جناب رضوان احمد (راجن) سے ایک ملاقات

اس وقت پوری دنیا بقول ہمارے کلیم مولانا صدیقی صاحب کے، اسلام کی پیاس میں اس طرح لائن میں لگی ہے۔ جیسے گاؤں اور قصبوں میں لوگ راشن کی دکان پر مٹی کے تیل کے لئے لگے رہتے ہیں، کہ یہ لیٹر دو لیٹر تیل ان کی جھونپڑیوں اور کچے مکانوں میں روشنی کر دے گا، اسی طرح دل ودماغ کی اندھیری کوٹھریوں کو مسلمان داعیوں کے رحم وترس کی ضرورت ہے، ہمیں انسانیت پر ترس کھا کر ان کی اندھیری اندھیاری کو ایمان واسلام کی شمع جلا کر روشن کرنے کو اپنا مقصد سمجھنا چاہئے۔

مولانا احمد اواہ ندوی

احمد اواہ : السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

رضوان احمد : وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

سوال: رضوان صاحب آپ خیریت سے ہیں، سفر میں آپ کو کچھ پریشانی تو نہیں ہوئی

جواب: الحمدللہ بہت اچھا سفر رہا، پھلت آکر تو مجھے سفر کی تھکان کا احساس بھی نہیں رہا، اللہ کا شکر ہے اللہ تعالی نے پھلت دکھا دیا، حضرت مولانا کلیم صاحب سے ملاقات ہوگئی اور خوب اطمینان کی ملاقات ہوگئی اور میرے دونوں نئے بھائیوں کی بھی ملاقات ہوگئی، مولانا صاحب بھی خوب خوش ہوئے بار بار گلے لگایا اور خوشی سے ان کی آنکھوں میں آنسو آگئے۔

سوال: اصل میں ابی نے ہی مجھے آپ کے پاس گھر سے بھیجا ہے کہ رضوان صاحب کو تھوڑی دیر میں ہی گھر جانا ہے، میں آپ سے انٹرویو لوں، ہمارے یہاں پھلت سے ایک اردو میگزین نکلتا ہے جس کا مقصد مسلمانوں میں دعوتی شعور پیدا کرنا ہے اس کے لئے

آپ سے کچھ باتیں کرنا چاہتا ہوں۔

جواب: ضرور کیجئے ابھی مولانا صاحب مجھے حکم کر گئے ہیں کہ میں احمد میاں کو بھیج رہا ہوں آپ ذرا ان سے بات کیجئے تا کہ آپ پر اللہ کی رحمت وہدایت کی کہانی لاکھوں لوگوں تک پہنچے اور پھر دوسروں کی ہدایت کا ذریعہ بنے اور ہمارے اور آپ کے حصہ میں ثواب آئے، آپ حکم کیجئے کہ میں کیا بتاؤں۔

سوال: آپ پہلے اپنا خاندانی تعارف کرائیے۔

جواب: میں بنارس کے ایک برہمن خاندان میں ۳ رجنوری ۱۹۵۹ء میں پیدا ہوا، میرے والد صاحب نے میرا نام راجن رکھا، ابتدائی تعلیم محلہ کے اسکول میں ہوئی اور بعد میں بی کام تک کئی کالجوں میں تعلیم حاصل کی، میرے والد صاحب شری سرجن کمار جی بھی پرانے زمانہ کے گریجویٹ تھے اور نائب تحصیلدار سے ریٹائرڈ ہوئے، وہ بڑے صاف گو آدمی ہیں، اس لئے افسروں سے نہیں بنی اس لئے نوکری میں پریشانیاں اٹھاتے رہے، میں نے بی کام کے بعد تجارت شروع کی شروع میں کار نتشں کی بزنس کی، ایک کے بعد ایک کئی کام بدلے، پھر ایک دوست کے ساتھ گوا چلا گیا، وہاں پر کپڑے کی تجارت الحمد للہ سٹ ہوگئی، میری شادی الہ آباد کے اچھے گھرانے میں ہوئی، میرے خسر مغل سرائے میں جج ہیں، میری بیوی پوسٹ گریجویٹ ہے، ایک بیٹا اور دو بیٹیاں ہیں، بڑے بیٹے کو بھی ایک دوکان کرا دی ہے اور ہمارا خاندان اب گوا میں سٹ ہو گیا ہے۔

سوال: اپنے قبول اسلام کے بارے میں بتائیے۔

جواب: مولانا احمد صاحب! میرا قبول اسلام اپنے بہت گندے بندے پر رحیم وکریم اور ہادی خدا کی رحمت کی نشانی ہے، میرے اللہ کے قربان جاؤں کہ کیسے برے کے لئے ہدایت بھیج دی، میں حیرت میں ہوں بس اللہ تو اللہ ہی ہے، اس کی شان کو کون سمجھ سکتا ہے۔

سوال آپ کا واقعہ ابی نے بھی گھر میں بتایا تھا اس نے مجھے اور بھی دلچسپی ہوگئی ہے کہ آپ کی زبانی سنوں؟

سوال : احمد جنوری ۲۰۰۰ء میں مجھے تجارت میں کئی جگہ سے لاکھوں روپے کا نقصان ہوگیا ایک دو میرے کسٹمر دوکان بند کرکے فرار ہوگئے اور کئی طرح کے حادثات ہوگئے، میں بہت پریشان ہوا میرے دوستوں نے مشورہ دیا کہ مجھے ٹریڈنگ کرنی چاہئے، ایک خاکہ بنا کر دہلی اور لدھیانہ، مال کا سروے کرنے کے لئے سفر کا ارادہ کیا، ہم لوگ سناتن دھرم سے تعلق رکھتے تھے گھر میں شیو جی اور ہنومان کی مورتیاں رکھی تھیں، یوں تو پہلے بھی ان کی پوجا کرتے ہوئے دل میں آتا تھا کہ یہ مورتیاں جو مردہ ہیں یہ پوجنے کے لائق نہیں مگر تجارت کے نقصان در نقصان نے مجھے اور بھی ان مورتیوں سے دور کر دیا، اس سفر پر جانے سے پہلے میرے دل میں آیا کہ ان بھگوانوں کی وجہ سے ہی ہمارے گھر میں نحوست آرہی ہے جتنی ہم ان کی پوجا کرتے ہیں نقصان زیادہ ہوتا ہے میں نے دو دونوں مورتیاں اور تصویریں لے کر نوندی میں ڈال کر ان کی پوجا بند کرکے خدا کو یاد کیا اور دعا کی: ہے سرو یاپی، سرو شکتی مان مالک! میں اب سے آپ کو پوجوں گا اور آپ میرے اس سفر میں ایسا نفع مجھے پہنچا دیں جو سنسار کا سب سے بڑا نفع ہو اور اب مجھے سدا کے لئے نقصان سے بچا دیں، رات کا ریزرویشن تھا احمد بھائی میں بیان نہیں کر سکتا، ایسا کرنے سے مجھے ایسا لگا کہ میں نے کاندھوں کا بوجھ اتار دیا، میں نے ٹرین سے سفر کیا، دہلی پہنچا دہلی میں مجھے بہت اچھا رسپونس ملا ٹریڈنگ کی کئی لائنیں سامنے آگئیں، مجھے ویلکس ایکسپریس سے لدھیانہ جانا تھا، دہلی سے ٹرین میں سوار ہوا میں نے محسوس کیا کہ جس سیٹ پر میرا ریزرویشن تھا اس میں خوشبو آرہی ہے، خوشبو مجھے اتنی اچھی لگ رہی تھی کہ میں بیان نہیں کر سکتا میرے دل و دماغ میں وہ خوشبو بس سی گئی، اندر سے میرا دل کہتا تھا کہ یہ خوشبو کسی

خوشی کی خوشبو ہے خیال تھا کہ کوئی بڑے لوگ اس سیٹ پر سوار ہوئے ہوں گے ان کی خوشبو گاڑی میں بس گئی ہے، مجھے معلوم نہیں تھا کہ اصل میں یہ ہدایت کی خوشبو ہے، پانی پت گاڑی پہونچی تو مجھے سستی و تکان سی محسوس ہوئی۔ میں نے ساتھ کی سواریوں سے اجازت لے کر درمیان کی سیٹ کھولی، سیٹ کی پاکٹ میں موبائل رکھنا چاہا تو دیکھا اس میں ایک کتاب رکھی ہے، کتاب نکالی، کتاب کا نام تھا ''آپ کی امانت آپ کی سیوا میں'' یہ کتاب ہندی میں تھی اور ممبئی میں چھپی تھی، مجھے کتاب کا نام بڑا اچھا لگا۔ لیٹے لیٹے کتاب کھولی دو شبد پڑھے کتاب چھوڑنے کو دل نہ چاہا، اور سو بھول کر پوری کتاب پڑھ گیا، میری نیند اڑ گئی، سستی و تکان جیسے تھا ہی نہیں، میری زندگی جاگتی سی محسوس ہوئی، میں سیٹ بند کر کے نیچے اتر آیا کتاب ایک بار اور پڑھی، دو بار میں دل نہ بھرا تو تیسری بار پڑھی اصل میں لا الہ تو میرے اللہ نے میرے گھر پر تجارت کے اندر نقصان ہونے سے پڑھوا دیا تھا، محمد رسول اللہ کی رہنمائی میں الا اللہ اس ہدایت کی خوشبو نے پڑھا دیا، گویا میں اندر سے مسلمان ہو گیا تھا۔

گاڑی راجپورہ سے آگے نکل گئی تھی اب مجھے اس کتاب کے لکھنے والے مولانا کلیم صدیقی سے ملاقات کا شوق پیدا ہوا، میں نے کتاب میں ان کا پتہ دیکھنا چاہا مگر ان کا نام اور پھلت صرف لکھا تھا اور ممبئی سے ایک چھپوانے والے کا نام، میں لدھیانہ سے واپس ہوا اور تجارتی لحاظ سے سفر بہت کامیاب رہا، لدھیانہ میں بھی میں نے ایک مسجد کو دیکھ کر اس میں جانا چاہا مگر معلوم ہوا کہ یہ ۴۷ء سے پہلے یہ مسجد تھی اب یہ کسی پنجابی کا گھر ہے، مجھے بے چینی تھی کہ میں اندر سے مسلمان ہو گیا ہوں، باہر سے کس طرح سے مسلمان بنوں، گوا پہنچ کر میں سیدھے ایک مسجد گیا وہاں کے مولانا صاحب سے میری ملاقات ہوئی مولانا صاحب نے مجھے دوسرے مفتی صاحب کے پاس بھیجا وہ میرٹھ کے رہنے والے تھے انہوں نے مجھے کلمہ پڑھوایا وہ مولانا کلیم صاحب کو اچھی طرح جانتے تھے، انہوں نے مجھے ان کا پتہ

لکھوالیا اور مجھ سے وعدہ کیا کہ فون نمبر لیکر مجھے دے دیں گے، انھوں نے فون نمبر حاصل کیا مگر وہ نمبر سیکڑوں بار کی کوشش کے باوجود نہیں لگ پایا، میں جب وقت ملتا ان کے پاس دین سیکھنے جاتا، میں نے قاعدہ پڑھا اور پھر چھ مہینے میں قرآن مجید بھی پڑھ لیا اور تھوڑی تھوڑی اردو بھی پڑھی اور دو تین بار دس دن کی جماعت میں بھی گیا۔

س: ممبئی بھی آپ آنے تھے، آپ کو ابی کی ممبئی آمد کی خبر کیسے پہونچی؟

ج: مجھے مفتی عادل صاحب میرٹھی نے بتایا کہ ممبئی میں دعوت کا کیمپ لگ رہا ہے اور مولانا محمد کلیم صاحب وہاں آرہے ہیں، میں نے فوراً وہاں کا پروگرام بنایا، مرکز المعارف کا پتہ معلوم کرنے میں مجھے پورا دن لگ گیا اور رات میں وہاں پہنچا، وہاں پر کیمپ کا اختتامی اجلاس ہو رہا تھا، پروگرام کے بعد مولانا صاحب سے ملاقات ہوئی میں بیان نہیں کرسکتا کہ مولانا صاحب سے مل کر میں کتنا خوش ہوا، میں نے مولانا صاحب سے ایک بار ایمان کی تجدید کرانے کی درخواست کی، مولانا صاحب نے کہا ہم بھی کو بار بار ایمان کی تجدید کرتے رہنا چاہیے بلکہ پڑھوایا اور بتایا کہ ممبئی کا سفر ہوا تھا ایک دوست نے آپ کی امانت مجھے دی تھی جو انھوں نے چھپوائی تھی وہ انھوں نے ہی شیروانی جیب میں رکھ دی تھی اور رات کو ٹرین میں سونے لگے، شیروانی نکالی تو اس میں سے نکال کر سیٹ کی جیب میں رکھ دی تھی، صبح کو ساتھیوں کے بیٹھنے کی وجہ سے سیٹ کھول دی اور وہ سیٹ کے پیچھے دب گئی، مولانا صاحب نے بتایا کہ میں جب اسٹیشن سے اترا تو مجھے یاد بھی آیا مگر اچانک میرے دل میں آیا کہ کیا خبر کوئی مسافر پڑھ لے اور اس کی ہدایت کا ذریعہ بن جائے اس لئے وہیں چھوڑ دی، میں نے مولانا صاحب سے کہا کہ مفتی صاحب نے میرا نام رکھ دیا ہے مگر میری خواہش ہے کہ آپ میرا نام رکھیں، انھوں نے میرا نام معلوم کیا میں نے راجن بتایا تو مولانا صاحب نے کہا رضوان احمد آپ کا نام رکھتے ہیں، رضوان کے معنی ہیں اللہ کی رضا اور رضوان جنت

کے وارونہ کا نام بھی ہے، مجھے رضوان نام بہت اچھا لگا، اس کے معنی کی وجہ بھی اور اس لئے کہ مولانا صاحب نے رکھا ہے۔

سوال: آپ کے گھر والوں کا کیا ہوا؟ آپ نے گھر پر بتادیا؟

جواب: سب سے پہلے میں نے اپنی بیوی سے سارا حال بتایا ایک بار اس کو آپ کی امانت پڑھ کر سنائی وہ بولی بھی کہ میں پڑھی لکھی ہوں میں خود پڑھلوں گی مگر میں نے کہا ایک بار میری زبان سے سن لو مجھے تم سے محبت ہے اس محبت کا حق ادا کرنے کے لئے یہ بتانا چاہتا ہوں، پھر میں نے ان کو پڑھنے کے لئے وہی اس کے بعد "مرنے کے بعد کیا ہوگا؟" اور "اسلام کیا ہے؟" ان کو پڑھوائی ایک رات کو میں نے ان سے اپنی مجبوری بتائی کہ اسلام میرے روئیں روئیں میں بس گیا ہے اب یہ تو نہیں ہوسکتا کہ اسلام سے پھر جاؤں، اس لئے میں مکمل کر مسلمان بننا چاہتا ہوں اب صرف اس حال میں تم میرے ساتھ رہ سکتی ہو جب تم مسلمان ہو جاؤ اور اگر تم مسلمان نہیں ہوتی ہو تو میرے لئے اسلام کے قانون سے تم اجنبی عورت ہو جس کے ساتھ رہنا تو در کنار تم سے بات کرنا بھی میرے لئے پاپ (گناہ) ہے، اب کل تمہارے لئے سوچنے کا آخری دن ہے، اگر تم مسلمان نہیں ہو پاتی ہو اور اتنی سچائی سمجھ جانے کے بعد اسے قبول نہیں کرتی ہو تو میں یہ تو نہیں کروں گا کہ تمہیں گھر سے نکال دوں میں اتنا ضرور کروں گا کہ تمہارے گھر کو چھوڑ دوں گا، پھر چاہے کہیں رہوں، وہ یہ سن کر رونے لگی اور بولی رشتے داروں اور سماج سے کیسے لڑیں گے ایسے دھارمک (مذہبی) پریوار ہم دونوں کے ہیں، میں نے کہا کہ کل آخرت میں اللہ سے لڑائی مول لینا زیادہ خطرناک ہے یا پریوار سے؟ اگر اللہ کے لئے ہم اس کو مانیں گے تو پریوار کو بھی ہمارے ساتھ کردے گا، رات کے ایک بجے تک میں انہیں سمجھاتا رہا ایک بج کر منٹ پر وہ تیار ہوگئیں اور انہوں نے کلمہ پڑھا، اگلے روز مفتی صاحب کے یہاں جا کر ہم نے دوبارہ نکاح کرلیا، بیوی کے مسلمان

ہوجانے کے بعد بچوں پر کام آسان ہوا، میرا بیٹا تو مسلمانوں سے ہی دوستی رکھتا ہے، وہ بہت آسانی سے مسلمان ہوگیا، بڑی بیٹی نے چند دن لگائے، میرے اللہ کا کرم ہے، اب میرا خاندان تو پورا مسلمان ہے، میں نے اپنے بیٹے کو جماعت میں ایک چلہ بھی لگوا دیا ہے۔

ممبئی میں ملاقات پر مولانا صاحب نے پھلت آنے کو کہا تھا، مجھے پھلت دیکھنے کا بہت شوق تھا، جس انسان کی خوشبو نے میرے دل ودماغ کو ہدایت سے معطر کردیا اس کا گھر میرے لئے دنیا میں جنت کی طرح تھا، اللہ کے لئے محبت میں سفر کی برکت میرے اللہ نے سفر میں دکھا دی، میں نے "آپ کی امانت" کو ہمیں ایک ہزار چھپوائی ہے، میرے یہ دو ساتھی جو میرے ساتھ آئے ہیں ان میں سے یہ ایک میرا دوست ہے جو بنارس کا رہنے والا ہے اور میرے گوا میں آنے کے بعد سے وہ بھی گوا میں رہنے لگا ہے اور انہوں نے وہیں پر بیکری کھول لی ہے، یہ گوئل خاندان سے لالہ ہیں، ان سے میں تقریباً آٹھ مہینے سے بات کررہا تھا اور ان کو اسلام کی دعوت دے رہا تھا، کسی طرح میں نے ان کو پھلت کا سفر کرنے کے لئے تیار کرلیا، ہم دونوں گوا ایکسپریس سے سفر کررہے تھے، ہمارے ساتھ میں یہ تیسرے صاحب جو اعظم گڈھ کے رہنے والے ہیں ساتھ میں سفر کررہے تھے، تعارف ہوا تو یو پی کے تھے، اپنی طرف کی بات چیت ہونے لگی، یہ گورنمنٹ انٹر کالج میں لیکچرار ہیں، میں نے ان کو آپ کی امانت کتاب پڑھنے کیلئے دی، یہ بہت متاثر ہوئے رات بھر باتیں ہوتی رہیں، متھرا آکر یہ کلمہ پڑھنے کے لئے تیار ہوگئے، میں نے ان کو کلمہ پڑھوایا تو میرے دوست اگل کمار بھی تیار ہوگئے اور متھرا اسٹیشن ہی انہوں نے کلمہ پڑھا، گاڑی بیس منٹ متھرا اسٹیشن رکی تھی، گاڑی چلی تو میں نے ان دونوں سے کہا کہ اللہ کا کیسا کرم ہے کہ آپ دونوں متھرا اسٹیشن شرک وکفر کو چھوڑ رہے ہیں، یہاں کی چیز یہاں ہی چھوڑ دینا اچھا ہے۔

سوال: کیا آپ نے اور بھی دعوت کا کچھ کام گھر والوں پر اور جاننے والوں پر کرنے

کی سوچی ہے؟

جواب: ممبئی میں مولانا صاحب سے ملاقات سے پہلے تو گھر کے تینوں بچوں اور دوست دل کمار کے علاوہ کسی پر کام نہیں کیا مگر ممبئی میں مولانا صاحب نے بہت فکر دلائی اب ملاقات ہوئی ساتھ بھر کی سفر کی روداد مولانا صاحب نے سنی بہت خوش ہوئے، کئی بار کھڑے ہو کر گلے لگایا خوشی سے رونے لگے، ہاں یہ بھی کہا کہ آپ نے اپنے دوستوں سے متھرا میں یہ ٹھیک نہیں کہا کہ شرک وکفر متھرا کی چیز ہے، متھرا بھی اللہ کی زمین ہی میں ہے، یہاں پر بسنے والے سب اللہ کے بندے ہمارے رسول ﷺ کے امتی اور ہمارے باپ حضرت آدمؑ کی اولاد وہ ہمارے خونی رشتہ کے بھائی ہیں ان کے ماں باپ بھی ایمان وتوحید ہے، شرک یہاں کی چیز نہیں، یہاں کے لوگوں کی بیماری ہے، اب آپ مسلمان ہو گئے تو آپ داعی ہیں اور داعی کی حیثیت طبیب اور ڈاکٹر کی ہے، وہ کسی جگہ بیماری چھوڑتا نہیں بلکہ ہر بیماری کی فکر کرتا ہے۔

سوال: آپ کے گھر والوں کو آپ کے اسلام کا علم ہو گیا؟

جواب: ہم نے خسر صاحب کو بلایا تھا اور ہم دونوں نے صاف ان کو بتا دیا اور ان کو دعوت بھی دی۔

سوال: وہ ناراض تو نہیں ہوئے۔

جواب: وہ بہت ٹھنڈے مزاج کے آدمی ہیں انہوں نے کہا آج نیا دور ہے دھرم اپنا ذاتی معاملہ ہے اس کے لئے ہمیں زیادہ سخت نہیں ہونا چاہئے، البتہ یہ ضرور ہے کہ سوچ سمجھ کر فیصلہ کرنا چاہئے اور جو فیصلہ کرو بس اس پر جمو، کبھی ادھر کبھی ادھر یا آدھا ادھر آدھا ادھر یہ ٹھیک نہیں، مجھے امید ہے کہ وہ ضرور اسلام لے آئیں گے، انشاء اللہ، مولانا صاحب نے ہم سے کہا کہ تہجد میں ان کیلئے اور سب خاندان والوں کے لئے دعا کرنی ہے ماشاء اللہ ہم دعا کریں گے۔ میرے اللہ میرے خاندان والوں کو ضرور ہدایت دیں گے۔

س: ان دونوں کے نام بھی رکھ دیئے یا نہیں۔

ج: اس گنہگار کا نام تو مولانا صاحب نے محمد عادل رکھا ہے اور رمیش چندر جی کا رئیس احمد، ان کو دہلی میں اترنا تھا مگر ان کی خواہش ہوئی کہ ہم بھی پھلت چلیں گے تینوں نے مرتے دم تک اللہ کے لئے ساتھ ساتھ دعوت کا کام کرنے کا مولانا صاحب کے سامنے عہد کیا ہے، اللہ تعالیٰ اس پر ہمیں قائم رکھے۔

س: کوئی پیغام ارمغان کے قارئین کیلئے آپ دیں گے؟

ج: اس وقت پوری دنیا بقول ہمارے کلیم مولانا صدیقی صاحب کے، اسلام کی پیاس میں اس طرح لائن میں لگی ہے، جیسے گاؤں اور قصبوں میں لوگ راشن کی دکان پر مٹی کے تیل کے لئے لگے رہتے ہیں، کہ یہ لیٹر دو لیٹر تیل ان کی جھونپڑیوں اور کچے مکانوں میں روشنی کر دے گا، اسی طرح دل و دماغ کی اندھیری کوٹھریوں کو مسلمان داعیوں کے رحم و ترس کی ضرورت ہے، ہمیں انسانیت پر ترس کھا کر ان کی اندر کی اندھیاری کو ایمان و اسلام کی شمع جلا کر روشن کرنے کو اپنا مقصد سمجھنا چاہئے۔

س: بہت شکریہ رضوان بھائی۔

ج: آپ کا شکریہ مولانا احمد صاحب آپ نے مجھے ایک اچھے کام میں شریک کیا اور اس قابل سمجھا، السلام علیکم ورحمۃ اللہ

س: وعلیکم السلام، استودع اللہ دینکم وامانتکم وخواتیم اعمالکم یہ ہمارے نبی ﷺ نے ہمیں رخصت ہوتے وقت دعا بتائی ہے، اس کا ترجمہ یہ ہے: میں تمہارے دین، امانت اور خاتمہ اعمال کو اللہ کے سپرد کرتا ہوں اور رخصت ہوتا ہوں۔

ج: کیسی پیاری دعا ہے، ہمارے لئے واقعی ایسی ہی دعا کی ضرورت ہے۔

مستفاد از ماہنامہ ارمغان فروری ۲۰۰۸ء

ایک عاشق رسول جناب محمد احمد (رام کرشن شرما) سے ایک ملاقات

> اصل میں مجھے یہ خیال ہوا کہ اللہ کے نبی ﷺ کی سب سے بڑی سنت دعوت ہے اس کے لئے آپ ﷺ قرآن مجید پڑھ کر سناتے تھے اور آپ حافظ قرآن تھے، تو مجھے خیال ہوا کہ ہمارے نبی ﷺ کی اس سنت سے میں محروم کیوں رہوں؟ جب کہ میرے اللہ نے مجھے اتنا اچھا ذہن دیا ہے اس لئے میں نے حفظ شروع کیا، اللہ کا شکر ہے کہ تین مہینے میں سولہ پارے حفظ کر لئے ہیں، اب مجھے بس قرآن مجید حفظ کرنے کی دھن ہے اس لئے سب سے زیادہ وقت میں قرآن مجید حفظ کرنے میں لگا رہا ہوں۔

مولانا احمد اواہ ندوی

احمد اواہ　:　السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ

محمد احمد　:　وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ

سوال: بھائی محمد احمد صاحب، بہت خوشی ہوئی آپ آگئے، ابی آپ کا ذکر کر رہے تھے اور مجھ سے چھ مہینے پہلے آپ کا انٹرویو لینے کے لئے فرمارہے تھے اور یہ بھی فرمایا تھا کہ ان کا انٹرویو ربیع الاول میں شائع کرواؤں حسن اتفاق ہے کہ آپ ایسے وقت میں ہمارے یہاں تشریف لائے کہ ربیع الاول کے شمارہ کی تیاری چل رہی ہے۔

جواب: کل میں جماعت میں وقت لگا کر نظام الدین واپس آیا، حضرت کو فون کیا تو خوشی ہوئی کہ دہلی تشریف رکھتے ہیں سلطان ہاؤس میں پروگرام بھی تھا، الحمد للہ اس میں شرکت ہوگئی اور ملاقات بھی ہوگئی، حضرت تو ابھی لوگوں سے ملاقات کر رہے ہیں مجھے حکم دیا کہ میں آپ کے پاس پہنچوں اور ارمغان کیلئے انٹرویو دوں، فرمایئے اب میرے لئے

کیا حکم ہے۔

سوال: آپ اپنا خاندانی تعارف کرائیے؟

جواب: میں ۱۲؍جنوری ۱۹۲۵ء میں ہریدوار میں ایک پنڈت خاندان میں پیدا ہوا میرے والد ایک بڑے مہنت تھے ان کا نام کیشو رام شرما جی تھا، میرا نام انھوں نے رام کرشن شرما رکھا، میرے خاندان میں ایک بڑے ہندو مذہب کے بڑے گیانی (بڑے عالم) پنڈت شری رام شرما جی ہوئے ہیں، وہ گایتری سماج کے ایک طرح فاؤنڈر (بانی) تھے، شانتی کنج ہریدوار میں ان کا آشرم تھا، ہندو مذہب سے ذرا واقفیت رکھنے والا ان کا نام ضرور جانتا ہوگا، ہمارے دور کے رشتے سے دادا ہوتے تھے، حضرت نے مجھے بتایا کہ انھوں نے مولانا شمس نوید عثمانی کے ہاتھ پر کلمہ پڑھ لیا تھا، مجھے سو فیصد یقین ہے کہ وہ ضرور مسلمان ہو گئے ہوں گے، وہ بہت حق پرست آدمی تھے ہمیں تو یہ معلوم ہے کہ انھوں نے مرنے سے پہلے سمادھی لے لی تھی، ان کے مرنے پر لوگوں نے بتایا کہ ان کا پورا جسم نیلا ہو گیا تھا، مولانا صاحب نے بتایا کہ ان کے شاگردوں نے ان کو زہر دے دیا تھا۔

ہمارا خاندان آریہ سماجی رہا ہے شروع کی تعلیم میری ایک سرسوتی اسکول میں ہوئی بعد میں ہریدوار گروکل میں میں نے داخلہ لیا، ہندی سنسکرت بہت اچھی طرح سیکھی، ویدوں کو پڑھا بعد میں دو سال کے لئے اعلی تعلیم کے لئے گروکل میں رہا، میں نے پورے گروکل کو ٹاپ کیا اس کے بعد دہلی کے قریب ایک بڑے گروکل میں سنسکرت کا استاذ ہو گیا میرے مضامین شانتی کنج کی میگزینوں اور ہندی کی دوسری مذہبی میگزینوں میں شائع ہوئے۔

سوال: اپنے قبول اسلام کے بارے میں بتائیے؟

جواب: میں دہلی گروکل میں پڑھا رہا تھا وہاں پر دو مسلمان شدھی ہو کر آئے تھے ان میں سے ایک سہارنپور ضلع کا بدنصیب اور بدبخت جوان تھا جس نے اپنا نام محمد طیب کی جگہ

شیو پرشاد رکھا تھا، وہ دارالعلوم دیوبند سے دو سال قرأت کا کورس کر کے اپنے کو صہیب محمد
طیب قاسمی لکھا کرتا تھا اور دوسرا بہار کا ایک مزدور، جاہل، ادھیڑ عمر کا آدمی جو جاوید اختر سے
مرتد ہو گیا تھا، ایک نوجوان مولانا جن کا نام شمس الدین ندوی تھا، لکھنؤ سے پڑھے ہوئے
تھے، ان کو کسی نے ان دونوں کے مرتد ہونے کے بارے میں بتایا، وہ سونی پت حضرت مولانا
کلیم صاحب کے پاس گئے، مولانا صاحب نے گروکل جا کر ان کو سمجھانے کے لئے کہا اور
بڑی فکرمندی کا اظہار کیا، وہ تین دفعہ وہ ہمارے یہاں آئے، میں نے ان کو بار بار آتے
دیکھا تو شیو پرشاد سے وجہ معلوم کی، اس نے مجھ سے کہا یہ مجھے واپس مسلمان بننے کے
لئے کہہ رہے ہیں، آپ ان سے بات کر لیں اور اسلام میں تو کچھ ہے نہیں، میں نے ان کو
بلایا ہے آپ ان سے بات کریں تو اچھا ہے، یہ بھی ہندو ہو سکتے ہیں، اگر یہ ہندو ہو گئے تو
بہت کام کے ہندو ثابت ہوں گے۔

احمد بھائی جب بھی میں اس کمینے بدبخت شیو پرشاد سے بات کرتا تو وہ ہمارے
پیارے نبی، کروڑوں درود وسلام ہوں آپ پر اور اللہ کی رحمتیں، بہت ہی برے الزامات
لگاتا تھا خاص کر ان کے پریوارک جیون (معاشرتی زندگی) کے بارے میں بڑی گھناؤنی
باتیں کرتا تھا، اصل بات یہ ہے احمد بھائی، یہ باتیں مجھے اس وقت بھی بری لگتی تھیں، ایک
ہفتہ کے بعد شمس الدین صاحب آئے معلوم ہوا کہ وہ تو مولوی ہیں، ان سے میں نے بات
کی تو انھوں نے حضرت مولانا کلیم صاحب سے ملنے کا مشورہ دیا اور بڑی نرمی سے کہا کہ وہ
ہمارے بڑے ہیں اور بڑے حق پرست آدمی ہیں آپ ان کو اگر سمجھا سکیں تو ہم آپ کے
ساتھ ہیں، اس طرح انھوں نے کوشش کر کے میری ملاقات ان سے امرتسر ہائی وے پر
رسولی گاؤں کی مسجد میں طے کرائی، میں اپنے ایک دو ساتھیوں کو لے کر وہاں پہنچا
مولانا صاحب بہت اخلاق سے ملے اور جب میں نے ان کو ویدک دھرم میں آنے کی

دعوت دی اور ان سے کہا ویدک دھرم سب سے بڑا مذہب ہے اور ہمارے پوروجوں یعنی ہندوؤں کا مذہب ہے، اگر ہمارے لئے مالک کو اسلام پسند ہوتا تو ہمیں بھارت میں پیدا نہ کرتے، یہاں کے حالات کے لحاظ سے ویدک مذہب ہی مناسب ہے، اور پھر میں نے شیو پرشاد سے پیارے نبی کی شان میں جو باتیں سنی تھیں ان میں سے کچھ دہرائیں، مولانا صاحب نے ڈائری میں سے اپنا بیگ منگوایا اور چھوٹی سی کتاب ہندی میں "اسلام کے پیغمبر حضرت محمد" (ﷺ) پروفیسر کے ایس راما راؤ کی نکال کر مجھے دی اور مجھے بتایا کہ یہ ایک ہندو بھائی کی لکھی ہوئی کتاب ہے، میری درخواست ہے کہ آپ اس کو پڑھیں، اس کی بات ہے کہ آپ اسلام اور مسلمانوں کے پیغمبر سمجھ کر اس کو نہ پڑھیں، حضرت محمد ﷺ کے فرمان حدیث اور قرآن میں ایک شبد بھی ایسا نہیں ملتا جس سے یہ معلوم ہوتا ہو کہ حضرت محمد ﷺ مسلمانوں کے پیغمبر ہیں، بلکہ وہ پوری انسانیت کے لئے اللہ کے انتم سندیشٹا (آخری رسول) ہیں۔

آپ جب اس کتاب کو دو تین بار پڑھ لیں پھر آپ کے پاس میں خود ہی گرکل آشرم میں آؤں گا، مولانا صاحب کو ایک سفر کی جلدی تھی آدھا گھنٹہ کی ملاقات کے بعد میں چلا آیا، میں نے جا کر اس کتاب کو پڑھا، ایک دفعہ کتاب کو پڑھ کر مجھے ایسا لگا کہ حضرت محمد ﷺ پوری انسانیت کے نہیں بلکہ صرف میرے رسول ہیں، مگر گرکل کا ماحول اور میرا خاندان اور اس کی ہندو مذہب کے لئے عقیدت مجھے مجبور کرنے لگی، میں نے اس کتاب کو چھت پر پھینک دیا، اور پھر حضرت محمد ﷺ پر جو مخالفت میں لکھی گئی کتابیں تھیں ان کو پڑھنے کا خیال ہوا، تاکہ جو محبت اس کتاب کی وجہ سے ہمارے نبی ﷺ سے مجھے ہو گئی تھی اس کا جادو کچھ ختم ہو، میں نے شیو پرشاد سے مشورہ کیا، اس نے کہا کہ غیر مسلموں کی کتابوں کی ضرورت نہیں بلکہ خود بعض نام نہاد مسلمانوں نے ان کے خلاف کتابیں لکھی ہیں اور تسلیمہ

تسلیمہ نسرین اور سلمان رشدی کی کتابوں کا ذکر کیا۔ میں نے ان سے کتابیں لانے کے لئے کہا، وہ بھی ہندو جاننے کسی جاننے والے سے ان دونوں کی چار کتابیں لاکر دیں، میں نے ان چاروں کتابوں کو پڑھا، مگر رادھا کرشنا راؤ کی چھوٹی سی کتاب جو سچائی سے بھری تھی، اس نے جو اثر مجھ پر چھوڑا تھا ان چار نفرت اور جھوٹ سے بھری ہوئی کتابوں نے اس کا اثر کچھ کم نہیں کیا، بلکہ پیارے نبی کے کردار کی سچائی مجھے اور دکھائی دینے لگی اور میرے دل میں یہ خیال آیا کہ تسلیمہ نسرین اور سلمان رشدی خدا کی طرف سے دھتکارے ہوئے لوگ ہیں جن پر بدبختی کی مار پڑی ہے کہ انھوں نے اپنے قلم کو ایسے محسن کے خلاف استعمال کیا ہے، ایک رات میں سویا تو میں نے اپنے دادا جن کو ہم ہندوستان کی زبان میں دیوتا سے کم نہیں سمجھتے، پنڈت سری رام شرما جی کو خواب میں دیکھا بولے پیارے بیٹے تو کہاں بھٹک گیا ہے، حضرت محمد ﷺ ہمارے دورا شٹس ہی تو ہیں جن کو کلکی اوتار بھی کہا گیا ہے، ان کو مانے اور ان کی مانے بنا مکتی (نجات) ہو ہی نہیں سکتی، میری مکتی بھی ان کا کلمہ پڑھ کر ہی ہوئی۔ یہ جھوٹ کفر چھوڑ دے، مولانا کلیم کے پاس جا اور حضرت محمد ﷺ کا کلمہ پڑھ لے اور جلدی کر، دیر مت کر۔

میری آنکھ کھلی تو میرے دل کا حال عجیب تھا، پیارے نبی ﷺ کی محبت میں میں مجنوں ہوا جاتا تھا، اپنی تسکین کے لئے اس کتاب کو دوبارہ پڑھنے کے لئے صبح چار بجے میں چھت پر چڑھا، رات میں بڑی بارش ہوئی تھی، وہ کتاب بالکل بھیگ گئی تھی، میں نے اس کو اٹھایا، آنکھوں سے لگایا، چوما، نیچے اترا، کچھ کاغذ جلا کے کتاب کو سکھایا اور پڑھنا شروع کیا، مجھے بہت رونا آیا، کچھ دیر تک روتا رہا اور روتے روتے سو گیا تو میں نے خواب میں حضرت مولانا کلیم صاحب کو دیکھا، کہہ رہے ہیں پنڈت رام کرشن جی چلئے آپ کو آپ کے رسول ﷺ سے ملوا دوں، میں نے کہا میں اسی لئے آپ کے پاس آیا ہوں، وہ مجھے لے کر ایک

مسجد میں گئے، وہاں تکیہ لگائے ہمارے پیارے نبی ﷺ تشریف فرما تھے، اتنا خوبصورت چہرہ واحمد بھائی میں بیان نہیں کر سکتا، کیسا حلیہ تھا، میں جا کر قدموں سے چمٹ گیا، آپ نے مجھے بیٹھے بیٹھے گلے لگایا اور کچھ پیار بھرے الفاظ فرمائے، جو مجھے یاد نہیں رہے، میری آنکھ کھل گئی، صبح ہوئی تو میں نے پھلت جانے کی سوچی، مجھے پتہ معلوم نہیں تھا، پہلے میں سونی پت عیدگاہ گیا، وہاں ایک ماسٹر صاحب نے مجھے پھلت کا پتہ بتایا، شام تک پھلت پہنچا، مولانا صاحب موجود نہیں، وہاں مجھے ایک صاحب ماسٹر اسلام جی نے، جو خود گڑھ مکتیشور کے اودھت آشرم چلانے والے مہاراج کے بیٹے تھے، ان کے والد کا بھی مسلمان ہو کر گڑھ مکتیشور چھوڑ کر پھلت میں انتقال ہوا تھا، "آپ کی امانت آپ کی سیوا میں" کتاب دی، جو میں نے کئی بار پڑھی، تیسرے روز ۲۰۰۰ء کی ۱۳ اپریل تھی، مولانا صاحب دوپہر کے بعد آگئے، آپ کی امانت نے مجھے مسلمان تو کر ہی دیا تھا، مولانا صاحب نے مجھے کلمہ پڑھوایا، میں نے مولانا صاحب سے کہا، کیا کوئی مسلمان پیارے نبی کے نام پر بھی اپنا نام رکھ سکتا ہے، مولانا صاحب نے کہا ضرور! آپ کا نام میں محمد احمد ہی رکھتا ہوں۔

سوال: اس کے بعد کیا ہوا؟

جواب: مولانا صاحب نے مجھے قبول اسلام کی قانونی کارروائی پوری کرنے کا مشورہ دیا، اس کے بعد مجھے ۴۰ روز کی جماعت میں مرکز سے بھیج دیا، میرا چلہ بھوپال میں لگا، الحمد للہ نماز وغیرہ میں نے یاد کر لی، ایک چلہ میں دس بار مجھے پیارے نبی ﷺ کی زیارت ہوئی۔

سوال: گروکل آشرم والوں نے آپ کو تلاش نہیں کیا؟

جواب: انھوں نے مجھے تلاش کیا ہوگا، مگر مولانا صاحب نے جماعت سے آنے کے بعد گروکل جا کر کام کرنے کا مشورہ دیا، میں نے شیو پرشاد کو واپس اسلام کی طرف لانے کی کوشش کی، مگر سچی بات یہ ہے احمد بھائی، پوری دنیا میں (دھڑ دھڑی لیتے ہوئے)

اس کمینے سے بدبخت آدمی کوئی نہیں ملا، اس کا نام مجھے تڑپائے رہتا ہے، میرا حال اب یہ ہے کہ جس کو میرے نبی ﷺ سے محبت نہ ہو میں اس کو خود اللہ کا دشمن سمجھتا ہوں، ہمارے نبی کی شان میں گستاخی کرنے والے پر تو میں اللہ کا قہر سمجھتا ہوں اور جس طرح عذاب کی جگہ سے ہمارے نبی ﷺ نے تیزی سے گزرنے حکم دیا ہے، اسی طرح سے ایسے آدمی کے پاس جانا بھی خطرہ کی بات سمجھتا ہوں۔

سوال: آپ نے اس پر کام نہیں کیا؟

جواب: اصل میں میں نے اس کی تہ میں جانے کی کوشش کی کہ اللہ کا عذاب اس پر کیوں آیا تو پتہ چلا کہ اصل میں اس نے اپنی ماں کو بہت ستایا تھا، ایک بار اس نے اپنی ماں کے ایک لات بھی ماری تھی، اس کی سزا میں اللہ نے دنیا میں اس کو بدبخت بنایا اور پیارے نبی کی اہانت کی سزا میں میں نے اس کو دیکھا کہ کتے کی موت مرا، گروکل آشرم والوں نے اس کا کریا کرم کرنے سے منع کر دیا، اس کو پولیس والے پاؤں میں رسی ڈال کر گھسیٹ کر لے گئے اور ایک گندے نالے میں ڈال کر کوڑے میں دبا دیا، مجھے اس سے تسلی ہوئی کچھ غم نہیں ہوا، میرے دل میں پیارے نبی کی شان میں بے ادبی کرنے والے کے لئے کوئی ترس کی جگہ بھی نہیں ہے، میں اپنے اندر سے مجبور ہوں۔

سوال: گروکل آشرم کے لوگوں نے آپ کو اس حلیہ میں دیکھ کر مخالفت نہیں کی؟

جواب: میں نے جماعت میں سے آکر حضرت مولانا کے ہاتھوں پر بیعت کی اور حضرت مولانا صاحب کے مشورہ سے اسوۂ رسول اکرم ﷺ اور شمائل ترمذی خریدی، الحمد للہ اپنی بساط بھر سنتوں پر عمل شروع کیا، عمامہ، بال ہر چیز میں نبی ﷺ کی پیروی کی کوشش کی، اس حلیہ میں جہاں تک گیا میری عزت ہوئی، آج تک چار سال ہونے والے ہیں، کسی نے مجھے اس حلیہ میں بے ادبی کی نگاہ سے نہیں دیکھا۔

سوال: آپ پچھلے سال عمرہ کے لئے گئے تھے، وہاں کا سفر کیسا رہا؟

جواب: مجھے ہمارے نبی ﷺ کی یاد بہت بہت ستاتی تھی، مدینہ کی یاد بہت آتی تھی، الحمد للہ میں نے اردو پڑھی، کچھ عربی بھی پڑھی، قرآن مجید کے ترجمہ کی کتابیں بھی میں نے تاک پوری کرلیں، اب میں سیرت پاک کی کتابیں پڑھتا ہوں، الحمد للہ سو سے زیادہ کتابیں سیرت پاک کی پڑھ چکا ہوں، جیسے جیسے مدینہ کی باتیں میں پڑھتا، مدینہ کی یاد مجھے بہت آتی، ایک روز میں نے رات کو تہجد میں بہت دعا کی، میرے اللہ کے قربان جاؤں میرے اللہ نے کرنی اللہ نے اپنے فضل سے مجھے بغیر پاسپورٹ اور بغیر ویزا کے بغیر جہاز کے میرے حضرت کی برکت سے مجھے مدینہ پہنچایا اور مکہ معظمہ میں عمرہ بھی کیا۔

سوال: وہ کس طرح، ایسا کس طرح ممکن ہے؟

جواب: جہاز، ویزا، پاسپورٹ بھی اسباب ہیں جو اللہ پیدا فرماتے ہیں، اللہ تعالیٰ ایک سبب کے پابند تو ہیں نہیں، وہ بغیر اسباب کے کرنے پر قادر ہیں، جہاز اور گاڑیوں کے علاوہ بھی اللہ نے بہت سی چلنے والی چیزیں پیدا کی ہیں، کیا وہ کسی دوسرے سبب کو ذریعہ نہیں بنا سکتا؟

سوال: وہ کیا سبب تھا ہمیں بھی تو بتائیں؟

جواب: احمد بھائی ابھی اس کا وقت نہیں آیا۔

سوال: اچھا وہاں کی کچھ باتیں تو بتائیں؟

جواب: وہاں میں ایک مہینہ رہا، میں نے دو عمرے مدینہ منورہ سے کئے اور سات مکہ معظمہ سے، مدینہ منورہ میں میں نے بہت ہی اللہ کی رحمتوں کا ظہور دیکھا، میرے اللہ نے مجھ گندے پر نبی ﷺ کی محبت کی برکتیں ظاہر کیں۔

سوال: ان میں سے کچھ سنائیے؟

جواب: وہ کسی اور دوسری مجلس میں انشاء اللہ عرض کروں گا۔

سوال: آج کل آپ کہاں رہ رہے ہیں؟

جواب: میں آج کل بنارس میں رہ رہا ہوں، وہاں سے دعوت کے لئے ہریدوار، رشی کیش، راجپن، بیشنکر، الہ آباد، ایودھیا وغیرہ تیرتھوں میں جاتا ہوں۔

سوال: وہاں پر کچھ نتائج بھی آئے ہیں؟ کیا کچھ لوگوں کو ہدایت بھی ہوئی ہے؟

جواب: الحمد للہ بہت اچھے نتائج برآمد ہو رہے ہیں انشاء اللہ جب وہ سامنے آئیں گے تو ہر مسلمان فخر کرے گا، میرے اللہ کا کرم ہے کہ گندے کو کہاں سے نکال کر کہاں لائے ہیں۔

سوال: آپ نے شادی کر لی ہے؟

جواب: اصل میں اسلام قبول کرنے سے پہلے میرا شادی کا خیال نہیں تھا اور اسلام کے بعد مجھے خاندانی ذمہ داریوں کا بوجھ مشکل لگتا تھا مگر دو مہینے پہلے مولانا صاحب سے ملنے آیا تھا تو انھوں نے مجھ سے شادی کرنے کے لئے کہا اور حدیث پاک سنائی، حدیث پاک سن کر میں بہت تڑپ گیا، میں نے حضرت سے کہا کہ اب میں حاضر ہوں چاہے میری آج اور ابھی شادی کر دیں، اب مولانا صاحب جلد انشاء اللہ اس سلسلہ میں کچھ کرنے والے ہیں، دعا کیجئے کہ کوئی نیک ساتھی مل جائے اور میں اپنی اس زندگی کو بھی سنت کے مطابق گزار سکوں۔

سوال: آج کل سب سے زیادہ وقت آپ کہاں لگا رہے ہیں؟

جواب: اصل میں مجھے یہ خیال ہوا کہ اللہ کے نبی ﷺ کی سب سے بڑی سنت دعوت ہے، اس کے لئے آپ قرآن مجید پڑھ کر سناتے تھے اور آپ حافظ قرآن تھے تو مجھے خیال ہوا کہ ہمارے نبی ﷺ کی اس سنت سے میں محروم کیوں رہوں؟ جب کہ میرے

اللہ نے مجھے اتنا اچھا ذہن دیا ہے، اس لئے میں نے حفظ شروع کیا، اللہ کا شکر ہے کہ تین مہینے میں سولہ پارے حفظ کر لئے ہیں، اب مجھے بس قرآن مجید حفظ کرنے کی دھن ہے، اس لئے سب سے زیادہ وقت میں قرآن مجید حفظ کرنے میں لگا رہا ہوں۔

بہت بہت شکریہ! آپ کی گاڑی کا وقت ہو رہا ہے کاش سے آپ جانے والے ہیں،

: جی ہاں! انشاء اللہ پھر کسی دوسری ملاقات پر بات ہوگی۔

مستفاد از ماہنامہ ارمغان، مارچ ۲۰۰۸ء

حکیم عبدالرحمٰن ﴿امت کمار﴾ سے ایک ملاقات

لوگوں نے مجھ سے یہی سوال کیا ہے کہ آپ کو کس چیز نے متاثر کیا؟ میں لوگوں سے یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ مذہب اسلام کے اندر کون سی چیز ایسی ہے جو متاثر نہیں کرتی، مثال کے طور پر سنت کے مطابق لباس، چہرہ پر داڑھی کا ہونا، پانچ وقت کی نماز کا پڑھنا اور کم درجہ میں غیر ایمان والوں کے ساتھ اپنے معاملات جس کو کہ معاشرہ کا دین کہا جاتا ہے اور ساتھ بیٹھ کر کھانا کھانا یہ سب سے اچھا لگا کہ ان میں چھوت چھات نہیں ہوتی جب کہ ایک ماں باپ کی اولاد اور ایک گھر کے پلے ہوئے ایک دوسرے کا جھوٹا پانی تک نہیں پیتے تھے، خود میرے والد بھی میرے جھوٹے گلاس میں پانی تک نہیں پیتے تھے اور نہ میں ان کے گلاس میں پیتا تھا، یہ سب باتیں بہت اچھی ہیں اور متاثر کرنے والی ہیں انھیں کو دیکھ کر میں نے اسلام قبول کیا۔

مولانا احمد اواہ ندوی

احمد اواہ : السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

عبدالرحمٰن : وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

سوال : عبدالرحمٰن بھائی، ارمغان میں انٹرویو کا سلسلہ کافی عرصہ سے جاری ہے جس کے ذریعہ لوگوں تک اپنے نومسلم بھائیوں کے اسلام قبول کرنے کا قصہ اور ان کے اسلام قبول کرنے کے ذریعہ کو پیش کیا جاتا ہے، جس کا مقصد یہ ہے کہ مسلمان بھائیوں میں ان کی روداد کو سن کر اسلامی زندگی اپنانے کا جذبہ پیدا ہو جائے اور ان کے اندر بھی غیر مسلموں کو دعوت دینے کی فکر اور قوت پیدا ہو جائے، اسی سلسلہ میں ابھی ابی

کا فون آیا تھا کہ تمہارے انٹرویو کی وجہ سے ابھی تک ارمغان چھپنے کے لئے نہیں گیا ہے، میں نے عبدالرحمٰن کو بحلت میں ہی روک رکھا ہے، تم جلدی سے جا کر ان سے انٹرویو لے لو اور مولانا وصی صاحب کو دے آؤ۔

جواب: جی احمد بھائی! مجھے معلوم ہے اور میں ان انٹرویوز کو پڑھتا بھی ہوں اور مجھے بھی ابی نے انٹرویو دینے کے لئے افتخار بھائی سے کہلوایا تھا، میں بھی آپ کا ہی انتظار کر رہا تھا اس کے بعد مجھے بھی اجمیر جانا ہے۔

سوال: آپ اپنا تعارف کرائیں؟

جواب: میرا اسکول کا نام امت کمار تھا اور گھر میں مجھے سب لوگ جگنو کے نام سے یاد کرتے تھے پھلت ہی کے پاس ایک جگہ بھینسی ہے وہاں کا رہنے والا ہوں، میرے والد صاحب کا نام ڈاکٹر موہن کمار صاحب ہے اور ہم چار بہن بھائی ہیں، جن میں تین بھائی ہیں اور ایک بہن ہے۔

سوال: آپ کی تعلیم کیا ہے؟

جواب: میں نے ہائی اسکول کیا ہے۔

سوال: اپنے قبول اسلام کے بارے میں بتائیں؟

جواب: احمد بھائی میں بچپن میں بہت شیطانی کیا کرتا تھا اور اسکول کا کام بھی وقت پر نہیں کرتا تھا اس لئے مجھے اپنا ہوم ورک پورا کرنے کے لئے اپنے دوستوں سے کاپی لینی پڑتی تھی، ایک مرتبہ کا واقعہ ہے کہ میں نے اسکول کا کام پورا نہیں کیا جس کی وجہ سے میں اپنے ایک اسکول کے ساتھی، شاید ان کا نام مستقیم ہے، کے پاس گیا، وہ گھر پر نہیں تھے، ان کے گھر والوں نے بتایا کہ وہ مسجد میں ہیں، میں ان کے پاس مسجد میں پہنچا تو انھوں نے مجھے کہا کہ تم مسجد میں کیسے آگئے تم ناپاک ہو، باہر نکلو، میں کہنے لگا کہ تم سے

اچھے اور صاف کپڑے سے چُن رکھے ہیں تو ناپاک کیسے، وہ کہنے لگے نہیں تم ناپاک ہو، باہر نکل جاؤ، مجھے ان پر بہت غصہ آیا وہ قرآن شریف پڑھ رہے تھے، میں نے کہا تم سے اسکول کی چھوٹی چھوٹی کتابیں تو پڑھی نہیں جاتیں اتنی موٹی کتاب لے کر بیٹھا ہے، وہ کہنے لگے یہ اللہ کا کلام ہے اور اس کے بارے میں مجھے سمجھانے لگے، مجھے ان پر غصہ تو بہت تھا لیکن کاپی لینی تھی، اس لئے کچھ نہ کہا اور کاپی لے کر گھر چلا آیا، اگلے دن تین چار لڑکوں کو لے کر ان کا گریبان پکڑ لیا کہ چودھری ہونے کے باوجود تیری ہمت کیسے ہوئی مجھے مسجد سے باہر نکالنے کی، تیرے باپ کی مسجد ہے تو ہمارے مندر میں چل، اگر تجھے کسی نے بھگایا یا کچھ کہا تو ہم دیکھیں گے تمہارے، وہ کہنے لگے کہ بھائی یہ اللہ کا گھر ہے اور اس میں ناپاک آدمی نہیں جاتے، اس نے مجھ سے کہا کہ تم مندر میں کیا پڑھتے ہو تو میں نے اس کو اشلوک پڑھ کر سنایا پھر میں نے اس سے پوچھا تو بتا تو کیا پڑھ رہا تھا، وہ کہنے لگا وہ اللہ کا کلام تھا، تیری سمجھ میں نہیں آئے گا، اس کو دل سے پڑھتے ہیں تو فائدہ ہوتا ہے، پھر اس نے مجھے کلمہ پڑھوا دیا، احمد بھائی مجھے ایسا لگا جیسے کوئی نور میرے اندر داخل ہو گیا ہو۔

سوال: اس کے بعد کیا ہوا؟

جواب: اس کے بعد میں نے پبلک انٹر کالج کھتولی میں ایڈمیشن لیا، وہاں پر جمعہ کے دن نماز کے لئے کلاس میں اعلان کیا جاتا تھا کہ جو لوگ جمعہ کی نماز پڑھنا چاہتے ہیں ہاتھ اٹھائیں، جو اسٹوڈنٹ ہاتھ اٹھاتے تھے ان کی چھٹی کر دی جاتی تھی، میں بھی اپنا سر نیچا کر کے ہاتھ اٹھا دیتا تھا اور باہر جا کر ادھر ادھر گھومتا تھا، ایک مرتبہ جب جمعہ کی نماز کی چھٹی لے کر باہر نکلا تو میرے مسلمان ساتھیوں نے کہا تم نماز کی ہر بار چھٹی لیتے ہو اور نماز نہیں پڑھتے اس لئے وہ جمعہ کی نماز پڑھانے کے لئے مجھے ساتھ لے گئے اور انھوں نے مجھے نیت وغیرہ باندھنی سکھائی

سوال: پھر کیا ہوا؟

جواب: اس کے بعد میں جین انٹر کالج مظفر نگر چلا گیا، وہاں پر کھالہ پار ایک جگہ ہے، میں لسی پینے کے لئے جایا کرتا تھا، وہاں پر ایک صاحب مجھ سے کہا کرتے، یار تو اتنا تو خوب صورت ہے لیکن تو آگ میں جلے گا، میں نے کہا میں کیوں آگ میں جلوں گا؟ وہ کہنے لگے سوا نیزہ پر سورج ہوگا، وہاں لوگوں کی کھوپڑیاں پکتی ہوئی ہوں گی، لیکن اس شخص کی نہیں پکیں گی جو ایمان والا ہوگا، وہ مجھے بہت سمجھایا کرتے اور میرے ساتھ بہت اچھا برتاؤ کرتے لیکن میں نے ان کی بات پر زیادہ توجہ نہیں دی، لیکن جب میں کھتولی میں بڑھانہ روڈ پر نوزل پنچر کا کام کرنے لگا تو میری وہاں انعام بھائی سے ملاقات ہوئی، انھوں نے مجھے اسلام کی دعوت دی اور مجھے مولانا شکیل صاحب کے پاس بھاوڑی لے جا کر کلمہ پڑھوایا پھر اس کے بعد میں مسلسل نماز پڑھنے لگا۔

سوال: آپ پھلت میں کئی سال سے نظر آتے ہیں، یہاں آپ کو کس نے بھیجا؟

جواب: ہاں احمد بھائی، کھتولی میں ریاض الدین صاحب ہیں وہ مجھ سے کہنے لگے کہ عبدالرحمن کام وغیرہ تو چلتا ہی رہتا ہے، ہر آدمی کام سیکھ بھی لیتا ہے لیکن سب سے پہلے آپ کے لئے ضروری ہے کہ آپ اسلام کو سیکھیں، سمجھیں اور جانیں اور اس پر عمل کریں، میں نے کہا بہت اچھا، پھر انھوں نے مجھے سیکھنے کے لئے پھلت بھیج دیا۔

سوال: اچھا آپ نے اسلام کب قبول کیا؟

جواب: اسلام تو میں نے پیر کے روز ۱۳ر جنوری ۱۹۹۱ء میں قبول کیا تھا، لیکن چودہ سال تک میں نے کچھ نہ سیکھا اور اسی طرح گھومتا رہا، لیکن جب سے ابی کے پاس آیا ہوں، الحمد للہ میں نے بہت کچھ سیکھ لیا ہے۔

سوال: ابی سے آپ کی کیسے ملاقات ہوئی اور کب ہوئی؟

جواب: تین سال پہلے میری اپی سے ملاقات ہوئی راحمہ بھائی انکی پھلت میں ایک صاحب کے یہاں رہتا تھا ان کے ساتھ میری ان بن ہوگئی تو میں ان کے پاس سے گھر چلا گیا، گھر جانے کا میرا مقصد کچھ اور تھا لیکن لوگوں نے افواہ پھیلادی کہ عبد الرحمن مرتد ہوگیا جب کہ ایسا کچھ نہیں تھا، جب میرا کام ہوگیا تو میں پھلت اپی کے پاس آیا اس وقت میں بہت جنون میں تھا اور ہتھیاروں سے لیس بھی تھا اور پھلت میں میرے آنے کا مقصد یہی تھا کہ میں ان کے گولی ماردوں، لیکن میری یہ بات اپی کو میرے کسی ساتھی کے ذریعہ معلوم ہوگئی انھوں نے مجھے سمجھایا اور آپ ﷺ اور صحابہ کرام ؓ کی قربانی کا میرے سامنے تذکرہ کیا تو میں نے صبر کیا اور جب سے میں اپی کے پاس آیا ہوں تب سے میری زندگی میں سکون ہے۔

سوال: اسلام کے بارے میں آپ نے اب تک جو کچھ جانا، اس کا ذریعہ کیا ہے؟

جواب: لوگوں نے مجھ سے یہی سوال کیا ہے کہ آپ کو کس چیز نے متاثر کیا؟ میں لوگوں سے یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ مذہب اسلام کے اندر کون سی چیز ایسی ہے جو متاثر نہیں کرتی، مثال کے طور پر سنت کے مطابق لباس، چہرہ پر داڑھی کا ہونا، پانچ وقت کی نماز کا پڑھنا اور کم درجہ میں غیر ایمان والوں کے ساتھ اپنے معاملات، جس کو کہ معاشرہ کا دین کہا جاتا ہے اور ساتھ بیٹھ کر کھانا کھانا یہ سب سے اچھا لگا کہ ان میں برادری بازی نہیں ہوتی جب کہ ایک ماں باپ کی اولاد اور ایک گھر کے پلے ہوئے ایک دوسرے کا جھوٹا پانی تک نہیں پیتے تھے، خود میرے والد بھی میرے جھوٹے گلاس میں پانی تک نہیں پیتے تھے اور مت میں ان کے گلاس میں پیتا تھا، یہ سب باتیں بہت اچھی ہیں اور متاثر کرنے والی ہیں، انھیں کو دیکھ کر میں نے اسلام قبول کیا۔

سوال: میں نے آپ سے سوال کیا تھا کہ اسلام کے بارے میں ابھی تک جو باتیں آپ نے سیکھی ہیں وہ کس سے یا کہاں سے سیکھی ہیں، اس کا کیا ذریعہ رہا ہے؟

جواب: اس کا ذریعہ یہ ہوا کہ حضرت نے مجھے جماعت میں بھیجا وہاں جا کر میں نے نماز وغیرہ ٹھیک سے سیکھی اور اسلام کے بارے میں بہت کچھ جانا اور الحمد للہ تین چلے میں جماعت میں لگا چکا ہوں اور آج اگر انسانیت میرے اندر ہے تو وہ صرف ابی کی وجہ سے ہے ابی نے مجھے ایسی باتیں بتائیں کہ میں اسلام کو کافی حد تک سمجھتا ہوں اور اس پر عمل کرنے کی کوشش کرتا ہوں۔

سوال: آج کل آپ کیا کر رہے ہیں؟

جواب: میں نے حکمت سیکھی ہے اور مطب کھولنا چاہتا ہوں۔

سوال: حکمت کی طرف آپ کا کیسے رجحان ہوا؟

جواب: احمد بھائی! ابی نے مجھ سے کہا کہ عبدالرحمن کچھ کام کرلو خالی رہنا اچھی بات نہیں ہے، میں نے ابی سے کہا کہ میں ذرا ئیونگ سیکھنا چاہتا ہوں وہ کہنے لگے یہ کوئی کام تو ہے نہیں، میں نے کہا کہ مدرسہ میں کینٹین کھول لیتا ہوں، ابی کہنے لگے کہ میں کہیں رشتہ لے کر جاؤں گا وہ کہیں گے کہ لڑکا کیا کام کرتا ہے تو ان کو بتانا پڑے گا کہ چائے کی دوکان کرتا ہے اور گلاس دھوتا ہے، کوئی ایسا کام کرو، جس سے ہمیں بھی خوشی ہو تو میں نے کہا اگر آپ کی اجازت ہو تو میں حکمت سیکھنا چاہتا ہوں، ابی نے مجھے اسی دن دیوبند حکیم آصف کے پاس بھیج دیا، وہاں پر کچھ دن میں نے حکمت سیکھی، اس کے بعد ڈاکٹر نذر الاسلام نے مجھے کام سکھایا، ایک سال کے بعد ابی نے مجھے حکیم جمیل کے پاس روڑکی بھیج دیا، میں وہاں سے ایک سال کے بعد لوٹ کر آیا ہوں اور اب یہ ارادہ ہے کہ انشاء اللہ قوم کو نفع پہنچانا ہے۔

سوال: آپ کی اپنے والدین سے ملاقات ہے؟

جواب: ہاں احمد بھائی میں ان کے پاس گیا تھا تو انھوں نے مجھے سمجھایا کہ اپنے مذہب میں آجاؤ، کہاں ان ملاؤں کے چکر میں پڑ گئے، میں نے کہا میں ملاؤں کے چکر میں نہیں ہوں بلکہ ایک سچے مذہب کو مانتا ہوں اور آپ کو بھی کہتا ہوں کہ اسلام قبول کر لیجئے، ایک روز گھر پر دودھ نکال رہا تھا، میری سوتیلی ماں ہے، جس کے برے برتاؤ کی وجہ سے میں نے گھر چھوڑا تھا اور اسلام کی طرف راغب ہوا تھا اگر وہ نہ ہوتی تو شاید ہی میں اسلام قبول کرتا اس طرح اس کا مجھ پر بڑا احسان ہے۔ کہنے لگی کہ واپس آجاؤ! ابھی بھی موقع ہے، میں نے اس سے کہا یہ دودھ جو میں نے بھینس کے تھن سے نکالا ہے، جیسے اس کو واپس تھن میں نہیں ڈالا جا سکتا ویسے ہی میں اسلام کو چھوڑ کر واپس نہیں آ سکتا، اس سائنسی دور میں تو اس دودھ کو واپس تھن میں ڈالنے کے بارے میں سوچا بھی جا سکتا ہے، لیکن میرے واپس آنے کے بارے میں سوچنا بھی نہیں، اس کے بعد گھر والوں نے سوچا کہ یہ تو مانے گا نہیں، اس کا کام تمام کر دیں، نہ رہے گا بانس نہ بجے گی بانسری یہ بات مجھے میری چھوٹی بہن نے بتائی کہ گھر والوں کا یہ پروگرام ہے، اس لئے یہاں سے بھاگ جاؤ، میں رات کو ہی گھر سے نکل گیا، گھر والے میرا پیچھا کرتے ہوئے آگئے، مجھے آیت الکرسی یاد تھی میں نے پڑھ کر اپنے اوپر دم کیا اور ایک جگہ چھپ کر کھڑا ہو گیا، احمد بھائی وہ میرے پاس سے کئی مرتبہ گزرے لیکن مجھے دیکھ نہیں پائے، اس کے بعد وہ واپس چلے گئے، میں نے صبح ان کو فون کیا تو کہنے لگے، اس بار تو بچ گیا، اگلی مرتبہ نہیں چھوڑیں گے۔

سوال: اس کے بعد آپ کی ان سے کبھی ملاقات ہوئی؟

جواب: نہیں احمد بھائی، ملاقات تو کبھی نہیں ہوئی، کیونکہ وہ غازی آباد میں شفٹ ہو گئے ہیں، لیکن ایک مرتبہ والد صاحب کو دور سے کچہری میں دیکھا تھا۔

سوال: کیا آپ نے والدہ کو دعوت نہیں دی؟

جواب: دعوت تو دی اور ایک مرتبہ تو وہ اسلام قبول کرنے کو راضی بھی ہو گئی تھیں اور وہ اسلام کو سمجھنے کے لئے پھلت بھی آ گئی تھیں لیکن جہاں میں پہلے رہتا تھا وہ میری والدہ سے بات کر رہے تھے لیکن شاید اس وقت ہدایت ان کے نصیب میں نہیں تھی، ان کے پاس ایک بیٹا جی آ گئے اور وہ میری والدہ کو چھوڑ کر چلے گئے، میری والدہ نے دو گھنٹے تک انتظار کیا لیکن وہ نہیں آئے، میں نے ان کا خوب خیال رکھا اور ان کی خدمت بھی کی، لیکن وہ بدظن ہو کر چلی گئیں اور اس کے بعد مجھ سے فون تک پر بات نہیں کی، لیکن آج کل میری والدہ صاحب پر کوشش چل رہی ہے، والد صاحب سے گفتگو میں کلیئنگ کر دی ہے میں ابھی جماعت میں گیا تھا تو ہماری جماعت کے امیر صاحب گفتگو دہلی کے تھے میں نے ان سے بات کی، آج کل وہ والد صاحب پر کام کر رہے ہیں بس آپ سے اور قارئین ارمغان سے دعا کی درخواست ہے کہ اللہ تعالیٰ ان کو جلد سے جلد ایمان قبول کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین

سوال: اسلام قبول کرنے کے بعد کن کن مشکلات کا سامنا کرنا پڑا؟

جواب: بہت سی پریشانیوں کا سامنا کرنا پڑا، جن میں سب سے زیادہ مشکل یہ ہے کہ میرے گھر پر بہت ساری بھینس وغیرہ تھیں لیکن میں نے کبھی ان کا گوبر نہیں اٹھایا گھر چھوڑنے کے بعد مجھے یہ سب کام کرنے پڑے، جھیلنا پڑا، یہاں تک کہ میں نے مزدوری بھی کی۔

سوال: اور کوئی زندگی کا اچھا سا واقعہ سنائیے؟

جواب: میری نظام الدین سے کولھاپور جماعت جا رہی تھی، اس میں شریک تھا سفر میں نکلنے سے پہلے ہمیں سفر کے آداب بتائے گئے اور یہ بھی بتایا گیا کہ سفر

میں جو بھی دعا مانگی جاتی ہے قبول ہوتی ہے، ہم زمین میں بیٹھے تو مجھے ان کی یہ بات یاد آئی، میرے پیر میں زخم تھا، میں نے ہاتھ اٹھا کر دعا مانگی اے اللہ تیرا نیک بندہ ہمیں یہ بات بتا رہا تھا کہ سفر میں جو دعا مانگی جاتی ہے وہ قبول ہوتی ہے میں بہت گناہگار ہوں، میری بھی دعا قبول فرما لے، میرے پیر میں جو زخم ہے اس کو ٹھیک کر دے، احمد بھائی کولہاپور اسٹیشن سے پہلے پہلے میرا یہ زخم بالکل ٹھیک ہو گیا، آج جو بھی میں اللہ سے مانگتا ہوں الحمد للہ ملتا ہے۔

سوال: قارئین ارمغان کو کچھ پیغام دینا چاہیں گے؟

جواب: مسلمان بھائیوں کے لئے یہ پیغام ہے کہ خود بھی دین پر رہیں جیسا کہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: یَا اَیُّهَا الَّذِیْنَ آمَنُوْا آمِنُوْا "اے ایمان والو ایمان لے آؤ" میں سترہ سال پہلے جو بات ایمان والوں کے اندر دیکھتا تھا وہ اب نظر نہیں آتی، مجھے جن لوگوں نے اسلام کی دعوت دی تھی آج میں ان کو دیکھتا ہوں کہ وہ نماز تک نہیں پڑھتے، میں نے ان سے کہا کہ تم نے مجھے یہاں تک پہنچایا اور خود کہاں پہنچ گئے، ایمان کے اندر پورے کے پورے داخل ہونے کا مطلب یہ ہے کہ ہم اللہ کے رسول کی سنت اور اللہ کے حکم کے تابع ہو جائیں اور دوسروں کو دین پر چلنے کی دعوت دیں، اس سے بڑا اللہ نے ہمیں کوئی کام نہیں دیا، باقی سب تو اخراجات پوری کرنے کی بات ہے آج جماعت کا کام ہے وہ یہی ہے اور ان کی سوچ اور کڑھن بھی یہی ہے اور رات دن ان کا محنت کرنا وہ سب دین کے لئے ہے، کیوں نہ ہم سب ایمان والے ایسے ہی بن جائیں تو ان شاء اللہ میں سمجھتا ہوں کہ کفر کا نام اس دنیا سے ختم ہو جائے گا اور ہر طرف اسلام ہی اسلام نظر آنے لگے گا۔

مستفاد از ماہنامہ ارمغان، اپریل [illegible]ء

محمد سلمان (رام ویر سنگھ) وزیر آباد دہلی سے ایک ملاقات

پوری انسانیت حق کی پیاسی ہے سراب دیکھ کر ان کو پانی کا گمان ہوتا ہے، کبھی اس مذہب میں، کبھی اس مذہب میں، کبھی اس ست سنگ میں، کبھی اس ست سنگ میں، کبھی بے گرو میں، کبھی شرڈی والے بابا، مگر سب اندھیرے میں ہیں، صرف اور صرف اسلام ہی ان کے سکون اور درد کا مداوا اور ان کی بے چینی کا علاج ہے، آج دولت کی ریل پیل اور سائنس اور ٹکنالوجی کی ترقی نے انسانیت کو پہلے سے بہت زیادہ بے چین کر دیا ہے، خدارا بے چین انسانیت پر ترس کھائیں، اسلام کے مزے سے آشنا ہونے کے لئے بھی اور دکھی اور بے چین انسانیت پر ترس کھا کر بھی اپنے دعوتی منصب اور فریضہ کا حق ادا کریں۔

مولانا احمد اواہ ندوی

احمد اواہ : السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

محمد سلمان: وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

سوال: سب سے پہلے آپ اپنا تعارف کرائیں؟

جواب: مجھے ہندو مذہب میں رام ویر سنگھ کہا کرتے تھے لیکن جب ۱۹۹۳ء میں میں نے بودھ مذہب قبول کیا تو میں نے اپنا نام ویر بھگوان رکھا، پھر ۱۹۹۶ء میں عیسائیت کو قبول کیا وہاں پر ان لوگوں نے بپ تائپ (Beptipe) کرادیا تھا نام نہیں بدلا تھا اور میرا اسلامی نام محمد سلمان ہے، ہم لوگ میرٹھ کے رہنے والے ہیں لیکن اب دہلی میں رہ رہے ہیں، میرے والد بہت کم عمری میں دہلی آگئے تھے اور دہلی کو ہی اپنا وطن بنا لیا تھا، میری پیدائش بھی دہلی کی ہی ہے اور اب ہم دہلی کے محلہ وزیر آباد میں رہ رہے ہیں۔

سوال: آپ کی تعلیم ؟

جواب: میں نے انگلش اور مارشل آرٹ میں ایم اے کیا ہے، میں تین سال تک دہلی صوبہ کا مارشل آرٹ کا چمپین بھی رہ چکا ہوں، میں مشرقی دہلی میں ایک کوچنگ انسٹی ٹیوٹ چلاتا ہوں انگلش اسپیکنگ کورس خاص طور پر میرا شوق رہا ہے۔

سوال: آپ نے اسلام کب قبول کیا؟

جواب: میں نے ۶/اپریل ۲۰۰۷ء کو اسلام قبول کیا۔

سوال: آپ نے بدھ مذہب اور عیسائیت کو کب اور کیسے قبول کیا؟ کیا کسی نے آپ کو دعوت دی تھی؟

جواب: احمد بھائی، اصل میں حق میری پیاس تھی، اس کی تلاش مجھے در در لئے پھری، مجھے دنیا میں سکون کی تلاش تھی، میرے اللہ کا کرم ہے کہ اللہ نے مجھے کتنے باطل کے مزے چکھائے، اب اسلام میرے لئے تحقیقی مذہب ہے تقلیدی نہیں۔ میں نے ۱۹۹۴ء میں بدھ مذہب اختیار کیا میرے گھر سے تقریباً ڈیڑھ کلو میٹر دور تھے وریہ جھنو (امام) رہتے ہیں ان کے نام پر ہی میں نے اپنا نام وریہ سنگھ سے وریہ جھنو رکھا تھا انھوں نے مجھے بدھ مذہب کی دعوت دی اور کسی فارن کنٹری میں بھیجنے کا لالچ دیا، میں نے ان کی بات مان لی اور یہ مذہب قبول کر لیا۔

سوال: آپ نے اس مذہب کو کیسے چھوڑا؟

جواب: میرا ان کے گھر آنا جانا تھا اور وہاں میں بے تکلفی سے رہا کرتا تھا ایک مرتبہ میں نے ان کا فریج کھولا تو پورک (خنزیر) کا گوشت رکھا ہوا تھا میں اس کو دیکھتے ہی بجھ گیا کہ اس مذہب کے جھوٹا ہونے کے لئے یہی کافی ہے کہ یہ لوگ پورک کھاتے ہیں اور یہ بات میں ان سے کہہ کر چلا آیا کہ آپ ڈھونگ بھرتے ہیں اور گوشت

کھاتے ہیں، وہ بھی گندے جانور کا۔

سوال: آپ نے عیسائیت کو کیسے قبول کیا؟

جواب: میری والدہ مستقل چرچ میں جایا کرتی تھیں، ان کے ساتھ مجھے بھی جانا پڑتا تھا، وہاں پر جو پادری تھے وہ مجھے عیسائیت کے بارے میں سمجھاتے تھے اور میرے ساتھ بہت اچھا برتاؤ کیا کرتے تھے، کبھی مجھے گلے لگاتے اور کبھی بہت محبت کا اظہار کرتے، مجھے ان کی یہ باتیں بہت اچھی لگیں اور میں ان سے بہت متأثر ہوا کہ کتنے اچھے لوگ ہیں، انھوں نے مجھ سے اتنی محبت کا اظہار کر کے عیسائیت کی طرف مائل کرلیا اور میں نے عیسائیت کو قبول کرلیا، وہ بھی جیسے ویر جھنکو کی طرح مجھ سے کہا کرتے تھے کہ تم ہمارے ساتھ رہو، ہم تمھیں باہر ملک میں لے جائیں گے، لیکن اللہ تعالیٰ کو کہیں بھیجنا منظور نہ تھا اس لئے اس نے مجھ سے اس مذہب کی حقیقت کو کھول دیا اور میں نے وہی ہندو مذہب کی طرح کی مورتی پوجا کو دیکھ کر اس مذہب کو چھوڑ دیا۔

سوال: اس کے بعد کیا ہوا آپ کے اسلام کی طرف مائل ہونے کا کیا راستہ بنا؟

جواب: اصل میں حق میری پیاس تھی، دور دور تک مجھے بے چینی اور ڈھونگ کے علاوہ کچھ دکھائی نہ دیا، میں روحانیت اور سچ کی تلاش میں تھا، میرے ایک ہندو دوست نے مجھے بدایوں کے ایک پیر صاحب سے ملوایا، جو دہلی آیا کرتے تھے، مجھے بدایوں جانے کو کہا، میں بدایوں ان کی درگاہ میں گیا، وہاں لوگ مرید ہو رہے تھے، وہاں کے کچھ لوگوں نے مجھے بھی کپڑا پکڑوا دیا اور مجھ سے کہا کہ آپ ہمارے حضرت صاحب سے مرید ہوگئے، انھوں نے کلمہ اور اللہ کا ذکر بتایا، احمد بھائی! مجھے کلمہ اور اللہ کے ذکر میں تو مزا آتا تھا، مگر ان پیر صاحب کا سارا نظام ہندوؤں کی طرح ہی لگتا تھا، بس مورتی کی جگہ پیر بدل گیا تھا، پیر صاحب کو سب سجدہ کرتے تھے، مجھے بھی

نہ چاہتے ہوئے یہ سب کرنا پڑتا تھا، میں چند بار بدایوں گیا مگر مجھے کچھ پہر رہ کر ذکر میں تو چین سا ملتا تھا، مگر وہاں جا کر پھر وہی بے چینی ہو جاتی تھی۔

سوال: کیا پیر صاحب نے آپ کو کلمہ پڑھایا اور باقاعدہ مسلمان بنایا؟

جواب: نہیں، ان کے یہاں اپنے مذہب میں رہ کر ہی سب ان کے مرید رہتے ہیں

سوال: پھر اسلام قبول کرنے کا کیا واقعہ ہوا؟

جواب: ہمارے گھر میں تعمیر کا کام چل رہا تھا، مجیب بھائی سے میں نے کچھ سامان خریدا، مجیب بھائی نے ایک بار مجھے اسلام کے بارے میں بتایا اور اسلام قبول کرنے کی دعوت دی، میں نے اپنی حق کی تلاش اور در بدر مارے مارے پھرنے کی داستان سنائی اور پیر صاحب سے بیعت ہونے کی بات بھی بتائی، انھوں نے مجھ سے اسلام قبول کرنے کے بارے میں سوال کیا تو میں نے بتایا کہ پیر صاحب اپنے مذہب میں رہ کر سب کو مرید کرتے ہیں، تو وہ بہت ہنسے اور میرا مذاق سا اڑایا اور مجھ سے حضرت مولانا کلیم صاحب صدیقی کا تعارف کرایا اور بتایا کہ سچے پیر ایسے ہوتے ہیں آپ ان سے ملیں تو پھر آپ کو در در بے چین پھرنا نہیں پڑے گا، میں نے وعدہ کرلیا اور تین روز کے بعد ہم پھلت کے لئے چلے، راستہ میں مجیب بھائی نے اسلام کے بارے میں مجھے تفصیل سے بتایا "آپ کی امانت آپ کی سیوا میں" مجھے دی، میں نے اسے پڑھا، مجھے ایسا لگا کہ جس حق کو تو تلاش کر رہا ہے وہ تجھے مل گیا ہے، ہم لوگ مغرب کے بعد پھلت پہنچے حضرت نے مجھے محبت سے گلے لگایا بہت وقت دیا اور مجیب بھائی کے کہنے سے دوبارہ کلمہ پڑھوایا، حضرت مولانا نے مجھے توحید اور شرک کے سلسلہ میں خاص طور پر بڑی تفصیل سے بتایا، جس سے میرا دل بہت مطمئن ہو گیا حضرت نے مجھے "مرنے کے بعد کیا ہوگا؟" "اسلام کیا ہے؟" اور خطبات مدراس کا

ترجمہ پڑھنے کا مشورہ دیا، میں نے دہلی جا کر کتابیں خریدیں، ان کتابوں کو پڑھ کر مجھے ایسا لگا کہ اندھے کو آنکھیں مل گئیں، میں نے حضرت سے کہا کہ بڑی تعداد مسلمانوں کی بھی توحید سے دور ہے اور پیر پرستی کرتی ہے، خود میرے پیر صاحب سجدہ کرواتے ہیں، ان کو شرک سے روکنے کی کوشش کرنی چاہئے، میں نے حضرت سے کہا کیا میں پیر صاحب کو سمجھانے کی کوشش کروں؟ حضرت نے فرمایا کہ انھوں نے آپ کو ذکر بتایا ہے وہ آپ کے محسن ہیں ان کو سمجھانے کی کوشش کرنی چاہئے، مجیب بھائی کے مشورہ سے میں نے حضرت مولانا سے بیعت کی درخواست کی حضرت نے فرمایا کہ آپ پڑھے لکھے آدمی ہیں، آپ کو ہر فیصلہ بہت سوچ سمجھ کر کرنا چاہئے اب تک آپ بہت جلدی میں فیصلے کرتے رہے ہیں یہ فیصلہ اور بھی زیادہ سوچ سمجھ کر کرنا چاہئے، میں نے اصرار کیا کہ حضرت مجھے اپنے اللہ سے قوی امید ہے کہ میرے اللہ نے مجھے بھٹکا کر منزل تک پہنچا دیا ہے، اب ان شاء اللہ ان کے بعد مجھے کہیں جانے کی ضرورت نہیں، میرے بہت اصرار پر حضرت نے مجھے بیعت کر لیا، الحمدللہ۔

سوال: پھر آپ اپنے پہلے پیر صاحب سے ملنے نہیں گئے؟

جواب: میں گیا اور ان کو شرک کی برائی مثالوں سے بتانے کی کوشش کی شروع میں تو وہ بہت غصہ ہوئے اور بولے یہ چوہیں تبریزی ہو گیا ہے، کسی وہابڑے کے چکر میں آ گیا ہے لیکن میں نے ہمت نہیں ہاری بار بار ان سے ملتا رہا، وہ رفتہ رفتہ نرم پڑتے گئے انھوں نے ایک روز کوئی خواب دیکھا اب وہ ان شاء اللہ ہمارے حضرت سے مرید ہونے آنے والے ہیں وہ اب اس دھوے سے توبہ کر کے اور حق پر آنے کو تیار ہیں ان کے ساتھ مجھے امید ہے ان کے ہزاروں مرید بھی شرک اور خرافات سے توبہ کریں گے۔

سوال: کیا اس سے پہلے آپ کو کسی نے اسلام کی دعوت نہیں دی؟

جواب: دعوت تو نہیں دی لیکن میرے دوستوں نے مجھے اسلام کے بارے میں بتایا اور بستی میں بھی مجھے ایک صاحب نے اسلام کے متعلق بہت سی باتیں بتائیں لیکن وہ مجھے ٹھیک سے سمجھا نہیں پائے اور کچھ مسلمانوں سے مجھے نفرت بھی تھی کیونکہ جہاں میں رہتا ہوں وہاں پر مسلمان ہر برا کام کرتے ہیں، کرائم کرنا اور شراب پینا ان کے لئے عام بات تھی، اس لئے مجھے مسلمان پسند نہیں تھے اور جو لوگ مجھے اسلام کے بارے میں بتاتے تھے وہ اسلام سے خود بہت دور تھے ان میں کوئی بھی اسلامی بات نہیں پائی جاتی تھی، اس لئے بھی ان کی باتوں نے مجھ پر کوئی اثر نہیں کیا۔

سوال: اسلام قبول کرنے کے بعد آپ نے تربیت کہاں حاصل کی اور اسلام کے بارے میں کہاں سے جانا؟

جواب: اسلام کے بارے میں مجھے مجیب بھائی نے بتایا، مجھے جب بھی کوئی مشکل پیش آتی تھی تو میں مجیب بھائی کے پاس آکر اس کو حل کر لیتا تھا اور بہت سی باتیں کتابوں سے سیکھی ہیں۔

سوال: جماعت میں بھی آپ نے کبھی وقت لگایا ہے؟

جواب: جی ہر مہینے تین دن کیلئے جماعت میں جاتا ہوں۔

سوال: اسلام قبول کرنے کے بعد آپ نے کیسا محسوس کیا؟

جواب: اسلام قبول کرنے کے بعد میں نے بہت اچھا محسوس کیا، کیونکہ مجھے مکمل زندگی گزارنے کا طریقہ مل گیا ہے، معاشرہ میں کس طرح رہنا ہے اور لوگوں سے کیسے میل جول رکھنا ہے اور کیسے معاملات ہونے چاہئیں مجھے ایک مثبت فکر مل گئی اور میں نے بہت سکون محسوس کیا۔

سوال: آپ نے اپنے گھر والوں پر دعوت کا کام نہیں کیا؟

جواب: میرے حضرت نے الحمدللہ میرے دل و دماغ میں یہ بات بٹھادی ہے کہ مسلمان کی زندگی کا مقصد، اس کا پیشہ اور اس کی پہچان دعوت ہونی چاہئے اور یہ مسلمانوں میں جو اسلام دکھائی نہیں دیتا اس کی وجہ یہ ہے کہ مسلمان اپنے دعوتی منصب سے غافل ہیں، اس لئے تم اگر داعی بن کر رہے، جس طرح نمک کی کان میں ہر چیز نمک بن جاتی ہے تم بھی اسلام کے نعرے اور حقیقت سے محروم نام کے مسلمان بن کر رہ جاؤ گے۔ الحمدللہ میں نے داعی بن کر جینے کی کوشش کی اور اس کے صدقہ میں اللہ نے میرے بیوی بچوں کو اسلام کی دولت سے نوازا، میری اہلیہ نہ صرف یہ کہ وہ مسلمان ہو گئیں بلکہ وہ میری بہت مضبوط دعوتی رفیق ہیں، اس کے بعد میرے والد صاحب مشرف بہ اسلام ہوئے، اللہ کی رحمت پہ قربان جاؤں کہ میرے حضرت اور مجیب بھائی دعوتی مشکل مراحل پر مجھے بڑی امید کے ساتھ بھیجتے ہیں اور اللہ کا شکر ہے کہ اللہ تعالیٰ حضرت کی امید کی لاج رکھتے ہیں۔

سوال: ایک دو واقعات سنائیے؟

جواب: مدھیہ پردیش کے ایک سید گھرانہ کی لڑکی ایک ہندو لڑکے کے ساتھ دہلی آگئی تھی اور کورٹ میرج کر کے دہلی میں ہندو بن کر اس کے ساتھ رہ رہی تھی، ان کے چچا اور ماموں حضرت کے یہاں آئے حضرت نے مجھے فون کیا، مجیب بھائی اور میں نے اس لڑکی سے اپنے شوہر سے ملوانے کو کہا مگر وہ راضی نہ ہوئی اور ہمیں بھی دعوت سے روکتی تھی کہ اگر آپ دعوت دیں گے تو وہ مجھے چھوڑ دیں گے، حضرت نے فون پر مجھ سے کہا تھا، اگر ان دونوں کو کلمہ پڑھوا کر نکاح کروادیا تو پیٹ بھر کے مٹھائی کھلائی جائے گی ہم لوگ لگے رہے، میں نے لڑکے کے دفتر جا کر لڑکی کو خبر کئے بغیر جا کر بات

کی الحمد للہ پہلی میٹنگ میں اس نے کلمہ پڑھ لیا اور بعد میں لڑکی کو بھی ایمان کی تجدید کروائی اور جعفر آباد بلا کر ان کا نکاح کروادیا اب وہ دونوں اسلامی زندگی گزار رہے ہیں، حضرت بہت خوش ہوئے ہمارے ہاتھوں کو چوما اور فوراً مٹھائی منگوا کر مٹھائی کھلوائی۔

ایک جج کے پاس حضرت نے ہمیں دعوت کے لئے بھیجا الحمد للہ انھوں نے بھی کلمہ پڑھا، اصل میں احمد بھائی، سچی بات یہ ہے کہ حضرت سچ فرماتے ہیں کہ ہدایت تو اتری ہوئی ہے ہم لوگ جہاں جائیں کوشش کریں لوگوں کے لئے اتری ہوئی ہدایت ہماری جھولی میں آسکتی ہے۔

مجھے ایک رات عشاء کے بعد معلوم ہوا کہ ایک مسلمان وکیل نے ایک مسلم لڑکی کی شادی ایک ہندو لڑکے کے ساتھ شدھی کرا کے کروادی ہے، میں بیان نہیں کرسکتا میرے بدن میں غصہ میں آگ سی لگ گئی، ساڑھے دس بجے وکیل صاحب کا پتہ معلوم کرکے میں رو ہاراان کے گھر گیا، میں نے ان سے کہا آپ مسلمان تو نہیں انسان بھی نہیں، انسان سے ہمدردی اگر آپ کو ہوتی تو ہر ایک کو مرنے کے بعد دوزخ کی آگ سے بچانے کی کوشش کرتے، آپ نے ایک دوسری کو بھی جہنمی بنادیا، آپ خود مسلمان نہیں رہے، کیا آپ کو مرنا نہیں، مجھے پتہ بتایئے وہ لڑکی لڑکا کہاں رہ رہے ہیں؟ وہ کہنے لگے، فائل میرے دفتر میں ہے، صبح لے لینا، میں نے کہا رات کو دونوں مرگئے تو کیا ہوگا میں نے دباؤ دیا کہ مجھے پتہ ابھی چاہئے میں نے ساڑھے دس بجے ان کو دفتر لے جا کر فائل نکلوائی اور ساڑھے گیارہ بجے ان کے فلیٹ پر پہنچا اور ان سے بات کی، کہ رات کو میں اس لئے آپ کے پاس آیا کہ اگر رات کو آپ کی یا میری موت ہوگئی تو آپ کا کیا ہوگا، ایک بجے تک بات ہوتی رہی، الحمد للہ ایک بجے اس لڑکے نے جو

کمپیوٹر انجینئر تھا کلمہ پڑھا لڑکی کا حال بھی یہ تھا کہ اسے کلمہ یاد نہیں تھا، میں نے اگلے روز ان کا نکاح پڑھوایا اور اپنی اہلیہ کو اس لڑکی کو دین سکھانے کے لئے بھیجنا شروع کیا، الحمد للہ اس نے نماز پڑھنا شروع کر دی۔

سوال: اسلام قبول کرنے کے بعد کیا کچھ مشکل کا سامنا کرنا پڑا؟

جواب: اسلام جیسی نعمت کے مقابلہ میں جو کچھ مشکل آئی وہ کچھ بھی نہیں تھی اصل میں قیمتی چیز بڑی قیمت پر خریدی جاتی ہے، چاندی کے لئے کم قیمت اور سونے کے لئے زیادہ قیمت دینی پڑتی ہے، ایمان سے زیادہ کائنات میں کوئی چیز قیمتی نہیں، اللہ نے اس بندہ کو بالکل سستے میں عطا فرمادی، کچھ تھوڑی مشکلیں آئیں ان میں سب سے پہلی یہ تھی کہ میرے انسٹی ٹیوٹ سے سارے اسٹوڈنٹ چھوڑ کر چلے گئے کہ یہ تو پڑھا لکھا جاہل ہو گیا اور میرا روزگار کا مسئلہ مشکل ہو گیا، مگر اللہ نے جلد ہی مسلمان لڑکوں کی بڑی تعداد بھیج دی اور بعد میں ان میں سے بھی بہت سے لڑکے دوسری جگہ ناکام ہو کر میرے یہاں واپس آگئے۔ سسرال والوں نے بائیکاٹ کر دیا، مکان بنانے میں کچھ لوگوں کا قرض ہو گیا تھا، ان لوگوں نے میرے مسلمان ہونے کے بعد بہت سختی کی، مگر یہ معمولی باتیں ہیں، یہ تو عام آدمی کی زندگی میں آتی ہیں، ان مشکلوں نے مجھے دعا کا مزہ سکھا دیا اور الحمد للہ دعا کی قوت پر میرا اعتماد بڑھا۔

سوال: کچھ اور لوگوں نے بھی آپ کی دعوت پر اسلام قبول کیا ہے اس کی کچھ تفصیلات؟

جواب: الحمد للہ ایک خاصی تعداد ہے۔

سوال: وہ تعداد کتنی ہوگی؟

جواب: ہمارے حضرت یہ کہتے ہیں کہ جو ابھی مسلمان نہیں ہوئے ان تک دعوت

پہنچائی ہے وہ سازھے چار ارب ہیں، ان کے مقابلے میں جو مسلمان ہوئے وہ بالکل نہ کے برابر ہیں تاہم ہم گندوں کو اللہ نے ذریعہ بنایا اور اس پر ہم اللہ کا کروڑوں کروڑ شکر ادا کرتے ہیں۔ الحمد للہ بڑی تعداد تو ایسے لوگوں کی ہے کہ خاندانوں کے لئے مسئلہ بنے ہوئے تھے، اللہ نے ہم دونوں کو ہدایت کا ذریعہ بنایا۔

سوال: ارمغان کے قارئین کے لئے کچھ پیغام آپ دیں گے؟

جواب: پوری انسانیت حق کی پیاسی ہے سراب دیکھ کر ان کو پانی کا گمان ہوتا ہے، کبھی اس مذہب میں، کبھی اس مذہب میں، کبھی اس ست سنگ میں، کبھی اس ست سنگ میں، کبھی بے گرو دیو، کبھی شرڈی والے بابا، مگر سب اندھیرے میں ہیں، صرف اور صرف اسلام ہی ان کے سکون اور درد کا مداوا اور ان کی بے چینی کا علاج ہے، آج دولت کی ریل پیل اور سائنس اور ٹکنالوجی کی ترقی نے انسانیت کو پہلے سے بہت زیادہ بے چین کر دیا ہے، خدارا بے چین انسانیت پر ترس کھائیں، اسلام کے مزے سے آشنا ہونے کے لئے بھی اور دکھی اور بے چین انسانیت پر ترس کھا کر بھی اپنے دعوتی منصب اور فریضہ کا حق ادا کریں۔

سوال: اسلام کے مطالعہ کے لئے آپ کیا کر رہے ہیں؟

جواب: الحمد للہ میں مسلسل مطالعہ کرتا ہوں اور اب میں نے قرآن مجید حفظ شروع کر دیا ہے، میری دلی خواہش ہے کہ میں داعی بالقرآن بنوں، اس کے لئے قرآن کا حفظ بہت ضروری سمجھتا ہوں۔

سوال: بہت بہت شکریہ! جزاکم اللہ خیرا الجزاء

جواب: وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

مستفاد از ماہنامہ ارمغان، مئی ۲۰۰۸ء

چودھری عبداللہ سے ایک ملاقات

ہمارے حضرت مولانا کلیم صاحب صدیقی فرماتے ہیں کہ یہ ہندوستان کے لوگ بس مریض ہیں، ان کی دشمنیاں، سازشیں بس بیماری کی چیخ وپکار ہے، ان کی سب بیماریوں کا علاج محبت اور جرأت ہے، ارمغان کے قارئین سے بس میری یہ درخواست ہے کہ ان کو وہ حریف نہ سمجھیں بلکہ مریض سمجھیں اور محبت کی بولی ان کے مرض کا علاج ہے۔

مولانا احمد اواہ ندوی

احمد اواہ : السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

عبداللہ چودھری : وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ

سوال: چودھری صاحب، ہر کام کا ایک وقت ہوتا ہے، کب سے آپ کا ذکر آتا رہتا ہے، ابی اپنی تقریروں میں باقاعدہ آپ کا نام لے کر ذکر کرتے ہیں، میرے دل میں خیال آتا تھا کہ آپ سے انٹرویو لوں، آج اس کا دن آگیا ہے، ہمارے یہاں پھلت سے اردو میں ارمغان میگزین نکلتا ہے، اس کے لئے آپ سے بات کرنی ہے؟

جواب: مولانا احمد صاحب، ارمغان میرے لئے تعارف کا محتاج نہیں ہے، میں اردو تو صرف فیت بلکہ سچی بات تو یہ ہے کہ کاہلی کی وجہ سے نہیں پڑھ سکا مگر پابندی سے ارمغان پڑھوا کر سنتا ہوں، حافظ ادریس اور مولانا وصی صاحب سے کتنے دنوں سے کہتا رہتا ہوں کہ ہندی والوں پر بھی ترس کھائیے اور ارمغان کا ہندی ایڈیشن ضرور شائع کیجئے۔

جب میں کچھا ہوں تو ایسا لگتا ہے کہ اگلے مہینہ شروع ہو جائے گا۔ شاید ان کو ترس آ گیا ہے، مگر کب سے انتظار ہے، اصل میں ان کو بھی بہت کام ہیں، کوئی نئی میگزین نکالنا اتنا آسان تو ہے نہیں، میں نے مولانا صاحب سے کہہ رکھا ہے کہ ہندی ایڈیشن کے لئے زیادہ نہیں تو کم از کم ۰۰ ۵ ممبر بنانے میرے ذمہ ہیں، اللہ تعالیٰ کبھی تو ہماری بھی ضرور سنیں گے۔

سوال: آپ مایوس نہ ہوں، انشاء اللہ جلد آپ کی مراد پوری ہوگی۔ عید کے بعد انشاء اللہ امید ہے ارمغان کا ضرور ہندی ایڈیشن شروع ہو جائے گا۔

جواب: احمد بھائی، آپ کو پیٹ بھر کے مٹھائی کھلاؤں گا، اگر یہ خبر سچی ہوگی تو۔

سوال: چودھری صاحب! آپ اپنا خاندانی تعارف کرائیں؟

جواب: میں ۹/دسمبر ۱۹۵۱ء میں بھلت کے پڑوسی گاؤں کے ایک جٹ گھرانے میں پیدا ہوا، میرے والد ایک زمیندار تھے، انگریزی زمانے کے انٹر میڈیٹ بھی تھے، وہ ایک پرائمری اسکول میں ہیڈ ماسٹر تھے، ۱۰ ارسال کی عمر ہوئی، جس اسکول میں بھارت کے پردھان منتری لال بہادر شاستری ہمارے علاقہ میں پڑھاتے تھے، میرے پتا جی اس اسکول کے ہیڈ ماسٹر تھے، اسی اسکول میں میں نے پرائمری اور پھر جونیئر ہائی اسکول (آٹھویں کلاس) پاس کیا، اس کے بعد ایس اے ایس کالج کھتولی میں ہائی اسکول اور انٹر میڈیٹ کیا، خاندانی ماحول اس طرح کا رہا کہ ورزش اور باڈی بلڈنگ کا شوق رہا، انٹر تک دنگلوں میں کشتی بھی لڑتا رہا، بہت سی کشتیاں جیتیں، یوپی، بہار کے دنگلوں میں نام کمایا، بچپن سے نڈر اور بہادری کا مزاج بنا تھا، والد صاحب غریبوں اور کمزوروں کا حد درجہ خیال رکھتے تھے، کتنے غریب بچوں کی فیس وغیرہ خود ادا کرتے تھے، کسی مشکل میں پھنسے لوگوں کا ساتھ دیتے، ہم سبھی بھائیوں کو یہ بات وراثت میں ملی، اس جذبہ کی وجہ سے بعض مظلوموں کی مدد میں بعض

قانون اور بدمعاشوں سے دشمنی ہوگئی اور مقابلے کے لئے طاقت کی ضرورت میں غلط لوگوں کو ساتھ جوڑنا پڑا اور پھر اس غلط سنگت (صحبت) نے اپنی طرف کھینچ لیا، پھر اسی لائن کا ہو رہا، اس کے نئے پورے ضلع میں مشہور ہوگیا اور نہ جانے کتنے لوگوں میں نام کا خوف سا بیٹھ گیا، اکثر پولس والے تک ڈرنے لگے، احمد بھائی یہ حالت تھی کہ کوتوالی میں تھانے کے سامنے سے گزرتا تو پولس والے یا کوتوال بھی دروازے پر کھڑا ہوتا تو اندر چلا جاتا کہ کوئی پنگا نہ بنا دے، مجھے بھی کچھ زعم سا ہوگیا تھا، لوگ ایسے میں میرے نام سے لالاؤں، سے تاجروں سے پیسے وصول کرنے لگے، لوگ نام سن کر دیدیتے، میرے اللہ کا مجھ پر کرم رہا کہ اس غلط راہ پر بھی ہمیشہ مظلوموں اور بے سہارا لوگوں کے ساتھ جینا میرا امزاج رہا، اس کی وجہ سے پراپرٹی ڈیلنگ کا کام کیا، جو بہت اچھا چلا، کئی شہروں میں اپنے نام سے کالونیاں بنائیں جو بہت جلد آباد ہوگئیں، غریبوں اور مظلوموں کی مدد اس دنیا میں میرے کام آئی، میرا کاروبار دن دوگنی رات چوگنی ترقی کرتا رہا اور ۲۶ دسمبر ۱۹۹۲ء کو اللہ نے مجھے ہدایت نصیب فرمائی۔

س: اپنے قبول اسلام کے بارے میں بتائیے؟

ج: کسی مظلوم کا مدد کرنا میرے کام آیا اور میرے اللہ کو مجھ بدمعاشوں کے سردار پر ترس آگیا، اصل میں مجھے غصہ بہت آتا تھا اور کبھی کبھی غصہ اس قدر بڑھ جاتا تھا کہ میرے بدن میں آگ سی لگنے لگتی، ایک بار ڈاکٹر کو چیک کرایا تو بلڈ پریشر بہت بڑھا ہوا تھا، مسلسل مرض بڑھتا رہا، پورے بدن میں درد رہنے لگا، اس کے لئے انجکشن لگوانے پڑے، انجکشن لگواتے لگواتے عادت ہوگئی اور مجھے ایڈیکشن ہوگیا، ایک روز میں چار فورٹ ون کے انجکشن دو دو ملوا کر صبح و شام لگوانے پڑتے، ایک روز دن چھپنے کے بعد میں ایک ڈاکٹر کی کلینک پر انجکشن لگوانے کے لئے گیا، کلینک ٹیلی فون ا سج

کے پاس تھی، آپ کے والد مولانا کلیم صاحب کو جب بھی فون کرنا ہوتا تو ڈاکٹر صاحب کے فون سے کال بیک کرا کے فون کرتے تھے، ڈائرکٹ فون ڈائل کرنے کا نظام پھلتولی میں نہیں تھا اور پھلت میں تو فون کی سہولت بھی نہیں تھی، وہ ڈاکٹر صاحب کی کلینک پر بیٹھے تھے، میں نے ڈاکٹر صاحب کو انجکشن دیئے، انھوں نے دونوں ملا کر میرے ہاتھ کی نس میں لگا دیئے مولانا صاحب کو فورٹ ون انجکشن کی خاصیت معلوم تھی کہ عام آدمی کے ایک انجکشن لگا دیا جائے تو دس گھنٹے بے ہوش ہو جاتے ہیں وہ انجکشن لگوا کر باتیں کر رہا تھا، مولانا صاحب حیرت میں پڑ گئے اور مجھے دیکھ کر حد درجہ پریشان بھی ہوئے، گویا انجکشن میرے نہیں ان کے ہی لگے ہوں، مجھ سے بولے چودھری صاحب آپ اپنی زندگی پر ظلم کر رہے ہیں، آپ یہ انجکشن کیوں لگواتے ہیں؟ میں نے کہا میرے پورے بدن میں درد ہوتا ہے اور بے حد غصہ آتا ہے اس کے لئے مجھے صبح و شام دو دو انجکشن لگوانے پڑتے ہیں مولانا صاحب بے تاب ہو گئے، روزانہ چار فورٹ ون، پھر تو آپ دن میں دو بار خودکشی کرتے ہیں، آپ نے دوسری طرح علاج نہیں کرایا آپ یہ انجکشن چھوڑ دیجئے، مولانا صاحب نے کہا کہ آپ کو غصہ کیوں آتا ہے؟ میں نے کہا کہ جب طاقت ور اپنے مال اور طاقت کے نشہ میں کسی کمزور مظلوم کو ستاتا ہے تو جی چاہتا ہے کہ یا تو اس کی جان لے لوں یا اپنی جان دے دوں، ابھی میں سینکڑوں مقدمے مجھ پر چل رہے ہیں، میں نے کہا کئی بار مہینے مہینے تک انجکشن ختم کرنے کے لئے اسپتالوں میں رہا، کتنے حکیموں کو دکھایا، لاکھوں لاکھ، بلکہ اگر میں یہ کہوں کہ دس لاکھ روپے میں علاج میں خرچ کر چکا ہوں تو یہ جھوٹ نہ ہوگا، مولانا صاحب نے مجھ سے پوچھا آپ کہاں رہتے ہیں؟ میں نے کہا مولانا صاحب آپ شاید پھلت کے ہیں، انھوں نے کہا ہاں، آپ نے کیسے پہچانا، میں نے کہا کہ پھلت

کے راستہ میں میں نے کچھ زمین خریدی تھی وہیں آپ کو آتے جاتے دیکھا تھا، میں آپ کا پڑوسی ہوں شاید آپ نے میرا نام سنا ہو، مولانا صاحب نے نام سن کر کہا: اچھا آپ ہیں جن کا اخباروں میں نام بھی آتا تھا، میں نے کہا کہ وہ ذات نالائق میں ہی ہوں، مولانا صاحب نے کہا: آپ نے بہت علاج کرا لیا اب آپ ایک مہینہ میں دیجئے، آپ وہاں گھر آ جائے، آرام سے رہئے کھانا پینا اور علاج سب میرے ذمہ ہوگا، آپ کا کوئی پیسہ خرچ نہیں ہوگا، بس آپ میرے ساتھ رہیں گے، مالک کے کرم سے امید ہے کہ آپ ایک مہینہ میں ان اُلجھنوں سے چھٹکارا پا جائیں گے، مولانا صاحب نے زور دیا کہ مجھ سے وعدہ کیجئے، آپ کب پھلت آئیں گے؟ میں نے کہا مولانا صاحب آپ کی محبت کا بہت آبھاری ہوں، میں بھی اپنی حالت سے بہت پریشان ہوں، ذرا مجھے مقدمے کی تاریخوں سے چھٹی مل جائے تو میں آپ کی بات ضرور مانوں گا۔

مولانا صاحب سے اجازت لے کر میں گھر آیا ساری رات مولانا صاحب کی ہمدردی اور محبت کی وجہ سے مولانا کا بے تاب چہرہ میری آنکھوں کے سامنے گھومتا رہا، ایک دوبار آنکھ بھی لگی تو خواب میں دیکھا مولانا صاحب سامنے رو رہے ہیں، چودھری صاحب آپ اپنے جیون پر ترس کھائیے، آنکھ کھل جاتی میں سوچتا بھگوان آپ کا کیسا سنسار ہے، کچھ لوگ دوسروں کی گردن کاٹ کر اپنا الو سیدھا کرتے ہیں کچھ لوگ ایسے بھی ہیں جو دوسروں کے درد میں ایسے بے تاب ہو جاتے ہیں، بے چینی میں رات گزری، صبح سویرے بستر چھوڑ دیا، ورزش وغیرہ کی، کوٹھی پر لان میں پھلواری کو پانی دینے کے لئے پائپ اٹھایا پانی دے رہا تھا کہ دروازے پر گھنٹی بجی، حافظ ادریس صاحب سامنے تھے، میں نے دروازہ کھولا، آئیے مولانا صاحب آ گئے، حافظ صاحب نے بتایا کہ میں پھلت سے آیا ہوں، ایک خط، ایک چھوٹی سی ہندی کتاب ان کے ہاتھ

میں بھی، میں نے کہا حضرت وہ دیوتا ہیں، وہ حضرت وہاں کی ایک مہمان آتا ہے میری ڈاکٹر کے یہاں کھتولی میں ملاقات ہوئی تھی۔ ساری رات ان کے پریم نے مجھے بے چین رکھا، حافظ صاحب نے بتایا میں انہی کے پاس سے ایک پریم پتر (محبت نامہ) لے کر آپ کے پاس آیا ہوں، آپ کی محبت میں وہ بھی ساری رات نہیں سوئے، وہ خط حافظ صاحب نے مجھے دیا، میرا بھتیجہ بھی میرے ساتھ دوسرے پائپ سے پانی ڈلوا رہا تھا میں نے اس کو بلایا، آ بیٹے دیکھ ایک دیوتا کا پریم پتر آیا ہے، میں نے خط لے کر ماتھے سے محبت اور ادب میں لگایا، اس کو نکال کر پڑھا (خط نکالتے ہوئے) یہ خط ہے مولانا احمد، میں اس وقت سے میں اپنے پرس میں رکھتا ہوں، لیمینیشن کرایا ہے، خط یہ تھا:

"میرے بہت بہت پیارے بھائی چودھری جی! اس پر سلام ہو جو سچی راہ چلے، آپ سے ڈاکٹر صاحب کی کلینک پہ ملاقات کر کے میں چلا تو آیا مگر میرا اٹھا سارا دل آپ میں اٹک کر رہ گیا، رات کو آپ کی حالت آنکھوں کے سامنے رہی، آپ کے لگنے والے انجکشنوں کے نتیجہ میں کسی بھی وقت سنڈلاتی موت اپنی موت کی طرح مجھے بے چین کرتی رہی، یہ جیون تو اپنے وقت پر ختم ہونا ہے، مجھے قرآن نے خبر دی ہے کہ موت نہ ایک لحہ پہلے آسکتی ہے اور نہ ایک پل ٹل سکتی ہے، مگر اس جیون کے بعد ایک ہمیشہ کا جیون جس میں یا تو سورگ کا سکھ ہی سکھ ہے یا نرک کا دکھ ہی دکھ، نرک کا ایک دکھ اور ایک پل کی سزا پورے جیون کے آگ میں جلنے سے زیادہ ہے، کانوں سے سنی خبر آنکھوں سے دیکھی بات جھوٹی ہو سکتی ہے، مگر میرے بہت پیارے بھائی ایشور کے سچے سندیشٹا حضرت محمد ﷺ اور ان کے لائے ہوئے پوتر (مقدس) قرآن کی بات میں ذرا شک نہیں کہ اگر آپ ایمان کے بغیر مر گئے اور مسلمان نہ ہوئے تو ہمیشہ کی نرک کی سزا بھگتنی پڑے گی، اس لئے میرے بھائی اپنے پیار کرنے والے بھائی پر ترس کھا

کر اپنے جیون پر ترس کھاؤ اور ایمان قبول کر کے مسلمان بن جاؤ۔ سچے دل سے کہو:

اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَ اَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ

ترجمہ: میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی پوجا کے لائق نہیں اور حضرت محمد ﷺ اللہ کے بندے اور انتم سچے سندیشٹا ہیں۔ میرے بھائی اگر آپ نے پوتر مقدس قرآن جو (انتم سن ودھان) آخری خدائی منشور ہے، کا پالن کرنے کا حلف اس کلمہ کو پڑھ کر نہ دیا تو پھر نرک کی آگ میں جلنا ہوگا میرے پیارے بھائی ذرا سوچو وہاں سے واپسی بھی ممکن نہیں اور پھر افسوس کے سوا کچھ نہیں کر سکو گے۔

میرے بھائی آپ کو کیا معلوم رات میری کس طرح کٹی، رات کو ایک بجے بے چین ہو کر میں نے بستر چھوڑا، پھر اپنے مالک کے سامنے سر رکھ کر آپ کے لئے دعا کرتا رہا، میرے مالک وہ مظلوموں اور کمزوروں پر ظلم برداشت نہ کرنے والا اور اس غصہ میں اپنی زندگی کو خطرے میں ڈالنے والا آپ کی ہدایت اور دیا (رحم) کا کتنا مستحق ہے، مجھے امید ہے کہ وہ مالک اس گندے گر دکھیارے کی دعا کو ضرور سنے گا، بلکہ مجھے تو ایسا لگتا ہے کہ اس نے سن لیا ہے، بس آپ مجھے اچھے مسلمان ہونے کی خوش خبری دے دیجئے تا کہ آپ کا یہ پیار کرنے والا بھائی کچھ چین پا سکے، میں جس انتم سندیشٹا (آخری رسول) کے لائے ہوئے کلمہ کی طرف آپ کو بلا رہا ہوں، اس کے جیون پر آدھارت (سیرت پر مشتمل) ایک پمفلٹ آپ کو بھیج رہا ہوں اللہ کرے میرے دل کی بات آپ تک پہنچے اور وہ اللہ بہیں اور آپ کو ہدایت پر رکھے اور اسی پر ہماری اور آپ کی موت آئے۔" والسلام آپ کا بہت محبت کرنے والا بھائی

محمد کلیم ۱۳ ار دسمبر ۱۹۹۷ء

سوال: اس کے بعد کیا ہوا؟

جواب: میں نے اس خط کو زور زور سے اپنے بھتیجے کو پڑھ کر سنایا اس خط میں بے لوث محبت سے میرے جسم کا رواں رواں کھڑا ہو تا رہا اور اس محبت کے سامنے میں ایک بے بس غلام کی طرح مولانا صاحب کے سامنے اپنے کو گھرا پاتا تھا، میرا دل چاہتا تھا کہ میں فوراً جا کر مولانا صاحب سے گلے ملوں ان کا شکریہ ادا کروں اور ان کی خواہش پوری کروں مگر ایک بہت اہم مقدمے کی تاریخ تھی، گواہوں سے بات بھی کرنی تھی، وکیل سے بھی ملنا تھا اس لئے میں نے حافظ صاحب سے کہا: میں رات کو یا پھر کل کو مولانا صاحب سے ملوں گا۔ اس روز میں مظفر نگر سے دیر سے آیا، رات کو دیر سے مولانا صاحب کے پاس جانا مناسب نہ سمجھا، رات کو دیر سے سونے کی وجہ سے صبح دس بجے آنکھ کھلی، گیارہ بجے پھلت پہنچا تو مولانا صاحب سفر پر جا چکے تھے اس کے بعد آٹھ نو بار پھلت گیا، میرے اللہ بھی شاید میری محبت کا امتحان لے رہے تھے، مولانا صاحب سے ملاقات نہ ہو سکی۔ ۲۳ ردسمبر کو مولانا صاحب کا ایک سفر بلند شہر کا تھا تو انھوں نے کھتولی سے حافظ ادریس کو بھیجا کہ آج شام کو ہم واپس آجائیں گے آپ آ کر مل لیں، اس روز بھی میری تین مقدموں کی تاریخیں تھیں میں دیر سے گھر پہنچا اور رات کو دس بجے سردی میں بلٹ موٹر سائیکل پر اپنے بھتیجے کے ساتھ پھلت پہنچا، مولانا صاحب بستر سے نکل کر آئے باہر بیٹھ کر جو اب خانقاہ کہلانے لگی ہے بلکہ الحمد للہ خانقاہ بن گئی ہے، ملاقات ہوئی، مولانا صاحب نے کہا آپ نے کلمہ پڑھ لیا کہ نہیں، میں نے مولانا صاحب سے اکیلے میں ملنے کی درخواست کی، مولانا صاحب مجھے گھر کے اندر والے کمرے میں لے گئے، میں نے کہا آپ کے پریم (محبت) نے مجھے غلام بنا لیا ہے آپ بیچیں یا آزاد کریں، پہلے تو میں معافی چاہتا ہوں کہ اتنے دنوں کے بعد ملا مگر میں گیارہ بار پہلے حاضر ہوا، آپ سے ملاقات نہ ہو سکی، میرے مسلمان ہونے کے دو

طریقے ہو سکتے ہیں، ایک تو یہ کہ مجھے سب کے سامنے کلمہ پڑھائیے اور یہاں مسجد میں اذان وغیرہ دینے پر لگا دیجئے، یہ بھی خوشی سے منظور ہے، دوسرا طریقہ یہ ہے کہ میری دو بیویاں ہیں اور ان کے بچے ہیں، میں کلمہ پڑھ لوں، اپنے مقدموں وغیرہ سے نکل آؤں اور گھر کے لوگوں کو تیار کروں اور پھر کچھ دن کے بعد کھل کر اعلان کروں، آپ جو چاہیں گے ویسا ہی ہوگا، آپ کو شاید معلوم نہیں کہ میں ضلع شیوسینا کا ذمہ دار بھی تھا ۲۶/ دسمبر کو آپ کے خط کے بعد میں نے شیوسینا کو ہی استعفیٰ دے دیا کہ اب مولانا کے پیچھے رہ کر جیون گزارنا ہے، مولانا صاحب نے کہا پہلے کلمہ پڑھ کر میرا دل تو ٹھنڈا کیجئے، میں نے کہا پڑھوائیے، ویسے میں نے سچے دل سے آپ کے خط میں کلمہ پڑھ لیا تھا اور اپنا نام بھی عبداللہ اپنے من میں رکھ لیا ہے، اب دوبارہ مجھے پڑھوا دیجئے، مولانا صاحب نے کہا کہ ایمان کو تو بار بار تازہ کرتے رہنا چاہئے، مجھے کلمہ پڑھوایا اور کہا کہ عبداللہ بہت اچھا نام ہے، ہمارے نبی ﷺ نے فرمایا ہے کہ عبداللہ اور عبدالرحمن نام اللہ کو بہت پسند ہیں۔

سوال: اس کے بعد کیا ہوا؟

جواب: مولانا صاحب نے مجھے موقع لگا کر نماز وغیرہ سیکھنے اور گھر والوں پر کام کرنے کے لئے کہا، الحمدللہ دو مہینے میں میری چھوٹی اہلیہ اور اس کے چاروں بچے مسلمان ہو گئے، مقدموں سے میں بہت پریشان تھا، مولانا صاحب نے کہا کہ جس مقدمے میں جائیں دو رکعت صلوٰۃ التوبہ اور صلوٰۃ الحاجت پڑھ کر جائیں جب اللہ توبہ قبول کر لیتے ہیں تو فرشتوں سے بھی بھلا دیتے ہیں اور نامۂ اعمال سے بھی مٹا دیتے ہیں میں نے یہ نسخہ استعمال کیا، اللہ کا شکر ہے سارے مقدموں سے اللہ نے مجھے بری کر دیا۔ بس دو مقدمے باقی ہیں۔

سوال: آپ کے انجکشنوں کا کیا رہا؟

جواب: میرے اسلام قبول کرنے کے بعد رمضان آئے مولانا نے مجھے بلایا اور کہا اللہ نے انسان کو بڑی قوت ارادی عطا کی ہے آدمی پختہ ارادہ کر لے تو پہاڑوں میں دودھ کی ندی کھود سکتا ہے، یہ انجکشن ایک نشہ ہے اور نشہ اسلام میں حرام ہے، آپ گناہ سمجھ کر سچے دل سے توبہ کیجئے، رمضان کے پورے روزے رکھئے، اخیر میں اعتکاف میں کچھ وقت ہمارے ساتھ گزار دیجئے، میں نے ہمت کی اور روز صلاۃ التوبہ پڑھ کر ارادہ اور عزم کرتا، درد کی وجہ سے ہاتھ پیر دے دے مارتا، مگر اپنے سے کہتا ہرگز ہرگز حرام نہیں کروں گا، یہ جان چلی جائے تو چلی جائے، اخیر عشرہ آیا تو میں بعض مقدموں کی وجہ سے پھلت نہ آسکا، حضرت نے حافظ ادریس کو بھیجا، میں پھلت آیا جامع مسجد میں تین روز گزارے، پھلت کے لوگوں نے، سنا ہے کہ حضرت پر بہت اعتراض بھی کیا کہ اس بدمعاش اور ڈاکو کو مسجد میں بلالیا، میرے دل میں بہت سی شکایتیں اور اعتراضات تھے وہ بھی اللہ نے حضرت سے کہنے کا موقع دیا اور وہ سب حل ہوگئے اور الحمد للہ فورٹ ون کے عذاب سے مجھے نجات ملی۔

احمد بھائی! عجیب بات ہے کہ مولانا صاحب سے ملاقات کے ایک ماہ میں وہ فورٹ ون جو بیس سال سے نہیں چھوٹی تھی، اب مجھ سے چھوٹ گئی۔

سوال: آپ شیوسینا جیسی جماعت کے ضلع کے ذمہ دار تھے آپ کو اسلام میں آکر اجنبیت سی نہیں لگی؟

جواب: نہیں بھائی احمد بالکل نہیں، مجھے ایسا لگا کہ میں بائی نیچر فطرتاً مسلمان ہی تھا، اسلام کی ہر بات میری اندر آتما (اندر کی روحانی پکار) لگتی تھی۔

سوال: آپ کی دوسری بیوی کا کیا ہوا؟

جواب: وہ ابھی تک مسلمان نہیں ہوئی، میں نے ان کو چھوڑ دیا ہے ان کا احسان

کو دے دیا ہے، ایک بھائی بھی ان کے میرے ساتھ دہلی میں رہتے ہیں، میں نے مولانا صاحب کے مشورہ سے دہلی میں کوٹھی لے کر رہائش اختیار کر لی ہے، یہ فیصلہ میرے لئے سکون کا ذریعہ بنا اور اسلام کا اعلان کرنے میں مجھے بڑی سہولت کا ذریعہ بنا۔

سوال: آپ کو ان نے دعوت پر نہیں لگایا؟

جواب: ایسا کیسے ہو سکتا ہے، اللہ کا شکر ہے کہ میں، جو کچھ کرتا ہوں، دین کے لئے کرنے کی کوشش کرتا ہوں، میرے بھائی ایک ہائی اسکول چلاتے تھے وہاں پر اکثر مسلمانوں کے بچے پڑھتے تھے، کھتولی میں ایک مسلم جونیر ہائی اسکول چلتا تھا اس کے ذمہ دار ایک حاجی صاحب بہت جذبے کے آدمی تھے، ہیڈ ماسٹر سے کچھ بات ہونے کی وجہ سے یہاں پر تین دینیات کے استاذوں نے وہاں دو مہینے تک ایک بھی سبق نہیں پڑھایا، حاجی صاحب نے معاملہ کی جانچ کے بجائے یہ فیصلہ کیا کہ میں مدرسہ نہیں رکھتا، بس اسکول چلاؤں گا، تینوں حافظ اور مولویوں کو الگ کر دیا، اتفاق سے ایک روز اپنے بھائی کے اسکول میں چھٹی کے وقت کچھ مسلمان بچوں سے میں نے کلمہ سنانے کو کہا تو انہیں کلمہ یاد نہیں تھا، مجھے بہت دکھ ہوا، میں نے اپنے بھائی سے کہا، آپ کا اسکول مسلمان محلّہ میں ہے اگر آپ یہاں قرآن اور اردو شروع کر دیں تو تعداد بڑھ جانے کی ان کی سمجھ میں آ گئی، میں نے مولانا صاحب سے استاذ دینے کے لئے کہا، مولانا صاحب نے ان تینوں استاذوں کو بلایا جو مسلم اسکول سے نکالے گئے تھے اور اللہ کا شکر ہے کہ آج تک پانچویں چھٹی ساتویں کلاس میں قرآن مجید اور دینیات کی تعلیم کسی مدرسہ کی طرح ہو رہی ہے اور الحمد للہ میرے بھائی بھی مسلمان ہو گئے ہیں، ان کا نام میں نے عبدالرحمٰن رکھا ہے، مولانا صاحب اس قصہ کو اکثر سناتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ اس طرح تبدیلی کا نظم کرتے ہیں۔

سوال: قارئین ارمغان کے لئے کچھ پیغام آپ دیں گے؟

جواب: کسی کے خلاف پروپیگنڈہ اور حالات کو خلاف سمجھ کر یہ سمجھنا کہ یہ حالات اور یہ شخص اسلام دشمن ہے بالکل غلط ہے، ظاہری طور پر شیوسینا کا ضلعی ذمہ دار کتنے غلط کاموں سے گزرا، ان مقدموں میں پھنسا، مجھ جیسا اوت آدمی، وہ اسلام کے مخالف حالات میرے لئے بابری مسجد کی شہادت کے بعد صد درجہ نفرت زدہ تھے، ایک مزے کی اور بات بتاؤں کہ ہمارے خاندان کا ایک دور کے رشتہ کا میرا بھائی ڈاکٹر صاحب کا لڑکا مسلمان ہو کر عبدالرحمن بن کر گھر چھوڑ کر پھلت رہنے لگا تھا، میری بھابھی بہت روتی تھی جب وہ بلک بلک کے روتی تو مجھے بہت ترس آتا تھا اور کئی بار من میں خیال آیا اس حضرت جی کا دور قتل کرا آؤں جن پر اتنے مقدمے ہیں ایک مقدمہ اور سہی مگر احمد بھائی سچ کہتا ہوں جب اسلام کو میں نے پڑھا تو مجھے بالکل یہ محسوس ہوا یہ میرے اندر کی مایا تھی اور اسی نفرت پر مجھے پیدا کیا گیا تھا، بابری مسجد کی شہادت کے بعد کسی شیوسینا کے ذمہ دار کا مسلمان ہونا کیسا عجیب لگتا ہے مگر مجھے بالکل عجیب نہیں لگا، تو مجھے لگا کہ کوئی انہونی فیصلہ ہوا، بس یہ بات ہے کہ محبت سے کھینچنے والا کوئی نہ ملا اور ہمارے دیش کی کمزوری ہمارے حضرت کے بقول جوش محبت ہے، ہر ہتھیار اور ہر حملے کا مقابلہ یہ قوم کر سکتی ہے مگر محبت کی دھار اس کے دل میں فوراً اتر جاتی ہے، مجھے مولانا صاحب کی محبت نے ایسا غلام بنایا کہ رواں رواں اب تک گرفتار ہے، صرف محبت اور بے لوث ہمدردی نے مجھ جیسے سخت انسان کو شکار بنا لیا، میں نے کوئی چمتکار دیکھا نہ کوئی دوسری بات ہوئی، صرف اور صرف بے لوث محبت اور ہمدردی میری ہدایت کا ذریعہ بنی۔

پھلت کا ایک نائی جلال الدین جو کھتولی دوکان کرتا ہے، پانچ سال پہلے ساڑھے دس بجے اس نے مجھے بتایا کہ چودھری صاحب آپ یہاں گھر رہے ہیں،

مولانا صاحب ایک ہفتہ سے بستر پر پڑے ہیں۔ احمد بھائی بس میری جان نکلنی ابھی کو تھا، اور گھر گیا، گاڑی لی، راستہ میں بارہ بجے روتا ہوا پھلت پہنچا، مولانا صاحب الحمد للہ مسجد کے کچھ مہمانوں کے ساتھ بیٹھے باتیں کر رہے تھے اور مسکرا رہے تھے۔ جا کر چمٹ گیا اور خوشی سے سسکیوں سے روتا ہوا بولا کہ مجھے جمال الدین نے بتایا تھا کہ آپ بستر پر بیمار پڑے ہیں، سارے راستہ دعا کرتا آیا، میرے اللہ میرے جیون کی گھڑیاں بس میرے مولانا کو لگ جائیں، آپ کو ٹھیک دیکھ کر جان میں جان آ گئی، اب بھی دعا کرتا ہوں کہ زندگی کی باقی گھڑیاں بس مولانا صاحب کو لگ جائیں کچھ کام آ جائیں گی۔ مولانا صاحب نے بتایا کہ پنجاب کا ایک ہفتہ کا سفر ہوا تھا (گرم ہوا وں) میں ہوا، گرمی میں رہنے کی وجہ سے گردہ میں درد ہو گیا تھا، آج پتھری نکل گئی۔

ہمارے حضرت سچ کہتے ہیں، یہ ہندوستان کے لوگ بس مریض ہیں، ان کی دشمنیاں، سازشیں بس بیماری کی چیخ و پکار ہے، ان کی سب بیماریوں کا علاج محبت اور جرأت ہے، ارمغان کے قارئین سے بس میری یہ درخواست ہے کہ ان کو دو حریف نہ سمجھیں بلکہ مریض سمجھیں اور محبت کی بولی ان کے مرض کا علاج ہے اور میرے لئے حسن خاتمہ کی دعا کریں۔

سوال: بہت بہت شکریہ چودھری عبداللہ صاحب۔

جواب: شکریہ تو آپ کا ہے احمد بھائی، مجھے ارمغان کی محفل میں شامل کیا۔

سوال: حسن اتفاق ہے کہ رمضان سے قبل آپ کو اسلام ملا اور رمضان سے قبل آپ کا انٹرویو ارمغان میں آ رہا ہے، ماہ مبارک کی دعاؤں میں میرے لئے، گھر والوں کے لئے دعا کرنے کی درخواست ہے۔

مستفاد از ماہنامہ ارمغان، ستمبر ۲۰۰۸ء

جناب محمد عمر گوتم کی آپ بیتی

ہزاروں غیر مسلم بھائیوں سے رابطہ رہنے کے بعد یہ محسوس ہوتا ہے کہ دین کی دعوت ٹھیک ٹھیک ان تک نہیں پہنچائی گئی، جس کی وجہ سے وہ غلط فہمی کا شکار ہیں۔ جب کہ حقیقت یہ ہے کہ اسلام تمام انسانوں کے لئے ہے، بنیادی طور پر مذہب نے انسانیت کی تعلیم دی ہے، اور آج دنیا کی بہت ساری قومیں اور ممالک انہیں اسلامی تعلیمات سے فائدہ اٹھا رہے ہیں۔ اور مسلمان دور کھڑے ہو کر انہیں دیکھ رہے ہیں اور ان کی تعریف کر رہے ہیں۔ اس ملک میں جہاں اکثریت غیر مسلم بھائیوں کی ہے دعوت دین کی سخت ضرورت ہے۔ آج بھی اگر مسلمان دین پر چلیں اور اپنے اخلاق و کردار کو سنواریں اور انسانیت کی خدمت کو اپنی زندگی کا مقصد بنا لیں تو ہزاروں لاکھوں لوگ اسلام کو سمجھنے اور اپنانے میں کامیاب ہو سکتے ہیں۔

مولانا احمد اوّاہ ندوی

میری پیدائش ۱۹۶۴ء میں صوبہ یوپی کے فتح پور ضلع کے ایک راج پوت خاندان میں ہوئی۔ یہ خاندان گوتم کے نام سے جانا جاتا ہے، والد صاحب کا نام جناب دھن راج سنگھ گوتم صاحب ہے، جو ایک ریٹائرڈ گورنمنٹ آفیسر ہیں۔ کئی سو بیگھے کی کھیتی کے مالک ہیں، اللہ نے دنیاوی اعتبار سے بہت نوازا ہے، میری ابتدائی تعلیم ہائی اسکول تک کی گاؤں ہی میں ہوئی اور چودہ سال کی عمر میں الہ آباد میں اعلیٰ تعلیم کا دور شروع ہوا، بارہویں جماعت کے بعد نینی تال ضلع کی پنت نگر ایگری کلچر یونیورسٹی میں بی ایس سی ایگریکلچر کی ڈگری کے لئے ۱۹۸۰ء میں داخلہ لیا۔ اور اسی یونیورسٹی میں ۱۹۸۴ء میں اللہ تبارک وتعالیٰ نے ہدایت کا معاملہ کیا اور میں نے اسلام قبول کیا اور اپنا نام شیام پرتاپ

سنگھ گوتم سے بدل کر محمد عمر گوتم رکھا۔ پندرہ سال کی عمر میں میرے دل اور دماغ میں یہ سوال پیدا ہوا کہ ہمارے گھر اور خاندان میں جو پوجا پاٹ کا طریقہ رہا ہے اور بتوں کی پوجا ہو رہی ہے، وہ کہاں تک صحیح ہے۔ ہمیں پندرہ سال کی عمر میں یہ نہیں بتایا گیا تھا کہ ہم ہندو ہیں تو کیوں ہیں اور ہمارا ایمان و یقین کیا ہے؟ میں نے جب ان تمام سماجی حالات پر نظر ڈالی اور غور و فکر کیا تو بہت سارے سوالات ذہن میں پیدا ہو گئے۔ مثال کے طور پر ہمارا خالق و مالک کون ہے؟ ہمارا رازق کون ہے؟ ہماری زندگی کا مقصد کیا ہے؟ مرنے کے بعد کہاں پہنچیں گے؟ کس کی پوجا کی جائے اور کس کی نہ کی جائے؟ تینتیس کروڑ دیوی دیوتاؤں کی پوجا پاٹ کیسے کی جائے؟ ۸۴ لاکھ یونیوں میں آواگون کیسے ممکن ہے؟ کہیں ماں باپ ہی تو خالق و مالک نہیں ہیں؟ سماج میں اپنے ہی جیسے انسانوں کو اچھوت کیوں بنا دیا گیا ہے؟ وغیرہ وغیرہ ان سوالات کا جواب حاصل کرنے کے لئے میں نے سب سے پہلے اپنے گھر والوں سے ہی انکوائری شروع کی۔ ان کے پاس کبھی بھی صحیح جواب نہ تھا، نہ انہوں نے دیا، کیوں کہ انہیں اپنے دھرم (مذہب) کے بارے میں معلومات ہی نہیں تھیں، بے چارے جواب کہاں سے دیتے۔ انہوں نے مجھے سمجھانے کی کوشش کی کہ بیٹا! جو تمہارے باپ دادا کا دھرم ہے، وہی تمہارا دھرم (مذہب) ہے، اسی پر تمہیں چلنا ہے۔ اور جو خاندانی رسم و رواج دھرم (مذہب) کے نام پر چلے آرہے ہیں، انہیں ہی اپنانا اور ہے اور تمہاری زندگی کا مقصد ایک کامیاب انسان بننا ہے، ماں باپ کی سیوا (خدمت) کرنی ہے اور غلط کاموں سے بچنا ہے، وغیرہ وغیرہ۔ لیکن کبھی بھی یہ بات سامنے نہیں آئی کہ ہندو دھرم (مذہب) کی جو سب سے پرانی مذہبی کتابیں ہیں، جنہیں ویدوں کے نام سے جانا جاتا ہے، ان کی بنیادی تعلیم یہ ہے کہ: ''ایکم برہم دوتیہ ناستی'' ''یعنی برہم صرف ایک ہے، دوسرا نہیں ہو سکتا'' اس کا مطلب صرف اور صرف ایک ہی

ایشور کی پوجا پاٹ یا عبادت ہونی چاہیے، کسی دوسرے کی نہیں۔ ویدوں میں بت پرستی کے خلاف آواز اٹھائی گئی ہے اور لوگوں کو بتایا گیا ہے کہ انسان اگر کامیابی چاہتا ہے تو صرف اور صرف ایک ایشور (خدا) کی اپاسنا (عبادت) کرے۔ مجھے جب اپنے گھر والوں سے، اپنے بڑوں سے اور ان تمام پنڈتوں سے جو ہمارے یہاں پوجا پاٹ کرانے آتے تھے صحیح جواب نہیں ملا تو میں نے دھارمک (مذہبی) کتابوں کا مطالعہ شروع کیا۔

سب سے پہلے ہندو دھرم کی کتابیں پڑھنے کو ملیں اور خاص طور پر گیتا پریس گورکھپور کی کافی کتابیں مطالعہ میں آئیں۔ گیتا، رام چرت مانس، مہابھارت، وید، پران اور منوسمرتی سے متعلق کافی کتابیں پڑھنے اور سمجھنے کی کوشش کی۔ پنت نگر یونی ورسٹی (اترا کھنڈ) میں دوران تعلیم تقریباً تین سال یونی ورسٹی لائبریری میں کافی کتابیں مطالعے میں آئیں۔ خاص طور پر گوتم بدھ، سوامی وویکانند، پرم ہنس رام کرشن کا مذہبی لٹریچر اور مختلف سوشل ریفارمرس کی سوانح عمریاں پڑھنے کا شوق پیدا ہوا۔ میں اس کوشش میں تھا کہ ان لوگوں کی کامیابی کا راز پتا چلے۔ بہت زیادہ مطالعے کی وجہ سے ہزاروں سوالات ذہن میں پیدا ہوتے چلے گئے اور میں کافی کنفیوز ہونے لگا کہ آخر سچائی کا پتا کیوں نہیں چل رہا ہے، میں نے یہاں تک ذہن بنالیا کہ اپنی ڈگری مکمل کرنے کے بعد اپنے والد صاحب کو خط لکھوں گا اور ان کا شکریہ ادا کروں گا کہ انہوں نے تمام اخراجات برداشت کیے، لیکن میری زندگی کا مقصد حق کی تلاش ہونے کی وجہ سے ان کے ارمانوں کو اور ان کی چاہت کو پورا نہ کرسکا، جس کی میں معافی بھی مانگوں گا اور پہاڑ میں جا کر سنیاسی والی زندگی گزاروں گا۔ میڈیٹیشن یعنی چنتن (دھیان) اور منن (غور و فکر) کے ذریعے اپنے ایشور (خدا) کو پہچانوں گا کہ وہ کہاں ہے، کیسا ہے اور ہم سے کیا چاہتا ہے؟ یہ وقت آتا کہ اس سے پہلے ہی اللہ نے دل میں یہ بات ڈال دی کہ تم اپنے پیدا کرنے والے سے

براہ راست خود کیوں نہیں مانگتے کہ وہ تمہیں سیدھا راستہ دکھائے اور حق کو پہچاننے اور اس
پر چلنے میں مدد کرے۔ اسی بنیاد پر میں نے دعاؤں کو مانگنا شروع کیا اور اللہ تعالیٰ نے
میرے لئے اپنا راستہ آسان کر دیا۔

۱۹۸۳ء میں ہمارے ایک دوست ناصر خان صاحب جو ضلع بجنور کے رہنے والے
ہیں، وہ میرے ہم جماعت تھے، جنہیں اللہ نے میری ہدایت کا ذریعہ بنایا۔ اسکوٹر سے میرا
ایکسیڈنٹ ہوگیا تھا اور پیر میں کافی چوٹ آگئی تھی جس کی بنا پر ہاسٹل جانے کی نوبت
آگئی، سائیکل چلانا چھوٹ گیا اور کافی پریشانی کا سامنا کرنا پڑا۔ اس دوران ناصر خان
صاحب نے میری مدد کی، وہ مجھے اپنے ساتھ ہاسٹل لے جاتے تھے، کالج لے جاتے
تھے اور مجھے میس سے کھانا لاکر روم میں میرے ساتھ بیٹھ کر کھاتے تھے۔ تقریباً ایک مہینے
تک یہ سلسلہ چلتا رہا اور میں ان سے کافی متاثر ہوا۔ ایک دن میں نے انہیں بٹھا کر سوال
کیا کہ آپ میرے ساتھ اتنی ہمدردی کا معاملہ کیوں کرتے ہیں اور یہ اخلاق آپ نے کہا
ں سے سیکھا؟ انہوں نے جواب دیا کہ گوتم صاحب! میں یہ کام کسی لالچ میں یا کسی دباؤ
میں نہیں کر رہا ہوں، بلکہ میں ایک مسلمان ہوں اور میرا مذہب اسلام ہے، اسلام کی تعلیم
ہے کہ پڑوسی پڑوسی ہے، چاہے وہ کوئی بھی ہو، پڑوسی کے ساتھ اچھا سلوک کرنا، اس کی
مدد کرنا اور مصیبت میں اس کے کام آنا، یہ ایک مسلمان کی بنیادی ذمہ داری ہے، اور مجھے
اس بات کا خوف ہے کہ اگر میں نے آپ کی مدد نہیں کی اور آپ کے کام نہیں آیا تو میں
محشر کے میدان میں اللہ کو کیا منہ دکھاؤں گا۔ مجھ سے تو اس کے بارے میں بھی سوال کیا
جائے گا کہ میں نے آپ کے ساتھ کیسا سلوک کیا؟ میں ان کے اس جواب سے بہت
زیادہ متاثر ہوا اور مجھے اسلام کا سب سے پہلا سبق پڑوسی کے حقوق کے بارے میں ملا
اور حساب کتاب کے دن حشر کے میدان کی اطلاع ملی کہ ایسا بھی ہونے والا ہے، اب

ناصر خان صاحب کے ذریعے اسلامی کتابوں کا مطالعہ شروع ہوا، یہ سلسلہ تقریباً چھ مہینے تک چلتا رہا، اس دوران میں نے چالیس پچاس کتابیں مختلف عنوانات پر مطالعہ کیں اور اسلام کی پوری تصویر میرے سامنے آگئی قرآن کریم بھی میں نے مطالعہ کیا خاص طور پر قرآن کی روشنی میں، انھوں نے مجھے قرآن حکیم کے مطالعے سے پہلے یہ احساس دلایا تھا کہ قرآن ایک اللہ کی نازل کردہ آسمانی کتاب ہے اور کتاب ہدایت ہے، یعنی تمام انسانوں کے لئے ہدایت نامہ ہے، اسی بنیاد پر پوری اخلاص نیت کے ساتھ جب قرآن کریم کا ترجمہ پڑھا تو تمام سوالوں کے جواب خود بخود ملتے چلے گئے اور اللہ نے اپنا وعدہ سچ کر دیا کہ جو لوگ ہدایت کے طلب گار ہوں گے انہیں ضرور ہدایت ملے گی، اللہ کا بڑا احسان ہے کہ اس نے اتنی بڑی دولت بغیر کسی محنت، مشقت اور قربانی کے عنایت فرمادی۔

اسلام قبول کرنے کے بعد سب سے پہلے یونی ورسٹی میں پڑھنے والے دوست و احباب نے مخالفت کی اور زیادہ تر لوگ یہ سوال کرتے تھے کہ آخر ایسی کون سی مجبوری آگئی تھی جس کی وجہ سے اسلام دھرم (مذہب) کو اپنانا پڑا؟ کیا اور کوئی دھرم (مذہب) نہیں تھا؟ ان بے چاروں کو معلوم ہی نہیں تھا کہ اسلام کی تعلیمات کیا ہیں اور اسلام کی بنیاد کن چیزوں پر ہے، کچھ عرصے کے بعد کالج کی وال میگزین میں میرا انٹرویو قبول اسلام کے تعلق سے چسپاں کر دیا گیا۔ جسے کئی ہزار اسٹوڈنٹس نے پڑھا اور یونی ورسٹی کے لوگ چہ می گوئیاں کرنے لگے۔ یہاں تک کہ بریلی سے نکلنے والے ایک ہندی اخبار "امر اجالا" میں "گوتم عمر ہوگئے" ہیڈنگ بنا کر خبر چھاپ دی گئی۔ پورے علاقے میں ہوا کی طرح خبر پھیل گئی اور بہت سارے لوگ یہاں تک کہ پولس اور سی آئی ڈی والے بھی انکوائری میں لگ گئے۔ اس سلسلہ میں تفصیلی معلومات کے لئے جو بھی آتا تھا میں

انہیں اپنے حساب سے جواب دیتا رہتا تھا۔ آر ایس ایس اور وشو ہندو پریشد کے لوگوں کو یہ بات پسند نہیں آئی اور انہوں نے ہاسٹل سے اغوا کر کے جنگل میں لے جا کر مار پیٹ کی اور دھمکی دی کہ اگر تین دن کے اندر واپس ہندو دھرم نہیں اپنایا تو ہم تمہاری بوٹی بوٹی کر دیں گے۔ حالات یہاں تک خراب ہو گئے کہ مجھے اپنی ایم ایس سی اگیری کلچر ڈگری چھوڑ کر یونی ورسٹی سے باہر جانا پڑا اور میں نے دہلی کا سفر کیا۔ دو تین سال یوں ہی گزر گئے۔

۱۹۸۵ء میں جامعہ ملیہ اسلامیہ میں ایم اے اسلامک اسٹڈیز میں داخلہ لیا اور اگریکلچر کی لائن چھوڑ دی۔ گھر والوں کی طرف سے بھی مخالفت ہوئی اور انہوں نے بھی فیملی بائی کاٹ کر دیا، جس کی بنا پر تمام رشتے دار خاندان والوں سے کئی سال تک کٹ کر رہنا پڑا یہاں تک کہ دس بارہ سال اسی حال میں گزر گئے، اس کے بعد حالات نارمل ہوئے اور آنا جانا شروع ہوا۔

جہاں تک دعوتی نوعیت کا تعلق ہے، اللہ کا کرم ہے، سب سے پہلے گھر والوں میں سے میری اہلیہ نے پھر میری والدہ محترمہ نے اسلام قبول کیا۔ اور آج کی تاریخ میں تمام رشتے دار خاندان کے لوگ دعوتی نسبت سے برابر رابطے میں ہیں اور اکثریت ایسی ہے جو اسلام کے بارے میں صحیح معلومات حاصل کرنا چاہتی ہے۔ افسوس تب ہوتا ہے جب ان کے سامنے ایک طرف اسلام کی حقانیت اور اس کی عمدہ تعلیمات آتی ہیں، تو دوسری طرف مسلمانوں کے معاشرتی اور اخلاقی حالات، بہر حال تقریباً سو افراد کو اسلام کے دائرے میں داخل کرنے میں کامیاب ہو چکا ہوں۔ فالحمد للہ علی ذلک

ایسے ہزاروں غیر مسلم بھائیوں سے رابطہ ہونے کے بعد یہ محسوس ہوتا ہے کہ دین کی دعوت صحیح معنی میں ان تک نہیں پہنچائی گئی، جس کی وجہ سے وہ غلط فہمی کا شکار ہیں، جب کہ حقیقت یہ ہے کہ اسلام تمام انسانوں کے لئے ہے، بنیادی طور پر اسلام نے انسانیت کی

تعلیم دی ہے۔ اگر کوئی باقاعدہ اسلام میں داخل نہ ہو تب بھی وہ اسلامی تعلیمات سے فائدہ اٹھا سکتا ہے۔ اور آج دنیا کی بہت ساری قومیں اور ممالک انہیں تعلیمات سے فائدہ اٹھا رہے ہیں اور مسلمان دور کھڑے ہو کر انہیں دیکھ رہے ہیں اور ان کی تعریف کر رہے ہیں اللہ سے دعا ہے کہ ہمارا معاشرہ اسلامی بنے، جس سے ہمیں دوسروں کی نقل کرنے کی ضرورت پیش نہ آئے دوسری طرف ایسے بہت سارے لوگ ہیں جنہیں کسی نہ کسی بہانے سے اسلام میں داخل ہونے کا موقع ملا۔ لیکن اچھی تعلیم و تربیت نہ ملنے کی وجہ سے وہ دین میں اپنی پہچان نہ بنا سکے اور اس کمزوری کی وجہ سے مسلمان تو غلط فہمی کا شکار ہوتے ہی ہیں نئے آنے والے لوگوں کے لئے بھی وہ نمونہ نہیں بن پاتے ہیں۔

میں کہتا ہوں کہ اس بارے میں تمام ذمہ داران قوم جو دین کی بات پہنچانا چاہتے ہیں اور دعوت کا کام کر رہے ہیں۔ خاص طور پر غیر مسلم بھائیوں میں دین کی بات پہنچانا چاہتے ہیں، انہیں چاہیے کہ ہر نئے آنے والے کی اسلامی تعلیم اور تربیت کا مکمل بندوبست کریں اور انہیں ثابت قدم رہنے میں مدد کریں، اس ملک میں جہاں اکثریت غیر مسلم بھائیوں کی ہے دعوت دین کی سخت ضرورت ہے۔ آج بھی اگر مسلمان دین پر چلیں اور اپنے اخلاق و کردار کو سنواریں اور انسانیت کی خدمت کو اپنی زندگی کا مقصد بنائیں تو ہزاروں لاکھوں لوگ اسلام کو سمجھنے اور اپنانے میں کامیاب ہو سکتے ہیں۔

یہ بات بھی دنیا کے سامنے آنی چاہیے کہ اسلام کسی کو بھی زبردستی اپنی آغوش میں نہیں لیتا اور کوئی مسلمان کسی کو زبردستی مسلمان نہیں بنا سکتا ہے، بلکہ یہ فیصلہ بندے اور اللہ کے بیچ میں ہوتا ہے۔ جب تک کوئی شخص دل کی گہرائیوں سے اسلام کو نہیں پہچانے گا اور آخرت کی کامیابی کو مد نظر نہیں رکھے گا۔ اسلام میں داخل نہیں ہو سکتا ہے۔ اگر آنکھ بند کر کے اسلام میں داخل ہو بھی گیا تو حالات کا مقابلہ کرنا اس کے لئے ناقابل برداشت ہوگا۔

آخر میں میں اپنے تمام غیر مسلم بھائیوں کو یہ دعوت دیتا ہوں کہ وہ اسلام کو قرآن اور حدیث کی روشنی میں پڑھیں اور سمجھیں عام مسلمانوں کو دیکھ کر نہیں۔ اسلام کے بارے میں کوئی بھی رائے قائم کرنے سے پہلے یہ ضروری ہے کہ اس کی پوری تحقیق کر لیں۔ اپنے مسلمان بھائیوں سے درخواست کرتا ہوں کہ وہ غیر مسلم بھائیوں کے ساتھ اپنے اخلاق، کردار اور معاملات کو ایسا معیاری بنائیں کہ سب لوگوں کو اسلام کی پہچان ہوسکے اور لوگ آپ سے فائدہ اٹھاسکیں۔ ایسا نہ ہو کہ آپ کی بدعملی کی وجہ سے لوگ آپ سے نفرت کریں اور ساتھ ہی اسلام سے بھی نفرت کرنے لگیں، میری نظر میں اس سے بڑی اور کوئی ٹریجڈی نہیں ہوسکتی۔ اللہ سے دعا ہے کہ ہم دین کے صحیح نمائندے بن سکیں۔ آمین

مستفاد از ماہنامہ ارمغان، جنوری ۲۰۰۹ء

ایک خوش قسمت بہن زینب (چوہان) سے ایک ملاقات

> ایک روز صبح گیارہ بجے میں (زینب آپا) ان (والدہ) کے پاس گئی، ان کا چہرہ خوشی سے چمک رہا تھا، جمعہ کا دن تھا، انہوں نے کہا، ایک خوشی کی بات سناؤں، اب اللہ سے ملنے کے لئے اور جنت میں جانے کے لئے مجھے انتظار نہیں کرنا پڑے گا، رات میں نے خواب دیکھا، حضور تشریف لائے تھے اور مجھ سے فرمایا، عائشہ دنیا تو قید خانہ ہے، تم کب تک یہاں رہو گی؟ پیر کے دن ہم تمہیں جنت کے لئے لینے آئیں گے، یہ کہہ کر بہت خوش ہوئیں۔ بس تین روز اور ہیں زینب، بس پھر وہیں چلیں گے، بہت جھمیلوں سے وہاں مزے میں ساتھ رہیں گے، پیر کے دن عصر کے بعد اچانک کہنے لگیں، او میرے نبی تو لینے آگئے، تو وہ زور زور سے درود پڑھنے لگیں، اٹھنے کی کوشش کی مگر اٹھنے کی ہمت نہ ہوئی، اچانک کلمہ شہادت پڑھا، دو ہچکیاں آئیں اور انتقال ہوگیا۔

مولانا احمد اوّاہ ندوی

اسماء امت اللہ : السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

زینب چوہان : وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

سوال : زینب آپا! آپ کے آنے سے بہت خوشی ہوئی، آپ کی ذات اللہ تعالیٰ کی ہدایت کی عجیب نشانی ہے، جب ابی سے آپ کی کہانی سنی تھی خیال ہوتا تھا کہ ابی کوئی افسانہ سنا رہے ہیں، بہت اشتیاق تھا ملاقات کا، اللہ تعالیٰ نے ملاقات بھی کرادی اور یہ موقع دیا کہ ابی نے ذمہ داری لگادی کہ آپ کی کہانی آپ کی زبان سے سنوں اور قارئین ارمغان کی خدمت میں ہدیہ پیش کروں؟

جواب: سچی بات یہ ہے اسماء! کہ تمہارے بچپن کے قصے جو مولانا صاحب کے ہم جیسے جہنم کے راستہ پر پڑے لوگوں کے ایمان کا ذریعہ بنانے کا ذریعہ ہے، میں نے بھی دو مرتبہ حضرت کی تقریر میں سنے تھے، اس لئے مجھے بھی بڑی حسرت تھی کہ تم سے ملوں، اللہ نے میری بھی یہ پرانی مراد پوری کردی۔

سوال: چلئے اللہ کا فضل ہوا دونوں کا کام بن گیا، آپ کو ابی نے بتا ہی دیا ہے کہ ارمغان کے لئے آپ سے کچھ باتیں کرنی ہیں، اس لئے کچھ باتیں پوچھ لوں؟

جواب: جی! بس آج میں رکی صرف اسی لئے آئی ہوں۔

سوال: آپ اپنا خاندانی تعارف کرائیے؟

جواب: میں راجستھان کے چورو ضلع کے ایک راجپوت خاندان میں ۲۰/اپریل ۱۹۷۸ء کو پیدا ہوئی، ہمارے پتا جی ہائی اسکول میں پرنسپل تھے، ابتدائی تعلیم گاؤں کے ایک اسکول میں ہوئی، بعد میں چورو میں ایک ڈگری کالج سے میں نے بی اے کیا، ہنومان گڑھ کے ایک پڑھے لکھے خاندان میں ۲/جون ۱۹۹۰ء کو ہماری شادی ہوئی، میرے شوہر مدھیہ پردیش میں رتلام میں نائب تحصیل دار تھے، وہ ہاکی کے بہت اچھے کھلاڑی رہے ہیں اور ان کو اسی بنیاد پر نوکری ملی تھی، دو سال میں اپنی سسرال ہنومان گڑھ میں رہی، بعد میں ہم رتلام ضلع کی ایک تحصیل میں جہاں میرے شوہر کی ملازمت تھی وہیں رہنے لگے، ٹرانسفر کی وجہ سے اجین اور بعد میں مندسور میں چھ سال رہے، اس دوران میرے یہاں دو بیٹے اور ایک بیٹی پیدا ہوئے، سن ۲۰۰۰ء میں میرے شوہر کا پروموشن ہوا اور وہ تحصیل دار بن کر بھوپال کی ایک تحصیل میں چلے گئے، گھر پریوار سب کچھ اچھا تھا، ہم دونوں میں بہت محبت تھی، اچانک نہ جانے کیا ہوا ہمارے گھر کو کسی کی نظر لگ گئی اور اگر میں یہ کہوں کہ ہدایت کی ہوا لگ گئی اسماء بہن! میرا حال عجیب ہے، میری زندگی کا بگاڑ میرے سنورنے کا ذریعہ بن گیا۔

سوال: ہاں ہاں! ابھی میں تو سننا چاہتی ہوں، اللہ نے آپ کی اسلام کی طرف کیسے رہنمائی کی، ذرا تفصیل سے سنایئے؟

جواب: میرے شوہر کے دفتر میں ایک برہمن لڑکی کلرک تھی، بہت خوب صورت اور ایکٹیو (فعال) بلکہ اگر میں کہوں کہ اوور ایکٹیو (Over active) تو یہ بات بھی سچ ہوگی، اس لڑکی کی ہر ادا میں، اس کی شکل میں، اس کی آواز میں، اس کے انداز میں غرض ہر چیز میں بڑی کشش تھی، اصل میں میرے شوہر کی خطا نہیں، بلکہ وہ لڑکی ویسی تھی کہ پتھر کی مورتی بھی اس کے سامنے پگھل جاتی، میرے شوہر اپنے کو بہت بچانے کی کوشش کرتے رہے اور سنبھلنے کی کوشش کرتے رہے مگر اللہ نے مرد وعورت کے رشتہ میں جذبہ رکھا ہے وہ بچ نہ سکے اور اس لڑکی سے ان کو تعلق ہوگیا، اب ہر وقت بس اس کی محبت میں گھلتے رہتے تھے، اس کا مجھے سو فیصد یقین ہے کہ جب تک انھوں نے شادی نہیں کی ان میں جسمانی تعلقات نہیں ہوئے مگر ظاہر ہے کہ ایک جسم میں دو دل تو ہوتے نہیں اس سے محبت کے ساتھ ان کا مجھ سے تعلق کم ہونا شروع ہوگیا، وہ شروع میں تو بہت کوشش کرتے رہے کہ مجھے کچھ پتہ نہ لگے مگر بات چھپ نہ سکی اور مجھے بھی پتہ لگ گیا اور دفتر میں بھی لوگوں کے علم میں آگیا، مجھ سے بھلا کیسے برداشت ہوسکتا تھا اختشار رہنے لگا، بات بگڑتی گئی اور انھوں نے پروگرام بنایا کہ مجھے چھوڑ کر اس سے شادی کرلیں، اس کے لئے انھوں نے مجھے ہنومان گڑھ چھوڑا، مئی ۲۰۰۰ء میں بچوں کی چھٹیاں تھیں، وہ دہلی گئے مجھے یہ بتایا کہ مجھے ٹریننگ میں جانا ہے، دہلی میں آشا شرما کو بلا لیا، آشا شرما نے ان کے ساتھ ایک کمرے میں رہنے سے منع کیا کہ پہلے ہم شادی کریں اس کے بعد ایک کمرے میں رہ سکتے ہیں، انھوں نے دو کمرے شروع میں ہوٹل میں لئے، اس کے بعد وکیلوں سے مشورہ کیا، ایک وکیل نے مشورہ دیا کہ قانونی گرفت سے بچنے کا سب سے اچھا طریقہ یہ ہے کہ

آپ دونوں مسلمان ہو کر شادی کر لیں، یہ رائے ان کو پسند آئی میرے شوہر لیکن آشا کو بھی اس کے لئے تیار کیا شروع میں ایک ہفتہ تک تو وہ اسلام قبول کرنے سے منع کرتی رہی مگر بعد میں بہت دباؤ دینے پر راضی ہو گئی، وہ دونوں جامع مسجد دہلی گئے وہاں کے امام بخاری صاحب نے ان کو مسلمان کرنے سے منع کر دیا، کئی مسجدوں میں میرے شوہر گئے مگر کوئی مسلمان کرنے اور کلمہ پڑھوانے کے لئے تیار نہ ہوا، کسی وکیل نے انھیں بتایا کہ پرانی دہلی میں سرکاری رجسٹرڈ قاضی ہوتے ہیں، وہ نکاح پڑھاتے ہیں، میرے شوہر نے ان کا پتہ معلوم کیا اور پرانی دہلی کے قاضی صاحب کے پاس گئے، انھوں نے کہا پہلے آپ دونوں مسلمان ہو کر مسلمان ہونے کا بیان حلفی سرکاری وکیل سے بنوا کر لاؤ، میرے شوہر نے کہا آپ ہمیں مسلمان بنالو، انھوں نے مسلمان کرنے سے انکار کر دیا اور آپ کے والد حضرت مولانا کلیم صاحب کے پاس جانے کو کہا، وہ دونوں اگلے روز پھلت گئے تو معلوم ہوا کہ مولانا صاحب دہلی گئے ہوئے ہیں، ایک مولانا صاحب نے ان دونوں کو کلمہ پڑھوا دیا اور بتایا کہ مسلمان ہونے کے لئے مولانا صاحب کا ہونا ضروری نہیں ہے، آپ میرٹھ یا دہلی سے کسی سرکاری وکیل (نوٹری) سے اپنے کاغذات بنوالیں، میرٹھ ایک کچہری کا پتہ بھی بتا دیا، انھوں نے میرٹھ جا کر بیان حلفی بنوایا، اس کے بعد قاضی صاحب نے اپنی فیس لے کر ان دونوں کا نکاح پڑھوا دیا اور نکاح کو عدالت سے رجسٹرڈ کرانے کو بھی کہا، آشا نے ہمارے شوہر سے کہا، ہم جب مسلمان ہو گئے ہیں تو پھر ہمیں اسلام کو پڑھنا بھی چاہئے، انھوں نے اردو بازار سے ہندی اور انگریزی میں اسلام پر کتابیں خریدیں اور ہندی قرآن مجید بھی لیا، ان کو کسی نے مولانا صاحب سے ملنے کا مشورہ دیا، اوکھلا میں ایک مسجد میں تلاش اور کوشش سے ان کی ملاقات بھی ہو گئی مولانا نے ان کو اپنی کتاب "آپ کی امانت آپ کی سیوا میں" دی اور سمجھایا کہ بلاشبہ اپنے خاندان، اپنے بچوں سے بچوں اور اس کی نیک بیوی کو

چھوڑنا خود کیسی عجیب چیز ہے، مگر آپ سچے دل سے اسلام قبول کریں تو اس اچھی ہوئی زندگی میں اللہ کے قبضے میں سب کچھ ہے، وہ اچھی زندگی عطا کریں گے، مولانا صاحب نے یہ بھی کہا کہ آپ کو اپنی پہلی بیوی اور بچوں بلکہ سب خاندان والوں پر دعوت کا کام کرنا چاہئے، کم از کم دعا تو ہدایت کی ابھی سے شروع کر دینی چاہئے، میرے شوہر بتاتے ہیں کہ انھوں نے قرآن کی آیت پڑھ کر یہ بات بتائی کہ جو بھی مرد ہو یا عورت اچھے کام کرے گا شرط یہ ہے کہ وہ مومن ہو تو اللہ تعالیٰ اس کو اچھی اور پاکیزہ زندگی عطا فرمائیں گے۔

سوال: ہاں قرآن مجید کی آیت مَنْ عَمِلَ صَالِحاً مِنْ ذَكَرٍ اَوْ اُنْثٰى وَهُوَ مُؤْمِنٌ فَلَنُحْيِيَنَّهٗ حَيٰوةً طَيِّبَةً اس کا ترجمہ یہی ہے۔ آگے بتائیے؟

جواب: پہلے ذرا اس آیت کا ترجمہ کیجئے۔

سوال: جو بھی مرد ہو یا عورت نیک عمل کرے گا شرط یہ ہے کہ وہ مومن ہو ہم اس کو ضرور پاکیزہ زندگی عطا کرتے ہیں۔

جواب: ہاں بھی بالکل یہی آیت ہے، میرے شوہر کہتے ہیں، اس آیت نے میری زندگی کو روشن کیا ہے، پوری آیت ان کو یاد ہے، پکی بات یہ ہے فَلَنُحْيِيَنَّهٗ حَيٰوةً طَيِّبَةً کیسی پکی بات کہی ہے۔

سوال: ہاں تو آگے سنائیے کہ آپ کو ایمان کیسے ملا، یہ تو آشا کے اسلام کا ذکر آپ کر رہی ہیں؟

جواب: ہاں بہن اسی سے جڑا ہے میرا اسلام بھی، ہوا یہ کہ میرے شوہر کو تو شروع میں اسلام کو پڑھنے کا موقع نہ ملا، مگر آشا کو پڑھنے کا بہت شوق تھا، جیسے جیسے اسلام کو وہ پڑھتی گئی اسلام اس کے اندر اترتا گیا، بچوں کی چھٹیاں ختم ہو گئیں، میرے شوہر کی بھی چھٹیاں ختم ہوئیں تو وہ بھوپال پہنچے، مگر مجھے ہندوستان گڑھ سے نہیں بلایا، مجھ سے رابطہ بھی

بہت کم کیا، مجھے فکر ہوئی تو میں نے اپنے چھوٹے بھائی کو بھوپال بھیجا، اتفاق سے شب برات
کو گھر تھی، اس کا نیا اسلامی نام عائشہ تھا، میرے بھائی نے معلوم کیا کہ یہ لڑکی آپ کے گھر
والوں میں کون ہے، انھوں نے کہا دفتر میں کام کرتی ہے دفتری کام کے لئے بلایا ہے، میرا
بھائی ان سے بہت لڑا، تیسرے روز مجھے اس نے فون کرکے بلایا، میں اپنے پتاجی کے
ساتھ بھوپال پہنچی، کئی روز تک جھگڑا چلتا رہا، آخر میں انھوں نے وہ کاغذات قبول اسلام
کے نکال کر میرے سامنے رکھ دیئے، میرے لئے اس سے افسوس اور صدمہ کی کیا بات
تھی، میرے والد نے وکیلوں سے مشورہ کیا اور ایف آئی آر کرائی اور عدالت میں کئی روز
گئے، پولیس آئی ان کو گرفتار کرکے لے گئی، کچھ روز کے بعد ضمانت تو ہوگئی مگر دفتر سے ان کو
معطل کر دیا گیا، میرے گھر والے میری محبت میں میرے شوہر کے دشمن ہوگئے، جگہ جگہ
سے ان پر مقدمے چلوائے، زندگی ان کے لئے مشکل سے مشکل ہوتی آ رہی تھی، اس دوران
اسلام کو پڑھتی رہی، اور وہ بہت مذہبی مسلمان بن گئی، وہ بھی سسپنڈ ہوگئی، گھر رہ کر اس نے
قرآن مجید پڑھ لیا اور کچھ مسلمان عورتوں سے رابطہ کیا، وہ اجتماع میں جانے لگی، پردہ
کرنے لگی، برقع منگوا لیا، میرے اور میرے گھر والوں کی طرف سے جب حد درجہ کی
مخالفتیں ہوئیں اور میرے سسرال والے بھی میرے ساتھ تھے تو عائشہ اور میرے شوہر
نے مشورہ سے طے کیا کہ ہمیں دہلی جاکر مولانا کلیم صاحب سے مشورہ کرنا چاہئے، وہ دہلی
پہنچے، مولانا صاحب سے عائشہ نے کہا حضرت الحمد للہ مجھے تو اسلام سمجھ میں آگیا
ہے، میرے دل میں تو یہ آتا ہے کہ اگر ساری زندگی مجھے جیل اور مشکلات میں گزارنی
پڑے اور میرا ایمان سلامت رہ جائے تو مرنے کے بعد کی زندگی میں جنت بہت سستی ملے
گی، اس لئے میرے دل میں آتا ہے کہ ان کی پہلی بیوی نے ایک زندگی ان کے ساتھ
گزاری ہے اور بہت محبت اور خدمت کے ساتھ گزاری ہے، اس بے چاری کی کیا خطا

ہے، یا اگر اس کے ساتھ جا کر رہنا چاہیں تو مجھے کوئی اعتراض نہیں، البتہ یہ دل چاہتا ہے کہ ان کا ایمان بیچارے، میں ان کے ساتھ جا کر رہیں اور ان کو مسلمان کرنے کی کوشش کریں، اگر وہ مسلمان ہو جائیں تو ان سے نکاح کر لیں، مجھے چاہیں طلاق دیدیں یا رکھیں، اس کے لئے ضروری ہے کہ کچھ وقت جماعت میں لگالیں تا کہ وہاں جا کر مرتد نہ ہوں، مولانا صاحب نے میری رائے سے اتفاق کیا، مجھے بہت شاباشی دی، پھر میرے شوہر کو اس پر راضی کیا اور کہا آپ عائشہ کی بات مان لیجئے، آپ چالیس روز جماعت میں لگا آئیں، آپ کی زندگی کے سارے مسائل مجھے امید ہے کہ انشاء اللہ ضرور حل ہو جائیں گے، وہ تیار ہو گئے اور مولانا صاحب نے نظام الدین سے ان کو جماعت میں بھیج دیا، گجرات میں ان کا وقت لگا، حیدر آباد کی جماعت کے ساتھ وقت بہت اچھا لگا، ان کو بہت اچھے خواب دکھائی دیئے اور الحمد للہ اسلام ان کے اندر اتر گیا، جماعت سے واپس آئے تو وہ عائشہ کے یہاں گئے، عائشہ نے انھیں ہنومان گڑھ جا کر بات کرنے کو کہا، مگر ان کی ہمت نہ ہوئی، عائشہ خود ایک اچھی داعیہ بن گئی تھی، اس کے بچپن کی کئی سہیلیاں اس کی کوشش سے مسلمان ہو چکی تھیں، عائشہ نے مجھے فون کیا کہ آپ بھی مسعود صاحب (میرے شوہر کا اسلامی نام مسعود ہے) سے کب تک لڑائی اور مقدمہ بازی کرتی رہیں گی، آپ ایک بار دس منٹ کی میری بات سن لیجئے، بس ایک روز کے لئے بھوپال آجایئے، میں ان سے الگ ہونے کو تیار ہوں، میں نے اس کو شروع میں تو بہت گالیاں سنائیں، مگر اس اللہ کی بندی نے ہمت نہ ہاری، بار بار فون کرتی رہی اور جب میں کسی طرح تیار نہ ہوئی تو اس نے مجھ سے یہ کہا کہ اچھا پھر ہم اپنے اللہ سے کہہ کر بلوائیں گے، عائشہ بتلاتی تھی اس کے بعد اس نے دو رکعت صلوٰۃ الحاجت پڑھی اور اللہ کے سامنے فریاد کی: میرے اللہ! جب میں آپ پر ایمان لائی ہوں اور آپ مجھ سے محبت کرتے ہیں تو آپ اس

کے دل کو نرم کر دیجئے اور میرے مولیٰ اس کی ہدایت کا فیصلہ فرما کر اس کو یہاں بھیج دیجئے، اس کے بعد تہجد میں دعا کرتی رہی، اس اللہ والی کا اللہ کے ساتھ اسما، لکن بہت نازکا تعلق ہو گیا تھا، اس کی دعائیں میرے گلے کا پھندہ بن گئیں، تین دن کے بعد میرے دل میں ایم پی جانے کا تقاضا پیدا ہوا، میں اپنے تینوں بچوں کو چھوڑ کر اپنے بھائی کے ساتھ وہاں پہنچی، میرے شوہر کی تو مجھ سے ملنے کی ہمت نہ ہوئی، عائشہ میرے پاس آئی اور مجھے اسلام قبول کرنے کو کہا اور مجھے سمجھایا کہ ان کے ساتھ میں رہنے کے لئے ایک ہی راستہ ہے کہ آپ بھی مسلمان ہو جاؤ اور مسلمان ہو کر آپ کا نکاح دوبارہ ان سے ہوگا اگر آپ ان کے ساتھ مسلمان ہو کر رہو تو میں الگ ہونے کو تیار ہوں، وہ رو کر میرے پاؤں پکڑتی اور خوشامد کرتی رہی مرنے کے بعد کے حالات اور جہنم کی بات کرتی رہی، اس کی بات میرے دل میں گھستی چلی گئی یہاں تک کہ میرے دل میں آیا کہ میں مسلمان ہو جاؤں، میں نے مسلمان ہونے کو کہہ دیا، وہ مجھ سے چمٹ کر خوب روئی اور میرے شوہر کو فون کر کے بلا لیا، ایک عورت کو فون کر کے ان کے شوہر حافظ صاحب کو بلایا، انھوں نے دو لوگوں مزید کو بلا کر پھر فاطمی پر میرا نکاح ان سے پڑھوا دیا، وہ اپنے کپڑے لے کر میرا گھر چھوڑ کر چلی گئی، چند روز قطرہ آیا جن کے یہاں اجتماع ہوتا تھا ان کے یہاں رہی اور پھر ایک چھوٹا مکان کرائے پر لے لیا، ایک ہفتہ تک وہ تھوڑے وقت کے لئے میرے یہاں آتی اور مجھے مبارک باد دیتی، میری بلائیں لیتی اور کہتی منتش تم کتنی خوش قسمت ہو کہ اللہ نے تم پر کیسا رحم کیا کہ تمھیں ایمان دیا اب اس ایمان کی قدر جب ہوگی جب تم اس کو پڑھوگی، وہ ایک نیکی لڑکی تھی جواب شاید جنت میں رہتی تھی، بس اس کا جسم دنیا میں تھا مگر اس کا دل ودماغ اور سوچ سب جنت و آخرت میں رہتی تھی، وہ اس دنیا کو بالکل ایک دھوکہ کا گھر، ایک سفر جانتی تھی، اس کی باتوں میں ایسی سچائی اور محبت اور خلوص ہوتا کہ مجھے وہ دنیا میں

اپنی سب سے بڑی خیر خواہ دکھائی دینے لگی، ایک ہفتہ کے بعد ایک روز مجھ سے کہا کہ اب میں اس گھر میں نہیں آؤں گی، اب آپ کچھ وقت کے لئے میرے گھر پر آیا کریں میں ان کے گھر جانے لگی، اپنے شوہر سے سارے مقدمے ہم نے واپس لے لئے، میں دفتر کے وقت میں کئی گھنٹے اس کے پاس گزارتی، اس نے مجھے قرآن مجید پڑھایا اور اردو شروع کرائی، ایک روز صبح گیارہ بجے میں (زینب) اس (عائشہ) کے پاس گئی، اس کا چہرہ خوشی سے چمک رہا تھا، جمعہ کا دن تھا اس نے کہا، ایک خوشی کی بات سناؤں، اب اللہ سے ملنے کے لئے اور جنت میں جانے کے لئے مجھے انتظار نہیں کرنا پڑے گا، رات میں نے خواب دیکھا، ہمارے حضور تشریف لائے تھے اور مجھ سے فرمایا: عائشہ یہ دنیا تو قید خانہ ہے، تم کب تک یہاں رہوگی؟ پیر کے دن ہم تمہیں جنت کے لئے لینے آئیں گے، یہ کہہ کر بہت ہنسی، بس تین روز اور ہیں زینب، بس پھر وہیں ملیں گے، بہت اطمینان سے وہاں مزے میں ساتھ رہیں گے، مجھے بہت عجیب سا لگا، اگلے روز میں وہاں گئی تو وہ کل کی طرح ہشاش بشاش تھی، مجھے پڑھایا اور مجھ سے کہا کہ اللہ نے ہمیں ایمان دیا ہے تو اب ہمیں دوسرے لوگوں کو ایمان کی دعوت دے کر دوزخ کی آگ سے بچانے کی کوشش کرنی چاہئے، اتوار کے روز میں وہاں پہنچی تو میں نے دیکھا وہ چادر اوڑھے ہوئے ہے، میں نے کہا عائشہ آپ کو کیا ہوا؟ انھوں نے بتایا کہ مجھے صبح سے بخار آرہا ہے، میں اس کو بہت زور دے کر ڈاکٹر کے یہاں لے گئی دوا دلوائی اور کہا: کہو تو میں رک جاؤں، یا پھر آپ ہمارے یہاں ہی چلیں اکیلے بخار میں رہنا ٹھیک نہیں، وہ بولی مومن اکیلا کہاں ہوتا ہے اور یہ شعر پڑھا۔

تم مرے پاس ہوتے ہو	جب دوسرا کوئی نہیں ہوتا

سوال: شعر یوں ہے۔

تم مرے پاس ہوتے ہو	گویا جب کوئی دوسرا نہیں ہوتا

زینب: ہاں ہاں! جیسے بھی ہو، میں چلی آئی، میں نے خواب دیکھا کہ میں اس کے پاس گھر میں ہوں، اچانک ایک بہت حسین خوب صورت نورانی شکل کے حضرت تشریف لائے، حضرت مولانا کلیم صاحب بھی اسی گھر میں ہیں، مجھ سے کہا یہ ہمارے رسول ﷺ ہیں، عائشہ کو لینے کے لئے تشریف لائے ہیں، اس کے بعد وہ عائشہ کا ہاتھ پکڑ کر لے گئے، میری آنکھ کھلی تو مجھ پر خواب کی خوشی ہونے کے بجائے کہ پہلی مرتبہ پیارے نبی ﷺ کی زیارت ہوئی تھی عجیب صدمہ سا ہوا، رات کے تین بج رہے تھے میں نے اٹھ کر تہجد کی نماز پڑھی اور بہت روئی، صبح سویرے میں عائشہ کے گھر پہنچی، بخار اس کو بہت زیادہ تھا، میں نے پانی کی پٹیاں اس کے سر وغیرہ پر رکھیں اس سے اس کو راحت ہوئی، مجھ سے کہا زینب! تمھاری زندگی کو میں نے اجیرن کیا، مجھے معاف کرنا خدا کے لئے دل سے معاف کر دینا، مگر اس مشکل کے بعد یہ ایمان جو آپ کو ملا ہے پھر بھی بہت سستا سودا ہے، بس میری آپ سے ایک آخری التجا ہے کہ تینوں بچوں کو عالم اور داعی بنانا، یہ دین کا کام کریں گے تو تمھارے مرنے کے بعد تمھارے لئے ثواب کا کارخانہ لگا رہے گا، میں نے کچھ کھانے کے لئے کہا تو انھوں نے کہا کہ دودھ ذرا سا پیوں گی، میرے نبی نے فرمایا کہ دودھ اچھا رزق ہے، پینے اور کھانے دونوں کا کام کرتا ہے، میں نے دودھ دیا تو گرم تھا، بولی ذرا سا ٹھنڈا کر دو، زیادہ گرم کھانے کی حدیث میں ممانعت آئی ہے، دودھ ٹھنڈا کر کے دیا، دودھ پیا کمزوری بڑھتی گئی، سر میں درد کی شکایت کی، میں نے گود میں سر رکھ کر دبانا شروع کیا، عصر کے بعد اچانک کہنے لگی لو میرے نبی تو لینے آ گئے، زور زور سے درود پڑھنے لگی اٹھنے کی کوشش کی مگر چلنے کی ہمت نہ ہوئی اچانک کلمہ شہادت پڑھا دو ہچکیاں آئیں اور انتقال ہو گیا۔

احمد: پھر ان کے کفن دفن کا کیا انتظام ہوا؟

جواب: نہ جانے کس طرح فاطمہ آ پا گئیں، بس انھوں نے سب لوگوں کو خبر کر دی، نہ جانے کیسی خوشبو اس کے جنازہ سے پھوٹ رہی تھی، گھر تو گھر محلہ خوشبو سے معطر ہو گیا، بڑی تعداد میں لوگوں نے جنازہ میں شرکت کی۔

سوال: آپ کے شوہر کا کیا ہوا؟ کیا انھوں نے اسے طلاق دے دی تھی؟

جواب: اصل میں عائشہ میرے شوہر سے اصرار کرتی تھی کہ زینب کی خوشی کے لئے مجھے طلاق دے دو، مگر انھوں نے طلاق نہیں دی تھی، ان کے انتقال کا ان پر بہت اثر پڑا، ان کی زندگی بالکل خاموش ہو گئی۔

سوال: اور آپ کو کیسا لگا؟

جواب: یہ بالکل عجیب و غریب اتفاق ہے، سچی بات یہ ہے کہ ایک عورت کے لئے سوکن کا وجود سب سے بڑا کانٹا ہوتا ہے، مگر میرے اللہ جانتے ہیں یہ فیصلہ کرنا مشکل ہے کہ عائشہ کے انتقال کا مجھے غم زیادہ ہوا یا میرے شوہر کو، بس میں اتنا ضرور کہہ سکتی ہوں کہ اگر کوئی مجھ سے سو قسمیں دے کر یہ سوال کرے کہ دنیا میں پوری زندگی میں مجھے سب سے زیادہ محبوب کون ہے تو میں بغیر سوچے سمجھے یہ کہوں گی میری سب سے محبوب اور عزیز خواہ شخصیت اللہ اور اس کے رسول کے بعد عائشہ مرحومہ ہے، وہ زمین پر ایک زندہ ولی تھی، اسما بہن! سچی بات یہ ہے کہ میں اپنے شوہر پر ان حالات میں جس قدر روتی تھی، اس سے سو گنا زیادہ مجھے عائشہ کے انتقال کے صدمہ نے رلایا۔

سوال: آپ نے اپنے بچوں کی تعلیم کیا کیا؟

جواب: میں نے بچوں کو اسکول سے اٹھا لیا، میرے دونوں بیٹوں کا نام حسن اور حسین ہے، ان دونوں کو ایک بڑے مدرسے میں داخل کیا، الحمد للہ حسن کے ۲۶ پارے حفظ ہو گئے ہیں، حسین کے ۱۳ پارے ہوئے ہیں اور فاطمہ بیٹی بھی الحمد للہ حفظ کر رہی ہے۔

اس کے ۱۲ر پارے حفظ ہو گئے ہیں، میری خواہش ہے وہ داعی بنیں اور عالم دین بن کر حضرت خواجہ معین الدین اجمیری کی طرح دعوت کا کام کریں۔

سوال: آپ کے شوہر کا کیا حال ہے؟

جواب: ان کو عائشہ کے انتقال کا بڑا صدمہ ہے، ہمارے پاس رہنے لگے ہیں، بار بار کہتے ہیں اب دنیا سے دل بھر گیا ہے، بس اللہ تعالیٰ ایمان پر خاتمہ کرادے، لیکن جب زیادہ پریشان ہوتے ہیں تو میں مولانا صاحب کے پاس ان کو بھیج دیتی ہوں وہ کچھ دعوت پر ابھارتے ہیں اب بھی ان کو لے کر آئی ہوں، الحمد للہ اس مرتبہ انھوں نے ہشاش بشاش رہنے کا وعدہ کیا ہے۔

سوال: آپ کے شوہر ابی سے ملنے آتے رہتے ہیں؟

جواب: وہ ابی سے بیعت ہیں، عائشہ بھی ان سے بیعت تھی، اور میں اور میرے چھوٹے بچے بھی حضرت سے بیعت ہیں، میں نے جب بیعت کے لئے کہا تھا تو حضرت نے بہت منع کیا، انھوں نے کہا بیعت تو ضرور ہونا چاہئے مگر کسی اللہ والے اور کامل شیخ سے بیعت ہونا چاہئے، جسم کی بیماری میں جب آدمی اچھے سے اچھے طبیب کو تلاش کرتا ہے تو روح کی بیماری میں تو اور بھی اچھے سے اچھے شیخ کامل کو تلاش کرنا چاہئے، حضرت نے فرمایا کہ جو خود آخری درجہ میں بیمار ہو وہ کیا کسی کا علاج کر سکتا ہے، میں تو اپنے شیخ کے حکم کی تعمیل میں توبہ کرلیتا ہوں کہ شاید سچے طالب کی برکت سے اللہ تعالیٰ میرے گناہ معاف فرمادیں، میرے شوہر نے کہا حضرت ہمیں آپ کی برکت سے اللہ تعالیٰ نے کفر و شرک کی بیماری سے نکال لیا آپ کے علاوہ ہمیں کون طبیب ملے گا، بہت اصرار کرنے پر حضرت نے ہم سب کو بیعت کرلیا۔

سوال: بہت بہت شکریہ نسیب آپا، واقعی آپ کی زندگی ایک عجیب زندگی ہے۔

جواب: اسماء بہنا! میری زندگی میں اور بھی عجیب عجیب واقعات ہیں جن کو اگر میں بتاؤں تو ایک لمبی کتاب بن جائے گی مگر اس وقت ہماری گاڑی کا وقت قریب ہے، ابھی باہر سے بار بار تقاضہ آرہا ہے، پھر کسی وقت آکر ساری کہانی سناؤں گی۔

سوال: ضرور، جب آپا اب کی مرتبہ آپ چند روز کے لئے آیئے پھر ہم کچھ عورتوں کو اکٹھا کریں گے اس وقت آپ سنایئے گا

جواب: اسماء یہ نہیں ہو سکتا، بس تمہیں سنا سکتی ہوں، عورتوں کے سامنے میں کوئی مولوی نہیں ہوں، مجھے تو بہت رعب ہو جاتا ہے۔

سوال: اچھا ٹھیک ہے، اللہ حافظ! السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ

جواب: وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ

مستفاد از ماہنامہ ارمغان، مارچ ۲۰۰۹ء

دسترخوان اسلام پر نو وارد بہن خدیجہ (سیما گپتا) سے ملاقات

> ایک چھوٹی سی کتاب "آپ کی امانت آپ کی سیوا میں" مجھے ناگری میں ملی، کتاب کا نام ایک انسان کے لئے ایسا دل کو چھونے والا ہے کہ نام پڑھ کر ایک عجیب طلب پیدا ہو جاتی ہے کہ ہماری کیا امانت ہے، معلوم تو کریں "دو شبد" اس میں مولانا وصی نے لکھے ہیں، میرا خیال ہے کہ "دو شبد" کی دو تین لائن پڑھنے کے بعد کوئی آدمی اس کتاب کو پڑھے بغیر نہیں رہ سکتا اور بالکل مسلمانوں اور اسلام کے بارے میں دل میں دشمنی اور نفرت رکھنے والا انسان بھی ان دو شبدوں کو پڑھنے کے بعد اس کتاب کو غیر کی بات سمجھ کر نہیں پڑھ سکتا ہے، اس کا دل و دماغ اس کتاب کے لکھنے والے کو اپنا سچا دوست سمجھ کر ہی اس کو پڑھے گا، میں اس کتاب کو لے کر گھر آئی اور بس کتاب پوری پڑھی، آپ کی امانت نے میری اندر کی دنیا کو بدل دیا

سدرہ ذات الفیضین

سدرہ ذات الفیضین : السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

خدیجہ : وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ، بہن جی

سوال : آپ دہلی کب تشریف لائی ہیں؟

جواب : ہم تین دن سے دہلی میں ہیں، میرے شوہر ڈاکٹر صاحب بھی ساتھ تھے، حضرت نے ہمیں مرکز بھیج دیا تھا کہ تین روز ہم دونوں مرکز میں لگائیں، بہت ہی اچھا لگا، کل جمعرات بھی تھی، الحمد للہ حضرت مولانا سعد صاحب کی تقریر بھی کل سننے کو ملی، یوں تو وہاں ہر وقت دین کی باتیں ہوتی رہتی ہیں، مرکز کی عورتیں بھی بہت محبت

سے ملیں بہت اچھا وقت لگا

سوال: آپ سے شاید ابی نے بتادیا ہوگا کہ ارمغان کے لئے آپ سے کچھ باتیں کرنی ہیں؟

جواب: ہاں آج شام کو ہماری گاڑی ہے، حضرت نے ہم سے بتایا تھا، مرکز میں تین دن لگا کر جمعہ اوکھلا میں پڑھنا ہے، خدیجہ کا انٹرویو تین لیں گی، ہم حضرت کے حکم پر آئے ہیں۔ ڈاکٹر صاحب جامعہ ملیہ میں کسی صاحب سے ملنے چلے گئے ہیں اور مجھے یہاں چھوڑ گئے ہیں۔

سوال: آپ اپنا خاندانی تعارف کرائیے؟

جواب: میں مغربی یوپی کے ایک بڑے قصبہ میں ایک تاجر لالہ خاندان میں ۱۳ر ستمبر ۱۹۸۲ء کو پیدا ہوئی، میرا خاندانی نام سیما گپتا تھا، ابتدائی تعلیم قصبہ کے محلہ کے ایک اسکول میں ہوئی، پرائمری کے بعد گرلس انٹر کالج سے انٹر کیا، اس کے بعد بی کام کیا، پھر پرائیویٹ سوشیالوجی (سماجیات) سے ایم اے کیا، میرے دو بھائی اور ایک بہن ہیں، ایک بھائی بڑے ہیں اور دو بھائی بہن چھوٹے ہیں، ہمارے پتا جی (والد صاحب) کرانے کی تھوک کی دوکان کرتے ہیں، بہت شریف بھلے آدمی ہیں، میری ماتا جی (والدہ) بھی بہت نیک اور بھلی عورت ہیں۔

سوال: اپنے قبول اسلام کے بارے میں بتایئے؟

جواب: ہمارے قصبہ میں ہندو مسلمان دونوں رہتے ہیں، بڑی تعداد میں مسلمان ہمارے محلہ سے ملے ہوئے محلہ میں رہتے ہیں، جن سے ہمارے گھر کا بہت گہرا تعلق ہے، والد صاحب کا کرانہ کی دوکان کی وجہ سے سب سے لین دین بھی تھا ہماری دیوار سے ایک گھر چھوڑ کر ایک زمیندار خان صاحب رہتے تھے ان کے بچے ہمارے ساتھ

پرائمری اسکول میں پڑھتے تھے، ہمارا اور ان کا ایک دوسرے کے گھر آنا جانا تھا، ان کی ایک لڑکی صبیحہ خان میرے ساتھ انٹر تک پڑھتی رہی، اس سے میری بہت دوستی تھی، ان کا گھرانہ بہت صاف ستھرا اور دینی گھرانہ ہے، صبیحہ کا ایک بڑا بھائی بہت شریف اور بہت خوب صورت تھا، وہ مجھے دیکھتا تو صبیحہ سے کہتا سیما تو بالکل ایسی لگتی ہے جیسے ہمارے گھر کی ہی فرد ہو، یوں وہ بہت شرمیلا نوجوان تھا، میں گھر میں ہوتی تو وہ شرم کی وجہ سے باہر چلا جاتا، مجھے کچھ اس کے ساتھ عجیب سا لگاؤ ہو گیا تھا، میں کبھی صبیحہ سے کہتی کہ صبیحہ تمھارا بھائی تو لڑکیوں سے بھی شرمیلا ہے، صبیحہ کہتی، بہن اب تو زمانہ الٹا ہو گیا ہے، اب لڑکیاں کہاں شرماتی ہیں لڑکے ہی شرماتے ہیں، اس طرح کبھی کبھی زمانہ کی خرابیوں کی بات شروع ہو جاتی، ایک اخبار میں بے شرمی اور بے حیائی کی خبر، ایک باپ کے اپنی بیٹی کے ساتھ منھ کالا کرنے کی، ایک بھتیجے ماموں کی بے شرمی کی خبر پڑھی تو ہم دیر تک زمانہ کے خراب ہونے کا ذکر کرتے رہے، میں نے کہا کہ کل یگ آگیا ہے، اس کے ٹھیک کرنے کے لئے ہمارے دھارمک گرنتھ میں آیا ہے کہ کلکی اوتار آئیں گے اور وہ اس بگاڑ کو سدھاریں گے۔ میں نے کہا پتہ نہیں، ہمارے جیون (زندگی) میں کلکی اوتار آئیں گے یا نہیں، یا ہمارے مرنے کے بعد آئیں گے؟ صبیحہ نے کہا کہ سیما جن کلکی اوتار کی تم بات کر رہی ہو وہ تو آکر چلے گئے، میں نے کہا تم کیسے کہتی ہو؟ وہ بولی میں تمھیں ایک کتاب دیتی ہوں، اس نے اپنی الماری سے ایک چھوٹی سی کتاب "کلکی اوتار اور محمد صاحب" نکالی اور مجھے دی، دیکھو یہ بہت بڑے اسکالر ہیں، پنڈت وید پرکاش اپادھیائے جن کی یہ کتاب ہے، میں نے وہ کتاب لے لی، اسی دن میں نے صبیحہ سے ان کے بھائی کے ساتھ عجیب لگاؤ کا ذکر کیا اس نے بتایا کہ بھائی جان بھی تمھیں پسند کرتے ہیں، مگر شرم کی وجہ سے تمھارے سامنے نہیں آتے، میں نے کہا، کیا تمھارے بھائی جان شادی کے

لئے ہندو ہو سکتے ہیں، اس نے کہا کہ ایک مسلمان کا ہندو ہونا تو ناممکن ہے، ہاں اسلام کو جانتا ہی نہ ہو تو دوسری بات ہے، اس لئے کہ اسلام ایسا حق اور سچا مذہب ہے کہ اگر آدمی اسے جاننے کے بعد اسلام چھوڑنا چاہے تو چھوڑ نہیں سکتا، دل سے اسلام کے حق ہونے کا یقین نہیں نکل سکتا، اس نے کہا ہماری آنکھیں دیکھ رہی ہیں کہ دن نکل رہا ہے، اب اگر کوئی مجھ سے کہے دس لاکھ روپے لے لو اور یہ کہو کہ رات ہو رہی ہے، یا پھر رائفل کی کوئی سر پر لگا کر کہے کہ کہو رات ہو رہی ہے تو ہو سکتا ہے کہ کسی بڑے لالچ اور کسی خوف سے زبان سے کہہ دوں کہ ہاں رات ہو رہی ہے مگر میرا دل اور ضمیر یہ کہتا رہے گا کہ دن کو رات کیسے سمجھوں، جانوں اور یقین کروں، صبیحہ نے کہا: سیما اگر تم اسلام کو پڑھو گی اور سچائی جاننے کی کوشش کرو گی تو تم بھائی جان کو ہندو بنانے کے بجائے خود ضروری سمجھو گی کہ تمہاری تو ہو مگر مجھے مسلمان بن جانا چاہئے، میں نے کہا صبیحہ یہ بات تو ہے کہ مسلمان اپنے مذہب میں بہت کٹر ہوتے ہیں، دوسرے مذہب والے اتنے کٹر نہیں ہوتے، صبیحہ نے کہا کہ ہر آدمی جو سچ پر ہوتا ہے مضبوط ہوتا ہے اور جو خود ہی شک میں ہو وہ کیسے کسی بات پر جم سکتا ہے، بہت دیر تک ہم بات کرتے رہے، دن چھپنے کو ہو گیا، میں گھر آ گئی، صبیحہ کی باتوں کے بارے میں سوچتی رہی، رات کو سوتے وقت میں نے وہ کتاب اٹھائی اور پڑھی، چھوٹی سی کتاب تھی، پوری پڑھ ڈالی تو حیرت ہوئی کہ وہ کلکی اوتار تو حضرت محمد ﷺ ہیں، یہ کتاب دیوبند سے چھپی ہے، اس کے پیچھے کچھ اور کتابوں کے نام بھی لکھے تھے مرنے کے بعد کیا ہوگا؟ اسلام کیا ہے؟ آپ کی امانت آپ کی سیوا میں وغیرہ، میں نے اگلے روز صبیحہ سے کہا یہ کتابیں مجھے چاہئیں، اس نے کہا اس میں سے "آپ کی امانت آپ کی سیوا میں" تو ہمارے ماموں مولانا کے یہاں مل سکتی ہے، میں تمہیں لا کر دوں گی، میں نے ان سے کہا، بھول مت

جانا، اس کو ماموں کے یہاں جانے کا موقع نہ لگا، میں تقاضا کرتی رہی، دس پندرہ روز تک میں کھنچے کھنچے بے چین سی ہوتی رہی، دس روز کے بعد ایک چھوٹی سی کتاب "آپ کی امانت آپ کی سیوا میں" صبیحہ نے مجھے لاکر دی، اس کتاب کا نام ایک انسان کے لئے ایسا دل کو چھونے والا ہے کہ نام پڑھ کر ایک عجیب طلب پیدا ہو جاتی ہے، کہ ہماری کیا امانت ہے معلوم تو کریں "دو شبد" اس میں مولانا وصی صاحب نے لکھے ہیں، میرا خیال ہے کہ "دو شبد" کی دو تین لائن پڑھنے کے بعد کوئی آدمی اس کتاب کو پڑھے بغیر نہیں رہ سکتا، اور بالکل مسلمانوں اور اسلام کے بارے میں دل میں دشمنی اور نفرت رکھنے والا انسان بھی ان دو شبدوں کو پڑھنے کے بعد اس کتاب کو غیر کی بات سمجھ کر نہیں پڑھ سکتا ہے، اس کا دل و دماغ اس کتاب کے لکھنے والے کو اپنا سچا دوست سمجھ کر ہی اس کو پڑھے گا، میں اس کتاب کو لے کر گھر آئی اور اس کتاب پوری پڑھی، میں نے اپنی چھوٹی بہن اور ماں سے کہا کہ میں آپ کو بہت اچھی چیز پڑھ کر سناؤں گی، ان کو بٹھا لیا اور پڑھنا شروع کیا، وہ سنتی رہیں اور بولیں یہ کس کی کتاب ہے، میں نے کہا مظفر نگر کے ایک مولانا جی کی لکھی کتاب ہے، میری ماں نے کہا ان سے تو ضرور ملنا چاہئے، اس کتاب کے پیچھے ٹائٹل پیج پر بھی کچھ کتابوں کے نام لکھے تھے، اسلام ایک پریچے، مرنے کے بعد کیا ہوگا؟ اسلام کیا ہے؟ کتنی دور کتنے پاس؟ وہی ایک ایشور کا آدھار مزاشنس اور انتم رشی، کلکی اوتار اور محمد صاحب، وید اور قرآن وغیرہ، میری ماں نے کہا بیٹی یہ ساری پستکیں (کتابیں) منگا لے۔

سچی بات یہ ہے شمی بہن! آپ کی امانت نے میری اندر کی دنیا کو بدل دیا، میں بس یہ سوچتی تھی کہ اس سماج میں میں مسلمان ہو کر کس طرح رہوں، اگر گھر چھوڑ کر جاؤں تو میں لڑکی ذات کہاں جاؤں گی، کون مجھے رکھے گا، میرے جانے کے بعد میرے گھر

اور جن لوگ کیسے جئیں گے، بس ایک عجیب خیالات کا طوفان میرے دل و دماغ میں تھا، اسلام کو اور جاننے کی خواہش پیدا ہوگئی، میں نے اپنی ایک دوسری سہیلی فاطمہ کو پانچ سو روپے دیئے اور ان کتابوں کو منگانے کے لئے کہا، ایک ہفتہ کے بعد اس نے صرف مرنے کے بعد کیا ہوگا؟ لاکر دی اور باقی پیسے واپس دے دیئے کہ اور کتابیں ملی نہیں، میں نے مرنے کے بعد کیا ہوگا کتاب کو پڑھا جنت دوزخ کا ایسا حال اور گناہوں کی سزاؤں کا ایسا ذکر اس کتاب میں ہے کہ بے حس سے بے حس آدمی بھی خوف کھا جائے، اس کتاب کو پڑھنے کے بعد جنت دوزخ میری آنکھوں کے سامنے بالکل آنکھوں دیکھی چیز بن گئی، رات کو سونے لیٹتی تو ہر وقت میری آنکھوں کے سامنے قبر کا حشر کا اور جنت دوزخ کا منظر چلتا رہتا تھا، دو بار میں نے خواب میں جنت دیکھی اور دوزخ تو نہ جانے کتنی بار دکھائی دی، اب میں نے اپنی ماں سے مسلمان ہونے کی خواہش ظاہر کی انھوں نے کہا کہ دین سے دنیا سنبھالنی مشکل ہوتی ہے، آج کل کے سماج میں دھرم بدلنا آسان نہیں ہے، بس اندر سے سچ کو سچ سمجھو یہ بھی کافی ہے، وہ مالک دلوں کے بھید کو جانتا ہے، میں نے صبیحہ سے کہا کہ اگر میں مسلمان ہو جاؤں تو تمہارے بھائی مجھ سے شادی کر سکتے ہیں یا نہیں؟ اس نے کہا کہ وہ کئی بار مجھ سے کہہ چکے ہیں کہ اگر سیما مسلمان ہو جائے تو امی ابو اس سے میری شادی کر سکتے ہیں یا نہیں؟ میں ان سے بات کروں گی، اب وہ نوکری کے لئے ملک سے باہر چلے گئے ہیں، ان کا فون آئے گا تو میں بات کروں گی، صبیحہ کے بھائی کا فون آیا تو اس نے ان سے بات کی، مجھے بتایا کہ بھائی جان کہہ رہے ہیں کہ اگر میں امی ابو کو راضی کرلوں اور ساری قانونی کاروائی کرلوں اور سیما کے گھر والے بھی راضی ہوں اور وہ سچے دل سے مسلمان ہو جائے تو میں شادی کر کے بہت خوشی محسوس کروں گا، مگر میں کوئی خطرہ مول نہیں لے سکتا، اس دوران

میں نے کسی طرح قرآن شریف کا ہندی ترجمہ حاصل کرلیا، اس کو پڑھنا شروع کیا، ساتھ ساتھ میں اپنی ماں کو سناتی تھی، مجھے بعض ایسے خواب دکھائی دیئے جن کے بعد مسلمان ہونے کی بے چینی بہت زیادہ بڑھ گئی، راتوں کو دیر تک مجھے نیند نہیں آتی تھی، میں منھ ہاتھ دھو کر قرآن پڑھتی تھی، بات یہاں تک بڑھی کہ میں نے گھر چھوڑنے کا فیصلہ کرلیا، اس سلسلہ میں مجھے کسی نے بتایا کہ پھلت "آپ کی امانت آپ کی سیوا میں" کے لیکھک (لکھنے والے) مولانا صاحب کے یہاں تمھارے لئے یہ کام آسان ہے، میں نے ایک پندرہ سال کے مسلمان لڑکے کو تیار کیا جو بہت دین دار تھا، وہ اس کے ساتھ پھلت پہنچی، مولانا صاحب سفر پر گئے ہوئے تھے، وہاں پر کچھ لوگوں نے مجھ سے اسلام قبول کرنے کی غرض معلوم کی، میں نے کہا صرف اسلام قبول کرنا اور حق کو ماننا، مجھے کلمہ پڑھوایا گیا اور میرٹھ بھجوا کر ایک وکیل صاحب سے سرٹیفکٹ بنوا دیا گیا، ایک مولانا کے گھر میں رہی، ان کی بہنوں نے مجھے بہت محبت سے رکھا، ایک ہفتہ کے بعد مولانا صاحب آگئے۔

سوال: آپ کی گھر میں تلاش نہیں ہوئی؟

جواب: میری گھر میں تلاش ہی نہیں ہوئی، میرا آنا میرے پورے علاقہ میں قیامت بن گیا، جب ڈھونڈھ پڑی اور خاندان والے اکٹھا ہوئے تو میری چھوٹی بہن نے بتادیا کہ وہ صبیحہ کے بھائی سے شادی کرنا چاہتی تھی، حالانکہ اب ایسا کچھ نہیں تھا، اب صرف مجھے اسلام قبول کرنا تھا، اس پر پورے علاقہ کے ہندو سماج میں ایک طوفان کھڑا ہو گیا، صبیحہ کے گھر والوں کی مصیبت آگئی، انھوں نے لاکھ کہا کہ ہمارا لڑکا ابھی ملک کے باہر ہے، مگر لوگ کہتے رہے کہ آپ نے ہی اس لڑکی کو غائب کیا ہے، اخباروں میں خبروں پر خبریں چھپتی رہیں، کئی بار بالکل آمنے سامنے فساد ہونے کو ہوا

کچھ سمجھ دار لوگوں نے معاملہ کو ٹھنڈا کیا۔

سوال: اس کے بعد کیا ہوا؟

جواب: مولانا صاحب ایک ہفتہ کے بعد پھلت آئے، تو انھیں لوگوں نے میرے بارے میں بتایا، مولانا صاحب نے کہا کہ وہاں کے لوگوں کے میرے پاس فون آئے، میں نے کہا ہمارے یہاں اس طرح کی کوئی لڑکی نہیں آئی ہے، پورے علاقہ میں فساد ہونے کو ہے، بہر حال مجھے بلایا اور مجھ سے کہا کہ وہاں تو یہ مشہور ہے کہ تم کسی لڑکے سے شادی کرنا چاہتی ہو، مجھ سے کہا کہ تم سچ سچ بتاؤ، میں نے کہا کہ پہلے میں واقعی ایسا ہی چاہتی تھی، مگر اب صرف اسلام پڑھ کر میں مسلمان ہوئی ہوں، میں کچھ روز اسلام پڑھنا چاہتی ہوں اگر اس لڑکے سے بعد میں شادی ہو جائے تو اچھا ہے، ورنہ آپ جس سے چاہیں میری شادی کر دیں، مولانا صاحب نے مجھے دہلی بھیج دیا، وہاں کے کچھ وکیلوں سے بات ہوئی تو انھوں نے کہا کوئی لڑکا ان سے شادی کو تیار ہو جائے تو سب سے بہتر قانونی آسانی اس میں ہے، مولانا صاحب نے کہا آگرہ میں ایک ڈاکٹر ہیں، انھوں نے مجھ سے کسی نو مسلم سے شادی کے لئے کہا ہے، وہ بجے واڑہ کے رہنے والے ہیں، اگر تم کہو تو میں تمھیں ان کے یہاں بھیج دوں، مجھے تکلف ہوا، میں رونے لگی، تو مولانا صاحب سمجھے کہ میں اسی لڑکے سے شادی کرنا چاہتی ہوں، ہمارے علاقہ میں بات اور بگڑ گئی تو مولانا نے مجھ سے کہا اس وقت بہتر یہ ہے کہ تم اپنے گھر چلی جاؤ اور اپنے گھر والوں پر کام کرو، میں نے کہا وہاں جا کر میں بالکل بے بس ہو جاؤں گی، آپ مجھے اس کفر و شرک میں نہ بھیجیں، آپ وہاں میری کیسے مدد کر سکتے ہیں، مولانا نے کہا بہن آپ چلی جاؤ، میں اللہ کے بھروسے پر تم سے وعدہ کرتا ہوں کہ تمھارے والد اور والدہ کے ساتھ ان شاء اللہ آپ کو لا لیں گے، مجھے یقین نہیں آتا تھا، میں بہت روئی بار بار مجھے

پانی پلایا گیا، مولانا کے جو ساتھی مجھے دہلی لے گئے تھے انھوں نے مجھے بہت سمجھایا کہ حضرت کی بات مان لو، اللہ تعالیٰ تمھارے لئے ضرور راستہ نکالیں گے میں نے کہا آپ میری شادی کسی مزدور سے، جھاڑو دینے والے کسی فقیر سے کردیں مگر مجھے وہاں نہ بھیجیں، انھوں نے کہا کہ اب حضرت نے کہا ہے اس کے خلاف ہم تمھاری کوئی مدد نہیں کرسکتے، میں مجبوراً روتے ہوئے گھر جانے پر راضی ہوگئی، بس میں مجھے ٹکٹ دلوا کر بٹھا دیا گیا مغرب کے بعد میں اپنے گھر پہنچی اور میں نے سب خاندان والوں کے سامنے اپنی ماں سے کہا: کیا میں آپ سے دس روز کے لئے کہہ کر نہیں گئی تھی کہ میں تیرتھ پر جارہی ہوں اور مجھے چینئی میں جانے کو کہا گیا تھا، آپ نے گھر والوں کو کیوں نہیں بتایا؟ آج دس دن میں میں آگئی کہ نہیں؟ مسیحہ کے گھر والوں اور بہت سے لوگوں کو پولیس نے اٹھا رکھا تھا، کسی طرح چھوڑا گیا، میرے خاندان والے جمع ہوئے اور مجھ پر برسنے لگے، میں نے سوچا، خدیجہ تو حق پر ہے، حق والوں کو ڈرنا نہیں چاہیے، میں نے کہا کہ میں نے اسلام قبول کرلیا ہے اور میرا نام سیما نہیں خدیجہ ہے اور اسلام سے مجھے کوئی نہیں ہٹا سکتا، میری پھوپھا اور ایک تائے نے مجھے بہت مارا اور نہ جانے کیسی بری بری گالیاں دیں، ہمیں معلوم ہے تو مسلمان ہونے کا ڈھونگ بھر کر اس سے منھ کالا کرنے گئی تھی اور ایسی بری بری سنائیں کہ بیان کرنا مشکل ہے، میری ماں اور باپ البتہ بالکل نرم تھے، میری ماں تو اندر سے اسلام کی سچائی کو مان چکی تھی، مجھے قریب کے بڑے شہر میں میرے تایا کے یہاں پہنچا دیا گیا، میں وہاں نماز پڑھنے کی کوشش کرتی تو گھر والے میرے ساتھ بہت زیادتی کرتے، ایک رات میں بارہ بجے عشا کی نماز پڑھ رہی تھی میرے تائے کے لڑکے نے میری کمر پر سجدہ میں ایک بہت بھاری چکی جو پرانے زمانے کی وہاں تھی وہ رکھ دی میرا دم نکلنے کو ہوگیا، مجھے صحابہ کے حالات یاد آئے میں نے

کچھ کھانے سے انکار کر دیا، مجھے ان کے یہاں ناپاکی کی وجہ سے بھی کھانے کو دل نہیں چاہتا تھا اور مجھے یہ بھی ڈر تھا کہ یہ مجھے زہر دے دیں گے میرے تایا نے میرے ماں باپ کو بلوا لیا اور پھر میری بوا (پھوپھی) کے یہاں مجھے بھجوا دیا گیا، میں نے کہا میں کسی کے گھر کا کھانا نہیں کھاؤں گی، اس میں زہر کا خطرہ ہے، بازار کا کھانا کھاؤں گی جو سامان لا کر دیں گی، میری بوا کے یہاں میری اتنی احتیاط کے باوجود بھی مجھے تین مرتبہ زہر دینے کی کوشش کی گئی مگر جس کو اللہ رکھے اسے کون چکھے، ایک بار بلی نے گرا دیا، ایک بار مجھے پہلے خواب دکھائی دے گیا اور ایک دفعہ میری بوا کے پوتے نے وہ کھا لیا، پندرہ دن تک اسے اسپتال میں رہنا پڑا، جان تو بچ گئی مگر گردے خراب ہو گئے۔

سوال: وہاں سے پھر اللہ نے کس طرح نکالا؟

جواب: اللہ نے حضرت کے وعدہ کی لاج رکھ لی، حضرت بتاتے ہیں کہ تمہیں میں نے قسا رات اور حالات خراب ہونے کے ڈر سے بھیج تو دیا مگر جیسے ہی تم چلی تو میرے کان میں غیب سے کسی نے قرآن کی یہ آیت پڑھی جس میں اللہ نے ان عورتوں کو جو ایمان قبول کر کے ہجرت کے لئے آئیں یہ یقین ہونے کے بعد کہ وہ اس میں سچی ہیں کافروں کے پاس لوٹانے سے منع کیا گیا ہے۔

سوال: ہاں ہاں ابی بار بار بہت افسوس کے ساتھ کہہ رہے تھے کہ قرآن حکیم کی میں نے خلاف ورزی کی ہے، پہلے سے خیال نہیں آیا، سب لوگ دعا کرو اللہ مجھے معاف فرمائے۔

جواب: آپ کو معلوم ہے وہ آیت؟

سوال: ہاں بار بار ابی اسے پڑھتے تھے:

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا إِذَا جَاءَكُمُ الْمُؤْمِنَاتُ مُهَاجِرَاتٍ فَامْتَحِنُوهُنَّ ؕ

اَللّٰہُ اَعْلَمُ بِاِیْمَانِھِنَّ ۚ فَاِنْ عَلِمْتُمُوْھُنَّ مُؤْمِنٰتٍ فَلَا تَرْجِعُوْھُنَّ اِلَی الْکُفَّارِ ط

(الممتحنۃ: ۱۰)

اس کا ترجمہ یہ ہے: اے ایمان والو! جب تمھارے پاس ایمان والی عورتیں وطن چھوڑ کر آئیں تو ان کو جانچ لو، اللہ خوب جانتا ہے ان کے ایمان کو، پھر اگر تم ان کو ایمان پر جانو تم ان کو کافروں کی طرف مت پھیرو۔

جواب: حضرت بتاتے ہیں کہ اس آیت شریفہ نے مجھے جھنجھوڑ دیا میں بار بار صلاۃ التوبہ پڑھتا اور اللہ کے حضور دعا کرتا میرے اللہ! آپ کو اگر دعوت محبوب ہے اور آپ نے اس کم ظرف بندے کو اپنے کام سے جوڑا ہے تو میری غلطیوں اور گناہوں کو کون معاف کرے گا، میرے اللہ! میں بہت بڑا مجرم ہوں، مجھ سے انجانے میں قرآن حکیم کی خلاف ورزی ہوگئی، میرے اللہ! میری بچی کیسی بھٹکی ہوئی واپس گئی، میرے اللہ میں نے آپ کے بھروسے اس سے وعدہ کرلیا ہے آپ اپنے گندے بندے کی وعدہ کی لاج رکھ لیجئے، میرے اللہ میرے بگاڑ کو آپ کے علاوہ کون سنوار سکتا ہے، مولانا صاحب نے مجھے بتایا کم از کم پندرہ دن تک ہر دعا میں بس تمھارے لئے دعا کرتا تھا اور تمھارے واپس آنے کے شکر میں روزوں صدقوں اور نفلوں کی نذر مانتا تھا، اللہ نے حضرت کی دعا اور وعدہ کی لاج رکھی، چھ مہینے مجھ پر ایک سے ایک سخت گزرا، اس دوران ان چھ مہینوں کی داستان میں سناؤں تو ایک لمبی کتاب ہوجائے گی، میں نے ایک ڈائری بھی لکھی ہے، میری ماں میرے ساتھ روتی رہتی، چھ مہینہ کے بعد میری ماں نے میرے باپ کو راضی کرلیا کہ ایک نومسلم لالہ خاندان کے ڈاکٹر صاحب جو وجے واڑہ کے ہیں سے میری شادی کردیں، ٹال مٹول کر شادی ہوجائے گی بعد میں وہ نکاح کرلیں گے۔

سوال: وہ آپ کی ماں کو کیسے ملے؟

جواب: اصل میں میری ماں کی ایک پرانی سہیلی تھی جن کو ہم حقیقی موسی (خالہ) کی طرح جانتے تھے وہ بھی میرے ساتھ مسلمان ہوگئی تھیں مگر انھوں نے اسلام ظاہر نہیں کیا تھا وہ تیاگی خاندان سے تھیں، وہ میرے ساتھ ہونے والے ظلم سے واقف تھیں، ہمارے یہاں ایک تبلیغی جماعت آئی وہ پانی پر دم کروانے کے بہانے اس جماعت سے ملیں اور میری داستان سنائی، اس جماعت میں وہ ڈاکٹر صاحب جو سات مہینے پہلے مسلمان ہوئے تھے حضرت کے ایک ساتھی کی کوشش سے، کسی طرح اپنی نوکری سے چھٹی لے کر گھر والوں سے ٹریننگ کے بہانے جماعت میں آئے تھے، امیر صاحب نے کہا کہ ان کے ڈاڑھی بھی نہیں آئی ہے اگر ان سے شادی ہو جائے تو اچھا ہے یہ بھی لالہ ہیں، یہ اپنے گھر والوں کو تیار کرلیں گے، اس پر بات طے ہوگئی، ڈاکٹر صاحب نے جماعت میں پندرہ دن چلے کے چھوڑ کر مجھے وہاں سے نکالنے کے لئے امیر صاحب کے مشورہ سے گھر کا سفر کیا اور گھر والوں سے مجھ سے شادی کرنے کا خیال ظاہر کیا، میرے چچا جی نے خاندان والوں کو یہ کہہ کر کہ دور چلی جائے گی تو مسلمانوں سے دور ہو جائے گی راضی کر کے میری شادی کردی، اور لوگ میری سسرال سے آئے، ڈاکٹر صاحب مجھے لے کر ہنی مون منانے کے بہانے یہاں دہلی اور شملہ وغیرہ لے کر آئے ہیں، مولانا صاحب سے فون پر ان کا رابطہ تھا، مجھے لے کر یہاں آئے اور مجھے ان کے ساتھ دیکھ کر بس مت پوچھئے کہ مولانا صاحب کا کیا حال ہوا، بار بار خوشی سے روتے تھے، کہتے تھے میرے اللہ آپ کیسے کریم ہیں، اپنے کیسے گناہ گار بندے کے ساتھ آپ کا کیا معاملہ ہے قرآن کے حکم کی صریح خلاف ورزی کر کے ایک مومنہ کو کفار میں لوٹا دینے والے مجرم کے وعدہ کی آپ نے کیسی لاج رکھی، مولانا صاحب نے بتایا

کر ۲۵ روزے میں نے نذر مانے ہیں، دو سو نفلیں اور تین ہزار صدقہ کھلانے واپس آنے کے لئے، مولانا صاحب نے بڑی حیرت اور خوشی سے بتایا کہ جن آنند مراکے ڈاکٹر صاحب کے پاس تمہیں بھیج کر شادی کرنے کو کہا تھا وہ ڈاکٹر شارق یہی ہیں، جس کے ساتھ میرے اللہ نے تمہاری شادی کر کے میرے گھر بھیج دیا۔

[illegible]: عجیب بات ہے؟

[illegible]: اللہ تعالیٰ اپنے دین کی دعوت کا کام کرنے والے کی، سچی بات یہ ہے کہ بڑی ناز برداری کرتے ہیں۔

[illegible]: آپ کی وہ چھ مہینے کی تکلیفیں جھیلنے کی کہانی والی ڈائری آپ کے پاس ہے؟

[illegible]: ابھی نہیں لائی، میں اس کا زیراکس کرا کے آپ کو بھیجوں گی، حضرت صاحب نے کہا ہے کہ وہ ہم چھپوائیں گے، مولانا صاحب نے کہا کہ وہ قسط وار ارمغان میں چھپوانے کے لائق ہے

[illegible]: اب آپ کے شوہر اپنے گھر والوں کے ساتھ میں رہتے ہیں؟

[illegible]: نہیں! وہ ابھی وہاں مہاراشٹر ناگ پور میں ایک سرکاری اسپتال میں عارضی ملازمت پر ہیں، دہلی میں انھوں نے اپلائی کیا تھا، الحمد للہ انٹرویو بھی ہو گیا اور انھوں نے ایم ڈی کے لئے کوالیفائی کر لیا ہے، اب ہم بہت جلدی دہلی آجائیں گے ہم دونوں تو بس ساتھ رہتے ہیں۔

[illegible]: آپ کے ماں باپ کا کیا ہوا؟

[illegible]: میں نے ان کو پرسوں دہلی بلایا تھا، ہمایوں کے مقبرے کے پارک میں ملاقات ہوئی وہ اب اپنا قصبہ چھوڑ کر ہمارے ساتھ رہنے کا پروگرام بنا رہے ہیں، الحمد للہ دونوں مسلمان ہو گئے ہیں۔

سوال: بہت بہت شکریہ خدیجہ بہن! واقعی ایمان تو آپ کا ہے، ہم لوگ خاندانی مسلمانوں کو ایمان و اسلام کی کیا قدر ہو سکتی ہے، آپ ہمارے لئے دعا کیجئے، کچھ حصہ اس ایمان کا ہمیں بھی نصیب ہو جائے؟

جواب: جی آپ کے گھر کے جوتوں کے صدقے میں مجھے ایمان ملا ہے، آپ کیسی باتیں کر رہی ہیں، آپ کے گھر کے لئے میری سات پشتیں دعا کریں تو کم ہے۔

سوال: یہ آپ کی بڑائی کی بات ہے، بہرحال بہت بہت شکریہ۔

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

جواب: وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ! میں انشاء اللہ جلدی دہلی آجاؤں گی پھر اطمینان سے باتیں کریں گے اور بھی مزے کی باتیں سناؤں گی۔ ڈاکٹر صاحب آگئے ہیں، باہر کھڑے ہیں، اچھا میں چلتی ہوں۔

مستفاد از ماہنامہ ارمغان، اپریل ۲۰۰۹ء

جناب محمد شاہد (رام دھن) سے ایک ملاقات

سچی بات یہ ہے کہ انسانیت آج پیاسی ہے، بس ضروری بات یہ ہے کہ مسلمانوں کو انسانیت کی خیر خواہی کے لئے پیدا کیا گیا ہے، بس یہ ثابت کریں کہ وہ لوگوں کے لئے بے لوث ہمدرد ہیں اور پھر جو چاہیں لوگوں سے منوالیں، خصوصاً ہندستان کے ہندوؤں کی تو گھٹی میں یہ بات پڑی ہے کہ انہیں یہ یقین ہو جائے کہ یہ ہمارا ہمدرد ہے، بس اس کے غلام بن جاتے ہیں، میرے لئے دعا بھی کریں، اور سارے انسانوں کیلئے دعا کریں، اللہ تعالی ہمارے سب ہندو بھائیوں کو میری طرح عید نصیب کرے۔

مولانا احمد اواہ ندوی

احمد اواہ : السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

محمد شاہد : وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

س : شاہد صاحب، آپ کی تشریف آوری ہوئی، بہت خوشی ہوئی، ابی نے بتایا کہ آپ جماعت سے وقت لگا کر آرہے ہیں، آپ سے ارمغان کے لئے ایک انٹرویو لوں، مگر آپ جماعت سے سیدھے گھر چلے گئے، مجھے بہت افسوس ہوا، اللہ نے آج ملاقات کروادی۔

ج : اصل میں، میں جماعت میں مالیر کوٹلہ وقت لگا رہا تھا، آخری دن میں نے فون کیا تو معلوم ہوا کہ بچہ سخت بیمار ہے، اسپتال میں ہے، میں نے مولانا صاحب (مولانا محمد کلیم صدیقی) سے فون پر بات کی، انھوں نے کہا آپ فوراً چلے جائیں بعد میں کسی

وقت ملاقات ہو جائے گی۔ اب اللہ کا شکر ہے کہ گھر خیریت ہے، میں کمپنی سے کام پر نکال کر دہلی آیا ہوں اور دل میں تڑپ تھی مولانا صاحب سے ملنے کی، الحمدللہ ملاقات ہوگئی۔

سوال آپ اجازت دیں تو میں اپنی بات شروع کروں؟

جواب ضرور، میرے لائق جو خدمت ہے، میں حاضر ہوں۔

سوال پہلے آپ اپنا خاندانی تعارف کرائیے؟

جواب میں الہ آباد کے دویدی برہمن خاندان میں ۳؍نومبر ۱۹۵۳ء کو پیدا ہوا، میرا نام رام وچن میرے والد صاحب نے رکھا تھا، پتا جی ایک اسکول کے ہیڈ ماسٹر تھے، میری دو بہنیں اور ایک بھائی ہے۔ میں ان میں سب سے بڑا ہوں۔ یوں تو میں سب سے چھوٹا ہوں، پیدائش کے لحاظ سے سب سے پہلے پیدا ہوا ہوں، ہائی اسکول میں نے اپنے والد صاحب کے اسکول میں کیا اس کے بعد سائنس سے انٹر کیا انٹر میں میری ڈویژن نہ بن سکی، جس کی وجہ سے مجھے لائن بدلنی پڑی اور پھر بی کام کیا، بی کام کے بعد میں نے ایک فیکٹری میں ملازمت کرلی، بعد میں پونا میں ایک کمپنی میں ملازم ہوگیا، اس کے بعد ایک کے بعد ایک چار کمپنیوں میں اچھے کام کی تلاش میں جاتا رہا اور اب ایک کمپنی میں پروڈکشن منیجر ہوں، میری شادی بنارس کے ایک برہمن خاندان میں ہوئی۔ میری بیوی انٹرمیڈیٹ پاس ہے، میں نے جان بوجھ کر گھریلو زندگی کے سکون کے لئے گھریلو خاتون سے شادی کی تھی، میرے تین بچے ہیں، بڑا بیٹا جس کا پہلا نام للت کمار تھا اب الحمدللہ محمد یاسر ہے، بیٹیاں جن کے پہلے نام کملا اور گیتا تھے اب الحمدللہ عائشہ اور فاطمہ ہیں، میری بیوی کا نام اب الحمدللہ خدیجہ ہے۔

سوال اپنے قبول اسلام کے سلسلہ میں ذرا تفصیل سے بتائیے؟

جواب اب سے پانچ سال پہلے جون ۲۰۰۳ء میں بچوں کی چھٹیوں میں گھر والوں نے

گھومنے کا پروگرام بنایا ہوا ہے چند دن گھوم کر دہلی اور پھر شملہ کا پروگرام تھا، اگست کرانتی میں ممبئی سے دہلی کا ٹکٹ تھا، جس کیبن میں ہم لوگ تھے میرے تین بچے اور ہم دونوں اور چھٹے آپ کے والد مولانا محمد کلیم صدیقی تھے، ان کو دیکھا تو ہمیں اچھا لگا کہ ایک دھارمک آدمی کی سنگتی ہمارے بچوں کو ملے گی۔ تفریح کے ساتھ کچھ نہ کچھ سیکھنے کو مل جائے گا۔ تفریح کا سفر تھا، میرے اللہ کا کرم ہے کہ میرے گھر میں بچوں میں پہلے سے بھی بہت پریم محبت ہے اور سفر میں تو اور بھی بے تکلفی ہوتی ہے اور مقصد تفریح تھا اس لئے بچے اور بھی مستی کر رہے تھے، رات ہونے لگی تو میں نے بچوں کو دھمکایا، انکل بھی ساتھ ہیں تم لوگ مستی کر رہے ہو، مگر مولانا صاحب نے کہا، یہ بچے ہیں معصوم بچے خوش ہو رہے ہیں آپ ان کو کیوں روکتے ہیں؟ مجھے اچھا لگ رہا ہے، رات کے دس بجے میں نے مولانا صاحب نے کہا آپ سونا چاہیں تو برتھ کھول لیں، انھوں نے کہا بہت اچھا، برتھ کھول لی گئی، مولانا صاحب چادر وغیرہ بچھانے لگے تو میری بیوی نے بچیوں کو دھمکایا، تم لوگوں کو شرم نہیں آتی، دو بیٹیوں کے ہوتے ہوئے انکل خود بستر بچھا رہے ہیں، بچیاں دوڑیں اور بولیں انکل لایئے ہم بستر کر دیتے ہیں، مولانا صاحب نے ان کو بہت منع کیا مگر انھوں نے زبردستی لے کر بستر بچھا دیا اوپر والی برتھ پر مولانا کا بستر ہو گیا، میری بیوی جو بہت خدمت گزار عورت ہے انھوں نے مولانا صاحب کے جوتے اٹھا کر حفاظت سے اندر رکھ دیئے اور مولانا صاحب کو بتا بھی دیا کہ جوتے سامنے برتھ کے نیچے رکھ دیئے ہیں، کبھی رات کو آپ اتریں اور تلاش کریں اور پریشان ہوں۔ مولانا صاحب نے کہا آپ نے بہت شرمندہ کیا، یہ کچی بات ہے، احمد بھائی انسانیت کے بچے ہمدرد ایک داعی کی ذرا سی خدمت نے کہ میری بچیوں نے مولانا صاحب کا بستر بچھا دیا تھا اور میری بیوی نے جوتے اٹھا کر رکھ دیئے تھے، ہماری

قسمت بدل دی اور زندگی بھر کفر و شرک میں بھٹکتے ہم بکھوں پر ہدایت کی بارش کا ذریعہ بن گئی بلکہ میرے بچوں اور میری بیوی کی خدمت ابھی تک ہمارے آدھے خاندان کے لئے ہدایت کا ذریعہ بن چکی ہے۔

سوال اس کی ذرا تفصیل بتایئے؟

جواب احمد بھائی، مولانا صاحب نے ہمیں بعد میں بتایا کہ بچیوں کے بستر بچھانے اور میری بیوی کے جوتا اٹھا کر رکھنے سے ان کا دل بھر آیا اور رات کو دیر تک وہ ہمارے لئے ہدایت کی دعا کرتے رہے، صبح سویرے تہجد کے لئے اٹھے اور مولانا صاحب بتاتے ہیں کہ وہ ہمارے اور ہماری نسلوں کے لئے ہدایت کی دعا کرتے رہے، مولانا صاحب بتاتے ہیں کہ میں نے اللہ سے فریاد کی کہ میرے مولی! نفرت کے اس ماحول میں ان بچیوں اور ان کی ماں نے آپ کے اس حقیر اور تہی داماں بندے کے ساتھ بھلائی کی ہے مولائے کریم یہ بندہ اس کا بدلہ نہیں دے سکتا، بس آپ ان کی نسلوں کے لئے ہدایت کے فیصلے فرما دیجئے، مولانا صاحب کہتے ہیں میں نے دعا کی اور ارادہ کیا کہ ہم لوگوں سے دعوت کے سلسلہ میں بات کریں گے، صبح آٹھ بجے تک بچے سوتے رہے اور سو کر اٹھے تو ناشتہ وغیرہ میں لگ گئے، اور پھر کھیلنے لگ گئے، مستی کرنے لگے، مولانا صاحب کہتے ہیں مجھ پر حد درجہ بے چینی تھی کہ کس طرح میں انھیں اسلام کی دعوت دوں؟ مگر جیسے زبان پر کسی نے تالہ لگا دیا ہو، بار بار مولانا صاحب کچھ کہنے کو ہوتے مگر کہہ نہ پاتے۔ ۱۱ بجے ٹرین تھوڑی ہی دیر سے نظام الدین اسٹیشن پہنچی، مولانا صاحب بتاتے ہیں جیسے جیسے وقت گزرتا گیا بے چینی بڑھتی گئی اور خیال تھا کہ اگر میں نے ان کو دعوت نہ دی تو پھر کون ان سے مسلمان ہونے کو کہے گا؟ مگر زبان کھل نہیں پا رہی تھی، گاڑی سے ہم سب اترے میں نے مولانا صاحب کا بیگ زبردستی اٹھا لیا کہ ایک

جن کی خدمت میں میں بھی شامل ہو جاؤں، بہت ہمت کر کے مولانا نے اپنے بریف کیس سے ایک کتاب 'آپ کی امانت' نکالی، مولانا صاحب کہتے ہیں، میں نے اپنے کو بہت ملامت کی اور ہمت کر کے بچوں کو اکٹھا کیا اور ہماری موجودگی میں بچوں سے کہا تمہاری محبت اور آپس کی خوشی سے دل بہت خوش ہوا، تم کتنے اچھے لگ رہے تھے اس تمہارے انکل کی ایک درخواست ہے اس کو یاد رکھنا، وہ یہ ہے کہ شادی کے بعد بھی تم لوگ اسی محبت سے رہنا، صرف دو پیسوں، بیویوں اور بچوں اور اپنے شوہروں کے چکر میں اس مقدس رشتہ کو مت خراب کرنا، سب بچوں نے مولانا کے پاؤں چھوئے، مولانا نے منع کیا اور آخر میں مولانا نے آپ کی امانت آپ کی سیوا میں مجھے یہ کہتے ہوئے دی کہ یہ میرا حق ہے، میرے پاس وزیٹنگ کارڈ اس وقت نہیں ہے۔ میں اپنے گھر والوں سے بار بار کہتا رہا کہ کس درد کے ساتھ مالک نے ہمیں سفر کرایا کہ ہمارے بچوں سے کیسی ہمدردی اور محبت کی بات کہہ گئے اور میں بار بار بچوں کو یاد دلاتا رہا کہ دیکھو انکل کی بات یاد رکھنا، وہ کوئی دیوتا آدمی تھے۔

دو تین دن دلی میں رہے، اس کے بعد ہم لوگ شملہ گئے۔ راستے میں ہماری چنڈی گڑھ کے سفر میں ایک آدمی سے ملاقات ہوئی وہ ٹرین میں مانگ رہا تھا، اس نے اپنی زندگی کی دکھ بھری کہانی بیٹھ کر سنائی کہ میرا دل بھر آیا، ہم لوگ شملہ پہنچے، راستے کی باتیں ہو رہی تھیں تو مولانا صاحب کی بات بھی آئی، میں نے پھر بچوں کو یاد دلایا انکل کی نصیحت یاد رکھنا۔ کملا نے کہا پتا جی وہ کتاب بھی تو انکل نے دی تھی وہ کہاں گئی، میں نے کتاب نکالی اور ایک بیٹھک میں پڑھ ڈالی، میں نے اس کتاب کو دوبارہ سب بچوں کو سنایا، مولانا صاحب کی نظام الدین اسٹیشن کی باتوں سے میرے اور میرے بچوں کے دل میں یہ بات بالکل بس گئی تھی کہ وہ ہمارے ہمدرد اور بے لوث ہمدرد ہیں،

ہم بھی نے اس کتاب کو اپنے ہمدرد اور خیر خواہ کی بات سمجھ کر پڑھا اور سنا، احمد بھائی آپ جانتے ہیں آپ کی امانت تو ایک پھندہ ہے۔ اگر کسی انسان کے سینہ میں پتھر نہیں ہے دل ہے تو پھر وہ دل اس کتاب کا ہو ہی جاتا ہے، شملہ سے واپس ہوئے کیونکہ اس کتاب میں اس کو دوسروں تک پہنچانے کی ذمہ داری بھی سونپی ہے اس لئے چندی گڑھ سے میں نے اس کتاب کی بیس زیراکس کا پیاں بنوائیں، اب یہ سفر ہماری زندگی کا انقلابی سفر تھا، یوں تو ہمارے والد صاحب ایک سیکولر انسان تھے اس لئے عام لوگوں کی طرح مسلمانوں سے نفرت ہمارے گھرانے میں نہیں تھی، مگر اسلام اور مسلمان ہمارے لئے غیر تھے، مگر اب ایسا نہیں تھا، ٹرین میں میں نے مسافروں کو وہ کاپیاں دیں اور سارے راستے بچوں میں اسی کتاب کا ذکر ہوتا رہا، شاید اس کتاب کی اکثر باتیں ہمارے بچوں کو بھی زبانی یاد ہو گئیں، پونا آیا تو مجھے اسلام کو مزید جاننے کا شوق پیدا ہوا، کسی نے مجھے پروفیسر انیس چشتی صاحب سے ملنے کا مشورہ دیا، میں ان سے ملا بھی، مگر نہ جانے کیوں وہ کچھ مسائل میں گھرے تھے وہ مجھے خاطر خواہ وقت نہیں دے سکے۔ ایک جگہ سے "اسلام کیا ہے؟" کتاب میں نے حاصل کی، اس کو پڑھا اس کے بعد قرآن مجید کا ہندی انوادیعنی ترجمہ پڑھا، مہینوں کے سوچ وچار کے بعد ایک بار پھر آپ کی امانت ہم نے پڑھی اور مسلمان ہونے کا فیصلہ کیا، مسلمان ہونے کے لئے میں بہت سے پڑھے لکھے مسلمانوں سے ملا، مگر کوئی اس بات کے لئے تیار نہیں ہوا، مسجدوں میں اماموں کے پاس بھی گیا، میرے بیٹے نے مجھے مشورہ دیا کہ میں پھلت میں مولانا صاحب کو خط لکھوں، مولانا صاحب کا خط ہمیں عید کے چار روز پہلے ملا جس میں لکھا تھا:

(یہ خط ہمیشہ میرے جیب میں رہتا ہے، نکالتے ہوئے)

پیارے دویدی صاحب! السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ

آپ نے اپنے بچوں کے ساتھ ایک دن کے سفر میں مجھے اپنا کرلیا، آپ اور بچے مجھے بہت یاد آتے ہیں، آپ پڑھے لکھے ہو کر مسلمان ہونے کے لئے کیوں ادھر ادھر پھر رہے ہیں۔ اسلام ایک سچائی ہے بس آپ نے آپ کی امانت کتاب پڑھ کر سچے دل سے کلمہ پڑھ لیا تو مسلمان ہو گئے۔ اسلام رسم و رواج کا دھرم نہیں ہے ہاں اپنے اطمینان کے لئے آپ پھلت آئیں تو آپ کا سواگت (استقبال) ہے، کاش آپ کا خط پہلے مل جاتا تو عید آپ ساتھ کر سکتے، اگر بھائی اور بچے بھی آجائیں تو ہمارے گھر والوں کی بھی عید ہو جائے، جب آپ آئیں خوشی ہوگی۔ والسلام

آپ کا اپنا

کلیم

میں نے تتکال میں رزرویشن بنوایا راجدھانی سے دہلی پہنچے اور پھر ڈھائی بجے عید کے دن، پھلت پہنچے، مولانا صاحب خوشی سے چمٹ گئے اور دیر تک گلے لگایا بچوں کو پیار کیا اور ہماری تسلی کے لئے کلمہ پڑھوایا، میرا نام شاہد رکھا، میری بیوی کا خدیجہ بڑی بچی کا آمنہ چھوٹی کا فاطمہ اور بچے کا نام محمد جاوید رکھا۔ سچی بات تو یہ ہے کہ عید تو ہماری ہوئی اور ہر عید کو ہم خوشی مناتے ہیں کہ عید کا دن تو ہمارے لئے ہے کہ بغیر روزوں کے عید کی خوشی ہمیں نصیب ہوئی مولانا صاحب نے بتایا کہ اس سفر میں مجھے اپنی ذات سے بہت مایوسی ہوئی میں اللہ کے سامنے بہت فریاد کرتا رہا کہ الٰہی میری نااہلی کا یہ حال ہے کہ اتنا چاہنے کے بعد ایسے پیارے لوگوں کو دین کی ایک بات نہ کہہ سکا، بعد میں مجھے خوشی بھی ہوئی کہ اللہ تعالیٰ اپنے دین کی دعوت دینے والوں کی

حفاظت فرماتے ہیں اور اس کی اپنی ذات سے نگاہ ہٹا کر اپنی ذات عالی سے ہونے کا یقین بناتے ہیں۔ اس لئے زبان کو تالا لگا دیا۔

مولانا صاحب بتا رہے تھے، میں نے بہت دعا کی، یا اللہ کوئی بات تو ایسی کہلوا دیجئے کہ یہ مجھے اپنا ہمدرد سمجھ کر آپ کی امانت پڑھ لیں، اللہ نے ایک بات ذہن میں ڈال دی اور وہی بات یہ ہے کہ آپ کی امانت ہم لوگوں نے اس محبت بھرے جملے کے سایہ میں پڑھی اس لئے اور بھی اس کے ہو رہے۔

سوال: اس کے بعد کیا ہوا؟

جواب: دو روز ہم پھلت میں رہے، وہاں دو سال پہلے مشرف باسلام ہونے والے بھائی عبدالرحمٰن نے ہمیں بتایا کہ ہمیں گھر کی یاد آتی ہے لوگ بھی دھتکارتے ہیں، دل دکھتا ہے اور بہت ٹوٹ جاتے ہیں، بس مولانا سفر سے آتے ہیں مصافحہ ملاتے ہیں کبھی گلے لگاتے ہیں، ایک آدھ مذاق کی بات کی، بس ایسا لگتا ہے کہ مرجھایا دل ہرا ہو گیا۔ میں نے دو روز پھلت گزار کر ان کی بات کی سچائی دیکھی، مولانا نے ٹیکسی کر کے ہمیں دہلی تک اپنے خرچ سے بھیجا اور گھر والوں کے لئے ہدایت کی دعا کرنے اور ماں باپ اور رشتہ داروں پر کام کرنے کی تاکید کی۔ بلکہ ہم پانچوں سے وعدہ لے کر رخصت کیا۔

سوال: آپ نے گھر والوں پر کام کیا؟

جواب: میرے اللہ نے میرے وعدہ کی لاج رکھ لی، میری ایک بہن اور بھائی اپنے بچوں کے ساتھ مسلمان ہو گئے میرے والد اور والدہ دونوں مسلمان ہو گئے، والد صاحب کا انتقال ہو گیا، الحمدللہ الہ آباد میں ان کو دفن کیا گیا، میرے دو دوست بھی مسلمان ہو گئے اس سے زیادہ حیرت کی بات یہ ہے کہ مولانا نے بتایا، واپسی میں

ہمارے ساتھ سفر کرنے والے ان لوگوں میں جن کو میں نے آپ کی امانت دی تھی دو ایک اندور کے تاجر اور ایک دہلی کے انجینئر مشرف با سلام ہو گئے ہیں ان میں سے ہر ایک کے قبول اسلام کی کہانی بہت دل چسپ ہے اور اللہ کی شان ہادی کا کرشمہ ہے اور ہم گندوں پر اللہ کی رحمت کی کرشمہ سازی ہے۔ میں آپ کو ضرور بتاتا مگر زین کا نام ہو رہا ہے انشاء اللہ اور کسی ملاقات میں تفصیلات سناؤں گا۔ وہ واقعات بہت دلچسپ ہیں۔ الحمد للہ ہم لوگ گذشتہ سال بچوں اور والدصاحب کے ساتھ حج کو گئے تھے۔ میرے اللہ کا کرم ہے کہ اللہ نے ہم گندوں کو اپنا گھر دکھا دیا۔

سوال: بہت بہت شکریہ شاہد صاحب، قارئین ارمغان کو آپ کچھ پیغام دینا چاہیں گے؟

جواب: پکی بات یہ ہے کہ انسانیت آج پیاسی ہے، بس ضروری بات یہ ہے کہ مسلمانوں کو انسانیت کی خیر خواہی کے لئے پیدا کیا گیا ہے، بس یہ ثابت کریں کہ وہ لوگوں کے بے لوث ہمدرد ہیں اور جو چاہیں لوگوں سے منوالیں۔ خصوصاً ہندوستان کے ہندوؤں کی تو گھٹی میں یہ بات پڑی ہے کہ اس کو یہ یقین ہو جائے کہ یہ میرا ہمدرد ہے، بس اس کے غلام بن جاتے ہیں۔ میرے لئے دعا بھی کریں اور سارے انسانوں کیلئے دعا کریں۔ اللہ تعالیٰ ہمارے سب ہندو بھائیوں کو میری طرح عید نصیب کرے۔

سوال: آمین ثم آمین۔ السلام علیکم

جواب: وعلیکم السلام احمد بھائی مولانا صاحب سے میرا ایک بار پھر بہت بہت سلام کہہ دینا۔

سوال: ضرور انشاء اللہ

مستفاد از ماہ نامہ ارمغان، اکتوبر ۲۰۰۷ء

شمیم بھائی (شیام سندر) سے ایک ملاقات

میں اپنی بات کیا کہوں میرا منہ کہاں میں کچھ کہہ سکوں، مگر میں ضرور کہوں گا جو مولانا صاحب کہتے ہیں کہ مسلمان اپنے کو داعی اور ساری انسانیت کو مدعو سمجھنے لگے تو ساری دنیا رشک جنت بن جائے گی اور داعی طبیب اور مدعو مریض ہوتا ہے وہ آدمی نہیں جو اپنے مریض سے مایوس ہو اور وہ بھی طبیب نہیں جو مریض سے نفرت کرے، اس سے کراہت کرے، اسے دھکے دیدے، مسلمانوں نے اپنے مریضوں کو اپنا حریف، اپنا دشمن سمجھ لیا ہے، اس کی وجہ سے خود بھی پس رہے ہیں اور پوری انسانیت ایمان اور اسلام سے محروم ہو رہی ہے۔

مولانا احمد اوّاہ ندوی

احمد اواہ : السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ

شمیم بھائی : وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ

سوال : شمیم بھائی آپ جماعت میں سے کب آئے؟

جواب : میں جماعت میں سے ۲۲ ر اپریل کو واپس آ گیا تھا۔

سوال : آپ کا یہ چلہ کہاں لگا تھا؟

جواب : میرا یہ چلہ میوات میں لگا، بجنور کی جماعت تھی مفتی عباس صاحب امیر تھے، الحمدللہ اس چلے میں میرا پہلے چلے سے بہت اچھا وقت گزرا۔

سوال : اچھا ماشاء اللہ، آپ کا یہ دوسرا چلہ تھا؟

جواب : ہاں احمد بھائی، پہلا چلہ تو میرا جب مولانا صاحب حج سے آئے تھے اس کے فوراً

بعد لگا تھا۔ حج سے آنے کے چار روز بعد میں نے کلمہ پڑھا تھا اور تین دن بعد میرے کاغذات؛ ڈاکٹر نظام الدین سے مجھے جماعت میں بھیج دیا گیا تھا، وہ چلہ میرا سیتا پور میں لگا تھا، مگر وہ جماعت ذرا میری جیسی تھی، میں یہ تو نہیں کہوں گا کیا اچھی نہیں تھی امیر بھی نئے تھے اور ساتھیوں میں بھی روز لڑائی ہوتی رہی، چار ساتھی درمیان میں واپس آ گئے میں تو یہ کہوں گا کہ میری نحوست تھی کہ اللہ کی راہ میں بھی مجھے میرے جیسے حال والوں سے سابقہ پڑا۔

سوال: اچھا نسیم بھائی، آپ اپنا خاندانی تعارف کرائیے؟

جواب: میں مظفر نگر ضلع کے سکھیڑہ گاؤں کے پاس ایک گاؤں کے گوجر زمیندار پریوار میں پیدا ہوا، ۱۹/اپریل ۱۹۸۲ء میری جنم تتھی (تاریخ پیدائش) ہے، میرے پتا جی نے نام شیام سندر رکھا، میرا خاندان پڑھا لکھا خاندان ہے، میرے چچا سرکاری افسر ہیں، میرے والد بھی ماسٹر تھے اور ستر بیگھہ زمین بھی تھی، میرے بڑے بھائی فوج میں ہیں، ایک بہن ہے ان کی شادی سرکاری اسکول کے ٹیچر سے ہوئی ہے، میں نے ہائی اسکول سے پڑھائی چھوڑ دی اور فلم دیکھنا، سگریٹ پینا، گٹکھ کھانا اور آوارہ لڑکوں کے ساتھ رہنا میرا کام تھا، میرے پتا جی نے مجھے پڑھنے پر زور دیا تو میں گھر سے بھاگ گیا، میری سنگتی اچھی نہیں رہی اور پھر مجھے گولیاں کھانے کی عادت ہو گئی، کافی دنوں کے بعد میں کسی طرح گھر آیا، مگر میرا تعلق غلط لوگوں سے تھا، خرچ گھر والے دیتے نہیں تھے، میں نے خرچ بڑھا رکھا تھا مجبوراً گھر سے چوری کرتا، کبھی کچھ نکال کر بیچ آتا، کبھی کچھ، گھر والوں نے احتیاط کی تو پھر باہر سے چوری کرنے لگا، بات بگڑتی گئی اور میں لوٹ مار کرنے والے لڑکوں کی گینگ میں جا ملا اور میرے اللہ کی رحمت پر قربان کہ یہ گینگ ہی میری نیا پار لگائی گئی۔

سوال: اصل میں گینگ میں رہنا تو نیا کو ڈبوتا ہی ہے، بس اللہ کی رحمت نے آپ کو پھول بنا کر اس گندی گینگ کی کیچڑ سے آغوش رحمت میں اٹھا لیا۔

جواب: ہاں آپ سچ کہتے ہیں۔ اصل میں میرا خاندان اور پورا پریوار بڑے گجن لوگوں کا پریوار ہے میرے گھر والوں کے زیادہ تر مسلمانوں سے تعلقات رہے ہیں میرا بچپن بھی اسی ماحول میں گزرا، میں بدقسمتی سے اس ماحول سے دور ہوتا رہا مگر مجھے اس غلط ماحول سے سوبھاؤ (فطرت) کے لحاظ سے میل محسوس نہ ہوا۔

سوال: اپنے اسلام قبول کرنے کے بارے میں ذرا بتایئے؟

جواب: احمد بھائی پچھلے سال وکھیڑی جلسہ سے واپس آتے ہوئے رات کو منصور پور سے پہلے آپ کے اور ہم سب کے ابی مولانا کلیم صاحب کی گاڑی پر بدمعاشوں نے گولی چلادی تھی، ہمارے ڈرائیور حلیم میاں کے دو گولیاں لگی تھیں، ایک ہاتھ میں اندر گھس گئی تھی دوسری گولی بالکل دل کے سامنے سینہ پر لگی تھی بکرتا بری طرح پھٹ گیا، ۳۱۵ کی گولی مگر کلائی سے (اللہ کی رحمت سے) بس جیسے چھوکر واپس آگئی، گولی کا نشان دیکھ کر آدمی خود حیرت کرے گا کہ اللہ کی شان تھی، اللہ تعالیٰ اپنے سچے بندوں کو ساتھی بھی ایسے دیتے ہیں کہ گولی لگنے کے باوجود حلیم نے گاڑی کو دو تین کلومیٹر الٹا بیک گیر میں دوڑایا اور موقع لگا کر موڑا اور دس کلومیٹر دور جا کر بتایا کہ مجھے گولی لگ گئی ہے اور حوصلہ نہیں کھویا، ورنہ ہمارے ساتھی تو یہ کہہ رہے تھے کہ ہم نے ایسا نشانہ بنا کر گولی سامنے سے ماری تھی کہ ہم کو یقین تھا کہ ڈرائیور تو مر گیا ہوگا کوئی دوسرا ہرا بر والا گاڑی بھگا رہا ہے۔

وہ جو گولی چلانے والے لوگ تھے سب میرے ساتھی تھے مگر میرے اللہ کا کرم تھا میں دو ہفتے سے بیمار ہو گیا تھا اور مجھے پیلیا ہو گیا تھا، میں مظفر نگر اسپتال میں بھرتی تھا، یہ خبر پورے علاقہ میں جنگل کی آگ کی طرح پھیل گئی، ہم آٹھ لوگوں کا گینگ تھا صرف میں ایک ہندو تھا اور سب سات لوگ مسلمان تھے اتفاق سے میرے علاوہ ساتوں اس روز اس واقعہ میں موجود تھے، کھتولی کوتوالی نے سی آئی ڈی انچارج کو بلایا اور دونوں نے قسم کھائی کہ

ایسے بجن، بھلے اور مہان آدمی کی گاڑی پر ہمارے پھیر (علاقہ) میں یہ حملہ ہوا یہ ہمارے لئے ڈوب مرنے کی بات ہے، قسم کھا کر عہد کیا جب تک مجرموں کو پکڑ نہ لیں گے اس وقت تک کھانا نہیں کھائیں گے، بھلا ایسے لوگوں پر گولی چلانے والے کب بچ سکتے تھے، تیسرے روز ان میں سے تین پکڑے گئے اور پٹائی پر سب نے بتا دیا، باقی چار بھی ایک ہفتہ میں گرفتار ہو گئے، بہت سے کیس لوٹ مار چوری ڈاکے کے کھلے اور تھانہ انچارج نے ایسے کیس بنائے کہ ضمانت تو سالوں تک ممکن ہی نہیں تھی نہ ہوئی۔

ایک ہفتہ کے بعد میری طبیعت کچھ ٹھیک ہوئی، دوبار خون بھی چڑھا تو میری چھٹی ہوئی، دو ہفتے تک گھر پر ہی رہا، ساتھیوں کے پکڑے جانے کی خبر مجھے مل گئی تھی، میرا خون سوکھتا تھا کہ پٹائی میں میرا نام نہ لے لیا ہو، مگر دو مہینے تک جب ہمارے گھر پولیس نہ آئی تو کچھ اطمینان ہوا کچھ طبیعت بھی ٹھیک ہوئی تو میں کسی طرح موقع لگا کر جیل میں ملائی کرنے گیا، جیل میں ساتھیوں نے سارا معاملہ بتایا اور مجھے بدھائی دی کہ تو بیمار ہو گیا ورنہ تو بھی ہمارے ساتھ جیل میں ہوتا، مظفر نگر جیل میں ان کی ملاقات کچھ قیدیوں سے ہوئی جو مولانا صاحب کے ان ساتھیوں کی کوشش سے جن کو دشمنی میں لوگوں نے جھوٹ ایک قتل کے کیس میں پھنسا دیا تھا مسلمان ہو گئے تھے، ان قیدیوں سے ملنے مولانا کلیم کئی بار جیل آئے، جیل والوں سے مولانا صاحب اور ان کے گھر والوں اور ان کی والدہ کے بارے میں کہانیاں سی سناتے رہتے تھے، ان کے گھر کا یہ حال ہے کہ اپنے چوروں کو خود چھڑا کر لاتے ہیں معاف کرتے ہیں ان کے گھر راشن پہنچاتے ہیں، لوکڑا گاؤں کے میرے ایک ساتھی نے جو ہمارا سر ورد تھا مجھ سے کہا تو پھلت جانا اور مولانا صاحب سے ہماری پریشانی بتانا اور خوب رونا، منہ بنا کر خوب پریشانیاں بتانا، میں نے کہا تمہیں شرم نہیں آتی، بھلا ان کے یہاں جانے کا کس طرح منہ ہو سکتا ہے، مگر وہ دور دار ہاتھ جا کر دیکھنا وہ تجھے کچھ نہیں

گئیں گے، ان سے کہا سب ساتھی دل سے معافی مانگ رہے ہیں اور سبھی عہد کر رہے ہیں کہ اب اچھی زندگی گذاریں گے اور آپ کے مرید بھی بن جائیں گے، میری ہمت نہ ہوئی، ایک دو ہفتے کے بعد وہ مجھے زور دیتے رہے۔

بار بار کہنے پر مجھے بھی ان کے حال پر ترس آگیا اور میں پتہ لینے کے بعد پھلت پہنچا، سردی کا زمانہ تھا راستہ میں بارش ہوگئی اور میں بھیگ گیا، مولانا صاحب ظہر کی نماز کے لئے جا رہے تھے نماز کا وقت قریب تھا، مجھے دیکھا معلوم کیا کہاں سے آئے ہو؟ میں نے اپنے گاؤں کا نام بتایا، مولانا صاحب گھر میں گئے اور میرے لئے ایک شرٹ پینٹ لے کر آئے اور بولے سردی سخت ہو رہی ہے آپ اندر جا کر کپڑے بدل لیجئے، میرا نام پوچھا میں نے نام بتایا شیام سندر، تو انھوں نے رضائی میں بیٹھ جانے کو کہا اور اندر سے بچے کو ایک کپ چائے لانے کو کہا، نماز کے لئے جاتے وقت چلتے ہوئے بولے، آپ تو اس علاقے کے مہمان ہیں جہاں ہماری اچھی مہمانی ہوئی تھی، ہمارے ڈرائیور کے گولی لگی تھی، میں یہ سن کر سہم گیا، میرے چہرے کے اترنے سے مولانا صاحب بولے آپ کیوں شرماتے ہیں کوئی آپ نے گولی تھوڑی چلائی تھی، آپ تو ہمارے مہمان ہیں، مولانا صاحب نماز پڑھنے چلے گئے۔

نماز پڑھ کر واپس آئے تو میں نے الگ بات کرنے کے لئے کہا، برابر کے چھوٹے کمرے میں مجھے لے گئے میں نے اپنا تعارف کرایا اور اپنے ساتھیوں کا حال اور ان کے گھر کا حال خوب بناوٹی رونا بنا کر سنایا اور مولانا صاحب سے کہا آپ چاہیں تو ان کی ضمانت ہو سکتی ہے، مولانا صاحب نے کہا: ہم نے ان کو گرفتار کیا ہے اور ہم ان کو مجرم کم اور بیمار زیادہ سمجھتے ہیں، ایسے سچے اور اچھے دین کو ماننے والے، ایسے رحمت بھرے رسول اللہ ﷺ پر ایمان رکھنے والے، ایسی بے دھڑک لوگوں کی جانیں لیں گے تو پھر دنیا کا کیا

ہوگا؟ ان کا علاج یہ ہے کہ ان سے کہوں یا عمر قید میں رہو یا تین چلے کے لئے جماعت چلے
جاؤ، اگر وہ سچے دل سے اپنی غلطی پر شرمندہ ہیں تو وہ جیل سے سیدھے تین چلے کے لئے
ساتھوں جماعت میں چلے جائیں، ہم خود گواہی دینے کے بجائے ان کی ضمانت کو تیار ہیں۔

مولانا صاحب نے مجھ سے کہا، آپ پہلے کھانا کھالیں میں ابھی آتا ہوں، ایک
صاحب اندر سے کھانا لے آئے تھوڑی دیر میں مولانا آئے اور مجھ سے کہا اپنے ساتھیوں
کی جیل کی تو تم فکر کرتے ہو تمہیں بھی ایک جیل میں مرنے کے بعد جانا پڑ سکتا ہے، وہ جیل
ہمیشہ کی ہے جس سے ضمانت بھی نہیں ہے وہ نرک کی جیل ہے، جس میں ایسی سزائیں ہیں
جن کا تصور بھی یہ دنیا کی پولیس والے نہیں کر سکتے، اس جیل سے بچنے کے لئے یہ کتاب
پڑھو یہ کہہ کر "آپ کی امانت آپ کی سیوا میں" مجھے دی پھر وہ ایک ساتھی کو میرے پاس بھیج
کر چلے گئے ان سے بات کرو، وہ مجھے مسلمان ہونے کے لئے کہتے رہے اور بولے تم
بڑے خوش قسمت ہو کہ مالک نے آپ کو اسی بہانے ہمارے حضرت کے یہاں بھیج دیا،
مالک کی مہر ہوتی ہے تو اللہ اس در کا پتہ دیتے ہیں، میں نے ان سے اس کتاب کو پڑھنے کا
وعدہ کیا اور اس لحاظ سے خوش خوش گھر لوٹا کہ چار مہینے جماعت میں جانا تو بہت آسان ہے
میں نے اگلے روز جیل جا کر ساتھیوں کو خوش خبری سنائی انھوں نے پوری بات سنی اور بہت
روئے ایسے آدمی کے ساتھ ہم نے بڑا ظلم کیا اور پھر ان نو مسلم قیدیوں کے ساتھ رہنے لگے
نماز بھی شروع کردی، روزانہ تعلیم میں بیٹھنے لگے اور تین قیدی ان کے کہنے سے مسلمان
بھی ہوئے۔

میں نے دوسرے روز وہ کتاب پڑھی، ایک اجنبی آدمی کے ساتھ مولانا صاحب
کے برتاؤ نے میرے اندر ان کو مولانا کا کر دیا اور مجھے اندر میں ایسا لگ رہا تھا کہ میں مولانا
کا غلام ہو گیا ہوں، اس کتاب نے مجھے اور بھی جذباتی بنا دیا، میں تین دن کے بعد پھلت

گیا مولانا نہیں ملے، بہت مایوس واپس لوٹا دوسری بار گیا، تیسری بار گیا تو معلوم ہوا کہ وہ آئے تھے اور آج ہی حج کے سفر پر چلے جائے گے اور ایک مہینے بعد آئیں گے۔

ایک ایک دن کر کے دن گنتا رہا، میں بیان نہیں کر سکتا احمد بھیا، میں نے ایک مہینہ سالوں کی قید کی طرح گزارا، اللہ کا کرم ہوا میں نے پھلت فون کیا معلوم ہوا کہ مولانا صاحب آگئے ہیں اور کل تک رہیں گے۔ ۱۲ جنوری کو صبح کے دس بجے میں نے مولانا صاحب کے پاس جا کر کلمہ پڑھا، میں نے مولانا صاحب سے کہا کہ میرے چاچی مجھے مارتے اور ڈانٹے تو کہا کرتے تھے کہ نالائق ہمارے بڑے تو یہ کہا کرتے تھے، کہ انسان وہ ہے کہ اس کے دشمن بھی اس سے فائدہ اٹھائیں، تو نے اپنے ہی گھر کو نرک بنا دیا ہے، میں یہ سن کر سوچتا ایسے لوگ کسی دوسرے لوک میں ہوں گے، لیکن آپ کے قاتلوں کے ساتھ رہنا میرے لئے ایمان لانے کا ذریعہ بن گیا، مولانا صاحب نے کہا میں کیا بلکہ وہ مالک جس نے پیدا کیا اس کو آپ پر رحم آگیا، آپ رحمت کی قدر کریں، میرا نام مولانا صاحب نے شمیم احمد رکھا۔

س: پھر اس کے بعد آپ جماعت میں چلے گئے؟

ج: دوسرے روز میرے کاغذات میرٹھ بھیج کر بنوائے اور مجھے ساتھ لے کر مولانا صاحب دلی گئے اور ایک مولانا کے ساتھ مجھے مرکز بھیج دیا، بیتا پور چلا گیا، کچھ نماز وغیرہ تو میں نے سیکھ لی واپس آ کر میں نے کارگزاری سنائی مولانا صاحب نے کہا چالیس دن میں اگر آپ کلمہ بھی اچھی طرح یاد کر کے آگئے تو کافی ہے، آپ کو نماز بھی خاصی آگئی ہے، دو پارہ جا کر اور اچھی طرح یاد کر لینا، کچھ روز میں مظفر نگر ایک مدرسہ میں رہا پھر جماعت میں دوبارہ گیا، الحمد للہ اس بار میں نے ایک پارہ بھی پڑھ لیا اور اردو بھی پڑھنا سیکھ لی، گھر والوں اور ساتھیوں کے لئے دعا بھی کی، واپس جا کر جیل گیا اور ساتھیوں سے معافی مانگی اور مسلمان

ہونے کی کارگزاری سنائی، وہ بہت خوش ہوئے، اب ان شاء اللہ جلدی ان کی ضمانت ہونے والی ہے، دولوگوں کی ضمانت تو کسی طرح ہوگئی مگر میں نے ان کو بھی تیار کیا ہے وہ ساتوں ان شاء اللہ جلد چار مہینے کی جماعت میں جانے والے ہیں۔

سوال: جماعت سے واپس آکر آپ گھر گئے؟ تو گھر والوں کو آپ نے کیا بتایا؟

جواب: میرے گھر والے یہ سمجھ رہے تھے کہ پھر گینگ میں چلا گیا ہوں، میرے گھر سے باہر جانے کے وہ عادی تھے ان کے لئے یہ کوئی نئی بات نہیں تھی ٹوپی اوڑھ کر کرتا پاجامہ پہن کر میں گھر پہنچا تو گھر والے حیرت میں پڑ گئے، شروع میں میرے چاچا جی بہت ناراض ہوئے، پھر میں نے پھلت جانے کی اور وہاں کی ساری رپورٹ سنائی تو وہ خاموش ہو گئے، میں نے ایک دن بہت خوشامد سے ان سے وقت لیا کمرہ بند کر کے دو گھنٹے ان سے دعوت کی بات کی، پھر آپ کی امانت ان کو دی الحمد للہ، اللہ نے ان کے دل کو پھیر دیا اور وہ پھلت جا کر مسلمان ہو گئے، ہمارے گاؤں میں مسلمان نام کے برابر ہیں مولانا صاحب نے ان سے ابھی اظہار اور اعلان کرنے کے لئے منع کر دیا ہے، البتہ وہ گھر والوں کو سمجھانے میں لگ رہے ہیں، خدا کرے ہمارا سارا گھر جلد مشرف با اسلام ہو جائے۔

سوال: ماشاء اللہ بہت خوب، اللہ تعالیٰ مبارک کرے، آپ کوئی پیغام ارمغان کے واسطہ سے مسلمانوں کو دینا چاہیں گے؟

جواب: میں اپنی بات کیا کہوں میرا منھ کہاں ہے کچھ کہہ سکوں، مگر میں ضرور کہوں گا جو مولانا صاحب کہتے ہیں، کہ مسلمان اپنے کو داعی اور ساری امت کو مدعو سمجھنے لگے تو ساری دنیا رشک جنت بن جائے گی اور داعی طبیب اور مدعو مریض ہوتا ہے وہ آدمی نہیں جو اپنے مریض سے مایوس ہو اور وہ بھی طبیب نہیں جو مریض سے نفرت کرے، اس سے کراہت کرے، اسے دھکے دیدے، مسلمانوں نے اپنے مریضوں کو اپنا حریف، اپنا دشمن سمجھ لیا

ہے، اس کی وجہ سے خود بھی پس رہے ہیں اور پوری انسانیت ایمان اور اسلام سے محروم ہو رہی ہے۔

سوال: ماشاء اللہ! بہت اچھا پیغام دیا، قسیم بھائی، بہت دنوں سے میں انٹرویو لے رہا ہوں مگر اتنی اہم بات آپ نے کہی، آپ کو بہت مبارک ہو۔

جواب: احمد بھائی! بس یاد کر کے میں نے آپ کو سنا دیا ہے، سبق تو مولانا صاحب نے یاد کرایا ہے۔

سوال: بہت بہت شکریہ! السلام علیکم

جواب: آپ کا بھی شکریہ! وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ

مستفاد از ماہنامہ ارمغان، جون ۲۰۰۷ء

محمد امجد صاحب (ونود کمار) سے ایک ملاقات

میں نے خواب دیکھا کہ ایک آگ کا لاوا ہے جو اس سے آگ کے شعلے اٹھ رہے ہیں اور لوگ اس میں جل رہے ہیں کبھی تھمتی ہے کبھی بیٹھ جاتی ہے آگ کی لپٹیں آسمان کو چھو رہی ہیں انتہائی خطرناک آگ کی لپٹوں کے ساتھ جلنے والے لوگ بھی اچھلتے چلے جاتے اوپر جاتے ہے، دور امجد کھڑے کہہ رہے ہیں کلو بھائی یہ دوزخ ہے جس سے اللہ نے آپ کو کلمہ پڑھوا کر بچالیا میری آنکھ کھل گئی میں بیان نہیں کرسکتا اس آگ کا مجھ پر ایسا خوف طاری ہوا میں نے کمرے میں سوتے ساتھیوں کی پرواہ کیے بغیر لائٹ جلائی اور آپ کی امانت کو پڑھا ایک بار پڑھا دو بار پڑھا تین بار پڑھا پھر میں نے دل ہی دل میں کہا امجد میرے خیر خواہ امجد تم نے بہت اچھا کیا مجھے ونود کمار سے امجد بنالیا امجد تم نے مجھ سے اپنا وعدہ پورا کر لیا امجد تم سچے ہو یا اللہ نے تمہیں سچا بنایا ہے۔

مولانا احمد اواہ ندوی

احمد اواہ : السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ

محمد امجد : وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ

سوال: امجد بھائی ماشاء اللہ آپ سے خوب ملاقات ہوگئی آپ کو اس حلیہ میں دیکھ کر میں بیان نہیں کرسکتا کہ مجھے کتنی خوشی ہوئی ہے؟

جواب: احمد بھائی جب آپ کو اتنی خوشی ہو رہی ہے تو اندازہ لگایئے میں جب آئینہ دیکھتا ہوں تو مجھے کتنی خوشی ہوتی ہوگی۔ میں نے جماعت میں وقت لگایا تو بار بار رسول اللہ

صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان سنا تھا کہ ایک زمانہ وہ آئے گا کہ آدمی صبح کو مومن ہوگا شام کو کافر اور شام کو مومن ہوگا تو صبح کو کافر یعنی ایک دن اور ایک رات ایمان کو بچانا مشکل ہے۔ یہی وہ زمانہ بے ایمان جانے کے زمانے میں میرے اللہ نے مجھ کمینے کو میری طلب کے بغیر ایمان سے نوازدیں کس طرح اپنے رب کا شکریہ ادا کرسکتا ہوں۔ اکثر آئینہ دیکھ کر مجھ پر یہ احساس چھا جاتا ہے پھر یہ خیال آتا ہے کہ گھر سے مجھے یہ پانی تو ہیں بے اختیار اپنے رب کے حضور الحاح وزاری سے ہاتھ اٹھاتا ہوں کہ اس خاندان کو قیامت تک کے لئے عالم کی ہدایت کے لئے قبول کر لیجئے، بلکہ ایک تقریر مولانا کلیم صاحب کی سننے کے بعد تو میں یہ دعا کرنے لگا کہ اللہ تعالیٰ آپ کے خاندان کو صرف عالم کے لئے نہیں بلکہ عالمین کی ہدایت کے لئے قبول فرمالے۔

سوال: آپ جیسے نیک پاک صاف مسلمان کی دل سے دعا ہمارے لئے اور خاندان کے لئے سرمایہ ہے۔ اللہ آپ کی دعا کو بہت بہت قبول فرمائے۔ احمد بھائی ارمغان کے لئے آپ سے کچھ بات کرنا ہے؟

جواب: احمد بھائی ضرور کیجئے۔

سوال: اپنا خاندانی تعارف کرائیے؟

جواب: میرا ملک نیپال ہے کاٹھما نڈو سے دس کلومیٹر دور ایک گاؤں ہے ۲۱ مئی ۱۹۸۹ء کو پیدا ہوا ہوں برہمن خاندان سے میرا تعلق ہے۔ وشو کار میرا بچپن کا نام تھا مگر پیار میں مجھے گڈو کہا جاتا تھا ابتدائی تعلیم ہائی اسکول تک نیپال میں حاصل کی، والد کا انتقال ہوگیا تو میرے ایک عزیز مجھے دہلی لے آئے میں نے بارہویں کا امتحان دیا تو میرے وہ عزیز بھی دہلی میں انتقال کر گئے اب میرے لئے آگے تعلیم مشکل تھی اس لئے میں نے جامعہ نگر اوکھلا کے علاقہ میں آپ کے گھر کے قریب دکان پر سیلس مین کی نوکری کرلی اور جامعہ میں

پی کام میں بھی داخلہ لے لیا ہے۔ یہ سب اللہ نے مجھ پر رحم کیا۔

دانش: ماشاء اللہ حیرت ہے کہ آپ کی پیدائش ہمارے ابی کی شادی کے دن ہوئی، ہمارے ابی کی شادی بھی ۲۱ رمئی ۱۹۸۹ء کو ہوئی۔

جواب: واقعی عجیب بات ہے احمد اللہ نے میرے لئے ہدایت تقدیر میں لکھی تھی اس لئے ہدایت کا ذریعہ بھی میری پیدائش کے دن جوڑنا شروع کر دیا، نہ آپ کے والد کی شادی ہوتی نہ امجد میاں پیدا ہوتے نہ اللہ میاں مجھے ہدایت دیتے۔ سبحان اللہ احمد بھائی آپ نے کیا عجیب بات بتائی۔

دانش: واقعی مجھے بھی بہت مزہ آیا آپ کی تاریخ پیدائش سن کر اچھا آپ اپنے قبول اسلام کا واقعہ سنایئے؟

جواب: آپ کے علم میں ہے کہ میں آپ کے گھر کے قریب ایک جنرل مرچینٹ کے یہاں ملازمت کرتا تھا۔ آپ کے چھوٹے بھائی امجد میاں میرے سامنے پانچوں وقت بہت پابندی سے نماز پڑھنے جاتے تھے، چلتے چلتے وہ دوسرے بچوں کو بھی نماز کو کہتے تھے، جب وہ نماز سے واپس آتے تو راستے میں محلے کے نمازی ان کو چھیڑتے، کوئی کہتا حضرت امجد ہمارے یہاں چائے پی لو، کوئی کہتا ہمارے یہاں کھانا کھالو، وہ شرما کر بھاگ جاتے آپ کی بلڈنگ میں ایک چوکیدار تھا وہ مسلمان تھا نماز نہیں پڑھتا تھا امجد اس کو نماز پڑھنے کو کہتے ایک روز میں نے بھی اس سے کہا کہ روزانہ تم امجد سے وعدہ کرتے ہو مگر نماز پڑھنے نہیں جاتے کچھ میں نے زور دیا کچھ امجد میاں نے دوزخ سے ڈرایا وہ نماز کو چلا گیا اب اس نے بھی نماز شروع کر دی، ہر نماز سے پہلے امجد اس کو لینے پہنچ جاتے ایک روز وہ ظہر کی نماز پڑھنے گیا تو اس کے چپل چوری ہو گئے امجد میاں نے گھر سے چپکے لا کر اس کو نئی چپلیں لا کر دیں اور بولے دیکھو تمہیں اللہ نے نماز کے بدلے پرانے چپلوں کے بدلے نئی

چپلیں دلا دیں۔

جواب: امی نے مجھے بتایا کہ اس کی چپل چوری ہو گئی تو امجد آ کر خوب روئے اور بار بار فریاد کرتے تھے۔ امی اب وہ نماز نہیں پڑھے گا وہ یہ سمجھے گا کہ نماز پڑھنے سے تو نقصان ہوتا ہے اگر آپ مجھے پیسے دے دیں اور اس کی نئی چپل آ جائے گی تو پھر وہ ہمیشہ کا نمازی بن جائے گا اور ضد کر کے پیسے لے کر گیا اور اس کو نئی چپلیں دلوائیں۔

سوال: ہاں تو آگے کیا ہوا؟

جواب: جب وہ نمازی بن گیا تو اب میری باری آئی امجد میاں کو معلوم نہیں تھا کہ میں ہندو ہوں میں ان کو پیار سے السلام علیکم بھی کرتا تھا تب مجھ سے بھی کہتے گڈو بھائی آپ دکان پر بیٹھے رہتے ہیں اور اذان سنتے ہیں اور نماز کو نہیں جاتے۔ اذان سن کر جو نماز کو نہ جائے مسجد اس کے لئے بددعا کرتی ہے میں امجد سے کہتا تم نماز کو چلو میں ذرا دیر میں آؤں گا دو ہفتہ اس طرح گزر گئے وہ روزانہ عصر مغرب اور عشاء تینوں وقت تقاضہ کرتے مگر میں ان کو بہکا دیتا اور انہیں ٹلا دیتا ایک روز عصر کی نماز میں وہ آ کر مجھ سے لپٹ گئے، گڈو بھائی آج میں آپ کو نماز کے لئے لے جا کر رہوں گا، میں نے امجد سے کہا تم مجھے جانتے نہیں ہو میرا نام ونود کمار ہے اور میں مسلمان نہیں ہوں بلکہ ہندو ہوں، وہ بولے پھر تو آپ کے لئے بہت مشکل ہے گڈو بھائی، آپ تو بے نمازی سے بہت زیادہ خطرہ میں ہیں۔ میں نے کہا وہ کیسے؟ وہ بولے کہ بے نمازی تو دوزخ میں جل کر ایک دن جنت میں چلا جائے گا، مگر ایمان کے بغیر تو ہمیشہ کی جہنم ہے۔ گڈو بھائی آپ کلمہ پڑھ کر مسلمان ہو جاؤ۔ جماعت کا وقت ہو گیا میں نے کہا امجد تمہاری جماعت نکل جائے گی، وہ بولے جماعت میری نکل جائے گی اور اگر آپ کی جان نکل گئی اور ہندو مر گئے تو کتنا نقصان ہوگا۔ میں نے کہا اچھا تم نماز پڑھ آؤ پھر بات کریں گے۔ وہ نماز پڑھنے چلے گئے اور آ کر میری دکان کے سامنے

کھڑے ہو گئے، ہم ایک آتے گئے مگر وہ لگے رہے اور بار بار زور دیتے رہے کہ گندو بھائی آپ کے یہاں سے ہم سودا لاتے ہیں، آپ ہم سے بہت بات کرتے ہیں، میں کلمہ پڑھوائے بغیر ہرگز نہیں جاؤں گا۔ آپ کو مسلمان ہونا پڑے گا، میں کہتا رہا امجد تم جاؤ پھر کسی دن بات کریں گے وہ بولے کیا پتہ آج ہی آپ کی موت آجائے یا میں مر جاؤں وہ جب زیادہ ضد کرنے لگے تو مجھے خیال آیا کہ یہ ننھا سا بچہ، محمد بھائی امجد کی عمر اب کتنی ہے؟ گیارہ سال ہے۔ یعنی جب ان کی عمر آٹھ سال تھی یا اس سے بھی کم، مجھے یہ خیال آیا کہ بچے کا دل رکھنے میں کیا حرج ہے کوئی کلمہ پڑھنے سے میں مسلمان تو ہونے سے رہا میں نے ان کو ٹالنے یا دل رکھنے کے لئے کہا کہ اچھا کلمہ پڑھاؤ، انہوں نے مجھے کلمہ پڑھایا میں نے ہنستے ہوئے کلمہ پڑھا، وہ بولے اب گندو بھائی آپ اپنا مسلمان نام رکھ لو میں نے کہا کہ نام بدلنا بھی ضروری ہے، امجد نے کہا ابی کہتے ہیں نام بدلنا تو ضروری نہیں مگر اچھا ہے، جب تم نے کلمہ پڑھ لیا تو نام بھی بدل لو تو اچھا ہے، میں نے کہا اچھا بتاؤ میرا نام تم کیا رکھو گے؟ امجد بولے تم اپنی پسند سے کوئی مسلمان نام رکھ لو میں نے کہا مجھے تو تمہارا نام پسند ہے۔ میں تو محمد امجد نام رکھوں گا بولے کوئی حرج نہیں امجد بھی اچھا نام ہے اس کے معنی ہیں زیادہ سجدے کرنے والا۔ بہت اچھا نام ہے، میں نے کہا پھر تمہیں اپنا نام بدلنا پڑے گا۔ بولے مجھے کیوں بدلنا پڑے گا، ایک نام کے بہت لوگ ہوتے ہیں مغرب کی نماز کا وقت ہو گیا امجد بولے اب تم مسلمان ہو گئے چلو نماز پڑھنے میں بتلایا کہ میرے کپڑے گندے ہیں میں نئے کپڑے پہن کر آؤں گا اور نماز پڑھوں گا امجد نماز پڑھنے چلے گئے نماز کے بعد گھر سے آپ کی اپنی کتاب آپ کی امانت لے کر آئے اور بولے امجد بھائی آپ اس کتاب کو غور سے پڑھئے تا کہ آپ کو معلوم ہو جائے اللہ نے مسلمان بنا کر آپ پر کیسا کرم کیا ہے دیکھئے آپ اس کو کئی بار پڑھنا میں نے کتاب امجد سے لے لی اور دل میں یہ بھی خیال آیا

کہ یہ عجیب بچہ ہے جونک کی طرح لپٹ گیا میرے اندر سے جیسے کسی نے کہا کہ یہ ننھا سا بچہ کچھ تو بات ہے جو ایسی ہمدردی اور تڑپ کے ساتھ اس کلمہ اور نماز کو کہہ رہا ہے۔ میں نے امجد سے کہا کہ میں ضرور اس کتاب کو پڑھوں گا امجد نے کہا پکا وعدہ ہے میں نے کہا پکا وعدہ ہے۔

دکان بند کر کے میں کمرے پر چلا گیا کھانا کھا کر سو گیا تھوڑی دیر بعد میں نے خواب دیکھا کہ ایک آگ کا الاؤ ہے اور اس سے آگ کے شعلے اٹھ رہے ہیں اور لوگ اس میں جل رہے ہیں کبھی اٹھتی ہے کبھی بیٹھ جاتی ہے آگ کی لپٹیں آسمان کو چھو رہی ہیں انتہائی خطرناک آگ کی لپٹوں کے ساتھ جلنے والے لوگ بھی چیختے چلاتے اوپر جاتے ہیں۔ دور امجد کھڑے کہہ رہے ہیں گندو بھائی یہ دوزخ ہے جس سے اللہ نے آپ کو کلمہ پڑھوا کر بچا لیا میری آنکھ کھل گئی میں بیان نہیں کر سکتا۔ اس آگ کا مجھ پر ایسا خوف طاری ہوا میں نے کمرے میں سوتے ساتھیوں کی پرواہ کیے بغیر لائٹ جلائی اور آپ کی امانت کو پڑھا ایک بار پڑھا، دوبار پڑھا، تین بار پڑھا پھر میں نے دل ہی دل میں کہا امجد میرے خیر خواہ امجد تم نے بہت اچھا کیا مجھے دوزخ کا رستہ امجد بتا دیا امجد تم نے مجھ سے اپنا وعدہ پورا کرا ہی لیا، امجد تم بچے ہو یا اللہ نے تمہیں کچھ اور بنایا ہے۔ دل میں تقاضہ ہوا کہ میں نے عصر کے بعد کلمہ پڑھا ہے مجھے جو نمازیں مجھ پر فرض ہیں ضرور پڑھنی چاہئیں۔ امجد نعیم سے سنا تھا کے ایک وقت کی نماز قضاء کرنے پر دو کروڑ اٹھاسی لاکھ برس جہنم میں جلنا پڑے گا۔ میں نے اپنے کمرے کے ساتھی فرید کو اٹھایا اور اس سے کہا شام چھ بجے کے بعد سے ایک مسلمان کتنی نمازیں پڑھتا ہے۔ اس نے کہا دو۔ میں نے کہا تم مجھے نماز پڑھوا دو میں پڑھنا جاؤں وہ بولا سو جاؤ میری نیند خراب مت کرو مگر میں نے خوشامد کی اس کے پاؤں دبائے اس کو ترس آ گیا اور وہ اٹھا مجھے وضو کرایا اور مغرب اور عشاء کی نماز پڑھائی میں نے اس سے سیدھے سجدہ کو تیج دے سکتے۔

اگلے روز صبح کو میں دکان پر گیا تو اسعد اسکول سے آئے میں نے دکان سے اٹھ کر ان سے کہا اسعد تم بستہ رکھ کر کھانا وغیرہ کھا کر جلدی آؤ مجھے کچھ ضروری بات کرنی ہے۔ وہ جلدی نماز وغیرہ سے فارغ ہو کر دکان پر آئے میں نے کہا کل میں نے تمہیں بہکانے اور جان بچانے کے لئے کلمہ پڑھ لیا تھا اب میں نے آپ کی امانت پڑھ لی ہے اور اسلام کو سمجھ لیا ہے اب تم مجھے سچ مچ میں کلمہ پڑھوا دو اور مسلمان بنالو اسعد نے مجھے کلمہ پڑھوایا میں نے مسجد میں نماز پڑھنے جانا شروع کر دیا میرے دکان مالک بے چارے عام مسلمان تاجر ہیں دو تین روز کے بعد انہوں نے مجھے نماز سے آتے دیکھا تو بولے اب یہ گندو تو مسجد کیوں گیا تھا میں نے کہا یہ اسعد ضد کر رہا تھا۔ میں نے سوچا میں بھی نماز پڑھ کر دیکھوں وہ بولے دماغ خراب ہو گیا ہے یہاں گاہک انتظار کر رہے ہیں۔ میرا دل بہت ٹوٹا کہ کیسا جانوروں کی طرح ڈانٹ رہے ہیں آپ کی امانت میں میں نے پڑھا تھا کہ مسلمان کو نماز کی پابندی ضروری ہے اور ایک نماز قضا کرنے کی سزا جو اسعد نے بتائی تھی وہ میرے لئے ایسی اہم تھی کہ نماز نہ پڑھنا میرے لئے مشکل نہیں بلکہ ممکن نہیں تھا۔ اذان کی آواز آتے ہی میں نے غلامی کا اقرار کیا ہے آقا آواز لگائے بلائے اپنے دربار عالی میں اور یہ ادنیٰ غلام حاضر نہ ہو اس سے زیادہ اور کیا کم ظرفی ہو سکتی ہے، مجھے خیال آیا کہ یہ دکان کے مالک ہیں، ہوا کریں یہ میرے مالک تو نہیں مجھے دکان مالک کی نہیں اپنے مالک آقا کی بات ماننا ہے۔ میں غلام اور بندہ دکان مالک کا نہیں سارے جہاں کے مالک کا اپنے مالک کا ہوں۔ میں نماز پڑھنے جاتا رہا دو تین روز کے بعد ایک رات میں عشاء کی نماز پڑھ کر آیا تو دکان مالک بہت برہم ہوئے بولے صبح کو جا کر مندر میں پوجا کو نہیں جا سکتا تو ہندو ہے اپنے مذہب کو مان تو ناپاک مسجد کیوں جاتا ہے میرے دسیوں گاہک چلے گئے میں نے کہا کہ صاحب میں اب ہندو نہیں ہوں میں مسلمان ہو گیا ہوں وہ مجھے مکان میں لے گئے اور اندر لے جا کر بہت

گالیاں دیں اور مجھ پر دباؤ دیا کہ میں مسلمان نہ بنوں اور بولے پورے علاقہ میں تو فساد کروائے گا میں نے کہا یہ علاقہ مسلمانوں کا ہے اور میرا گھر نیپال ہے اور مجھے اپنے گھر والوں سے کوئی واسطہ بھی نہیں آپ کیوں ڈرتے ہیں میں مسلمان ہوا ہوں خود نمٹ لوں گا، وہ بہت ناراض ہوئے میرے بحث کرنے پر انہوں نے جوتا پاؤں سے نکالا اور بولے لے تجھے مسلمان بناؤں بہت گالیاں دیں اور جوتوں سے بے تحاشہ۔ مارا منہ چھل گیا خون نکلنے لگا اس پر بس نہیں کیا انہوں نے کہا کہ میرے سامنے سے چلا جا میرا سامان کمرے سے باہر نکال کر پھینک دیا فروری کی رات تھی رات کو بارش بھی ہوئی میری ساری کتابیں بھیگ گئیں میں نے بھی کوئی سایہ تلاش نہیں کیا بس دل ہی دل میں فریاد کرتا رہا میرے مالک میں آپ کا غلام آپ کی غلامی کے لئے مجھے چاہے جان بھی دینی پڑے تو مجھے منظور ہے بس آپ میرے ایمان کو قبول کر لیجئے۔

سوال: امجد بھائی ہمیں بالکل معلوم نہیں تھا کہ آپ کے ساتھ ایسا ظلم ہوا۔ پھر کیا ہوا؟

جواب: اگلے روز میں نے سامان اٹھایا ایک شیڈ کے نیچے ڈال دیا ایک صاحب کار لے کر کسی دوست کے یہاں ملنے گئے تھے۔ انہوں نے اس شیڈ کے قریب گاڑی روکی مجھ سے بولے آپ یہاں کیوں پڑے ہیں میں نے کہا ایسے ہی وہ بولے نہیں سچ سچ بتایئے مجھے شرم آتی ہے کہ اللہ کے علاوہ کسی سے اپنا دکھ کہوں وہ بولے دیکھو اللہ نے مجھے پیدا کیا آپ نے مجھ سے کہا تو نہیں گاڑی روکو اللہ نے مجھ کو رکنے پر مجبور کیا اللہ نے میرے دل میں ڈالا اللہ ہی سب کام کرتے ہیں مگر اس دنیا میں اسباب سے ہی اللہ کام کرواتے ہیں۔ ان کے بہت اصرار پر میں نے اپنا حال بتایا انہوں نے میرا سامان اپنی گاڑی کی ڈگی میں رکھا اور بولے آج سے تم میرے بیٹے ہو میرے کوئی اولاد نہیں ہے میں نے کہا آپ مجھے اولاد بنا کر پابند بنائیں گے میں اب اللہ کے علاوہ کسی کی غلامی نہیں چاہتا بولے اب ایسا نہیں ہوگا میں بھی

اللہ کا بندہ ہوں میں نے کہا ایک شرط پر آپ کے ساتھ جا سکتا ہوں کہ آپ آزاد دین کے کسی کام سے مجھے نہیں روکیں گے۔ میری بات سن کر وہ رونے لگے اور بولے ایک مسلمان نے نا سمجھی کی ہے تو اللہ کی زمین پر کوئی مسلمان ہی نہیں، میں ان کے ساتھ جعفر آباد چلا گیا وہ موتیوں کی تجارت کے الحمد للہ بڑے تاجر ہیں۔ میں نے بی کام مکمل کر لیا تھا چھٹیوں میں میں تین چلوں کے لئے جماعت میں بنگلور چلا گیا۔ ہمارے رہبر صاحب بنگلور کے ایک عالم تھے وہ مولانا کلیم صاحب کو جانتے تھے انہوں نے جماعت میں میری بہت خدمت کی وہ سب ساتھیوں کی بہت خدمت کرتے تھے اور وقت بھی بہت اصولوں کے ساتھ لگواتے۔ الحمد للہ میرا وقت بہت مبارک گزرا واپس آ کر میں نے ایم بی اے میں داخلہ لے لیا۔ ایم بی اے مکمل کر کے مجھے ایک امریکی کمپنی میں اسسٹنٹ منیجر کی ملازمت مل گئی الحمد للہ گڑگاؤں میں میں سروس کرتا ہوں میں نے مشرقی دہلی میں ایک فلیٹ بھی خرید لیا ہے۔

سوال: ابی سے آپ کی ملاقات کب ہوئی؟

جواب: دکان پر ہم روز ملتے تھے وہ مجھے جانتے تھے میں تین چلے مکمل کر کے آیا تو نظام الدین ایک روز گیا تھا۔ مولانا کے کوئی مہمان نظام الدین میں ٹھہرے تھے وہ ان سے ملنے وہاں آئے نظام الدین کے مین گیٹ کے باہر میں نے ان کو دیکھا ملاقات کی وہ مجھے پہچان نہ سکے میں نے کہا۔ میں گنڈو ہوں سامنے والی دکان پر بیٹھتا تھا، وہ مجھ سے چمٹ گئے بلائیں لیتے تھے اور حیرت سے پوچھنے لگے کیسے مسلمان ہو گئے میں نے پورا واقعہ سنایا انہوں نے مجھے گھر چلنے کا اصرار کیا۔ میں گھر گیا احمد مجھ سے مل کر بہت خوش ہوئے مجھ سے بولے نفیس نے مجھے بتایا تھا کہ آپ کے مالک نے آپ کے ساتھ بہت ظلم کیا تھا۔ میں نے رو رو کر دعائیں کیں اللہ ان کو دنیا ہی میں بدلہ دیجئے۔ بیچارے پردیسی مسلمان کے

ساتھ یہ ظلم کیا تو اللہ نے تمہارے اوپر ظلم کا بدلہ دے دیا دکان بند ہوگئی انکا کرنے والوں کا پلاٹ بدمعاشوں نے قبضہ کرلیا سارا سامان گلی میں پھکوادیا دو سالی ہو گئے گل سڑ گیا محلے والے انکو کھانا پانی کھلاتے رہے اب ان کے سامان سے عاجز ہیں کئی دفعہ پولیس میں رپورٹ کر چکے ہیں سارا محلہ سڑ رہا ہے۔ انکا سامان گلی سے صاف کرواؤ میں نے سنا تو افسوس بھی ہوا، میں نے اللہ سے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ آپ ان کو معاف کر دیجئے بے چارے بے گھر ہو گئے ان کو گھر دیجئے۔

سوال اب آج کل کیسے حالات چل رہے ہیں۔

جواب الحمدللہ میری شادی ہوگئی میری اہلیہ دین دار گھریلو عورت ہیں پرانی دلی کی پنجابی خاندان کی لڑکی ہیں ہم لوگ خوش رہ رہے ہیں مستورات کی جماعت کے ساتھ وقت لگا چکے ہیں میرا ایک چلہ کینیا میں بھی لگا ہے۔

سوال: اپنے ملک میں رشتہ داروں کی آپ نے فکر کی تھی؟

جواب: میری اہلیہ نے مجھے توجہ دلائی اگلے مہینے ہم لوگ کاٹھمانڈو جانے والے ہیں آپ دعا کریں کے ہمارا سفر کامیاب ہو۔

سوال: ارمغان کے قارئین کے لئے کوئی پیغام دینا چاہیں گے؟

جواب اس حقیر کی زندگی یہ داستان خود ایک پیغام بھی ہے اور عبرت کا سامان بھی ہمارے نبی ﷺ کے زمانہ میں مسلمانوں کو غیر مسلم ستاتے تھے، کہ مسلمان کیوں بنے ہو آج اسلام کی دعوت پر مامور ہم اپنے نو مسلم بھائیوں کو مارتے ہیں کہ تم کیوں مسلمان ہوئے ہو ایسی حالت میں ہمیں سرداری کیوں مل سکتی ہے مولانا کلیم صاحب پچھلے ہفتہ فرما رہے تھے کہ اللہ کا خوف دلوں میں نہیں ہے کہ دعوت کا کام کوئی کرتا ہے اور پڑوس والے ڈرتے ہیں گھر والے ڈرتے ہیں کیسی افسوس کی بات ہے۔

سوال: بہت بہت شکریہ امجد بھائی السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ، سنا ہے آپ ڈھولیا کیمپ میں مہلت دس روز کے لئے آنے والے ہیں؟

جواب: وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ حضرت مولانا سے معلوم کروں گا، نیپال کا بھی تو صرف ایک کیمپ کا بھی۔ ہم نے تو بیعت ہو کر دنیا کو بیچ دیا ہے جیسا حکم ہوگا ویسا انشاء اللہ کریں گے۔

مستفاد از ماہنامہ ارمغان، اپریل ۲۰۰۷ء

جناب عبدالحلیم (نزل کمار) سے ایک گفتگو

ہمارے نبی ﷺ پر نبوت ختم ہوگئی اور نبوت ختم کر کے اللہ نے یہ کام ہمارے سپرد کیا ہے، یہ امانت جو علم اور عقل کا دور ہے ادا ہو جانی چاہئے۔ مجھ جیسے اور میرے والد جیسے لوگ ایسے ہیں جو غیر ایمان والے گھر میں پیدا ہونے کے باوجود اپنی اسلامی فطرت پر ہوتے ہیں، ان کی فکر کریں اور میرے لئے بھی دعا کریں، اللہ تعالیٰ مجھے مثالی مسلمان اور پیارے نبی ﷺ کا سچا امتی بنائے تاکہ جنت میں ہم بھی آقا ﷺ کے قدموں میں جگہ لے جانے کے لائق ہو جائیں، میں نے چار لائن بھی کہی ہیں۔

نہ جانے موت کا پیغام کب آجائے ٭ زندگی کی آخری شام کب آجائے

ہم تو کرتے ہیں اس وقت کا دوست! انتظار

ہماری زندگی اسلام کے نام کام آجائے

مولانا احمد اوّاہ ندوی

احمد اوّاہ : السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ

عبدالحلیم : وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ

سوال : عبدالحلیم بھائی آپ سے ارمغان کے لئے کچھ باتیں کرنی ہیں؟

جواب : احمد بھائی ضرور کیجئے، میرے لئے بڑی سعادت کی بات ہے، میرا کچھ حصہ ہو جائے یا نام کے لئے ہی ارمغان جیسے دعوتی میگزین میں میرا نام آجائے۔

سوال : آپ اپنا خاندانی تعارف کرائیے اور اپنی تعلیم وغیرہ کے بارے میں بتائیے؟

جواب : میں ضلع بیگوسرائے بہار کے ایک راجپوت خاندان میں ۲۲ سال پہلے پیدا ہوا میرا

نام میرے گھر والوں نے نرمل کمار رکھا تھا، میرے پتا جی کا نام گنگا پرساد تھا، وہ فارمیسسٹ تھے، میرے چھ بہنیں اور تین بھائی مجھ سے الگ ہیں، میری والدہ بھی ہیلتھ ڈپارٹمنٹ میں ایل ایچ وی ہیں، ابتدائی تعلیم شاہ پور میں ہوئی اور مستی پور میں آچاریہ نریندر دیو بہار ودیالیہ سے بی اے کیا، میرے والد صاحب فطرتاً مسلمان تھے، مورتی پوجا کو صد درجہ احمقانہ بات سمجھ کر بڑی نفرت کرتے تھے، مجھے بھی بچپن سے اسلام سے بہت لگاؤ تھا، لوگ جب مندر میں پوجا کے لئے جاتے تھے تو میں ان سے کہتا تھا کہ ان پتھروں میں کیا رکھا ہے، سائنس کے اس یگ (دور) میں آپ اپنے ہاتھوں سے بنائی ہوئی مورتیوں کی پوجا کرتے ہو، پانچ سال پہلے کام کے لئے پانی پت آیا، میرے ایک دوست نے مجھے بلایا تھا، پانی پت انٹرنیشنل پانی پت میں انھوں نے مجھے ڈرائنگ آپریٹر کے طور پر ملازم رکھوا دیا اور مجھے ملازمت کے دوران کام سکھایا، بعد میں وہ فیکٹری چھوڑ گئے تو میں نے بھی پانی پت چھوڑ دیا، تب ہماچل گیا اور کالا آمب میں سرسوتی اسپننگ مل میں ڈرائنگ آپریٹر کی حیثیت سے ملازمت کر لی۔

سوال: اپنے اسلام قبول کرنے کے بارے میں بتائیے؟

جواب: سچے نبی ﷺ نے فرمایا کہ ہر پیدا ہونے والا بچہ اسلامی فطرت پر پیدا ہوتا ہے، اس کے ماں باپ اس کو یہودی بناتے ہیں یا نصرانی یا مجوسی بناتے ہیں، دنیا کو سچائی عطا کرنے والے نبی کی بات میں کس کو شک ہو سکتا ہے، مگر مجھے اس سچائی کا کچھ زیادہ ہی احساس رہا، مجھے بچپن سے اسلام پسند تھا، جیسے میں نے ابھی بتایا کہ مورتی پوجا کرنے والوں پر مجھے ہنسی آتی تھی اور کبھی ترس بھی آتا تھا، کبھی کبھی میں ان لوگوں کو روکتا بھی تھا، کئی بار ایسا ہوتا تھا کہ میں دیکھتا کہ کتا مندر میں پرساد کھا رہا ہے، شیو جی یا دوسرے دیوتا کی مورتی کو چاٹ رہا ہے اور ٹانگ اٹھا کر پیشاب بھی مورتی کے منھ پر کر رہا ہے، تو زور زور سے لوگوں کو بلاتا دیکھو لوگو تمہارے بھگوان پر کتا موت رہا ہے، اپنے بھگوان کو بچاؤ، میں

جب قرآن مجید میں حضرت ابراہیم کا قصہ پڑھتا ہوں تو مجھے ایسا لگتا ہے کہ میرا حال بھی حضرت ابراہیم کی طرح تھا وہ اللہ کے نبی تھے میں تو ان کے پاؤں کی دھول بھی نہیں، مگر باپ نیچر (فطرت) میں بالکل برابر ہی تھا، اس کی آواز آتی تھی تو مجھے ایسا لگتا تھا کہ میرے مالک کی طرف سے مجھے آواز لگوائی جارہی ہے ہمارے قریب ایک مسجد میں ایک قاری صاحب بالکل عربی انداز میں اذان کہتے تھے میں بہت توجہ سے اذان سنتا بھی کبھی ایسا ہوتا کہ میں کھانا کھا رہا ہوتا تو کھانے سے رک جاتا اور اذان سنتا پھر کھانا شروع کرتا، پانی ہاتھ میں ہوتا، اذان کی آواز آجاتی تو پانی ہاتھ میں لئے ہوئے اذان سنتا رہتا اور ختم ہو جانے کے بعد پانی پیتا، کبھی کبھی اذان ختم ہوتی تو دل ہی دل میں اور کبھی زبان سے بھی کہا کرتا کہ کبھی تو میں بھی میرے مالک آپ کی آواز کو سن کر دوڑوں گا اور آپ کے گھر میں صرف آپ کے سامنے ماتھا ٹیکوں گا، میری خوش قسمتی اور ایک طرح سے بد قسمتی بھی کہہ سکتے ہیں کہ مجھے اللہ نے ایسا باپ دیا تھا جو باپ نیچر مسلمان تھا، اس نے مجھے بالکل بت پرست نہیں بننے دیا مگر افسوس کہ وہ کلمہ کے بغیر خود اس دنیا سے چلا گیا (آہ بھرتے ہوئے۔۔) میرا اندرون مجھے اسلام کی پیاس سے بے چین رکھتا تھا، میرے اللہ نے میری رہنمائی فرمائی، کالا آمب میں میری فیکٹری میں ایک نوجوان ملا جی توحید نام کے کام کرتے تھے، بہت خوبصورت، پوری داڑھی، گول ٹوپی اور شرعی لباس، میری اسلامی فطرت کے زندہ ہونے کی بات تو تھی کہ پوری فیکٹری میں وہ نوجوان مسلمان ہی مجھے سب سے خوبصورت لگتا تھا، میرے دل میں آیا کہ میرے مالک نے مجھے ہندوؤں میں پیدا کیا ہے، میرا اندر تو جیسا بھی ہو میں اپنے لباس اور صورت کو خوبصورت انداز میں رکھ سکتا ہوں، میں نے موقع پا کر ایک روز اس نوجوان توحید سے کہا میرا دل چاہتا ہے کہ میں تمہارے جیسا لباس پہنوں اور داڑھی رکھوں، آپ مجھے دو جوڑی کپڑے اور ٹوپی بنوا دیں، انہوں نے مجھ

سے کہا صرف زبان سے ہی کیا ہوتا ہے پورے مسلمان بن جاؤ، میں نے ان سے کہا مجھے مالک نے ہندو گھرانہ میں پیدا کیا ہے میں اندر سے مسلمان کیسے بن سکتا ہوں؟ انھوں نے کہا جس طرح میں مسلمان بنا ہوں، میں نے کہا تم تو مسلمان گھر میں پیدا ہوئے ہو انھوں نے بتایا نہیں بلکہ میں ایک ہندو گھرانہ میں پیدا ہوا ہوں اور جوانی میں شیوسینا کا بہت سرگرم کارکن تھا مگر اللہ نے مجھے ہدایت دی اور میں نے کلمہ پڑھا میں نے پوچھا تم نے کلمہ کہاں پڑھا؟ انھوں نے بتایا دلی میں ہمارے نبی جی ہیں مولانا کلیم صاحب ان کے پاس جا کر مسلمان ہو سکتے ہیں، ہم نے مشورہ سے پروگرام طے کیا اور سنیچر کے روز دلی کا سفر کیا، مولانا نے مجھے مسجد خلیل اللہ میں کلمہ پڑھایا اور میرے پرانے نام کی مناسبت سے میرا نام عبدالحلیم رکھا اس کے بعد میں نے ملازمت سے استعفا دیدیا اور جماعت میں چلا گیا۔ راجستھان میں میرا وقت لگا، الحمدللہ امیر صاحب بڑے شفیق آدمی تھے انھوں نے میرے ساتھ بہت محبت کا برتاؤ کیا اور مجھے چالیس روز میں مکمل نماز سکھائی اور چھوٹی چھوٹی بات چیت بھی کرنے لگا۔

سوال : ایمان میں آنے کے بعد آپ نے کیسا محسوس کیا؟

جواب : مجھے کفر وشرک کے ماحول میں بہت گھٹن محسوس ہوتی تھی، ایمان قبول کرنے کے بعد مجھے ایسا لگا جیسے میرے دل کو کسی نے قید سے نکال دیا ہو مجھے بالکل ایسا لگا جیسے آدمی بیگانہ ماحول سے اپنے ماحول میں آجاتا ہے، مجھے بہت سکون محسوس ہوا، مولانا صاحب نے مجھے مشورہ دیا کہ اسلام کا حقیقی مزہ حاصل کرنے کے لئے آپ کو اسلام کو گہرائی سے جاننا چاہیے، اس کے لئے مجھے پھلت میں جونیر ہائی اسکول میں پڑھانے کے لئے لگا دیا، الحمدللہ میں بہت دلچسپی سے اسلام کو پڑھنے میں وقت لگا رہا ہوں۔

سوال : کیا آپ نے اپنے اہل خانہ سے اپنے قبول اسلام کا ذکر کیا؟

جواب : ابھی تک میں گھر نہیں گیا ہوں ہاں میں نے اپنے چھوٹے بھائی سے بھی فون پر

بتایا اور ماں کو بھی، چھوٹے بھائی جو الیکٹریکل انجینئر ہیں ان کو میں نے اسلام کی دعوت دی، چار پانچ دفعہ کی بات کے بعد انھوں نے کلمہ پڑھ لیا میں نے والدہ سے بھی کہا انھوں نے بھی خوشی کا اظہار کیا اور کہا، بیٹے راستہ پر چلو ہمیں خوشی ہے۔ ہمارا تمہارا رشتہ تو کچا ہی تھا کب موت آجائے اور ٹوٹ جائے، اصل اور پکا رشتہ تو مالک سے ہے جو مرنے کے بعد بھی نہ ٹوٹنے والا ہے تم نے اچھا کیا کہ اپنا رشتہ مالک سے پکا کر لیا۔

سوال: آپ کے والد کا انتقال کتنے دن پہلے ہوا؟

جواب: بھائی یہ سوال میرے دل کا ناسور ہے اور یہ سوال ایسا ہے کہ اسلام میں آجانے کے بعد بھی میرے لئے بڑا تڑپا دینے والا ہے، میرے والد جو بڑی ٹائپ مسلمان تھے، وہ مورتی پوجا کے سخت مخالف تھے، ہندوؤں کو چھوڑ کر وہ مسلمانوں سے دوستی رکھتے تھے، ہندو رواج پر ہنستے تھے، حلال گوشت کھاتے تھے اور گوشت کے شوقین تھے، ہندو تہواروں خصوصاً ہولی اور دسہرہ کا مذاق اڑاتے تھے، مسلمانوں کے ساتھ عید مناتے تھے مگر کسی مسلمان نے ان سے کلمہ پڑھنے کے لئے نہیں کہا، کسی کا دل دکھانا ان کے یہاں بڑا جرم تھا، کسی مصیبت زدہ پریشان حال کی مدد کو وہ سب سے بڑی نیکی سمجھتے تھے، احمد بھائی اچانک ایک روز گھنٹوں کی بیماری کے بعد ان کا انتقال ہو گیا اور وہ دنیا سے رخصت ہو گئے اور ایمان و کلمہ کے بغیر کوئی نیکی اللہ کے یہاں قبول نہیں ہوتی، احمد بھائی میرے اپنے پیارے باپ دوزخ میں جل رہے ہوں گے آپ بڑے خوش قسمت ہیں، آپ میرے اس درد کو کہاں سمجھ سکتے ہیں ذرا تصور کیجئے اس بیٹے کے غم کا، جس کو معلوم ہو جائے کہ اس کے والد کے لئے ہمیشہ ہمیشہ کی (احمد بھائی سوچئے) ہمیشہ ہمیشہ کی دوزخ ہو، کبھی مجھے سب مسلمانوں سے بدلہ لینے کو جی چاہتا ہے، کبھی کبھی ساری ساری رات میں اللہ سے شکوہ کرتا رہتا ہوں، کبھی کبھی میری چیخیں لگ جاتی ہیں میرے اللہ میرے باپ اور یہ ظالم مسلمان، کسی نے چھوٹے منہ سے ان

سے کلمہ پڑھنے کو نہیں کہا، مجھے یقین ہے اگر کوئی جھوٹ بھی ان سے مسلمان ہونے کو کہتا تو وہ سچ میں کلمہ پڑھ لیتے۔ کاش میرے باپ مولانا کلیم صاحب سے مل لیتے (روتے ہوئے۔۔۔) کاش میں پیدا ہی نہ ہوا ہوتا، میرے باپ کے دوزخ میں جلنے کا غم ایسا غم ہے جس کا کوئی علاج نہیں اور اس غم میں میرا کوئی شریک بھی نہیں۔

سوال: عبدالحلیم بھائی، آپ ایسا مت سوچئے آپ کو کلمہ پڑھوانے والے بھی تو مسلمان ہی ہیں اور جب آپ کے والد موحد تھے، صرف ایک خدا کو مانتے تھے تو آپ امید رکھئے کہ اللہ تعالیٰ آپ کے والد کو مشرک اور کافروں کے ساتھ دوزخ میں نہیں جلائیں گے، اللہ کی رحمت سے امید رکھنی چاہئے۔

جواب: احمد بھائی میرا حال بھی یہی ہوتا ہے کلمہ کے بغیر والد کی موت سے بے حال ہو کر میں مسلمانوں پر اپنا غصہ اتارتا ہوں مگر اپنے مسلمان ہونے کا اللہ کا احسان پھر اپنے آپ ہی مجھے شرمندہ کر دیتا ہے۔ مگر احمد بھائی یہ بھی سچ ہے کہ یہ غم میرا ایسا غم ہے جس کو شاید میرے علاوہ میری طرح کے انسان کے علاوہ کوئی نہیں سمجھ سکتا۔

سوال: آپ کا واقعی حق ہے مگر آپ کو اب یہ بھی خیال کرنا چاہئے کہ اللہ نے آپ کو مسلمان بنا دیا ہے اب آپ غافل مسلمانوں کی طرح نہ بنیں، بلکہ باقی لوگ ایمان کے بغیر نہ مریں اس کی فکر کریں۔ ابی اکثر کہتے ہیں شاید یہ ہے کہ ہم میں سے ہر ایک کو اس کا شکوہ ہے کہ مسلمان یہ نہیں کر رہے ہیں وہ نہیں کر رہے ہیں، وہ اپنے حق ادا نہیں کرتا، یہ اپنا حق ادا نہیں کرتا، حالانکہ ہمیں یہ فکر کرنی چاہئے کہ ہمیں کیا کرنا چاہئے اور مجھے اپنا حق ادا کرنا چاہئے۔

جواب: ہاں بھیا احمد! ابی صاحب مجھے بھی یہ سمجھاتے ہیں اور مجھے کئی بار یہ بھی بتایا کہ شیطان بہت ہوشیار ہے کام سے خصوصاً دعوت کے کام سے باز رکھنے کے لئے، اس غم کو بڑھانے کی فکر کرتا ہے کہ وہ ایمان کے بغیر مر گیا تو اس کا کیا ہوگا، ہمیں اپنی توجہ اس پر لگانی چاہئے کہ اب ہم لوگوں کو ایمان پر لانے کی فکر کریں۔ تاکہ اب ہمارے رشتہ دار ہمارے

عزیز، ہمارے بھائی بہن، دوزخ میں جانے والے نہ بنیں اور یہ بھی کہتے ہیں کہ یوں تو سارے انسان ہی ہمارے خونی رشتہ کے بھائی ہیں، مگر قریبی رشتہ داروں کا حق زیادہ ہے الحمدللہ میری سمجھ میں بھی آتا ہے اور الحمدللہ میں کوشش کر بھی رہا ہوں اور اللہ کا شکر ہے کہ کامیابی بھی مل رہی ہے، مگر احمد بھائی باپ کا رشتہ وہ بھی ایسے باپ کا جو بس جھوٹ کلمہ کو کہنے کی وجہ سے ایمان سے محروم رہ گیا ہو مجھے بے چین کر دیتا ہے۔

سوال: ان کے لئے آپ اطمینان رکھئے اگر وہ شرک نہیں کرتے تھے اور اس سے نفرت رکھتے تھے تو کریم رب انشاء اللہ ان کا حشر اہل ایمان کے ساتھ فرمائیں گے۔

جواب: اللہ تعالیٰ آپ کی زبان مبارک کرے۔

سوال: کوئی پیغام ارمغان کے قارئین کے لئے آپ دیں گے؟

جواب: میرا کہنا تو صرف یہی ہے کہ ہمارے نبی ﷺ پر نبوت ختم ہوگئی اور نبوت ختم کر کے اللہ نے یہ کام ہمارے سپرد کیا ہے، یہ زمانہ جو علم اور عقل کا دور ہے اور نہ جانے مجھ جیسے اور میرے والد جیسے لوگ ایسے ہیں جو غیر ایمان والے گھر میں پیدا ہونے کے باوجود اپنی اسلامی فطرت پر ہوتے ہیں، ان کی فکر کریں اور میرے لئے بھی دعا کریں، اللہ تعالیٰ مجھے مثالی مسلمان اور پیارے نبی ﷺ کا سچا امتی بنائے تاکہ جنت میں ہم بھی آقا ﷺ کے قدموں میں جگہ لے جانے کے لائق ہو جائیں۔ میں نے چار لائن بھی کہی ہیں۔

نہ جانے موت کا پیغام کب آجائے — زندگی کی آخری شام کب آجائے
ہم تو کرتے ہیں اس وقت کا دوست انتظار — ہماری زندگی اسلام کے نام کام آجائے

سوال: بہت شکریہ عبدالحلیم بھائی اللہ تعالیٰ آپ کے اس جذبہ کو قبول فرمائے اور ہمیں بھی اس سے حصہ نصیب کرے۔

جواب: آپ کا بہت بہت شکریہ آمین!

مستفاد از ماہنامہ ارمغان، مارچ ۲۰۰۶ء

ڈاکٹر محمد عمر (راج بیر ٹھاکر) سے ایک ملاقات

ایمان قبول کرنے کے بعد احمد میاں مجھے ایسا لگا جیسے میں آج ہی پیدا ہوا ہوں میں نے کلمہ پڑھ کر ایسا محسوس کیا جیسے کوئی جان لیوا گھٹن سے چھٹکارا پاتا ہے۔ ۱۸ر نومبر ۲۰۰۳ء سے آج تک ہر لمحہ مجھے مولانا صاحب کے اس قول کی سچائی دکھائی دے رہی ہی کہ ہر بچہ مسلمان پیدا ہوتا ہے۔۔ مجھے اسلام قبول کر کے اجنبی پن محسوس کرنے کے بجائے بہت اپنائیت اور مناسبت معلوم ہوئی۔
اسلام ہر انسان کی ضرورت، اس کی بھوک، اس کی پیاس کا حقیقی علاج ہے۔ اللہ نے مسلمانوں کے پاس پوری انسانیت کے مسائل اور امراض کا علاج رکھا ہے۔ انسانیت پر ترس کھائیں اور ان کو دوزخ سے بچانے کی فکر کریں۔

مولانا احمد اواہ ندوی

احمد اواہ : السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ

ڈاکٹر محمد عمر : وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ

سوال : ڈاکٹر صاحب! ابی ایک بار علی گڑھ کے سفر سے واپس آئے تو آپ کا تذکرہ کر رہے تھے، اس وقت سے ملاقات کا اشتیاق تھا، کل ابی نے بتایا کہ آپ دہلی آرہے ہیں، مکہ مکرمہ کے سفر پر جاتے وقت مجھے فون پر ابی نے حکم کیا کہ میں آپ سے ملوں اور ارمغان کے لئے آپ سے کچھ باتیں کروں، براہ کرم آپ اپنا تعارف Introduction کرائیے؟

جواب : میرے اسکول کے سرٹیفکٹ کے لحاظ سے ۳۰ر اکتوبر ۱۹۳۹ء میں بنارس کے ایک گاؤں کے ایک راجپوت خاندان میں پیدائش ہوئی، والد صاحب ایک بڑے زمین

دار تھے، میرا نام راج ہیر لعل رکھا، شروع کی تعلیم قریب کے ایک اسکول میں ہوئی، ہائی اسکول کے بعد بنارس چلا گیا، بی کام بنارس سے کیا، میرے چچا بنارس یونیورسٹی میں پروفیسر تھے انھوں نے مجھے انگلینڈ جا کر ایم بی اے کرنے کا مشورہ دیا اور انھوں نے وہاں جانے کی ساری کاروائی پوری کرائی، انگلینڈ جا کر تعلیم کے شوق میں اضافہ ہوا اور میں نے Ph.D. میں رجسٹریشن کرایا اچانک اطلاع ملی کہ میرے والد کا دل کا دورہ پڑنے سے انتقال ہو گیا، دور ملک میں رہنے والے اکیلے بیٹے کے لئے یہ خبر جس قدر ناقابل برداشت تھی وہ ظاہر ہے، میری زندگی کا سب سے تکلیف دہ دور یہ تھا میں اپنے دل میں سوچتا کہ اپنی ہوس کے لئے میں نے اپنی گھریلو زندگی داؤں پر لگا دی، گھر پر رہ کر اپنی زمینوں کو دیکھتا اور اپنے ماتا پتا (والدین) کی خدمت میں رہتا تو کتنا اچھا تھا، بہت اداس میں گھر لوٹ آیا اور تعلیم بند کرنے کا ارادہ کیا مگر میری ماں نے بتایا کہ میرے پتا جی کو میرے پی ایچ ڈی کے ارادے سے بہت خوشی ہوئی تھی وہ کہتے تھے، ہمارے خاندان میں جائیداد اور دولت کی کمی نہیں تھی چلو بھائی کے بعد ایک بیٹا بھی پی ایچ ڈی ہو جائے گا، میری ماں نے مجھ سے کہا کہ تمھارے پی ایچ ڈی کرنے سے ان کی آتما کو خوشی ہوگی اس لئے میں انگلینڈ واپس چلا گیا، بزنس مینجمنٹ میں ریسرچ مکمل کی اور واپس ہندوستان آیا، یہ وہ زمانہ تھا جب MBA ہی بہت کم ہوتے تھے، بزنس مینجمنٹ میں ہمارے ملک میں تو پی ایچ ڈی کی تعلیم تھی ہی نہیں، میرا خیال ہے کہ ہم چند لوگ ہی اس موضوع پر پی ایچ ڈی ہوں گے، واپس آنے کے بعد میری خواہش تھی کہ میں کسی تعلیمی ادارہ میں سروس کروں مگر میں کامیاب نہ ہو سکا، میں یونیورسٹی یا معیاری ادارہ سے وابستہ ہونا چاہتا تھا، میں کوشش میں تھا کہ ٹاٹا گروپ جمشید پور سے وہاں کے چیف جنرل منیجر آئے اور مجھے جمشید پور لے گئے، مجھے ایک کمپنی کا جنرل منیجر بنایا مگر میری دلچسپی تعلیمی لائن میں تھی پانچ سال سروس کرنے کے بعد مجھے ایک موقع ملا

گیا، مجھے بنارس یونیورسٹی میں ایک اچھی ملازمت مل گئی اس دوران میری والدہ کا شادی کے لئے دباؤ تھا، پرتاب گڑھ میں ایک بڑے راجا خاندان میں میری شادی ہوئی، میری اہلیہ نے سینٹ اسٹیفن کالج دہلی سے گریجویشن کیا اور بنارس یونیورسٹی سے ایم اے اور پی ایچ ڈی کیا ہے، ان کے والد بھی یونیورسٹی میں رجسٹرار رہ چکے ہیں ان کے تعلق سے بہت جلدی میں پروفیسر بن گیا اور ڈین کی پوسٹ سے ۱۹۹۹ء میں ریٹائر ہوا، یہ میری پہلے جنم کی زندگی کی داستان ہے اس زندگی میں بہت موڑ آئے نہ جانے کتنے ساتھیوں سے اور افسروں سے واسطہ پڑا اور اسٹوڈنٹ کی ایک بھیڑ ہے، جو اللہ کے کرم سے ملک بھر میں بڑی بڑی پوسٹوں پر پھیلے ہوئے ہیں اس زندگی کی ایک لمبی داستان ہے جس میں خود میری شادی کی ایک لمبی کہانی جو ایک لمبے زمانے تک انتظار کے بعد ہوئی اس میں شامل ہے، مگر یہ سب پہلے جنم کی باتیں ہیں ان کا ذکر بھی کیا کرنا۔

سوال: الحمدللہ آپ نے اسلام قبول کیا ہے، آپ بار بار پہلے جنم کی بات کر رہے ہیں اسلام میں تو اس کا تصور ہی نہیں ہے؟

جواب: پہلے جنم کا جو تصور ہندو دھرم میں ہے، اس کا میں پہلے بھی قائل نہیں تھا، مگر پہلے دوسرے تیسرے جنم کا تصور تو اسلام میں ہے، ہم لوگ اپنی روحوں کے ساتھ ازل میں تھے، اس دنیا میں جنم لے کر آئے اور پھر برزخ اور آخرت کے دو دور باقی ہیں تو میں جو پہلے جنم کی بات کر رہا ہوں وہ صرف میری زندگی میں مجھ جیسے خوش قسمت لوگوں کی زندگی میں ہوتا ہے، جن کو اس دنیا کی زندگی میں نیا جنم ملتا ہے، آپ میری بات سنیں گے تو آپ بھی پہلے اور دوسرے جنم کے قائل ہو جائیں گے۔

سوال: جی جی قبول اسلام کے بعد از سر نو زندگی شروع تو ہوتی ہی ہے۔

جواب: آپ سمجھ گئے ہوں گے نا! آپ بھی دوسرے جنم کے قائل ہیں۔

س: تو اب آپ اس دوسرے جنم کی بات بتایئے یعنی اپنے قبول اسلام کے بارے میں؟

ج: ریٹائرمنٹ کے بعد مجھے بہت سی جگہوں سے آفر آئے میں نے بجاج کمپنی کی ایک آفر کو قبول کیا، ان کو یوپی میں کچھ شوگر ملیں لگانا تھیں اس کے لئے ایک ایڈوائزر کی ضرورت تھی میں نے اپنے لحاظ سے اس کام کو مناسب سمجھا اور آفر کو قبول کرلیا، جنوری ۲۰۰۳ء کو ایک میٹنگ کے لئے میرا ممبئی کا سفر تھا میٹنگ سے واپسی پر علی گڑھ کے قریب ایک قصبہ میں معائنہ کے لئے جانا تھا، فلائٹ سے دہلی جاکر پھر گاڑی سے لمبا سفر کرنے کے بجائے میں نے اگست کرانتی سے متھرا آکر کار سے سائٹ پر جانے کو اچھا سمجھا، فرسٹ اے سی میں ایک رزرویشن کرایا، ممبئی میں سڑکوں کا جام بس اللہ بچائے، بالکل گاڑی چھوٹنے سے آدھا منٹ پہلے گاڑی میں سوار ہوسکا، چلتی گاڑی میں کیبن میں پہنچا تو دیکھا کہ ایک مسلمان جنٹلمین ہمارے کیبن میں موجود ہیں، ملاقات و مصافحہ کیا خیال ہوا ایک دھارمک آدمی کے ساتھ راستہ ذرا اچھا گزرے گا میں نے خوشی کا اظہار کیا، سامان سیٹ کے نیچے رکھ کر ڈریس بدلی اور پیشاب وغیرہ سے فارغ ہوا اور ذرا ریلیکس (Relax) محسوس کیا، آپس میں تعارف ہوا تو معلوم ہوا کہ وہ بھی یوپی کے ضلع مظفر نگر کے کھتولی کے پاس ایک بزرگوں اور اسلامی اسکالرس کی بستی پھلت کے رہنے والے ہیں اور ان کا تعلق وشو وکھیات اسلامی مہاپرش مولانا علی میاں سے ہے، وہ دھارمک جن آپ کے والد مولانا کلیم صدیقی صاحب تھے، ان سے کئی مناسبتیں ہوگئیں، ایک تو کھتولی بار ہا گیا، یونیورسٹی کی ملازمت کے دوران میرے ایک دوست گوئل جی کھتولی شوگر مل کے جی ایم تھے، وہ مجھے ملازمین میں لیکچر کے لئے بار ہا بلایا کرتے تھے کئی دفعہ میں نے سفر کے ساتھ چھٹیاں وہاں گزاریں، دوسرے وہ یوپی کے رہنے والے تھے اور تیسرے میں مسلمانوں میں حضرت مولانا علی میاں جی سے بہت متاثر تھا، میں لکھنؤ میں چھ سات

باران کی خدمت میں گیا اور ان کے پیام انسانیت کے چار پانچ پروگراموں میں شریک ہو چکا تھا۔ میں نے بیگ سے کچھ ناشتہ خود نکالا اور مولانا کی خدمت میں پیش کیا مولانا صاحب نے پہلے تو بہت انکار کیا مگر میرے بہت زور دینے پر انھوں نے اس میں سے کچھ لے لیا، میں بھی میٹنگ میں ایک لمبی بحث کے بعد لوٹا تھا اور مولانا صاحب بھی، ممبئی میں بہت مصروف سفر سے لوٹے تھے، ایک دو گھنٹے ہم دونوں ایک دوسرے سے کچھ نہیں بولے، سات بجے کے بعد میں نے مولانا صاحب سے کہا، بہت تھکا ہوا گاڑی میں سوار ہوا تھا، خیال تھا کہ فوراً گاڑی میں سو جاؤں گا مگر آپ کو گاڑی میں دیکھا تو دل میں خیال آیا کہ چلو ایک دھارمک آدمی کی سنگتی ملی ہے، بدن کا آرام تو کل بھی مل جائے گا آتما کی شانتی اور آرام کو حاصل کیا جائے۔ مجھے دھرم سے بڑا تعلق رہا ہے، میں بہت سے دھارمک لوگوں سے ملا ہوں، بنارس خود ہندو دھرم کے پنڈتوں کا گڑھ ہے الہ آباد، رشی کیش، ہری دوار میں جاتا رہا ہوں، سبھ گرو دیو، برہما کماری، راما کرشنا مشن، راودھا سوامی ست سنگ، نرنکاری ست سنگ، پران ناتھی کے علاوہ، گولڈن ٹیمپل گیا، میں بدھ مت کے لوگوں سے بھی ملا ہوں، دلائی لاما سے ملاقات کی ہے، سادھوؤں کے مٹھوں میں وقت گزارا ہے، بریلی اور اجمیر بھی گیا ہوں، میری نیچر ریسرچ کی ہے ان سب جگہوں پر جانے کے باوجود میرا دماغ مطمئن نہ ہو سکا میری آتما کو شانتی کسی طرح نہیں ملی، میں نے مولانا صاحب سے کہا کبھی کبھی شانتی کی تلاش میں اپنے یہاں کی مسجد میں چلا جاتا ہوں تو مجھے مسجد میں بڑی شانتی ملتی ہے یا مولانا علی میاں جی سے جب بھی ملا ہوں تو اپنے اندر عجیب شانتی محسوس کرتا تھا ایسا لگتا جیسے کوئی گرم دھوپ سے ہلکی ساون کی پھوار میں چلا گیا، دو ڈھائی گھنٹے آپ کے سامنے شانت بیٹھا رہا تو مجھے بالکل ایسا محسوس ہوا جیسے میں مولانا علی میاں جی کی سنگتی میں بیٹھا ہوں، مولانا صاحب نے کہا یہ آپ کے دل کی صفائی کی علامت ہے دل کی حیثیت آئینہ

کی ہوتی ہے اگر دل بالکل صاف ہو تو اس کے سامنے جو آتا ہے وہ دکھائی دیتا ہے سچی بات یہ ہے کہ میں مظفر نگر کا ایک گنوار ہوں جو کچھ مجھے ملا صرف اور صرف میرے مالک نے میرے حضرت مولانا علی میاں کی شفقت اور ان کے جوتوں کی طفیل دیا ہے ہمارے پاس اپنا کچھ نہیں ہے صرف ان کی دیوڑھی کا فیض ہے مولانا بار بار حیرت سے کہتے رہے کہ واقعی آپ کی حس پر بہت تعجب ہوا۔

حضرت مولانا علی میاں کے رشتہ کی وجہ سے ہم دونوں نے ایسا محسوس کیا کہ جیسے ہم دونوں ایک گھر کے فرد ہوں، مولانا صاحب نے مجھ سے تفصیلات معلوم کیں سب سے پہلے آپ کس دھرم گرو سے ملے، میں بنارس کے مختلف آشرموں اور ہندو پنڈتوں سے ملاقات اور اس کے بعد الگ الگ مذہبی لوگوں سے ملاقات، سکھوں اور آشرموں اور سنت سنگوں کے سفروں اور وہاں جا کر مایوس اور بے چین لوٹنے کی روداد تفصیل سے سنائی اس دوران کھانا بھی آیا اور ہم نے کھایا میں سناتا رہا اور مولانا صاحب سنتے رہے اور اتنی لمبی داستان سنتے سناتے بارہ بج گئے، مولانا صاحب نے کہا میں بھی چند منٹ اپنی بات کرنا چاہتا تھا مگر آپ ممبئی کے سفر سے واپس آئے ہیں اور میں نے آپ کے تین چار گھنٹے آپ کو لگائے رکھا اب آپ آرام کیجئے صبح کو مالک نے زندگی باقی رکھی تو میں بھی چند منٹ آپ سے لوں گا اب مجھے اپنی غلطی کا احساس ہوا کہ ایک دھارمک آدمی کے ساتھ جس کی شفقت کی تاثیر میں محسوس بھی کر رہا تھا، زبان چلنے کے بجائے کان بننا چاہئے تھا میں نے کسی صوفی کا یہ اپدیش پڑھا تھا کہ کسی پیر کے پاس فائدہ اٹھانے کے لئے زبان بند کرکے اور کان کھول کر وقت گزارنا چاہئے میں نے اپنے ماتھے پر ہاتھ مارا اور مولانا صاحب سے بہت معافی مانگی میں نے اپنا وقت تو ضائع کیا آپ کو تھکا دیا مولانا صاحب نے محبت سے میرا ہاتھ پکڑ لیا اور بڑے پیار سے کہا ٹھاکر صاحب کیسی بات کرتے ہیں

مجھے بہت مزا آیا اور تھوڑے وقت میں بہت سی نئی معلومات بھی ہوئیں۔ آپ نے مجھ پر احسان کیا میں مولانا صاحب کے اخلاق سے بہت متاثر ہوا ساڑھے بارہ بجے ہم دونوں سو گئے صبح سویرے مولانا صاحب اٹھے ایک دو دفعہ میری آنکھ کھلی تو دیکھا کہ وہ نمازیں میں نماز دعا میں مشغول ہیں صبح آٹھ بجے ناشتہ والوں نے ہمیں اٹھایا میں باتھ جا کر فریش ہوا، ناشتہ کیا اس کے بعد مولانا صاحب نے بات شروع کی گاڑی ایک گھنٹہ راستہ میں لیٹ ہوگئی تھی وزید دو گھنٹہ متھرا پہنچنے میں باقی تھا مولانا نے مجھے اسلام کے بارے میں بتایا اور تھوڑی دیر کے بعد مجھے زور دیا کہ میں کلمہ پڑھ لوں اور بار بار مجھے یہ بھی کہتے رہے کہ آپ کی پوری کہانی سن کر بالکل مطمئن ہوں کہ آپ کو اللہ تعالیٰ نے نہ صرف مسلمان بنایا مسلمان تو ہر انسان پیدائشی طور پر پیدا ہوتا ہے آپ کو اللہ نے مسلمان رکھا ہے اور مجھے امید ہے کہ آپ کا انت ضرور ان شاء اللہ اسلام پر ہوتا ہے، اس لئے آپ ابھی کلمہ پڑھ کر مسلمان ہو جائیے میں نے اپنے ذہن میں آپ کا نام بھی محمد عمر طے کر لیا ہے انھوں نے اپنے بریف کیس سے اپنی کتاب آپ کی امانت آپ کی سیوا میں مجھے دی میں اسے پڑھنے لگا مولانا صاحب بولے یہ تو آپ بعد میں بھی پڑھ سکتے ہیں یہ تو صرف اس لئے دی ہے کہ آپ اپنے فیصلہ پر مطمئن ہو جائیں اب تو کلمہ پڑھ لیں میں نے کہا یہ فیصلہ اتنی آسانی سے کرنے کا نہیں میں غور کروں گا اور پھر آپ کے پاس پھلت آؤں گا مولانا صاحب نے بتایا دورہ کے بعد ان کا علی گڑھ کا سفر ہے ایک دن رات علی گڑھ رہیں گے آپ فون پر رابطہ کر لیں وہاں آ کر بھی مل سکتے ہیں مگر اس فیصلہ میں دیر کی گنجائش نہیں ہے نہ جانے موت کا کب پیغام آ جائے۔ میں نے وعدہ کیا کہ بہت جلد اور سنجیدگی سے غور کروں گا اور علی گڑھ تو ملنے ضرور آؤں گا متھرا آ گیا مولانا صاحب دروازے تک گاڑی سے مجھے سی آف کرنے آئے گاڑی چلنے کے بعد بھی کھڑکی پر کھڑے مجھے دیکھتے رہے۔

گاڑی سے میں اتر تو آیا مگر اندر سے کوئی بار بار کہتا تھا کہ مجھے مولانا صاحب کی بات مان کر کلمہ پڑھ لینا چاہئے تھا، یہ احساس بڑھتا گیا، میں نے دوپہر کو مولانا صاحب کو فون کیا مگر نہ مل سکا، اگلے روز دوپہر کو پچاسوں مرتبہ کوشش کے بعد فون ملا، معلوم ہوا کہ مولانا چندی گڑھ کے پاس کسی پروگرام میں گئے ہیں، میں نے اجازت چاہی کہ میں وہیں آجاؤں، مولانا نے کہا کہ ہم یہاں سے نکلنے والے ہیں، اچھا ہے آپ کل گڑھ میں ملیں میرے لئے ایک دن گزارنا مشکل ہو گیا، جب احساس زیادہ ہوتا میں آپ کی امانت لے کر بیٹھ جاتا، دو روز میں دس دفعہ میں نے اسے پڑھا، اپنی حالت سے بے چین ہو کر میں صبح دس بجے کل گڑھ پہنچ گیا، نئے گیسٹ ہاؤس میں ان کا انتظار کیا، مولانا صاحب حسب پروگرام بارہ بجے آئے، مجھے انتظار میں دیکھ کر بہت خوش ہوئے، دونوں ایک دوسرے سے ملے، ریسپشن پر ہی مولانا صاحب سے اپنا ارادہ ظاہر کر دیا، مولانا صاحب نے فوراً کلمہ پڑھوایا، فرط محبت سے میرا ماتھا چوما اور بولے نام تو میں نے ٹرین میں رکھ دیا تھا، محمد عمر، آپ کا نام ان شاء اللہ رہے گا۔

سوال: اسلام قبول کرنے کے بعد آپ نے کیسا محسوس کیا؟

جواب: ایمان قبول کرنے کے بعد احمد میاں بالکل مجھے ایسا لگا جیسے میں آج ہی پیدا ہوا ہوں، میں نے کلمہ پڑھ کر ایسا محسوس کیا جیسے کوئی جان لیوا گھٹن سے چھٹکارہ پاتا ہے، ۱۸ر نومبر ۲۰۰۹ء سے آج تک ہر لمحہ مجھے مولانا صاحب کے اس قول کی سچائی دکھائی دے رہی ہے کہ مسلمان تو ہر بچہ پیدا ہوتا ہے، مگر اللہ نے آپ کو بائی نیچر (فطرۃً) مسلمان رکھا ہے، مجھے اسلام قبول کرکے اجنبی پن محسوس کرنے کے بجائے بہت اپنائیت اور مناسبت معلوم ہوئی، ان دونوں میں مجھے ٹرین میں اسلام قبول کرنے سے محرومی کی وجہ سے اتنی بے چینی رہی کہ سائٹ کا معائنہ نہ کر سکا، تین روز تک کام روک رکھا، مولانا صاحب کو بھی

میرے اسلام قبول کرنے کی بڑی خوشی ہوئی انھوں نے بتایا کہ ہم جیسے درمیانی درجے کے لوگ فرسٹ اے سی میں تو دور کی بات تھرڈ اے سی میں بھی سفر نہیں کرتے میں تو ہمیشہ اسلیپر کلاس میں سفر کرتا ہوں پہلے سے واپسی طے نہ ہونے کی وجہ سے ہمارے رفیق مفتی محمد ہارون صاحب نے اَست کراچی میں رزرویشن کرادیا کہ دہلی اور چندی گڑھ کے پروگرام میں شرکت ہو جائے گی ایک روز پہلے رزرویشن کرانے کے باوجود انھوں نے ٹکٹ تک مجھے نہیں دیا اور سیدھے گاڑی میں چھوڑنے آئے فرسٹ اے سی کے ڈبے میں جانے لگے تو میں بار بار کہتا رہا کہ یہ فرسٹ اے سی ہے مفتی صاحب اور بھائی عبدالعزیز صاحب نو مسلم دونوں بولے کہ یہاں سے نکل کر چلے جائیں گے کیا ہم جب رحمت اندر سے دیکھ بھی نہیں سکتے، جب انھوں نے مجھے اندر بٹھایا تو میں نے کہا کہ میں ہرگز اس کوچ میں نہیں جا جاسکتا مفتی صاحب نے بتایا کہ اَست کراچی میں رزرویشن نہیں ملا تو بھائی عبدالعزیز نو مسلم پیسے لے کر گئے کہ میں کرا کر لاتا ہوں اور جا کر رزرویشن کرالائے، ٹکٹ دیکھا تو فرسٹ اے سی کا تھا مفتی صاحب نے ان سے کہا کہ وہ ہرگز فرسٹ اے سی میں سفر نہیں کریں گے۔ بھائی عبدالعزیز نو مسلم نے کہا میں مولانا صاحب کو راضی کرلوں گا جب آپ کسی طرح سفر پر راضی نہ ہوا تو بھائی عبدالعزیز بولے کہ جہاز میں تین گھنٹے سفر کے دوران ڈاکٹر قاسم جیسے بڑے آدمی مسلمان ہو گئے اب آپ کے ساتھ تین آدمی ہوں گے اور ۱۶؍ گھنٹے کا ٹائم ہوگا اگر کچھ روپے خرچ ہو کر تین وی آئی پی مسلمان ہو گئے تو سودا کتنا سستا ہے مولانا صاحب نے بتایا کہ عبدالعزیز بھائی کی اس تقریر نے مجھے مطمئن کر دیا مگر فرسٹ اے سی میں کون سفر کرتا ہے جس کو دوسروں کے پیسوں سے جانا ہو جب کوئی نہ آیا ٹرین چلنے کو ہوگئی تو میں نے سوچا کہ دوسرے کیبن والے سے بات کرلیں گے۔ آپ آئے اور اپنے برابر ایک داڑھی والے کو دیکھ کر اجنبیت محسوس نہ کرنے کے بجائے خوشی کا اظہار کیا

میں نے مولانا صاحب سے کہا کہ میں بھی آپ کو فرسٹ اے سی میں دیکھ کر ذرا عجیب سا محسوس کر رہا تھا مگر بعد میں خیال ہوا کہ کسی شردھالو عقیدت مند نے ٹکٹ کرایا ہوگا مگر آج محسوس ہوا کہ کسی عقیدت مند نے نہیں بلکہ میرے کریم مالک نے مجھ پیاسے اور بے چین بندے کے لئے آپ کو دعوت کے لئے اے سی ڈبے میں سوار کیا تھا۔

سوال: اس کے بعد کیا ہوا؟

جواب: میں بار بار اللہ کے اس احسان پر سجدہ کرتا ہوں اور میرا رواں رواں تعریف کرتا ہے کہ میرے لئے قدرتی طور پر اسلام کو آسان بنا دیا۔

سوال: آپ کے گھر والوں کا کیا ہوا؟

جواب: مجھے اپنی بیوی کے لئے تو ذرا جوجھنا پڑا وہ گھر چھوڑ کر چلی گئی ایک سال تک ہم لوگ الگ رہے مگر میں اللہ تعالیٰ سے دعا کرتا رہا اور اللہ نے بھی میری دعا قبول کی اور خود اسلام کے لئے راضی ہوگئی، الحمد للہ وہ مسلمان ہیں مولانا صاحب نے ان کا نام عائشہ رکھا انھوں نے اسلام کا بہت مطالعہ کیا اور ماشاء اللہ تہجد گزار ہیں میں بھی دو چلے لگا چکا ہوں، میرا بیٹا اور اس کی بہو جو نیو یارک امریکہ میں ہے اپنے دونوں بچوں کے ساتھ مسلمان ہیں اور ان کو اسلام قبول کرانے میں مجھے ذرا بھی دقت محسوس نہیں ہوئی میری بیٹی بھی مسلمان ہے جو فرانس میں ہے اور انھوں نے ایک عرب سے میرے مشورہ سے شادی کی ہے ان کے قبول اسلام کی بڑی تفصیلات ہیں، مولوی احمد صاحب وہ سننے کی چیزیں ہیں مگر فلائٹ ہے اور مجھ کو چیک ان جانا ہے اس لئے انشاء اللہ پھر کسی وقت باقی باتیں ہوں گی۔

: ایک منٹ میں مسلمانوں کے لئے کوئی پیغام؟

: اسلام ہر انسان کی ضرورت ہے اس کی بھوک اس کی پیاس کا حقیقی علاج ہے، اللہ نے مسلمانوں کے پاس پوری انسانیت کے مسائل اور امراض کا علاج رکھا ہے انسانیت پر

ترس کھائیں اور ان کو دوزخ سے بچانے کی فکر کریں۔ انشاء اللہ اگلی ملاقات میں اپنے دعوتی تجربات اور عزائم کے بارے میں بات کروں گا۔ میری خواہش ہے کہ آپ میرے ساتھ میرے نشانوں میں تعاون کریں۔ بس بات یہ ہے کہ مجھے آپ کی ضرورت ہے میں بہت جلد صرف آپ سے اس سلسلہ میں بات کرنے کے لئے سفر کروں گا۔

جواب : بہت بہت شکریہ! جزاکم اللہ میں ہر وقت حاضر ہوں۔

السلام علیکم و رحمۃ اللہ استودعکم اللہ دینکم و خواتیم اعمالکم

جواب : وعلیکم السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ

مستفاد از ماہنامہ ارمغان، فروری ۲۰۰۷ء

محمد اکبر (کیش چندر شرما) سے ایک ملاقات

ہمارے مسلمان بھائی مجھ جیسے شکستہ دلوں پر ترس کھائیں۔ کتنے لوگ صرف دعاء نہ معلوم ہونے کی وجہ سے دوزخ کی آگ کی طرف جا رہے ہیں، ان کی فکر کریں۔ دوسری ایک ضروری بات نو مسلموں کے بارے میں عرض ہے کہ ان کی زیست کی فکر کریں اور ان کو اپنا محتاج بنانے کے بجائے ان کو اپنے پاؤں پر کھڑا کرنے کی فکر کریں اور ان میں خودداری اور استغنا پیدا کرنے کی فکر کریں سارے خداؤں سے بچ کر جو ایک مالک پر ایمان لایا ہے اس کو سوال کسی سے کرنا کیسے روا ہو سکتا ہے؟ عموماً لوگ اس کی مدد کر کے صدقہ دے کر ان کی عادت بگاڑتے ہیں اس سے ضمیر مر جاتا ہے خود ان کے ساتھ تعاون کرنا اپنا فرض سمجھیں مگر اس کو ہرگز یہ خیال نہ کرنا چاہئے کہ میرا کھانا شادی اور گزر اوقات سب کا نظم مسلمانوں کے ذمہ ہے میرے خیالات سے ایمان کے لئے زہر قاتل ہے۔

مولانا احمد اواہ ندوی

احمد اواہ : السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

محمد اکبر : وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

س : آپ سے ارمغان کے قارئین اور عام مسلمانوں کے فائدے کے لئے کچھ باتیں کرنا چاہتا ہوں۔

ج : ضرور کیجئے۔

س : آپ اپنا تعارف کرائیے؟

جواب: میرا نام اب الحمدللہ محمد اکبر ہے۔ میں ضلع کرنال کے ایک قصبہ کا رہنے والا ہوں (تھوڑے توقف کے بعد) اب سے نو سال تین ماہ آٹھ روز ۳ گھنٹے قبل اللہ تعالیٰ نے مجھے اسلام کی دولت سے نوازا۔ میرا پہلا نام مکیش چندر شرما تھا۔ میں ایک برہمن خاندان سے تعلق رکھتا ہوں۔ میرے والد پنڈت تھے۔ اس شہر کے علاقے کے مشہور پنڈت تھے۔ پتریاں بنانا، دھیان کرنا اور دوسری دھارمک رسمیں کرنا ان کا کام تھا۔ میرے اسلام سے ایک سال پہلے ان کا انتقال ہو گیا تھا۔ میری ایک والدہ اور ایک بہن ہیں جو اب الحمدللہ میرے ساتھ مسلمان ہیں۔ بہن کا نام فاطمہ اور والدہ کا نام آمنہ ہے۔ ہم سب لوگ اللہ کا شکر ہے خوش و خرم دہلی میں رہ رہے ہیں۔

سوال: آپ کی عمر اب کتنی ہے؟

جواب: میری حقیقی عمر نو سال، آٹھ دن، تین گھنٹے اور اس وقت ۵ منٹ ہے کیونکہ میں اس دنیا میں اپنے والدین کے یہاں تقریباً چھبیس سال پہلے جولائی ۱۹۷۰ء کو آ گیا تھا۔

سوال: آپ اپنے اسلام لانے کا حال بتائیے۔

جواب: میں جب اسکول میں پڑھتا تھا تو مجھے اپنے پتا جی (والد صاحب) کا سب پیشہ ڈھونگ لگتا تھا۔ انہوں نے گھر کے باہر ایک چھوٹا سا مندر بنایا ہوا تھا۔ میں اکثر جب بھی کوئی بات کھٹکتی تو ان سے کہتا، وہ مجھے سمجھاتے، بیٹا پیٹ تو پالنا ہی ہے ورنہ ان اندھ وشواسوں میں کیا رکھا ہے۔ ان کے کہنے سے مجھے اور بھی دھرم پر اعتقاد کم ہوتا گیا۔ میں صبح سویرے اٹھنے کا عادی تھا۔ گھر کے رواج کے مطابق صبح سویرے نہا کر پوجا کے لئے اپنے مندر جاتا تھا۔ میں دسویں کلاس میں پڑھتا تھا۔ میرے امتحان شروع ہوئے۔ امتحان کے دن میں اور بھی جلدی اٹھا اشنان کیا اس خیال سے کہ بہت مہاراج سے امتحان میں فرسٹ ڈویژن آنے کی پرارتھنا کروں گا۔ صبح سویرے مندر پہنچا۔ میں نے دیکھا کہ ایک کتا وہاں موجود ہے۔ جو چڑھے پرساد کو

کھا کر بھی وہ مٹھائی چاٹ رہا ہے جو بت کے منہ پر مٹھائی لگا کر چھوڑ رہا تھا۔
میں رک گیا کہ دیکھوں یہ کتا کیا کرتا ہے اب تو میں یہ سمجھتا ہوں کہ میرے اللہ
نے حقیقت دکھانے کے لئے میرے دل میں ڈالا کہ میں تماشہ دیکھوں میں یہ سوچنے لگا
کہ یہ بت اپنے منہ سے کتے کو بھی نہیں ہٹا سکتا مگر میری نادانی تھی میں نے کتے کو بھگایا،
بے وقوف پیدا کیا گیا تھا کبھی سچ اور عقیدت سے کرپا (رحم) کی امید میں بت کے بوسے
لے رہا ہے اور ان کا کچھ چھوڑا ہے مگر تھوڑی دیر بعد میری حیرانی تھی کہ قدرت زمین پر
آ گری وہ کتے نے ساری مٹھائی چاٹ کر ٹانگ اٹھا کر پیشاب کی اور جو بت پر لگائی تو وہ
داڑھی سے اٹھ کر منہ تک بہہ گئی میں اچانک غیرت میں آیا اور میں نے آنکھیں بند کر
کے اکیلے سچے مالک کو یاد کیا میرے مالک یہ بت جب کتے کو اپنے اوپر پیشاب کرنے
سے نہیں روک سکتے ہیں تو مجھے امتحان میں کیسے پاس کرا سکتے ہیں بس آپ مجھ پر کرم کیجئے
اس کے بعد مندر جانا میں نے بند کر دیا اور روزانہ صبح آنکھ بند کر کے اپنے مالک سے دعا
کرتا میرے پیپر اچھے ہوتے رہے امتحان ختم ہو گئے، ایک ایک دن رزلٹ کا انتظار رہا
رزلٹ آیا میں نے دس روپے اخبار والے کو دیکر رزلٹ دیکھا تو میری فرسٹ ڈویژن تھی،
میں نے مالک کا بہت شکر ادا کیا، میں گیارہویں کلاس میں تھا کہ میرے والد بیمار ہو گئے
ان کے پیٹ میں درد ہوا میری ماں نے مجھے بہت مجبور کیا میں مندر جاؤں، جا کر والد
صاحب کی صحت کے لئے پرارتھنا کروں میں نے منع کیا تو انھوں نے مجھے ڈرایا کہ بت
ناراض ہو جائیں گے، میں چلا گیا میں نے جا کر پرارتھنا کی، ماتھا شیو جی کے چرنوں میں
رکھ کر گھنٹوں میں وہاں پر گڑگڑایا، مجھے اپنے پتا جی سے بہت پریم ہے، آپ ان کو اچھا کر
دیجئے ایک گھنٹہ میں وہاں گڑگڑاتا رہا، واپس آیا تو مجھے خیال تھا کہ پتا جی اچھے ہو گئے ہوں گے،
گھر آ کر دیکھا ان کی موت ہو چکی تھی میں بہت پچھتایا کہ کاش میں اپنے مالک سے فریاد

کرتا میری عقل کو کیا ہو گیا تھا بت اپنے منہ سے کھیاں نہیں ہٹا سکتیں وہ میرے والد صاحب کو کیا صحت دے سکتے تھے۔

اس کے بعد اپنے دھرم سے میرا اعتقاد اٹھ گیا اور میں کسی راستے کی تلاش کرنے لگا۔ میں چرچ میں گیا مگر وہاں بھی میں نے یسوع کی مورتیاں دیکھیں مجھے میرے ایک ایمانی ساتھی نے بتایا کہ یہاں مدرسہ مسجد میں ان کے ایک دھرم گرو حضرت مولانا کلیم صاحب آتے رہتے ہیں اور وہ کل صبح نو بجے آنے والے ہیں میں صبح آٹھ بجے پہنچ گیا دس بج گئے وہ نہیں آئے وہ گیارہ بجے پہنچے مسجد میں آس پاس کے سب مسلمان جمع تھے، مولانا صاحب سیدھے مسجد میں پہنچے اور راستہ میں گاڑی کے خراب ہونے کی وجہ سے دیر سے آنے کی سب سے معافی مانگی، میں ان کی اس بات سے بہت متاثر ہوا اس کے بعد انھوں نے تقریر کی انھوں نے اس موضوع پر تقریر کی کہ انسان پر کوئی ایک احسان کر دیتا تو ساری زندگی اس کے گن گاتا ہے اور اسے ناراض کرنا نہیں چاہتا ہمارے خدا کے ہم پر بے شمار احسانات ہیں، انسان کو اس کے راضی رکھنے کی فکر کرنی چاہئے تقریر کے بعد چائے کے لئے اوپر مدرسہ میں گئے، میں نے مولانا سے ملاقات کی میرے والد صاحب کے انتقال کی وجہ سے مولانا نے مجھے گلے لگایا، پاس میں بٹھایا چائے پلائی چائے کے بعد انھوں نے مجھے بتایا کہ آپ کے سچے مالک کو آپ پر خاص پیار آیا اور وہ آپ کو سچا راستہ دکھانا چاہتے ہیں شاید اسی لئے یہ حالات آپ پر آرہے ہیں پھر اسلام کے بارے میں مجھ کو بتایا اور اپنی ایک کتاب ”آپ کی امانت آپ کی سیوا میں“ دی اور یہ بھی کہا کہ بہت جلد آپ کو فیصلہ کرنا چاہئے، اس لئے کہ جس طرح آپ کے والد کا انتقال ہوا اسی طرح ہمارا آپ کا بھی ہونا ہے اور موت کے بعد کوئی موقع نہیں۔

جو سانس اندر گیا باہر آنے کا اطمینان نہیں اور جو باہر گیا اس کے اندر آنے کا

مجبور سے نہیں، انھوں نے کہا میری تو درخواست ہے کہ آپ فوراً کلمہ پڑھ لیں اور مسلمان ہو جائیں، میں نے کہا یہ کتاب پڑھ لوں، انھوں نے اجازت دیدی، میں باہر آ کر کتاب پڑھنے لگا، ۲۰ صفحوں کی کتاب تھوڑی دیر میں پڑھ لی، میرے سارے پردے ہٹ چکے تھے۔

۹ مئی ۱۹۹۵ء، ساڑھے بارہ بجے میں نے کلمہ پڑھا اور مولانا صاحب نے میرا نام محمد اکبر رکھ دیا اور مجھے تاکید کی کہ ابھی وہ اپنے مسلمان ہونے کو راز میں رکھیں، آپ یہاں کے امام صاحب کے پاس آ کر نماز سیکھیں اور چپکے چپکے نماز پڑھنا شروع کر دیں، انھوں نے کہا کہ آپ سے ایمان چھینے کا نہیں اور حق بھی چھنتا بھی نہیں، مگر ابھی ماحول بھی اچھا نہیں، آپ کے لوگ دشمن ہو جائیں گے۔

سوال: اس کے بعد کیا حالات آئے اور آپ کی بہن اور ماں کس طرح مسلمان ہوئیں۔

جواب: میں اپنے اسلام کو چھپا کر لٹریچر پڑھتا رہا نماز یاد کر لی مجھے اپنے والد کے ایمان کے بغیر مرنے کا بہت افسوس تھا میرے خیال میں وہ بہت پیارے آدمی تھے، مجھے یہ احساس ہوتا رہتا کہ آخر یہ مسلمان مجھے پہلے اسلام کے بارے میں بتاتے اور میں والد صاحب کی زندگی میں مسلمان ہو گیا ہوتا تو میں ان کے پاؤں پڑ کر کسی طرح ضرور ان کو اسلام کے لئے تیار کر لیتا مجھے یہ خیال ہوا کہ کہیں میری بہن اور میری ماں بھی کسی روز اسی طرح بے ایمان کے اس دنیا سے نہ چلی جائیں، میں نے ایک دوکان پر نوکری کر لی جس روز تنخواہ ملی میں اپنی ماں اور بہن کے لئے کپڑا اور مٹھائی لایا وہ بہت خوش ہوئیں میں نے موقع سے فائدہ اٹھا کر اپنے مسلمان ہونے کی خبر ان کو دی ان سے مسلمان ہونے کو کہا میں رو رو کر ان سے درخواست کرتا رہا میری ماں اور میری بہن بہت ناراض ہوئیں کپڑا میرے منہ پر پھینک مارا مٹھائی کا ڈبہ بھی باہر پھینک دیا اور بہت روئیں کہ تو ادھرم ہو گیا تو نے برہمن ہونے کی لاج بھی نہ رکھی اب وہ مجھے پھر دوبارہ ہندو بننے کی ضد کرنے لگیں جب میں راضی نہ ہوا تو

انھوں نے مجھ سے بولنا چھوڑ دیا تقریباً دو مجھ سے چھ مہینے بولی نہیں، میری بھائی نے کھانا چھوڑ دیا اور مجھ سے گھر سے نکلنے کو کہا میں نے ایک کوٹھری کرایہ پر لی اور وہاں پر رہنے لگا اللہ تعالیٰ سے اپنی ماں اور بہن کی ہدایت کی دعا کرتا رہا اور دوسرے لوگوں سے اسلام کو چھپائے رکھا، میں جس کوٹھری میں رہتا تھا اس کے پاس ایک مندر تھا میں دیکھتا روزانہ لوگ صبح و شام وہاں اپنا سر جھکاتے، مجھے دکھ بھی ہوتا اور غصہ بھی آتا ایک رات مجھ سے رہا نہ گیا میں نے ایک ہتھوڑا لے کر صبح سویرے بت کا سر پھوڑ دیا اور گردن تک اڑا دی، میں نے خیال کیا کہ جب میں حق پر ہوں تو کب تک گھٹتا رہوں گا، یہ لوگ شرک کو کھلے عام کریں اور اپنے مالک کی دنیا میں رہ کر ہم اپنے حق کو چھپائیں ایسی زندگی سے مرنا اچھا ہے اور اسی جذبے میں میں نے لال رنگ سے کٹے ہوئے بت کے سینے پر لکھ دیا "محمد اکبر جو پہلے چندر سندر لال شرما (مکیش چندر شرما) تھے" لکھ دیا، دن نکلتے تک شہر میں ہنگامہ مچ گیا کہ یہ محمد اکبر کون ہے؟ لوگ میری ماں کے گھر چڑھ آئے میری ماں نے کہہ دیا کہ ہم نے بہت دنوں سے اسے گھر سے نکال دیا ہے لوگ مجھے تلاش کر رہے تھے تھانہ کے سامنے مجھے کچھ لوگوں نے پکڑ لیا، تھانہ میں لے گئے پولیس نے مجھے بہت مارا، مگر میں حق پر مرنے کے لئے تیار تھا میرے اللہ نے اب مار سے میرا ایمان اور پکا کر دیا اور جوش بڑھ گیا میری ماں کو کسی نے بتایا کہ تیرے بیٹے کو تھانے میں مار لگ رہی ہے ان کا ممتا بھرا دل پگھل گیا وہ اور میری بہن تھانے آئیں پولیس والے مجھے ڈنڈوں سے مار رہے تھے میری ماں ان پر لپٹ گئی کہ مسلمان ہونے پر مارتے ہو ہم بھی مسلمان ہوتے ہیں میری خوشی کی انتہا نہ رہی میں نے بیچ تھانے ماں سے کلمہ پڑھنے کو کہا انھوں نے اور بہن نے کلمہ پڑھا یہ منظر دیکھ کر پولیس والے رہ گئے!

میرے اللہ نے ایک اور کرشمہ دکھایا علاقہ کے بی جے پی ایم ایل اے مہتا کو شہر

کا حال پتہ لگا کہ ایک ادھرم نے بت کے ساتھ یہ سلوک کیا اور اب پکڑا گیا تھا، تھانے میں مار کھا رہا ہے، وہ تھانے میں آئے انھوں نے کوتوال کو دھمکا دیا کہ اچھا نہ ہوگا اگر اب اسکو مارا اسکا وشواس اوپر والا تھا ہے، بھارت میں ہر کوئی آزاد ہے جو دھرم چاہے مانے اور مجھ سے کہا کہ بیٹا تمہیں جو دھرم ماننا ہو، تو مگر دوسرے دھرم والوں کو ٹھیس نہ پہنچاؤ، اب تمہارا اسلام پتہ چل جاتا اور مجھے چھڑا کر لے آئے مجھے ماں اور بہن کے مسلمان ہونے کی اتنی خوشی تھی کہ ایسی سو مار کھانے کے بعد بھی مسلمان ہوتی تو مجھے منظور تھا، میں ماں سے گلے مل مل کر خوشی سے رو رہا تھا، میں نے ماں کا نام حافظ صاحب سے معلوم کر کے آمنہ اور بہن کا نام فاخرہ رکھا۔

سوال: اس کے بعد آپ دہلی کیوں چلے گئے؟

جواب: شہر کا ماحول میری وجہ سے گرم ہو گیا، شہر میں مسلمانوں کی حالت بہت کمزور ہے ۱۹۴۷ء کے بعد تو پورا ہریانہ اجڑ گیا، یہاں بھی مسلمان لوگ ہندوؤں کی طرح رہتے تھے، نام بھی ہندوؤں جیسے، ہماری مسجد کی کمیٹی کے ایک ذمہ دار شخص ہیں جن کا نام دھرما ہے ایک انوپ سنگھ ہیں۔

سبھی نے مجھے مشورہ دیا کہ آپ کو یہاں نہیں رہنا چاہئے، سونی پت گیا، حضرت مولانا کلیم صاحب نے بھی مشورہ دیا کہ آپ کو یہاں نہیں رہنا چاہئے، مگر میں کسی کے رحم وکرم پر نہیں رہنا چاہتا تھا، سوال میں کبھی اپنے پتاجی سے بھی نہیں کرتا تھا، ان سے اپنے دل کی بات کہی، انھوں نے ایک اسکول میں ہندی پڑھانے کے لئے مجھے فرید آباد بھیج دیا، میں نے اپنے دل میں عہد کر لیا تھا کہ میں سارے بت اور خداؤں کو چھوڑ کر ایک اللہ پر ایمان لایا ہوں، میں سوال بھی اس کے علاوہ کسی سے نہیں کروں گا، میرے اللہ نے میرا امتحان بھی بار بار لیا اور پھر مجھے سمجھداری کی استقامت سے نوازا اور مجھے پار اتارا، میں اپنی ماں اور بہن کو دہلی لے آیا، اپنا مکان بیچ کر دہلی میں چھوٹا سا مکان خرید لیا اور وہاں پیسے بھی اللہ نے

تھوڑے تھوڑے سے ادا کردے، ہر موڑ پر میرے اللہ نے میری مدد کی۔

سوال: کوئی خاص واقعہ بتائیے؟

جواب: ایک بار میں نے ایک دوکان پر نوکری کی، پہلے مہینے کی تنخواہ ملی تو مکان کے ۲۵۰۰ روپئے کی ایک قسط باقی تھی، اس نے تقاضہ کیا شرم کی وجہ سے میں پوری تنخواہ اس کو دیدی، گھر میں راشن سامان کا انتظار کر رہی تھی، کئی روز تک ان کو کل پر ٹالتا رہا، ایک روز گھر میں کھانا نہیں بنا، میں نے مغرب کی نماز پڑھ کر دو رکعت صلوۃ الحاجت پڑھی، میرے اللہ آپ کے علاوہ میں کس سے سوال نہیں کر سکتا، میں مسجد سے نکلا جوتوں کے سامنے ایک نوٹ پانچ سو روپئے کا پڑا ملا، میں بہت خوش ہوا، جلدی سے نوٹ اٹھایا اور خیال کیا کہ میری دعا قبول ہوئی، نوٹ جیب میں رکھا، دوکان کی طرف گیا تا کہ کھانا وغیرہ خریدوں، پھر مجھے خیال ہوا کہ یہ نوٹ تو کسی کا گرا ہوگا، نہ جانے یہ میرے لئے حلال بھی ہے یا نہیں میں دوکان کے بجائے مولانا صاحب کے پاس گیا، مولانا صاحب کو اپنا حال بتائے بغیر نوٹ ملنے کا واقعہ بتایا، امام صاحب نے مسئلہ بتایا کہ اس نوٹ کا اعلان مسجد میں کرنا چاہئے آپ کے لئے یہ نوٹ لینا جائز نہیں ہے۔

میں نے نوٹ امام صاحب کے حوالہ کیا اور گھر واپس آیا، دل میں خوشی بھی تھی کہ اللہ کے حکم کو ماننے کی توفیق ہوئی اور رب بھی دیکھ رہا ہے کہ وہ امتحان میں ہے۔

رات کے گیارہ بجے کسی نے دروازہ کھٹکھٹایا، میں نے دروازہ کھولا محلہ کے ایک صاحب ایک حاجی صاحب کو لیکر آئے تھے، انھوں نے کہا یہ مغربی دہلی سے آئے ہوئے تھے مغرب کے وقت سے مختلف محلوں میں آپ کو تلاش کر رہے ہیں، میں نے ملاقات کی انھوں نے بتایا کہ میرا کڑھائی کا کارخانہ ہے میرا بیٹا اس کو چلاتا تھا اس نے شارجہ میں کمپیوٹرائزڈ مشین لگائی ہے، اب اس کارخانے کو دیکھنے والا کوئی نہیں، علاقہ کے ایک

صاحب نے بتایا کہ آپ نے کارخانہ میں شیعر کی حیثیت سے کام کیا ہے میں آپ کو منیجر رکھنا چاہتا ہوں۔ مجھے مہینے ۵۰۰۰ روپے ماہانہ دوں گا اس کے بعد تنخواہ بڑھا دی جائے گی، ہمارے علاقے کے لوگ آپ کی بہت تعریف کرتے ہیں، اور جیب سے پانچ ہزار کی ایک گڈی نکال کر دی یہ ایڈوانس تنخواہ اور ہر ماہ پہلی تاریخ کو ایڈوانس مل جایا کرے گی میں نے اس کو اللہ کی طرف سے تحفہ سمجھا معاملہ طے ہو گیا رات کو ہوٹل سے کھانا لایا، ماں اور بہن کے ساتھ خوشی خوشی کھایا، دو رکعت شکرانہ نماز پڑھی میرے اللہ نے پانچ سو روپے ناچ گانے سے بچایا اور اتنی ہمت دی اور ۵۰۰ روپے کی بجائے ۵۰۰۰ ہزار عطا کئے، بارہا میرے سامنے اس طرح کے واقعات پیش آئے۔

سوال: آپ دعوت کا کام کرتے ہیں؟

جواب: الحمد للہ حضرت مولانا کلیم صاحب کی رہنمائی میں میں زندگی کا مقصد دعوت کو سمجھتا ہوں میرے اللہ نے دلی اور ہریانہ میں پچاسوں لوگوں کی ہدایت کا اس گندے کو ذریعہ بنایا اس کے علاوہ مقامی کام کی تبلیغی ترتیب سے جڑا ہوں، سالانہ چلہ پابندی سے لگاتا ہوں۔

سوال: آپ ارمغان کے واسطے سے مسلمانوں سے کچھ کہنا چاہتے ہیں؟

جواب: میں کیا میری حیثیت کیا، دل چاہتا ہے کہ ہمارے مسلمان بھائی مجھ جیسے غلط راہوں پر ترس کھائیں، کتنے لوگ صرف راہ نہ معلوم ہونے کی وجہ سے دوزخ کی آگ کی طرف جا رہے ہیں، ان کی فکر کریں۔ دوسری ایک ضروری بات نومسلموں کے بارے میں عرض ہے کہ ان کی زیست کی فکر کریں اور ان کو اپنا محتاج بنانے کے بجائے ان کو اپنے پاؤں پر کھڑا کرنے کی فکر کریں اور ان میں خودداری اور استغنا پیدا کرنے کی فکر کریں سارے خداؤں سے بچ کر جو ایک مالک پر ایمان لایا ہے، اس کو سوال کسی سے کرنا کیسے روا ہو سکتا

ہے؟ عموماً لوگ اس کی مدد کر کے صدقہ دے کر ان کی عادت بگاڑتے ہیں اس سے ضمیر مرجاتا ہے خود تو ان کے ساتھ تعاون کرنا اپنا فرض سمجھیں مگر اس کو ہرگز یہ خیال نہ دلانا چاہئے کہ میرا کھانا شادی اور گزارہ [illegible] ہر مسلمان کے ذمہ ہے، میرے لحاظ سے ایمان کے لئے زہر قاتل ہے۔

سوال: بہت بہت شکریہ جزاک اللہ، آپ نے بڑے کام کی اور مفید باتیں بتائیں۔

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

جواب: میں نے تو حقیقت حال بیان کی، وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

مستفاد از ماہنامہ ارمغان، دسمبر ۲۰۰۳ء

ایک نو مسلم بھائی عبدالرشید دوستم (سنیت کمار سوریہ ونشی) سے مفید ملاقات

مجھے احساس ہوتا ہے کہ ہمیں اپنے کفر و شرک میں پڑے ہوئے بھائیوں کی فکر کرنی چاہئے، خصوصاً پسماندہ طبقے کے غیر مسلموں کی جن کو شودر یا کالے سمجھ کر نظر انداز کردیا گیا ہے، آپ دیکھتے ہیں ہمارے علاقہ میں کاوڑ کا کس قدر زور بڑھتا جارہا ہے پہلے صرف تین روز کے لئے راستہ بند ہوتا تھا اب آدھے ماہ راستہ بند رہتا ہے سب کام بند ہو جاتے ہیں کس قدر تکلیف ہوتی ہے تعداد بھی کتنی بڑھ رہی ہے، یہ سینکڑوں میل گرمی میں کاوڑ کا سفر پیدل ہماری دشمنی میں نہیں ہو سکتا، یہ اس لئے ہے کہ لوگوں میں اپنے مذہب سے تعلق بڑھ رہا ہے یعنی اپنے مالک کو خوش کرنے کا شعور اور جذبہ بڑھ رہا ہے اگر ہم دعوت کو مقصد بنا کر ان کو یہ سمجھائیں کہ یہ راستہ مالک کو خوش کرنے کا نہیں بلکہ مالک کو ناراض کرنے کا ہے اور شرک کے ساتھ یہ قدم دھرم (مذہب) کے لئے نہیں بلکہ ادھرم (گناہ) کے لئے بڑھ رہے ہیں تو یہ لوگ اسی جوش اور جذبہ کے ساتھ حج کے لئے جانے والے بن سکتے ہیں۔

مولانا احمد اواہ ندوی

احمد اواہ : السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ

عبدالرشید : وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ

سوال: آپ کی تعریف؟

جواب: میرا نام عبدالرشید دوستم ہے اور میں الحمدللہ ایک مسلمان ہوں، میں اب سے چھ سال قبل مسلمان ہوا تھا، میرا پرانا نام سنیت کمار سوریہ ونشی تھا، میں ہری دوار کے قریب

ایک گاؤں کے ہندو مذہبی گھرانہ میں پیدا ہوا، میں نے سائنس بایو سائنس سے گریجویشن کیا ہے۔

سوال: آپ کا نام عبدالرشید دوستم کس نے رکھا؟

جواب: اصل میں میرا نام مولانا محمد اسلم کاظمی نے عبدالرشید رکھا تھا، مگر میں کچہری میں سرٹیفکٹ بنوانے گیا تو اس زمانہ میں افغانستان کے عبدالرشید دوستم کا پوری دنیا میں تذکرہ تھا، وکیل نے مجھ سے نام پوچھا، میں نے عبدالرشید بتایا، اس نے کہا عبدالرشید دوستم تو میں نے بھی عبدالرشید دوستم ہی کہہ دیا کہ دوستی تو اچھی ہی چیز ہے۔

سوال: اپنے قبول اسلام کا واقعہ بتائیے؟

جواب: میں گروکل میں تعلیم حاصل کرتا تھا، گروکل بہت مذہبی ہندوؤں کے ادارے ہوتے ہیں، میں کھیلنے اور پڑھنے میں ہوشیار تھا، اسکول کے ہر فنکشن میں حصہ لیتا تھا اور پوزیشن لاتا تھا، میں بہت اچھا بریک ڈانس کرتا تھا، بریک ڈانس کے لئے جوڑوں کی ایک خاص ساخت کی ضرورت ہوتی ہیں، وہ اللہ نے مجھے دی تھی، بمبئی کی کئی پارٹیاں مجھے لینے آئیں کہ آپ بریک ڈانس میں دنیا میں نام پیدا کرسکتے ہیں، آپ کے جوڑوں میں گھومنے کی بہت صلاحیت ہے، ہمارے گاؤں میں مندر اور مسجد بہت قریب قریب ہیں، مجھے بچپن سے یہی خیال ہوتا تھا کہ یہ دونوں مالک کی پوجا کے استھان ہیں، دونوں میں کیا فرق ہے؟ ان دنوں ہمارے گاؤں کے ایک بہت سلیم الفطرت اور نیک انسان محمد عمر بھائی سے میرا تعلق ہوگیا، وہ مجھے ناچنے کے لئے منع کرتے تھے، وہ کہتے تھے جس اللہ نے اتنے اچھے جوڑ بنائے ہیں وہ اللہ ناچنے سے منع کرتا ہے وہ ان جوڑوں کا حساب لے گا، وہ میرے لئے ہدایت کی دعا کرتے اور مجھے مسجد میں لے جانے کی کوشش بھی کرتے، میں مسجد میں باہر کھڑا ہو کر پانچوں وقت لوگوں کو پابندی سے نماز پڑھتے دیکھتا، سردی، گرمی اور برسات

میں ایسے نظم اور پابندی کے ساتھ نماز پڑھنے والوں کو دیکھ کر مجھے اچھا لگتا، مندر میں جا کر یہ بات نہیں لگتی تھی، دل کو لگتا کہ مندر میں تو بس ایک رسم ہے، مجھے حسرت ہوتی کہ کاش میں بھی مسلمان ہوتا تو میں بھی مسجد میں جا کر اپنے مالک کی نماز پڑھتا، محمد عمر بھائی مجھے ایک بار دیوبند دکھانے کے لئے لے گئے وہاں ہم مولانا محمد اسلم کاظمی کے پاس عطر لینے گئے، میں نے ان سے اسلام کے بارے میں کچھ سوال کئے، وہ ایک اچھے داعی ہیں، انہوں نے مجھے بہت اچھی طرح سمجھایا اور توحید رسالت آخرت کے بارے میں سمجھایا اور زور دیا کہ میں مسلمان ہو جاؤں، مسلمان ہو کر نماز پڑھنا ہی انسان کی سب سے بڑی کامیابی ہے، میں نے اسلام قبول کر لیا اور دوسرے روز انہوں نے مجھے پھلت حضرت مولانا کلیم صاحب صدیقی کے پاس بھیج دیا، جن کو ہم ابی جی کہتے ہیں۔

سوال: اسلام قبول کرنے کے بعد آپ نے کیسا محسوس کیا؟

جواب: میں اللہ کا لاکھوں لاکھ شکر ادا کرتا ہوں، اس خیال سے میرے رونگٹے کھڑے ہو جاتے ہیں کہ اگر میں اسلام قبول نہ کرتا تو کیا ہوتا؟ یہ میرے اللہ کا کرم ہے، اس نے مجھے اس گندگی سے نکالا اور شرک سے بچایا، ورنہ کھیل، کود، تعلیم، ڈانس، میری دلچسپی کے سب سامان مجھے ملے تھے، میں نے ریڈیو پروگرام میں ساتھ بھی گائے نجیب آباد ریڈیو نے آج بھی ریکارڈ ہوتے ہیں، ایک گانا جواب سے بہت پہلے گایا تھا وہ مجھے اب تک یاد ہے" ہے دل کرا تھا اس رچنا کیں"

میرے اللہ کا احسان ہے کہ اس نے مجھے عمر بھائی اور پھر مولانا اسلم صاحب اور سب سے بڑھ کر ابی جی کے پاس بھیجا، اصل بات یہ ہے کہ جس طرح پھول کی فطرت کھلنا ہے مگر پھول کو پانی نہ ملے بارش نہ ہو تو وہ مرجھا جاتا ہے، اسی طرح ایک انسان کی فطرت مسلمان ہونا ہے اسلام فطری مذہب ہے مگر اس کو ماحول اور دعوت کی بارش کی ضرورت

ہوتی ہے اگر اس کو خاندانی طور پر اسلامی ماحول، یا دعوت کی بارش نہ ملے تو وہ کھلنے سے پہلے مرجھا کر کاٹ دیا جاتا ہے، میں اپنے کریم اللہ کا لاکھوں لاکھ شکر ادا کرتا ہوں کہ اللہ نے مجھے مرجھانے سے بچایا۔

سوال: اسلام لانے کے بعد آپ کو کچھ مشکلات کا سامنا بھی کرنا پڑا؟

جواب: اصل میں اگر انسان صرف اللہ سے اپنا تعلق رکھے تو ہر وقت اس کا کرم شامل حال رہتا ہے، مگر انسان کمزور ہے اس سے غفلت ہو جاتی ہے میں خاص طور پر بہت کمزور وحساس ہوں اور مجھ میں قوت برداشت بہت کم ہے، آدمی سوچے کہ اللہ تعالیٰ کے کتنے احسانات ہیں، ایمان و اسلام صرف اللہ کے لئے ہو صبح کو سورج نکلا، اگر آدمی یہ خیال کرے کہ یہ سورج نکلا ہے میرے اللہ نے میرے لئے نکالا ہے، یہ دن صرف میرے لئے نکالا گیا ہے یہ رات میرے آرام کے لئے ہے یہ ہوا میری راحت کے لئے چل رہی ہے تو آدمی کو اللہ سے کتنی محبت ہو جائے، مگر انسان کمزور ہے کسی ایک ماحول سے دوسرے ماحول میں اس کو مشکل ہوتی ہے نئے معاشرے میں اس کو سیٹ ہوتے دیر تو لگتی ہے، خصوصاً آج کے دور میں جب حالات ایسے ہیں کہ شک کرنا پڑتا ہے، مجھے سب سے زیادہ تکلیف اپنے مسلمان بھائیوں کے ان سوالات سے ہوتی رہی جن سے ایک شک سا ٹپکتا تھا، مگر اللہ کا شکر ہے کہ مجھے بے انتہا محبت کرنے والے ملے، خصوصاً ہمارے ابو جی جنھوں نے ہر موڑ پر میری رہنمائی کی۔

سوال: آپ کے والدین حیات ہیں؟ کیا آپ کا ان کے ساتھ کچھ ربط ہے، کبھی آپ نے ان کو بھی اسلام میں لانے کی کوشش کی؟ کچھ ان کا حال بھی سنائیے۔

جواب: میرے والدین الحمد للہ حیات ہیں، چند سال قبل ابو جی نے مجھے ان سے ملنے کے لئے کہا تھا اور ان کی ہدایت کے لئے دعا کرنے پر زور دیا، میں نے فون پر والدہ سے بات

کی، انہوں نے مجھے بہن کی شادی میں آنے کو کہا اور یہ بھی کہا کہ بہن کی شادی میں تمہی بھائی شریک ہوں اور ایک نہ ہو تو وہ ذولی کیا ارتھی (میت) ہوگی، ہم نے بہن کی سسرال والوں سے بات کر لی ہے انہوں نے اجازت دے دی ہے کہ اس نے دھرم بھرشٹ کر لیا اور وہ ادھرم (لا مذہب) ہوگیا تھا، تو ہمیں کیا؟ میں بہن کے لئے کچھ تحفے لے کر گیا، میں شادی میں شریک ہوا کسی نے کچھ نہیں کہا اور سب خوش ہوئے، مگر شادی کے بعد میرے بھائی اور رشتہ دار نہلانے کے بہانے سے لے گئے اور زبردستی نائی کی دکان میں گھسا دیا اور کہا اس کی داڑھی مونڈ دو، میں روتا رہا خوشامد کرتا رہا مگر وہ نہ مانے میں نے ہاتھ سے استرا پکڑا اور ان سے کہا کہ تم میرا گلا کاٹ دو، مگر میرے نبی کی سنت نہ کٹاؤ، نائی نے بھی ان کو منع کیا مگر وہ مجھے دبوچ کر داڑھی منڈا کر باز آئے، میں کسی طرح جان بچا کر وہاں سے بھاگ آیا اور روتا پھرتا تھا، مجھے آئینہ دیکھنے کا شوق تھا مگر مجھے رونا آتا تھا کہ میں اپنا منہ نبی کی سنت کے بغیر کس طرح دیکھوں، شرم کی وجہ سے پھلت نہ آیا، ابو جی نے تلاش کرایا اور کہلوایا کہ اس میں شرم کی بات نہیں، تمہارے لئے اس میں کوئی حرج نہیں تم دعوت کی ہو میں گئے تھے تمہیں ایک ایک بال کے بدلے میں نیکیاں ملیں گی، اس کے بعد میں کھل کر گھر نہیں گیا، البتہ بار بار رات کو والدہ سے ملنے ابو جی نے مجھے بھیجا، اب والدہ اسلام کے بہت قریب ہیں اور ہم سب دعا کر رہے ہیں، مجھے امید ہے کہ اب کی بار وہ ضرور کلمہ پڑھ لیں گی وہ گھر میں سب سے زیادہ مجھ سے محبت کرتی ہیں، اب اور بھی کرنے لگی ہیں، اس کے بعد والد صاحب پر کام کروں گا۔

سوال: سنا ہے آج کل آپ دعوت کے لئے بہت سرگرم ہیں، اپنی دعوتی کارگزاری کے بارے میں بھی کچھ بتائیے۔

جواب: اسلام قبول کرنے کے بعد الحمد للہ میں نے دینی تعلیم حاصل کی پھر ابو جی نے مجھے

کمپیوٹر کورس کرایا اور آج کل سوات میں کمپیوٹر لگا کر ڈی ،ٹی ،پی ورک کر رہا ہوں مگر ظاہر ہے زندگی کا مقصد تو دعوت ہے ۔ ابوجی ہمیں سفر میں ساتھ لیجاتے ہیں ، پوری انسانیت تک دعوت پہنچانا ہماری ذمہ داری ہے ، یہ بتاتے ہیں ہمارے لئے تیندولکر ، اگرکر اور سلمان خان آئیڈیل نہیں ہیں ، ہمارے لئے ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی زندگی نمونہ ہے ، ہمارے نبی ایک ایک کے پاس ستر مرتبہ جاتے تھے ، اپنے دشمن یہودیوں کا پاخانہ اپنے پاکیزہ ہاتھوں سے صاف کرتے تھے ، طائف میں پتھر کھائے اور پاؤں لہولہان ہوئے تھے ، پھر زخمی حالت میں انگور کے باغ میں جا کر اپنے اللہ کے سامنے گڑگڑائے ۔ یا ارحم الراحمین یا ارحم الراحمین آواز لگاتے اور ستانے والوں اور پتھر برسانے والوں کے لئے دعا کرتے ہیں ، مجھے بھی حسرت ہے کہ میں بھی ایک ایک کے پاس ستر مرتبہ نہیں تو سات مرتبہ تو جاؤں ، میں بھی دعوت کی راہ میں زخمی ہوں اور انگور کا باغ نہ ملے تو آم کے باغ میں اپنے مالک کو یا ارحم الراحمین کہہ کر یاد کروں اور اپنے خونی رشتے کے بھائیوں کی ہدایت کے لئے دعا کروں ، گزشتہ چند ماہ میں اللہ نے مجھے ہمت دی ، ابوجی کارگزاری سنتے ہیں بہت خوش ہوتے ہیں حوصلہ بڑھاتے ہیں ، دعائیں دیتے ہیں ، اللہ کے ایک نیک بندے اور داعی کو خوش کرنے کا شوق ہمارے لئے اس راہ میں بڑا حوصلہ دیتا ہے ، الحمد للہ چند ماہ میں ۲۳ لوگوں نے اس حقیر کے ہاتھ پر اسلام قبول کیا ، جن میں بڑے کام کے اور اہم لوگ شامل ہیں میں اپنے اللہ کا بہت بہت شکر ادا کرتا ہوں مجھے امید ہے اب ہمیں لائن مل گئی ہے ، اللہ تعالیٰ ہم سے خوب کام لیں گے ۔ پہلے بھی کچھ لوگ مسلمان ہو جاتے مگر میں ان کو کلمہ نہیں پڑھواتا تھا ، ابوجی نے بتایا کہ کلمہ پڑھوانے کے لئے کسی کے پاس لے جانے کا انتظار نہیں کرنا چاہئے اگر موت آجائے تو کیا ہوگا ، جب سے میں ہی کلمہ پڑھواتا ہوں ۔

سوال: اپنے مسلمان بھائیوں کے لئے آپ کچھ پیغام دینا چاہیں گے؟

جواب: میری کیا حیثیت ہے کہ میں کوئی پیغام دوں مگر مجھے احساس ہوتا ہے کہ ہمیں اپنے کفر وشرک میں پڑے ہوئے بھائیوں کی فکر کرنی چاہئے۔ خصوصاً پسماندہ طبقہ کے غیر مسلموں کی جن کو شودریا کالے سمجھ کر نظر انداز کر دیا گیا ہے۔ آپ دیکھتے ہیں ہمارے علاقہ میں کاوڑ کا کس قدر زور بڑھتا جا رہا ہے پہلے صرف تین روز کے لئے راستہ بند ہوتا تھا اب آدھے ماہ راستہ بند رہتا ہے سب کام بند ہو جاتے ہیں کس قدر تکلیف ہوتی ہے تعداد کتنی بڑھ رہی ہے، یہ سینکڑوں میل گرمی میں کاوڑ کا سفر پیدل ہماری دشمنی میں نہیں ہو سکتا، یہ اس لئے ہے کہ لوگوں میں اپنے مذہب سے تعلق بڑھ رہا ہے یعنی اپنے مالک کو خوش کرنے کا شعور اور جذبہ بڑھ رہا ہے اگر ہم دعوت کو مقصد بنا کر ان کو یہ سمجھائیں کہ یہ راستہ مالک کو خوش کرنے کا نہیں بلکہ مالک کو ناراض کرنے کا ہے اور شرک کے ساتھ یہ قدم دھرم (مذہب) کے لئے نہیں بلکہ ادھرم (گناہ) کے لئے بڑھ رہے ہیں تو یہ لوگ اسی جوش اور جذبہ کے ساتھ حج کے لئے جانے والے بن سکتے ہیں، اصل یہ ہے کہ ہم غیر شعوری اور رسمی طور پر مسلمان ہیں میں ابو جی سے کہہ رہا تھا کہ مجھے سات سال ہونے والے ہیں، میں نے ۲۲۳ نکاحوں میں شرکت کی جن میں سے سات سال میں پانچ دولہا داڑھی والے دیکھے ان میں بھی صرف دو پوری داڑھی والے تھے، جب اسلام اور نبی کے طریقے سے آپ کا ہمارا یہ حال ہے تو ہم دوسروں کو کس طرح دعوت دیں، جب ہم خود ہی اسلامی طریقہ کو پسند نہیں کرتے ہماری نمازوں کا بھی یہی حال ہے دس فیصد لوگ بھی نمازی نہیں اور جو نمازی ہیں وہ بھی سارے کاموں کو مقدم کر کے دوسرے درجہ پر نماز پڑھتے ہیں۔

سوال: آپ ماشاءاللہ نماز کی بڑی فکر رکھتے ہیں، آپ کا نماز کے بارے میں کیا خیال ہے؟

جواب: اللہ کا شکر ہے میں نے نماز کی کشش میں اسلام قبول کیا تھا میرے اللہ کا لاکھ لاکھ

شکر ہے کہ گذشتہ پانچ سال میں میری ایک بھی نماز قضاء نہیں ہوئی، کل ملا کر میری ۶۷ ربار جماعت نکلی، ۷ ربار ۲۰۰۲ء میں ۱۳ ربار ۲۰۰۰ء میں ۱۹ ربار ۱۹۹۹ء میں ۲۱ ربار اور ۱۹۹۸ء میں سفر کم ہوئے اس سال دس بار میری جماعت نکلی مگر اللہ کا شکر ہے کہ یہ جماعتیں شرعی عذر سے نکلی ہیں۔

سوال: آپ نے حساب بالکل یاد کر رکھا ہے؟

جواب: ایک آدمی اپنے نفع نقصان کا حساب رکھتا ہے اپنی پراپرٹی، اپنی جیب اور بینک بیلنس کا حساب رکھتا ہے کہ اتنے روپے ہیں اتنی دکانیں ہیں، اتنے مکان ہیں، دکان میں اتنا اتنا سامان ہیں وغیرہ، مسلمان کا اصل مال اور دولت تو یہی ہے کیا نمازوں کی دکان اور مال وسامان سے بھی کم اہمیت ہے، خصوصاً نقصان تو آدمی کو اور بھی یاد رہتا ہے، نماز قضا ہو جانا یا جماعت نکل جانا کیا کم نقصان ہے کہ آدمی اس کا حساب بھی نہ رکھے، اصل میں ہم نے نماز کی وقعت اور قیمت ہی نہ جانی ورنہ اگر آدمی کو نماز ادا کرنا بلکہ ابو جی کی بقول نماز قائم کرنا آجائے پوری زندگی بلکہ پوری دنیا صحیح ہو جائے۔

سوال: بہت شکریہ! جزاک اللہ آپ نے بہت مفید باتیں بتائیں۔

جواب: آپ میرے لئے دعا کریں یہ باتیں میرے لئے حال بن جائے اور اللہ تعالی مجھے چلتا پھرتا قرآنی اور مجسم دعوت بنادیں اور اللہ تعالی میری جان اس راہ محبت میں قبول کرلے کہ شہادت کی موت ہی ایمان والے کی اصل معراج ہے۔

مستفاد از ماہنامہ ارمغان، مارچ ۲۰۰۳ء

محمد اکرم (وکرم سنگھ) سے ایک دلچسپ ملاقات

ساری دنیا کے انسان ایک ماں باپ کی اولاد ہیں ہمارے خونی رشتہ کے بھائی بہن ہیں اور اگر نا سمجھی میں نفرت اور ظلم کر رہے ہیں تو ہم تو نبی کے ماننے والے قرآن کے ماننے والے ہیں ہم کو ان تک درد کے ساتھ دعوت پہنچانی چاہئے خصوصاً ہمارے ملک میں ۳۳ کروڑ سے زیادہ دلت کہلانے والے وہ لوگ آباد ہیں جن کو مذہب کے ٹھیکیداروں نے اچھوت کہہ کر ذلیل کیا ہے ان میں کام بہت آسان ہے وہ لوگ اندر سے ٹوٹے ہوئے ہیں اگر ہم اسلامی مساوات سے ان کے دلوں کو جیت سکیں تو یہ ان پر اور اپنے ملک پر احسان ہوگا۔

مولانا احمد اواہ ندوی

احمد اواہ : السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ

محمد اکرم : وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ

سوال : اکرم بھائی! قارئین ارمغان کے لئے آپ سے کچھ باتیں کرنا چاہتا ہوں۔

جواب : ضرور احمد بھیا آپ ضرور کیجئے۔

سوال : آپ اپنا مختصر تعارف کرائیے؟

جواب : اب محمد اکرم ہے اسلام سے پہلے میرا نام وکرم سنگھ تھا میں میرٹھ ضلع کے ایک گاؤں کا جو اب شہر میں آگیا ہے رہنے والا ہوں میرے والد صاحب کا نام شری جگ رام ہے وہ درمیانی درجہ کے ایک کسان ہیں میرے چار بھائی اور تین بہنیں ہیں میں نے

مانک چند کالج سے تاریخ میں ایم اے کیا تھا اس کے بعد ایل ایل بی میں داخلہ لیا تھا دوسرے سال میری زندگی میں کچھ حالات آئے جس کی وجہ سے مجھے درمیان میں تعلیم موقوف کرنی پڑی میں نے ۲۱ اکتوبر ۲۰۰۲ء کو اسلام قبول کیا۔

سوال: اسلام کی طرف آپ کی کشش کی وجہ کیا ہوئی اپنے قبول اسلام کے سلسلہ میں تفصیل سے بتایئے؟

جواب: میرا بچپن بڑا عجیب گزرا، میرا گھرانہ بڑا مذہبی ہندو گھرانہ تھا، میں جب ذرا بڑا ہوا تو میرے دل ودماغ پر اپنے مالک اور اپنے خدا کی تلاش کا جذبہ طاری ہوا میں اکیلا بیٹھتا تو میرے دل میں یہ خیال پیدا ہوتا کہ اس سارے سنسار کا بنانے والا کون ہے اور کونسی ذات ہے جو اتنے سارے انسانوں کو پیدا کرنے والی ہے اور سارے انسان بالکل الگ الگ یہاں تک کہ ایک ماں ایک باپ کی اولاد بھی بالکل الگ الگ ہیں؟ کوئی کمپنی کار بناتی ہے تو ایک ہی بناتی ہے، اور ہمیں نمبر پلیٹ سے پہچاننا پڑتا ہے مگر اس دنیا میں کروڑوں لوگ ایک مالک کے بنائے ہوئے بغیر نمبر پلیٹ کے پہچانے جاتے ہیں ایسا بنانے والا وہ کون ہے؟ سورج نکلتا ہے تو آگ برستی ہے چاند چمکتا ہے تو ٹھنڈی ہوتی ہے، اتنا بڑا آسمان بغیر ستونوں کے بغیر دیوار کے کس طرح ٹکا ہوا ہے، اس کو کون سنبھالے ہوئے ہے؟ انسان کا جسم اس کی آنکھیں، کان، چلنے پھرنے کے لئے پاؤں کیسا پیارا نظام ہے اس کو بنانے والا کیسا عظیم ہے؟ کسی انسان کی آنکھ پھوٹ جائے تو بڑا ڈاکٹر پتھری کی آنکھ تو لگا سکتے ہیں مگر اس جیسی آنکھ ساری دنیا کے ڈاکٹر مل کر نہیں بنا سکتے یہ سوالات مجھے اللہ کی بنائی ہوئی ہر چیز سے اس کے بنانے والے کو تلاش کرنے پر مجبور کرتے، میں نے اپنے دل کی تسکین کے لئے مذہب کو سہارا سمجھا۔

پہلے میں مندروں میں جاتا تھا مگر میں دیکھتا تھا کہ اپنے ہاتھوں کی بنائی ہوئی

مورتیوں کو لوگ پوجتے ہیں مجھے عجیب لگتا، مجھے مورتی کی پوجا کرنے والوں کی عقل پر افسوس آتا، میرے گھر والے مورتیوں کو کھانا کھلاتے ان کو سردی گرمی میں کپڑا اور ہوا کا انتظام کرتے، میں گھر والوں سے کہتا کہ تم ان کو کھلاتے ہو پلاتے ہو مگر ان کو جنگل میں پاخانے کے لئے نہیں لے جاتے وہ مجھے ڈانٹتے اور کہتے یہ تو پاگل ہو گیا ہے اس کی عقل کو بھگوان نے سلب کر لیا ہے۔

ایک بار میں اپنے چھوٹے بھائی کے ساتھ ہری دوار کی نیل کنٹھ پہاڑی پر گھومنے گیا، میں نے وہاں دیکھا کہ مندر پر پولیس کی کافی بھیڑ ہے میں نے لوگوں سے پوچھا یہاں اتنی پولیس کیوں ہے؟ انہوں نے جواب دیا مندر میں بھگوان شیو جی کا سونے کا سانپ رکھا ہے جو بڑا بھاری اور قیمتی ہے اس کی حفاظت کے لئے پولیس ہے کوئی بھگوان کا سانپ چوری کر کے نہ لے جائے اس لئے یہاں ہر وقت پولیس کا پہرہ لگا رہتا ہے یہ سن کر مجھے بڑا جھٹکا لگا کہ جو شیو جی اپنے سانپ کی حفاظت نہ کر سکتا ہو وہ ان لوگوں کی کیا حفاظت کرے گا؟ جو خود اپنی حفاظت کے لئے پولیس کا محتاج ہے وہ کیسے پوجا کے لائق ہو سکتا ہے؟ میرے دل میں خیال آیا کہ اگر ان مورتیوں کو حس ہوتی اور ان میں جان ڈال دی جائے تو یہ خود ہماری پوجا کریں کہ ہم ان کے بنانے والے ہیں اور بنانے والے کی پوجا کی جاتی ہے۔

کئی بار اخباروں میں خبریں پڑھتا کہ آج اس مندر میں بھگوان کی چاندی کی مورتی چوری ہو گئی اور آج فلاں مندر سے بھگوان کا ترشول چوری ہو گیا، اس طرح کی باتوں سے میرا دل مندروں سے سخت متنفر ہو گیا اور اس کے بعد میں نے اپنی ذہنی تسکین کے لئے ست سنگ میں جانا شروع کیا۔

میں ست سنگوں میں جانے لگا میں نے وہاں دیکھا جب گرو مہاراج پروچن

کرتے ہیں تو لوگوں کو کہتے ہیں کہ (موہ مایا) یعنی دنیا کے لالچ سے دور رہو مگر جب کوئی ان کو پانچ سو کا نوٹ دیتا تو بہت خوش ہوجاتے اور جلدی سے جیب میں رکھ لیتے جو لوگ ان کو نوٹ دیتے ان کو پاس بٹھاتے اور جو نوٹ نہ دیتے تو ان کی طرف توجہ بھی نہ دیتے، میرے دل میں بات آئی کہ یہ کیسا دھرم ہے کہ خود تو مال سے پیار کرو اور لوگوں کو دور رکھو، میں نے بجھ گرودواں سے گالے رتہ نوں دور جوان لڑکیوں کے ساتھ ان کے مذاق کو بھی دیکھا، میں نے دیکھا کہ وہ لوگوں کو وہ بہت ترس بہ ہیں کہ ان کی سادھی بنائی جاتے نہ کو جلایا نہ جائے اور لوگوں کو جتانے سے منع نہیں کرتے مجھے ایسا لگتا تھا کہ یہ اپنے دل میں اسلام قبول کر لیتے ہیں مگر دوسروں کو دور رکھتے ہیں، ان باتوں کی وجہ سے میرا دل ست سنگ سے پھر گیا۔

میں نے ہندو مذہب چھوڑ کر عیسائیوں کی طرف رخ کیا میں نے وہاں بھی حضرت عیسیٰ اور مریم کی تصویریں دیکھیں جن کی پوجا ہوتی ہے، خدا کے بیٹا کیسے ہو سکتا ہے؟ میں نے عیسائیوں کو دیکھا کہ حضرت عیسیٰ کی مورتی کی پوجا کرتے ہیں ان سے پرارتھنا کرتے ہیں حالانکہ ان کا ماننا ہے کہ ان کو خود سولی پر چڑھا دیا گیا تھا جس خدا کے لئے خود خدا کو سولی پر چڑھا دیا گیا ہو اس کی پوجا کونسی عقل کی بات ہے؟ بیٹے سے پرارتھنا کرنے کی پرارتھنا کریں خود خدا سے پرارتھنا کیوں نہیں کرتے؟ میرا دل عیسائیت کی طرف سے بھی مایوس ہو گیا ایک روز گرجا گھر سے دکھے دل کے ساتھ واپس آیا تو راستہ میں مجھے جینیوں کے منیوں کا ایک قافلہ ملا۔

چار پانچ ننگے لوگ بے شرمی سے جا رہے تھے راستہ میں ایک جگہ ان کا ۔ واقت ہونا تھا جوان لڑکیاں ان کے ننگے جسم کو دھو کر پانی پی رہی تھیں میں بہت مایوس ہوا اور میری آنکھ شرم کے مارے ڈوب مرنے کو چاہی کہ انسان کی بدھی (عقل) اندھے رواجوں کے

سامنے کہاں تک چلی جاتی ہے۔

اسلام کے دروازے پر: سارے دھروں سے مایوس ہوکر میں نے اسلام کی کھوج شروع کی، میرے گاؤں میں بہت سے مسلمان رہتے تھے میں نے جیسے جیسے اسلام کو جاننا شروع کیا میرے دل نے کہا کہ یہ پراکرتک دھرم (فطری مذہب) ہے۔

مجھے آخرت کے عقیدہ کے علم نے سب سے زیادہ متاثر کیا دنیا کی ہر چیز فنا ہو جانے والی ہے اور اللہ تعالی کے سامنے ہر چیز کا حساب دینا ہے یہ بات انسان کو انسان باقی رکھنے کے لئے مجھے بہت اچھی لگی، اس دنیا کو چھوڑ کر سب کو جانا ہے اور اپنے مالک کے سامنے اس دنیا میں کئے گئے کرموں (اعمال) کا حساب دینا ہے اس مالک کے سامنے جانا ہے جو سارے جہاں کو بنانے والا ہے ساری دنیا کے لوگ اس کے بندے ہیں، یہاں تک کہ اسلام کے رسول حضرت محمد مصطفی صلی اللہ علیہ وسلم بھی اللہ کے بندے اور ایک انسان ہیں میں نے اسلام کو جاننے کے لئے کچھ مسلمان لڑکوں سے دوستی کرلی میرے ایک دوست فاروق کی نانی کا انتقال ہوگیا، میں ان کے دفن میں شریک ہوا، میں نے قبر میں دفنانے کے طریقے کو دیکھا، مجھے بہت اچھا لگا اور مجھے ہندو مذہب کے مطابق ظالمانہ طریقہ پر جلانے کے مقابلہ میں یہ دفن بالکل سورگ کی طرح لگا، میں گھر جا کر سویا تو میں نے خواب دیکھا دو قبریں ہیں، کچھ اچھے لوگ مجھے دونوں قبریں کھول کر دکھانے لگے، ایک آدمی خوبصورت کپڑوں میں آرام سے سو رہا تھا اور دوسرے کی قبر میں خون تھا، لوگوں نے بتایا کہ سونے والا نیک مسلمان تھا اور خون پیپ والا برا آدمی تھا اس کے بعد اپنے دوست کی نانی کو دیکھا وہ بہت خوبصورت جوان شہزادی سی لگ رہی تھی حالانکہ وہ بہت بوڑھی اور کالے رنگ کی تھی، لوگوں نے بتایا کہ یہ نانی بہت نیک تھی اس کی وجہ سے ان کو خوبصورت بنادیا گیا، میری آنکھ کھل گئی، اس خواب کے بعد مجھے مرنے کے بعد حالات کا آنکھوں

دیکھی باتوں سے زیادہ یقین ہوگیا اور مجھے روزانہ اچھے خواب دکھائی دینے لگے۔

میرے مسلمانوں کے ساتھ رہنے کی وجہ سے میرے گھر والوں کو مجھ پر شک ہونے لگا انہوں نے مجھے ڈانٹنا شروع کیا میں نے گھر والوں سے کہہ دیا کہ مجھے مسلمان ہونے سے اب کوئی نہیں روک سکتا۔

اس کے بعد مجھ گناہ گار پر میرے اللہ نے احسان کیا میرے گاؤں میں ۱۴/اکتوبر ۲۰۰۲ء کو اللہ کے نیک بندے اور انسانیت کے سچے دوست مولانا کلیم صاحب کو بھیج دیا۔ لوگ مجھے ان کے پاس لے گئے انہوں نے موت کے خوف سے دیر کرنا مناسب نہ سمجھا اور مجھے کلمہ پڑھایا میرا نام پوچھا اور کہا اسلام میں نام بدلنا کچھ ضروری نہیں مگر میں نے چندو اشا نام بدلنے پر اصرار کیا تو انہوں نے میرا نام محمد اکرم رکھ دیا۔

سوال: اس کے بعد کیا ہوا؟

جواب: ایمان قبول کرنے کے بعد مجھ پر پانچ وقت کی نماز فرض ہوگئی، میں نماز سیکھنے لگا اور نماز پڑھنے مسجدوں میں جانے لگا یہ بات آس پاس کے گاؤں میں پھیل گئی بعض مسلمان بھی ڈرنے لگے میں ان مسلمانوں سے کہتا آپ کیوں ڈرتے ہیں؟ پولیس اگر مجھے مجرم سمجھتی ہے تو میں خود جواب دوں گا جب چور خود نہیں ڈرتا تو آپ کو کیا ڈر ہے، میں بالغ ہوں، پوسٹ گریجویٹ ہوں جاہل نہیں، میں نے سوچ سمجھ کر سارے دھرموں کو دیکھ کر فیصلہ کیا ہے۔ میرے گھر والے مجھے ستانے لگے، مجھ پر سختیاں کی گئیں، میرے والد نے مجھے پانچ پانچ دن کمرہ میں بند رکھا، کمرہ میں بند رہ کر بھی میں نے نماز نہیں چھوڑی میرے دل میں خیال آیا کہ دنیا والے غلط کام کر کے، چوری کر کے جیلوں میں بند ہو جاتے ہیں اور پولیس کی سختیاں سہتے ہیں، میں اپنے مالک کی بہت ہی سچی بات کے لئے اپنے گھر میں بند ہوں میرے گھر والے ہی مجھے مار رہے ہیں یہ سوچ کر مجھے اس پٹائی اور تکلیف میں عجیب مزہ آتا تھا۔

میں ایک روز موقع پا کر گھر سے نکل گیا اور مرکز نظام الدین جا کر چلّے کی جماعت میں چلا گیا، واپس آ کر میں گاؤں میں مسلمانوں کے گھر رہنے لگا، پورے علاقہ خاص طور پر گاؤں میں بہت ہنگامہ ہو گیا میرے خاندان والے مجھے جان سے مارنے کی سوچنے لگے، میں نے عدالت میں اور پولیس میں جان کا خطرہ کے لئے درخواست دیدی، پولیس مجھے پرتاپور تھانے میں لے گئی پولیس افسران نے مجھے ملازمت کا لالچ دیا کہ تمہیں داروغہ بنا دینگے، میں نے کہا دو دن کا داروغہ بن کر پھر ہمیشہ کی دوزخ کی جیل اور سزا سے مجھے کون بچائے گا، مجھے شادی کا لالچ دیا، میرے سامنے اللہ کے سامنے کھڑے ہونے اور آخرت کے گھر کی کامیابی تھی میرے اللہ نے مجھے ثابت قدم رکھا۔

ایس پی سی نے مجھ سے پوچھا تم گاؤں کے علاوہ کہیں دوسری جگہ بھی رہ سکتے ہو؟ میں نے کہا نظام الدین دہلی جا سکتا ہوں وہ مجھے نظام الدین لے گئے مگر وہاں ان لوگوں نے معذرت کر دی، پولیس والے بہت غصہ ہوئے مجھ سے کہا اب ہم تمہارا کیا کریں، میں نے کہا ایک گاؤں پھلت ہے شاید وہ لوگ مجھے وہاں رکھ لیں، وہ پولیس والے مجھے پھلت لے چلے، وہ لوگ بھی تھک گئے تھے، بھوکے بھی تھے، کھتولی شہر پہنچ کر وہ آپس میں کہنے لگے اس کو مار کر نہر میں ڈال دو اس نے ہم کو تنگ کر رکھا ہے میں نے کہا اگر میرے اللہ نے میری زندگی لکھ دی ہے تو ساری دنیا بھی مل کر مجھے مار نہیں سکتی، کہنے لگے چالیس دن میں مسلمانوں نے اس کو مولوی (مولوی) بنا دیا اور رات کو پھلت پہنچے، مدرسہ میں مولانا کلیم صاحب موجود نہیں تھے پولیس والوں نے مدرسہ والوں سے کہا کہ اگر آپ لکھ کر دیں کہ آپ اس کی حفاظت کریں گے تو ہم اس کو چھوڑ دیں ورنہ ہم اس کو مار کر نہر میں ڈال جائیں گے، اللہ تعالیٰ جزائے خیر دے بھائی الیاس صاحب کو اور بھائی سخاوت کو انہوں نے لکھ کر دے دیا، اللہ کا شکر ہے اب میں خوش خوش پھلت میں رہ رہا ہوں۔

ہمارے ابو مولانا کلیم صاحب میرے دینی باپ ہیں، وہ ماں باپ سے بھی زیادہ مجھ سے پیار کرتے ہیں مجھے گھر کی یاد بھی نہیں آتی۔

سوال: اس کے بعد آپ کا گھر والوں سے کچھ رابطہ ہے؟

جواب: میرے والد اور بہت سے رشتہ دار آتے رہتے ہیں اور مجھے اپنے دھرم میں واپس جانے کو کہتے ہیں، پہلے میں ان کو بہت سخت جواب دیتا تھا مگر حضرت مولانا کلیم صاحب نے مجھے بہت سمجھایا کہ گھر والے تمہارے ماں باپ، رشتہ دار سب بڑے ہیں انہوں نے تمہاری پرورش کی ہے ان کا بڑا حق ہے ان کا بڑا ادب کرنا چاہیے اور بہت خدمت اور پیار سے ان کو دوزخ سے بچانے کی فکر کرنی چاہیے، میری سمجھ میں یہ بات آگئی اب جب آتے ہیں تو میں بہت ادب کرتا ہوں وہ ناشتہ بھی کرتے ہیں، کھانا بھی کھاتے ہیں میں ان کے لئے اپنے اللہ سے دعا بھی کرتا ہوں۔

سوال: اس کے علاوہ اور لوگوں میں بھی آپ کچھ دعوت کی فکر رکھتے ہیں؟

جواب: اپنے کچھ دوستوں اور رشتہ داروں میں، میں نے دعوت کا کام شروع کیا ہے، اللہ کا شکر ہے ان میں کئی لوگ مشرف بہ اسلام ہو گئے ہیں اور مجھے امید ہے کہ اور بھی لوگوں کو میرے اللہ ہدایت دیں گے۔

سوال: ارمغان کے قارئین مسلمان بھائیوں سے آپ کچھ کہنا چاہیں گے؟

جواب: میں صرف یہ کہنا چاہوں گا کہ ساری دنیا کے انسان ایک ماں باپ کی اولاد ہیں ہمارے خونی رشتہ کے بھائی بہن ہیں اور اگر کبھی میں نفرت اور ظلم کر رہے ہیں تو ہم تو نبی کے ماننے والے قرآن کے ماننے والے ہیں ہم کو ان تک درد کے ساتھ دعوت پہنچانی چاہیے خصوصاً ہمارے ملک میں ۲۳ کروڑ سے زیادہ دلت کہنے والے وہ لوگ آباد ہیں جن کو مذہب کے ٹھیکے داروں نے اچھوت کہہ کر ذلیل کیا ہے ان میں کام بہت آسان ہے

وہ لوگ اندر سے ٹوٹے ہوئے ہیں اگر ہم اسلامی مساوات سے ان کے دلوں کو جیت سکیں تو یہ ان پر اور اپنے ملک پر احسان ہوگا۔

سوال: بہت بہت شکریہ، جزاکم اللہ

جواب: آپ کا بھی شکریہ کہ آپ نے مجھے عزت بخشی۔

مستفاد از ماہنامہ ارمغان، اکتوبر ۲۰۰۳ء

جناب شیخ محمد عثمان (ستیش چندر گوئل) سے ایک ملاقات

ہمیں اسلام کی امانت کو پہنچانے کے لئے نکالا گیا ہے اسلام کی ہر بات میں انسانوں کے لئے کشش ہے ہم کچھ نہ کچھ تو اسلامی معاشرت، اسلامی اخلاق بلکہ اسلامی عبادات کو لوگوں کے سامنے دعوت کی نسبت سے ظاہر کریں اب آپ دیکھئے کہ غلط روش اور ہندوستانی طرز سے ہٹ کر محمد عرفان نے ذرا اسلامی حکم کو مانا تو یہی کام نہ صرف یہ کہ میں اور میرے ساتھ کتنے لوگوں کی ہدایت کا ذریعہ بنا، بلکہ خود ان کو دنیاوی لحاظ سے نقصان کے بجائے کتنا نفع ہوا۔

مولانا احمد اواہ ندوی

احمد اواہ : السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ

محمد عثمان : وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ

س : سیٹھ عثمان صاحب آپ دہلی کب تشریف لائے؟

ج : مولانا احمد صاحب! آج ہی صبح آیا تھا اور رات میں واپس جانا ہے، مولانا صاحب سے ملنے کو دل کر رہا تھا میں نے فون کیا معلوم ہوا کہ دہلی میں ہیں، مولانا نے بتایا کہ مجھے بھی آپ سے ضروری کام ہے، مجھے پرانی دہلی سے کچھ مال خریدنا ہے، صدر اور چاندنی چوک میں کچھ کام ہو گیا ہے، کچھ شام کو ہونا ہے، میں نے خیال کیا کہ دوپہر میں حضرت سے مل آؤں، حضرت نے بتایا کہ احمد آپ سے ارمغان کے لئے ایک انٹرویو لیں گے۔

س : آپ کی ابی سے ملاقات ہو گئی؟

جواب: جی الحمدللہ ہوگئی، اصل میں میں پیر اور شیخ کی حیثیت چارجر کی سی ہوتی ہے، حضرت سے مل کر ایمان کی بیٹری، یعنی اندر دل کی بیٹری چارج ہوجاتی ہے، حدیث میں بھی نیک صحبت کی اتنی فضیلت آئی ہے، یہ ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی صحبت ہی تو تھی کہ صحابہ صحابہ بنے۔

سوال: آپ نے بالکل سچ فرمایا، آپ نے خود ہی بتایا کہ ابی نے آپ سے فرمایا ہے کہ احمد کو ارمغان کے لئے انٹرویو لینا ہے، اسی کے لئے آپ کو تکلیف دے رہا ہوں؟

جواب: کیسی بات کر رہے ہیں، تکلیف کیسی یہ تو میری خوش قسمتی ہے کہ کسی دینی دعوتی کام میں مجھ گندے کا نام آجائے (روتے ہوئے) ورنہ کہاں میں بت پرست اور کہاں ایمان کی مبارک دولت۔

سوال: آپ اپنا خاندانی تعارف کرایئے۔

جواب: مغربی یوپی کے مشہور ضلع بلند شہر میں، جو راجا برن کی راجدھانی تھی وہاں میری پیدائش ایک تاجر لالہ خاندان میں ہوئی، میرے والد کی ایک کرانہ کی بڑی دکان تھی، میرا نام انہوں نے ستیش چندر گوئل رکھا، میرا ایک چھوٹا بھائی ہے، میرے والد کے انتقال کے بعد میں نے کاروبار سنبھالا، بھائی کو ایک تھوک تجارت کا کاروبار کرایا، اللہ نے خوب کاروبار میں ترقی دی اور والد صاحب کے کاروبار کو ہم نے الحمدللہ بہت بڑھایا، انٹر میڈیٹ تک تعلیم حاصل کی پھر والد صاحب کا انتقال ہوگیا اور آگے تعلیم جاری نہ رکھ سکا اور کاروبار سنبھالنا پڑا، میری شادی مظفر نگر کے ایک بڑے تاجر گھرانے میں ہوئی بیوی بہت شریف خاتون ہیں، وہ پوسٹ گریجویٹ ہیں، ہمارے دو بیٹے اور ایک بیٹی تین بچے اللہ نے دیئے ہیں، والدہ میرے ساتھ رہتی ہیں۔

سوال: اپنے قبول اسلام کے بارے میں بتایئے؟

جواب: ہمارا خاندان ایک مذہبی ہندو گھرانہ تھا، مذہبی کاموں میں ہم نے اپنے والد کو بہت خرچ کرتے ہوئے دیکھا ہے خصوصاً دان اور چندہ دینے میں تو بہت ہی خوشی سے خرچ کرتے تھے اور ہم نے اس خرچ سے کاروبار بڑھتے دیکھا تو مجھے بھی مذہبی کاموں میں خرچ کا بہت شوق ہوا اس لئے ہندو مذہب کے علاوہ دوسرے مذہبی کاموں میں بھی خرچ کرتا، کہیں مسجد بنتی یہ سوچتا کہ یہ تو بھی مالک کا گھر ہے میں ضرور مسلمانوں کے نہ چاہتے ہوئے پیسے دیتا، ہمارے یہاں تبلیغی اجتماع ہوتا میں ذمہ داروں کو تلاش کر کے خوشامد کر کے پیسے دے کر آتا، شاید اللہ کو میرا یہ کام پسند آگیا اور میرے لئے ہدایت کا فیصلہ ہوگیا۔

سوال: ظاہر ہے کہ ہدایت کا فیصلہ تو اللہ کے یہاں ہوتا ہے، مگر ذریعہ کیا ہوا اور کس طرح آپ مسلمان ہوئے ذرا بتایئے؟

جواب: ہمارے والد نے ایک مارکیٹ بنائی تھی اور وہ مارکیٹ مسلمانوں کے محلے کے قریب تھی، دس دکانوں میں سے چھ دکانیں مسلمانوں نے کرایہ پر لی تھیں، میرا کاروبار بڑھا، مجھے ایک گودام کی ضرورت تھی، خیال ہوا کہ اس مارکیٹ کو خالی کرایا جائے اور نئے سرے سے نقشہ بنوا کر گودام تعمیر کرایا جائے، ایک بینک نے ہم سے وہ جگہ کرایہ پر لے کر خود تعمیر کرانے کی خواہش ظاہر کی، زبانی معاملہ طے ہوگیا، کرایہ داروں سے پگڑی لے کر دکان خالی کرنے کے لئے کہا گیا، آدھے کرایہ دار راضی ہوگئے جو راضی نہ ہوئے ان کو خالی کرانے کا نوٹس جاری کردیا گیا، تعمیر چونکہ نئی تھی اس لئے عدالت سے امید تھی ہمارے ایک کرایہ دار سعید احمد چائے کی دکان کرتے تھے اور ایک کرایہ دار نے جنرل اسٹور کر رکھا تھا ان کا نام محمد عرفان تھا، قدرت کا فیصلہ کہ ان کا اسٹور پہلے بہت اچھا چلتا تھا مگر اب کاروبار بالکل ٹھنڈا تھا، مقدمہ کی شروعات ہوئی، سعید احمد محلہ کی مسجد کے امام صاحب مولانا معین الدین کے پاس دعا کے لئے گئے، مولانا صاحب حضرت مولانا کلیم صاحب

کے مرید ہیں، سعید نے اپنی پریشانی بتا کر دعا کے لئے کہا مولانا نے ان سے معلوم کیا کہ کرایہ داری میں وقت کتنا طے ہوا تھا؟ انہوں نے کہا کہ معاملہ گیارہ مہینے کا ہوا تھا پھر ہر سال تازہ ہوتا رہتا ہے اب تین سال سے کرایہ نامہ پر تجدید بھی نہیں ہے، مولانا صاحب نے معلوم کیا کہ زبانی بھی کوئی معاملہ طے نہیں ہوا؟ انہوں نے کہا کہ نہیں، مولانا صاحب نے کہا کہ لالہ جی دو دکان کے مالک ہیں اور آپ ان کی دکان دبانا چاہتے ہیں، میں تو لالہ جی کے حق میں دعا کروں گا، تم تو غاصب ہو تمہارے حق میں دعا کیسے کر سکتا ہوں؟ سعید صاحب بے چارے مایوس ہو کر واپس آ گئے۔

محمد عرفان انہیں کے مقتدی ہیں انہوں نے مولانا سے مشورہ کیا کہ لالہ جی نے پہلے زبانی دو دکان خالی کرنے کے لئے کہا اور اب نوٹس بھیجا ہے، دو دکان یوں بھی بالکل ٹھپ ہے، کیا کیا جائے؟ مولانا نے ان سے بھی معاملہ اور معاہدے کی تفصیلات معلوم کیں، مولانا نے ان سے بہت سختی سے کہا کہ وہ دکان فوراً خالی کر دیجئے۔ اگر یہاں کی عدالت میں آپ کے حق میں فیصلہ ہو بھی گیا تو آخرت کی عدالت میں آپ بہت برے پھنسیں گے۔ نہ جانے ہم کیسے مسلمان ہوتے ہیں کہ نماز میں تو مسلمان ہوتے ہیں اور کاروبار میں ہم مسلمان نہیں رہتے، واقعی ہمارے حضرت جیؒ کہتے ہیں۔ ایک جملہ میں تیرہ برکر رہے تھے: "لا ایمان لمن لا امانۃ لہ ولا دین لمن لا عھد لہ" یہ فرمان ہمارے پیارے نبی ﷺ جمعہ کے ہر خطبہ میں ارشاد فرماتے تھے اور جب معاہدہ گیارہ مہینے کا ہوا ہے تو پھر ایک دن بھی بغیر لالہ کی اجازت کے دکان پر رہنا غاصبانہ قبضہ، جرم سراسر بے ایمانی ہے، میری رائے ہے کہ آپ فوراً دکان خالی کیجئے، اللہ تعالیٰ آپ کے کاروبار کو اور اچھا چلائیں گے۔

محمد عرفان یوں بھی اسٹور چھوڑنے کو تھے، مولانا صاحب کی بات سے ان پر

بہت اثر ہوا اور اگلے روز دکان سے سامان اٹھانے لگے۔ میں ڈر گیا ہمارے یہاں ایک مشہور بدمعاش تھا، لوگ زمینوں اور مکانوں کے معاملہ میں اس سے فائدہ اٹھاتے تھے، خالی کرنے کے بجائے اس کو قبضہ دے دیتے تھے، اس سے کسی کو کہنے کی ہمت نہ ہوتی، مجھے ڈر لگا کہ شاید عرفان نے اس کو قبضہ دینے کی بات کر لی ہے، مگر ایسا کچھ نہ ہوا دوسرے روز شام کو محمد عرفان میرے گھر آئے اور بڑے اخلاق سے ملے اور بولے لالہ جی بہت بہت شکریہ کہ آپ نے اتنے دنوں تک ہمیں کرایہ پر دکان دی، اب میں نے آپ کے حکم سے دکان خالی کر دی، خالی کرنے میں جو تاخیر ہوئی اس کے لئے مجھے آپ معاف کر دیں۔

میں نے کہا کہ ایک لاکھ روپئے پگڑی کے آپ کو لا دوں، عرفان بولا نہیں لالہ جی کیسی بات کرتے ہو، پگڑی کیسی دکان آپ کی تھی آپ کے حوالہ، میں ادھر ادھر دیکھنے لگا کہ کوئی بدمعاش تو نہیں آرہا ہے، تھوڑی دیر تک تو مجھے چابی لینے کی ہمت نہیں ہوئی، میں نے معلوم کیا کہ خیریت تو ہے عرفان بولا جی لالہ جی بالکل خیریت ہے، میں نے کہا آج کل کوئی دکان خالی کہاں کرتا ہے، مجھے تو یقین نہیں آرہا ہے، عرفان بولا کہ غلطی ہماری ہے کہ ہم نے اسلام کو اپنے معاملہ اور اپنے لین دین سے نکال دیا، اس لئے آپ کو اسلامی معاملہ ہوتے دیکھ کر یقین نہیں آرہا ہے، میں نے پھر کہا کہ پہلے تو آپ نے دکان خالی کرنے کے لئے منع کر دیا تھا، عرفان نے بتایا کہ میری غلطی تھی، میں مسجد کے امام صاحب کے پاس گیا انھوں نے مجھے بہت دھمکایا اور اسلامی ضابطہ بتایا اور سمجھایا کہ مرنے کے بعد اللہ تعالیٰ کی بڑی عدالت میں بہت برے پھنسو گے اور مولانا صاحب نے جو انہیں کہا وہ سب مجھے بتایا، میں نے کہا کہ آپ مولانا صاحب سے مجھے ملا دیں گے؟ انھوں نے کہا کہ ابھی چلئے کہ میں نے اسکوٹر اسٹارٹ کیا عرفان کے ساتھ مسجد میں پہنچا مولانا کتاب پڑھ رہے تھے، مسجد کے کمرے میں ان سے ملاقات ہوئی، میں نے امام صاحب سے کہا کہ

مولانا آپ نے عرفان کو دکان خالی کرنے کے لئے کیسے کہا، مولانا نے کہا کہ ہمارے دین اور ہمارے قرآن نے ہمیں یہ قانون بتایا ہے، میں نے حیرت سے یہ سوال کیا کہ مولانا آپ کے دھرم میں کرایہ داری کا قانون بھی ہے، امام صاحب نے کہا ہمارے نبی ﷺ نے ہمیں کھانا کس طرح کھاتا ہے، کھانا کھا کر انگلیاں چاٹنی ہے تو اس میں کیا ترتیب ہوگی، ناخن کاٹنے ہیں تو کس طرح یعنی کون سا ناخن سب سے پہلے کون سا اس کے بعد یہ تک بتایا ہے، میں نے کہا پھر یہ قانون تو صرف مسلمانوں کے لئے ہے یا ہم بھی اسے جان سکتے ہیں، مولانا صاحب نے کہا یہی تو ہمارا سب سے بڑا جرم ہے کہ ہم نے آپ تک نہیں پہنچایا، اسلام کا قانون اور قرآن صرف مسلمانوں کے لئے نہیں بلکہ اس کا ماننا ہر انسان کے لئے ضروری ہے اور ہمارے ذمہ ہمارے اللہ نے اسے سب تک پہنچانا رکھا تھا، ہم نے غفلت کی اور اس جرم میں ساری دنیا کے مسلمان ذلیل ہو رہے ہیں، میں نے کہا کہ تو پھر آپ نے ہمیں کیوں نہیں پہنچایا، مولانا نے کہا کہ یہی تو غلطی ہے اب آپ تشریف رکھئے کہ میں آپ کو بتانا چاہوں، میں بیٹھ گیا سردیوں کی رات تھی مولانا نے چائے منگوائی اور بات شروع کی چلتے وقت کتابیں بھی دیں، میں نے مولانا صاحب سے کہا کہ میں روزانہ آپ کے پاس دس پندرہ منٹ کے لئے آسکتا ہوں، مولانا نے کہا کہ شوق سے۔

میں پابندی سے مولانا صاحب کے یہاں جاتا رہا وہاں سے اٹھنے کو دل نہ کرتا، بس ان کے آرام کے خیال سے اٹھ کر آجاتا، پانچویں روز میں نے مولانا صاحب سے مسلمان ہونے کی درخواست ظاہر کی ۱۱ر جنوری ۱۹۹۲ء کو عشاء کے بعد مولانا نے مجھ کو کلمہ پڑھایا، وہ روزانہ اپنے حضرت مولانا کلیم صاحب کا ذکر کرتے، ہم نے اسی روز حضرت سے ملنے کا پروگرام بنایا اتوار کے روز پھلت پہنچے مولانا صاحب ہم سے مل کر بہت خوش ہوئے، میرا نام اسی روز محمد عثمان رکھا اور مولانا نے بتایا کہ حضرت عثمان ہمارے نبی ﷺ

کے بہت پیارے ساتھی تھے بڑے تاجر تھے اور دان بہت کرتے تھے اس لئے میں آپ کا نام محمد عثمان رکھتا ہوں، مولانا نے مجھے بزنس اور بچوں پر کام کرنے کو کہا اور بہت تاکید کی کہ گھر والوں کے ساتھ آپ کا رویہ تبدیل ہونا چاہیے اب آپ ان کا بہت خیال کیجئے ان پر خوب خرچ کیجئے گھر والوں پر خرچ کرنے میں، میں ذرا ہاتھ تنگ تھا، مولانا نے کہا، وقت بھی زیادہ دیجئے اور محبت کا اظہار چاہے تکلف سے زبردستی کرنا پڑے، آپ کیجئے اور محبت کے ساتھ ان سے مرنے کے بعد کی آگ سے بچنے کی فکر کے لئے کہئے، ایک دفعہ گھر والوں کو بٹھا کر دوبارہ درود کے ساتھ آپ کی امانت ان کو پڑھ کر سنانا ہے بلکہ ایسا کیجئے کہ ایک روز گھر میں گھر والوں کی پسند کی کچھ چیزیں کھانے کی لائیے، مزے سے ساتھ کھائیے اور پھر آپ کی امانت سنائیے، پہلے ان کو آمادہ کر لیجئے جب وہ خود کہیں کہ سنانا ہے تو پڑھئے، پھر مرنے کے بعد کیا ہوگا؟ تھوڑی پڑھئے۔

س: تو آپ نے پھر کام کس طرح کیا؟

ج: میں گھر آیا، سب گھر والوں کے گرم کپڑے نئے تین تین، چار چار خریدے، ماں اور بیوی کی کئی کئی شالیں لیں، جوتے اور موزے اچھے خریدے، روزانہ گھر میں کچھ لے کر آنے لگا، گھر والے حیرت کرتے، ایک روز بیوی کے بہت معلوم کرنے پر میں نے بتایا کہ میں نے اسلام قبول کر لیا ہے اور اسلام کے پیغمبر ﷺ نے فرمایا کہ تم میں سب سے بہتر وہ ہے جو اپنے گھر والوں کے ساتھ بہتر ہو اور جو مال حلال کمائی سے اپنے بال بچوں پر خرچ ہو، وہ اللہ کو سب سے زیادہ پسند ہے، بیوی کو اسلام سے دلچسپی بڑھی، ایک روز میں نے گھر والوں سے کہا کہ آج کھانا گھر نہیں پکے گا میں لے کر آؤں گا، میں ایک اچھے ریسٹورنٹ سے بہت سارے کھانے لے کر آیا، مزے لے کر گھر والوں نے کھایا، پھر میں نے ان سے کہا کہ انسانیت کے بہت سچے پریمی (محبت کرنے والے) کی ایک بھینٹ میں لے کر آیا

ہوں، دیکھو نام بھی کتنا پیارا" آپ کی امانت آپ کی سیوا میں" آج ہم یہ نہیں لگے، اسے کون پڑھے گا؟ میری بیوی نے کہا میں پڑھوں گی، میں نے کہا کہ آپ پڑھے، پڑھتے پڑھتے وہ رونے لگی، وہ پڑھ نہ سکی تو میں نے کتاب لی اور پڑھنا شروع کیا، پوری کتاب میں نے پڑھی، میری ماں بھی کئی بار روئی، میں نے ماں سے کہا: ماں! کیا ارادہ ہے؟ اب نرک میں جلنے کا ہیا بچنے کا؟ ماں نے کہا کہ ایک تنکا تو ہاتھ پر رکھ نہیں سکتے، نرک میں کیسے جلیں گے؟ کتاب میں بالکل سچ لکھا ہے، میں نے کلمہ پڑھنے کی درخواست کی، الحمدللہ کلمہ پڑھنے کو تیار ہو گئیں، پھر کیا تھا میری بیوی اور میرے تین بچے جو چھوٹے تھے سب نے ملکر میرے کلمہ پڑھنے کے گیارہویں روز کلمہ پڑھ لیا، میں ان کو لے کر اگلے پیر کو پھلت پہنچا، مولانا صاحب نے میری والدہ کا نام آمنہ اور میری اہلیہ کا زینب، دونوں بیٹوں کا محمد حسن اور حسین اور بچی کا نام فاطمہ رکھا، مولانا بہت خوش ہوئے ہمارے امام صاحب کو اور مجھے بار بار دعا دیتے رہے۔

سوال: آپ نے اپنے خاندان والوں میں فوراً اعلان کر دیا؟

جواب: مولانا نے سختی سے اعلان کرنے سے منع کر دیا تھا، کیونکہ ہمارے گھر میں سب ساتھ تھے، اس لئے ابتدا میں کچھ مشکل نہ ہوئی، سن ۱۹۹۲ء کے حالات تو آپ جانتے ہیں، آخری درجے میں آگ لگی ہوئی تھی، بابری مسجد کی شہادت کو ابھی ایک مہینہ ہوا تھا، ایک سال کے بعد رفتہ رفتہ لوگوں میں بات کھل گئی، خاندان والوں نے بہت مخالفت کی، ہندو تنظیموں نے بہت دھمکیاں دیں، بہت مرتبہ زیادتیاں کیں، سسرالی لوگ میری بیوی اور بچوں کو اٹھا کر لے گئے ان پر بھی بہت سختیاں کیں، میں نے جماعت میں جا کر اور پھر گھر میں حیاۃ الصحابہؓ اور حکایت الصحابہؓ پڑھنی شروع کر رکھی تھی، میری بیوی، بچوں کو ساتھ تھی الحمدللہ شکر ہے کہ ان سختیوں سے ہم کو بھی فائدہ ہوا۔

سوال: کچھ خاص واقعات کی تفصیل سنائیے مالی بتا رہے تھے کہ آپ پر بڑے حالات آئے؟

جواب: اصل میں احمد بھائی! میرا تجربہ ہے کہ جب میں ان حالات کا ذکر کرتا ہوں تو مجھے ایسا لگتا ہے آپ اپنی پونجی کم کر رہا ہوں، دل کو ان کا ذکر اچھا نہیں لگتا، آدمی کے زندگی بھر کیڑے پڑیں، اس کی کھال ادھیڑی جائے اور اس کے جسم کی بوٹی بوٹی کر کے بھی، اس زمانے میں جب ایمان جانے کا زمانہ ہے اللہ تعالیٰ کسی خوش قسمت کو ایمان عطا فرما دیں تو بھی کتنا انعام ہے اور سودا کتنا سستا ہے، پھر میرے ساتھ تو بہت کم ہوا، میرے اللہ نے مجھے اتنے سستے داموں بلکہ مفت میں ایمان دے دیا، پھر میں چند سالوں کی مشکلوں کا ذکر کروں تو ایسا لگتا ہے کہ یہ کریم آقا کی غیروں کے سامنے شکایت کرنا ہے، جبکہ یہ بات بھی ہے کہ خاندان والوں اور نا سمجھوں کی طرف سے ہر مشکل اور تکلیف سے میں نے اور گھر والوں نے اپنے ایمان کو بڑھتا دیکھا، مجھے ہر تکلیف اور مشکل کے وقت صاف محسوس ہوتا کہ میرے پیارے اللہ میاں، بڑی محبت سے مجھے قربانی دیتے دیکھ رہے ہیں اور اس احساس میں احمد بھائی مجھے تکلیف کے بجائے ہمیشہ مزہ آتا تھا۔

سوال: بعد میں آپ نے ہجرت بھی کر لی تھی؟

جواب: حضرت کے مشورہ کی وجہ سے میں نے غازی آباد میں سکونت اختیار کر لی تھی مگر بعد میں حالات اچھے ہو گئے اور کچھ دوسری مصلحتوں کی وجہ سے واپس آ گیا ہوں۔

سوال: کیا محمد عرفان کو آپ نے وہ دکان دوبارہ واپس کرایہ پر دے دی تھی؟

جواب: مجھے یہ خیال ہوا کہ یہ کرایہ دار اور یہ مارکیٹ میرے لئے ہدایت کا ذریعہ بن گئی ہے، اس لئے میں نے نئی تعمیر کا ارادہ ملتوی کر دیا اور محمد عرفان کو دکان کی چابی واپس کی اور کہا کہ میری زندگی بھر کے لئے دکان آپ کے پاس رہے گی اور ایک لاکھ روپے قرض حسنہ کے طور پر کاروبار کے لئے دیئے، الحمد للہ ان کا کاروبار چل گیا اور اللہ کا کرنا سعید

صاحب کے خلاف عدالت نے دکان خالی کرنے کا حکم جاری کر دیا، وہ مولانا محی الدین صاحب کے بہت معتقد ہو گئے ہیں کہ مولانا لالہ جی کے حق میں دعا کے لئے کہا تھا، اللہ نے لالہ جی کے حق میں فیصلہ کروا دیا، بار بار مولانا صاحب سے معذرت کرتے اور مجھ سے بھی معافی مانگتے ہیں کہ ہم نے اللہ کے قانون کو نہیں مانا اب آپ کو مقدمہ میں خرچ کرنا پڑا وہ آپ ہم سے لے لیجئے، میں نے ان کو بھی دکان واپس دے دی ہے، الحمد للہ

سوال: میں نے سنا ہے کہ آپ نے بعد میں اور لوگوں پر بھی دعوت کا کام کیا ہے؟

جواب: بس اللہ نے مجھے اپنے ہدایت یاب ہونے والے بندوں کی ہدایت کا ذریعہ بنا لیا، ورنہ میں کہاں اور دعوت کا عظیم کام کہاں، اصل میں، میں نے ایک بھٹہ لگایا تھا، بھٹہ میں آگ چھوڑنے کے لئے یعنی افتتاح کے لئے میں نے حضرت سے درخواست کی، مولانا صاحب نے علی گڑھ کے ایک سفر میں وعدہ فرما لیا، پھر مجھے ان مزدوروں پر کام کے لئے کہا اور کہا کہ بھٹہ میں دہکتی آگ سے آپ دوزخ کو اچھی طرح سمجھا سکتے ہیں، الحمد للہ آٹھ سالوں میں ایک سو سے زیادہ مزدور مسلمان ہو گئے ہیں اور الحمد للہ میں نے ۸۶ لوگوں کے چلے بھی لگوا دیے ہیں، اس کے علاوہ بھی ادھر ادھر اللہ نے مجھ گندے کو ہدایت کا ذریعہ بنا دیا ہے۔

سوال: خیر کے کاموں میں خرچ کا بھی آپ کو بہت شوق ہے؟

جواب: اصل میں سچی بات تو یہ ہے کہ ہم چوکیدار ہیں مال ہمارے پاس امانت ہے جس کے پاس زیادہ مال ہو وہ زیادہ خطرے میں ہے، اللہ کے یہاں حساب دینا ہے جو مال ہم خرچ کر دیں وہ ہمارے پاس امانت کے بجائے ملکیت ہو جاتا ہے تو پھر کیسی بے وقوفی ہے کہ امانت کو ہم اپنے آخرت کے اکاؤنٹ میں جمع نہ کرائیں جب کہ یہ تجربہ ہے کہ خرچ سے مال اور کاروبار بڑھتا ہے الحمد للہ میں حضرت سے بیعت ہوں تو ہم نے اپنے کو ساز و سامان کے ساتھ حضرت کو سونپا ہے دو سال پہلے حضرت نے ایک

مدرسہ بھی میرے ذمہ کر دیا ہے الحمد للہ بہت کام بڑھ گیا ہے اللہ پورا کرا رہے ہیں۔

سوال: ارمغان کے قارئین کے لئے کوئی پیغام آپ دیں گے؟

جواب: ہمیں اسلام کی امانت کو پہنچانے کے لئے نکالا گیا ہے اسلام کی ہر بات میں انسانوں کے لئے کشش ہے ہم کچھ نہ کچھ تو اسلامی معاشرت، اسلامی اخلاق بلکہ اسلامی عبادات کو لوگوں کے سامنے دعوت کی نسبت سے ظاہر کریں اب آپ دیکھئے کہ غلط روش اور ہندوستانی طرز سے ہٹ کر محمد عرفان نے ذرا اسلامی حکم کو مانا تو یہ کام نہ صرف یہ کہ میں اور میرے ساتھ کتنے لوگوں کی ہدایت کا ذریعہ بنا بلکہ خود ان کو دنیاوی لحاظ سے نقصان کے بجائے کتنا نفع ہوا۔

سوال: بہت بہت شکریہ سیٹھ محمد عثمان صاحب، السلام علیکم ورحمۃ اللہ برکاتہ

جواب: آپ کا بہت بہت شکریہ کہ مجھے ارمغان کے قافلہ میں شامل کر لیا۔

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ برکاتہ

مستفاد از ماہنامہ ارمغان، دسمبر ۲۰۰۸ء

بھائی علاء الدین (راجیشور جی) سے ایک ملاقات

احمد بھائی مولانا صاحب، پوری دنیا ہدایت کی پیاسی ہے، ہمیں اپنے نبی کا امتی ہونے کا حق ادا کرنا چاہئے، ساری دنیا کے انسان ہمارے نبی ﷺ کے امتی ہیں ان کو غیر سمجھ کر ہم نے ان تک دین نہیں پہنچایا، یہ بہت بڑا ظلم ہے، مسلمان کو ظالم نہیں ہونا چاہئے، ان تک ان کی امانت نہ پہنچانا بہت بڑا ظلم ہے ہمیں اپنی سی کوشش لوگوں کو دوزخ سے بچانے کی ضرور کرنی چاہئے،

مولانا احمد اواہ ندوی

احمد اواہ : السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

بھائی علاء الدین : وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ

سوال: بھائی علاء الدین صاحب آج آپ کہاں سے آئے ہیں؟

جواب: تندی گرام سے آیا ہوں، حضرت سے ملنے کو بیتاب ہو رہا تھا، کتنے دنوں سے تو ہم بھی بڑے ہنگامہ میں پھنسے ہوئے تھے، اللہ تعالیٰ نے رحم کیا، ہمارے حضرت کی دعا کی برکت سے امن ہوا۔

سوال: آپ دو سال پہلے پھلت آئے تھے تو ابی نے کہا تھا کہ ارمغان کیلئے آپ سے انٹرویو لوں، مگر کھتولی کسی ضروری کام سے چلا گیا تھا جب میں واپس آیا تو آپ جا چکے تھے؟

جواب: ہاں بھائی احمد مولانا صاحب، حضرت نے مجھ سے فرمایا تھا اور میں انتظار کر رہا تھا، مگر پھر مولانا صاحب کا فون آ گیا، حضرت نے فرمایا پھر کبھی آؤ گے تو اس وقت

اختر وید دیئے۔

سوال: ہر کام کے لئے اللہ نے وقت طے کر رکھا ہے، بس آج ہی کا وقت اللہ نے لکھا تھا، دیر آید درست آید۔ اب آپ اپنا خاندانی تعارف کرائیے؟

جواب: اللہ آپ کا بھلا کرے، مولانا احمد صاحب، میں ہریانہ میں پانی پت ضلع کے ایک گاؤں کے دھنیور کا بیٹا ہوں، میرا نام میرے پتا جی (والد صاحب) نے راجیشور رکھا تھا، دو تین کلاس پڑھ کر میں پتا جی کے ساتھ کھیت پر جانے لگا، ہمارے ایک بگھ زمین تھی اس میں سبزی بو کر ہمارے والد صاحب گزارا کیا کرتے تھے، میں اپنے والد کا اکیلا بیٹا تھا، میری دو بہنیں تھیں، جو مجھ سے بڑی تھیں۔

سوال: آپ کو مسلمان ہونے کا کیسے خیال آیا اور آپ کس طرح مسلمان ہوئے، ذرا اس کے بارے میں بتائیے؟

جواب: احمد بھائی مجھے اسلام قبول کرنے کا کیا خیال آیا بس میرے مالک کو رحم آ گیا اور اس نے بغیر طلب کے مجھے بھی خاندانی مسلمانوں کی طرح اسلام عطا فرما دیا، اصل میں میری دو بڑی بہنیں تھیں، والد صاحب نے ان کی شادی کی، دوران کی شادی کے بعد میری شادی ہوگئی، ہریانہ میں شراب بہت عام ہے، دوستوں کے ساتھ مجھے شراب کی کچھ زیادہ ہی لت لگ گئی، جمنا کے کنارے کچی شراب ذرا سستی مل جاتی ہے، شادی کے تین سال بعد میرے والد صاحب کا انتقال ہوگیا، اگلے سال ماں کا بھی انتقال ہوگیا، ماں باپ کے انتقال کے غم کو بھلانے کے لئے میں نے شراب اور زیادہ کر دی، شراب کے نشہ میں وحشت میں بالکل ناکارہ ہوتا گیا، میری بیوی بہت ہی بھلی اور سچی عورت ہے، وہ بیچاری مجھے کہاں کہاں سے اٹھا کر لائی، بے چاری فاقے کرتی، ایک کے ایک بچے ہوتے رہے، اللہ نے آٹھ بچے، پانچ بیٹے اور تین بیٹیاں

کرلی، ایک کے ایک بچے ہوتے رہے، اللہ نے آٹھ بچے، پانچ بیٹے اور تین بیٹیاں مجھے دیں، اس بیچاری کے لئے زندگی میں ایک پاؤ گھی یا کوئی چیز میں نہ لا سکا، زمین بھی رفتہ رفتہ میں نے شراب میں بیچ دی، میری بیوی بیچاری بچوں کا پیٹ پالنے کے لئے مزدوری کرتی، بعد میں اس نے کچھ پیسے جمع کر کے گاؤں میں سبزی کی دوکان کھول لی، تقریباً تیس سال اس طرح گزر گئے، میری بیوی بیچاری میرے بچوں کو بھی پالتی اور مجھے بھی کبھی وہاں سے اٹھا کر لاتی کبھی یہاں سے، میری شراب نے اس کی زندگی کو دوزخ بنا رکھا تھا، میں شراب پی کر اس کو مارتا بھی تھا، ہمارے گاؤں میں ایک حافظ صاحب مدرسہ چلاتے تھے، ایک رات میری گھر والی مجھے تالاب کے کنارے سے شراب میں دھت اٹھا کر لائی، صبح کو وہ بیچاری حافظ صاحب کے پاس جا کر بہت روئی اور ان سے کوئی تعویذ شراب چھڑانے کا دینے کو کہا، حافظ صاحب نے کہا ہمارے حضرت ہیں ہم تمہیں ان سے ملوائیں گے اور دعا کروائیں گے، وہ تعویذ تو دیتے نہیں دعا کرتے ہیں، مالک کے پیارے بندے ہیں وہ ان کی دعا سنتا ہے، ہمیں امید ہے یہ شراب چھوڑ دے گا، مگر پھر تم سب لوگوں کو مسلمان ہونا پڑیگا، اس بیچاری نے کہا اس کی شراب چھڑا دو تم ہمیں مسلمان چھوڑ اپنا بھنگی بنا لینا، حافظ صاحب نے حضرت صاحب (مولانا محمد کلیم صدیقی) کو فون کیا اور پھلت اس عورت کو لے کر آنے کی اجازت چاہی، مولانا نے اسے لے کر آنے کی اجازت تو نہیں دی، لیکن فون پر حافظ صاحب کو پھلت بلایا، حافظ صاحب نے میری گھر والی کی ساری پریشانی بتائی، مولانا صاحب نے کہا، ایک انسان کی حیثیت سے سب لوگوں کے دکھ درد بانٹنا ہماری ذمہ داری ہے، مگر آپ کو یہ نہیں کہنا چاہئے تھا کہ تمہیں مسلمان ہونا پڑے گا، اس کی پریشانی ختم ہو جائے تو اسے آخرت کی پریشانی سے بچانے کیلئے دعوت دینا چاہئے، مولانا

صاحب نے کہا ہم دعا کریں گے، اللہ تعالیٰ اس غریب کے حال پر رحم فرمائے اور مشورہ دیا ہمارے ایک جاننے والے ڈاکٹر وی پی اگروال شنکر کلینک کے نام سے مظفر نگر میں کلینک چلاتے ہیں، وہ شراب چھڑانے کی دوا دیتے ہیں، وہ میرے پاس آئے تھے انھوں نے مجھ سے کہا، اگر کوئی دین کا نفع ہو تو میں دوا کے پیسے نہیں لوں گا، آپ ان سے ملنے چلے جائیں، ان سے میرا سلام کہیں اور میرا نام لے کر دوا لے آئیں، وہ کم پیسے لیں گے، حافظ صاحب مظفر نگر گئے ڈاکٹر صاحب مولانا کا نام سن کر بہت خوش ہوئے اور پندرہ دن کی دوا دی اور بہت کوشش کے باوجود دوا کے پیسے نہیں لئے اور بولے مولانا صاحب دین کا بڑا کام کر رہے ہیں، کیا ہم ان کے اتنے کام بھی نہیں آسکتے، حافظ صاحب نے دوا لاکر میری بیوی کو دی اور بتایا کہ حضرت نے دعا کرنے کو کہا ہے اور یہ دوا کھلانے کو بھی کہا ہے، میری بیوی نے چائے دودھ میں وہ دوا دی ۱۰/ روز میں میری شراب چھوٹ گئی، یکم جنوری ۱۹۹۶ء کو حافظ صاحب مجھے اور میری بیوی کو مولانا صاحب سے ملوانے سونی پت لے کر گئے، وہاں ہر مہینے کی پہلی تاریخ کو مولانا صاحب آتے ہیں، بہت بھیڑ تھی بڑی مشکل سے حضرت سے الگ وقت لے کر ہمیں ملوایا، میری گھر والی حضرت کے پاؤں پر گر گئی اور بولی حضرت جی! آپ تو ہمارے بھگوان ہیں، مولانا صاحب بہت پریشان ہوئے اس کو اٹھوایا اور سمجھایا کہ بس بھگوان اور خدا تو وہی ہے جس نے ہم سب کو پیدا کیا، اسی کا کرم ہے کہ اس نے آپ کو پریشانی سے نکالا، مولانا صاحب نے ہم سے کہا، جس طرح شرابی کو نشہ میں اپنی خرابی اور برائی کا پتہ نہیں ہوتا، اسی طرح باپ دادوں سے ملے غلط راستوں میں بھی انسان کو اپنی برائی کا احساس نہیں ہوتا، شراب کی برائی سے کروڑوں گنا برائی ہے کہ اس اکیلے مالک کے علاوہ کسی کو بھگوان یا خدا سمجھنا یا کسی اور کی پوجا کرنا اور کسی کے سامنے اپنا ماتھا رکھنا، حافظ صاحب

نے کہا کہ یہ لوگ کلمہ پڑھنے کے لئے آئے ہیں، مولانا صاحب نے کہا کہ شراب اب تو چھوٹ گئی، اب آپ کو ان کو شرابیوں کی سنگتی (صحبت) سے بچانا ہے، اب اس کیلئے کلمہ پڑھنے کی ضرورت نہیں، حافظ صاحب نے تاؤ میں کہہ دیا ہوگا کہ مسلمان ہونا پڑے گا، البتہ اپنے مالک کو راضی کرنے اور مرنے کے بعد ہمیشہ کی نرک سے بچنے کے لئے اسلام لاکر مسلمان ہونا ضروری ہے اور یہ فیصلہ انسان کو اندر سے اپنی مرضی سے کرنا چاہئے، وہ بولی نہیں۔ جی ہماری آتما کہتی ہے کہ آپ کی بات سچی ہے، اب یہ اگر شراب نہ بھی چھوڑے، آپ ہمیں مسلمان بنالو، حضرت صاحب نے ہمیں کلمہ پڑھوایا، میرا نام علاء الدین رکھا، میری بیوی کا نام فاطمہ اور بیٹوں کا محمد علیم، محمد سلیم، محمد کلیم، محمد نعیم، محمد تسیم اور بیٹیوں کا شمیمہ، سارہ، ذکیہ، نام رکھ دیئے، میری بیوی کو مشورہ دیا کہ ان کو جماعت میں بھیج دو، قرآن کو اللہ کا دھیان اور ڈر پیدا ہو جائے گا، پھر ان کو دوا دوبارہ پلانی نہیں پڑے گی، اس نے معلوم کیا کہ کتنا خرچ ہوگا؟ مولانا صاحب نے بتایا کہ خرچ زیادہ نہیں ہوگا، ایک ہزار روپئے کافی ہوں گے، میری بیوی نے آٹھ سو روپئے مولانا صاحب کو دیئے اس کو آج ہی بھیج دو اور دو سو روپئے کا اور انتظام کر دوں گی۔

سوال: جماعت میں کہاں آپ کا وقت لگا؟

جواب: پہلے میں مولانا صاحب کے ساتھ پھلت گیا، پھر میرٹھ جا کر کچہری میں سرٹیفکٹ بنوایا اور پھر مرکز نظام الدین سے بہرائچ جماعت میں وقت لگایا، بہار کے ایک مولانا صاحب امیر تھے، انھوں نے مجھ پر بہت محنت کی اور ایک چلہ میں مجھے پوری نماز یاد کرا دی، کھانے سونے کے آداب اور چھ نمبر ہیں ان کو خوب اچھی طرح میں سنانے لگا۔

سوال: اس کے بعد آپ نے گاؤں میں جا کر کیا کیا؟ آپ کے خاندان کے لوگوں نے مخالفت نہیں کی؟

جواب: شروع شروع میں لوگ خوش تھے، روز یہاں پڑا ہے وہاں پڑا ہے، اس سے بچ گیا، مگر کچھ دنوں کے بعد پریوار کنبہ والے پریشان کرنے لگے، حافظ صاحب کو ستانے لگے، حضرت صاحب کے مشورہ سے ہم نے گاؤں چھوڑ دیا، ایک مدرسہ میں چوکی داری کی اور ایک پرچون کی دوکان کر لی، بچوں کو مدرسہ میں داخل کر دیا، میری بیوی نے کچھ تو حافظ صاحب کی بیوی کے پاس جا کر گاؤں میں نماز سیکھ لی تھی، اب یہاں اسے پوری نماز یاد ہوگئی۔

سوال: آپ کے بچوں کی تعلیم کا کیا ہوا؟

جواب: بچے الحمد للہ حافظ ہو گئے ہیں، ایک بچہ مولویت میں پڑھ رہا ہے، تین ابھی اسکول ہی میں ہیں اور لڑکیاں تینوں مولویت کے مدرسہ میں حضرت صاحب کے مشورہ سے داخل کرا دی ہیں، میرا دوسرا بیٹا سلیم درمیان میں پڑھائی سے بھاگ گیا، شیطان نے اسے بہکا دیا، میری بیوی کو سب سے زیادہ اس سے محبت ہے، وہ محبت میں پاگل سی ہو رہی تھی، میں نے کئی لوگوں سے تعویذ بھی منگایا کاندھلہ سے کسوری بھی لکھوا کر لایا مگر نہ آیا، کسی نے میری بیوی کو بتا دیا کہ اس کو تو تمہارے خاندان والوں نے مار دیا بس اسکا حال اور بھی زیادہ خراب ہو گیا، پریشان ہو کر میں حضرت صاحب کے یہاں پھلت گیا، حضرت صاحب نے کہا یہ تعویذ تو پرانے کمزور اور بیمار مسلمانوں کیلئے ہوتے ہیں، میرے بھائی آپ نئے اور تازہ ایمان والے ہیں یہ سوچ کر میرے اللہ ہر چیز پر قادر ہیں اور وہ میری دعا ضرور سنیں گے، دو رکعت صلوٰۃ الحاجت پڑھ کر دعا کیجئے، کہا کہ آپ کو جماعت میں نہیں بتایا گیا تھا کہ صحابہ دو رکعت پڑھ کر اپنے اللہ سے ہر کام کرا لیتے تھے میں نے پھلت جامع مسجد میں جا کر عشاء کے بعد دو رکعت صلوٰۃ الحاجت پڑھی اور خوب دعا مانگی یا اللہ صحابہ کے رب آپ ہی تھے اور ہم گندوں کے بھی آپ ہی رب ہیں

اور دینے والے کرنے والے آپ ہی ہیں۔ لینے والا ہی تو بدلا ہے، دینے والے تو آپ اپنی شان کی طرح ہمیشہ سے ہیں اور ہمیشہ رہیں گے، ہمارے بچے کو خیریت سے بھیج دیجئے خوب رو رو کر دعا مانگی، میں تو اللہ میاں آپ سے اپنے بچے کو بلوا کر رہوں گا، کبھی سجدے میں پڑتا کبھی بیٹھ کر دعا کرتا، میرے اللہ کو مجھ پر ترس آ گیا وہ تو سننے والا ہے کوئی مانگنے والا تو ہو، صبح آٹھ بجے مولانا صاحب نے بتایا کہ علاء الدین مبارک ہو تمہارے گھر سے فون آیا ہے، تمہارا بچہ سلیم تمہارے گھر آ گیا ہے، میں نے خوشی میں اپنی جیب کے سارے پیسے، ایک تایا ہوا تھا اس کو صدقہ کر دیئے اور کرایہ ادھار لیکر گھر پہنچا، الحمد للہ بچہ موجود تھا، اس کے بعد اس کا پڑھائی میں دل لگ گیا اور اس نے اس سال محراب سنائی، پورے قرآن مجید میں سات غلطیاں آئیں، احمد بھائی مولانا صاحب، بس یہ میرے اللہ کا کرم ہے، کہاں میں کافر اور میرے بچے حافظ ہو گئے، اب دوسری بچی سارہ کو بھی اس سال حفظ شروع کرا دیا ہے۔

سوال: اب آج کل آپ کہاں رہ رہے ہیں؟ ہنڈی گرام کا آپ ذکر کر رہے تھے، وہاں کیوں رہ رہے ہیں؟

جواب: حضرت صاحب نے مجھے کلکتہ کے ایک ٹھیکیدار کے ساتھ کام پر لگا دیا تھا پہلے تو میں مزدوری کرتا تھا، بعد میں اس نے مجھے اسٹور کیپر بنا دیا، نو مسلم ہونے کی وجہ سے وہ میرا بہت خیال رکھتے ہیں، ہنڈی گرام میں ایک فیکٹری کا انھوں نے ٹھیکہ لیا مجھے بھی وہاں لے گئے اللہ کا کرنا وہاں پر فساد ہو گیا، پچھلے دنوں اخبار، ریڈیو، ٹی وی پر روز وہاں کے جھگڑے کی خبر تھی، کتنے لوگ پولس کی گولی سے مارے گئے، میں بہت پریشان ہوا، ایک سال سے میری بدقسمتی کہ میں حضرت صاحب کو کوئی فون بھی نہ کر سکا حالانکہ میں سچے دل سے ان کا مرید ہوں، جب وہاں حالات زیادہ خراب ہوئے اور ہم

بہت پریشان ہوئے تو میری بیوی نے حضرت صاحب سے دعا کرنے کو کہا، میں نے بہت کوشش کی ایک ہفتہ کے بعد فون ملا مولانا صاحب سفر پر تھے مولانا صاحب نے کہا دو رکعت پڑھ کر صحابہ کی طرح دعا کو کیوں بھول گئے؟ میں نے کہا ابھی میری دعا میں کیا رکھا ہے، آپ دعا کیجئے، حضرت صاحب نے فرمایا کہ میں بھی دعا کروں گا، دینے والا وہ اکیلا ہے کیا تمھاری دعا اس نے سنی نہیں، میں نے کہا اچھا آج ہی دعا کروں گا، میں نے عشا کے بعد پھر مسجد میں خوب دعا کی میرے اللہ نے سن لی، ایک دم ایسا امن ہو گیا کہ جیسے کسی نے پانی ڈال دیا ہو، میں نے اپنے ساتھیوں سے کہہ دیا تھا کہ آج رات کو دعا کروں گا اور انشاء اللہ کل سے حالات ٹھیک ہو جائیں گے میں صحابہ کی طرح اپنے اللہ سے منواؤں گا، مانگنے والا تو بدلا ہے دینے والا تو وہی ہے جو صحابہ کی سنتا تھا، اس دن سے سارے ساتھی میری بہت عزت کرنے لگے، میں نے کہا بھی کہ میں نے حضرت صاحب کا حکم سمجھ کر دعا کی ہے ورنہ اصل میں تو حضرت صاحب نے دعا کی ہے، میرا تو دعا پر یقین بنانے کے لئے مولانا صاحب نے مجھے حکم کیا ہے، مولانا صاحب سے میں نے فون پر بتایا کہ اللہ نے امن کر دیا اور ساتھی میرے بہت معتقد ہو رہے ہیں، حضرت صاحب نے کہا اگر کچھ غیر مسلم بھی ہوں تو فائدہ اٹھاؤ وہ تمھاری بات محبت سے سنیں گے، ان کو دوزخ سے بچا کر ایمان میں لانے کی فکر کرو میں نے بات کرنی شروع کی اللہ کا شکر ہے کہ چار مزدور، ایک راج (معمار) اور ایک پلمبر مسلمان ہو گئے ہیں۔

سوال: منڈی کرام میں تم نے مستقل رہائش کر لی ہے؟

جواب: میں نے الحمد للہ ایک پلاٹ خرید لیا ہے، کچھ پیسے جمع بھی کر لئے ہیں، اللہ کو منظور ہوگا اور میری قسمت میں وہاں کا دانہ پانی ہوگا تو اللہ گھر بھی بنوا دیں گے۔

سوال: جماعت کا کام بھی وہاں کرتے ہو یا نہیں؟

روزانہ کی تعلیم اور مسجد کا گشت یہاں میں نے شروع کر دیا ہے اور لوگ جڑ رہے ہیں۔

سوال: ارمغان کے قارئین کے لئے کچھ خاص بات، کوئی پیغام آپ دیں گے؟

جواب: احمد بھائی مولانا صاحب، پوری دنیا ہدایت کی پیاسی ہے، مجھ گندے کو دیکھیں شراب جیسی نجس چیز ہی میری ہدایت کا ذریعہ بن گئی، ہمیں اپنے نبی کا امتی ہونے کا حق ادا کرنا چاہئے، ساری دنیا کے انسان ہمارے نبی ﷺ کے امتی ہیں، ان کو غیر سمجھ کر ہم نے ان تک دین نہیں پہنچایا، یہ بہت بڑا ظلم ہے، مسلمان کو ظالم نہیں ہونا چاہئے، ان تک ان کی امانت نہ پہنچانا بہت بڑا ظلم ہے، ہمیں اپنی سی کوشش لوگوں کو دوزخ سے بچانے کی ضرور کرنی چاہئے۔

سوال: بہت بہت شکریہ علاء الدین بھائی، السلام علیکم

جواب: وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ، احمد بھائی مولانا صاحب۔

اللہ حافظ۔

مستفاد از ماہنامہ ارمغان، جنوری ۲۰۰۸ء

جناب محمد اکبر (جتیندر کمار) سے ایک ملاقات

ابھی کچھ روز پہلے ہمارے علاقے میں ایک لالہ جی (رام جی لال گپتا) اسلام میں آئے ہیں، انھوں نے رام مندر بنانے اور بابری مسجد شہید کرنے میں ۲۵ لاکھ روپے اپنی جیب سے خرچ کیے، اللہ کو ان پر ترس آ گیا، شاید وہ رام مندر کو اللہ کی رضا کا ذریعہ سمجھ کر بنوانے کی کوشش کر رہے تھے، اللہ کو ان پر پیار آ گیا، ان کا اکیلا جوان بیٹا ایکسیڈنٹ میں مر گیا، دکان میں آگ لگ گئی، خود بھی بیمار رہنے لگے، ان حادثوں سے دل میں خیال آیا کہ کچھ غلطی ہوئی ہے تو دل میں آیا کہ مالک کا گھر ڈھایا ہے، اسلام پڑھنا شروع کیا، مسلمان ہونا چاہتے تھے، لوگ ڈر کی وجہ سے ان سے ملتے نہیں تھے، کلمہ پڑھوانے کو تیار نہیں تھے، حضرت مولانا محمد کلیم صاحب صدیقی نے ایک ساتھی ماسٹر محمد عامر صاحب (جو خود بابری مسجد کی شہادت میں سب سے پہلے کدال چلانے والے تھے) کو بھیجا، کلمہ پڑھوایا، اب ۲۵ لاکھ روپے خرچ کر کے ایک مسجد اور مدرسہ بنوا رہے ہیں، مولانا احمد صاحب ایک بیٹا اور کچھ مال اور صحت کھو کر ایمان آ گیا تو اس کو آپ اللہ کا پیار کہیں گے یا اللہ کا غضب؟

مولانا احمد اوّاہ ندوی

احمد اوّاہ : السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ

محمد اکبر : وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ

احمد : بھائی محمد اکبر میرا نام احمد ہے، میں حضرت کا بیٹا ہوں ہمارے یہاں سے ایک ماہنامہ نکلتا ہے، ارمغان کے نام سے ایک اردو میگزین ہے، اس میں اسلام قبول کرنے والے نئے بھائیوں کے قبول اسلام کی کہانیاں چھاپی جاتی ہیں تاکہ مسلمانوں میں اپنے ان بھائیوں کی فکر پیدا ہو جو مسلمان نہیں ہوئے اور جو جہنم کی آگ کے راستے

سے نرک کی طرف جا رہے ہیں اور دوسرے غیر ایمان والے بھائیوں کے لئے بھی اسلام کی طرف آنے کا ذریعہ ہے، مجھے ابی نے آپ کے پاس بھیجا ہے کہ میں آپ سے انٹرویو لوں، کیا آپ اس وقت کچھ باتیں بتائیں گے؟

جواب: بھائی احمد صاحب! آپ شاید مولانا صاحب ہیں، مجھے معاف رکھئے، ایک تو میں اس لائق کہاں ابھی مجھے مسلمان ہوئے چند دن ہوئے ہیں، مجھے تو ابھی اس میں بھی شک ہے کہ میں مسلمان ہو بھی گیا ہوں یا نہیں دوسری بات یہ ہے کہ اب میں نے اپنے آپ کو حضرت کو سونپ دیا ہے دس دن معطل رہنے کے بعد کل اللہ نے کرم کیا کہ ملاقات ہوئی، ایک روز سرسری ملاقات ہوئی تھی، حضرت نے مجھ سے کہا تھا، آپ کو سب سے پہلے جماعت میں جانا ہے، اس کے علاوہ کچھ سوچنا بھی نہیں، اب میں حضرت کا تابعدار ہوں، پہلے جماعت میں جاؤں گا پھر کچھ اسلام بھی میرے اندر آ جائے گا، شاید کچھ ایمان بھی بن جائے، تب آنے کے بعد آپ مجھ سے معلومات کر لیجئے۔

سوال: نہیں نہیں! اکبر بھائی! میں تو آپ کو جانتا بھی نہیں، ابی نے ہی مجھے بھیجا ہے، میں آپ سے جھوٹ تھوڑی بول رہا ہوں؟

جواب: نہیں مولانا احمد بھائی مجھے معاف کریں، میرے حضرت مجھے کہیں تو میں آپ سے کچھ کہہ سکتا ہوں۔

سوال: اچھا میں فون پر بات کروا دوں؟

جواب: جی اچھا، حضرت سے اجازت دلوا دو (فون کرتے ہیں تو فون بند ملتا ہے) اچھا مولانا وصی صاحب سے بات کروا دوں؟ آپ ان پر تو یقین کریں گے، ہاں وہ بھی تو حضرت سے ملوانے گئے تھے ٹھیک ہے ان سے بات کروا دیں، مولانا وصی صاحب کا فون مل جاتا ہے مولانا صاحب آپ نے مجھے اکبر کا انٹرویو لینے کے لئے بھیجا تھا مگر یہ تو

کر رہے ہیں، آپ ذرا ان سے بات کر لیجئے۔

جواب: جی مولانا صاحب، حضرت نے ہمیں کہا تھا پہلے جماعت میں جانا، اس سے پہلے کچھ سوچا بھی نہیں، اب ہم حضرت کے حکم کے بغیر کیسے کچھ کریں؟

سوال: حضرت سے بات ہوگئی تھی، ان کو حضرت نے ہی بھیجا ہے، آپ ان کو انٹرویو دیدیں، میں ذمہ دار ہوں۔

جواب: جی اچھا۔

سوال: مولانا دیکھیے برا مت مانئے گا، جب آدمی نے اپنے آپ کو کسی کے سپرد کر دیا تو مکمل سپرد کرنا چاہئے، اس سے اللہ اور اس کے رسول کے حکم کے سامنے ادھین کرنا (سپرد کرنا) آئے گا، اب آپ بتائیے کیا معلوم کرنا چاہتے ہیں؟

سوال: آپ اپنا خاندانی تعارف کرائیے؟

جواب: میرا نام جتندر کمار تھا، میں لکھنؤ کے قریب یوپی کے ہردوئی ضلع کے ایک گاؤں میں ۲۲ سال پہلے پیدا ہوا، میرے والد کسان تھے، ابتدائی تعلیم اسکول میں ہوئی، ہائی اسکول کیا، انٹر مکمل کرنے سے پہلے تعلیم چھوڑ دی، میرے بھائی بہن اور بڑا خاندان ہے۔

سوال: اپنے قبول اسلام کا واقعہ ذرا تفصیل سے سنائیے؟

جواب: ہمارے قصبہ اور علاقہ میں مسلمان ہیں مگر نام کے اور بدعتی اکثر ہیں، لیکن کچھ مسجدوں میں تبلیغ کا کام ہوتا ہے، وہاں مسجد میں جب نماز ہوتی تو صبح اور رات کو امام صاحب زور زور سے قرآن مجید پڑھتے تھے، میں ایک روز مسجد کے پاس سے گذر رہا تھا تو مجھے قرآن کی آواز آئی، آواز اتنی اچھی تھی کہ میں دروازے کے باہر کھڑا ہوگیا، دیر تک سنتا رہا، صبح کو گھر سے جب اپنے گھر کی طرف جاتا تھا تو صبح کو امام صاحب لمبی نماز

پڑھاتے، قرآن کی آواز میرے دل کو بہت چھوتی تھی، کئی بار میری آنکھوں سے آنسو بہتے تھے، میرے دل میں اندر سے کوئی کہتا تھا کہ یہ کس قدر سچا کلام ہے، جو دل پر اتنا اثر کرتا ہے، بغیر سمجھے اس کا جب اتنا اثر ہے تو یہ مسلمان جب سمجھتے ہوں گے تو ان پر کیا حال ہوتا ہوگا، ہماری مسجد میں جماعت والے گشت کرتے تھے، میں نے ایک حافظ صاحب کو گشت میں روکا اور کہا کہ حافظ صاحب جماعت کا کام تو بہت پرانا ہے، یہ تو حضرت محمد صاحب (ﷺ) کے زمانے سے ہے، کیا حضرت محمد صاحب خود دیکھ کر بلاتے تھے اور اسلام کی بات بتاتے تھے کہ مسلمان کو دیتے ہوں اور عیسائیوں اور ہندوؤں کو یا وہاں یہودی ہوتے ان کو نہ دیتے ہوں، ہمارے مسلمان ساتھی تو یہ کہتے ہیں کہ اس وقت شروع میں تو کوئی مسلمان تھا ہی نہیں جو حضرت محمد صاحب تو عیسائیوں اور یہودیوں کو ہی دعوت دیتے ہوں گے۔ آپ ہندوؤں کو کیوں مسجد کی طرف نہیں بلاتے اور انہیں اسلام کے بارے میں کیوں نہیں بتاتے، میں روزانہ قرآن سنتا ہوں تو محبت میں پاگل سا ہو جاتا ہوں، بغیر جانے اور سمجھے جب اس میں اتنا اثر ہے اور آنند (مزہ) آتا ہے تو سمجھ کر مجھے کتنا مزہ آئے گا، وہ بولے ابھی اصل میں مسلمان ہی بگڑے ہوئے ہیں، ہم پہلے ان کو تو سنوار لیں، ہمارے بڑوں کی طرف سے اجازت نہیں ہے، ہاں ہندوستان کے باہر جماعت والے مسلمانوں کے علاوہ سب کو بھی دعوت دیتے ہیں، میں نے ان سے کہا کہ کام تو ہمارے دیش نظام الدین سے چل رہا ہے، مگر ہمارے دیش کے ہندو تو محروم اور باہر دیش کے لوگ فائدہ اٹھا ئیں، اللہ کے سامنے جب جاؤ گے تو کیا وہاں یہ سوال ہوگا کہ ہندوستان کے بڑوں کا کہنا کیوں نہیں مانا، یا یہ سوال ہوگا کہ حضرت محمد ﷺ کی طرح سب کو دعوت کیوں نہیں دی۔

سوال: آپ کو یہ بات کیسے معلوم تھی کہ یہ کام حضرت محمد ﷺ نے کیا اور ان کے زمانے میں کوئی مسلمان نہیں تھا اور یہ کام نظام الدین سے شروع ہوا؟

س: اصل میں ہمارے گھر کے پاس مسجد میں جماعت کا کام ہوتا ہے، ہمارے پڑوس میں کئی لوگ جماعت سے جڑے ہوئے ہیں، سب سے زیادہ میرا اسکول کا ایک ساتھی ہے صدام، وہ جماعت میں لگ گیا ہے اس نے داڑھی بھی رکھ لی ہے، اس سے میری بہت پکی دوستی ہے، اس سے میں ہر وقت اسلام اور جماعت کے بارے میں پوچھتا رہتا ہوں، جب اسے کوئی بات نہ آتی تو حافظ جی سے ملواتا تھا۔

س: کیا وہ آپ کے سب سوالوں کا جواب دیتے تھے؟

ج: وہ سب سوالوں کا جواب نہیں دے پاتے تھے بلکہ ان کے جواب سے میرے دل میں اور سوال کھڑے ہوتے تھے، میں نے ایک بار صدام کو گشت کرتے ہوئے پکڑ لیا، لکھنؤ سے جماعت آئی ہوئی تھی، امیر صاحب بھی گشت میں تھے، میں نے ان سے کہا آپ لوگ صورت دیکھ کر صرف مسلمانوں کو کیوں دعوت دیتے ہو؟ یہ بات ہزاروں ہندو بھائیوں کو کیوں نہیں بتاتے ہو، امیر صاحب نے جواب میں کہا کہ ابھی مسلمان ہی بہت بگڑے ہوئے ہیں، پہلے ہم ان کو سنوار دیں، میں نے کہا کہ جب اللہ کے سامنے مرنے کے بعد کھڑا ہونا پڑے گا تو ہم اللہ سے کہہ دیں گے: مالک! یا تو آپ ہمیں اچھے محبوب نبی کے زمانے میں پیدا کرتے نہیں تو پھر آپ ہمارے ساتھیوں کو پکڑیں، یہ صدام اور جماعت والے ہمارے ساتھ رہتے ہیں، ہمارے محلہ میں تبلیغ کا کام کرتے ہیں مگر ہمیں نہیں بتاتے، ہماری کیا خطا؟ جب آپ نے ہمارے لئے بتانے والوں کا انتظام نہیں کیا۔ ہمیں یقین ہے یا تو آپ ہمیں اسلام کے بارے میں بتایئے ورنہ اللہ ہمارے بدلے آپ کو پکڑیں گے، امیر صاحب مولانا صاحب تھے، انھوں نے کہا، اس کے لئے ہمارے دوسری جماعت والے کام کر رہے ہیں، آپ ایسا کریں موقع لگا کر پھلت چلے جائیں، وہاں پر مولانا کلیم صاحب اسی ضلع کے رہنے والے ہیں، مدرسے جا کر ان سے مل

جائیں، وہاں پر مولانا وصی صاحب اسی ضلع کے رہنے والے ہیں، مدرسے جا کر ان سے مل لیں، وہ آپ کو مولانا کلیم صاحب سے ملوا دیں گے، میں نے ان سے پتہ معلوم کیا اور اگلے روز ماتا پتا سے کہہ کر کہ ہم جماعت میں جا رہے ہیں چلا آیا۔

سوال: کیا ان کو معلوم تھا کہ آپ مسلمان ہونے کے لئے جا رہے ہیں؟

جواب: نہیں ان کو معلوم نہیں ہے کہ جماعت کیا ہوتی ہے، البتہ وہ سمجھتے ہیں یہ کوئی بھلا کام ہے، یہ لوگ نماز کی طرف مسلمانوں کو بلاتے ہیں۔

سوال: اس کے بعد کیا ہوا؟

جواب: میں پھلت آیا، مولانا وصی صاحب سے ملا، ... "آپ کی امانت" کتاب دی وہ میں نے چار ... سے حضرت مولانا وسیم صاحب، ... کو دیس میں باہر ... انھوں نے مجھے کلمہ پڑھوایا اور قاری صاحب کو بلا کر سپرد کیا کہ ان کو نماز اور قاعدہ وغیرہ پڑھاؤ، میں نے پڑھنا شروع کیا، الحمدللہ ۱۵ روز میں قاعدہ ... لیا، نماز یاد کر لی۔

حضرت کے لگاتار سفر کی وجہ سے میں شدت سے ان سے ملنے کے لئے بے چین تھا، میں نے محسوس کیا کہ حضرت سے ملنے کے لئے وہاں رہنے والے بھی لوگ ایسا انتظار کرتے ہیں جیسے جانور اپنے چارہ ڈالنے والے مالک کا، خانقاہ میں رہنے والے بھی مسلمانوں کا حال بھی دیکھا، کتنی مشکل سے کوئی پہنچا، کسی نے بے عزت کر دیا، کسی نے مار کھائی، مگر حضرت سے مل کر جیسے دھوپ سے چھاؤں میں آ گیا ہو، چاہے ہفتوں میں ملاقات ہو مگر ایک ملاقات کے بعد جیسے سارے زخموں پر مرہم نہیں، سارے زخم ٹھیک ہو گئے ہوں، ہر آدمی حضرت کے بارے میں یہ سوچتا ہے کہ مجھ سے زیادہ کسی کو نہیں چاہتے، دو ہفتوں کے بعد حضرت پھلت آئے، اندر ایک ایک کو بلایا، مجھ سے حال پو

اچھا لگنے لگا اور بار بار گلے لگایا اور جماعت میں جانے کا پروگرام بنایا۔ صبح کو میں نے قانونی کاغذات بنوائے، وکیل نے مجھ سے پوچھا تمہارا اسلامی نام کیا ہے؟ حضرت نے تو بتایا تھا کہ نام بدلنا کچھ ضروری نہیں، ہمارے نبی ﷺ سب کے نام نہیں بدلتے تھے ہم بدلنا چاہو تو جو نام تمہیں اچھا لگے رکھ لینا، میں نے وکیل صاحب سے کہا مجھے اذان میں اللہ اکبر بہت اچھا لگتا ہے، کیا محمد اکبر میرا نام ہو سکتا ہے۔ انھوں نے کہا مسلمانوں کا نام محمد اکبر ہوتا ہے، اکبر بادشاہ کا نام تو آپ نے سنا ہوگا، میں نے کہا تو بس اذان سے نام ہو جائے گا، موذن سب کو نماز کے لئے بلاتا ہے، اس دعوت میں میرا نام آیا کرے گا، آپ میرا نام محمد اکبر رکھ دو۔

سوال: آپ نے آنے کے بعد گھر فون نہیں کیا؟

جواب: اصل میں حضرت نے بھی فون پر ماں سے بات کرنے اور تسلی دینے کے لئے کہا تھا مگر مجھے ڈر لگا کہ ابھی میرا ایمان کمزور ہے اور مجھے اپنی ماں سے بے حد محبت ہے، کہیں میں اپنی ماں سے بات کروں وہ رونے لگیں میرا دل پگھل جائے اور میرا من جانے کو چاہنے لگے اور پھر وہاں جا کر ایمان خطرے میں پڑ جائے، اس لئے بہت یاد آنے کے باوجود میں نے اپنی ماں کو فون نہیں کیا، اب جماعت میں سے آ جاؤں گا تو پھر گھر جا کر مجھے سب گھر والوں کو اسلام کی دعوت دینی ہے۔

سوال: آپ کیا سمجھتے ہیں کہ وہ آپ کی مخالفت نہیں کریں گے اور آپ پر مشکل نہیں آ جائے گی؟

جواب: زیادہ امید تو نہیں ہے، میرے گھر والے بہت اچھے لوگ ہیں، اسلام سے محبت بھی رکھتے ہیں، پھر میں شروع میں ان کو حضرت کی کتاب "آپ کی امانت" پڑھواؤں گا، میں جا کر ایک ہزار چھپواؤں گا، یہ کتاب ایسی محبت بھری، دل اور دماغ کو

چھوڑنے والی ہے کہ سچ مچ سے آدمی اس کو پڑھ لے تو مسلمان ہونے کے لئے انکار کرنے کو اسے سو بار سوچنا پڑے گا، مجھے امید ہے گھر والے اسلام میں ضرور آ جائیں گے اور اگر مخالفت ہوگی تو ہوا کرے ہمارے قاری صاحب نے ہمیں صحابہ کے قصے سنائے، میں نے فضائل اعمال ہندی میں پڑھی ہیں، جب ہمارے صحابہ نے قربانیاں دی ہیں تو ہم بھی رہیں گے اس راہ میں، اگر جان بھی چلی گئی تو پھر جان کی قیمت بن جائے گی مرنا تو ہے ہی، ایک تو مفت میں جان دینا ہے اور ایک ہے جان کی قیمت پالینا وہ بھی جنت میں جانے کے لئے اور پیارے نبی سے ملنے کے لئے، ابھی جب اپنے اندر سے ٹٹولتا اور تولتا ہوں میرا دل یہ کہتا ہے کہ اگر اللہ کی محبت میں، دعوت کی راہ میں اللہ کے بندوں کو دوزخ سے بچانے کے غم میں جان دینا یوں ہی مرنے سے کتنا اچھا لگے گا اور کتنا مزا آئے گا۔

سوال: ماشاء اللہ، اللہ تعالیٰ ہمیں بھی یہ جذبہ عطا فرمائیں؟

جواب: مولانا احمد صاحب اصل بات یہ ہے کہ ہم ہی ڈرتے ہیں ورنہ پوری دنیا پیاسی ہے، ہمارے علاقہ میں بس حضرت مولانا کے جاننے والے دو تین لوگ ہیں جو لوگوں کو کلمہ پڑھوا دیتے ہیں، ۲۵ لوگ ہمارے علاقے میں پچھلے سال سے اب تک کلمہ پڑھ چکے ہیں مگر سینکڑوں تیار ہیں یہ لوگ بھی ذرا ڈر ڈر کر کلمہ پڑھواتے ہیں اکثر تو مصلحت جانے کے لئے ہی کہتے ہیں، ہمارے علاقہ میں اکثر لوگ بدعتی اور قبر پرست ہیں نماز تک نہیں پڑھتے۔

سوال: آپ کو یہ کیسے معلوم ہوا کہ یہ بدعت غلط چیز ہے؟

جواب: یہ چیز آدمی کو اپنی عقل سے بھی غلط لگتی ہے، اللہ کے علاوہ کسی کو تو پوجنا تو اسلام ہے، اب قبر کو پوجنا کیسے صحیح ہو جائے گا، میں تو بدعتی مسلمانوں سے کہتا تھا تم میں ہم میں کیا فرق ہے، ہم تم سے پھر بھی صحیح ہیں کہ ہمارے سامنے وہ دکھ رہا ہے، تم جس قبر والے

کو پوج رہے ہو تو کیا خبر وہ آدمی کی قبر ہے یا گھوڑے کی، لکھنؤ میں ایک گھوڑے شاہ پیر تھے، بہت دنوں تک ان کا عرس ہوتا رہا بعد میں معلوم ہوا کہ وہ کسی نواب کا گھوڑا تھا، یہ تو میں ان سے کہتا ہوں تم سے ہم صحیح ہیں مگر ظاہر ہے مورتی پوجا کس طرح صحیح ہو سکتی ہے، جس کو ہم نے ہاتھوں سے بنایا تو ہم بنانے والے ہوئے، وہ خود ہماری پوجا کرے، بنانے والے کی پوجا کی جاتی ہے، میں اسلام لانے سے پہلے بھی اپنے ہندو بھائیوں سے کہتا تھا کہ وہ بھگوان کیسا بھگوان ہے جو شرمگاہ کی پوجا کروانے کو کہے، عقل پر پردے پڑ جاتے ہیں، ورنہ ذرا آدمی عقل پر زور ڈالے تو اس اکیلے کے علاوہ کون پوجا کے لائق ہو سکتا ہے۔

سوال: اسلام میں آ کر آپ کیسا محسوس کر رہے ہیں، آپ کو اسلام کی کیا بات اچھی لگی؟

جواب: اسلام کی کون سی ایسی بات ہے جو اچھی نہ لگے، ہمارے نبی ﷺ کی تو چھوٹی سے چھوٹی سنت بھی ایسی نہیں کہ آدمی اس پر غور کرلے اور صرف اسی کو دیکھ کر مسلمان نہ ہو جائے سب سے بڑی بات یہ ہے کہ اسلام پوری زندگی گزارنے کا مکمل طریقہ ہے، یہ نہیں کہ دھرم کو مندر تک رکھا جائے اور اپنے کاروبار، پریوار میں من مانی کرے، بلکہ اسلام نے پوری زندگی گزارنے کا طریقہ بتایا ہے اور طریقہ بھی ایسا پیارا کہ بس آدمی دیوانہ ہو جائے۔

سوال: ماشاء اللہ، اللہ نے آپ کے لئے خاص ہدایت کے دروازے کھول دیئے ہیں، جماعت سے آنے کے بعد آپ کا کیا ارادہ ہے؟

جواب: جماعت سے واپس آنے کے بعد میرا ارادہ اپنے گھر جا کر کام کرنے کا ہے، میرا ارادہ مسلمانوں میں بھی کام کرنے کا ہے، خصوصاً بدعتی مسلمانوں میں کام کرنے کا ہے اور پھر اپنے ہندو بھائیوں میں کام کرنے کا، ہمارے علاقہ میں بہت بھولے اور سچے

لوگ ہیں سو دو چار جیالے بس اپنے کو کچھ دنوں کے لئے کھپا دیں، تو بس پورا علاقہ دوزخ سے بچ جائے گا۔ ابھی کچھ روز پہلے ہمارے علاقے میں ایک لالہ جی اسلام میں آئے تھے۔ انھوں نے رام مندر بنانے اور بابری مسجد شہید کرنے میں ۲۵ لاکھ روپے اپنی جیب سے خرچ کئے۔ اللہ کو ان پر ترس آ گیا، شاید وہ رام مندر کو اللہ کی رضا کا ذریعہ سمجھ کر بنوانے کی کوشش کر رہے تھے۔ اللہ کو ان پر پیار آ گیا۔ ان کا اکیلا جوان بیٹا ایکسیڈنٹ میں مر گیا۔ دوکان میں آگ لگ گئی خود بھی بیمار رہنے لگے۔

سوال: آپ اس کو اللہ کا پیار کہہ رہے ہیں؟

جواب: جی مولانا احمد صاحب، ان حادثوں سے دل میں خیال آیا کچھ غلطی ہوئی ہے تو دل میں آیا کہ مالک کا گھر ڈھایا ہے اسلام پڑھنا شروع کیا۔ مسلمان ہونا چاہتے تھے لوگ ڈر کی وجہ سے ان سے ملتے نہیں تھے کلمہ پڑھوانے کو تیار نہیں تھے، حضرت مولانا کلیم صدیقی نے ایک ساتھی کو بھیجا کلمہ پڑھوایا۔ ایک مسجد بنوا رہے ہیں، اس کے ساتھ مدرسہ بھی۔ مولانا احمد صاحب ایک بیٹا اور کچھ مال اور صحت گنوا کر ایمان آ گیا تو اس کو آپ اللہ کا پیار کہیں گے یا اللہ کا غضب۔

سوال: واقعی آپ سچ کہتے ہیں۔

جواب: مجھ سے کئی مسلمان بھائیوں نے کہا کہ تو گھر بار چھوڑ کر کیوں جا رہا ہے؟ میں نے جواب دیا دھوکے کا گھر چھوڑ کر ہمیشہ کے جنت کے محل خریدنے جا رہا ہوں اور شاید میں گھر بار نہ چھوڑتا تو مجھے ایمان نہ ملتا۔ میرا گھر بار چھڑانا اللہ کی رحمت ہے پیار ہے یا غصہ؟

سوال: بلاشبہ۔ جزاکم اللہ۔ مسلمانوں کے لئے آپ کچھ پیغام دینا چاہیں گے۔

جواب: ہم کیا پیغام دے سکتے ہیں، ہم تو چھوٹے بچے ہیں، ہمیں تو اپنے ایمان میں بھی شک ہے، ہاں اتنا ضرور کہتے ہیں کہ مرنے سے پہلے اپنے علاقے کے غیر مسلم بھائیوں

کی فکر کریں ورنہ وہ حشر کے میدان میں پکڑیں گے ضرور، وہاں آپ پھنسیں گے، یہ کہنا کہ اسلام کون لائے گا، کل شام پنجاب کے ایک صاحب کا فون آیا تھا حضرت کے پاس، ایک صاحب جو سکھ تھے مسلمان ہوئے، وہ ان کو حضرت سے دوبارہ کلمہ پڑھوا رہے تھے، حضرت نے بتایا کہ کہہ رہے ہیں اس ہفتہ میں یہ سردار جی چالیسویں آدمی ہیں جنھوں نے میرے ہاتھ پر کلمہ پڑھا ہے، ایک ہفتہ میں ایک ایک آدمی چالیس کو کلمہ پڑھوا دے تو چند مہینوں میں دنیا کا حال کیا ہو جائے گا اور میرے لئے اور میرے خاندان کے لئے دعا کریں، خاص طور پر بس ایمان باقی رہے اور میں ڈھیل نہ ہو جاؤں، اس کی خاص دعا کی آپ سے درخواست ہے۔

سوال: بہت بہت شکریہ اکبر بھائی السلام علیکم

جواب: وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ

مستفاد از ماہنامہ ارمغان، مئی ۲۰۰۹ء

جناب سیٹھ محمد عمر (رام جی لال گپتا) سے ایک ملاقات

۶ دسمبر ۱۹۹۲ء میں تو میں خود ایودھیا گیا، میرے ذمہ ایک پوری ٹیم کی کمان تھی، بابری مسجد شہید ہوئی تو میں نے گھر آکر ایک بڑی دعوت کی، میرا بیٹا یوگیش گھر سے ناراض ہو کر چلا گیا، میں نے خوب دھوم دھام سے جیت کی تقریب منائی، رام مندر کے بنانے کے لئے دل کھول کر خرچ کیا، مگر اندر سے ایک عجیب سا ڈر میرے دل میں بیٹھ گیا اور بار بار ایسا خیال ہوتا تھا کوئی آسمانی آفت مجھ پر آنے والی ہے، ۶ دسمبر ۹۳ء آیا تو صبح صبح میری دوکان اور گودام میں جو فاصلے پر تھے بجلی کا تار شارٹ ہونے سے دونوں میں آگ لگ گئی، اور تقریباً دس لاکھ روپے سے زیادہ کا مال جل گیا اس کے بعد سے تو اور بھی زیادہ دل سہم گیا، ۶ دسمبر ۲۰۰۵ء کو میرا لڑکا یوگیش ایک کام کے لئے لکھنؤ جا رہا تھا، اس کی گاڑی ایک ٹرک سے ٹکرائی، میرا بیٹا اور ڈرائیور موقع پر انتقال کر گئے، ہر ۶ دسمبر کو ہمارا پریوار سہما سہما رہتا تھا اور کچھ نہ کچھ ہو بھی جاتا تھا۔

مولانا احمد اوّاہ ندوی

احمد اوّاہ : السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ

محمد عمر : مولوی صاحب! علیکم السلام

سوال : سیٹھ صاحب ابو تین مہینے سے ابی آپ کا بہت ذکر کر رہے ہیں، اپنی تقریروں میں آپ کا ذکر کرتے ہیں اور مسلمانوں کو ڈراتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ اپنے بندوں کی ہدایت کے لئے ہر چیز سے کام لینے پر قادر ہیں۔

جواب : مولوی صاحب، حضرت صاحب بالکل سچ کہتے ہیں، میری زندگی خود اللہ کی

دیا وکرم کی کھلی نشانی ہے، کہاں مجھ جیسا خدا اور خدا کے گھر کا دشمن اور کہاں میرے مالک کا مجھ پر کرم، کاش کچھ پہلے میری حضرت صاحب یا حضرت صاحب کے کسی آدمی سے ملاقات ہوجاتی تو میرا لاڈلا بیٹا ایمان کے بغیر نہ مرتا۔ (رونے لگتے ہیں اور بہت دیر تک روتے رہتے ہیں، روتے ہوئے) مجھے کتنا چاہتا تھا اور مسلمانوں سے کیسا تعلق رکھتا تھا، وہ اور ایمان کے بغیر مجھے بڑھاپے میں اپنی موت کا غم دے کر چلا گیا۔

سوال: سیٹھ صاحب، پہلے آپ اپنا خاندانی پریچے (تعارف) کرائیے؟

جواب: میں لکھنؤ کے قریب ایک قصبے کے ہو جو خاندان میں پہلی بار اب سے ۶۹/ سال پہلے ۶/ دسمبر ۱۹۳۹ء میں پیدا ہوا، گپتا ہماری گوت ہے، میرے پتا جی کرانہ کی تھوک کی دکان کرتے تھے، ہماری چھٹی پیڑھی سے ہر ایک کے یہاں ایک ہی اولاد ہوتی آئی ہے، میں اپنے پتاجی کا اکیلا بیٹا تھا، نویں کلاس تک پڑھ کر دکان پر لگ گیا، میرا نام رام جی لال گپتا میرے پتاجی نے رکھا۔

سوال: پہلی مرتبہ ۶/ دسمبر کو پیدا ہوئے تو کیا مطلب ہے؟

جواب: اب دوبارہ، اصل میں اسی سال ۲۲/ جنوری کو چند مہینے پہلے میں نے دوبارہ جنم لیا اور سچی بات یہ ہے کہ پیدا تو میں ابھی ہوا، پہلے جیون کو اگر گنیں ہی نہیں تو اچھا ہے، وہ تو اندھیرا ہی اندھیرا ہے۔

سوال: جی! تو آپ خاندانی تعارف کرا رہے تھے؟

جواب: گھر کا ماحول بہت دھارمک (مذہبی) تھا، ہمارے پتا جی ضلع کے بی جے پی، جو پہلے جن سنگھ تھی، کے ذمہ دار تھے، اس کی وجہ سے اسلام اور مسلم دشمنی ہمارے گھر کی پہچان تھی اور یہ مسلم دشمنی جیسے گھٹی میں پڑی تھی، ۱۹۸۶ء میں بابری مسجد کا تالا کھلوانے سے لے کر بابری مسجد کی شہادت کے گھناؤنے جرم تک میں اس پوری تحریک میں آخری درجہ

کے جنون کے ساتھ شریک رہا، میری شادی ایک بہت سمجھے اور سیکولر خاندان میں ہوئی، میری بیوی کا مزاج بھی اسی طرح کا تھا اور مسلمانوں سے ان کے گھر والوں کے بالکل گھریلو تعلقات تھے، میری بارات گئی تو سارے کھانے اور شادی کا انتظام ہمارے سسر کے ایک دوست خاں صاحب نے کیا تھا اور دسیوں داڑھی والے وہاں انتظام میں تھے جو ہم لوگوں کو بہت برا لگا تھا اور میں نے ایک بار تو کھانا کھانے سے انکار کر دیا تھا کہ کھانے میں ان مسلمانوں کا ہاتھ لگا ہے ہم نہیں کھائیں گے مگر بعد میں میرے پتاجی کے ایک دوست تھے پنڈت جی، انھوں نے سمجھایا کہ ہندو دھرم میں کہاں آیا ہے کہ مسلمانوں کے ہاتھ لگا کھانا نہیں کھانا چاہئے، بڑی کراہیت کے ساتھ بات نہ بڑھ جانے کے لئے میں نے کھانا کھالیا۔ ۱۹۵۲ء میں میری شادی ہوئی تھی، نو سال تک ہمارے کوئی اولاد نہیں ہوئی، نو سال کے بعد مالک نے ۱۹۶۱ء میں ایک بیٹا دیا، اس کا نام میں نے یوگیش رکھا، اس کو میں نے پڑھایا اور اچھے سے اسکول میں داخل کرایا اور اس خیال سے کہ پارٹی اور قوم کے نام اس کو ارپت (وقف) کروں گا، اس کو سماج شاستر میں پی ایچ ڈی کرایا، شروع سے آخر تک وہ ٹاپ رہا مگر اس کا مزاج اپنی ماں کے اثر میں رہا اور ہمیشہ ہندؤں کے مقابلے مسلمانوں کی طرف مائل رہتا، فرقہ وارانہ مزاج سے اس کو الرجی تھی، مجھ سے بہت ادب کرنے کے باوجود اس سلسلہ میں بحث کر لیتا تھا، دوبار وہ ایک ایک ہفتہ کے لئے میرے رام مندر تحریک میں جڑنے اور اس پر خرچ کرنے سے ناراض ہو کر گھر چھوڑ کر چلا گیا، اس کی ماں نے فون پر رو رو کر اس کو بلایا۔

سوال: اپنے قبول اسلام کے بارے میں ذرا تفصیل سے بتائیے؟

جواب: مسلمانوں کو میں اس ملک پر آکرمن (قبضہ) کرنے والا مانتا تھا، پھر مجھے رام جنم بھومی مندر کو گرا کر مسجد بنانے کی وجہ سے بہت چڑھ تھی اور میں ہر قیمت پر یہاں

رام مندر بنانا چاہتا تھا، اس کے لئے میں نے تن، من، دھن سب کچھ لگا یا، ۱۹۸۷ء سے لے کر ۲۰۰۵ء تک رام مندر آندولن اور بابری مسجد گرانے والے کارسیوکوں پر وشو ہندو پریشد کو چندہ میں کل ملا کر ۲۵ لاکھ روپے اپنی ذاتی کمائی سے خرچ کئے، میری بیوی اور یوگیش اس پر ناراض بھی ہوئے تھے، یوگیش کہتا تھا اس دیش پر تین طرح کے لوگ آکر باہر سے راج کرتے آئے، ایک تو آرین آئے انھوں نے اس دیش میں آکر ظلم کیا، یہاں کے شودروں کو داس بنایا اور اپنی ساکھ بنائی، دیش کے لئے کوئی کام نہیں کیا، آخری درجہ میں اتیاچار (ظلم) کئے، کتنے لوگوں کو موت کے گھاٹ اتارا، تیسرے انگریز آئے انھوں نے بھی یہاں کے لوگوں کو غلام بنایا، یہاں کا سونا، چاندی، ہیرے انگلینڈ لے گئے، حد درجہ اتیاچار کئے، کتنے لوگوں کو مار ڈالا قتل کیا، کتنے لوگوں کو پھانسی لگائی۔

دوسرے نمبر پر مسلمان آئے انھوں نے اس دیش کو اپنا دیش سمجھ کر یہاں لال قلعے بنائے، تاج محل جیسا دیش کے گورو کا پاتر (قابل فخر عمارت) بنائی، یہاں کے لوگوں کو کپڑا پہننا سکھایا، بولنا سکھایا، یہاں پر سڑکیں بنوائیں، سرائیں بنوائیں، خسرہ کھتونی، ڈاک کا نظام اور آب پاشی کا نظام بنایا، نہریں نکالیں اور دیش میں چھوٹی ریاستوں کو ایک کرکے ایک بڑا بھارت بنایا، ایک ہزار سال الپ سنکھیا (اقلیت) میں رہ کر اکثریت پر حکومت کی اور ان کو مذہب کی آزادی دی، وہ مجھے تاریخ کے حوالوں سے مسلمان بادشاہوں کے انصاف کے قصے دکھاتا، مگر میری گھٹی میں اسلام دشمنی تھی وہ نہ بدلی۔

۳۰ر دسمبر ۱۹۹۰ء میں بھی میں نے بڑھ چڑھ کر حصہ لیا اور ۶ر دسمبر ۱۹۹۲ء میں تو میں خود ایودھیا گیا، میرے ذمہ ایک پوری ٹیم کی کمان تھی، بابری مسجد شہید ہوئی تو میں نے گھر آکر ایک بڑی دعوت کی، میرا بیٹا یوگیش گھر سے ناراض ہوکر چلا گیا، میں نے خوب دھوم دھام سے جیت کی تقریب منائی، رام مندر کے بنانے کے لئے دل کھول کر خرچ کیا،

مگر اندر سے ایک عجیب سا ڈر میرے دل میں بیٹھ گیا اور بار بار ایسا خیال ہوتا تھا کوئی آسمانی آفت مجھ پر آنے والی ہے۔ ۶ر دسمبر ۱۹۹۳ء آیا تو صبح صبح میری دکان اور گودام میں جو فاصلے پر تھے بجلی کا تار شارٹ ہونے سے دونوں میں آگ لگ گئی اور تقریباً دس لاکھ روپے سے زیادہ کا مال جل گیا، اس کے بعد سے تو اور بھی زیادہ دل سہم گیا، ہر ۶ر دسمبر کو ہمارا پورا پریوار سہما سا رہتا تھا اور کچھ نہ کچھ ہو بھی جاتا تھا۔ ۶ر دسمبر ۲۰۰۵ء کو یوگیش ایک کام کے لئے لکھنؤ جا رہا تھا اس کی گاڑی ایک ٹرک سے ٹکرائی اور میرا بیٹا اور ڈرائیور موقع پر انتقال کر گئے اس کا نو سال کا ننھا سا بچہ اور چھ سال کی ایک بچی ہے، یہ حادثہ میرے لئے ناقابل برداشت تھا اور میرا دماغی توازن خراب ہو گیا، کاروبار چھوڑ کر در بدر مارا پھرا، میری بیوی مجھے بہت سے مولانا لوگوں کو دکھانے لے گئی، ہردوئی میں بڑے حضرت صاحب کے مدرسے میں لے گئی، وہاں پر بہار کے ایک قاری صاحب ہیں تو کچھ ہوش تو ٹھیک ہوئے مگر میرے دل میں یہ بات بیٹھ گئی کہ میں غلط راستے پر ہوں، مجھے اسلام کو پڑھنا چاہئے اسلام پڑھنا شروع کیا۔

سوال: اسلام کے لئے آپ نے کیا پڑھا؟

جواب: میں نے سب سے پہلے حضرت محمد ﷺ کی ایک چھوٹی سیرت پڑھی، اس کے بعد "اسلام کیا ہے؟" پڑھی "اسلام ایک پریچے" مولانا علی میاں جی کی پڑھی۔ ۵ر دسمبر ۲۰۰۶ء کو مجھے حضرت صاحب کی چھوٹی سی کتاب "آپ کی امانت آپ کی سیوا میں" ایک لڑکے نے لا کر دی، ۶ر دسمبر اگلے روز تھی، میں ڈر رہا تھا کہ اب کل کو کیا حادثہ ہوگا، اس کتاب نے میرے دل میں یہ بات ڈالی کہ مسلمان ہو کر اس خطرہ سے جان بچ سکتی ہے اور میں ۵ر دسمبر کی شام کو پانچ چھ لوگوں کے پاس گیا مجھے مسلمان کر لو مگر لوگ ڈر گئے رہے، کوئی آدمی مجھے مسلمان کرنے کو تیار نہ تھا۔

س: آپ ۶ر دسمبر ۲۰۰۶ء کو مسلمان ہو گئے تھے، آپ تو ابھی فرمارہے تھے کہ چند مہینے پہلے ۲۲ر جنوری ۲۰۰۹ء کو آپ مسلمان ہوئے۔

ج: میں نے ۵ر دسمبر ۲۰۰۶ء کو مسلمان ہونے کا پکا ارادہ کرلیا تھا، مگر ۲۲ر جنوری کو اس سال تک مجھے کوئی مسلمان کرنے کو تیار نہیں تھا، حضرت صاحب کو ایک لڑکے نے جو ہمارے یہاں سے جاکر پھلت مسلمان ہوا تھا، بتایا کہ ایک لالہ جی جو بابری مسجد کی شہادت میں بہت خرچ کرتے تھے مسلمان ہونا چاہتے ہیں، تو حضرت نے ایک ماسٹر صاحب کو (جو خود بابری مسجد کی شہادت میں سب سے پہلے کدال چلانے والے تھے) بھیجا، وہ پتہ ٹھیک نہ معلوم ہونے کی وجہ سے تین دن تک دھکے کھاتے رہے، تین دن کے بعد ۲۲ر جنوری کو وہ مجھے ملے اور انھوں نے مجھے کلمہ پڑھوایا اور حضرت صاحب کا سلام بھی پہنچایا، صبح سے شام تک وہ حضرت صاحب سے فون پر بات کرانے کی کوشش کرتے رہے مگر حضرت مہاراشٹر کے سفر پر تھے، شام کو کسی ساتھی کے فون پر بڑی مشکل سے بات ہوئی، ماسٹر صاحب نے بتایا کہ سیٹھ جی سے ملاقات ہوگئی ہے اور الحمد للہ انھوں نے کلمہ پڑھ لیا ہے، آپ سے بات کرنا چاہتے ہیں اور آپ انھیں دوبارہ کلمہ پڑھوا دیں، حضرت صاحب نے مجھے دوبارہ کلمہ پڑھوایا اور ہندی میں بھی عہد کروایا۔

میں نے جب حضرت صاحب سے عرض کیا کہ حضرت صاحب، مجھ ظالم نے اپنے پیارے مالک کے گھر کو ڈھانے اور اس کی جگہ شرک کا گھر بنانے میں اپنی کمائی سے ۲۵ لاکھ روپے خرچ کیے ہیں، اب میں نے اس گناہ کی معافی کے لئے ارادہ کیا ہے کہ ۲۵ لاکھ روپے سے ایک مسجد اور مدرسہ بنواؤں گا، آپ اللہ سے دعا کیجئے کہ جب اس کریم مالک نے اپنے گھر کو گرانے اور شہید کرنے کو میرے لئے ہدایت کا ذریعہ بنادیا ہے تو مالک میرا نام بھی اپنا گھر ڈھانے والوں کی فہرست سے نکال کر اپنا گھر بنانے والوں

مبارک باد دی اور دعا بھی کی اور میرا نام محمد عمر رکھا، میرے مالک کا مجھ پر کیسا احسان ہوا، مولوی صاحب اگر میرا رواں رواں، میری جان میرا مال سب کچھ مالک کے نام پر قربان ہو جائے تو بھی اس مالک کا شکر کیسے ادا ہو سکتا ہے کہ میرے مالک نے میرے اتنے بڑے ظلم اور پاپ کو ہدایت کا ذریعہ بنادیا۔

سوال: آگے اسلام کو پڑھنے وغیرہ کے لئے آپ نے کیا کیا؟

جواب: میں نے الحمدللہ گھر پر ٹیوشن لگایا ہے، ایک بڑے نیک مولانا صاحب مجھے مل گئے ہیں وہ مجھے قرآن بھی پڑھا رہے ہیں سمجھا بھی رہے ہیں۔

سوال: آپ کی بیوی اور پوتے پوتی کا کیا ہوا؟

جواب: میرے مالک کا کرم ہے کہ میری بیوی، یوگیش کی بیوی اور دونوں بچے مسلمان ہو گئے ہیں اور ہم بھی ساتھ میں پڑھتے ہیں۔

سوال: آپ یہاں دہلی کس کام سے آئے تھے؟

جواب: نہیں صرف مولانا نے بلایا تھا، ایک صاحب مجھے لینے کے لئے گئے تھے، حضرت صاحب سے ملنے کا بہت شوق تھا بار بار فون کرتا تھا مگر معلوم ہوتا تھا کہ سفر پر ہیں اللہ نے ملاقات کرادی بہت ہی تسلی ہوئی۔

سوال: ان سے اور کیا باتیں ہوئیں؟

جواب: حضرت صاحب نے مجھے توجہ دلائی کہ آپ کی طرح کتنے ہمارے خونی رشتہ کے بھائی بابری مسجد کی شہادت میں غلط فہمی میں شریک رہے، آپ کو چاہئے کہ ان پر کام کریں، ان تک سچائی کو پہنچانے کا ارادہ تو کریں، میں نے اپنے ذہن سے ایک فہرست بنائی ہے، اب میری صحت اس لائق نہیں کہ میں کوئی بھاگ دوڑ کروں مگر جتنا دم ہے وہ تو اللہ کا اور اس کے رسول ﷺ کا کلمہ اس کے بندوں تک پہنچانے میں لگنا چاہئے۔

سوال: مسلمانوں کے لئے کوئی پیغام آپ دیں گے؟

جواب: میرے یوگیش کا غم مجھے ہر لمحہ ستاتا ہے، مرنا تو ہر ایک کو ہے، مولوی صاحب! موت تو وقت پر آتی ہے اور بہانے بھی پہلے سے طے ہے مگر ایمان کے بغیر میرا اینا پیارا بچہ جو مجھ جیسے ظالم اور اسلام دشمن بلکہ خدا دشمن کے گھر پیدا ہو کر صرف مسلمانوں کا دم بھرتا ہو وہ اسلام کے بغیر مر گیا، اس میں مسلمانوں کے حق ادا نہ کرنے کا احساس میرے دل کا ایسا زخم ہے جو مجھے کھائے جا رہا ہے، ایسے نہ جانے کتنے جوان بوڑھے موت کی طرف جا رہے ہیں ان کی خبر لیں۔

سوال: بہت بہت شکریہ سیٹھ عمر صاحب! اللہ تعالیٰ آپ کو بہت بہت مبارک فرمائے، یوگیش کے سلسلہ میں تو ابی ایسے لوگوں کے بارے میں کہتے ہیں کہ فطرت اسلامی پر رہنے والے لوگوں کو مرتے وقت فرشتے کلمہ پڑھوا دیتے ہیں، ایسے واقعات ظاہر بھی ہوئے ہیں، آپ اللہ کی رحمت سے یہی امید رکھیں یوگیش مسلمان ہو کر ہی مرے ہیں۔

جواب: اللہ تعالیٰ آپ کی زبان مبارک کرے، مولوی احمد صاحب اللہ کرے ایسا ہی ہو میرا پھول سا بچہ مجھے جنت میں مل جائے۔

سوال: آمین ثم آمین ان شاء اللہ ضرور ملے گا، السلام علیکم

جواب: وعلیکم السلام

مستفاد از ماہنامہ ارمغان، جون ۲۰۰۹ء

ماہنامہ ارمغان کا مختصر تعارف

ماہنامہ ''ارمغان'' جمعیت شاہ ولی اللہ پھلت ضلع مظفر نگر یوپی کا ترجمان ہے جو حضرت مولانا محمد کلیم صاحب صدیقی مدظلہ العالی (جن کی شخصیت کسی تعارف کی محتاج نہیں ہے) کی زیر سرپرستی اور مولانا وصی سلیمان صاحب ندوی کی ادارت میں نکلتا ہے ماہنامہ ارمغان گزشتہ سترہ (۱۷) سالوں سے پابندی وقت کے ساتھ مسلسل شائع ہو رہا ہے اور اس کی تعداد اشاعت میں برابر اضافہ ہوتا جا رہا ہے، ماہنامہ ارمغان اپنے مضامین کی افادیت اور دعوتی فکر کی وجہ سے واقعی ساری انسانیت کے لئے ایک ارمغان (تحفہ) ہی ہے اس میں ہر ماہ ایک خوش قسمت نو مسلم بھائی کی سرگزشت انٹرویو کی شکل میں شائع ہوتی ہے جو بڑی چشم کشا، دلچسپ اور دعوت کے کام پر ابھارنے والی ہوتی ہے انٹرویوز ملک و بیرون ملک بہت پسند کئے جاتے ہے ان کے مختلف زبانوں میں ترجمے بھی ہو رہے ہیں، رسالہ میں حضرت مولانا محمد کلیم صاحب صدیقی مدظلہ العالی کے ارشادات، افادات، خطبات شامل اشاعت ہوتے ہیں خصوصا رسالہ کا ''آخری صفحہ'' تو رسالہ کی جان ہوتا ہے، ماہنامہ ارمغان کا سالانہ زرتعاون ۱۰۰ ارروپئے ہے جو رسالہ کی اہمیت کے مقابلے میں بہت ہی کم ہے اس کی توسیع اشاعت میں کوشش کرنا اس عظیم دعوتی مشن میں اپنا حصہ لگانا ہے اس لئے پرخلوص گزارش ہے کہ خود بھی اس کے ممبر بنئے اور دوسروں کو بھی بنائیے۔

فقط

بندہ محمد روشن شاہ قاسمی

مہتمم دارالعلوم سوتری

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ

كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰی اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ

اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ

اللّٰھُمَّ بَارِكْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ

كَمَا بَارَكْتَ عَلٰی اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ

اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ

اسلام قبول کرنے والے نومسلم بھائیوں کی کہانی خود ان کی زبانی

نسیم ہدایت کے جھونکے

مع

آپ کی امانت آپ کی سیوا میں

افادات

داعی اسلام حضرت مولانا محمد کلیم صدیقی مدظلہ

[illegible] مظفر نگر (یو پی)

مرتب

مفتی محمد روشن شاہ قاسمی

[illegible]

مکتبہ یادگار شیخ

اردو بازار لاہور

فہرست

عرض مرتب

اسلام دین فطرت ہے اور یہ امت خیر امت ہے اور اللہ تعالیٰ نے اس امت کو لوگوں کی نفع رسانی کے لئے بھیجا ہے اور اللہ تعالیٰ کی یہ سنت ہے کہ انسانیت کو فائدہ پہنچانے والی چیزوں کو باقی رکھتے ہیں اور خس وخاشاک، کوڑا کرکٹ کو صاف کر دیتے ہیں۔

فَأَمَّا الزَّبَدُ فَيَذْهَبُ جُفَاءً ۖ وَأَمَّا مَا يَنفَعُ النَّاسَ فَيَمْكُثُ فِي الْأَرْضِ ۚ (سورۃ رعد ۱۷)

انسانیت کی نفع رسانی اور خیر خواہی کے کام جب تک یہ امت کرتی رہی اللہ تعالیٰ نے بھی اسے مقام مرتبہ عطا فرمایا، جب سے یہ سبق امت نے بھلا دیا ہر قسم کی ذلت ورسوائی اس کا مقدر بن گئی۔

اس لئے ہمارے تمام مسائل کا حل دعوت کے کام پر کھڑا ہو جانا ہے، اگر کوئی شخص بھوکا ہے اس کو ایک وقت کا کھانا آپ نے کھلا دیا دو چار گھنٹے بعد پھر اسے وہی ضرورت پیش آجائے گی، اگر کوئی ننگا ہے اس کو آپ نے کپڑے بنوا دیئے چھ مہینے یا سال کے بعد اسے پھر کپڑے کی ضرورت ہوگی، اسی طرح دنیا کی وقتی ضرورتیں ہیں جو وقت گزرنے کے ساتھ پھر پیدا ہو جاتی ہیں لیکن ان کاموں کی بھی حدیث پاک میں بڑی فضیلت آئی ہے، حدیث قدسی ہے، کل آخرت میں اللہ تعالیٰ بندہ سے پوچھیں گے میں بیمار تھا تو نے میری عیادت نہ کی، میں بھوکا تھا تو نے مجھے کھانا نہیں کھلایا، میں پیاسا تھا تو نے مجھے پانی نہیں پلایا، بندہ عرض کرے گا اے میرے رب میں یہ کیسے کرتا آپ تو رب العالمین ہیں، ہر عیب سے پاک ہیں، اللہ تعالیٰ فرمائیں گے میرا فلاں بندہ بیمار تھا، فلاں بھوکا تھا، فلاں پیاسا تھا ان کی ضرورتیں پوری کرتا تو مجھ کو بھی وہیں پاتا۔ (مسلم حدیث نمبر: ۶۵۵۶)

ان ضرورتوں کو پورا کرنے کی یہ فضیلت ہے تو ایمان جو ہر انسان کی سب سے پہلی اور سب سے بڑی ضرورت ہے، اس کی دعوت کا کیا مقام ہوگا، اندازہ لگائیے کہ اللہ

تعالیٰ اس سے کتنے خوش ہوں گے، حضرت مولانا الیاس صاحب فرمایا کرتے تھے کہ دعوت کے اندر وہ طاقت ہے کہ جو طلب کو شرک وکفر کی اندھیروں سے نکال کر ایمان کی روشنی میں لا کھڑا کرتی ہے تو پھر خود داعی پر اس کا کیا کچھ اثر ہوتا ہوگا۔

الغرض دنیا کے سارے مسائل کا حل امت مسلمہ کا اس فرض منصبی پر کھڑا ہونا ہے، خاص کر ہندوستان کے موجودہ حالات میں جہاں پر نفرت وفرقہ واریت کا پرچار کیا جا رہا ہے اور وقفہ وقفہ سے ملک کے کسی نہ کسی حصہ میں فسادات کی آگ بھڑکا دی جاتی ہے جو ہمارے جان ومال کے دشمن بنے ہوئے ہیں ان کا حق اور ان کی امانت ہم ان تک پہنچا دیں گے تو وہی ہمارے دوست اور جانثار بن جائیں گے تاریخ اس بات کی گواہ ہے، اللہ پاک ہمیں اپنی ذمہ داریوں کا احساس عطا فرمائے۔

صاحب افادات داعی اسلام حضرت مولانا محمد کلیم صاحب صدیقی مدظلہم کی دعاؤں اور توجہات کی برکت ہے کہ دیکھتے ہی دیکھتے تیسری جلد بھی اللہ تعالیٰ نے تیار کروادی، اللہ تعالیٰ حضرت مولانا کا سایۂ عاطفت ہمارے سروں پر تادیر قائم رکھ کر ہم سب کو استفادہ کی توفیق عطا فرمائیں، محترم مولانا عبدالمنصور صاحب ندوی زید مجدہم ذوکرگاؤں ضلع آکولہ اور برادرم محمد یعقوب علی ولد جناب میر واجد علی صاحب عادل آبادی نے اس کتاب کے مسودہ پر نظر ثانی فرما کر مفید مشورے دیئے، اللہ تعالیٰ انہیں بہترین جزائے خیر عطا فرمائے اور کتاب کی اشاعت کو ہدایت عامہ کا سبب اور امت مسلمہ کے لئے دعوت کے کام پر کھڑا ہونے کا ذریعہ بنائے۔

محمد روشن شاہ قاسمی

مہتمم دارالعلوم سیوتی

۱۰؍شوال المکرم ۱۴۳۰ھ م یکم اکتوبر ۲۰۰۹ء بروز جمعرات

بسم اللہ الرحمن الرحیم

مقدمہ

منبع اخلاق، مشفق انسانیت، داعی اسلام حضرت مولانا محمد کلیم صاحب صدیقی مدظلہ العالی

خلیفہ مجاز مفکر اسلام حضرت مولانا سید ابوالحسن علی میاں ندوی ؒ

عارف باللہ حضرت مولانا محمد احمد صاحب پرتاب گڑھی ؒ

خالق کائنات فَعَّالٌ لِّمَا يُرِيْدُ، عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ، عَلِيْمٌ وَّخَبِيْرٌ رب نے اپنے سچے کلام میں ببانگ دہل یہ اعلان فرمایا: هُوَ الَّذِيْۤ اَرْسَلَ رَسُوْلَهٗ بِالْهُدٰى وَدِيْنِ الْحَقِّ لِيُظْهِرَهٗ عَلَى الدِّيْنِ كُلِّهٖ وَلَوْ كَرِهَ الْمُشْرِكُوْنَ (سورہ التوبہ)

"وہ اللہ ہے جس نے اپنے رسول کو ہدایت اور دین حق دے کر بھیجا تا کہ اس کو تمام دینوں پر غالب کر دے، گو مشرکین کیسے ہی ناخوش ہوں" حجاز مقدس کی حد تک جناب رسول اللہ ﷺ کی حیات مبارکہ میں دین حق دوسرے تمام باطل مذاہب پر غالب آ گیا تھا، مگر یہ عالمی دین سارے عالم میں غالب ہونا ہے، اللہ کے سچے نبی ﷺ نے یہ خبر بھی دی ہے کہ ہر کچے اور پکے گھر میں اسلام داخل ہو کر رہے گا، قرب قیامت کے اکثر آثار ظاہر ہو چکے ہیں، اسلام کا پیغام پوری انسانیت تک پہنچانے کی ذمہ داری ختم نبوت کے صدقے میں ہمیں عطا کی گئی تھی، اس فرض منصبی سے مجرمانہ غفلت کی وجہ سے دین حق اسلام (جو خیر محض ہے) کا تعارف لوگوں کو نہ ہو سکا اور پوری دنیا میں اس عدم واقفیت کی وجہ سے یا غلط واقفیت کے نتیجہ میں اسلام اور مسلمانوں کے خلاف پروپیگنڈہ اپنے نقطہ عروج پر ہے، مگر اللہ کی شان ہادی اور اس کی ربوبیت کے قربان، کہ اسلام قرآن

اور مسلمانوں کے خلاف اس پروپیگنڈہ سے عام انسانوں میں اسلام کو جاننے کا تجسس بڑھ رہا ہے، ایک زمانہ تھا کہ لوگ اسلام کو مسلمانوں کے کردار معاملات اور اخلاق سے جانتے تھے مگر اب جدید ذرائع ابلاغ کی کثرت خصوصاً انٹرنیٹ کی ایجاد نے حقیقی اسلام لوگوں کے بستروں تک پہنچادیا ہے، اس کی وجہ سے پورے عالم میں جوق در جوق لوگ اسلام قبول کرتے دکھائی دیتے ہیں اور حیرت ناک بات یہ ہے کہ قبول اسلام کے واقعات مغربی ملکوں میں زیادہ ہیں جہاں سے خاص طور پر اسلام کے خلاف پروپیگنڈہ ہو رہا ہے، مادیت، اہل محبت اور مذہب سے جنون کی حد تک تعلق رکھنے اور مسلمانوں کے بعد مذہب پر سب سے زیادہ قربانی دینے والوں کے ہمارے پیارے ملک ہندوستان میں بھی اسلام قبول کرنے والوں کی تعداد کم نہیں ہے۔ پوری دنیا میں بڑی تعداد میں اسلام قبول کرنے والوں کے حالات پر غور کیا جائے تو تین باتیں خاص طور پر حیرت ناک ہیں، پہلی بات تو یہ ہے کہ ان خوش قسمت ہدایت یاب ہونے والے نومسلموں کے قبول اسلام میں مسلمانوں کی دعوتی کوشش کا دخل بہت کم ہے، اسلام کی کسی چیز میں کشش محسوس کر کے، اسلام مخالف کسی پروپیگنڈہ سے متاثر ہو کر اسلام کو جاننے کا شوق پیدا ہوا، اسلام کا مطالعہ کیا اور مسلمان ہو گئے، یا اپنے مذہب کی کسی رسم سے انفعال کے نتیجہ میں مذاہب کا تقابلی مطالعہ ہدایت کا ذریعہ بنا۔ دوسری اہم بات یہ ہے کہ ان خوش قسمت دستر خوان اسلام پر آئے ہوئے نومسلم مہمانوں کے ایمان، تعلق مع اللہ، دین کیلئے قربانی اور دعوت کے جذبہ کو دیکھ کر خیر القرون کے مسلمان یاد آجاتے ہیں اور ان میں سے ہر ایک کا حال بندہ کے اس فرمان کا کھلا مظہر ہے۔

وَإِنْ تَتَوَلَّوْا يَسْتَبْدِلْ قَوْمًا غَيْرَكُمْ ثُمَّ لَا يَكُونُوا أَمْثَالَكُمْ (سورہ محمد)

''اور اگر تم روگردانی کرو گے تو اللہ تعالیٰ دوسری قوم پیدا کر دے گا پھر وہ تم جیسے نہ ہوں گے'' اشاعت اسلام کے ان واقعات کی کثرت کے ساتھ جب ہم پوری دنیا کے

حالات کے تناظر میں غور کرتے ہیں تو انتہائی خطرناک فکر کی بات سامنے آتی ہے کہ جس تیزی کے ساتھ بلکہ جس طرح جوق در جوق نئے لوگ اسلام کے سایہ میں آتے دکھائی دیتے ہیں اسی کثرت سے مسلمانوں کے مرتد ہونے واقعات بھی دکھائی دیتے ہیں بعض مرتبہ تو تعداد اور معیار کے لحاظ سے بالکل متوازی تبدیلی کا فیصلہ دکھائی دیتا ہے، کسی علاقہ میں جتنے نئے لوگ مسلمان ہوتے ہیں اتنے ہی مسلمان مرتد ہو جاتے ہیں یا جس معیار کا غیر مسلم مشرف بہ اسلام ہوا اسی معیار کا کوئی مسلمان مرتد ہو گیا۔

دسترخوان اسلام پر آنے والے ان نو وارد خوش قسمت نومسلموں کی داستانیں، ہم رسمی اور خاندانی مسلمانوں کو خواب غفلت سے بیدار کرنے والی اور جھنجھوڑنے والی ہوتی ہیں اور ان سے جہاں ایک طرف یاس میں آس دکھائی دیتی ہے، وہیں اپنے دعوتی فریضہ سے غفلت کی وجہ سے تبدیلی کی وارننگ بھی سنائی دیتی ہے، کسی نہ کسی طرح اشاعت اسلام کے یہ واقعات ایمانی حرارت پیدا کرنے اور غفلت و جمود توڑنے کا ذریعہ بنتے ہیں، مسلمانوں میں ان خوش قسمت نومسلموں کے حالات پڑھ کر غیرت ایمانی پیدا ہو اور دعوت کا جذبہ رکھنے والوں کو حوصلہ ملے اور ان کی زندگی سے دعوتی تجربات سامنے آئیں، اس مقصد سے الحمدللہ ماہنامہ ارمغان نے چند سالوں سے ہر ماہ ایک نومسلم کی آپ بیتی کا سلسلہ بطور انٹرویو ''نسیم ہدایت کے جھونکے'' کے عنوان سے شروع کیا تھا، یہ اشاعت اپنے مقصد میں بہت کامیاب ہوئی، ملک کے مختلف رسائل، اخبارات نے ان کو شائع کیا، ان کے مجموعے شائع ہوئے اور اردو کے علاوہ ملک کی دوسری زبانوں میں ترجمے شائع ہونے لگے، اس سے الحمدللہ ملک بلکہ بیرون ملک میں مسلمانوں میں بڑا دعوتی جذبہ پیدا ہوا اور ایک طرح سے صدیوں کا جمود ٹوٹا۔

یہ انٹرویو اس حقیر کے فرزند میاں احمد اواہ ندوی اور ان کی بہنوں اسماء ذات الفوزین امۃ اللہ اور منتہٰی ذات الفیضین سدرہ

نے لئے ہیں، ان آپ بیتیوں کے بعض مجموعے کتابی شکل میں پہلے بھی شائع ہو چکے ہیں، مگر اب مکمل طور پر کام کرنے کے لئے ہمارے ایک بلند ہمت رفیق، داعی الی اللہ، خادم قرآن وسنت، محب ومکرم جناب مفتی روشن شاہ صاحب قاسمی زید لطفہٗ نے نئی ترتیب کے ساتھ شائع کرنے کا بیڑہ اٹھایا ہے، مفتی صاحب کو اللہ تعالیٰ نے بڑا حوصلہ اور بڑی صلاحیتوں سے نوازا ہے، انھوں نے لسان تبلیغ حضرت مولانا محمد عمر پالن پوری نور اللہ مرقدہٗ سے اپنے ذاتی اور طویل تعلق کی بنا پر خاص استفادہ کیا ہے اور ہمارے تبلیغی اکابرین کی تقریروں اور ملفوظات کی ترتیب واشاعت کا مبارک کام اللہ نے ان سے لیا ہے اور بہت کم وقت میں خود الحمد للہ علاقہ میں تعلیم ودعوت کے سلسلہ میں قابل رشک خدمات ان سے لی ہیں، اللہ تعالیٰ نے ان کو دینی دعوتی خدمات کے لئے بھی بڑے جذبہ اور سلیقہ سے نوازا ہے، انھوں نے نومسلموں کی ان تمام آپ بیتیوں کو جو ارمغان میں شائع ہوتی ہیں ترتیب وار مرتب کر کے اشاعت کا پروگرام بنایا ہے، یقیناً ایک مبارک قدم ہے اور مفتی صاحب موصوف کی طرف سے ملت کے لئے ایک مبارک تحفہ ہے، جسے وہ "نسیم ہدایت کے جھونکے" کے نام سے ملت کی خدمت میں پیش کر رہے ہیں۔

میں مفتی صاحب موصوف کو اس اشاعت پر دلی مبارک باد پیش کرتا ہوں، بدل وجان دعا ہے کہ یہ مجموعہ خیر امت کے افراد کو ذلت کے گڑھے سے نکال کر پھر باطنی کی عزت اور خیر امت کے منصب پر لانے کا ذریعہ بنے اور مفتی موصوف کے لئے ذخیرۂ آخرت اور سعادت دارین کے حصول کا وسیلہ ثابت ہو۔

خاک پائے خدام دین

محمد کلیم صدیقی

جمعیت شاہ ولی اللہ پھلت ضلع مظفر نگر (یوپی)

۲۰ر جمادی الثانیہ ۱۴۳۳ھ

تقریظ

حضرت مولانا ندوی سلیمان صاحب ندوی زید مجدہم
استاذ تفسیر و فقہ جامعہ امام شاہ ولی اللہ اور
ایڈیٹر ماہنامہ ارمغان پھلت مظفرنگر یوپی

دعوت دین مسلمانوں کی بنیادی ذمہ داری ہے اسی عمل سے ان کی سربلندی اور سرفرازی رہی۔ اور اس کو ترک کرنے کی وجہ سے وہ خدا و خلق کی نگاہ میں بے اعتبار اور بے حیثیت ہوتے گئے مسلمانوں کو موجودہ زمانہ میں جتنے مسائل درپیش ہیں اور ان کی انفرادی اور اجتماعی حیثیت کے لئے جو چیلنج موجود ہیں ان سب کا حل اور مشترک علاج کار دعوت سے عملاً وابستگی ہے۔ اسپین کے مسلمان دوسرے ممالک کے مسلمانوں سے کس چیز میں پیچھے تھے؟ مال و دولت کی ان کے پاس کمی نہیں تھی علم و فن فلسفہ و سائنس میں دنیا کی پیشوائی کر رہے تھے۔ لیکن داعیانہ صفت کے فقدان کے بعد کوئی دنیاوی اور علمی ترقی ان کے قومی اور مذہبی وجود کی ضامن نہیں بن سکی۔

اگر مسلمان چاہتے ہیں کہ وہ دنیا کے ہر خطہ میں اپنے مذہب و عقیدہ اور تہذیبی و ثقافتی شناخت کے ساتھ باعزت زندگی گزاریں اور انہیں آبرومندانہ پھلنے پھولنے کے مواقع حاصل ہوں تو انہیں سب سے پہلے اس کار نبوی کی طرف پوری توجہ کرنی ہی پڑے گی قرآن کریم کی مندرجہ ذیل آیتوں کے سیاق و سباق نیز ظاہر و باطن اور بین السطور پر غور کرنے سے یہ حقیقت پوری طرح واضح ہوتی ہے یٰۤاَیُّهَا الرَّسُوْلُ بَلِّغْ مَاۤ اُنْزِلَ اِلَیْكَ مِنْ

رَبِّکَ وَاِنْ لَّمْ تَفْعَلْ فَمَا بَلَّغْتَ رِسَالَتَهٗ وَاللّٰهُ یَعْصِمُکَ مِنَ النَّاسِ (المائدہ ۶۷)

اے رسول! جو کچھ تمہارے رب کی جانب سے تمہاری طرف نازل کیا گیا ہے اسے دوسروں تک پہنچا دو، اگر تم نے یہ نہ کیا تو تم نے کار رسالت کا حق ادا نہیں کیا اور اللہ تم کو لوگوں (کے شر) سے بچائے گا، ماہنامہ ارمغان (پھلت ضلع مظفر نگر یوپی) جو ایک خالص دینی دعوتی رسالہ ہے اس کے مقاصد میں ابتداہی سے یہ جذبہ شامل ہے کہ خدا کے بندوں کو خدا سے ملانے اور بھٹکے ہوؤں کو راہ دکھانے کے لئے ملت اسلامیہ کو آمادہ کیا جائے اور انہیں ان کا بھولا ہوا سبق یاد دلایا جائے اس سلسلہ میں دینی و دعوتی ذہن رکھنے والے اہل قلم خصوصاً داعی اسلام حضرت مولانا محمد کلیم صدیقی صاحب کی مختلف موضوعات کی دعوتی تحریروں کے ساتھ "نسیم ہدایت کے جھونکے" کے عنوان سے ہر ماہ اسلام قبول کرنے والی ایک خوش نصیب شخصیت کے انٹرویوز کا سلسلہ شروع کیا گیا الحمد للہ یہ سلسلہ توقع سے بڑھ کر کارآمد اور مفید ثابت ہوا اور اس نے ملک کی جامد فضا میں ایک ارتعاش پیدا کر دیا، خصوصاً دعوت کی راہ کے مختلف مسائل کو سمجھنے اور اس سلسلہ کی بہت سی غلط فہمیوں کا ازالہ کرنے کی راہ ہموار ہوئی اور بڑے پیمانے پر دعوتی ذہن سازی کا کام انجام پایا، ایک ارب سے زائد آبادی کے اس ملک میں جہاں تقریباً ہر پانچواں فرد مسلمان ہے اور خیر امت ہونے کے سبب داعی الی اللہ کے منصب پر فائز ہے، اتنی بڑی تعداد تک یہ پیغام پہنچانے کے لئے ضروری ہے کہ ہر صوبہ اور ہر شہر سے یہ آواز بلند ہو اور چراغ سے چراغ جلتے رہیں، مقام شکر ہے کہ ملک کے ایک ممتاز عالم و مصنف اور داعی دین مفتی محمد روشن شاہ قاسمی نے اس کام کا بیڑہ اٹھایا اور ان انٹرویوز کو ترتیب و تزئین کے ساتھ پیش کر دیا موجودہ زمانہ میں دعوت کے لئے ماحول بہت سازگار ہے، پوری دنیا میں قبول اسلام کی لہر چل رہی ہے اور لوگ از خود اسلام کی خیر کی طرف لپک رہے ہیں اس لئے اگر تھوڑی سی

دردمندی اور انسانیت کو دوزخ سے بچانے کی تڑپ اور فکر کے ساتھ دعوت پیش کی جائے تو توقع سے بڑھ کر نتائج حاصل ہو سکتے ہیں۔ ان تمام انٹرویوز کا یہی مشترکہ پیغام ہے، حکیم الاسلام حضرت مولانا قاری محمد طیب صاحبؒ کی اس دردمندانہ گفتگو پر یہ تحریر ختم کی جاتی ہے کیا اسلام کے لئے اب بھی وقت نہیں آیا کہ وہ اقوام بھی دریوزہ گری چھوڑ کر اپنے روایتی استغناء اور غیرت مندی کی بنیادوں پر کھڑی ہوں اور اپنے اساسی مقصد (دعوت الی اللہ) کو سنبھالے جس سے اس کی حقیقی برتری کا جلوہ دنیا پھر ایک بار دیکھ لے جو صرف دعوت دین ہی کے راستہ سے نمایاں ہو سکتا ہے۔''

(دینی دعوت کے قرآنی اصول، مؤلفہ حضرت قاری محمد طیب صاحبؒ ص:۱۲)

وصی سلیمان ندوی

۱۸ر جمادی الثانیہ ۱۴۳۰ھ

سارے ان کے نظام کے سامنے لچر ہو گئے اور قرآنی تعلیمات، اس کی آیات اور نشانات کے ذریعے انسان نے انسانیت کا ایسا سویرا دیکھا جس میں ساری تاریکیاں کافور ہو گئیں۔

هُوَ الَّذِیْ اَرْسَلَ رَسُوْلَهٗ بِالْهُدٰی وَ دِیْنِ الْحَقِّ لِیُظْهِرَهٗ عَلَی الدِّیْنِ كُلِّهٖ وَلَوْ كَرِهَ الْمُشْرِكُوْنَ (سورہ الصف آیت:٦) ترجمہ: وہی ہے جس نے ہدایت اور سچا دین دیکر اپنے رسول ﷺ کو بھیجا تا کہ دین کے تمام بناوٹی شکلوں پر اس سچے دین کو غالب کر دے چاہے مشرک لوگ کتنا ہی برا مانتے رہ جائیں' یہ لازوال ابدی ہدایت کا سرچشمہ وہ قرآن مجید ہے جس کے بارے میں خود اس کے بھیجنے والے نے یہ کہا" یہ ایک پیغام ہے تمام انسانوں کے لئے اور یہ بھیجا گیا اس لئے کہ ان کو اس کے ذریعے خبردار کیا جائے اور وہ جان لیں کہ حقیقت میں خدا بس ایک ہی ہے۔"

محمد رسول اللہ ﷺ کو اللہ تعالیٰ نے صرف رہبر انسانیت ہی بنا کر نہیں بھیجا بلکہ ان کو شرافت اور زندگی کے لئے صلاح وفلاح اور صفات حسنہ کا نمونہ بھی بنا کر بھیجا مزید یہ کہ انسانیت کو راہ راست اور معیار اعلیٰ پر لانے کے لئے ایسی کاوش کے ساتھ بھیجا جس سے انسانوں کو جانوروں جیسی بے مہار زندگی سے نکل کر خیر و کامیابی کی زندگی میں داخل ہونے کی راہ ملی رب العالمین نے اسی بنیاد پر ان کو رحمۃ للعالمین کی صفت عطا فرمائی، وہ امت جس کی طرف آپ بھیجے گئے اس کو بھی دعوت الی اللہ اور کلمہ توحید کو عام کرنے کے لئے ایسے مکلف بنایا گیا کہ جس کے کرنے پر ہی انکی خیر وفلاح اور کامیابی و کامرانی کو مقدر کیا گیا، كُنْتُمْ خَيْرَ اُمَّةٍ... الخ، لہٰذا تاریخ اس بات کی گواہ ہے کہ امت نے جب جب دعوت کی ذمہ داری کو پورا کیا وہ کامیاب رہی اور جب جب اس فریضہ سے غافل ہوئی امت ذلت و رسوائی سے دوچار ہوئی، انفرادی اعتبار سے ہو یا اجتماعی اعتبار سے جب جب پیاسی قوموں تک حق و صداقت کی بات اور کلمہ توحید کی دعوت پیش کی گئی، ایمان و اسلام کی بارشیں برسیں، نسیم ہدایت کے جھونکے چلے اور اس کے دامن میں سلگتی، سسکتی، تڑپتی،

کر دی تھی انسانیت نے راحت و آرام، چین و سکون اور اطمینان کی سانس لی آج کے اس پُر آشوب دور میں بھی الحمد للہ جو لوگ اس فرض منصبی کو ادا کرنے میں سرفروشانہ جدوجہد کر رہے ہیں، خداوند عالم اپنے فضل اور ان کی محنتوں سے بھٹکے انسانوں کو جادہ حق و صراط مستقیم سے ہم کنار کر رہا ہے لہٰذا ضروری ہے کہ ہم بھی رسول اللہ ﷺ کی تڑپ کڑھن سوز و اضطراب اور افکار و درد لے کر پوری انسانیت کو مخلوق پرستی کی لعنت سے نکال کر خالق سے جوڑنے اور کفر اور شرک کی بھول بھلیوں سے نکال کر توحید کی شاہراہ پر لانے کی کوشش کریں، اسی کے ساتھ یہ موازنہ بھی کریں کہ اس فرض منصبی کو ادا کرنے میں ہم کہاں تک اپنی ذمہ داریوں کو نبھا رہے ہیں، اور جو واقعات آپ ﷺ کی زندگی میں پیش آئے ہمیں ان سے کہاں تک مناسبت ہے، کہیں ایسا تو نہیں کہ ہم نے اس ذمہ داری کو پس پشت ڈال دیا کہیں ایسا تو نہیں کہ دھکے کھا کھا کر جس پیغام کو رسول اللہ ﷺ نے ہم تک پہنچایا تھا اسے ہم دھکے دے دے کر اپنے گھروں سے نکال رہے ہیں کیا کسی کو کفر و شرک کی حالت میں دیکھ کر ہمارا دل بے چین ہوتا ہے، کیا کسی کو کفر کی حالت میں دنیا سے رخصت ہوتے ہوئے دیکھ کر ہماری آنکھیں نم ہوتی ہیں، کیا طائف کے واقعہ کی کوئی جھلک ہماری زندگی میں پیش آئی کیا خواب میں بھی دعوت کے لئے کسی گھاٹی میں نظر بندی کی سعادت ہمیں نصیب ہوئی ہے، پھر ہم کیسے آپ کے امتی ہیں امت کے کندھوں پر ڈالی گئی ان آفاقی ذمہ داریوں کا تقاضہ ہے کہ ہم رسول اللہ ﷺ کے اسوہ پر عمل پیرا ہوتے ہوئے اپنے فرض منصبی کو سمجھیں اور ایک لمحہ ضائع کئے بغیر دعوت الی الایمان کے لئے متحرک ہو جائیں اور اللہ تعالیٰ سے کئے گئے عہد کو وفا کرنے کی کوشش میں ہمہ تن مصروف ہو جائیں اور امت کی زبوں حالی پستی و ذلت کا علاج اسی نسخہ شفاء سے کریں جسے رسول اللہ ﷺ نے امت کے ہر فرد کے ہاتھوں میں دیا تھا، اللہ ہم سب کو اپنا فرض منصبی ادا کرنے کی توفیق دے۔

محمد روشن شاہ قاسمی

۱

جناب عبداللہ صاحب (گنگا رام چوپڑا جی) سے ایک ملاقات

میری آپ سب قارئین سے درخواست ہے کہ میرے لئے اس کی دعا کریں کہ **اللہ میرا ایمان اور خیر کی حالت میں خاتمہ فرمائیں۔** میں نے اپنی بیوی کو وہ سرٹیفکیٹ دیا ہے کہ میں مر جاؤں تو وہ میری قبر میں میرے کفن کے ساتھ سرٹیفکیٹ رکھ دیں اور دعا کریں کہ اللہ تعالیٰ اس کاغذی سرٹیفکیٹ قبول کر لے بلکہ میرے لئے کیا ساری دنیا کے لئے بھی میری یہی دعا ہے اور سب سے دعا کی درخواست ہے کہ اللہ تعالیٰ سب کو ایمان کے ساتھ موت عطا کرے۔

مولانا احمد اوّاہ ندوی

احمد اوّاہ : السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

عبداللہ : وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

سوال: عبداللہ صاحب بہت زمانہ پہلے ابی نے اپنے ایک مضمون میں جو ہمارے یہاں کی اردو میگزین ارمغان میں چھپا تھا آپ کے قبول اسلام کے واقعہ کا ذکر کیا تھا، اسی وقت سے آپ سے ملاقات کا اشتیاق تھا اور دلی خواہش تھی کہ ارمغان میں جو اسلام قبول کرنے والے خوش قسمت لوگوں کے انٹرویو شائع کرنے کا سلسلہ شروع کیا گیا ہے آپ سے بھی ایک ملاقات ہو جائے تو خود آپ کی زبان سے باتیں معلوم ہوں، اللہ نے بڑا کرم کیا کہ آپ آگئے میں آپ کا کچھ وقت لینا چاہتا ہوں اور آپ سے کچھ باتیں کرنا چاہتا ہوں۔

جواب: بڑی اچھی بات ہے، آپ سے مل کر بہت خوشی ہوئی، حضرت نے تعارف کرایا کہ یہ احمد میرے بیٹے ہیں، بہت اچھا لگا آپ کی صورت دیکھی دل کو لگا کہ اللہ نے حضرت کو اولاد بھی بہت پیاری دی ہے، اصل میں میں اسکورٹ ہارٹ ہاسپٹل میں زیر علاج ہوں، میرا آج چیک اپ کا دن تھا، مجھے معلوم ہوا تھا کہ مولانا صاحب دہلی میں مل سکتے ہیں، میرا دل واقعی بہت چاہ رہا تھا کہ کسی طرح مولانا کے درشن ہو جائیں کئی سال ہوگئے کوشش کے باوجود مل بھی نہیں سکا، میرے رب کا احسان ہے کہ آج اچھی طرح ملاقات ہوگئی اور کئی سال کی ساری کہانی سنا کر دل بہت خوش ہوا، مولانا صاحب بھی بہت ہی خوش ہوئے، آپ میرے لائق جو خدمت ہو ضرور بتایئے۔

سوال: آپ پہلے اپنا تعارف کرایئے؟ اور اپنے خاندان کے بارے میں بتایئے؟

جواب: میرا پہلا نام گنگا رام چوپڑا تھا، میں روہتک کے ایک گاؤں میں ایک پڑھے لکھے زمیندار گھرانے میں ایک جنوری ۱۹۴۸ء کو پیدا ہوا گاؤں کے اسکول سے پرائمری تعلیم حاصل کی پھر روہتک داخلہ لیا، ۱۹۶۲ء میں بی کام کرنے کے بعد ایک اسکول میں پڑھانے لگا پھر ایک تعلق سے میری سیل ٹیکس میں نوکری لگ گئی، میں روہتک ضلع کا سیل ٹیکس افسر تھا، چار سال پہلے میں نے اپنی بیماری کی وجہ سے ریٹائرمنٹ لے لیا، میری شادی ایک بڑے گھرانے میں ہوئی، میری بیوی مجھ سے زیادہ پڑھی لکھی تھی اور شادی کے وقت وہ ضلع شکشا ادھیکاری (B.S.A) پر ملازم تھی، میری خواہش تھی کہ میری بیوی گھریلو عورت بن کر سکون سے رہے، میرے لئے عورتوں کی نوکری گاڑی کے کولہو میں جوتنے کی طرح غلط تھا، میں نے شادی کے تین سال بعد زور زبردستی ان سے نوکری چھڑوا دی، گھر والوں کی مرضی کے خلاف یہ فیصلہ ہوا تھا اس لئے ہماری گھریلو زندگی ناخوش گوار ہوگئی، بات بڑھتی گئی، وہ اپنے گھر چلی گئی اور ان کے گھر والے میری جان کے دشمن ہوگئے اور بات عدالت تک پہنچی

مقدمہ بازی چلتی رہی اور گھریلو زندگی کی یہ ناخوشگواری میرے سسرال والوں کی مجھ سے دشمنی اور مقدمہ بازی میرے لئے مسیحا ثابت ہوئی اور میرے کفر سے نکلنے کا ذریعہ بنی۔

سوال ماشاء اللہ عجیب بات ہے، آپ ذرا اس ہدایت ملنے اور قبول اسلام کے واقعہ کو ضرور بتایئے؟

جواب مقدمہ بازی زوروں پر تھی، عدالت کا رخ میری بیوی کی طرف لگ رہا تھا اور خیال تھا کہ مجھے سزا اور جرمانہ دونوں کا سامنا کرنا پڑے گا، میرے وکیل نے مجھے مشورہ دیا کہ اگر آپ کہیں سے مسلمان ہونے کا سرٹیفکٹ حاصل کر لیں تو اسے عدالت میں پیش کر کے آپ کی بہت آسانی سے جان بچ سکتی ہے۔ مجھے کسی مسلمان نے بتایا کہ مالیر کوٹلہ میں ایک مفتی صاحب ہیں، ان کا سرٹیفکٹ سرکار مانتی ہے، میں وہاں گیا مفتی صاحب تو نہیں ملے مگر لوگوں نے مجھے بتایا کہ یہ تو ۱۵۔۲۰ ہزار روپے لیتے ہیں، میرے لئے کوئی بڑی بات نہیں تھی مگر مفتی صاحب حیدرآباد کے سفر سے چار روز بعد لوٹنے والے تھے، اتنا انتظار کرنا میرے لئے مشکل تھا۔ میں واپس آ رہا تھا، راستے میں ایک مسجد دکھائی دی، میں نے اپنے ڈرائیور سے گاڑی روکنے کو کہا اور خیال ہوا کہ یہاں کے میاں جی سے معلوم کروں، کیا اور کہیں بھی یہ کام ہو سکتا ہے؟ امام صاحب سہارن پور کے رہنے والے تھے، انھوں نے بتایا کہ یوپی کے ضلع مظفر نگر میں ایک جگہ پھلت ہے، وہاں پر مولانا کلیم صاحب رہتے ہیں، آپ وہاں چلے جایئے، ورکسی سے کچھ معلوم نہ کریں، وہ وہاں آپ کا ایک پیسہ بھی نہ لگے گا اور سرا کام قانونی طور پر وہ خود پکا کرا دیں گے اور انھوں نے مجھے پورا راستہ لکھ کر دیا۔

کچھ دفتری مصروفیت کی وجہ سے میں وہاں فوراً نہ جا سکا تقریباً ۲۵ دن کے بعد میں نے موقع نکالا، ۲۹ جنوری ۱۹۹۴ کو میں پھلت پہنچا، رمضان کا مہینہ چل رہا تھا، دن چھپنے کے ذرا بعد میں اپنے گارڈ اور ڈرائیور کے ساتھ پھلت پہنچا، مولانا صاحب مسجد میں

اعتکاف میں تھے، ایک صاحب مجھے مسجد میں مولانا صاحب کے پاس سے گئے، مسجد کے چھوٹے کمرے میں مولانا صاحب سے میری ملاقات ہوگئی اور میں نے صاف صاف اپنے آنے کا مقصد بیان کیا اور مولانا صاحب سے کہا کہ مجھے اسلام قبول کرنے کا سرٹیفکٹ چاہئے، اپنی بیوی کے مقدمہ سے بچنے کے لئے عدالت میں جمع کرنا ہے، مجھے مسلمان ہونا نہیں ہے، نہ دھرم بدلنا ہے اور نہ میں دھرم بدل سکتا ہوں، صرف سرٹیفکٹ چاہئے، مولانا صاحب نے مجھ سے کہا: کیا آپ عدالت میں بھی یہی کہہ کر سرٹیفکٹ داخل کریں گے، کہ مسلمان نہیں ہوا ہوں بلکہ صرف نقلی سرٹیفکٹ بنوایا ہے، میں نے کہا: بھلا یہ کیسے ہوسکتا ہے: عدالت میں تو میں یہی کہوں گا کہ میں مسلمان ہوگیا ہوں اس لئے میری بیوی سے اب میرا کوئی تعلق نہیں، مولانا صاحب نے کہا: جہاں آپ بیٹھے ہیں یہ مسجد ہے، مالک کا گھر ہے، اس کی بڑی عدالت میں آپ کو ہم کو، سب کو، پیش ہونا ہے، وہاں سب سے پہلے بس ایمان اور اسلام کے سرٹیفکٹ کے بارے میں سوال ہوگا اور وہاں جعلی سرٹیفکٹ پر گذر نہیں ہوگا، اس پر وہاں ہمیشہ کی نرک (دوزخ) کی جیل میں سزا ہوگی، خیر یہ تو آپ کا آپ کے مالک کا معاملہ ہے؟ مگر میرا کہنا یہ ہے کہ آپ ہم سے کیوں کہتے ہیں، کہ مجھے مسلمان نہیں ہونا ہے، آپ ہم سے یہ کہئے کہ میں مسلمان ہونا چاہتا ہوں، مجھے مسلمان کر لیجئے اور ایک سرٹیفکیٹ بھی چاہئے، ہم آپ کو کلمہ پڑھواتے ہیں، دلوں کا بھید تو ہم نہیں جانتے، ہم تو یہ سمجھ کر آپ کو مسلمان کرلیں گے، کہ آپ سچے دل سے مسلمان ہورہے ہیں، اس میں ہمارا یہ فائدہ ہوگا کہ ہمارے مالک نے ایک آدمی کے ایمان کا ذریعہ بننے پر ہمارے لئے جنت کا وعدہ کیا ہے، ہمارا کام ہوجائے گا، جہاں تک دل کا معاملہ ہے وہ دلوں کے بھید جاننے والا مالک دلوں کو پھیرنے والا بھی ہے، کیا خبر آپ اس کے گھر میں اتنی دور سے سفر کر کے آئے ہیں آپ کو سچا ایمان والا بنادیں پھر آپ کو ہم

سرٹیفکیٹ بھی بنوا دیں گے اور وہ ہمارے نزدیک سچا سرٹیفکیٹ ہوگا، ہم بھی کوئی کام غلط نہیں

کرتے۔ میں نے کہا: ٹھیک ہے میں سچے دل سے مسلمان ہونا چاہتا ہوں، مجھے

سرٹیفکیٹ بھی چاہئے، مولانا صاحب نے مجھے اسلام کے بارے میں بتایا اور یہ بھی کہا

کہ موت کے بعد اس بڑے حاکم اور ہادی کی عدالت میں ہم سب کو پیش ہونا ہے، جہاں

گواہی سچے دل کی ہوگی نہ کہ سرٹیفکیٹ، اگر آپ اس مالک کے لئے سچے دل سے یہ کلمہ جو میں آپ کو

پڑھوا رہا ہوں، پڑھ لو گے تو موت کے بعد کی ہمیشہ کی زندگی میں آپ کے لئے

سورگ (جنت) ہوگی، چاہے آپ باہر کسی سے مسلمان ہونے کو بھی نہ کہیں، مولانا

صاحب نے مجھے کلمہ پڑھوایا اور اس کا ہندی انوواد (ترجمہ) بھی کہلوایا اور مجھ سے ہمیشہ

اکیلے اللہ کی پوجا کرنے اور اس کے سچے رسول کی تابعداری کا عہد بھی کرایا اور میرا اسلامی نا

م عبداللہ بتایا۔

مولانا نے بتایا کہ ہمارے مدرسے کا دفتر اب بند ہے آپ رات کو رک لیں، صبح نو

بجے انشاء اللہ میں آپ کو سرٹیفکیٹ بنوا دوں گا، آپ چاہیں تو مسجد میں ہمارے اور ہمارے

ساتھیوں کے ساتھ قیام کر لیں، یہاں آپ کو اچھے لوگوں کی سنگتی (صحبت) ملے گی او

چاہیں تو ہمارے گھر بیٹھک میں آرام کریں، میں نے مسجد میں قیام کے لئے کہا، سیکڑوں

لوگ مولانا کے ساتھ مسجد میں رہ رہے تھے، جن میں ہریانہ کے کافی لوگ تھے ان میں سونی

پت کے سب سے زیادہ تھے، میں سونی پت میں کئی سال رہ چکا تھا، آدھی رات کے بعد

سب لوگ اٹھ گئے اپنے مالک کے سامنے رونے اور اس کا بڑائی لے میں ذکر کرنے والے

یہ لوگ مجھے بہت اچھے لگے، میں بھی اٹھ کر بیٹھ گیا اور میں بھی ان کے ساتھ لا الہ الا اللہ کا

ذکر کرتا رہا، دشمنی مقدمہ بازی اور گھریلو زندگی کی اس بے چینی میں میری یہ رات ایسی

گذری جیسے تھکا بچہ اپنی ماں کی گود میں آ گیا ہو، مولانا نے مجھے سرٹیفکیٹ صبح کو بنوا کر دے

دیا، میں نے فیس معلوم کی تو مولانا نے سختی سے منع کر دیا، شانتی اور سکون کے اس ماحول میں میرا دل چاہا کہ کچھ اور وقت گزاروں، میں نے مولانا صاحب سے اجازت چاہی کہ ایک رات میں اور رکنا چاہتا ہوں، مولانا نے کہا: بڑی خوشی کی بات ہے، ایک رات نہیں جب تک آپ کا دل چاہے آپ ہمارے مہمان ہیں، یہاں گاؤں میں آپ کو جو تکلیف ہو اس کو معاف کر دیجئے، شام تک مولانا مختلف وقتوں میں اللہ والوں کے قصے قرآن کی باتیں اور دین کی جو باتیں اپنے مریدوں کو بتاتے رہے، میں بھی مختار رہا اور میرا گارڈ بھی ساتھ رہا، وہ بڑا دھارمک آدمی ہے، شام کو سونی پت سے ایک ساتھی کو میں نے گرفتولی گیا اور وہاں سے ۲۵ کلو مٹھائی منگوائی، میرا دل چاہا کہ اللہ کے ان سچے بھگتوں کو اپنے ایمان کی خوشی میں مٹھائی کھلاؤں، رات کے کھانے کے بعد میں نے دو ساتھیوں سے وہ تقسیم کرائے، دل تو اگلے روز بھی ایسے ماحول سے باہر نکلنے کو نہ چاہتا تھا، مگر دفتر کی مجبوری اور تیسرے روز میرے مقدمہ کی تاریخ ہونے کی وجہ سے میں واپس آ گیا، وہ رات کی وہ شانتی بھرا ماحول میرے بے چین جیون کو سکھی اور شانت کر گیا، واپسی میں میرا گارڈ جس کا نام مہندر تھا مجھ سے کہنے لگا: سر! جینا تو یہاں آ کر سیکھنا چاہئے، آپ نے مولانا صاحب کے بھاشن (تقریر) ست سنگ سنی؟ مجھے ۱۵ سال ہو گئے رادھا سوامی ست سنگ میں جاتے ہوئے، جو سچائی، پریم اور شانتی یہاں ملی اس کی ہوا بھی وہاں نہیں، یہ لگ رہا تھا جیسے ہر بات گات (دل) میں گھس رہی ہو، سر چھوڑیے سب سنسار! مولانا صاحب کے چرنوں میں آ کر رہیں، چین اور سکھ تو بس یہاں ہی ملے گا، سارے ساتھی بھی کیسے سیدھے سادے، ایسا لگ رہا تھا کہ بچوں کا سنسار ہے، میں نے اس سے کہا تو بھی کلمہ پڑھ لیتا، اس نے کہا کہ سر! جب آپ کو کلمہ پڑھوا رہے تھے تو میں بھی آہستہ آہستہ کلمہ پڑھ رہا تھا اور دل دل میں اپنے مالک سے کہہ رہا تھا کہ مالک! جب آپ دلوں کے بھید جانتے ہیں،

تو اگر یہ دھرم سچا ہے تو میرے دل کو پھیر دے اور مجھے بھی ان ساتھ کر دے۔

مولانا صاحب نے مجھے اپنی کتاب "آپ کی امانت آپ کی سیوا میں" پانچ عدد دی تھی، کہ آپ اس کو پڑھیں اور اپنے رشتیوں کو بھی پڑھوائیں، میں نے گھر جا کر ایک کتاب اپنے گارڈ مہندر کو دی اور خود بھی پڑھی، اب مجھے اسلام کے بارے میں سو فیصد اطمینان ہو گیا تھا، اس لئے کہ میں دوروز میں ایمان والوں کو دیکھ چکا تھا، میرے وکیل نے مجھے فون کیا، مجھے سرٹیفکیٹ دکھا دیں، میں نے اگلے روز ملنے کو کہا، مگر صبح ہوئی تو میرے دل میں آیا کہ مجھے اس سرٹیفکیٹ کو اپنے مالک کی عدالت میں پیش کرنا ہے، اس لئے مجھے اس عدالت میں دھوکہ کے لئے نہیں پیش کرنا چاہئے، میں نے آپ کی امانت اٹھائی اور مالک کو حاضر ناظر جان کر ایک بار کلمہ کو اس میں دیکھ کر سچے دل سے دوہرایا، مقدمہ کی تاریخیں لگیں، فیصلہ میری بیوی کے حق میں ہوا، مجھ پر ایک لاکھ روپیہ جرمانہ اور ماہانہ خرچہ ہوا، عید کے بعد میں سوتی پت مدرسہ گیا، وہاں کے پرنسپل صاحب سے ملا اور اپنے دین لینے کی خوشی میں بچوں اور اسٹاف کی دعوت کی اور مٹھائی بھی تقسیم کی، مجھے موت سے بہت ڈر لگتا تھا، ایک روز دفتر میں تھا کہ میرے سینہ میں درد شروع ہوا اور درد بڑھتے بڑھتے میں بے ہوش ہو گیا، مجھے ہسپتال لے جایا گیا، ڈاکٹروں نے ہارٹ اٹیک بتایا، میں ۲۴ روز ایمرجنسی اور I.C.U میں رہا، کچھ طبیعت سنبھلی، چار پانچ مہینے آرام کے بعد دفتر جانے لگا، ان چار پانچ مہینوں میں، میں گھر پر رہا، مجھے موقع ملا کہ میں اسلام کو پڑھوں میں نے تلاش کیا تو مولانا صاحب کے بھیجے ہوئے ہمارے قریب میں دو جاتہ میں ایک حافظ صاحب امام تھے ان کے پاس جانے لگا اور میں نے نماز سیکھی اور نماز پڑھنے لگا، دہلی سے اسلام کیا ہے؟ مرنے کے بعد کیا ہوگا؟ وغیرہ کتابیں منگا کر پڑھیں مولانا صاحب سے ملنے کو میرا دل بہت چاہتا تھا، ایک روز دوجانہ کے ایک صاحب نے بتایا کہ مولانا کا پروگرام آج باغپت

میں ہے اور مجھے ملنے جا رہا ہے، میں نے کہا میرے ساتھ چلیں، میرا دل بھی ملنے کو بہت چاہ رہا ہے، ہم لوگ باغپت پہنچے، مسجد میں پروگرام شروع ہو چکا تھا تقریر کے بعد میں مولانا صاحب سے ملا، مولانا بہت خوش بھی ہوئے کہ اتنے دنوں میں ملاقات ہوئی، مجھے اتنا کمزور دیکھ کر پریشان بھی ہوئے، میں نے بتایا کہ مجھے سخت ترین دل کا دورہ ہوا اور ۲۵ روز میں ایمرجنسی میں رہا، پروگرام کے بعد ایک صاحب کے یہاں دعوت تھی، میزبان ہمیں بھی زوردے کر ساتھ لے گئے، مولانا نے معلوم کیا کہ چوپڑا جی آپ کا تو پرہیز چل رہا ہوگا؟ میں نے مولانا صاحب سے کہا کہ حضرت آپ تو اب چوپڑا نہ کہیں، آپ نے خود میرا نام عبداللہ رکھا تھا، مولانا صاحب نے کہا کہ اچھا عبداللہ صاحب آپ کے لئے پرہیز کا انتظام کریں؟ میں نے کہا: مولانا صاحب آپ کے ساتھ کھاؤں گا وہ مجھے بیمار کرنے کے بجائے اچھا ہی کرے گا، مولانا صاحب سے میں نے بتایا کہ میں نے آپ کی امانت پڑھی: اصل میں تو آپ کے ساتھ رہ کر ہی میں کافی حد تک مسلمان ہو گیا تھا، مگر آپ کی امانت پڑھنے کے بعد تو مجھے اندر سے اطمینان ہو گیا اور میں نے تنہائی میں مالک کو حاضر ناظر جان کر دوبارہ کلمہ پڑھا اور پھر عدالت میں سرٹیفکیٹ بھی جمع نہیں کیا اور اللہ کے شکر سے یہ حافظ صاحب جانتے ہیں، پانچوں وقت نماز پڑھتا ہوں اور آپ میری نماز سن لیجئے، جب میں نے نماز اور جنازے کی دعا سنائی تو مولانا مجھے کھڑا کر کے چمٹ گئے اور میرے ہاتھ کو خوشی اور پیار سے چوما، بار بار مبارکباد دی اور بتایا کہ ہم اور ہمارے ساتھیوں نے بہت دل سے دعا کی تھی کہ میرے مالک زبان سے کہلوانے والے ہم ہیں آپ دل میں ڈالنے والے ہیں، ان کو سچا مسلمان بنادیجئے اللہ کا شکر ہے میرے مالک نے ان گندے ہاتھوں کی لاج رکھ لی۔

س: آپ کے گاؤں جن کا آپ ذکر کر رہے تھے ہمدرد آپ نے پھر ان کے ایمان کی فکر

نہیں کی؟

جواب: احمد صاحب میں اس کی فکر کہاں کرنے والا تھا، وہ تو بہت اونچا اڑ دا...

سوال: وہ آج کل کہاں ہیں؟

جواب: وہ تو جنت میں ہے، جنت میں...

سوال: وہ کس طرح؟ ذرا سنائیے؟

جواب: میں بتا رہا تھا کہ وہ بہت دھارمک (مذہبی) آدمی تھا، وہ جاٹ فیملی سے تعلق رکھتا تھا، پھلت سے آکر تو بس اس کے آگ سی لگ گئی، اس نے آپ کی امانت پڑھی، تو پڑھ کر میرے پاس آیا اور کہنے لگا سر! آپ نے وہ کتاب پڑھی؟ میں نے کہا کہ ابھی نہیں پڑھی، اس نے کہا کہ سر آپ نے بڑی ناقدری کی، دور دو سورگ میں رہ کر بھی آپ کو وہاں کا مزہ نہ لگا، سر آپ وہ کتاب ضرور پڑھیں، میں اب سچا مسلمان ہوں، میں نے اپنا نام محمد کلیم رکھا ہے، سر آپ تو اب مجھے محمد کلیم ہی کہا کریں، اس کے بعد اس کو دین سیکھنے کا شوق لگ گیا، روہتک میں چوراہے پر ایک مسجد ہے اس کو لال مسجد کہتے ہیں، کہتے ہیں، یہ بڑی اتہاسک (تاریخی) مسجد ہے، یہاں پر بہت بڑے پیر اور مولانا صاحب رہتے تھے، جنھوں نے پورے ہندوستان میں دین پھیلایا، ان کا نام شاہ ولی اللہ تھا، وہ اس مسجد کے امام کے پاس روز جاتا تھا اور پھر چار مہینے کی چھٹی لیکر جماعت میں چلا گیا، داڑھی رکھ کر آیا، ایک دن میں کسی کام سے دہلی گیا تھا، وہ مجھ سے جمعہ کی نماز پڑھنے کی اجازت لے کر گیا، دفتر سے وضو کر کے گیا، سڑک پار کر رہا تھا کہ ایک موٹر سائیکل والے نے ٹکر ماردی، سر کے بل گرا اور سر میں چوٹ آئی، بے ہوش ہو گیا، ڈرائیور نے مجھے بتایا، ہم اسے اسپتال لے کر گئے، آٹھ روز تک پی جی آئی میں رہا، مگر ہوش نہیں آیا، گھر والے علاج کرتے رہے، ۱۰ روز کے بعد میں اس کو اسپتال میں دیکھنے گیا، وہ بے ہوش تھا اچانک اس کے پاؤں ہلے، میں نے

آواز دی، اس نے آنکھ کھول دی، مجھے اشارہ سے قریب کیا اور آہستہ سے بولا سر میرا سرٹیفکیٹ قبول ہو گیا، زور سے ایک بار کلمہ پڑھا اور چپ ہو گیا۔ (روتے ہوئے) وہ مجھ سے بہت آگے نکل گیا، واقعی بہت سچا آدمی تھا۔

سوال: اب وہ کہاں ہے؟

جواب: احمد بھائی میں یہی تو کہہ رہا ہوں، پھر وہ ہمیشہ کے لئے چپ ہو گیا، وہاں اس کی یہ زبان چپ ہو گئی، مگر وہ ہمیشہ میرے کان میں کہتا ہے، سر میرا سرٹیفکیٹ قبول ہو گیا، لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ اس دن سے میں روزانہ اپنے اللہ سے دعا کرتا ہوں کہ اے اللہ! آپ نے ایک سچے کا سرٹیفکیٹ تو قبول کر لیا، اس سچے کے صدقہ میں بلکہ اپنے سچے رسول کے صدقہ میں مجھ فراڈ کا جعلی سرٹیفکیٹ بھی قبول کر لیجئے (روتے ہوئے)

سوال: آپ کی بیوی کہاں ہیں؟ آپ کے کوئی بچہ بھی ہے؟ اس بارے میں آپ نے نہیں بتایا۔

جواب: میں خود ہی آپ کو ان کے بارے میں بتانے والا تھا، ہوا یہ کہ پانچ وقت کی نماز کے ساتھ میں نے ایک زمانہ سے تہجد پڑھنی شروع کی تھی، بعض میں اس آدھی رات کی عبادت میں، میں نے بڑا مزا دیکھا، ایک رات میں نے اپنی بیوی کو خواب میں دیکھا، ایک کٹہرے میں بند ہیں اور مجھ سے فریاد کر رہی ہیں، میں جیسی بھی ہوئی ہوں، آپ مجھے اس کٹہرے سے نکال دیں، میرے گھر والوں نے مجھے کتنا کہا کہ میں دوسرے سے شادی کر لوں مگر میں نے کبھی گوارہ نہیں کیا، جب میں آپ کی ہوں تو آپ کے علاوہ مجھے کون اس کٹہرے سے نکالے گا اور بہت رو رہی ہے مجھے ترس آ گیا، میں نے دیکھا، بڑا تالا لگا ہوا ہے، چابی میرے پاس نہیں ہے، میں بہت پریشان ہوا کہ اس تالے کو کیسے کھولا جائے، اچانک میرا لڑکا روہیکم (مہندر) آ گیا اور جیب سے چابی نکال کر بولا سر یہ لا الہ الا اللہ،

کی چابی ہے آپ اپنی میڈم کو کیوں نہیں نکالتے؟ میری آنکھ کھل گئی صبح کے تین بج گئے تھے، میں نے وضو کیا نماز پڑھی۔ مجھے خیال آیا کہ اس عورت نے ساری جوانی میرے لئے گنوا دی، حج کے خرچ بھی مجھ سے لیا، میکے والوں کے یہاں رہنا بھی گوارہ نہ کیا مجھے بہت یاد آئی، اکیلے رہتے رہتے میں بھی تنگ آ گیا تھا، ٹوٹے ہوئے دل سے میں نے اپنے بے کس ہاتھ اللہ کے آگے پھیلا دیے، میرے مولا! میرے کریم! میرے رب میں نے اب سارے جھوٹے خداؤں کو چھوڑ کر آپ کی بندگی کا عہد کیا ہے اور کون ماوراء ہے، جو میرا سوال پورا کرے گا؟ میرے اللہ جب اس نے میری رو کر ساری جوانی گنوا دی، تو پھر آپ اس کو میرے پاس بھیج دیجئے، آپ کے لئے کچھ مشکل نہیں جب آپ ایک گنہگار رام لال وہندو کا دل پھیر کر عبداللہ اور کلیم بنا سکتے ہیں، تو آپ ایک سرتا دیوی کو فاطمہ یا آمنہ بنا کر میری مسلمان بیوی کیوں نہیں بنا سکتے، میں نے بہت دعا کی اور میرا رواں رواں میرے ساتھ دعا میں شریک تھا، میرے خواب کی وجہ سے مجھ پر توحید کی ایک عجیب کیفیت طاری تھی۔

احمد: پھر کیا ہوا؟

جواب: ایک گندے بھکاری بندہ نے کریم کا دروازہ کھٹ کھٹایا، یہ کیسے ممکن تھا کہ دروازہ نہ کھلتا، دو روز گذرے تھے، تیسرے روز میں اپنے گھر میں، دوپہر کو بیٹھا تھا، گھنٹی بجی، میں نے نوکر سے دروازہ کھولنے اور دیکھنے کے لئے کہا، میری آنکھ حیرت سے پھٹی کی پھٹی رہ گئی، جب میں نے دیکھا کہ بجائے اس کے کہ نوکر آ کر مجھے بتاتا کہ فلاں صاحب آئے ہیں، دونوں بچوں کے ساتھ سرتا میرے سامنے تھی، وہ آ کر مجھ سے چمٹ گئی دس سال بعد میں نے اس کو دیکھا تھا، وہ جوانی کھو چکی تھی، بلک بلک کر دیر تک روتی رہی، بیٹا بیٹی جو اب بڑے ہو گئے تھے، وہ بھی رونے لگے، کہنے لگی جب آپ نے میرے ساتھ پھیرے پھیرے ہیں تو، میری عزت میرا دل آپ کے علاوہ کون رکھے گا، میں نے اس کو تسلی دی اور

میرے دل میں چونکہ یہ بات تھی، کہ میرے اللہ نے میرے گندے ہاتھوں کو یہ بھیک دی ہے، اس لئے یہ آئی ہے مگر میں نے پھر بھی اس سے کہا کہ اب بات ہاتھوں سے نکل گئی ہے اس نے پوچھا، کیوں؟ میں نے کہا میں اب مسلمان ہو گیا ہوں اس نے کہا میں نرک میں بھی آپ کے ساتھ رہوں گی، میں آپ کی بیوی ہوں آپ کے ساتھ رہوں گی، میں آپ کی ہوں آپ کی رہوں گی، میں نے اس سے کلمہ پڑھنے کے لئے کہا وہ فوراً تیار ہو گئی، میں نے کلمہ پڑھوایا اور اس کا نام آمنہ رکھا، بچوں کا نام حسن اور فاطمہ رکھا، اصل میں ہوا یہ کہ وہ اپنے میکہ میں الگ کمرہ میں رہتی تھی، بچوں کی لڑائی میں اس کی بھابھی کے ساتھ اس کی لڑائی ہو گئی، اس نے اس کو بہت برا بھلا کہا اور یہ بھی کہا کہ اگر تو کسی لائق ہوتی تو پتی کے در کو کیوں چھوڑتی، اگر اصل کی ہوتی تو پتی کے ساتھ ستی ہو جاتی، جسے پتی نے دھتکار دیا وہ عورت کیا ڈائن ہے، بس اس کے دل کو لگ گئی یہ تو بہانہ ہو گیا ورنہ میرے رب کو تو مجھے بھیک دینی تھی الحمد للہ ڈیڑھ سال سے وہ میرے ساتھ ہے، ہم خوشی خوشی اسلامی زندگی جی رہے ہیں۔

س: عبداللہ صاحب، واقعی یہ قبولیت دعا کا عجیب واقعہ ہے، آپ کو کیسا لگا؟

ج: احمد بھائی اس واقعہ کے بعد میرا میرے اللہ کے ساتھ ایک دوسرا ہی تعلق پیدا ہو گیا، میرا اب یہ حال ہے کہ مجھے ایسا یقین ہے کہ اگر میں اپنے اللہ سے آج ضد کروں کہ آج سورج پچھم سے نکالے تو میرے اللہ ضرور پورا کریں گے۔

س: آپ بڑے خوش قسمت ہیں، قارئین ارمغان کے لئے کچھ پیغام دینا چاہیں گے؟

ج: میری آپ سے اور سبھی سے درخواست ہے کہ میرے لئے اس کی دعا کریں کہ اللہ میرا ایمان اور سیدھ کی حالت میں خاتمہ فرمائیں، میں نے اپنی بیوی کو وصیت لکھ کر دیا ہے، کہ میں مر جاؤں، وہ میری قبر میں میرے کفن کے ساتھ سرٹیفکیٹ رکھ دیں اور دعا کریں کہ

اللہ تعالیٰ اس کا یہ جعلی سرٹیفکیٹ قبول کرلے بلکہ میرے لئے کیا ساری دنیا کے لئے بھی میری یہی دعا ہے اور سب سے دعا کی درخواست ہے کہ اللہ تعالیٰ سب کو ایمان کے ساتھ موت عطا کرے۔

سوال : آمین! بہت بہت شکریہ عبداللہ صاحب آپ کو جلدی بھی ہے، ابی بتا رہے تھے کہ ڈاکٹر صاحب سے وقت لیا ہوا ہے، معاف کیجئے آپ کی باتیں ایسی دلچسپ تھیں، دل چاہتا تھا کہ کچھ اور باتیں کروں، باقی ان شاء اللہ کسی دوسری ملاقات میں۔

جواب : بہت بہت شکریہ فی امان اللہ

مستفاد از ماہنامہ ارمغان اپریل ۲۰۰۵ء

دعائے مغفرت کی درخواست

آپ کو یہ خبر سن کر یقیناً حیرت، رشک و افسوس ہوگا کہ جناب عبداللہ صاحب (گنگا رام چوپڑا جی) جمعہ کے روز ۱۸ مارچ ۲۰۰۵ء کو **[illegible]** **وفات پاگئے** اپنے مالک و خالق اللہ کے حضور میں حاضر ہوگئے۔ اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ، حیرت اس بات پر کہ عبداللہ صاحب کا اللہ کے ساتھ کیسا قوی تعلق تھا، جو مانگا اللہ پاک نے عطا فرمایا، رشک اس پر کہ اے کاش کہ ایسی پیاری موت اللہ ہمیں بھی عطا فرمائے، افسوس اس پر کہ اللہ کا ایک نیک بندہ اس دنیا سے چلا گیا، قارئین "نسیم ہدایت کے جھونکے" سے ان کے لئے دعائے مغفرت کی درخواست ہے۔

۴

ڈاکٹر ارم صاحبہ (ایک نو مسلمہ) سے ایک ملاقات

ارمغان کے واسطے سے میں قارئین بہنوں کی خدمت میں یہ درخواست پیش کروں گی کہ ایک مسلمان کی ذمہ داری پوری انسانیت تک اسلام کے پیغام کو پہنچانا ہے، اس میں مردوں کے ساتھ عورتوں کو بھی مکلف بنایا گیا ہے، بلکہ اسلامی دعوت کی ترتیب تو تاریخ اسلام میں یہ ملتی ہے کہ اسلامی دعوت کی مدعو مردوں سے پہلے عورتیں ہیں، ہمارے نبی ﷺ نے سارے رفقاء محسنین اور محرم راز مردوں کے ہوتے ہوئے غار حرا میں پہلی وحی کے نزول کے بعد، اپنی دعوت کا سب سے پہلا مدعو اپنی رفیقہ حیات حضرت خدیجہؓ کو بنایا تھا، اس سے یہ بات ثابت ہوتی ہے کہ عورتوں کو بھی اپنی ذمہ داری سمجھنا چاہئے بلکہ مردوں سے زیادہ سمجھنا چاہئے۔

اسماء ذات الفوزین

اسماء ذات الفوزین : السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ

ڈاکٹر ارم صاحبہ : وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ

سوال : آپ بڑے وقت پر تشریف لائیں، ابی سے آپ کا تذکرہ سنتے رہتے تھے، دو فرمارہے تھے کہ ارمغان کے لئے آپ سے انٹرویو لینا ہے، شاید آپ کے علم میں ہوگا کہ ہمارے یہاں پھلت سے ایک میگزین اردو میں ارمغان کے نام سے نکلتا ہے جس میں اسلام قبول کرنے والے نومسلموں کے انٹرویو کا سلسلہ شروع کیا گیا ہے؟

جواب: ہاں میں نے کچھ پرچے دیکھے ہیں، مگر میں اب نو مسلم کہاں ہوں میری پیاری قسمت سے کم از کم دس سال قبل سے میں ظاہری طور پر مسلمان ہوگئی تھی اور حقیقتاً اور مزاجاً تو پیدائشی طور پر میں مسلمان ہوں۔

سوال: بات تو آپ کی صحیح ہے یوں تو ہر بچہ اسلامی فطرت پر ہی پیدا ہوتا ہے؟

جواب: عام طور پر ہر بچہ اسلام پر پیدا ہوتا ہے یہ تو ہمارے نبی ﷺ کا مبارک ارشاد ہے اس میں کس کو شک ہو سکتا ہے مگر ہمارے خاندان خاص طور پر ہمارے پاپا (والد) خود بھی مزاجاً مسلمان تھے یعنی اٹھانوے فیصد اسلامی معاشرت قبول اسلام سے پہلے پسند تھی۔

سوال: براہ کرم پہلے آپ اپنا تعارف کرائیں؟

جواب: میرا نام ارم ہے میرے والد ڈاکٹر انل سوری بیجاپور کرناٹک کے رہنے والے تھے وہ آنجہانی چیلوسوری جو سوشلسٹ پارٹی کے صدر کے حقیقی بھتیجے تھے، انہوں نے امریکہ سے ایم ڈی کیا تھا اور بہت اچھے فزیشین تھے، بعض دوستوں اور جاننے والوں کے اصرار پر وہ میرٹھ آگئے تھے اور ویسٹ اسٹریٹ پر ایک کوٹھی خرید کر اس کے ایک حصہ میں اپنا کلینک بنایا تھا، میرے دو بھائی مجھ سے چھوٹے ایک کا نام طارق اور دوسرے کا نام شارق ہے بارہویں کلاس تک میری تعلیم بیجاپور میں ہوئی، میرٹھ آنے کے بعد میں نے میرٹھ کالج میں بی ایس سی میں داخلہ لیا بی ایس سی کے بعد پی ایم ٹی مقابلہ میں بیٹھی اور مولانا آزاد میڈیکل کالج سے ایم بی بی ایس کے تین سال مکمل کرنے کے بعد اپنی بوا کے اصرار پر لندن چلی گئی وہیں ایم بی بی ایس اور بعد ایم ایس کیا اور دہلی کے ایک سید گھرانے میں ڈاکٹر سید عامر سے میری شادی ہوئی جو اچھے نیورولوجسٹ ہیں لکھنؤ سنجے گاندھی پی جی آئی میں ہم دونوں کا تقرر ہو گیا الحمد للہ ہم دونوں پروفیسر ہو گئے، ہماری بوا جو لندن میں رہتی ہیں ان کے کوئی اولاد نہیں ہے، ان کا بہت اصرار تھا کہ ہم دونوں لندن آجائیں ان کے حد درجہ اصرار پر

۲۰۰۱ء میں تین سال پہلے ہم نے ملازمت چھوڑی اور لندن چلے گئے ہماری ہندی کی شادی میرے چھوٹے بھائی شارق سے ہورہی ہے جس کی وجہ سے ہمارا ہندوستان آنا ہوا ہے۔

سوال: اپنے قبول اسلام کے بارے میں بتایئے؟

جواب: اصل میں میرے والد صاحب کو اسلامی معاشرت بہت پسند تھی، بریانی، قورمہ اور کباب کے دلدادہ تھے، نہ یہ کہ وہ اردو جانتے تھے بلکہ فارسی بھی اچھی جانتے تھے پارسی مذہب سے ان کا خاندانی تعلق تھا، اس کے باوجود انہوں نے میرا نام ارم میرے چھوٹے بھائیوں کا شارق اور طارق نام رکھا، خود اپنا نام ڈاکٹر ڈی وارث سودی لکھتے لگے تھے، بیجاپور میں ہم رہتے تھے، جنوبی ہند کا ماحول بڑا صاف ستھرا ہے ہم لوگ میرٹھ آئے تو یہاں کا ماحول عجیب تھا، خصوصاً میرٹھ کالج میں دیہات کے جاٹ اور چودھری طلبہ بڑی چھچھوری حرکتیں کرتے تھے، وہ اس قدر حرکتیں کرتے تھے کہ میرا خیال تھا کہ مجھے پڑھائی چھوڑنی پڑے گی اور کسی دوسرے کالج کو سلیکٹ کرنا پڑے گا، لیکن اللہ کو اسی گندے ماحول میں میری ہدایت کا فیصلہ کرنا تھا، انہیں گندے لڑکوں میں چند شریف لڑکے بھی پڑھتے تھے ان میں آپ کے انی بھی تھے جن کی شرافت سے ہمارے سب ساتھی یہاں تک کہ اساتذہ بھی مرعوب تھے، ان کو لوگ احتراماً کلیم بھائی کہتے تھے، میں نے بار بار دیکھا کہ لوگ کسی فلم کی بات کرتے ہوتے کلیم بھائی آجاتے لوگ فوراً خاموش ہوجاتے، اپنی کلاس میں وہ ذہین سمجھے جانے والے لوگوں میں تھے، آواز بھی بہت اچھی تھی، وہ شاعری بھی کرتے تھے اور اچھے مقرر بھی تھے ہمارے کالج میں ایک پورے صوبہ کا مقابلہ تھا اس میں انہوں نے اول درجہ کا انعام حاصل کیا تھا، کلیم بھائی کو کلاس میں اس طرح کی گندی حرکتوں سے بہت اذیت ہوتی تھی میں گھر میں والد صاحب سے ان کی شرافت کا ذکر کرتی، پاپا مجھ سے ان کو کبھی گھر بلانے کو کہتے تھے، وہ روزانہ پھلت اپنے گاؤں سے کھتولی کے راستے سے

بذریعہ ریل میرٹھ چھاؤنی اور پھر میرٹھ کالج سے اپ ڈاؤن کرتے، کبھی کبھی کلیم بھائی ریل سے وہ کالج جاتے ہوئے پیدل ہمارے گھر کے سامنے سے گزرتے، ایک روز صبح میں نے ان کو آواز دے دی اور اپنے والد سے ملوایا، میرے والد ان سے اور وہ خود میرے والد سے بہت متاثر ہوئے، ہماری کلاس کے زیادہ چھوٹے لڑکے اکثر میرٹھ کالج کے ہوسٹل میں رہتے تھے، رکشابندھن کا تیوہار آیا، کلیم بھائی ساڑھے آٹھ بجے ہمارے گھر آئے اور مجھ سے کہا: ارم بہن کلاس کے گندے ماحول سے ہم لوگ عاجز ہیں چلو کچھ راکھیاں خرید لو اور ہوسٹل چلتے ہیں، میں نے پچیس راکھیاں خریدیں اور کلیم بھائی کے ساتھ ہوسٹل پہنچے اور ان تمام جاٹ اور چودھری اسٹوڈنٹ کو بھیا بھیا کہہ کر راکھیاں باندھ دیں، وہ لوگ بہت شرمندہ سے ہوئے اور ہماری کلاس کا ماحول بدل گیا، اس حکمت عملی نے مجھے بہت متاثر کیا میں نے پاپا کو بھی بتایا، جس کی وجہ سے ہماری کی پاپا ان کا حد درجہ احترام کرنے لگے، مجھے اردو زبان سیکھنے کا شوق تھا میرے پاپا کی بھی خواہش تھی کہ میں اردو پڑھوں، ان کا خیال تھا بلکہ وہ بہت زور دے کر کہتے تھے کہ اردو زبان سے اچھی اور شائستہ تہذیب آتی ہے، میں نے کلیم بھائی سے فرمائش کی وہ مجھے اردو پڑھا دیں، انھوں نے وقت نہ ہونے کا عذر کیا، مگر انھوں نے اردو ڈپارٹمنٹ جا کر ایک صاحب مولوی مسرور کو تلاش کیا جو اردو میں ایم اے کر رہے تھے اور ان کو تیار کیا کہ مجھے اردو پڑھائیں، وہ مجھے لائبریری میں آدھا گھنٹہ روز اردو پڑھانے لگے، مجھے اردو بہت جلد آگئی، کلیم بھائی نے مجھے "اسلام کیا ہے" اور "مرنے کے بعد کیا ہوگا" پڑھنے کو دیں، مجھے ان کتابوں نے بہت متاثر کیا "مرنے کے بعد کیا ہوگا" نے میری نیند اڑا دی مجھ پر موت کے بعد کے عذاب کا سخت خوف تھا، میں نے اپنا حال ان سے بتایا تو انھوں نے مجھے مرنے کے بعد کی عافیت کے لئے ایمان قبول کرنے کو کہا، میں نے پاپا سے مشورہ کیا انھوں نے مجھے سوچ سمجھ کے فیصلہ کرنے کو کہا اور کہا کہ تم بڑی ہوگئی

ہو، اپنی مرضی سے فیصلہ کرسکتی ہو، یکم جنوری ۱۹۷۷ء کو میں نے لائبریری میں ہی کلیم بھائی کے ہاتھ پر اسلام قبول کرلیا، الحمدللہ میرے والدین نے میرے اس فیصلہ پر کوئی اعتراض نہیں کیا، ۱۹۷۹ء میں ابا کے اصرار پر میں لندن چلی گئی اور ۱۹۸۳ء میں ایم ایس کرکے میرٹھ واپس آئی، کلیم بھائی کو میرے والد نے شادی کے سلسلہ میں اختیار دے دیا، الحمدللہ انہوں نے میرے لئے انتہائی موزوں رشتہ تلاش کیا اور دہلی کے ایک سید گھرانے میں میری شادی ہوگئی، میرے شوہر ڈاکٹر عامر ڈی ایم ہیں اور اچھے نیورولوجسٹ ہیں وہ بہت دین دار خلیق انسان ہیں، جہاں رہے لوگ ان کی قدر کرتے ہیں ان کی شرافت سے مرعوب رہتے ہیں وہ اپنے فن میں بھی ماہرین میں شمار کئے جاتے ہیں۔

سوال: اسلام قبول کرنے کے بعد آپ نے کیسا محسوس کیا؟

جواب: اصل میں جیسا کہ میں نے پہلے بھی کہا کہ میں اور ہمارا پورا گھرانہ خصوصاً ہمارے والد صاحب فطرتاً مسلمان تھے، مجھے اسلام قبول کرنے کے بعد ایسا لگا جیسے صبح کا بھولا شام کو اپنے گھر آجاتا اور اس کو بڑی راحت محسوس ہوتی ہے۔

سوال: لندن کے مغربی ماحول میں اپنے کو مسلمان سمجھ کر آپ کو کیسا محسوس ہوتا ہے؟

جواب: لندن میں آنے کے بعد الحمدللہ ہم لوگ شریعت پر عمل کے سلسلہ میں زیادہ حساس ہوگئے ہیں، میرے شوہر نے یہاں آکر داڑھی رکھ لی ہے خود میں یہ محسوس کرتی ہوں کہ مجھے بے پردگی سے کم از کم عریانیت سے سخت کراہت ہوگئی ہے، ہم دونوں الحمدللہ تہجد پابندی سے پڑھتے ہیں کم از کم شفاء کو اللہ کے ہاتھ ہونا اب ہمارے لئے حق الیقین ہوگیا، مسلمان مریض بھی خاصی تعداد میں ہمارے یہاں آتے ہیں مریض کو او۔ٹی میں میز پر لٹا کر پہلے میں اسکو کلمہ پڑھواتی ہوں اسکو تسلی بھی دیتی ہوں اور یہ بھی سمجھاتی ہوں کہ ہوسکتا ہے کہ موت واقع ہوجائے اسلئے اچھی طرح دل کو اللہ کی طرف متوجہ کرلیجئے غیر مسلم مریض

آتے ہیں تو ہماری کلینک ایک روحانی شفاء خانہ بھی ہے، ہم دونوں کی میزوں پر بہت اچھا اسلامی لٹریچر رہتا ہے جس میں سے اپنے اپنے حصہ کا ہر مریض لے کر جاتا ہے، اصل میں ہم نے مغرب کو بہت قریب سے دیکھا ہے، بے حیائی اور مادیت زدہ مغربی دنیا بے چین ہے اور ان میں اکثر لوگ زندگی کی لذت اور سکون سے محروم خودکشی کے کنارے کھڑے دکھائی دیتے ہیں، ان کی بے چینی اور اضطراب کا علاج صرف اسلام کی مقدس تعلیمات ہیں، کاش انکو اس نعمت سے آشنا کر دیا جائے۔

سوال: غیر مسلم مریضوں کو لٹریچر دینے سے کچھ عملی نتائج بھی سامنے آرہے ہیں؟

جواب: الحمدللہ ہم دونوں کی دعوت پر ان تیس سالوں میں دوسو ستر لوگ مسلمان ہو چکے ہیں ہمارے سسر حضرت مولانا سید ابوالحسن علی ندویؒ سے بیعت تھے اور وہ دہلی سے امریکہ چلے گئے تھے میرے شوہر بھی ان کے ایک خلیفہ مولانا ولی آدم صاحب سے بیعت کا تعلق رکھتے ہیں، ہم لوگ اپنے لندن میں قیام کا مقصد اسلام کی دعوت سمجھتے ہیں، مجھے سب سے زیادہ خوشی اس بات کی ہے کہ میری بوا جو مجھے میرے ماں باپ سے زیادہ چاہتی تھیں انہوں نے ہمارے لندن آنے کے دو ماہ کے بعد اسلام قبول کر لیا تھا اور گزشتہ سال ان کا بہت اچھی ایمانی حالت میں کلمہ طیبہ پڑھتے ہوئے مصلی پر انتقال ہوا۔

سوال: قبول اسلام کے بعد بھی آپ نے اسلام کے مطالعہ کا سلسلہ جاری رکھا؟

جواب: الحمدللہ کلیم بھائی نے مجھے اس پر زور دیا کہ میں روزانہ کا نصاب طے کر کے اسلام کا مطالعہ کروں، میں نے ارادہ کیا کہ اوسطاً ۵۰ صفحے روزانہ پڑھوں گی، مگر ۵۰ صفحوں کا نصاب تو مجھ سے نہیں ہو سکا البتہ اگر میں یہ کہوں کہ ان تیس سالوں میں میں نے ۲۵ صفحے روزانہ سے کم نہیں پڑھے ہوں گے تو انشاء اللہ یہ بات بہت احتیاط کے ساتھ سچ ہوگی، میں نے ایک سو سے زائد سیرت کی کتابوں کو پڑھا ہے، حضرت مولانا علی میاں کی سب کتابیں اور

حضرت مولانا تھانوی کی ساری کتابیں تقریباً میں نے پڑھی ہیں، حضرت مولانا مودودی کو بھی میں نے پڑھا ہے، اس کے علاوہ لندن میں اسلام پر روزانہ کتابیں چھپتی ہیں، ہم لوگ عیسائیوں کے یہاں سے چھپنے والی کتابوں کو دیکھتے رہتے ہیں۔

سوال: اس طرح تو آپ نے لاکھوں صفحات پڑھ ڈالے ہوں گے؟

جواب: الحمد للہ ۵۰ صفحات سے کم تو اوسط کسی بھی طرح نہیں رہا ہوگا، اس اوسط سے سال میں دس ہزار کے قریب صفحات ہو جاتے ہیں، شروع میں مجھے مطالعہ کا شوق نہیں تھا، کلیم بھائی نے مجھے زور دیا کہ زبردستی آپ کو نصاب پورا کرنا ہے، ایک محسن کا حکم سمجھ کر میں نے چند روز زبردستی مطالعہ کیا اب یہ حال ہے کہ کھانا نہ کھانے سے ایسا نہیں لگتا جیسا مطالعہ نہ کرنے سے تشنگی محسوس ہوتی ہے، کوئی بار نئی کتاب نہیں ملتی تو پرانی کتاب دوبارہ پڑھتی ہوں، اس طرح الحمد للہ ہمارے یہاں ایک اچھا کتب خانہ جمع ہو گیا ہے اور اس کا کچھ نہ کچھ حصہ ذہن میں بھی محفوظ ہو جاتا ہے۔

سوال: آپ کے کتنے بچے ہیں اور وہ کہاں تعلیم حاصل کر رہے ہیں؟

جواب: میرے تین بچے ہیں بڑے بیٹے کا نام حسن عامر ہے اور چھوٹے کا حسین عامر ہے اور بچی کا نام فاطمہ زہرہ ہے، دونوں بیٹے یونیورسٹی کے مدرسہ میں تعلیم حاصل کر رہے ہیں، حسن نے جس کی عمر دس سال سے زیادہ ہے حفظ مکمل کر لیا ہے اور عالمیت کا پہلا سال ہے، حسین کی عمر نو سال ہے اس کے سولہ پارے ہو چکے ہیں، فاطمہ زہرہ ایک اسلامی اسکول میں دوسری کلاس میں پڑھ رہی ہے، ان کے والد نے اسکو قرآن حکیم گھر پر پڑھایا ہے، ہم دونوں نے پروگرام بنایا ہے کہ اپنے بچوں کو روزگار سے بے فکر کر دیں گے اور ان کو کمانے کی فکر نہ ہوگی اور وہ یکسوئی کے ساتھ زندگی کو دعوت کے لئے وقف کر سکیں۔

سوال: آپ نے اپنے والد اور والدہ کی فکر نہیں کی؟

جواب: الحمدللہ میں نے جس سال ایم ایس سی کیا، فارغ ہو کر میں ہندوستان آئی تو میں نے بھائی کو بلایا اور والد صاحب پر کام کرنے کی درخواست کی انہوں نے والد صاحب کو بہت سی کتابیں دیں حضرت مولانا علی میاںؒ کی کتاب "نبی رحمت" نے ان کو بہت متاثر کیا۔

وہ اسلام سے تو پہلے سے ہی متاثر تھے مگر اتنی عمر تک ایک مذہب میں رہنے اور خاندان کے لوگوں خصوصاً اپنے چچا جناب چیلو سودی صاحب اور انکے خاص دوست آر کے کرنجیا کی وجہ سے انکو جھجک تھی، میری شادی ڈاکٹر عامر سے انہوں نے باقاعدہ اسلامی طریقہ بلکہ مسلمانوں کے طریقہ پر یعنی رواج کے مطابق کی اور خوب خرچ کیا، ظاہر ہے خوب خرچ کرنا خود اسلامی طریقہ نہیں، مگر مسلمانوں نے اسی طریقہ کو اختیار کیا ہے ہم لوگوں کے پی، جی، آئی ملازمت کے دوران ایک بار کوتی گھر میں ہمارے یہاں دو روز کے لئے آئے ہم دونوں نے چھٹی لے لی اور ان سے اسلام قبول کرنے پر اصرار کیا وہ شروع میں ٹالتے رہے کہ رسم سے کیا ہوتا ہے؟ میں دل و دماغ سے تم لوگوں سے پہلے مسلمان ہوں مگر میرے شوہر نے کہا: بلاشبہ اصل چیز تو دل و دماغ کا اسلام ہے اور ہم اسی کو اسلام کی روح مانتے ہیں مگر روح کے لئے جسم بھی ضروری ہے اگر جسم نہ ہو تو روح کس چیز میں پڑے گی آپ کلمہ پڑھ لیجئے وہ تیار ہو گئے اور انہوں نے اسلام قبول کر لیا ممی بھی ان کے ساتھ تھیں پاپا کے مسلمان ہونے کے بعد ممی کو منانا ہمارے لئے آسان ہو گیا انہوں نے بھی کلمہ پڑھ لیا میرٹھ آ کر دو ماہ کے بعد انکو سخت ترین ہارٹ اٹیک ہوا ان کے دل کی دو والیں خراب ہو گئی تھیں ہم ان کو لکھنؤ لے گئے مگر زندگی کا فیصلہ کرنے والا اپنا فیصلہ کر چکا تھا لکھنؤ میں ہی ان کا انتقال ہو گیا اور وہیں تدفین ہوئی الحمدللہ آخری وقت ان کا ایمان کے لحاظ سے بہت اچھا تھا اور وہ اپنے اسلام پر حد درجہ اللہ کی تعریف اور شکر کرتے تھے۔

سوال: آپ کے بھائیوں کا کیا حال ہے؟

جواب: مجھ سے چھوٹے بھائی طارق نے بی اے کیا اور ممبئی میں ایک بڑے کارخانہ میں منیجر ہیں ان کی شادی ممبئی کے ایک تبلیغی گھرانے میں ہوئی ہے چھوٹے بھائی شارق نے ایم بی اے کیا ہے وہ لکھنؤ میں ایک ہوٹل کے منیجر ہیں، ان کی شادی میرے شوہر کی چھوٹی بہن راشدہ سے ہو رہی ہے، ابھی ۲۹ جون کو ان کو نکاح ہونا ہے انشاء اللہ۔

سوال: آپ کو خود اللہ نے ہدایت سے نوازا ہے اور آپ خود دعوت کا کام کر رہی ہیں دعوتی زندگی میں آپ کا تاثر کیا ہے کہ کسی غیر مسلم کی ہدایت کے لئے کیا چیز سب سے زیادہ موثر ہوتی ہے؟

جواب: یوں تو یہ علم اور عقل کا زمانہ ہے بے چین اور بلکتی انسانیت کے لئے علم اور عقل کے پیمانے پر پورے اترنے والے مذہب کا تعارف ہی انسان کو صد درجہ متاثر کرتا ہے مگر میں اپنے قبول اسلام اور اپنے واسطے سے ہدایت پانے والے لوگوں کے حالات پر غور کرنے سے اس نتیجہ پر پہنچی ہوں کہ آپ اپنی تقریری دعوت سے لوگوں کو قائل تو کر سکتے ہیں مگر اس درجہ متاثر کرنے کے لئے کہ ایک زندگی کے طریقہ پر رہنے والا آدمی مذہب تبدیل کرنے پر آمادہ ہو جائے، اس کے لئے آپ کی دعوت کے ساتھ آپ کے کردار کی عظمت ضروری ہے، میں سمجھتی ہوں ہمارے گھرانے کو مشرف باسلام کرنے بلکہ ہم دونوں کو دعوت پر کھڑا کرنے میں آپ کے ابی کی فطری شرافت اور مجسم دعوتی کردار سب سے اہم ذریعہ رہی، کتابوں کے ساتھ نبیوں کو بھیجنا خود میرے خیال میں بڑی دلیل ہے، انسان کو کتاب کے ساتھ افراد چاہئے یعنی قول کے ساتھ کردار کی ضرورت ہوتی ہے جب کہیں انقلاب برپا ہوتا ہے۔

سوال: شکریہ ارم پھوپھو! میں آپ کی بہت مشکور ہوں، آپ قارئین ارمغان کے لئے کوئی پیغام دینا چاہیں گی؟ خصوصاً ان قارئین میں مستورات بھی ہوتی ہیں، ان کے لئے کوئی خاص پیغام؟

جواب: ارمغان کے واسطے سے میں قارئین بہنوں کی خدمت میں یہ درخواست پیش کروں گی کہ ایک مسلمان کی ذمہ داری پوری انسانیت تک اسلام کے پیغام کو پہنچانا ہے، اس میں مردوں کے ساتھ عورتوں کو بھی مکلف بنایا گیا ہے، بلکہ اسلامی دعوت کی ترتیب تو تاریخ اسلام میں یہ ملتی ہے کہ اسلامی دعوت کی مدعو مردوں سے پہلے عورتیں ہیں، ہمارے نبی ﷺ نے سارے رفقاء محسنین اور محرم راز مردوں کے ہوتے ہوئے غار حرا میں پہلی وحی کے نزول کے بعد اپنی دعوت کا سب سے پہلا مدعو اپنی رفیقہ حیات حضرت خدیجہؓ کو بنایا تھا، اس سے یہ بات ثابت ہوتی ہے کہ عورتوں کو بھی اپنی ذمہ داری سمجھنا چاہئے بلکہ مردوں سے زیادہ سمجھنا چاہئے، میدان دعوت میں غیر مسلم اقوام خصوصاً مغربی دنیا سے قریب ہو کر ان کو اس حقیقت سے بھی واقفیت ہوگی کہ جس مادیت اور عریانیت زدہ مغربی تہذیب کی چکا چوندھ سے ہم مرعوب ہو رہے ہیں اور اسکو ہم ترقی کی معراج سمجھ رہے ہیں، وہ کس درجہ پستی کا شکار ہے وہ بے چینی اور اضطراب میں خودکشی کے دہانے پہ کھڑی اسلامی تعلیمات کی کس قدر پیاسی ہے اور دین اسلام کی نعمت سے نواز کر اللہ تعالیٰ نے ہمارے اوپر کس قدر بڑا احسان کیا ہے۔

سوال: دل چاہتا تھا کہ آپ سے آپ کی تفصیلی دعوتی کارگذاری کے بارے میں معلومات حاصل کی جائیں مگر آپ کو جلدی جانا ہے، انشاء اللہ آئندہ ملاقات میں پھر استفادہ کیا جائے گا، بہت بہت شکریہ۔

جواب: ضرور، واقعی دعوتی زندگی میں بڑے تجربات اور ہدایت کے حیرت ناک واقعات ہم دونوں کی زندگی میں پیش آئے ہیں، انشاء اللہ اب کی ملاقات میں۔ فِیْ اَمَانِ اللّٰہِ، اَسْتَوْدِعُکُمُ اللّٰہَ دِیْنَکُمْ وَاَمَانَتَکُمْ وَخَوَاتِیْمَ اعمالکم۔

مستفاد از ماہنامہ ارمغان جولائی ۲۰۰۳ء

۳۳

مدینہ منورہ کی مکین ایک خوش قسمت خاتون

محترمہ شہناز صاحبہ ﴿نومسلمہ﴾ سے ایک ملاقات

میری سب مسلمانوں سے درخواست ہے کہ وہ اپنا منصب پہچانیں اور غیر مسلموں سے رابطہ قائم کریں اور ساتھ ہی اپنے کردار کو اسلام سے آراستہ کریں اور اپنے آپ کو مجسم دعوت بنائیں اور اپنے عمل سے حضور اقدس ﷺ کا تعارف کرائیں، اگر ہمارے نبی ﷺ کا اسوہ لوگوں کے سامنے آجائے تو لوگ ایکٹروں، لیڈروں، کھلاڑیوں کو آئیڈیل بنانے کے بجائے صرف اور صرف ہمارے نبی ﷺ کو آئیڈیل بنائیں گے، اس سے زیادہ پرکشش کوئی اور کردار ہو ہی نہیں سکتا دوسرے یہ کہ ریڈیو، ٹی وی اور میڈیا کے واسطے سے (حدود شریعت میں رہ کر) اسلام لوگوں تک پہنچایا جائے اور اس کے لئے تحریک چلائی جائے۔

اسماء ذات الفوزین

اسماء : السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

شہناز : وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

س : شہناز پھوپھو! الحمد للہ ہماری حاضری پیارے نبی ﷺ کے شہر میں ہوئی ہے، اس محسن شہر مقدس کا حق ہے کہ یہاں نبوی درد اور دعوت دین کا جذبہ حاصل کیا جائے، آپ ہمارے ارمغان سے واقف ہیں، کچھ ترانہ سے دعوتی جذبہ پیدا کرنے کے لئے اس میں

خوش قسمت نومسلموں کے انٹرویو شائع کئے جارہے ہیں، ابی کی خواہش ہے کہ میں آپ سے کچھ باتیں کروں، تاکہ وہ باتیں آئندہ کسی شمارے میں شائع ہو جائیں مدینہ منورہ سے آپ کی باتیں ارمغان میں شائع ہونا بڑی برکت کی بات ہوگی۔

جواب: مجھ سے فون پر بھائی کہہ رہے تھے، ضرور میرے لئے بھی خوشی کی بات ہوگی، تاکہ اس عظیم اور مبارک کار دعوت میں میرا بھی حصہ ہو جائے۔

سوال: آپ اپنا خاندانی تعارف کرائیے؟

جواب: میں جموں شہر کے ایک پڑھے لکھے ملہوترا خاندان میں پیدا ہوئی میری پیدائش ۳ مئی ۱۹۷۵ء کو ہوئی میرے والد کل دیپ ملہوترا کامرس کے لیکچرر تھے، میری والدہ بہت شریف اور مصیبت زدہ خاتون تھیں کم عمری ہی سے وہ بیمار ہوگئی تھیں اور قسمت کی بات یہ ہے کہ شادی کے بعد بھی ان کو سکھ چین نہیں مل سکا میری عمر ۵ یا ۶ سال کی ہوگی کہ انکا انتقال ہوگیا میرے ایک بڑے بھائی تھے سندیپ ملہوترا انکی عمر ۱۰ سال تھی، ایک مرتبہ میری والدہ مجھے دریا میں ڈالنے کے لئے لے گئیں، ایک آدمی نے انکو دریا کے پل پر کھڑا دیکھا تو وجہ معلوم کی وہ بولیں میں اپنی اس بچی کو دریا میں ڈالنے آئی ہوں انہوں نے کہا کہ اگر میری طرح اس کا بھی مقدر خراب ہوا تو ساری زندگی مصیبت بھرے گی، اس سے تو اچھا ہے ابھی مرجائے اس آدمی نے انکی خوشامد کی اور سمجھایا کہ اس بچی کی تقدیر تو بہت اچھی ہوگی تم اس کی فکر نہ کرو اور اس کو دریا میں نہ ڈالو اس نے نہ جانے کس ہمدردی میں اس نے یہ الفاظ کہے تھے کہ میری والدہ نے مجھے دریا میں ڈالنے کا ارادہ ملتوی کر دیا، مجھے گھر لے آئی اور ایک سال بعد انکا انتقال ہوگیا میری والدہ کے انتقال کے ۶ ماہ بعد میرے والد نے دوسری شادی کرلی سوتیلی ماں (اللہ تعالیٰ ان کے احسان کا بدلہ عطا فرمائے) ان کا برتاؤ میرے ساتھ بڑا سخت تھا مجھ پر کام کا بہت بوجھ رہتا تھا، سخت حالات میں بھی میں نے میٹرک پاس

کیا، میرا گھر میرے لئے جیل بلکہ جہنم کی طرح تھا۔ میں گھر کے مظالم سے اتنی تنگ آ گئی کہ کئی بار خودکشی کی ناکام کوشش کی، ایک بار نیند کی بہت ساری گولیاں کھائیں، کئی بار پہاڑ پر چڑھ کر گرنے کی کوشش کی مگر میرے کریم اللہ کو مجھے نوازنا تھا اس لئے خودکشی کی کوئی کوشش کامیاب نہیں ہوئی میری سوتیلی والدہ ہمارے والد صاحب کو میرے خلاف شکایت لگا کر بھڑکاتی رہتیں وہ مجھ پر ترس کھانے کے بجائے مجھے ڈانٹا کرتے، میں مندروں میں جاتی، مزاروں پر جاتی اور بھجن پوجا کے بعد یہ سوال کرتی کہ مجھے بتاؤ میری اندھیری رات کی صبح کب ہوگی، ہوگی بھی یا نہیں؟ مگر وہ بے جان میرے سوال کا جواب کیا دیتے، کاش میں قرآن کی اس صدا کو جانتی تو ان بے جان چیزوں سے متنفر ہوتی، میں آج قرآن حکیم پڑھتی ہوں تو خیال آتا ہے کہ قرآن کی یہ آیت میرے ہی بارے میں نازل ہوئی تھی۔

إِنْ تَدْعُوهُمْ لَا يَسْمَعُوا دُعَاءَكُمْ وَلَوْ سَمِعُوا مَا اسْتَجَابُوا لَكُمْ وَيَوْمَ الْقِيَامَةِ يَكْفُرُونَ بِشِرْكِكُمْ وَلَا يُنَبِّئُكَ مِثْلُ خَبِيرٍ (سورۃ فاطر:۱۴)

اگر تم ان کو پکارو تو وہ تمہاری پکار نہیں سنتے اور اگر سنتے تو تم کو جواب نہیں دیتے اور قیامت کے دن منکر ہوں گے تمہارے شریک ٹھہرانے کے اور کوئی خبر رکھنے والے کی طرح نہیں بتلائے گا۔

ایک روز میں نے ایک قبر میں مردے کو دفن ہوتے دیکھا تو میں اپنی سہیلی سے کہا کہ میری قبر ہی بنانا مجھے جلانا نہیں، میری سوتیلی ماں روز مجھے ڈانٹنے اور والد صاحب سے ڈنٹوانے کے لئے نئی نئی باتیں نکالتی تھیں، انہوں نے ایک روز مجھ پر پرس سے پانچ سو روپے نکالنے کا الزام لگایا، میری برداشت کی حد ہو گئی مجھے یہ بھی خیال آیا کہ انہوں نے آج مجھ پر چوری کا الزام لگایا ہے میرا وجود ان کو گوارا نہیں نہ جانے کل کوئی اس سے بڑا الزام مجھ

پر لگا دیں، میرے پاس ۱۰۰ روپے تھے چند جوڑی کپڑے اور وہ روپے لے کر میں نکل پڑی اور گھر ہمیشہ کے لئے چھوڑ دیا۔

سوال: اپنے قبول اسلام کے بارے میں بتایئے؟

جواب: میں نے اصل میں وہی بتانے کے لئے بات شروع کی ہے، میری سوتیلی ماں کا احسان ہے کہ ان کے مظالم ہی میری ہدایت کا سبب بنے، میرے کریم اور ہادی رب کے قربان جس نے ظلم کے اندھیروں سے نکال کر مجھ پر رحمت اور ہدایت کی بارش فرمائی میں گھر سے نکلی تو ایک کپڑے بیگ میرے ہاتھ میں تھا، ہمارا گھر ایک تنگ گلی میں تھا میں گلی سے نکل رہی تھی میرے والد کالج سے آ گئے وہ میرے برابر سے نکلے مگر ان کی نگاہ مجھ پر نہیں پڑی ورنہ وہ مجھے اس طرح سامان کے ساتھ جاتا دیکھ کر واپس لے جاتے اور نہ جانے کیا کرتے، میں ریلوے اسٹیشن پہنچی گھر سے باہر کبھی نکلی نہیں تھی میں نے دہلی کا ٹکٹ لیا اور دہلی کی ٹرین میں بیٹھ گئی، مجھے یہ بھی معلوم نہیں تھا کس ڈبہ میں بیٹھنا چاہئے، فوجیوں کے ایک ڈبہ میں چڑھ گئی ان بیچاروں نے لڑکی سمجھ کر جگہ دے دی گاڑی چلی ریزرویشن ٹی ٹی آیا فوجیوں کے ڈبے میں مجھے دیکھا تو ٹکٹ معلوم کرنے لگا برابر میں بیٹھے فوجی نے کہا یہ میری بہن ہے، یہ میرے اللہ کی مدد تھی اس فوجی نے بہن بتانے کے بعد سارے راستہ میرا بہن کی طرح خیال رکھا اور برتھ خالی کر کے اس پر سونے کو کہا اور بار بار تسلی دیتا رہا بہن تم فکر نہ کرو۔

میں آرام کے ساتھ دہلی پہنچی اسٹیشن سے باہر نکلی تو سامنے ہی ٹی بس آتی دکھائی دی میں اس پر چڑھ گئی میری سیٹ کے آگے دو نوجوان لڑکے بیٹھے تھے، جو آپس میں باتیں کر رہے تھے، ان کی باتوں سے مجھے شرافت کا احساس ہوا میں نے ان سے کہا بھیا مجھے یہاں دہلی میں کوئی گرلس ہوسٹل بتا دو انھوں نے مجھ سے میرا پتہ معلوم کیا میں نے اپنا پتہ

بتادیا وہ میری مشکل کو بھانپ گئے انہوں نے کہا گرلس ہوسٹل دور ہے آپ ایسا کریں کہ ہماری بہن سے مل لیں تھوڑی دیر وہاں آرام کریں وہ پڑھی لکھی ہیں، آپ کو گرلس ہوسٹل خود پہنچادیں گی، ان کے گھر میں کوئی مرد بھی نہیں ہے مجھے ان کی شرافت کی وجہ سے اطمینان ہوگیا وہ مجھے ساتھ ایکسٹینشن اپنی بہن کے یہاں لے گئے ان کی بہن نے میرے ساتھ بہت اچھا سلوک کیا ناشتہ وغیرہ کرایا ایک دو روز اطمینان سے رہنے کو کہا اور اطمینان دلایا کہ میں خود آپ کو ابھی ہوسٹل میں لے چلوں گی، ان کی بہن نے مجھے اپنے ایک عزیز عشرت صاحب سے ملنے کو کہا کہ ان سے ملنے کے بعد ہی میں ہوسٹل وغیرہ کا فیصلہ کروں، میں عشرت صاحب کے آفس گئی انہوں نے کچھ دیر بات کر کے اپنے آفس کی ایک عورت کو بلا کر انکے ساتھ اپنی بیوہ بہن کے پاس بھیج دیا، ان کے ایک عزیز عارف صاحب تھے جو ان کے یہاں آتے تھے، انہوں نے مجھے سورتی پوجا کے بارے میں سمجھایا، ان کی باتیں میری عقل کو بہت بھائیں اور مجھے سورتی پوجا بڑی حماقت لگنے لگی، ایک کے بعد ایک کئی مسلمانوں کے معاملات ان کی شرافت اور ایک جوان لڑکی کے ساتھ محتاط شرافت اور کچھ کچھ اسلامی تعلیمات کے تعارف نے مجھے اسلام کی طرف راغب کیا اور ایک روز میں نے عارف صاحب سے مسلمان ہونے کی خواہش ظاہر کی انہوں نے مجھے سمجھایا کہ ایمان ہر انسان کی سب سے بڑی ضرورت ہے مگر تم پریشان حال ہو ہمارے یہاں رہ رہی ہو کسی مجبوری یا ہماری تھوڑی سی ہمدردی کا بدلہ دینے کے لئے اسلام قبول کرنا ٹھیک نہیں لیکن سوچ سمجھ کر اپنی سب سے بڑی ضرورت جان کر اسلام قبول کرنا چاہتی ہو تو اس سے زیادہ ہمارے لئے خوشی کی بات اور کیا ہوگی کہ ہماری ایک بہن ہمیشہ ہمیشہ کی دوزخ کی آگ سے بچ جائے، میں نے بہت اطمینان اور خوشی سے اسلام قبول کرنے کو کہا انہوں نے مجھے کلمہ پڑھوایا میں نے اسلامی تعلیم حاصل کرنے کی خواہش ظاہر کی تو انہوں

نے مجھے میوات بھیج دیا۔

سوال: میوات کے دیہاتی ماحول میں تو آپ کو بڑا عجیب سا لگا ہوگا؟

جواب: ابتدا میں ذرا پریشانی ہوئی مگر بعد میں مانوس ہوگئی اسلامی تعلیم کے سلسلہ میں میرا وہاں رہنا بہت مفید ثابت ہوا۔ نماز وغیرہ الحمد للہ اچھی طرح یاد ہوگئی نو دس مہینہ میں کچھ قرآن شریف اور اردو پڑھنا بھی آگئی۔

سوال: مولانا جاوید اشرف ندوی سے آپ کی شادی کس طرح ہوئی؟

جواب: میوات سے دہلی آئی تو عارف صاحب نے بارہ بنکی کے ایک لڑکے سے میرا رشتہ کر دیا وہ لڑکا دیندار نہیں تھا میرے لئے اب دین ہی سب کچھ تھا میں نے ڈرتے ڈرتے عارف صاحب سے کہا کہ میرے لئے کسی دیندار لڑکے کو تلاش کریں، چاہے بالکل فقیر ہی کیوں نہ ہو میری خواہش پر انہوں نے وہ رشتہ رد کر دیا، عارف صاحب نے اپنی لڑکی کے رشتہ کے لئے قومی آواز میں اشتہار دیا تھا وہ اشتہار مولانا (جاوید اشرف ندوی صاحب) نے دیکھا انکی شادی ہوگئی تھی مگر بدقسمتی سے بلکہ میری خوش قسمتی سے وہ شادی ہو نہیں سکی اور طلاق ہوگئی ان کے والدین کا انتقال ہوگیا تھا، اشتہار دیکھا تو بھائیوں کی مرضی کے بغیر عارف صاحب کے یہاں رشتہ کے لئے پہنچے شاید عارف صاحب نے انکی دوسری شادی کی وجہ سے یا میری محبت میں یا اپنی بیٹی سے جوڑ نہ بیٹھنے کی وجہ سے میرے بارے میں بتایا اور مجھ سے شادی کرنے کو کہا اس دوران میں نے اپنی آپ بیتی اور قبول اسلام کی کہانی "کڑوا سچ" کتاب کے طور پر لکھ لی تھی عارف صاحب نے مولانا کو وہ کتاب دکھائی، مولانا کتاب دیکھ کر بہت متاثر ہوئے اور ملاقات کی خواہش ظاہر کی ملاقات ہوئی اور نسبت طے ہوگئی چند روز کے بعد ایک دن ظہر کی نماز میں میرا نکاح ہوگیا، مولانا مجھے اپنے گھر نہیں لے جا سکتے تھے، خاندان اور برادری کی مخالفت کا خوف تھا، اس لئے لکھنؤ لے گئے پھر

اپنے ایک اور ساتھی مفتی عبدالحمید صاحب کے پاس ممبئی لے گئے ان کے یہاں ایک سال رکھا، مفتی صاحب اور انکی والدہ نے میرے ساتھ ایسا برتاؤ کیا کہ حقیقی ماں اور بھائی بھی نہیں کر سکتے۔

سوال: آپ مدینہ منورہ کس طرح آ گئیں؟

جواب: میرے اللہ کے کرم کی ہوا چلی تھی کہ کرم پر کرم ہوتا گیا مولانا صاحب (مولانا جاوید اشرف ندوی) کا مدینہ یونیورسٹی میں داخلہ ہو گیا مولانا نے کسی طرح مجھے عمرہ کے ویزے پر یہاں بلا لیا اللہ تعالیٰ نے مجھے مدینہ کی محبت عطا کی تھی میرا دل واپس کو نہ چاہا اور سالوں تک غیر قانونی طور پر یہاں رہی میرے تین بچے اللہ نے مجھے مدینہ منورہ میں عطا کیے، مدینہ کی گلیوں میں کھو جانے کا مزہ میرے کریم اللہ نے مجھے چکھایا مولانا کی شکل میں مجھے اللہ تعالیٰ نے انتہائی نرم خو، حلیم، حلیم الطبع اور کریم النفس شوہر عطا کیا اس پر مدینہ منورہ کی رہائش عطا کر کے میرے سارے غم بھلا دیے۔

سوال: حضرت مفتی عاشق الٰہی بلند شہریؒ کے گھرانے سے آپ کا تعلق کیسے ہوا؟

جواب: ہمارے شوہر مولانا صاحب میں شرم بہت ہے کسی بڑے آدمی یا عالم سے ملتے ہوئے جھجکتے ہیں مجھے معلوم ہوا کہ ہمارے یہاں کے بڑے عالم حضرت مفتی صاحب یہاں رہتے ہیں میں ان کے گھر گئی اور حضرت مفتی صاحت کی بیوی (امی جان) سے ملی پہلی ملاقات کے میرے تعارف نے ان کو مجھ پر شفیق بنا دیا انہوں نے حضرت مفتی صاحب سے میرا ذکر کیا مفتی صاحب پر غیر مسلموں میں دعوت کا بہت غلبہ ہو گیا تھا جس کی وجہ سے وہ آپ کے ابی مولانا کلیم صاحب سے بہت تعلق رکھتے تھے انہوں نے ہمارے شوہر کو بلوایا اور دونوں نے مجھے اپنی بہن بنا لیا اور واقعی ماں باپ کی طرح میری سرپرستی فرمائی امی جان اب بھی ضعف کے باوجود میرے بچوں کے کپڑے اپنے ہاتھ سے

ی کر پہناتی ہیں میں کسی کی دعوت کردوں تو کوئی چیز خود بنا کر لے آتی ہیں، وہ مجھ سے میرے بچوں سے کس قدر محبت کرتی ہیں میں بیان نہیں کر سکتی حضرت مفتی صاحب میرے پورے خاندان سے حد درجہ محبت فرماتے تھے، الحمد للہ حضرت کے گھر والے بیٹے بیٹیاں بھی مجھ سے بالکل بہنوں جیسا سلوک کرتے ہیں بلکہ سب بہنوں سے زیادہ میرا خیال کرتے ہیں۔

سوال: ہماری امی جان (دادی) بھی تو آپ کو بیٹی کہتی ہیں اور آپ کو بہت یاد کرتی ہیں ان سے آپ کا تعلق کس طرح ہوا؟

جواب: آپ کے ابی مولانا کلیم صاحب سے میرے شوہر مرحوم نا جاوید صاحب کے کچھ تعلقات تھے ایک بار وہ والدہ کو لیکر عمرہ کے لئے آئے میں ان سے ملنے گئی اور مدینہ کا مکین ہونے کی وجہ سے کچھ ضیافت کی کوشش کی ان کو مجھ سے محبت ہوگئی، میں تم کو تجربے کی بات بتاتی ہوں، خدمت میں اللہ نے بڑی تاثیر رکھی ہے، آدمی اگر خدمت کا عادی ہو تو پتھر جیسے دل میں بھی جگہ بنا لیتا ہے، مجھے اپنے بڑوں کی خدمت کا پیدائشی شوق ہے، کسی بڑے کے کپڑے دھونے، اس کے سر پر مالش کرنے، یا پاؤں وغیرہ دبانے میں بہت مزہ آتا ہے، بوڑھی عورتوں کو تو خدمت کی ضرورت بھی ہوتی ہے اور بڑوں کا کیا ذرا سی دیر میں کلیجے سے دعائیں دینے لگتے ہیں اگر ذرا سا آرام قربان کر کے آدمی کسی خدمت کرے تو پھر ایسی دعاؤں سے دنیا اور آخرت بنتی ہے، میں نے بڑوں کی دعاؤں میں بڑی تاثیر دیکھی ہے۔

سوال: مدینہ منورہ میں پوری دنیا سے لوگ آتے ہیں میں نے سنا ہے آپ کا کوئی دور کا جاننے والا یا ملنے والا آجائے ایک پاؤں پر آپ اس کے لئے کھڑی ہو جاتی ہیں پانچ چھوٹے چھوٹے بچے اور آپ ٹیوشن بھی پڑھاتی ہیں کیا آپ تھکتی نہیں ہیں؟

جواب: میرے اللہ نے مجھے مدینہ منورہ کی سکونت کا شرف بخشا ہے، یہاں کے پانی اور

فضا میں اکرام ضیف اور مہمانوں کی خاطر داری رکھی ہے، ہم غیر اختیاری طور پر مجبور ہوتے ہیں کہ مدینہ کے مہمانوں کی خدمت اور ضیافت کا مزہ لیں میرے دل میں آتا ہے کہ ہمارے رسول ﷺ کے مہمان ہیں اور آپ ﷺ تک ہمارے حالات پہنچتے ہیں اپنے مہمانوں کی ضیافت سے آپ کس قدر خوش ہوتے ہوں گے جب یہ بات ہو تو تھکن کا کیا مطلب، میری پیاری اس خیال سے بھی خوشی اور مزہ محسوس ہوتا ہے کہ ہمیں رسول اللہ ﷺ کے مہمانوں کی ضیافت اور خدمت کا شرف مل رہا ہے، میں تو بچوں کی خدمت بھی اللہ کا حکم سمجھ کر کرتی ہوں اور ٹیوشن اپنے شریف اور مسائل کے بوجھ تلے دبے ہوئے شوہر کا بوجھ کم کرنے کے لئے پڑھاتی ہوں، مجھے الحمد للہ اس نیت کی وجہ سے ہر کام میں مزہ آتا ہے، کرنے کے بعد فرحت ہوتی ہے، واقعی ہمارے دین نے ہمیں نیت کو خالص کرنے کا حکم دے کر احسان کیا ہے نیت ٹھیک ہو تو ہر چیز میں مزہ ہے۔

سوال: سنا ہے آپ مدینہ منورہ سے جانا پسند نہیں کرتیں یہاں پر روزگار وغیرہ کے مسائل بھی بہت ہوئے اور دوسری جگہوں سے بلاوے بھی بہت آئے؟

جواب: اصل میں مدینہ جس نے دیکھ لیا وہ جنت کے علاوہ کہیں جانا چاہے ایسا کیسے ہو سکتا ہے؟ میری خواہش اور آخری تمنا ہے کہ بقیع پاک کی خاک مجھے مل جائے ہم بھی دعا کرنا (روتے ہوئے) میں یہاں کے کبوتروں کو بھی دیکھتی ہوں تو دعا کرتی ہوں کہ یا اللہ آپ نے بقیع پاک کے دانے ان کو مقدر کر دیئے میرے لئے اپنے نبی ﷺ کے قدموں کی یہ خاک مقدر فرما دیجئے۔

سوال: آپ نے اپنے گھر والوں کی کچھ خیر خبر نہیں لی، انہوں نے آپ کو تلاش بھی کیا نہیں کیا؟

جواب: شاید انہوں نے تو مجھے تلاش نہیں کیا، اصل میں انہوں نے تو یقین کر لیا تھا کہ میں نے خودکشی کر لی ہے، گذشتہ سال سے میرے والد اور بھائی سے میرا رابطہ ہوا ہے، یہاں

مدینہ منورہ میں جموں کے ایک طالب علم پڑھتے تھے انہوں نے میرے والد کو میرا پتہ بتا دیا وہ بے چین ہوگئے میں رہنے الگوانے ہندوستان گئی تھی جب ہی جھجک کر بار بار ہاں اور ت بنکر کے ایک جگہ میری ان سے پرانی دہلی میں ملاقات ہوگئی، وہ بہت روئے اور جب میں نے سارے حالات بتائے تو وہ بہت نادم ہوئے، اب وہ مجھے دوسرے تیسرے روز فون کرتے ہیں، مولانا جاوید اشرف اور میں نے ان کو اسلام کی دعوت بھی دی ہے انہوں نے بت پرستی چھوڑ دی ہے، ہم لوگوں نے آپ کے ابی مولانا کلیم صاحب سے درخواست کی ہے بلکہ انھوں نے خود ہی ان کا پتہ لیا ہے، انہوں نے اپنے ساتھیوں کو لگایا ہے اور امید دلائی ہے کہ وہ انشاء اللہ ضرور اسلام قبول کرلیں گے۔

سوال: آپ کی سوتیلی والدہ حیات ہیں؟ ان سے بھی کوئی رابطہ کیا؟

جواب: ہاں وہ بھی زندہ ہیں ان سے بھی میں نے فون پر ایک بار بات کی وہ بہت معافی مانگ رہی تھیں، مگر میں اپنی قسمت کے بننے اور غم کے اندھیرے کی صبح ہونے میں سب سے بڑا احسان ان ہی کا مانتی ہوں کہ ان کے مظالم ہی میری ہدایت کا ذریعہ بنے، میں نے ملتزم پر اور ہر خاص موقع پر اپنے ایک بڑے محسن کی طرح ان کے لئے دعائیں کی ہیں، میرے اللہ کی عجیب شان کہ ان کے سارے مظالم مجھے آخری درجہ کے احسان لگتے ہیں، ان کے لئے میں بلک بلک کر ہدایت کی دعائیں کرتی ہوں، گذشتہ حج کے موقع پر عرفات میں میں نے سب سے زیادہ ان کے لئے ہدایت کی دعا مانگی۔

سوال: بچوں کی تعلیم کے لئے آپ کا کیا ارادہ ہے؟

جواب: یہاں سعودی عرب کے اسکولوں میں تربیت کا نظم بہت عجیب ہے، ہمارا ارادہ ہے کہ ہمارا ایک ایک بچہ داعی بنے اور دین کی خدمت کرے، الحمد للہ میں نے بھی حضرت مفتی عاشق الٰہی کی تفسیر "انوار البیان" کا ہندی ترجمہ حضرت کی حیات میں شروع کیا تھا

میری خواہش ہے کہ اللہ تعالیٰ قرآن حکیم کی یہ خدمت مجھ سے لے لے، اس لئے ہم لوگ مدرسے سے زیادہ گھریلو تعلیم و تربیت کی فکر میں ہیں

سوال: ارمغان کے واسطے سے آپ مسلمانوں کے لئے کچھ پیغام دینا چاہیں گی؟

جواب: میں درخواست ہی کر سکتی ہوں کہ وہ اپنا منصب پہچانیں اور غیر مسلموں سے رابطہ قائم کریں اور ساتھ ہی اپنے کردار کو اسلام سے آراستہ کریں اور اپنے آپ کو مجسم دعوت بنائیں اور اپنے عمل سے حضور اقدس ﷺ کا تعارف کرائیں، اگر ہمارے نبی ﷺ کا اسوہ لوگوں کے سامنے آجائے تو لوگ ایکٹروں، لیڈروں، کھلاڑیوں کو آئیڈیل بنانے کے بجائے صرف ہمارے نبی کو آئیڈیل بنائیں گے، اس سے زیادہ پرکشش کوئی اور کردار ہو ہی نہیں سکتا دوسرے یہ کہ ریڈیو، ٹی، وی اور میڈیا کے واسطے سے (حدود شریعت میں رہکر) اسلام لوگوں تک پہنچایا جائے اور اس کے لئے تحریک چلائی جائے۔

دوسری درخواست یہ ہے کہ میرے لیے دعا کریں کہ اللہ تعالیٰ مجھے بھی اپنے دین کی دعوت کے لئے قبول کرلیں اور مجھ سے کچھ کام لے لیں بس میری یہی حسرت ہے کہ میں اور میری نسلیں دین کی خدمت خصوصاً دین کی دعوت کے لئے قبول ہو جائیں، ہمارے بعض متعلقین کہتے ہیں کہ تم لوگ اتنے دنوں سے مدینہ میں رہتے ہو گھر بھی نہیں بنایا؟ میں اکثر ان سے کہتی ہوں کہ ہم مدینہ میں بقیع پاک کا پیوند بننے کے لئے پڑے ہیں، دنیا بسانے کے لئے تو ہم پیرس جاتے یا نیویارک جاتے یہ ان کے جواب کے لئے کہتی ہوں، ورنہ میرا خیال ہے کہ دنیا کی زندگی کا مزہ اور راحت بھی مدینہ منورہ کی زندگی میں ہے، پیرس کے لوگوں کو اس کی خاک بھی نصیب نہ ہوگی۔

سوال: بہت بہت شکریہ شہناز پھوپھو! آپ ہمارے لئے بھی دعا کیجئے، آپ پر تو بڑا رشک آرہا ہے؟

جواب: پیاری اسماء! تمہارا نام کب سے سنتے اور امتحان میں پڑھتے تھے تم کو دیکھنے کو آنکھیں ترستی تھیں، ہم تم پر رشک کرتے ہیں، ہم مدینہ منورہ میں رہ رہے ہیں، ہمیں نبی اکرم ﷺ کے شہر میں رہنا نصیب ہو گیا ہے مگر تم تو نبی اکرم ﷺ کا کام بلکہ محبوب ترین کام کر رہی ہو، اللہ تعالیٰ آمیں اور برکت عطا فرمائے، اللہ تعالیٰ تم کو مدینہ منورہ بلکہ حرمین شریفین کی بار بار زیارت خاص قبولیت اور برکت کے ساتھ نصیب فرمائے۔ آمین۔

مستفاد از ماہنامہ ارمغان دسمبر ۲۰۰۳ء

۴

محترمہ سلمیٰ انجم صاحبہ (مدھو گویل) سے ایک ملاقات

ہماری زندگی اسلامی کردار کا نمونہ ہونی چاہئے اسلام کی ہر ادا میں کشش ہے، دیکھئے پچاس سے زائد افراد پر مشتمل خاندان کی ہدایت کا ذریعہ صرف عبدالرحمٰن صاحب کے وعظ سے پوچھی جمع کرنے کا عمل ہوا بلکہ ہمارے واسطے سے مسلمان ہونے والے سبھی لوگوں کا ذریعہ ان کا ایک اسلامی عمل ہوا۔

اسماء ذات الفوزین

اسماء ذات الفوزین : السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ

سلمیٰ انجم : وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ

[illegible] : آپ کی خدمت میں قارئین ارمغان کے لئے کچھ ضروری باتیں کرنے کے لئے حاضر ہوئی ہوں۔

[illegible] : میرے لائق جو خدمت ہو میرے لئے لائق سعادت ہے۔

[illegible] : براہ کرم اپنا مختصر تعارف کرائیں۔

[illegible] : میرا نام اب الحمد للہ سلمیٰ انجم ہے میرا پہلا نام مدھو گویل تھا، میں غازی آباد کے ایک بہت مذہبی ہندو گویل خاندان میں پیدا ہوئی میرے والد لالہ سنگل سین گویل ایک معمولی سبزی کے تاجر تھے اور میرے بچپن میں انتقال کر گئے تھے میری پرورش میری والدہ

کیلاش وتی اور بڑے بھائی بابو جگدیش گوئل کے زیر سایہ ہوئی ہم لوگ غازی آباد کے قریب گلدھر گاؤں میں رہتے تھے میری والدہ ماجدہ جن کا اسلامی نام امّ نسیم ہے اور میرے سب سے بڑے بھائی بابو جگدیش جن کا اسلامی نام کلیم غازی ہیں اور دوسرے بھائی ہیم کمار جو الحمد للہ اب مولانا نسیم غازی ہیں میری چھوٹی بہن بھی جس کا نام اب اسماء ہے اپنے پورے خاندان کے ساتھ الحمد للہ مسلمان ہیں، میری تین بڑی بہنیں مسلمان نہیں ہوئیں جن میں ایک حیات ہے ان کا نام لجا ہے اور بدرا میشوری اور لیلی وتی کا انتقال ہو گیا ہے۔

سوال: اپنے خاندان کے اسلام لانے کے سلسلہ میں ذرا بتائیے؟

جواب: میرے بڑے بھائی بابو جگدیش بڑے مذہبی ہندو تھے اور انہیں ہندو مذہب کی بڑی گہری معلومات تھیں، اسلام اور مسلمانوں سے ان کو بڑی نفرت سی تھی، مسلمان کے یہاں سے سبزی لینا بھی وہ پسند نہیں کرتے تھے اور اگر خریدتے تو بہت دھو کر پکواتے تھے، وہ غازی آباد نگر پالیکا میں چنگی انسپکٹر تھے وہ ہندو مذہب کو اپنے مالک کو خوش کرنے اور اس تک پہنچنے کا سہارا سمجھتے تھے وہ مذہب سے بہت عقیدت کا تعلق رکھتے، ایک روز وہ ایک چنگی پر جانچ کے لئے گئے، دوپہر کا وقت تھا، غازی آباد بھٹے کے ایک مسلمان جناب عبدالرحمن صاحب جو چوڑیوں کا کاروبار کرتے تھے کسی ہفتہ واری بازار میں دوکان لگانے کے لئے چوڑیاں لے کر آئے نگران کے پاس چنگی کے پیسے نہیں تھے، انہوں نے چنگی پر آکر درخواست کی کہ میں شام کو واپسی میں چنگی کے پیسے دے دوں گا مجھے شام پانچ بجے تک کی مہلت دیدی جائے، بابو جی نے کہا کہ واپسی پر بھی کوئی چنگی دیتا ہے؟ انہوں نے جواب دیا کہ بابو جی مسلمان دیتے ہیں، بابو جی کو یہ بات لگ سی گئی اور وہ باوجود دوسری جگہ کے تقاضوں کے شام تک وہیں بیٹھ گئے کہ دیکھتا ہوں مسلمان کس طرح چنگی دیتا ہے، عبدالرحمن صاحب وقت سے پہلے گاہکوں کی بھیڑ سے دوکان سمیٹ کر پانچ بجے سے ۱۵

منت قبل چنگی پر آئے اور چنگی جمع کرادی، بابو جی ان کے اس ایفائے وعدہ سے متاثر ہوئے اور پھر ان سے دوستی کرلی، حقیقت یہ ہے کہ ایفائے وعدہ کو یہ اسلامی انداز ہی ہمارے خاندان کے لئے ہدایت کا ذریعہ بنا بابو جی نے اسلام کا مطالعہ شروع کیا گھر آئے ایک سنجیدہ مسلمان جناب قاضی جمیل صاحب بابو جی کو مل گئے، انہوں نے بابو جی کو اسلامی لٹریچر مہیا کیا اور ساتھ میں چھوٹے بھائی نسیم غازی کو بھی قریب کیا، بابو جی اسلام کے مطالعہ سے بہت متاثر ہوئے اور انہوں نے دوستوں اور عزیزوں سے اسلام کی تعریف شروع کی اور اسلام قبول کرنے کا ارادہ ظاہر کیا، انہوں نے ان کو روکنے کی بہت کوشش کی مگر چھوٹے بھائی (نسیم کمار) مولانا نسیم غازی نے اسلام قبول کرلیا اس دوران لوگوں نے دباؤ دینے اور اسلام سے باز رکھنے کے لئے ایک جھوٹے قتل کے مقدمہ میں پھنسا دیا، مقدمہ شروع ہوا غازی آباد کا ایک بڑا بدمعاش صادق تھا اس کو معلوم ہوا کہ مقدمہ کی تاریخ ہے اور لوگ جھوٹی گواہی دینے آئیں گے، وہ عدالت کے باہر چاقو وغیرہ لے کر بیٹھ گیا کہ جو جھوٹی گواہی دینے آئیگا آج اپنا انجام دیکھے گا اس کے ڈر کی سے لوگ گواہی دینے نہیں آئے، مقدمہ میں بابو جی بری ہو گئے صادق کی اس ہمدردی سے بابو جی اور بھی متاثر ہوئے اور انہوں نے بھابھی اور بچوں سے مشورہ کیا اور پورا خاندان مشرف با سلام ہوگیا پانچ بیٹے اور چار بیٹیاں جس میں تین بلریا گنج سے عالم ہیں سب مسلمان ہو گئے، مولانا نسیم غازی جس وقت مدرسۃ الفلاح بلریا گنج میں پڑھتے تھے انہوں نے گھر والوں پر بہت کام کیا انکی کوشش سے میری چھوٹی بہن اسماء مسلمان ہوگئیں اور انکی شادی اعظم گڑھ کے ایک معزز خاندان میں ہوئی ان کے شوہر جامعہ میں ایک بڑے عہدے پر ہیں، اس کے بعد نسیم بھائی والدہ اور مجھ پر بہت محنت کرتے رہے وہ بڑے درد بھرے خطوط ہمیں لکھتے تھے انکا ایک درد بھرا خط "نومسلم بیٹے کا اپنی ماں کے نام خط" کے عنوان سے شائع بھی

ہوا چند سالوں کی فکر اور کوشش سے میری والدہ بھی مسلمان ہو گئیں۔

سوال: آپ اپنے اسلام کے سلسلہ میں کچھ بتائیے؟

جواب: میں اپنے بارے میں بتانے جا رہی ہوں مجھے بچپن سے اسلام سے بڑی چڑ تھی اس کی بنیادی وجہ یہ تھی کہ ہمارے علاقہ اور غازی آباد کے اکثر علاقے میں مسلمانوں کو دیکھتی تھی کہ وہ بہت گندے رہتے ہیں اور انکے گھر بھی بہت گندے ہوتے ہیں نسیم بھائی جب بھی غازی آباد آتے ایک گھنٹہ مجھے سمجھاتے مجھے انکا سمجھانا بہت برا لگتا کبھی کبھی میں کانوں میں انگلیاں دے لیتی کبھی رونے لگتی ان کی طرف پیٹھ پھیر کر دیوار کی طرف منھ کر کے لیٹ جاتی مگر وہ کہتے رہتے، ایک بار وہ مجھے اعظم گڑھ لے گئے وہاں میں نے بہت سلیقہ اور صفائی کا خیال رکھنے والے خاندانی مسلمانوں کو دیکھا غازی آباد کے ابراہیم خاں کے گھر مجھے لے گئے ان کے گھر کی عورتوں سے میں متاثر ہوئی وہ دس سال تک مجھے سمجھاتے رہے کبھی کبھی وہ رونے لگتے مجھے اسلام کی باتیں تو سمجھ میں آتی تھیں مگر میں گندے مسلمانوں میں شامل ہونا نہیں چاہتی تھی، مجھے ڈر رہتا کہ ان مسلمانوں میں خاص طور پر عبدالرحمٰن صاحب کے بیٹے سے میری شادی کر دی جائے گی اسلئے میں مسلمان ہوتے ہوئے ڈرتی تھی ایک بار میں اعظم گڑھ گئی ہوئی تھی نسیم بھائی میری خوشامد کرتے تھے ایک روز انکی ڈبڈبائی آنکھیں دیکھ کر میرا دل بھر آیا میں نے کہا بھیا تم کیا چاہتے ہو انہوں نے کہا مدھو بہن اسلام کا کلمہ پڑھ کر ہمیشہ کی آگ سے بچ جاؤ میں نے کہا اچھا پڑھاؤ اور میں نے کلمہ پڑھا اور اسلام قبول کر لیا نسیم بھائی کی خوشی کی کوئی انتہا نہیں تھی وہ خوشی میں مجھے گلے لگا کر پھوٹ پھوٹ کر رونے لگے اس لئے کہ تقریباً دس سال کی متواتر کڑھن لگن اور مسلسل دعوتی کوشش کے بعد اللہ تعالیٰ نے میرے دل کو اسلام کے لئے کھولا یہ تقریباً اٹھائیس سال پرانی بات ہے۔

سوال: آپ کی شادی کس طرح ہوئی؟

جواب: شادی کے سلسلہ میں میری کچھ شرائط تھیں، ایک زمانہ تک سخت ترین مذہبی ماحول میں رہنے کی وجہ سے فوراً ذہن سازی نہیں ہو سکی تھی، اس لئے میری پہلی شرط تھی کہ میں کسی داڑھی والے شخص سے شادی نہیں کروں گی، لڑکا الگ رہتا ہو، زیادہ بھائی بہن وغیرہ نہ ہوں یعنی بڑا خاندان نہ ہو، مجھے ابھی اسلام قبول کئے ہوئے تقریباً ایک سال ہوا تھا، حکیم عظیم الدین مستقلی نے ہمارے شوہر محمود صاحب سے شادی کے لئے کہا، وہ اس وقت روزگار کے لئے کھتولی سے پھلت آ کر رہتے تھے، انہوں نے اپنی والدہ سے مشورہ کیا اور پھر کھتولی بھائیوں سے مشورہ کرنے کے لئے گئے، وہاں آپ کے دادا جی محمد امین صاحب ان کے خاندان کے بزرگ تھے، انہوں نے کہا کہ غازی آباد گئے کر رشتہ پکا کریں گے اور اشارے سے آپ کے ابی (مولانا کلیم صاحب) کو دعوت دیتے آئے، رشتہ پر آمادگی دیکھ کر دونوں کا مشورہ ہوا کہ نکاح کر دیا جائے، اصل میں ان کو میری طرف سے اطمینان نہیں تھا، بہرحال سادگی سے نکاح ہو گیا، عزیزوں اور گھر والوں میں سے صرف آپ کے والد (کلیم بھائی) شادی میں شریک ہوئے، دو دن بعد ہمارے بھائی اور والدہ نے مجھے سادگی سے میرے شوہر کے ساتھ اس طرح رخصت کر دیا جیسے کئی سال کی شادی شدہ لڑکی کو رخصت کر دیتے ہیں۔

سوال: آپ کو اب کیسا محسوس ہوتا ہے، محمود بھائی جان نے تو ابھی داڑھی بھی رکھ لی ہے؟

جواب: مجھے بہت اچھا محسوس ہوتا ہے، میرے شوہر محمود صاحب ایک اچھے شوہر ہیں، ایک مثالی مسلمان ہیں، مجھے ان کے ساتھ شادی پر فخر ہے، میں اب اللہ کا شکر کرتی ہوں، ان کی داڑھی مجھے بہت اچھی لگتی ہے بلکہ اب مجھے اسلام کی ہر چیز بہت اچھی لگتی ہے، میرے خاندان کے اکثر لوگوں کے داڑھیاں ہیں، بڑے بھائی، بابو جی مرحوم تو بہت بہادر

مسلمان تھے، ہندوؤں کے محلہ میں رہتے تھے بابری مسجد کے قضیہ اور اس سے قبل غازی آباد میں ہر بار فسادات ہوئے مسلمان دوستوں کے فون آتے تھے کہ ہم آپ کو لینے آرہے ہیں، ان حالات میں آپ کا یہاں رہنا ٹھیک نہیں ہے، والد صاحب بڑے اعتماد سے جواب دیتے اگر آپ اطمینان دلادیں کہ مسلمانوں کے محلہ میں ملک الموت نہیں آسکتے اور ہندوؤں کے محلہ میں موت وقت سے پہلے آجائے گی تو میں آنے کو تیار ہوں، وہ مونڈھا بچھا کر سڑک پر بیٹھ کر مشروع خانیہ میں اخبار پڑھتے بیٹھ جاتے، ان کا ایمان بڑا قوی تھا۔

قبول اسلام کے بعد ہمارے خاندان کو ہندوؤں نے بڑی دھمکیاں بھی دیں اور بڑے لالچ بھی دیے، ڈاکٹر گوپال شال والا وغیرہ بار بار ملنے آئے اور کروڑوں روپے کی پیش کش کی کہ آپ کسی بھی شرط پر اسلام سے باز آجائیے مگر انہوں نے حق کے مقابلہ پر لالچ اور خوف کو ٹھکرا دیا اور زندگی بھر نہ صرف خود مضبوط مسلمان رہے بلکہ ان کی وجہ سے اللہ نے بہت سے لوگوں کو ہدایت دی، میرے دوسرے بھائی مولانا نسیم غازی بھی جو الحمدللہ ملک کے مشہور داعی ہیں، انسانی رشتہ کے بھائیوں کو دوزخ کی آگ سے بچانے کے لئے بغیر کسی سیاسی فکر اور لالچ کے مخلصانہ دعوت پر زور دیتے ہیں الحمدللہ اس کا فائدہ جماعت اسلامی کے لوگوں کو بھی ہوا ہے، بہت سے لوگ ان کی دعوت سے مشرف با اسلام ہوئے ہیں۔ الحمدللہ

سوال: اگر خدانخواستہ آپ کو ہدایت نہ ملتی تو؟

جواب: اگر خدانخواستہ مجھ کو ہدایت نہ ملتی اس تصور سے بھی کانپ جاتی ہوں، میرا رواں رواں کانپ جاتا ہے، دیکھئے ابھی میرا حال خراب ہو رہا ہے میری دو بہنیں اسلام کے بغیر دنیا سے چلی گئیں وہ اسلام کے قریب ہوگئی تھیں، مگر ان کے مقدر میں ہدایت نہیں تھی۔ میرے والد بھی اسلام سے محروم دنیا سے رخصت ہوئے، جب میں سوچتی ہوں تو نیند اڑ جاتی ہے اور کبھی کبھی مسلمانوں پر مجھے بہت غصہ آتا ہے، دس سال تک میں صرف اسلئے

مسلمان نہیں ہوئی کہ میں جن اکثر مسلمانوں کو دیکھتی تھی وہ بہت گندے رہتے تھے ان کا رہن سہن اور ماحول جس میں چوری چکاری جوا اور جہالت ہے، میرے لئے حجاب بنا رہا اگر مسلمان اسلام پر حقیقت میں عمل کرتے تو میری بہنیں اور والد ایمان سے محروم نہ جاتے۔

سوال: پچی جان اچھا یہ بتائے آپ گوشت نہیں کھاتی مگر آپ مرغ اور گوشت اس قدر لذیذ بناتی ہیں آپ کو کیسا لگتا ہے؟

جواب: میرے شوہر محمود صاحب ایک اچھے مسلمان شوہر ہیں، میں کچھ نماز ذکر وغیرہ تو زیادہ نہیں کرپاتی اپنی عبادت یہی سمجھتی ہوں کہ میں ایک اچھی مسلمان بیوی بنوں، میں نے اپنے آپ کو اپنے شوہر کے لئے بالکل وقف کر دیا ہے، وہ گوشت کے بہت شوقین ہیں اس لئے مجھے گوشت بنانے کا شوق ہو گیا ہے میں گوشت کھانے کے حکم کو اللہ کی نعمت سمجھتی ہوں میں نے اپنے بچوں کو ترغیب دے کر گوشت کا شوقین بنایا ہے، میں کوشش کے باوجود نہیں کھا پاتی تو اسے اپنی معذوری بلکہ محرومی سمجھتی ہوں۔

سوال: ماشاء اللہ آپ نے اپنے بچوں کی بڑی اچھی تربیت کی ہے عائشہ بھابھی صفیہ بھابھی اور سلمان بھائی آپ کے تینوں بچے بہت سعادت مند اور نیک مسلمان ہیں آپ نے ان کی کس طرح تربیت کی۔

جواب: بچوں کی تربیت میں مجھ سے زیادہ ان کے والد کا ہاتھ ہے وہ بہت اچھے اور سچے مسلمان ہیں، اکثر غیر مسلم کے محلہ میں رہے مگر پڑوسیوں کے محبوب رہے اور جب محلہ چھوڑ کر آئے تو ہندوؤں نے روتے ہوئے رخصت کیا پکی میری محلہ میں ایک چھوٹے مکان میں ہم ایک زمانے تک رہے مالک مکان ایک انتہائی مذہبی ہندو تھا، رام کشور نام تھا وہ مضامین میں ایم اے تھا مگر وہ ہمارے شوہر کے اخلاق و ہمدردی سے حد درجہ متاثر تھا اور

اسلام کی طرف مائل ہو گیا تھا کہتا تھا محمود صاحب جس قدر دیوتاؤں کی پوجا کرتا ہوں حال خراب ہوتا جاتا ہے سوچتا ہوں یہ جھوٹے بھگوان چھوڑ دوں اور آپ کی طرح ایک سچے مالک کا ہو جاؤں اس کے مقدر میں ہدایت نہیں تھی بے چارہ محروم دنیا سے چلا گیا میں نے بچوں کو مسلمان بنانے کی فکر کی اور بچپن سے نماز پڑھنے کے وقت ان کے سر رہتی تھی غیر مسلمانہ عادتوں سے بچنے کو کہتی تھی مجھے اسلام قبول کرنے کے بعد جس طرح پہلے مسلمان برے لگتے تھے غیر مسلم برے لگنے لگے اس لئے میں باوجود غیر مسلموں کے محلہ میں رہنے کے، بچوں کے لئے یہ پسند نہیں کرتی تھی کہ وہ غیر مسلم بچوں سے دوستی کریں بلکہ ان کے ساتھ کھیلیں۔

سوال: آپ کے ہندو عزیزوں سے اب کیسے تعلقات ہیں؟

جواب: اسلام قبول کرنے سے پہلے ہم لوگوں کی اقتصادی حالت اچھی نہیں تھی ہم لوگ غریبی کی زندگی گزارتے تھے مگر اسلام قبول کرنے کے بعد اللہ نے ہم کو سب کچھ دیا ہمارے بھائیوں اور بھانجوں نے اپنے ہندو رشتہ داروں کے ساتھ اچھا سلوک کیا اب وہ لوگ ملتے جلتے ہیں اور شادی غمی میں شریک ہوتے ہیں ہم سے تعلقات بنائے رکھنا ان کی ضرورت بن گئی ہے۔ نسیم بھائی فائدہ اٹھا کر ان پر کام کر رہے ہیں۔

سوال: ارمغان کے واسطے سے آپ مسلمانوں کو کوئی پیغام دینا چاہیں گی؟

جواب: مجھے صرف یہ کہنا ہے کہ مسلمان گندے نہ رہیں اس کی وجہ سے لوگ اسلام میں آنے سے رکتے ہیں، اسلام نے پاکی اور صفائی کو کس قدر اہمیت دی ہے، ہمیں تو دنیا کو صفائی اور پاکی کا سلیقہ سکھانا چاہئے، ہماری زندگی اسلامی کردار کا نمونہ ہونی چاہئے اسلام کی ہر ادا میں کشش ہے، دیکھئے پچاس سے زائد افراد پر مشتمل خاندان کی ہدایت کا ذریعہ صرف عبدالرحمن صاحب کے وعدے پر چٹنی جمع کرنے کا عمل ہوا بلکہ ہمارے واسطے سے

مسلمان ہونے والے بھی لوگوں کا ذریعہ ان کا ایک اسلامی عمل ہوا افسوس ہم خود گندے رہتے ہیں اور کم از کم ہندوستان میں گندگی مسلمانوں کی شناخت بھی جانے لگی ہے ہمیں اس برائی کو دور کرنے کی کوشش کرنی چاہئے۔

سوال: بہت بہت شکریہ سلمیٰ چچی جان آپ ہمارے لئے دعا کیجئے۔

جواب: ضرور، آپ بھی میرے لئے دعاء کریں آپ اللہ کی نیک بندی ہیں۔

اللہ حافظ

مستفاد از ماہنامہ ارمغان فروری ۲۰۰۳ء

۵

محترمہ حلیمہ سعدیہ صاحبہ (نو مسلمہ) سے ایک ملاقات

میرا خیال یہ ہے کہ مسلمان جنہیں اسلام کی نعمت کی قدر نہیں بچی تھیں وہ بھی اس گندی تہذیب کے زہر میں اپنی ذات کھو بیٹھی ہیں بعض مسلم ملکوں میں جا کر یہ پتا مشکل ہوتا ہے کہ یہ مسلمانوں کا ملک ہے بے پردگی بلکہ بے حیائی اور عریانیت حد درجہ فیشن ہوتی جا رہی ہے اسلام سے پہلے کی عورتوں کے حالات اور تاریخ ضرور پڑھنی چاہئے میں سمجھتی ہوں اس سے اسلام کے عورتوں پر احسانات کا احساس ہوگا اور دین فطرت کی کچھ قدر معلوم ہوگی۔

اسماء امت اللہ

اسماء امت اللہ : السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

حلیمہ سعدیہ : وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

سوال : ابی نے کہا تھا کہ آپ آ گئی تو میں آپ کے حالات کے سلسلہ میں آپ سے کچھ معلومات کرلوں؟

جواب : کس لئے ان کو تو سب معلوم ہے۔

سوال : اصل میں پھلت میں ہماری جمعیت شاہ ولی اللہ سے ایک اردو ماہانہ میگزین نکلتا ہے، اس میں اسلام کے سائے میں آنے والے خوش قسمت بھائی اور بہنوں کے حالات معلوم کر کے شائع کرنے کا سلسلہ شروع کیا گیا ہے تا کہ پرانے مسلمانوں کو عبرت ہو۔

جواب: میرے حالات سے کیا عبرت ہوگی میں تو خود اپنے حال پر شرمندہ ہوں، مگر خیر کچھ معلوم کرنا ہوتو معلوم کرلو۔

سوال: آپ اپنا مختصر تعارف کرائیں؟

جواب: میں جنوبی دہلی کے ایک ہندو جینی خاندان سے تعلق رکھتی ہوں، میرے والد پی ڈی ڈی اے میں چیف اکاؤنٹنٹ ہیں، میرے تین بھائی ہیں تینوں اعلیٰ پوسٹوں پر الگ الگ منسٹریوں میں افسر ہیں میں نے انگریزی میں ایم اے اور ماس کمیونیکیشن میں ڈپلومہ کیا ہے میں بھی ملک کی ایک اہم وزارت میں سکریٹری کی پوسٹ پر کام کر رہی ہوں میں نے اپنے لئے اپنا اسلامی نام حلیمہ سعدیہ تجویز کیا ہے اگر چہ مجھے اس نام سے بہت کم لوگ یاد کرتے ہیں، میری عمر ۳۳ سال سے کچھ زیادہ ہے۔

سوال: اپنے اسلام قبول کرنے کے بارے میں بتایئے؟

جواب: حکومت ہند نے اپنے ملازمین کو غیر ملکی زبان سکھانے کے لیئے ایک انسٹیٹیوٹ قائم کیا تھا جس میں دفتر کی طرف سے مجھے عربی زبان سیکھنے کے لئے بھیجا گیا عربی سکھانے والے اکثر مسلمان اساتذہ تھے انہوں نے عربی کیساتھ اردو بھی سکھانی شروع کی، ہمارے والد صاحب اچھی اردو جانتے ہیں اور بہت اچھی اردو بولتے ہیں اسلئے مجھے اردو سیکھنے میں کوئی مشکل پیش نہیں آئی ہمارے اساتذہ میں ایک استاد ڈاکٹر محسن عثمانی صاحب تھے انہوں نے تمام ہی اسٹوڈینٹس کو عربی پڑھانے کے ساتھ ساتھ اسلام کا تعارف بھی کرایا اور تھوڑی سی عربی کی شدھ بدھ ہو جانے کے بعد ہمیں قرآن حکیم سے عربی پڑھوانے لگے ڈاکٹر محسن عثمانی صاحب جو اس وقت دہلی یونیورسٹی میں پروفیسر تھے انہوں نے ہم بھی عربی پڑھنے والوں کو ہندی اور انگریزی میں اسلام پر لٹریچر فراہم کیا آپ کے والد کی کتاب "آپ کی امانت" بھی لاکر دی، واقعی وہ درد کی زبان میں لکھی گئی کتاب ہے۔ اس

کتاب کے پڑھنے کے بعد میری قرآن شریف سے دلچسپی بڑھ گئی اور بالآخر اللہ نے مجھے ہدایت دی اور میں نے ڈاکٹر صاحب کو خوشخبری دی کہ میں اسلام قبول کرنا چاہتی ہوں انہوں نے مجھے کلمہ پڑھوایا اس کے بعد میں اسلام کی معلومات اور نماز وغیرہ سیکھنے کے لئے مرکز نظام الدین جانے لگی ، جہاں پر جنوبی ہندوستان کے ایک مولانا صاحب کے گھر جاکر میں نماز وغیرہ یاد کرتی اور چند مسلمانوں سے میرے تعلقات ہوگئے تھے میں ان کے گھر پر میرا آنا جانا ہو گیا۔

سوال : آپ کے گھر والوں کو آپ کے قبول اسلام کا علم ہو گیا ہے؟

جواب : نہیں ابھی تک ان کو میرے مسلمان ہونے کا علم نہیں ہے۔

سوال : تو آپ کے لئے بڑی مشکل رہتی ہوں گی؟

جواب : بلاشبہ مشکل تو ہے مگر اس سے زیادہ میرے سامنے اور مشکلیں ہیں۔

سوال : آپ بہت مایوس سی محسوس ہو رہی ہیں آپ کے سامنے کیا مشکلات ہیں؟

جواب : میری بہن ، میری زندگی کا سب سے بڑا دردناک پہلو یہ ہے کہ میں نے قرآن حکیم عربی سیکھنے کے لئے ایک کتاب سمجھ کر پڑھا یہ تو قرآن کریم کا احسان ہے کہ اس سے مجھے اللہ اور مالک کی پہچان ہوگئی اور ظاہری طور پر مجھے کلمہ پڑھ کر مسلمان ہونے کی بھی توفیق ہوگئی مگر قرآن پاک کی باتوں پر جو یقین ہونا چاہئے تھا اور مرنے کے بعد دوزخ کی آگ اور گناہوں کی سزا پر جو ڈر پیدا ہونا چاہئے تھا وہ بالکل نہیں ہوا ، میں کلمہ پڑھتی ہوں اور اس خیال سے کلمہ طیبہ بہت پڑھتی ہوں کہ شاید پڑھتے پڑھتے اندر اتر جائے مگر مجھے صاف محسوس ہوتا ہے کہ لا الہ الا اللہ میرے گلے سے نیچے نہیں اترتا جیسے صرف زبان سے ہی مسلمان ہوں دل سے مسلمان نہ ہوں مجھے دیوتاؤں اور بتوں کی پوجا تو بڑی حیرت کی بات لگتی ہے مگر لا الہ الا اللہ کہہ کر جس طرح ہر چیز کی نفی کی کیفیت اندر اترنی چاہئے اس کا

کوئی ادنیٰ حصہ بھی میں اپنے اندر نہیں پاتی، نہ دوزخ کا خوف نہ مرنے کے بعد کے حساب و کتاب کا ڈر جیسا اس کا حق ہے، میں اپنے اندر نہیں پاتی مثال کے طور پر میں مسلمان ہوں تو نماز میرے اللہ نے مجھ پر فرض کی ہے اور نماز نہ پڑھنے یا کم از کم قضا کرنے پر مرنے کے بعد کی سزا کی خبر پر مجھے ظاہری طور پر یقین ہے، تو مجھے ہر حال میں نماز کو اپنے وقت پر پڑھنا چاہئے مگر میرا حال یہ ہے کہ میں دیکھتی رہتی ہوں کہ موقع ملے، ماں، باپ، بہن، بھائی سے چھپ کر نماز پڑھنے کا موقع مل جائے تو پڑھتی ہوں اگر موقع نہ ملے تو کبھی کبھی قضا بھی ہو جاتی ہے، گویا گھر والوں کا خوف اللہ کے خوف اور دوزخ کی آگ کے سب سے زیادہ ہے یہ بھی کوئی ایمان ہے میں نماز پڑھتی ہوں آدمی نماز پڑھتا ہے سجدے میں جاتا ہے مجھے سجدے میں جانا بہت اچھا لگتا ہے اور شاید میں اپنے آپ کو سب سے زیادہ سکون اور لذت میں سجدے میں محسوس کرتی ہوں بلکہ ہر سجدے کی حالت میں اپنے کو سب سے زیادہ اچھی بھی لگتی ہوں میری خواہش ہوتی ہے کہ جس طرح سجدے کی حالت میں ہر انسان اس دنیا میں آیا ہے اسی حالت میں میری موت آئے مگر جس طرح انسان کو اپنی تمام تر کمزوریوں کے اعتراف کے ساتھ اپنے پورے وجود کو اپنے عظمت والے رب کے حضور بچھا دینا چاہئے اس طرح کا سجدہ مجھے آج تک ایک بھی نصیب نہیں ہوا، میں کبھی ساری ساری رات بے چین رہتی ہوں کہ اس حال میں اگر موت آگئی تو یہ تو منافق کی موت ہوگی یقولون بافواھھم ما لیس فی قلوبھم شاید یہ آیت میرے بارے میں نازل ہوئی ہے۔

سوال: یہ تو آپ کے ایمان کی دلیل ہے، آپ نے شادی نہیں کی؟

جواب: میرے گھریلو حالات ایسے نہیں کہ میری شادی کسی مسلمان سے ہو، اس لئے میں نے گھر والوں سے ابتداء ہی میں شادی کے لئے معذرت کر لی تھی، مگر اب مجھے حقیقی ایمان

حاصل کرنے کے لئے اس طرف توجہ ہوگئی ہے میں سوچتی ہوں کسی سچے مسلمان سے شادی کرلوں کہ اس کے ساتھ رہ کر مجھے حقیقی ایمان نصیب ہو جائے مرکز نظام الدین کے ایک مولانا صاحب سے میں نے کہا تھا انہوں نے مجھے ایک صاحب سے ملوادیا، انہوں نے مجھ سے کہا کہ میں آپ سے شادی کرنے کو تیار ہوں اور آپ پر کسی طرح کی ظاہری پابندی بھی نہ ہوگی اگر آپ گھر والوں کو دکھانے کے لئے مندر جانا چاہیں گی تو جاسکتی ہیں، بلکہ آپ کہیں گی تو میں آپ کو مندر چھوڑ آیا کرونگا، مجھے بہت مایوسی ہوئی کہ یہ شخص جب خود رہا ہندو بننے کو تیار ہے تو مجھے ایمان کہاں سے آجائے گا، میں نے معذرت کردی، میں صرف ایسے آدمی سے شادی کرنے کو سوچ سکتی ہوں جو مجھے اسلام کی چھوٹی چھوٹی باتوں پر زبردستی عمل کرائے۔

سوال: آپ تو سرکاری ملازم ہیں ملازمت کا کیا ہوگا پھر تو آپ کو پردے میں گھریلو زندگی گزارنی پڑے گی؟

جواب: میں نوکری چھوڑ دوں گی میں عورتوں کے لئے نوکری، روزگار کرنا بلکہ گھر سے باہر رہنا بوجھ سمجھتی ہوں عورت بچے بھی پالے گھر کا کام بھی کرے اور نوکری بھی کرے؟ اللہ نے اس کا جسم کمزور بنایا ہے اسکے لئے ملازمت بالکل غیر فطری ہے میں پردے کو عورت کی بنیادی ضرورت سمجھتی ہوں، میں دفتر میں رہ کر تو غیر مسلم عورتوں کے لئے بھی پردے کو بڑی نعمت سمجھتی ہوں عورت اگر بے پردہ رہے گی تو اسکو مردوں کی ہوس بھری نگاہوں کو سہنا پڑے گا، یہ عورت کے لئے بڑی ذلت اور شرمندگی کی بات ہے ایک گائے گاڑی میں جڑنا پسند نہیں کرتی نہ جانے عورتوں کو کیا ہوگیا ہے جانوروں سے گئی گزری ہوگئیں۔

سوال: آپ قرآن شریف پڑھتی ہیں؟

جواب: ہاں تو اللہ کا کرم ہے جب سے میں مسلمان ہوئی ہوں بلکہ میں نے ظاہری طور پر

کلمہ پڑھا ہے اس روز سے مجھ سے قرآن شریف پڑھنے کے سلسلے میں ناغہ نہیں ہوئی اللہ کا شکر ہے عم کا پارہ مکمل سورہ ملک، سورہ مزمل، سورہ رحمن، سورہ یسین اور سورہ الم سجدہ مجھے حفظ یاد ہے، سوتے وقت سورہ ملک اور الم سجدہ اور صبح سویرے یسین شریف تو روزانہ پڑھتی ہوں آدھی سورہ کہف بھی مجھے یاد ہوگئی ہے انشاء اللہ جلدی پوری یاد ہو جائیگی جمعہ کے روز سورہ کہف اور صلوۃ التسبیح بھی پڑھتی ہوں، کبھی کبھی میں جمعرات کے روزے بھی رکھتی ہوں مگر بغیر ایمان کے اعمال کس کام کے؟ میں قرآن حکیم میں اعرابیوں کا حال پڑھتی ہوں

قَالَتِ الْاَعْرَابُ اٰمَنَّا قُلْ لَّمْ تُؤْمِنُوْا وَلٰكِنْ قُوْلُوْٓا اَسْلَمْنَا وَلَمَّا يَدْخُلِ الْاِيْمَانُ فِيْ قُلُوْبِكُمْ وَاِنْ تُطِيْعُوا اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ لَا يَلِتْكُمْ مِّنْ اَعْمَالِكُمْ شَيْئًا (سورۃ حجرات-۱۴)

ترجمہ: اعرابی لوگ کہتے ہیں ہم ایمان لائے (اے نبی) آپ کہہ دیجئے تم ایمان نہیں لائے ہو اسلئے کہو کہ ہم (ظاہری ایمان) اسلام لائے، اسلئے کہ ایمان تمہارے دلوں میں اب تک داخل نہیں ہوا اور اگر تم اللہ اور اسکے رسول کی اطاعت کرو تو وہ تمہارے اعمال میں کچھ کمی نہیں کرے گا، سچی بات یہ ہے کہ مجھے ایسا لگتا ہے کہ یہ آیت صرف میرے بارے میں نازل ہوئی ہے ورنہ ایمان کے ساتھ مکمل اطاعت ضروری ہے۔

سائل: آپ کی حس بہت بڑھی ہوئی ہے آپ پر بڑا رشک آرہا ہے، حال تو ہمارا بھی اس سے بہت گرا ہوا ہے مگر ہمیں اس کا احساس تک نہیں؟

جواب: میری بہن آپ تو بچپن سے مسلمان ہیں آپ ایک بڑے صاحب ایمان کی بیٹی ہیں آپ میرے حال کو کہاں سمجھ سکتی ہیں۔

سائل: آپ ہمارے لئے دعا کیجئے آپ کا تعلق اللہ کے ساتھ بہت قوی ہے؟

جواب: کاش آپ کی بات سچی ہوتی تو میری زندگی ایک اچھی زندگی ہوتی۔

سائل: آپ کی زندگی بہت اچھی اور قابل رشک زندگی ہے۔

[illegible]: اللہ آپ کی زبان مبارک کرے۔

[illegible]: بہت بہت شکریہ جزاکم اللہ السلام علیکم ورحمۃ اللہ

[illegible]: آپ کا بہت بہت شکریہ وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ

[illegible]: آپ مسلمان بہنوں سے کچھ کہنا چاہیں گی۔

[illegible]: میرا خیال یہ ہے کہ مسلمان بہنیں اسلام کی نعمت کی قدر نہیں پہچانتیں وہ بھی اس نئی تہذیب کے زہر میں اب نعوذ باللہ گھونٹتی ہیں بعض مسلم محلوں میں جا کر پہچاننا مشکل ہوتا ہے کہ یہ مسلمانوں کا محلہ ہے، بے پردگی بلکہ بے حیائی اور عریانیت حد درجہ فیشن ہوتی جا رہی ہے اسلام سے پہلے کے عورتوں کے حالات اور تاریخ ضرور پڑھنی چاہئے میں سمجھتی ہوں اس سے اسلام کے عورتوں پر احسانات کا احساس ہوگا اور دین فطرت کی کچھ قدر معلوم ہوگی۔

مستفاد از ماہنامہ ارمغان اپریل ۲۰۰۶ء

(۶)

جناب محمد لیاقت صاحب (چوپال سنگھ) سے ایک ملاقات

ہماری زندگی کا ہر پل اللہ کی رحمت کا نمونہ ہے، ہر دن رحمت کا کوئی نہ کوئی کرشمہ سامنے آتا ہے، سچی بات یہ ہے کہ ہماری زندگی کیا دنیا کے ہر انسان کی زندگی کے ہر پل میں اُسے اللہ کی خاص رحمت دکھائی دے گی اگر انسان کے پاس دیکھنے والی آنکھیں ہوں، بس انسان اس ایک سے لو لگا لے اور اسی کا بن جائے اور زندگی کی ہر ضرورت اور اپنی ہر پریشانی اللہ سے کہے اور اپنی ہمت بھر اس کے دین پر چلنے کی کوشش کرے پھر دیکھئے کہ وہاں سے ہر سوال پورا ہوتا ہے کہ نہیں۔

مولانا احمد اوّاہ ندوی

احمد اوّاہ : السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ

محمد لیاقت : وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ

سوال : لیاقت صاحب اچھا ہوا کہ آپ آگئے مجھے آپ سے ارمغان کے لئے کچھ ضروری باتیں کرنی ہیں۔

جواب : پھلت میں تو آتا ہی رہتا ہوں مگر آپ کے ابا کا ملنا تو بڑی ٹیڑھی کھیر ہے جب آؤ معلوم ہوتا ہے سفر میں ہیں میں نے ایک روز افتخار بھیا سے فون پر معلوم کیا کہ مولانا صاحب کہاں ملیں گے وہ کہاں رہتے ہیں انھوں نے کہا (۱۳۰۱) میں رہتے ہیں یعنی کار

میں رہتے ہیں خیر بھیا احمد آپ بتاؤ آپ کو کیا باتیں کرنی ہیں۔

سوال: برائے کرم اپنا مختصر تعارف کرائیں؟

جواب: بھیا میں اتنا پڑھا لکھا نہیں ہوں مجھ سے دیسی بھاشا میں بات کرو۔

سوال: میرا مطلب یہ ہے کہ آپ اپنے بارے میں بتائیں، اپنے خاندان اور گھر والوں کے بارے میں سنائیں۔

جواب: میرا نام اب اللہ کا شکر ہے محمد لیاقت ہے کچھ سال پہلے میرا نام چوپال سنگھ تھا، ہم مظفر نگر ضلع کی تحصیل جانسٹھ کے ایک گاؤں کے رہنے والے ہیں ہم لوگ گوجر برادری سے تعلق رکھتے ہیں اچھے کسان ہیں ہم پانچ بھائی ہیں اللہ کا شکر ہے کہ چار بھائی پورے خاندان کے ساتھ اسلام قبول کر چکے ہیں میرے بڑے بھائی گاؤں کے بڑے چودھری کانگریس کے علاقے کے اچھے لیڈر ہیں وہ ابھی ہندو ہیں میرا نمبر دوسرا ہے مجھ سے چھوٹے بھائی جن کا پہلا نام رام سنگھ تھا ان کا نام محمد ریاست ہے ان سے چھوٹے جن کا پہلا نام پرکاش چند تھا اب ان کا نام محمد فراست ہے میرے چھوٹے بھائی جن کا پہلا نام راجیندر سنگھ تھا محمد بشارت ہے میرے دو لڑکے اور دو لڑکیاں ہیں اور ریاست کے دو لڑکے اور ایک لڑکی ہے فراست کے تین لڑکے ہیں اور بشارت کے دو لڑکے اور چار لڑکیاں ہیں اس طرح ابھی تک اللہ کے کرم سے ہمارے خاندان کے ۲۳ لوگ مسلمان ہو چکے ہیں اللہ کا شکر ہے سب بچے پڑھ رہے ہیں چاروں بھائیوں کے پانچ بچے اور تین بچیاں حفظ کر رہی ہیں۔

سوال: اپنے اسلام قبول کرنے کا واقعہ سنایئے، آپ کے مسلمان ہونے کا کیا سبب ہوا؟

جواب: بھیا مالک کی مہربانی ہوئی مجھے شیو جی کی مورتی نے مسلمان ہونے کو کہا۔

سوال: شیو جی کی مورتی نے وہ کیسے؟

جواب: اب سے شاید نو سال پہلے کی بات ہے کہ ہمارے یہاں گنے کا بھاؤ اچھا رہا اور

فصل بھی بہت اچھی ہوئی ہم نے اپنا پرانا مکان گرا کر نیا مکان بنایا، نئے مکان میں ایک چھوٹا کمرہ پوجا کے لئے بنایا، خوب ٹائل وغیرہ لگائے، گھر میں ایک چھوٹا سا مندر بنالیا، اس میں لگانے کے لئے شیوجی کی مورتی خریدنے کے لئے مظفر نگر گیا، ایک قیمتی مورتی پانچ ہزار روپے کی خریدی، دوکاندار نے اس کو ایک اخبار میں پیک کر کے دے دیا، میں مظفر نگر میں شیو چوک سے پہلے ایک مسجد کے سامنے سے گذر رہا تھا اچانک میرے دل میں خیال آیا بلکہ میرے اللہ کی طرف سے ہدایت کی ہوا چلی، میں نے سوچا اگر یہ مورتی میرے ہاتھ سے چھوٹ جائے تو یہ گرے گی اور گر کر ٹوٹ جائے گی، جو گر کر خود ٹوٹ جائے وہ بھگوان میرے کس کام آ سکتا ہے؟ یہ خیال آ ہی رہا تھا کہ مورتی میرے ہاتھ سے چھوٹ کر گری، اور اس طرح گری جیسے کسی نے میرے ہاتھ سے چھین کر دے ماری ہو، گر کر دو چار ٹکڑے ہو کر چور چور ہو گئی جیسے کسی نے ہتھوڑا اسے چور چور کیا ہو، میرے دل و دماغ میں انقلاب آ گیا اور میں نے اپنے آپ سے کہا کہ مسلمانوں کا دھرم ہی اچھا ہے ان کا خدا نہ ٹوٹے نہ پھوٹے ہر جگہ موجود، بس ایک کی پوجا کرو اور آرام سے رہو اس خیال میں جذباتی ہو کر میں سامنے مسجد کی طرف چڑھ گیا اور اونچی مسجد میں زینہ چڑھ کر داخل ہونا پڑتا ہے وہاں ایک صاحب رہتے ہیں وہ حضرت جی کاندھلہ والوں کے مرید بھی ہیں کالے کپڑے پہنتے ہیں ان سے میں نے کہا میاں جی مجھے مسلمان کرلو، وہ ہچکچائے میں نے ان سے زور دیکر کہا شک نہ کرو گھبراؤ نہیں میں خوب سمجھ کر آیا ہوں مسلمانوں کا دھرم ہی سچا ہے، ان کا خدا نہ ٹوٹے نہ پھوٹے ہر جگہ موجود ہر ایک کو دیکھتا ہے، مجھے مسلمان کرلو وہ بھی میرے جذبہ سے متاثر ہو گئے انہوں نے کلمہ پڑھایا اور میرا نام محمد لیاقت رکھ دیا، کلمہ پڑھتے اور اسلام میں آجانے کے بعد میں نے اپنے من میں ایک عجیب سکون و شانتی محسوس کی، میں خوشی خوشی گھر گیا گھر والے معلوم کرنے لگے کہ مورتی کیوں نہیں لائے میں نے کہا کہ

بتادوں گا، رات میں سب سے پہلے میں نے اپنی بیوی کو بتایا بیوی پورا قصہ سن کر بہت خوش ہوئی اور کہنے لگی میں تو خود بہت دنوں سے مسلمان ہونے کو سوچتی تھی مسلمان گھروں میں جب جاتی تھی تو مجھے مسلمان عورتیں نماز پڑھتی بہت اچھی لگتی تھیں ایک لڑکی ہے شائستہ، وہ مجھے تبلیغ کی کتاب بھی سناتی تھی میں نے اس سال تین جمعوں کے روزے بھی رکھے ہیں، میں جمعہ کو اسکو اپنے گاؤں کے امام صاحب کے پاس لے گیا اور مع بچوں کے کلمہ پڑھوایا میری بیوی کا نام امام صاحب نے فاطمہ رکھ دیا بچیوں کا نام عائشہ اور زینب اور لڑکوں کا محمد حامد اور محمود احمد رکھا۔

سوال: اسکے بعد باقی بھائیوں نے کس طرح اسلام قبول کیا؟

جواب: میرے تینوں بھائیوں اور ان کے پریوار نے آپ کے والد صاحب کے یہاں اسلام قبول کیا، میری بیوی اور بچوں کے کلمہ پڑھنے کے بعد میں نے سب سے چھوٹے بھائی راجندر کے سامنے بہت محبت اور درد سے بات رکھی اس نے اپنی گھر والی سے مشورہ کیا وہ راضی ہوگئی مگر ہمارے یہاں جو امام تھے وہ گاؤں سے چلے گئے دوسرے امام صاحب جو آئے انہوں نے مجھے کلمہ پڑھوانے کے لئے منع کر دیا، وہ ڈر گئے میں نے گاؤں کے کچھ مسلمانوں سے ذکر کیا انہوں نے مجھے پھلت جانے کا مشورہ دیا دوپہر کو پھلت پہنچے مولانا کلیم صاحب سفر پر جانے کے لئے گاڑی میں بیٹھ چکے تھے میں نے گاڑی میں ان سے ملاقات کی اور اپنے بھائی اور بھابھی کو ملوایا، وہ گاڑی سے اترے ہمیں کلمہ پڑھوایا اور قانونی کارروائی کا طریقہ بتایا، اپنے سامنے کھانا کھلایا چائے پلائی اور دو ڈھائی گھنٹے بعد سفر پر گئے، ہمیں ہندی کی کتابیں بھی دیں اور باقی بھائیوں اور گھر والوں کو دوزخ کی آگ سے بچانے کی فکر کے لئے ان کو اسلام کی دعوت دینے کا وعدہ مجھ سے لیا، گھر جانے کے بعد میں نے وہ کتابیں پڑھیں اور پھر گھر کے لوگوں کو سنائیں خاص طور پر آپ

کی اہانت مولانا صاحب نے بڑے درد کے ساتھ لکھی ہے، وہ دل کے اندر لگنے والی کتاب ہے اس کو پڑھنے کے بعد اسلام کی قدر ہم نے اور پہچانی، دو سال میں کوشش کرتا رہا، اللہ کا کرم ہے کہ میرے اور دو بھائی اور ان کے بچے مسلمان ہونے کو تیار ہو گئے اور میں نے انہیں پھلت لا کر کلمہ پڑھوایا۔

سوال: گھر کے لوگوں نے بات مان لی؟ خصوصاً عورتوں کا ماننا تو بہت مشکل ہے۔

جواب: اصل میں اللہ کی طرف سے ہدایت کی ہوا چل رہی تھی جبھی تو غیبی کی مورتی نے مجھ سے کہا میں پوجا کے لائق نہیں ہوں اور اسلام ہی سچا مذہب ہے، مورتی ٹوٹ گئی تو میں عیسائی بن جاتا، بودھ مذہب کو پڑھتا یا چنتے کی کوشش کرتا، مگر مسجد کے سامنے میرے دل میں کوئی خیال ہی نہیں آیا، یہ صرف اللہ کی طرف سے ہدایت کا فیصلہ اور اس کی رحمت تھی، پرکاش کی بیوی مایا نے تو شروع میں بہت مخالفت کی اور پورے علاقہ میں شور مچانے کی دھمکی دی، مگر ہم لوگ اس کے پیر پکڑ لیتے اور راتوں کو اللہ سے دعا کرتے، اللہ نے اس کا دل پھیر دیا۔

سوال: اسلام قبول کرنے کی خبر سے ہندوؤں نے مخالفت نہیں کی اور خاندان کے لوگوں کی طرف سے آپ لوگوں پر دباؤ نہیں پڑا؟

جواب: میں اب یہ بتانے جا رہا تھا کہ میرے چھوٹے بھائی راجندر نے اسلام قبول کیا تو ہمارے بڑے بھائی نیتا جی کو اس کا پتہ لگ گیا، وہ آپے سے باہر ہو گئے، لاٹھی لے کر ہم دونوں کو بہت مارا، ہم دونوں مار کھاتے رہے اور ان کی خوشامد کرتے رہے کہ آپ اسلام کے بارے میں جان تو لیں مگر وہ سننے کو تیار نہ تھے، انہوں نے دباؤ دینے کے لیے علاقے کے تھانے دار کو دو ہزار روپے دیے، میں تو بھاگ کر پھلت چلا گیا، چھوٹے بھائی کو پولس لے گئی اور تھانے میں بہت پٹائی کی، چھوٹا بھائی بشارت کسی طرح تیار نہ ہوا تو انہوں نے اس کو طرح

طرح سے اذیت دی اور شکنجہ لگایا جس سے اس کی ایک پاؤں کی ہڈی بھی دو جگہ سے ٹوٹ گئی، مجھے دو روز بعد کسی طرح پتہ لگا، رات کو اندھیرے میں اسے تانگے میں ڈال کر وہاں سے اٹھا کر لایا اور مظفرنگر ڈاکٹر خان کے یہاں پلاسٹر کرایا، مولانا کلیم صاحب کے پرچہ کی وجہ سے ڈاکٹر خان صاحب نے کوئی پیسہ نہیں لیا بلکہ ہمارے کھانے کا انتظام بھی اپنے آپ کیا، اس کے بعد ہم نے قانونی کارروائی پوری کی اور مشورہ سے ایس پی اور کلکٹر کے یہاں درخواستیں لگا دیں، مظفرنگر میں ایک اے ایس پی جین صاحب تھے وہ بڑے اچھے آدمی تھے انہوں نے مظفرنگر سے ایک داروغہ کو ہمارے تھانے بھیجا اور ہمارے بڑے بھائی اور گاؤں والوں کو بھی خبردار کیا، اس طرح ہمارے اللہ نے ہمارے لئے مصیبت سے بچنے کا انتظام کر دیا۔

سوال: اب آپ کے بڑے بھائی نیتا جی کا کیا حال ہے؟

جواب: اصل میں ان کے کوئی اولاد نہیں ہے، انہوں نے ریاست عرف رام سنگھ کے چھوٹے بچے کو گود لے رکھا تھا، اس مسئلہ کے بعد گھر لوگوں نے مشورہ کیا کہ اپنے لڑکے کو واپس لے لیں اور مسلمان کے گھر جانے سے روک دیا، اس کو پیار سے گڈو کہتے تھے، اس کا پہلا نام رام پال تھا اب محمد بلال ہے، اسکو مدرسہ میں پڑھنے بھیج دیا، ایک دن بڑے بھائی نیتا جی کے پیٹ میں درد ہوا، کئی انجکشن لگے درد ٹھیک نہیں ہوا، میں مظفرنگر جماعت میں گیا ہوا تھا، گڈو کو معلوم ہوا تو وہ ان کے پاس گیا، وہ درد سے رو رہے تھے، گڈو کو چپٹا کر خوب روئے، اس نے ان سے کہا کہ ڈیڈی لیاقت چاچا سے دعا کرالو، وہ ان کو ڈیڈی کہتا تھا، وہ اس پر ناراض ہونے، ایک ہفتہ تک مظفرنگر اور مختلف ڈاکٹروں کے علاج کے باوجود بھی درد ٹھیک نہیں ہوا، تھوڑی بہت دیر دوا کے اثر سے آرام ہو جاتا تھا اور پھر وہ تڑپنے لگتے تھے، گڈو نے بار بار ان سے مجھ سے دعا کرانے کے لئے کہا، ایک دن ریاست سے معافی مانگنے کے لئے بھی کہا، میں

دس دن جماعت میں لگا کر آیا تو معلوم ہوا کہ بھائی صاحب دوبار میرے گھر آئے ہیں، میں سوچ رہا تھا کہ مجھے ان کی طبیعت پوچھنے جانا چاہئے یہ میرا اسلامی فریضہ ہے، کہ وہ خود کراچی کو لے آگئے، مجھ سے چمٹ گئے، خوب روئے، ریست بھی آ گیا اس سے بھی لپٹ گئے اور معافی مانگنے لگے ہم بھی رونے لگے میں نے موقع غنیمت جانا اور کہا بھیا آپ ذرا سا درد نہیں سہ سکے ہمیشہ کی نرک کی آگ کو کیسے برداشت کرو گے اور مسلمان ہونے کے لئے کہا، انہیں یہ بات اچھی تو لگی مگر درد کی وجہ سے وہ پریشان تھے، کہنے لگے میں ٹھیک ہو جاؤں گا تو سوچوں گا تم اپنے اللہ سے پرارتھنا (دعا) کرو، وہ چلے گئے میں نے دو رکعت نماز پڑھی اور خوب دل سے دعا کی اللہ کا کرم ہے میرے اللہ نے میری باتوں کی لاج رکھ لی اور شام تک انکو آرام ہو گیا اور ابھی تک ٹھیک ہیں۔

سوال : پھر آپ نے ان کو دعوت نہیں دی؟

جواب : میں نے ان کو دعوت دی اور وعدہ یاد دلایا اور ڈرایا کہ جس اللہ نے آپ کو اچھا کیا وہ پھر بیمار کر سکتا ہے، مگر ابھی ان کے لئے ہدایت نہیں آئی اصل بات ہدایت کے اوپر سے آنے کی ہے، مگر وہ اب ہمارے ساتھ اچھی طرح ملتے ہیں اور شاید ہمیں ناراض کرنے سے ڈرتے بھی ہیں، دوسری ایک بڑی بات یہ ہوئی کہ ہماری زمینیں ایک ساتھ ان ہی کے قبضہ میں تھیں ہم چاروں بھائیوں کی زمین بھی پچھلے سال انہوں نے ہمیں دے دی ہے۔

سوال : آپ نے اپنے خاندان کی دینی تعلیم و تربیت کا کیا انتظام کیا؟

جواب : اللہ کا کرم ہے ہمارے چاروں بھائیوں کے گھر والوں میں دین پڑھنے کا شوق ہے ہمارے پانچ بچے اور تین بچیاں حفظ کر رہی ہیں، ہمارا ارادہ ہے کہ ان سب کو عالم اور داعی بنائیں گے، بلال تو بہت ہونہار ہے بے دھڑک اپنے رشتہ داروں کو مسلمان ہونے کے لئے کہتا ہے گھر کی تعلیم پابندی سے ہوتی ہے اور ایک ایک کر کے ہم میں سے کوئی ایک

مستقل جماعت میں رہتا ہے۔

سوال: آپ اسلام قبول کر کے کیسا محسوس کرتے ہیں، پچھلی زندگی کے بارے میں آپ کو کیسا لگتا ہے؟

جواب: ہمارا اسلام ہمارے مالک کا ہم پر خاص اور بہت خاص کرم ہے، میرے اللہ کی رحمت ہے کہ اس نے خورشید جی کی صورت سے ہمیں دعوت دلائی۔ مجھے جب بھی اسلام اور پھر اپنے خاندان کے لوگوں کی اتنی آسانی سے ہدایت کا خیال آجاتا ہے تو میرا دل میرے اللہ کے شکر سے جھک جاتا ہے، کبھی کبھی تو بے اختیار میں چلتے چلتے سجدہ میں پڑ جاتا ہوں، اگر خدا نہ کرے خدا نہ کرے میرے اللہ مجھ پر مہربانی نہ کرتے اور ہم کفر پر رہتے اور ایسے ہی مرجاتے تو ہم کیا کر سکتے تھے ہماری اللہ کی ذات پر زبردستی تو تھی نہیں، میرے اللہ مالک کے صدقہ جاؤں (روتے ہوئے) کہاں ہم گندے اور کہاں ایمان کی دولت، الحمد للہ الحمد للہ۔

سوال: اپنے حالات کے بارے میں اور کچھ بتائیں؟

جواب: ہماری زندگی کا ہر پل اللہ کی رحمت کا نمونہ ہے، ہر دن رحمت کا کوئی کرشمہ سامنے آتا ہے، سچی بات یہ ہے کہ ہماری زندگی کیا دنیا کے ہر انسان کی زندگی کے ہر پل میں اسے اللہ کی خاص رحمت دکھائی دے گی اگر انسان کے پاس دیکھنے والی آنکھیں ہوں، بس انسان اس ایک سے لو لگا لے اور اسی کا بن جائے اور زندگی کی ہر ضرورت اور اپنی ہر پریشانی اللہ سے کہے اور اپنی ہمت بھر اس کے دین پر چلنے کی کوشش کرے پھر دیکھے کہ وہاں سے ہر سوال پورا ہوتا ہے کہ نہیں۔

سوال: آپ دعا مانگتے ہیں؟ آپ کی دعائیں اکثر قبول ہوتی ہیں کوئی خاص واقعہ بتائیے؟

جواب: ہر انسان کو اپنے اللہ سے خوب مانگنا چاہیے وہ سبھی کی دعائیں قبول کرتا ہے میری تو

آج تک کوئی دعا بھی لوٹائی نہیں گئی، میرے لئے تو زندگی کا ہر دن اللہ کی نئی رحمت کے ساتھ آتا ہے، میں تو صبح کے بعد انتظار کرتا ہوں کہ کیا خاص رحمت کا معاملہ سامنے آتا ہے۔ میں دو روز پہلے جماعت سے چلہ لگا کر آیا ہوں، جماعت میں جانے سے پہلے میری بیوی بیمار تھی ان کا آپریشن کرانا پڑا میرے پچیس تیس ہزار روپیے خرچ ہوئے کچھ اور بھی مسائل تھے ہمارے علاقہ میں جوڑ تھا ساتھیوں نے مجھ سے کہا کہ آپ کا جماعت میں جانے کا نمبر ہے، میں نے ابھی موقع نہ ہونے کا عذر کیا، جانشٹھ کے ایک ساتھی نے زور دیکر نام لکھوا دیا اور کہا کہ خرچ کی فکر نہ کرو خرچ میرے ذمہ ہے، شاید نو مسلم سمجھ کر انھوں نے ایسا کیا، نو مسلم سمجھ کر جب میرے ساتھ کوئی تعاون کا معاملہ کرتا ہے تو نہ جانے کیوں مجھے بہت تکلیف ہوتی ہے، ہم نے اسلام قبول کیا ہے غیروں کے آگے بھکاری بننا تو اسلام نہیں؟ میں نے آج تک اس طرح کا تعاون نہ خود قبول کیا ہے نہ الحمدللہ بھائیوں وغیرہ کو قبول کرنے دیا ہے، سختی برداشت کی، ابتداء میں تو بہت مالی پریشانی رہی مگر اللہ نے مجھے جمائے رکھا اور میرے بھائیوں کو بھی ہمت دی میرا ارادہ تھا کہ اگر وقت پر خرچ کا انتظام نہ کر سکا تو منع کر دوں گا، دوسروں سے قرض لے کر نکل جاؤں گا، جماعت کا وقت آ گیا خرچ کا انتظام نہ ہو سکا دو سو روپیے صرف میرے پاس تھے، ساتھیوں نے اصرار کیا، اس قدر دباؤ دیا کہ میں منع کرنے کے حال میں نہیں رہا اور دل میں خیال کیا کہ میں سوال تو نہیں کیا خود پیشکش کر رہے ہیں، تو کیا حرج ہے میں جماعت میں چلا گیا ۱۵۰۰ روپیے خرچ کی جماعت تھی، جماعت مرکز سے گجرات پالن پور حلقہ میں گئی، ساتھیوں نے پیسے جمع کرنے شروع کئے تھے ہمارے ساتھی نے ہمارے پیسے جمع کرنے چاہے، مگر عین وقت پر میرے دل نے مجھے اجازت نہیں دی میں نے ان کو منع کر دیا اور دو سو روپیے ابتدائی خرچ وغیرہ کے امیر صاحب کو دیئے اور کہا ان شاء اللہ بقیہ میں جمع کر دوں گا، جماعت پالن پور تک کی روز خرچ جمع

کرتا تھا، میں نے دو رکعت صلوۃ الحاجۃ پڑھی، اپنے اللہ کے سامنے فریاد کی، رات کو سویا تو ہمارے حضور ﷺ کی زیارت ہوئی مجھے تسلی دے رہے ہیں کہ گھبراؤ نہیں اللہ تعالیٰ تمہیں شرمندہ نہیں کریں گے، اگلے روز ظہر کے بعد میں یہ دیکھ کر حیرت میں آ رہ گیا کہ ہمارے بڑے غیر مسلم بھائی نیتا جی پالن پور مرکز کے ایک ساتھی کو لے کر میری تلاش میں میرے پاس آئے، میں تعجب میں تھا، تو انہوں نے بتایا کہ دو روز پہلے میں نے تم کو دیکھا تم بہت رو رہے ہو، مجھے خیال ہوا کہ تمہارے پاس پیسے نہیں ہیں میں تمہارے گھر گیا تو پتہ چلا کہ تم جماعت میں گئے ہو، میں خشی ریاض کو لے کر دہلی مرکز نظام الدین آیا وہاں سے تمہارا پتہ چلا کہ پالن پور گئے ہو، احمد آباد نکل سے پالن پور آیا، یہ بتا کر دو ہزار روپے دیئے کہ دو جو دس ہزار روپے تمہارے مجھ پر ہیں ان میں سے دو یہ ہیں، آٹھ ہزار گاؤں میں آ کر لے لینا ایک روز وہ میرے ساتھ رہے اگلے روز واپس آئے میں بار بار شکرانے کی نماز پڑھتا رہا، یہ دس ہزار روپے اسلام قبول کرنے سے پہلے کے تھے اور انہوں نے دینے کے لئے بالکل منع کر دیا تھا اس طرح نہ جانے کتنے واقعات زندگی میں روز روز ہوتے رہتے ہیں۔

سوال: لیاقت بھائی واقعی آپ پر اللہ کا بڑا کرم ہے اور آپ کا اللہ سے خاص تعلق ہے آپ ہمارے لئے بھی دعاء کیجئے۔

جواب: مولوی احمد بھائی، اللہ کا کرم تو سب پر ہی ہوتا ہے، ہم پر یہ کرم خاص ہے کہ وہ اپنے کرم اور رحمت کا احساس بھی کراتا رہتا ہے، آپ کے لئے میں کیوں دعاء نہ کروں گا آپ کی تو نسلوں کے لئے بھی میں دعاء کرتا ہوں، مولانا کلیم صاحب تو ہمارے رہبر ہیں، ہمارے بڑے محسن ہیں، اپنے محسن کا حق ہم نہیں پہچانیں گے تو کون پہچانے گا، اللہ تعالیٰ آپ کو دونوں جہانوں میں چمکائے

سوال: آپ مسلمانوں سے کچھ کہنا چاہیں گے؟

جواب: بس میرا کہنا تو یہ ہے کہ میرے، میرے گھر والوں کے اسلام وایمان پر موت کے لئے اور جو عزیز رہ گئے ہیں بلکہ سارے انسانوں کے لئے ہدایت کی دعاء کریں کہ اصل ہدایت کا فیصل اللہ کے یہاں سے ہو کر آتا ہے پھر تو خود راستے ملتے جاتے ہیں۔

منزلیں کسی کے گھر حاضری نہیں دیتیں
راستوں پہ چلنے سے راستے نکلتے ہیں

مستفاد از ماہنامہ ارمغان مارچ ۲۰۰۴ء

ڈاکٹر عبدالرحمن صاحب ﴿کمل سکسینہ﴾ سے ملاقات

ہمارے حضرت مولانا کلیم صاحب صدیقی کہتے ہیں جو چل لئے اس کو کیا دیکھنا جو راستہ طے کرنا ہے اس کو دیکھنا چاہئے، پانچ ارب لوگ اسلام سے محروم دوزخ کی راہ پر چل رہے ہیں ان کے مقابلے میں جو لوگ ہدایت یاب ہوئے ہیں وہ بالکل نا کے برابر ہیں، کبھی کبھی حوصلے کے لئے مڑ کر دیکھ لینا بھی برا نہیں ہے، الحمدللہ ثم الحمدللہ اس حقیر کے واسطے سے کم از کم دو سو لوگ تو ایسے مشرف با سلام ہوئے ہوں گے جو کم از کم گریجویٹ ہیں اس کے علاوہ بعض مقامات پر اجتماعی طور سے بھی چند گھرانوں نے اسلام قبول کیا ہے۔ الحمدللہ ثم الحمدللہ

مولانا احمد اواہ ندوی

احمد اواہ : السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ

عبدالرحمن : وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ

سوال : آپ خیریت سے ہیں آج کل آپ کہاں رہ رہے ہیں؟

جواب : الحمدللہ خیریت سے ہوں، آج کل میں پونہ مہاراشٹر میں رہ رہا ہوں الہ آباد جا رہا ہوں وہاں یونیورسٹی میں سائیکالوجی ڈپارٹمنٹ میں ایک پوسٹ نکلی ہے اسکے انٹرویو کے لئے وہاں جانا ہے، راستے میں مولانا صاحب (مولانا محمد کلیم صاحب) سے ملنے کے لئے دہلی آیا ہوں۔

سوال: بہت اچھا ہوا آپ تشریف لائے ہمارے یہاں پھلت کے میگزین ارمغان میں پچھلے دنوں سے اسلام میں نئے آنے والے خوش قسمت بھائیوں کے انٹرویو کا سلسلہ چل رہا ہے اس سلسلہ میں آپ سے کچھ باتیں کرنا چاہتا ہوں۔

جواب: ضرور ضرور یہ بہت اچھا سلسلہ ہے اس سے پڑھنے والوں کو بہت فائدہ ہوگا، ان شاء اللہ

سوال: اپنا مختصر تعارف کرائیے؟

جواب: میرا نام اب الحمدللہ عبدالرحمن ہے جو ۹ رجون ۱۹۹۵ء سے قبل کمل کمار سکسینہ (کے کے سکسینہ) تھا ہندو کائستھ فیملی سے میرا تعلق ہے پرتاپ گڑھ کا قصبہ رانی گنج ہمارا آبائی وطن ہے میرے والد آئی پی ایس آفیسر ہیں اور آج کل مغل سرائے میں ڈی آئی جی ہیں کائستھ ہونے کی وجہ سے ہمارے یہاں اردو ہماری گھریلو تہذیب کا لازمی جز ہوتی ہے، ہمارے والد بہت اچھے شاعر ہیں اور ساحر تخلص ہے میں نے سائیکالوجی میں ایم اے کیا اور علم نفسیات میں الہ آباد سے ۱۹۹۳ء میں پی ایچ ڈی کی ڈگری حاصل کی، میری تاریخ پیدائش ۹ رجون ۱۹۶۵ء کی ہے اس طرح میری عمر اب تقریباً انتالیس سال ہے مگر حقیقی عمر میری نو سال ہے آپ سمجھ گئے ہوں گے، میں اپنے بہن بھائیوں میں سب سے بڑا ہوں، میری ایک چھوٹی بہن اور ان سے چھوٹا ایک بھائی ہے جو انجینئر ہیں انہوں نے روڑکی آئی ٹی سے الیکٹرونکس میں انجینئرنگ کی ہے پچھلے سال بی ایچ ای ایل میں ملازم ہو گئے ہیں میں آج کل پٹنہ میں ایک ڈگری کالج میں نفسیات پڑھا رہا ہوں۔

سوال: اپنے قبول اسلام کے بارے میں بتائیے؟

جواب: اصل میں آج دنیا میں مغرب کی حکمرانی ہے تہذیب، کلچر، ثقافت سبھی میں لوگ ان کی ڈگر پر چلتے ہیں، آج کل مغربی ممالک میں ایک علم بہت عروج پر ہے اس کا نام انہوں نے پیرا سائیکالوجی رکھا ہے اس میں ماورائے عقل باتوں اور چیزوں پر ریسرچ ہوتی ہے اس میں

ایک جز علم الہیات کا بھی انہوں نے رکھا ہے آپ آج کل یورپ کے ناولوں کو دیکھیں تو اس میں ڈائن چڑیل وغیرہ کی بڑی اہمیت دکھائی دے گی بلکہ بعض بڑے پڑھے لکھے اور چاند تاروں پر کمندڈالنے والے سائنس دانوں کی ذاتی زندگی میں جنات اور آسیب وغیرہ کی داستانیں دکھائی دیں گی دراصل ہمارے مولانا محمد کلیم صاحب صحیح کہتے ہیں کہ انسان کی فطرت میں اور اس کی روح کی سرشت میں اللہ نے یہ جذبہ رکھا ہے کہ وہ کسی ایسی ذات کے آگے جھکے اور اس کے سامنے اپنے دل اور اپنے دماغ اور عقل کو جھکائے جو عقل وتصور سے ماورا ہو اس لئے آدمی جب کہیں کچھ ماورائے عقل شعبدہ دیکھتا ہے فوراً متاثر، مرعوب بلکہ معتقد ہوجاتا ہے، اصل میں یہ عالم ازل میں میں اَلَسْتُ بِرَبِّکُمْ کے سبق کا کرشمہ ہے اسی جذبے کی تسکین کے لئے مغرب کی مادی دنیا نے پیراسائیکالوجی کا سہارا لیا ہے۔

نوجوانوں میں اس علم میں ریسرچ کا بہت شوق بڑھ رہا ہے میں اور میرے تین ساتھی سائیکالوجی پر ریسرچ کررہے تھے ہم لوگوں کو شوق ہوا کہ ہم جرمنی جاکر پیراسائیکالوجی میں ریسرچ کریں، میں نے اپنے لئے جنوں پر ریسرچ کرنا طے کیا، مجھے خیال ہوا کہ اس کی بنیادی معلومات کے لئے ہندوستان سب سے بہتر جگہ ہے نوجوانی کی عمر میں مجھے اپنے مشن کی دھن تھی اس سلسلے میں بہت سے لوگوں سے ملا، بہت سے سیانے اور نا متبرک لوگوں سے ملنا ہوا، بہت سے عاملوں سے ملاقاتیں کیں، بنگال کے سفر کئے، دیو بند گیا، میں نے بہت سے عمل کئے چلّے کئے جلالی اور جمالی پرہیز کے ساتھ بہت سے وظیفے پڑھے بہت سے تعویذ مجھے آگئے اور آسیب وغیرہ کا علاج کرنے لگا، الٰہ آباد کے بڑے عاملوں سے ملا وہ بار بار آتا رہا، میری خواہش تھی کہ کوئی جن میرے تابع ہوجائے یا کسی جن سے میری ملاقات ہوجائے مگر کوئی عامل کوئی نا متبرک میری خواہش پوری نہ کرسکے، کئی بار عملیات کے دوران مجھے کچھ ڈراؤنی آوازیں بھی آئیں مگر کوئی جن مجھے نظر

تھا، کچھ مریضوں کے منہ سے جن بولا میں نے علاج بھی کیا۔

ایک روز میں ندوہ گیا وہاں مولانا عبداللہ حسنی نے مجھے بتایا کہ ہمارے ایک دوست ایک دو روز میں پھلت سے آنے والے ہیں، وہ آپ کا مسئلہ حل کر سکتے ہیں انہوں نے مجھ سے کہا کہ میں تو اتوار کے روز تکیہ رائے بریلی آجاؤں، جون کا مہینہ تھا میں تین بجے کے قریب تکیہ پہنچا سب لوگ کھانے کے بعد آرام کر رہے تھے میں باہر تخت پر بیٹھا ہوا تھا ایک مولانا ضرورت کے لئے استنجاء خانہ گئے واپس آئے مجھے بیٹھا دیکھ کر کہنے لگے: آپ ڈاکٹر کے سی سکسینہ ہیں؟ میں حیرت میں آگیا اور تعجب سے جواب دیا: جی ہاں، مگر آپ کو میرا نام کیسے معلوم ہوا؟ وہ میرا ہاتھ پکڑ کر چلتے ہوئے اندر لے گئے اور ٹھنڈا پانی پلایا پھر بولے میں ایک انسان ہوں مالک کا بندہ ہوں، مجھے غیب کا علم نہیں ہے اور اللہ کے سوا کسی کو غیب کا علم نہیں ہوتا، اصل میں مولانا عبداللہ حسنی نے مجھ سے کہا تھا کہ ڈاکٹر کے سی سکسینہ نام کے ایک نوجوان آپ سے ملنا چاہتے ہیں وہ اتوار کے روز تکیہ آئیں گے میں تبھی سے انتظار میں تھا میں نے آپ کو دیکھا تو حلیہ دیکھ کر مجھے خیال ہوا کہ آپ ہی ڈاکٹر سکسینہ ہیں اس لئے میں نے سوال کر لیا۔

میں اس صاف گوئی سے بہت متاثر ہوا میں نے جن عاملوں اور تانترکوں سے ملاقات کی تھی ان میں سے ہر آدمی اپنے کمال کا معتقد بنانا چاہتا تھا، مولانا کلیم صاحب کی اس بات نے مجھ کو بہت متاثر کیا، مجھے خیال ہوا کہ ضرور مجھے یہاں مدد ملے گی یا کم از کم حقیقت معلوم ہو جائے گی، مولانا نے مجھ سے کہا آپ خدمت بتائیے، میرے لائق کیا خدمت ہے جو اتنی شدید گرمی میں آپ نے زحمت کی میں نے جواب میں اپنا پورا مدعا بتا دیا کہ میں پیراسائیکالوجی میں ریسرچ کرنا چاہتا ہوں مجھے اس کے لئے جرمنی جانا ہے، میں وہاں جانے سے قبل کسی جن کو تابع یا کم از کم چند روز کے لئے اس سے ملاقات کرنا چاہتا

ہوں مولانا عبداللہ نے بتایا تھا کہ آپ میری اس سلسلے میں ضرور مدد کریں گے میں نے اپنی پوری کارگزاری بھی سنائی، جو چلے اور عملیات کئے اور نقش و تعویذ سیکھے وہ بتائے جس پر مولانا نے بڑی حیرت کا اظہار کیا مولانا نے ہنستے ہوئے جواب دیا آپ بہت بہادر آدمی ہیں میں تو بہت بزدل ہوں مجھے تو جن کے نام سے ڈر لگتا ہے ہمارے گاؤں میں چند ویران مکانات اور کھنڈر پڑے تھے مشہور تھا کہ وہاں جن رہتے ہیں، ہم لوگ بچپن میں پاس سے دوڑ کر نکلتے تھے، ڈرتے ڈرتے پیچھے دیکھتے رہتے تھے کہ کوئی جن آ کر دبوچ نہ لے ایسا بزدل آدمی آپ کے کس کام آ سکتا ہے میں نے کہا آپ کو میری مدد کرنی ہوگی کئی سال مجھے مارے مارے پھرتے ہو گئے ہیں مجھے یقین ہے کہ آپ ضرور میری خواہش پوری کر سکتے ہیں، میرے بہت اصرار پر مولانا نے کہا اول تو جس مخلوق کو اللہ نے آزاد بنایا ہے اس کو تابع کرنا جائز نہیں یہ ظلم ہے، جس طرح شیر کی سواری ہمارے مذہب میں جائز نہیں، دوسری بات یہ ہے کہ جن عملیات کے ذریعہ لوگ جنوں کو تابع کرتے ہیں ان میں اثر کے لئے ایمان لانا ضروری ہے ایمان کے بغیر ان میں تاثیر نہیں ہو سکتی اس لئے اس کے لئے مسلمان ہونا ضروری ہے ایمان کے بغیر ان میں تاثیر نہیں ہو سکتی اس لئے اس کے لئے مسلمان ہونا ضروری ہے مجھے جن تابع کرنے کی دھن سوار تھی اس لئے میں مذہب کو بھی قربان کر سکتا تھا میں نے فوراً مولانا سے کہا میں اس کے لئے مسلمان ہونے کے لئے تیار ہوں۔

مولانا نے جواب دیا جلدی مت کیجئے بات یہ ہے کہ میری غیرت اس کو گوارہ نہیں کرتی کہ محض جن تابع کرنے کے لئے میں آپ کو کلمہ پڑھاؤں اور مسلمان کروں پھر آپ جو اسلام جن تابع کرنے کے لئے قبول کریں گے وہ اسلام اللہ کے یہاں کہاں قبول ہوگا، میری بات سنئے اور اطمینان سے فیصلہ کر لیجئے، میں اس وقت کچھ دیر آپ کو اسلام کے بارے میں کچھ بتاتا ہوں اس کا مختصر تعارف کراتا ہوں مجھے امید ہے کہ اگر آپ نے

غور سے سن لیا اور اسلام کی حقیقت کو جان لیا تو آپ کو جن تابع کرنے یا ان سے ملاقات کرنے سے زیادہ، اسلام کی دھن لگ جائے گی کچھ کتابیں آپ کو بتاتا ہوں آپ اسلام کو اچھی طرح پڑھ لیں اگر آپ مطمئن ہو گئے اور آپ نے جان لیا کہ اسلام کے بغیر نجات نہیں ہوگی تو آپ کلمہ پڑھ کر سچے دل سے مسلمان ہو جائیں، مسلمان ہونے کے بعد میرا وعدہ ہے کہ آپ پھلت آ جائیں میں ایک یا چند جنوں سے ملاقات کرا دوں گا جو آپ کے ساتھ اس وقت تک رہیں گے جب تک آپ پوری معلومات حاصل نہ کر لیں اس کے لئے نہ کسی عمل کی ضرورت ہوگی نہ وظیفے کی۔

سوال: اس کے بعد کیا ہوا؟

جواب: جی میں بتا رہا ہوں، میں نے ان کی بات سے اتفاق کیا وہ تقریباً ایک گھنٹے تک اسلام کے بارے میں بتلاتے رہے حضور اقدس ﷺ کی سیرت پاک کی مختصر طور پر رہنمائی کی اور مجھے اس بات پر زور دیتے رہے کہ پیرا سائیکالوجی میں ریسرچ اور جن سے ملاقات سے پہلے ضروری یہ ہے کہ اول وقت میں کلمہ پڑھ کر مسلمان بن جاؤں اس لئے کہ موت کا کوئی وقت مقرر نہیں، مولانا صاحب نے مجھے کتابوں کی ایک فہرست تیار کر دی مجھے پھلت کا پتہ بتایا مجھ سے فون اور ایڈریس مانگا میں نے جواب دیا کہ میرے والد کا پرموشن ہو رہا ہے نیا پتہ اور فون نمبر میں ڈاک سے بھیج دوں گا اور جولائی کے شروع میں اپنے تینوں ساتھیوں کے ساتھ پھلت آؤں گا، پونے پانچ بجے حضرت مولانا صاحب اٹھ گئے مولانا کلیم صاحب مجھے بڑے حضرت مولانا علی میاں صاحب سے ملوانے لے گئے اور ان سے میرے مقصد میں کامیابی اور ہدایت کے لئے دعا کو کہا، مجھے لکھنؤ جانا تھا اتنی دیر کی ملاقات کے بعد میرا دل اسلام کے لئے کافی مطمئن ہو گیا تھا میں نے لکھنؤ آ کر "اسلام کیا ہے" اور "خطبات مدارس" دو کتابیں خریدیں جن کو سب سے پہلے پڑھنے کا مشورہ دیا تھا ان

کتابوں کو پڑھنے کے بعد مجھے کسی طرح کوئی شبہ نہیں رہا کہ اسلام ہی اللہ کے یہاں مقبول مذہب ہے اور میں ایک ہفتہ کے بعد حضرت مولانا کے پاس پھلت جا کر مشرف با اسلام ہوا یہ ۹ رجون ۱۹۹۵ء گیارہ بجے دن کی بات ہے حضرت نے میرا نام عبدالرحمن رکھا۔

سوال: اس کے بعد آپ جولائی میں پھلت آئے تھے؟

جواب: اسلام قبول کرنے کے بعد مجھے اسلام کے مطالعہ کی دھن لگ گئی اور اسلام کی حقانیت اور اس کی لذت میرے وجود پر چھا گئی مجھے خیال ہوا کہ مجھے جنوں کی نہیں جنوں کے مالک کی تلاش تھی، جو قرآن حکیم کی زبان میں شہ رگ سے بھی زیادہ قریب تھا اسلام کا مطالعہ کرنے اور تھوڑی تھوڑی نماز وذکر وغیرہ سے مجھے پتا لگا کہ مجھ کو جنوں کے تابع کرنے اور ان سے ملاقات کے لئے نہیں بلکہ جنوں کے مالک کا تابع وفرماں بردار بننے کے لئے اور اس کی لقا کا شوق پیدا کرنے کے لئے پیدا کیا گیا ہے۔

سوال: پیرا سائیکالوجی کی ریسرچ کا کیا ہوا؟

جواب: اسلام قبول کرنے اور اس کا گہرائی سے مطالعہ کرنے کے بعد میرے دل ودماغ کے پردے اٹھ گئے مجھے احساس ہوا کہ مالک کائنات کی دی ہوئی یہ چھوٹی سی زندگی تو اللہ کے بندوں کو اللہ سے ملانے کے لئے دی گئی ہے میں نے رحمت اللعالمین کا مطالعہ کیا اس کتاب کے مطالعہ سے مجھ میں یہ جذبہ پیدا ہوا کہ میں رحمت اللعالمین نبی کا امتی اور ان کا پیرو سارے عالم کے لئے نہیں تو کم از کم پوری انسانیت کے لئے خیر خواہ اور داعی بنے بغیر ہرگز نہیں کہلا سکتا، میں نے ارادہ کیا کہ مجھے زندگی اسلام کی دعوت کے لئے وقف کرنی ہے اور الحمدللہ میرے اللہ نے مجھ سے کام لیا، میں نے ریسرچ کا ارادہ ترک کر دیا۔

سوال: اس کے بعد مولانا کلیم صاحب سے ملاقات ہوئی؟

جواب: کئی ماہ کے بعد ایک بار میں پھلت حضرت مولانا کی خدمت میں چند روز رہنے کے

لئے گئے مغرب کی نماز کے بعد مولانا صاحب سے میری ملاقات ہوگئی میں ۔ نے ہلکی سی داڑھی رکھ لی تھی کرتا پاجامہ پہنے ہوا تھا مجھے اچانک ان کو دیکھ کر خوشی ہوئی ۔ میں ان سے چمٹ گیا وہ مجھے نہیں پہچان سکے جب میں نے بتایا کہ میں ڈاکٹر حسینا ب عبدالرحمن ہوں وہ بہت خوش ہوئے مجھے بار بار مبارک باد دی کئی روز ہم ساتھ رہے وہ سوچ رہے تھے کہ میں اب ان سے اپنی ریسرچ کے لئے جن سے ملاقات کے لئے کہوں گا جب کئی روز تک میں نے اپنا مطالبہ نہیں رکھا تو انہوں نے اپنے وعدہ کے خیال سے مجھ سے کہا کہ اب اگر آپ کسی جن سے ملاقات کرنا چاہتے ہیں تو دہلی یا پھلت چند روز کے لئے آ جائیں میں ایک یا چند جنوں سے آپ کی ملاقات کرا دوں گا آپ ان سے اطمینان کی حد تک معلومات حاصل کر لیں میں نے جواب دیا کہ مجھے اب کسی جن سے نہیں ملنا ہے میرے اللہ نے میرے لئے میری راہ مجھ پر کھول دی ہے ۔

سوال : اس کے بعد آپ نے اپنے گھر والوں سے اپنے قبول اسلام کے بارے میں بتا دیا؟

جواب : ہمارا گھرانہ بڑا پڑھا لکھا گھرانہ ہے میں نے چند روز کے بعد گھر کے لوگوں سے بتا دیا شروع میں انہوں نے مجھے سمجھایا اور خاندانی اور مذہبی روایات کی لاج رکھنے کو کہا بعد میں انہوں نے کہنا چھوڑ دیا بعض دوسرے رشتہ داروں اور جو نپور کے بعض مذہبی لوگوں نے مجھ پر بہت دباؤ دیا چند مرتبہ مجھے دھمکیاں بھی دی گئیں مگر وہ سب میرا کچھ نہیں بگاڑ سکے الحمد للہ زیادہ مخالفتوں کی وجہ سے میرے والد نے مجھے دور چلے جانے کا حکم دیا میں اپنے ایک دوست کے ساتھ ممبئی چلا گیا اس کے بعد کچھ روز تمل ناڈو میں پھر چند میرم کے علاقہ میں رہا وہاں پر عیسائیوں اور دلتوں میں اللہ نے خوب دعوت کا کام لیا ہماری ایک فعال جماعت بن گئی ایک بہت بڑے پادری فادر پیٹر جیمس نے اسلام قبول کیا ایک بڑے

بدھ رہنما اس حقیر کے واسطے سے مشرف باسلام ہوئے، پانچ سال کے بعد میں پونے آ گیا اور آج کل یہیں رہ رہا ہوں۔

سوال: آپ کی شادی ہوگئی؟

جواب: میرا ارادہ پہلے شادی کا نہیں تھا مجھے خیال تھا کہ خاندان کے ساتھ مشغولی میرے لئے دعوتی مشن میں رکاوٹ ہوگی کم از کم وقت اور صلاحیت تقسیم ہوگی مگر ہمارے مولانا کلیم صاحب نے مجھے زور کیا اور کہا کہ ہمارے نبی ﷺ کی زندگی ہمارے لئے نمونہ ہے اگر شادی دعوت میں رکاوٹ ہوتی تو آپ ﷺ ہرگز شادی نہ کرتے شادی کے بغیر آدمی کی زندگی ادھوری ہے اور ایمان بھی مکمل نہیں، ہر وقت یوں بھی آدمی کے ساتھ نفس کا خطرہ لگا رہتا ہے میں نے شادی کے بارے میں سوچنا شروع کیا حیدر آباد کے ایک چرچ میں ہم لوگوں کی ایک دعوتی سفر کے دوران ایک بہت مخلص عیسائی راہبہ سے ملاقات ہوئی جس نے یسوع کی رضا کے لئے اپنے جان کھلا رکھی تھی پہلے ان کی شادی ہوئی تھی ان کے شوہر ان کو دھوکہ دے کر بھاگ گئے ان کا دل ٹوٹا اور انہوں نے مذہبی زندگی اختیار کر لی ۳۲ سال ان کی عمر تھی مجھے ان کے خلوص نے بہت متاثر کیا میں نے ان پر کام کرنا شروع کیا اور میں اپنے ساتھیوں سے اجازت لے کر چند روز حیدرآباد رہا الحمدللہ اللہ نے ان کو ہدایت دے دی مولانا عاقل حسامی نے ان کو کلمہ پڑھایا بعد میں، میں نے ان سے شادی کی پیشکش کی، انہوں نے معذرت کی، اپنے پہلے تجربے کی تلخی اور اپنی عمر کا عذر کیا میں نے ان کو شرعی تقاضے بتائے وہ راضی ہوگئی اور پونہ آکر ہم نے نکاح کرلیا، الحمدللہ وہ بڑی وفادار رفیقۂ حیات ہیں ان کے والد کی ساری جائیداد ان کو ملی تھی وہ دو بچے والدہ کی رہنے والی تھی ان سے شادی کے بعد اللہ تعالیٰ نے روزگار کے سلسلے میں مجھے فارغ کر دیا ہمارے یہاں گزشتہ سال ایک بچی پیدا ہوئی ہے میں نے ان کا نام زینب رکھا ہے میری اہلیہ کا پہلا نام

لوئیس رواتی تھا مولانا عاقل حسامی (اس کا اسلامی نام سمیہ رکھا تھا) میں نے شادی کے بعد بدل کر اس کا نام خدیجہ رکھ دیا۔

سوال: اب آپ کا مشغلہ کیا ہے؟

جواب: اپنی زندگی کو مولانا صاحب کے مشورے سے گزارنا چاہتا ہوں انہوں نے مجھے حکم دیا ہے کہ دعوتی مقاصد کے لئے کوئی مشغلہ ہونا چاہئے میں نے پونہ کے ایک ڈگری کالج میں عارضی طور پر پڑھانا شروع کر دیا ہے الہ آباد یونیورسٹی میں ایک ریڈر کی جگہ نکلی ہے اس کے لئے جا رہا ہوں کہ اپنے اہل تعلق اور پبلک پیشہ میں دعوت کا کام کرنے کا موقع ملے گا۔

سوال: سنا ہے آپ ایک عرصے سے دعوتی مشن میں لگے ہیں اب تک آپ کے واسطے سے کتنے لوگوں نے اسلام قبول کیا ہوگا؟

جواب: ہمارے مولانا صاحب کہتے ہیں جو چل لئے اس کو کیا دیکھنا جو راستہ طے کرنا ہے اس کو دیکھنا چاہئے، پانچ ارب لوگ اسلام سے محروم ہو دوزخ کی راہ پر چل رہے ہیں ان کے مقابلے میں جو لوگ ہدایت یاب ہوئے ہو بالکل نا کے برابر ہیں، کبھی کبھی حوصلے کے لئے مڑ کر دیکھ لینا بھی برا نہیں ہے، الحمد للہ ثم الحمد للہ اس حقیر کے واسطے سے کم از کم دو سو لوگ تو ویسے مشرف باسلام ہوئے ہوں گے جو کم از کم گریجویٹ ہیں اس کے علاوہ بعض مقامات پر اجتماعی طور پر بھی چند گھرانوں نے اسلام قبول کیا ہے۔ الحمد للہ ثم الحمد للہ

سوال: آپ نے اپنے گھر والوں پر کام نہیں کیا؟

جواب: واقعی میں نے ان کا حق ادا نہیں کیا۔ ان پر سرسری طور پر کام کرتا رہا حالانکہ سب سے زیادہ ان کا حق تھا چند ماہ سے اپنے والد سے رابطہ شروع کیا ہے پچھلی چند ملاقاتوں میں تو بپھرتے تھے اور کہا کرتے تھے "خود تو ڈوبے ہیں صنم تم کو بھی لے ڈوبیں گے"

مستفاد از ماہنامہ ارمغان جون ۲۰۰۴ء

(۸)

جناب محمد انس صاحب (ورن کمار چکرورتی) سے ایک ملاقات

دوسرے مذاہب سے ان اسلام کی طرف آنے والوں کی تربیت اور ان کے معاشرتی مسائل کا نظام بنانا دعوت کی اولین ضرورت ہے اس کے لئے ہمارے بڑوں کو سوچنا چاہئے اور یہ کوئی مشکل کام بھی نہیں ہے بس ایک ٹیم کھڑی ہو جائے جو مدینے کی مواخاۃ (بھائی چارہ) سے سبق لے کر بس یہ کام شروع کر دے اگر ایک مسلمان، ایک آدمی یا ایک گھرانے کی ذمہ داری لے لے کہ وہ ان کی تربیت کرے گا اور تھوڑی سی رہنمائی اس کے روزگار کے سلسلے میں کرے اور وقتی طور پر کسی کام میں لگا کر بس ضمانت لے لے تو یہ کام آسانی سے ہو سکتا ہے بڑا سرمایہ اکٹھا کر کے اجتماعی نظام تو واقعی ذرا مشکل ہے مگر یہ دوسرا طریقہ بہت آسان ہے۔

مولانا احمد اواہ ندوی

احمد اواہ : السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ

محمد انس : وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ

سوال : انس بھائی آپ خیریت سے ہیں؟ کافی روز کے بعد آپ سے ملاقات ہوئی۔

جواب : الحمد للہ خیریت سے ہوں، واقعی بہت روز کے بعد آسکا پھلت دو تین بار حاضر ہوا مگر وہاں پر حضرت مولانا محمد کلیم صاحب سے ملاقات نہیں ہوئی وہ سفر پر گئے ہوئے تھے،

اب دہلی کا پتہ معلوم کر کے فون کر کے یہاں آیا ہوں۔

سوال: اللہ کا شکر ہے آج آپ آ گئے اصل میں پھلت سے جو اردو ماہنامہ ارمغان نکلتا ہے اس میں مشرف باسلام ہونے والے خوش قسمت بھائی بہنوں کے انٹرویو کا سلسلہ شروع کیا گیا ہے، تاکہ دعوت کا کام کرنے والوں کی رہنمائی ہو، میں لکھنؤ سے آیا ہوا تھا اور فکر میں تھا کہ اس ماہ کس کا انٹرویو شائع کیا جائے، اللہ کا شکر ہے اس نے آپ کو بھیج دیا، میں آپ سے ماہنامہ ارمغان کے لیے کچھ باتیں کرنا چاہتا ہوں۔

جواب: احمد بھیا میں اس لائق کہاں! آپ اگر کچھ معلوم کرنا چاہیں کر لیں، میرے لیے خوش قسمتی ہوگی کہ دعوتی میگزین میں میرا نام آئے۔

سوال: آپ اپنا مختصر تعارف کرائیں؟

جواب: میرا نام الحمد للہ محمد انس ہے ۲۳ مئی ۲۰۰۰ء کو اللہ نے مجھے پھلت میں آپ کے والد صاحب کے ہاتھ پر قبول اسلام کی سعادت عطا فرمائی میرا اصلی وطن کلکتہ ہے میرا پہلا نام ورن کمار چکرورتی تھا ہم لوگ چکرورتی برہمن خاندان سے تعلق رکھتے ہیں میرے والد شری ارون کمار جی بڑے تاجر تھے ہم لوگوں کا کلکتہ کے ایک بڑے بازار میں چمڑے کی جیکٹ، پرس وغیرہ کا کاروبار تھا میں سب سے بڑا بھائی ہوں مجھ سے چھوٹے دو بھائی اور بہن ہیں ایک بہن اور ایک بھائی زیر تعلیم ہیں، میں نے انگریزی میں ایم اے کیا ہے میرا ارادہ انگریزی میں پی ایچ ڈی کرنے کا تھا مگر میرے والد کی بیماری اور ان کے انتقال کی وجہ سے مجھے اپنی تعلیم چھوڑنی پڑی اور دوکان پر بیٹھنا پڑا بعد میں مجھ سے چھوٹے بھائی بھی دوکان میں بیٹھنے لگے، میری ایک بڑی بہن جو مجھ سے دو سال بڑی تھی شادی کے دو سال بعد انتقال کر گئیں، وہ مجھے بہت پیار کرتی تھیں۔

سوال: آپ اپنے اسلام قبول کرنے کے بارے میں ذرا بتائیں؟

جواب: نومبر ۱۹۹۸ء میں میرے والد کے پیٹ میں درد ہوا کئی روز تک شدید تکلیف ہوئی بعد میں جانچوں کے بعد ڈاکٹروں نے بتایا کہ ان کی آنت میں کینسر ہے آپریشن ہوا کچھ وقت کے لئے فوری آرام ہوگیا مگر پھر تکلیف بڑھی اور ڈیڑھ سال سخت تکلیف کے بعد ۱۶ مارچ ۱۹۹۹ء میں ان کا دیہانت (انتقال) ہوگیا، ان کے کریا کرم میں بڑا بیٹا ہونے کی وجہ سے مجھے ہی آگ لگانی تھی آگ لگانے اور جلانے کا درشیہ (منظر) میرے لئے بڑا تکلیف دہ تھا اس کریا کرم اور اس میں پنڈتوں کے ڈھونگ سے اور ایسے غم کے موقع پر طرح طرح کے مطالبات سے مجھے ہندو دھرم سے نفرت سی ہوگئی، مگر یہ نفرت ایسی نہیں تھی کہ میں کوئی بڑا قدم اٹھا تا، پانچ مہینے بعد میری بہن کو دماغی بخار ہوا اور وہ ایک مہینے بیمار پڑ کر انتقال کر گئی وہ مجھ سے بے پناہ محبت کرتی تھی مجھے بھی اس سے حد درجہ محبت تھی، وہ چھ سات مہینے کی حاملہ تھی ان کی انتیشٹی (یعنی مرنے کے بعد کی آخری رسومات) کے لئے ہم شمشان لے کر گئے وہاں کے پجاری پنڈت جی نے لاش کو دیکھ کر کہا کہ اس عورت کے پیٹ میں بچہ ہے، اس کو تو جلایا نہیں جا سکتا اس کو تو گاڑنا (دفن) کرنا ہوگا اس بچہ کو اس کے پیٹ سے نکالو، میں نے پنڈت جی سے کہا کہ اب مری ہوئی اس بہن کا پیٹ پھاڑا جائے گا؟ ہم سے یہ نہیں ہوگا، انہوں نے کہا تو پھر ہمارے شمشان میں یہ نہیں ہو سکتا، تو میں نے کہا کہ ہم خود جلالیں گے، انہوں نے کہا کہ شمشان سے باہر کہیں اور اس کا کریا کرم کر لو، میں نے رشتہ داروں سے اصرار کیا کہ کہیں دوسری جگہ لے چلتے ہیں مگر وہ نہ مانے کہ یہ دھارمک بندھن (مذہبی پابندیاں) ہیں انکو ماننا چاہئے لے کر سارے لوگوں کے سامنے میری نہ چلی اور میرے سامنے میری بہن کو ننگا کر کے اس کا پیٹ چیرا گیا اور اس کا بچہ نکالا گیا، میرا دل بہت ٹوٹ گیا اور میں ہندو دھرم کو تھوک کر کلکتہ سے آگیا اور گھر بار چھوڑ آیا کچھ دن پٹنہ رہا وہاں ایک ڈاکٹر صاحب کے یہاں چھوٹے سے نرسنگ ہوم یا اسپتال میں ملازمت کر لی ڈاکٹر

صاحب مسلمان تھے چند روز بعد جب بے تکلفی ہوئی تو میں نے ان سے اپنی دکھ کی داستان سنائی، وہ بہت متاثر ہوئے اور مجھے اسلام قبول کرنے کا اور مجھے دہلی جانے کا مشورہ دیا میں جامع مسجد گیا شاہی امام عبداللہ بخاری سے ملا، انہوں نے کچھ معتبر لوگوں کی تصدیق مانگی جو میرے پاس نہیں تھی۔ اسکے بعد میں ابوالفضل جماعت اسلامی کے دفتر گیا وہاں مولانا لوگوں نے مجھ سے بہت سوالات کیے پریشان حالی اور ذہنی انتشار کی وجہ سے شاید میں انکو مطمئن نہیں کر سکا اور ان کو شک ہوا اسلیئے وہ مجھے کلمہ پڑھوانے میں دیر کرتے رہے، دو روز میں وہاں رہا، مجھے بھی چوروں اور مجرموں کی طرح تفتیش سے تکلیف ہوئی اور میں وہاں سے چلا آیا تین ماہ تک میں کسی روزگار کی تلاش کے لئے اور قبول اسلام کے لئے بہت سے مولانا اور اماموں کے پاس گیا مگر نہ جانے کیوں ہر آدمی ڈرتا رہا، میں نے پنڈ واپسی کی سوچی اس لئے کہ نہ مجھے کوئی روزگار مل سکا اور نہ ہی جھتیس لوگوں کے پاس جانے کے باوجود مجھے کسی نے کلمہ پڑھوایا میں نے چار روز مزدوری کی اور کرایہ کے پیسوں کا انتظام کر کے پنڈ واپسی کے ارادہ سے نئی دہلی اسٹیشن ٹرین آنے میں دیر تھی پلیٹ فارم پر میری ملاقات جوالا پور ہردوار کے ایک مولانا اسلم صاحب سے ہوئی بات بات میں تعارف ہوا مولانا سمجھ کر میں نے ایک بار ان سے بھی اپنے اسلام قبول کرنے کے ارادہ کو ظاہر کیا اور اتنے لوگوں کے پاس جانے کے باوجود ناکامی پر اپنے دکھ کا اظہار کیا انہوں نے تعجب کیا کہ آپ سے کسی نے پھلت کا پتہ نہیں بتایا میں نے کہا پھلت میں کیا ہے؟ انہوں نے بتایا کہ آپ پھلت جائیں آپ کو کسی فکر کی ضرورت نہیں اور انہوں نے ساتھ چلنے کے لئے کہا اور کہا میں آپ کو پھلت مولانا کلیم صاحب سے ملا کر پھر جوالا پور چلا جاؤں گا بیچارے میرا ٹکٹ لیکر خود واپس کر کے آئے اور میرا ٹکٹ خود خریدا اور کھتولی پہنچے دوسری سواری سے دن چھپنے کے بعد پھلت پہنچے مولانا کلیم صاحب باہر اپنی بیٹھک میں بیٹھے ہوئے تھے وہ

ہمارے ساتھ جانے والے مولانا صاحب کو جانتے تھے جاتے ہی مولانا سے میرا تعارف کرایا مولانا کلیم صاحب نے مجھ سے معلوم کیا کہ آپ نے سوچ سمجھ کر فیصلہ کیا؟ میں نے کہا کہ بہت سوچ سمجھ کر، جب میں اتنے روز سے دھکے کھا رہا ہوں اتنے لوگوں کے پاس جا چکا ہوں تو کچھ سوچ سمجھ کر ہی فیصلہ کیا ہوگا، مولانا کھڑے ہو گئے مجھے گلے لگایا اور کہنے لگے آپ کھڑے کھڑے کلمہ پڑھنا چاہتے ہیں تو کھڑے کھڑے پڑھ لیجئے ورنہ بیٹھ جائیے، میں بیٹھ گیا فوراً پڑھوایا بعد میں اس کا ترجمہ کہلوایا اور میرا نام معلوم کر کے میرا اسلامی نام محمد انس رکھ دیا۔ الحمدللہ

سوال: اسلام قبول کرنے کے بعد آپ نے کیسا محسوس کیا؟

جواب: آپ کے والد صاحب کے پیار سے گلے لگانے اور بغیر کسی تحقیق اور تفتیش کے پہلے مرحلہ میں مجھے کلمہ پڑھوانے سے میری ساری تھکن دور ہو گئی، اتنی جگہ دردر مارے مارے پھرنے کا غم بالکل دھل گیا اور مجھے ایسا لگا جیسے میں تو مسلمان ہونے کے لئے پیدا کیا گیا تھا بلکہ جیسے جیسے میں اسلام کو سمجھتا اور مانتا گیا مجھے یہ محسوس ہوتا گیا کہ میں فطرتاً مسلمان ہی پیدا ہوا تھا، جو غلط ماحول میں رہنے کی وجہ سے میں کچھ روز بھٹکتا رہا۔ ۲۳ مئی ۲۰۰۰ء کو جس روز میں نے اسلام قبول کیا مولانا صاحب کے پاس بہت سے لوگ بیٹھے ہوئے تھے بعد میں مولانا صاحب نے لوگوں سے میرا تعارف کرایا، مجھے حیرت بھی ہوئی اور خوشی بھی کہ صبح سے آج وہاں ۹ لوگ اسلام قبول کرنے آ چکے ہیں اور اس سے زیادہ حیرت اس بات پر ہوئی کہ مجھ سے پہلے آٹھ اور میں خود نواں تھا، ہم ۹ میں سے ایک آدمی کو بھی کسی مسلمان نے اسلام کی دعوت نہیں دی تھی، کسی کو اسلام کی کسی چیز میں کشش محسوس ہوئی، کسی کو خود اسلام کو پڑھنے کا شوق ہوا اور اکثر کو اپنے مذہب کے اندھ وشواسوں اور اندھی رسموں نے ری ایکشن (انفعال) نے اسلام کی طرف آنے کو کہا، مولانا صاحب

سے بتایا کہ ان ۹ کے علاوہ صبح نو کے فیروز پور کی ایک بہن کو مولانا صاحب نے فون پر کلمہ پڑھایا ان کا نام آشا تھا، مولانا صاحب نے ان کا نام عائشہ رکھا۔

سوال: اس کے بعد آپ کی تعلیم و تربیت کا کیا ہوا؟

جواب: جوالا پور والے مولانا صاحب رات کو چلے گئے، مولانا کلیم صاحب نے مجھ سے کہا کہ یہاں آپ کا گھر ہے اطمینان سے رہئے، ان شاء اللہ کل آگے کے لئے مشورہ کر لیں گے، ۲۵ مئی کو مولانا صاحب سے کچھ مہمان ملنے آئے، مولانا صاحب نے کل صبح فون پر جن بہن کو کلمہ پڑھوایا تھا ان کا قصہ بتایا کہ وہ مہلت آ کر کلمہ پڑھنا چاہتی تھی مگر میرے دل میں آیا کہ موت زندگی کا کچھ پتہ نہیں، اسلئے فون پر ہی کلمہ پڑھنے کے لئے اصرار کیا وہ مہلت آ کر کلمہ پڑھنے پر اصرار کرتی رہی مگر میں نے بہت اصرار کیا وہ مان گئی اور آج مالیر کوٹلہ سے ایک بہن کا فون آیا کہ وہ عائشہ بہن جن کو کلمہ پڑھوایا گیا تھا ان کا رات میں انتقال ہو گیا، خود مولانا صاحب پر اس کا بڑا اثر تھا مجھ پر بھی بڑا اثر ہوا میں نے مولانا صاحب کی کتاب آپ کی امانت آپ کی سیوا میں پڑھ لی تھی مجھ پر بجلی سے کوندگئی اگر اسلام قبول کرنے سے پہلے مر گیا ہوتا ہو میرا کیا ہوتا؟ اور ان سبھی لوگوں پر غصہ بھی آیا کہ ایک منٹ کے کلمہ پڑھوانے کے کام میں اتنا ڈراتے رہے، میں نے مولانا صاحب سے اس کا اظہار بھی کیا اور کہا کہ اگر اس دوران میری موت آجاتی تو میرا کیا ہوتا؟ مولانا صاحب نے مجھے تسلی دی کہ آپ تو ارادہ اور کچے نیت سے چل رہے تھے تو آپ نے جب ارادہ کر لیا تھا اس وقت سے مسلمان ہو گئے تھے آپ کی موت اگر آتی تو ایمان پر آتی اور مجھے سمجھایا کہ زمانہ خراب ہے بہت سازشیں چل رہی ہیں لوگ دھوکہ دیتے ہیں اس لئے لوگ احتیاط کرتے ہیں اگر آپ ان کی جگہ ہوتے تو آپ ان سے زیادہ احتیاط کرتے میں نے ان سے کہا کہ آپ نے فوراً کلمہ کیوں پڑھوا دیا؟ تو کہنے لگے ہم تو دیہاتی گنوار لوگ ہیں۔

گاؤں کے لوگوں کو اتنا ہوش نہیں ہوتا کہ بہت دور کی سوچیں ہم تو سوچتے ہیں کل جو ہوگا دیکھا جائیگا آج تو ہم اپنا دل خوش کرلیں کہ ہمارا خونی رشتہ کا ایک بھائی ہمارے سامنے کفر وشرک اور اس کے نتیجے میں دوزخ کی آگ سے بچ کر اسلام اور جنت کے سایے میں آگیا ہے کل کو اللہ مالک ہے سازش ہوگی یا جو ہوگا دیکھا جائے گا۔

سوال : اس کے بعد کیا ہوا۔

جواب : مولانا صاحب نے مجھے جماعت میں وقت لگانے کا مشورہ دیا، میں نے کہا آپ جو کہیں میں تیار ہوں تیسرے روز مجھے مولانا صاحب دہلی لے گئے میرے ساتھ دو نومسلم ساتھی اور بھی تھے مولانا صاحب کے بہنوئی ہم تینوں کو مرکز نظام الدین لے گئے اور ایک جماعت میں ہمارا نام لکھوایا جو اگلے روز صبح کو ۱۰ بجے فیروز آباد جانی تھی صبح کو امیر صاحب نے ساتھیوں کو اکٹھا کیا ہمارے ساتھ سہارنپور کے گاؤں کے ایک ساتھی عبداللہ بھی تھے انھوں نے ایک ساتھی سے بتلادیا کہ ہم تینوں نومسلم ہیں، انھوں نے امیر صاحب سے بتادیا امیر صاحب ہمیں میوات کے ایک میاں جی جو جماعتوں کے بھیجنے کے ذمہ دار ہیں انکے پاس لے گئے انھوں نے ہم سے معلوم کیا کہ آپ نے قانونی کاروائی کرالی؟ ہم نے بتایا کہ ہم آکر کرائیں گے، انھوں نے ہمیں جماعت میں جانے سے روک دیا کہ آپ واپس جائیں ہم تینوں ساتھیوں کو بہت تکلیف ہوئی ہم لوگوں نے مشورہ کیا کہ کیا کرنا چاہیے ہمارے تیسرے ساتھی ذرا غصہ والے تھے بلال بھائی جو آگرہ کے پاس بیج پور کے رہنے والے تھے وہ کہنے لگے کہ اپنے گھر چلو، یوں کب تک دھکے کھاتے رہیں گے؟ میں نے ان سے کہا کہ نہیں یہ شیطان ہمیں اسلام سے محروم کرنا چاہتا ہے ہمیں پھلت جانا چاہیے ہم لوگ پھلت پہنچے مولانا صاحب تین روز کے بعد سفر سے لوٹے ہمیں پھلت میں دیکھ کر بہت پریشان ہوئے پوچھا آپ لوگ جماعت سے کیوں آگئے؟ میں سارا واقعہ

سنایا اور مجھے بہت رونا آیا، مولانا صاحب نے پھر مجھے گلے سے لگا لیا اور ہم سے کہا کہ آپ نے یہ کیوں بتایا کہ ہم نو مسلم ہیں آپ نو مسلم کہاں ہے؟ پیارے نبی ﷺ کی بات کو سچا جانتا ہی تو اسلام و ایمان ہے ہمارے نبی ﷺ نے فرمایا کہ ہر پیدا ہونے والا اسلامی فطرت پر یعنی مسلمان پیدا ہوتا ہے، اس کے والدین اسکو یہودی، نصرانی یا مجوسی بنا دیتے ہیں تو آپ تو پیدائشی مسلمان ہیں اور بچہ پیدائشی طور پر مسلمان ہوتا ہے تو آپ نو مسلم کہاں ہیں؟ پیدائشی مسلمان نو مسلم کہاں ہوتا ہے؟ آپ کچھ روز کے لئے مرتد ہو گئے تھے، ہندو بن گئے تھے، آپ نے ہی غلطی کی کہ اپنے کو نو مسلم کہا، آپ دیکھیں گے کہ ہر بچہ کسی بھی مذہب کا ہو اسکو دفنایا جاتا ہے جلایا نہیں جاتا اللہ نے انتظام کیا ہے کہ اس کے مسلمان ہونے کی وجہ سے اسکو دفنایا جاتا ہے آپ کی بہن کے پیٹ سے بھی بچہ کو نکلوا کر جلنے سے بچایا گیا کہ نہیں؟

مولانا نے اس کے بعد مرکز کے لوگوں کی مجبوری سنائی اور کچھ واقعات سنائے کہ کچھ لوگوں نے سازش کر کے جھوٹا اسلام ظاہر کیا اور پھر بعد میں پولیس کچہری ہوتی رہی، اسلئے وہ احتیاط کرنے لگے، ان کو ایسا ہی کرنا چاہئے، ہم لوگ مطمئن ہوئے اور غیر آدمی کی طرف سے اس طرح صفائی اور ہر ایک کو بے قصور ٹھہرانے کی بات نے میرے دل میں بہت جگہ بنائی رات کو میں نے مولانا صاحب سے کہا کہ آپ کے ساتھ دو چار روز رہ کر میں نے یہ محسوس کیا کہ اگر آپ سے کوئی شیطان کی بھی شکایت کرے گا تو آپ اسکو بھی بے قصور اور اس کی مجبوری ثابت کر دیں گے، مولانا صاحب نے کہا کہ میں نے زندگی میں تجربہ کیا کہ کسی بھی برے سے برے آدمی کی جگہ جب میں اپنے کو کھڑا کرتا ہوں کہ میں ایسے گھرانے میں پیدا ہوتا اور ایسے ماحول میں تربیت پاتا اور میری سوچ اور فکر اس طرح کی نہیں ہوتی تو دشمن سے دشمن آدمی کو بھی معذور پاتا ہوں بلکہ مجھے تو اکثر خیال ہوتا ہے کہ میں اس سے زیادہ برا ہوتا، مولانا صاحب نے کہا کہ یہ بات آپ کی تسلی یا اپنی انکساری کی

وجہ سے نہیں کر رہا ہوں بلکہ بہت تجربہ کی بنیاد پر کہہ رہا ہوں۔

سوال: اس کے بعد پھر کیا ہوا؟ آپ جماعت میں نہیں گئے؟

جواب: اگلے روز بھائی عبدالرشید دوستم کے ساتھ ہم لوگ میرٹھ کچہری گئے تین لوگوں کو ایک ساتھ دیکھ کر منشی سراج صاحب بھی پریشان ہوگئے کہنے لگے حضرت سے کہا کہ ایک ساتھ اتنے لوگوں کو نہ بھیجا کریں کل دو تین لوگ آئے تھے دو روز پہلے دو آئے تھے بہر حال انہوں نے قانونی کارروائی پوری کی دو روز کے بعد پھر ہم مرکز پہنچ گئے جماعت میں نام لکھوا لیا الگ الگ جماعتوں میں نام لکھ دیئے گئے ہم نے کسی کو نہیں بتایا کہ ہم نو مسلم ہیں سارا وقت خیر و عافیت لگا، جماعت سے واپس آئے تو معلوم ہوا کہ بلال کو میاں جی نے پہچان لیا تم تو نو مسلم ہو دو چار روز پہلے آئے تھے اس نے کہا نہیں ہم تو پیدائشی مسلمان ہیں، بہت دیر تک بحث ہوئی پھر انہوں نے کاغذات دکھائے اور وہ بھی جماعت میں گئے ہماری جماعت کے امیر صاحب زیادہ پڑھے لکھے نہیں تھے اردو بھی بہت اٹک اٹک کر پڑھتے تھے انہوں نے ہمیں نماز یاد کرادی ایک نوجوان سے کچھ اردو بھی پڑھ لی مگر یہ میرے اپنے شوق کی وجہ سے ہوا، ہمارا جماعت میں وقت زیادہ اچھا نہیں گزرا، مجھے جماعت میں اس کا احساس ہوا اور روز بروز تقاضا بڑھتا چلا گیا کہ ہم مسلمانوں کو دستر خوان اسلام پہ آنے والے مہمانوں کے لئے ایک تعلیم و تربیت کا نظام قائم کرنا چاہئے اگر ان نئے مسلموں کی تعلیم و تربیت اور معاشرتی مسائل کے حل کا نظام بنا لیا جائے تو خود بخود وہ اپنے خاندانوں کے لئے اسلام کی دعوت کا بہترین ذریعہ ہوں گے پھر ہمیں دعوت کے لئے زیادہ کوشش کرنے کی ضرورت نہیں ہوگی اسلام ایک روشنی ہے وہ خود اپنے اندر بڑی کشش رکھتی ہے اس سلسلے میں کوئی تربیت کا نظام ہو اس کی بڑی ضرورت ہے جماعت میں بھی اگرچہ اس کا مکمل حل نہیں ہے پھر بھی کچھ فائدہ تو ہو ہی جاتا ہے۔

سوال : اب آپ کیا کر رہے ہیں؟ آپ کی شادی ہو گئی ہے کہ نہیں؟

جواب : میں آج کل پونہ میں رہ رہا ہوں بجنور ضلع کے ایک مولانا صاحب ایک بیکری کا کاروبار کرتے ہیں وہ مجھے مولانا کے حکم سے اپنے ساتھ لے گئے تھے مولانا نسیم ان کا نام ہے ان کی بیکری میں منیجر کی حیثیت سے کام کر رہا ہوں الحمد للہ میں نے قرآن بھی پڑھ لیا اور اردو بھی سیکھ لی ہے مولانا صاحب کہتے تھے کہ میری کوئی لڑکی نہیں ہے ورنہ میں تمہاری شادی ان سے کر دیتا ہمارے بیکری کے قریب ایک لڑکی کلکتہ کی رہنے والی تھی کپڑے کے شوروم میں استقبالیہ ریسپشن پر کام کرتی ہے ایک دو بار کپڑا خریدنے گیا بنگالی ہونے کی وجہ حیرت معلوم کی اس کے ماں باپ کا انتقال ہو گیا تھا شادی شدہ بھائیوں میں وہ بے کس داسیوں کی طرح زندگی گزار رہی تھی میں نے مولانا نسیم صاحب سے اس کو ملوایا اور اس کو دعوت دی وہ تیار ہو گئی مولانا نسیم صاحب نے اس کو اپنی بیٹی بنا لیا اور میری شادی اس سے کر دی الحمد للہ وہ بہت اچھی مسلمان ہے ملازمت چھوڑ دی ہے، مولانا نسیم صاحب کی اہلیہ سے اسلام کی تعلیم حاصل کر رہی ہے دو ماہ پہلے میرے ایک لڑکا پیدا ہوا اس کا نام میں نے ابوبکر رکھا میرا ارادہ ہے کہ اس کو عالم حافظ بنائیں گے میری اہلیہ بھی جن کا نام فاطمہ ہے اس کے لئے تیار ہے آپ دعا کر دیجئے وہ اچھا داعی بنے۔

سوال : الحمد للہ آپ مطمئن ہیں گھر والوں کیلئے بھی آپ نے کچھ سوچا؟

جواب : میرے چھوٹے بھائی جو کاروباری ہیں ان کی شادی ہو گئی ہے وہ آج بھی میرا احترام کرتے ہیں دو چھوٹے بھائی بہن میرے پاس آ گئے ہیں بھائی نے انٹر کا امتحان دیا ہے بہن نے گیارہویں کا امتحان دیا ہے الحمد للہ دونوں نے کلمہ پڑھ لیا ہے مجھے امید ہے میرے باقی دونوں بھائی بھی اسلام قبول کر لیں گے وہ مجھ پر بہت اعتماد کرتے ہیں میری والدہ نابینا ہو گئی ہیں وہ ذرا مذہب کے سلسلے میں سخت ہیں مگر وہ مجھ سے بہت محبت کرتی ہیں۔

سوال: بہت بہت شکریہ بات لمبی ہوگئی آپ سے تو بہت باتیں کرنی چاہئیں مگر خیر آئندہ پھر ایک ملاقات کریں گے دوبارہ آپ ادھر آئے تو میرے فون پر مجھے اطلاع کردیں، بتایئے کہ آپ ارمغان کے واسطے سے مسلمانوں سے یا قارئین ارمغان سے کچھ کہنا چاہیں گے؟

جواب: میں تو اپنی ضرورت ہی پیش کرسکتا ہوں کہ دوسرے مذاہب سے ان اسلام کی طرف آنے والوں کی تربیت اور ان کے معاشرتی مسائل کا انتظام بنانا دعوت کی اولین ضرورت ہے اس کے لئے ہمارے بڑوں کو سوچنا چاہئے اور یہ کوئی مشکل کام بھی نہیں ہے بس ایک ٹیم کھڑی ہو جائے جو مدینے کی مواخاۃ سے سبق لے کر بس یہ کام شروع کردے اگر ایک مسلمان، ایک آدمی یا ایک گھرانے کی ذمہ داری لے لے کہ ان کی تربیت کرے گا اور تھوڑی سی رہنمائی اس کے روزگار کے سلسلے میں کرے اور وقتی طور پر کسی کام میں لگا کر بس ضمانت لے لے تو یہ کام آسانی سے ہو سکتا ہے بڑا سرمایہ اکٹھا کر کے اجتماعی نظام تو واقعی ذرا مشکل ہے مگر یہ دوسرا طریقہ بہت آسان ہے۔

سوال: بہت بہت شکریہ۔ ہمارے لئے دعا کریں۔

جواب: ہمارے لئے بھی دعا کریں۔

حفاظت جس سفینے کی انہیں منظور ہوتی ہے
کنارے پر انہیں خود لا کے طوفاں چھوڑ جاتے ہیں

مستفاد از ماہنامہ ارمغان مئی ۲۰۰۳ء

۹

جناب ڈاکٹر قاسم صاحب (پرمود کیسوانی) سے ایک ملاقات

میرا پیغام تو بس یہ ہے کہ اسلام جب ایک سچائی ہے اور یہ سچائی جب سب کے لئے ہے تو اس کو سب تک پہنچانا چاہئے۔ انسان تو سچائی کے سامنے بے بس ہوتا ہے، اس کی مجبوری ہے کہ وہ سچائی کو قبول کرے۔

مولانا احمد اواہ ندوی

احمد اواہ : السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ

ڈاکٹر محمد قاسم : وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ

سوال : ڈاکٹر صاحب، آپ کا ذکر اکثر ابی سے سنتے رہتے تھے اور اپنے دلچسپ دعوتی تجربات کے ذیل میں آپ کا ذکر شیر کرتے رہتے تھے، آپ سے ملاقات کا اشتیاق تھا، آپ سے آج خوب ملاقات ہوگئی۔

جواب : ہاں مجھے بھی مولانا صاحب کی فیملی والوں سے ملاقات کا اشتیاق تھا۔

سوال : شاید آپ کے علم میں تو نہیں ہوگا کہ ہمارے یہاں پھلت سے ایک اردو میگزین ''ارمغان'' کے نام سے نکلتی ہے، تقریباً دو سالوں سے دعوتی کام کرنے والوں کے نفع کیلئے اسلام میں آنے والے نو واردوں کے انٹرویو شائع کئے جارہے ہیں، مجھے خود یہ خیال تھا کہ آپ سے ضرور اس کے لئے انٹرویو لیا جائے۔

جواب : میری باتیں دعوت کا کام کرنے والوں کے لئے کیا سودمند ہو سکتی ہیں، ابھی تو

میری اسلام میں ابتدائی زندگی ہے۔

سوال: آپ کی زندگی تو واقعی ہم سب کے لئے قابل رشک ہے پہلے آپ اپنا تعارف کرائیں؟

جواب: میرا پرانا نام پرمود کیسوانی تھا، میں گوہاٹی کا رہنے والا ہوں میں ۱۷ جنوری ۱۹۷۶ء کو شری جنس راج کیسوانی کے گھر میں پیدا ہوا، ابتدائی تعلیم انگریزی میڈیم اسکول میں ہوئی، پھر گوہاٹی میں کمپیوٹر سائنس سے بی ایس سی کیا، اس نے بعد دہلی سے کمپیوٹر سائنس میں ایم ایس سی میں گولڈ میڈل حاصل کیا اور نیویارک میں کمپیوٹر سافٹ ویئر میں پی ایچ ڈی کیا، میرے بڑے بھائی ڈاکٹر ونود کیسوانی بہت اچھے سرجن ہیں، نیویارک میں رہتے ہیں، میرے والد سائنس کے لیکچرر تھے، میرے نیویارک کے قیام کے دوران ان کا انتقال ہو گیا تھا اب آج کل میں امریکہ کی ایک سافٹ ویئر کمپنی کی گڑگاؤں برانچ کا ڈائرکٹر ہوں۔

مجھے اللہ تعالیٰ نے اپنی ہدایت کا کرشمہ دکھا کر اس زمین سے اوپر ایک الگ عالم میں ۶ فروری ۲۰۰۲ کو ہدایت سے نوازا، میں نے ایسی جگہ اسلام قبول کیا کہ شاید پوری دنیا میں بس ہم دو لوگوں کے علاوہ کسی کو وہاں ہدایت نہ ملی ہو۔

سوال: کچھ کچھ تو ہم نے بھی سنا ہے مگر آپ خود اپنی زبان سے واقعہ سنائیے؟

جواب: بچپن سے ہمارا گھرانہ ہندو مذہبی گھرانہ تھا، پہلے ہمارے دادا اصل میں لکھنؤ کے رہنے والے تھے، وہ ملازمت کے سلسلہ میں گوہاٹی چلے گئے تھے اور وہیں پر مقیم ہو گئے، ہمارے گھرانہ میں اردو خصوصاً لکھنؤ کی تہذیب کا خاصا اثر ایک عرصہ تک گوہاٹی میں رہنے کے باوجود تھا، انگریزی میڈیم اسکول میں پڑھ کر میرا مذہب سے تعلق ذرا کمزور پڑا، پھر دہلی میں کچھ ایسا ماحول ملا کہ وہاں مذہب کی بات کرنا تو گویا دیہاتی اور گنوار یا تنگ دخلست (بنیاد پرست) ہونا سمجھا جاتا تھا سونے پر سہاگا یہ ہوا کہ نیویارک میں ایم

ڈی کرنے چلا گیا، وہاں تو مذہب اور خاص کر ہندو مذہب سے آستھا بالکل اٹھ گئی، میرے نیویارک کے قیام کے دوران ۱۱/ ستمبر کا واقعہ پیش آیا، اس واقعہ سے ٹی وی، اخبارات اور دوسرے میڈیا نے مسلمانوں کو دہشت گردی خصوصاً (Islamic terrorism) اسلامی دہشت گردی کا بہت چرچا کیا، میرے ذہن میں اس وقت مسلمانوں کے سلسلہ میں بس اتنی بات تھی کہ مسلمان پرانے زمانے کی داستانوں میں یقین رکھنے والی ایک بے حقیقت اور پسماندہ قوم ہے، مگر ۱۱/ ستمبر کے بعد مسلمان کچھ ہیں، کیا ہیں، اسلام کیا ہے، کیوں اس کو ماننے والے اس قدر اس سے تعلق رکھتے ہیں اور اتنی بڑی قربانیاں کیوں دیتے ہیں، خصوصاً مسلمانوں اور اسلام سے دنیا کو کیا کیا خطرہ ہے اور یہ دنیا کے امن کے دشمن کس طرح ہیں؟ اس طرح کے سوال عام طور پر پوری مغربی دنیا خصوصاً امریکہ میں رہنے والوں کے دماغ میں اٹھ رہے تھے ایک زمانہ میں میڈیا سے تعلق رکھنے والا کوئی امریکہ کا آدمی کم از کم کسی داڑھی والے مسلمان سے خوف زدہ ہونے لگا تھا، میرے اسلام قبول کرنے سے چھ روز پہلے میں نیویارک میں تھا، اپنی بھتیجیوں کو ایک پارک میں لے کر گھومنے گیا تو وہاں ایک داڑھی والے مسلمان ملے تو فوراً بچہ میرے پاس آ گیا اور ڈر سے بولا، انکل اسامہ ہے، بچے کے اس جملہ سے میری ذہنیت اور مغربی دنیا میں رہنے والے ہر آدمی کی کیفیت کو سمجھ سکتے ہیں میں کمپنی کے کام سے ہیڈ آفس گیا تھا، ایڈیا سے میرا لنک تھا، مجھے دہلی سے کچھ آفس کے لئے خریداری کرنی تھی اور ایک کمپنی کی شاخ کو دیکھنا تھا، دہلی پانچ روز قیام کرکے ۲ جنوری ۲۰۰۳ء کو میں ایئر انڈیا کے جہاز پر سوار ہوا، تقریباً آخر تک میرے برابر والی سیٹ خالی رہی، بالکل اخیر میں ۲۰ منٹ پہلے آپ کے ابی میرے برابر والی سیٹ پر آ گئے، میں نے ان سے ہاتھ ملایا، ان سے تعارف حاصل کیا تو انھوں نے کلیم صدیقی اپنا نام بتایا، ان سے پتہ معلوم کیا تو انھوں نے بتایا کہ دہلی کے پاس رہتا

ہوں، میں نے ان کا استقبال کیا اور چھیڑنے اور چٹکی لینے کے لئے ان سے کہا: ویری گڈ، بہت اچھا، میرا نام اسامہ ہے، شاید ان کو میری بات پر ہنسی نہیں آئی، انھوں نے تعجب سے پوچھا کہ آپ کا نام اسامہ ہے، میں نے کہا کہ اصل میں چار پانچ روز پہلے تو پارک میں اپنے بھتیجے کو لے کر پارک میں گھومنے گیا تھا، وہاں ایک داڑھی والے صاحب آگئے تو بچہ ڈر کر بھاگا اور بولا: انکل اسامہ ہے، مولانا صاحب نے مجھے بعد میں بتایا کہ آپ کا طعن کرنا ذرا سی دیر کو میرا دل دکھا، مگر میں نے دل میں سوچا کہ تین گھنٹے ساتھ بیٹھنا ہے، اگر اللہ نے لاج رکھی تو آج آپ کا نام اسامہ رکھ کر ہی جہاز سے اتریں گے۔

جہاز کی پرواز کرنے سے پہلے میں نے اپنا تعارف کرایا اور مولانا صاحب سے تعارف معلوم کیا تو انھوں نے بتایا کہ وہ عجمان (یو اے ای) میں ایک عربی اور اسلامی سینٹر چلاتے ہیں، میں نے ان سے کہا کہ پھر تو آپ مذہب کے بارے میں خوب جانتے ہوں گے؟ میں بہت زمانے سے کسی مذہب کے جاننے والے سے باتیں کرنا چاہتا ہوں، اچھا رہے گا، آپ سے باتیں ہو جائیں گی، مولانا صاحب نے کہا: مذہب تو بڑی چیز ہے اس کے بارے میں سب کچھ جاننا تو بڑی بات ہے، البتہ جتنا میں جانتا ہوں آپ سے باتیں کر کے خوشی ہوگی۔

جہاز نے پرواز شروع کی اور میں نے باتوں کا سلسلہ جاری رکھا، میں نے مولانا صاحب سے سوال کیا کہ یہ بتائیے کہ مذہب والے کہتے ہیں کہ اس سنسار کو بنانے والا اور چلانے والا ایک بھگوان (ایشور) ہے، وہ سنسار کو بنانے والا ہے وہی سنسار کے سارے کام چلا رہا ہے، اب تو سائنس کا زمانہ ہے ہر خیال کو تر کوں (دلیلوں) پر پرکھا جاتا ہے، آپ کے پاس اس کا کیا ثبوت ہے کہ وہ مالک ہے اور سنسار کا بنانے والا ہے؟ مولانا صاحب نے کہا کہ آپ کمپیوٹر سائنس میں ڈاکٹر ہونے کے باوجود پرانے زمانہ کی ایک جاہل بڑھیا

جیسی بات بھی نہیں سمجھتے، جس سے جب کسی آپ جیسے نے سوال کیا کہ ماں! یہ بتاؤ کہ اس سنسار کو بنانیوالا اور چلانے والا کون ہے؟ اس نے جواب دیا کہ بیٹا اس سارے سنسار کو چلانے والا صرف اور صرف ایک مالک ہے، سوال کرنے والے نے پوچھا کہ ماں یہ بات آپ کس طرح کہتی ہیں؟ اس نے جواب دیا کہ میرے چرخہ نے مجھے یہ بات بتائی ہے، سوال کرنے والے نے معلوم کیا کہ کس طرح؟ اس نے کہا کہ میں دیکھتی ہوں کہ میں چرخہ چلاتی ہوں تو چلتا ہے اور اگر رک جاتی ہوں تو رک جاتا ہے اور میں اکیلے چرخہ چلاتی ہوں تو چرخہ بھلی طرح چلتا ہے اور سوت کاتتا ہے اور اگر ایک چھوٹے بچے نے سوت کی اٹی کو ہاتھ لگایا تو سوت الگ اور سارا نظام درہم برہم ہوجاتا ہے، اس سے مجھے پتہ لگا کہ جب ایک چھوٹا سا چرخہ بغیر کسی کے چلائے نہیں چلتا تو یہ کائنات، سورج، چاند، دن رات، گرمی، برسات، سردی کا پورا چرخہ ضرور کوئی چلانے والا چلا رہا ہے، ضرور اس کا چلانے والا کوئی ہے اور وہ اکیلا ہے، اس لئے کہ ذرا سی بچی میرے چرخے پر انگلی لگا دے تو سارا سوت کاتنے کا نظام درہم برہم ہوجاتا ہے، تو اگر ایک کے علاوہ کوئی خدا ہوتے تو کائنات کا نظام درہم برہم ہوجاتا۔

مولانا صاحب نے بتایا کہ قرآن حکیم نے اس حقیقت کو بیان کیا ہے کہ ایک خدا کے علاوہ کوئی خدا ہوتے تو سرشٹی (کائنات) میں جھگڑا اور فساد ہوجاتا لَوْ كَانَ فِيهِمَا آلِهَةٌ إِلَّا اللَّهُ لَفَسَدَتَا (۱۷ رکوع ۲) ترجمہ: اگر ان دونوں (زمین و آسمان) میں اللہ کے علاوہ کوئی معبود ہوتے تو دونوں جھگڑ پڑتے۔

اگر کئی بھگوان ہوتے یا دیوی دیوتاؤں کو کچھ اختیار ہوتا تو روز آسمان زمین میں فساد رہتا، ایک کہتا کہ اب دن بڑا ہوگا دوسرا کہتا کہ نہیں چھوٹا ہوگا، ایک کہتا سردی ہوگی دوسرا کہتا کہ نہیں گرمی ہوگی، ایک کہتا کہ بارش ہوگی دوسرا کہتا کہ نہیں دھوپ نکلے گی، ایک

نے اپنے اپاسک (پوجا کرنے والے) سے کسی چیز کا وعدہ کرلیا تو دوسرا اس کے خلاف کرنے کو کہتا، مگر ہم دیکھتے ہیں کہ سنسار کا سارا انتظام اتنے نظم وضبط کے ساتھ سلیقہ سے چل رہا ہے، یہ پورا انتظام یہ بتا رہا ہے کہ اس کا بنانے اور چلانے والا صرف اور صرف ایک مالک ہے۔

مولانا صاحب نے کہا کہ اس اکیلے مالک نے ساری دنیا کے سردار انسان کی فطرت اور اس کے نیچر میں یہ خوبی رکھی ہے کہ کسی بنی ہوئی چیز کو دیکھ کر اس کے بنانے والے کو پہچانتا اور اس کی بڑائی کو سمجھتا ہے، آپ دیکھیں جب آپ کوئی اچھا کھانا کھاتے ہیں تو کھانے کے ذائقہ اور اچھائی سے زیادہ آپ کا ذہن اس طرف جاتا ہے کہ یہ کھانا کس نے بنایا؟ کوئی اچھا سلا ہوا کپڑا دیکھتے ہیں تو فوراً آپ کا سوال یہ ہوتا ہے کہ کس نے سیا ہے؟ کوئی اچھی تعمیر دیکھتے ہیں تو فوراً یہ خیال آتا ہے کہ یہ تعمیر کس نے کی؟ غرض کسی مصنوع سے انسان اس کے صانع کو اور مخلوق سے اس کے خالق کو پہچاننے کا فطری جذبہ رکھتا ہے، ایسے بڑے سنسار کی ایسی پیاری پیاری چیزیں، یہ ستاروں سے جگمگ آسمان، یہ چاند اور سورج، یہ دن اور رات، یہ زمین یہ پھل یہ پھول، یہ پہاڑ یہ سمندر، یہ جانور یہ پرندے، یہ پتنگے، یہ سب بتا رہے ہیں اور آپ کا اور ہمارا دل و دماغ یہ خود کہہ رہا ہے کہ اس کا بنانے والا کوئی بڑا حکیم اور علیم خدا ہے۔

مولانا صاحب کی اس سادہ مثال میں ایسی بڑی بات سمجھانے سے میں اندر سے بہت متاثر ہوا کہ یہ شخص مذہبی ہے مگر بڑے ترک (دلیل) کے ساتھ بات کرنے والا ہے، میں نے ان سے دوسرا سوال کیا کہ چلئے یہ بات تو میرا دل اندر سے مانتا ہے کہ سنسار کا کوئی بنانے والا اور چلانے والا ہے، ایشور اور خدا ضرور ہے، مگر یہ بات تو کسی بھی طرح ٹھیک نہیں لگتی ہے کہ کہا کہ مانو قرآن کو مانو، بائبل کو مانو، اس نے انسان کو بدھی دی ہے،

اپنی عقل سے سوچ لے اور مان لے، مولانا صاحب نے کہا کہ واہ جی واہ ڈاکٹر صاحب! آپ بھی خوب آدمی ہیں، وائسرائے کو تو مانتے ہیں کہ بھارت کا کوئی چلانے والا ہے مگر بھارت کے سنودھان (آئین) کو نہیں مانتے، جب اس کائنات اور دنیا کا کوئی مالک ہے تو پھر اس کا قانون ہونا بھی ضروری ہے، انسانوں کے لئے زندگی گذارنے کا وہ قانون جو اکیلے مالک نے اپنی طرف سے طے کیا ہے اس کو مذہب کہتے ہیں، اس طرح مذہب کو مانے بغیر مالک اور خدا کو ماننے کا کوئی تصور ہی نہیں۔

مولانا صاحب نے کہا کہ ڈاکٹر صاحب آپ کے لئے سب سے ضروری بات سمجھنے کی یہ ہے کہ وہ مالک جس نے آپ کو اور سارے انسانوں کو پیدا کیا وہ اس دنیا کا اکیلا مالک اور بادشاہ ہے، جب وہ مالک اکیلا ہے تو وہ سچا قانون اور دین جو اس کی طرف سے بھیجا گیا ہے وہ بھی صرف ایک ہی ہوگا، انسان کو اللہ نے عقل دی ہے یہ اس کی ذمہ داری ہے کہ وہ اس اکیلے سچے دھرم کو معلوم کرکے اس کو مانے اور اس اللہ نے اپنی آخری کتاب میں یہ بات صاف بتائی ہے کہ وہ سچا دھرم اور دین صرف اسلام ہے۔ اِنَّ الدِّیْنَ عِنْدَ اللّٰہِ الْاِسْلَامُ جب سے آدمی پیدا ہوا ہے تب سے آج تک اسلام ہی اکیلا سچا دین ہے، جو انسان اس اکیلے سچے مالک کو اور اس کے بتائے ہوئے سچے دین اسلام کو نہ مانے، وہ اس دنیا میں غدار اور اسے اس سنسار کی کسی بھی چیز سے فائدہ اٹھانے کا اختیار نہیں ہے، اس کو اللہ کی زمین کی شہریت ہی نہیں ملے گی اور باغی یا غدار کی سزا پھانسی یا ہمیشہ کی جیل ہے، اس مالک کے یہاں بھی غیر ایمان والے کو ہمیشہ نرک کی جیل ہے اور اس دنیا میں بھی وہ جب چاہے سزا دے سکتا ہے، ورنہ موت کے چیک پوسٹ پر جب اس دیش سے پرلوک کے دیش میں انسان جائے گا تو اللہ کا امیگریشن اسٹاف وہاں سب سے پہلے ایمان ہی کو چیک کرے گا، یہ کہکر مولانا صاحب نے میرے ہاتھ پکڑ لئے اور کہا کہ ڈاکٹر صاحب آپ میرے

ساتھ سفر کر رہے ہیں، یوں بھی میرا ایمان ہے کہ ہم سب ایک ماں باپ کی اولاد اور خونی رشتہ کے بھائی ہیں اور اب تو آپ میرے ہم سفر ہیں اور ہم سفر کا بڑا حق ہوتا ہے اس لئے آپ سے محبت کی بات کہتا ہوں کہ موت کا کچھ پتہ نہیں کہ کب آجائے اس لئے اس سے اچھا کوئی وقت نہیں ہو سکتا کہ آپ مسلمان ہو جایئے اور کلمہ پڑھ لیجئے۔

میں نے مولانا صاحب سے کہا کہ آپ کی باتیں تو مجھے بہت لوجک لگ رہی ہیں اور میں ضرور سوچوں گا مگر یہ دھرم بدلنا کوئی مذاق تھوڑی ہے کہ اتنی جلدی فیصلہ کر لیا جائے، مولانا صاحب نے کہا کہ یہ فیصلہ بہت جلدی کرنے کا ہے، ڈاکٹر صاحب آپ مجھے ستایئے نہیں، فوراً کلمہ پڑھ لیجئے۔

میں نے مولانا صاحب سے کہا کہ آپ مجھے وقت دیجئے، مولانا صاحب نے کہا وقت نکل چکا فوراً کلمہ پڑھئے۔ اس لئے امریکہ کا ایک طیارہ کولمبیا جاتے ہوئے ابھی چار روز پہلے گرا ہے، اگر ہمارا جہاز بھی اترتے ہوئے خدا نہ کرے حادثہ کا شکار ہو گیا تو پھر کہاں وقت رہے گا، دیر تک مولانا صاحب مجھے سمجھاتے رہے اور بار بار جذباتی ہو کر کہتے کہ دیر نہ کریں جلدی مسلمان ہو جائیں، نہ جانے آپ کی موت آجائے یا میں مر جاؤں۔

اسلام کے اکیلے سچے مذہب ہونے پر مولانا صاحب نے ہمارے ملک بھارت کے نظام حکومت کی مثال دی اور اب سے پہلے کے سارے وزیر اعظموں کو بھی سچا بتا کر باجپئی جی کے زمانے کے قانون کو ماننا ضروری بتا کر میرے دل کو مطمئن کر دیا۔

مرنے کے بعد کے سورگ اور نرک پر جب میں نے شک جتایا کہ مرنے کے بعد کس نے دیکھا ہے آدمی مر گیا گل سڑ گیا؟ تو انھوں نے پہلے تو سچے نبی کی زبان اور سچے قرآن کی بات کہی، پھر ایک مچھلی کا قصہ مثال کے طور پر سنایا، جس سے میرا دل بہت مطمئن ہوا، میرے دل میں اچانک خیال آیا تو میں نے مولانا صاحب سے سوال کیا کہ

اچھا یہ بتایئے کہ مسلمانوں کو اپنے دھرم اور مذہب کی باتوں پر جو وشواس اور یقین ہوتا ہے وہ ہم ہندوؤں کو کیوں نہیں ہوتا؟ مولانا صاحب نے جواب دیا کہ یقین اور وشواس انسان کا سچ پر جمتا ہے، جھوٹ پر انسان کے اندر شک رہتا ہے، کیوں کہ قرآن اسلامی اصول، اس کو لانے والے آخری رسول اور ان کی زندگی (اتہاس) کے واسطے سے ہمارے پاس بہت پکی سند کے ساتھ موجود ہے، اس لئے ہمیں اسلام کی ہر بات پر اندر سے یقین ہوتا ہے، اسلام اور قرآن ایسے سچے نبی کے واسطے سے ہم تک پہنچا ہے جس کو دشمن بھی الصادق الامین (سچا اور ایماندار) کہتے تھے بلکہ اس کا نام ہی سچا اور ایماندار لوگوں نے رکھ دیا تھا۔

میرے دل کو یہ بات بہت لگی، بار بار مولانا صاحب مجھ سے اسلام قبول کرنے اور مسلمان ہونے کے لئے کہتے، مگر دھرم بدلنا اتنا آسان کام نہیں تھا، جب وہ بار بار کہتے رہے تو میں جان بچا کر اٹھ کر پیشاب کے بہانے جہاز کے ٹوائلیٹ میں چلا گیا، ٹوائلیٹ سے واپس آ کر میں سیٹ پر واپس آنے کے بجائے ایک طرف کھڑا ہو کر دیر تک سوچتا رہا، کہ یہ آدمی میرا کوئی رشتہ دار نہیں، اس کو مجھ سے کچھ لالچ نہیں، ایسا پڑھا لکھا اور ترک سے بات کرتا ہے، میں ایک ڈاکٹر تعلیم یافتہ آدمی ہوں، جب میرا دل و دماغ سو فیصد اس کی باتوں سے مطمئن ہے تو مجھے فیصلہ کرنے میں یہ سوچنا کہ سماج کیا کہے گا جہالت ہے، یہ نیا زمانہ ہے اور ہر آدمی کم از کم مجھ جیسا سائنس میں پی ایچ ڈی کرنے والا تو سو فیصد آزاد ہے اور میں نے فیصلہ کر لیا کہ مجھے اس سچے اور بھلے آدمی کی اس ورد بھری پیشکش کو ٹھکرانا نہیں چاہئے۔

مولانا صاحب نے مجھے بتایا کہ دوحہ کے سفر میں وہ بہت دکھی تھے، آپ جب اٹھ کر گئے تو میں نے اپنے مالک سے تڑپ کر دعا کی کہ میرے اللہ! جب آپ ہی دلوں کو

پھیرنے والے ہیں تو ان کا دل اسلام کے لئے کھول دیجئے تو آپ کے دل شکستہ بندے کا دل بہت دکھا ہوا ہے میرے اللہ ذرا سا خوش کر دیجئے۔

سوال: اس کے بعد کیا ہوا؟

جواب: اس کے بعد کیا ہوتا، فیصلہ اوپر سے ہو چکا تھا، بہت اعتماد اور عزم کے ساتھ میں سیٹ پر پہنچا، مجھے آج بھی اس عزم کا مزہ محسوس ہوتا ہے، جیسے کوئی سپہ سالار ایک دنیا فتح کر کے بیٹھا ہو، میں نے مولانا صاحب سے کہا مجھے مسلمان کر لیجئے، مولانا صاحب نے میرے ہاتھ چوم لئے اور خوشی سے مجھے کلمہ پڑھایا، میرا اسلامی نام محمد قاسم رکھا اور مجھے بتایا کہ یہ اسلام اب آپ کی ملکیت نہیں بلکہ امانت ہے اور آپ قاسم ہیں، ہمارے نبی کا ایک لقب قاسم تھا، اب سب تک پہنچانا ہے، جہاز میں اعلان ہوا کہ اب ہم دہلی پہنچ رہے ہیں، جہاز اترا، ہم دونوں اپنے ملک ایک مذہب کے ساتھ آسمان سے اترے، میں نے اپنے بیگ سے دو مٹھائی کا ڈبہ نکال کر اور چاکلیٹ اور بسکٹ نکال کر مولانا کو خوشی سے پیش کیا جو میں اپنے خاندانی دھرم گرو کے لئے لے کر آیا تھا اور خوشی خوشی میں گڑگاؤں پہنچا۔

اس کے بعد ایک لطیفہ سناتا ہوں، مولانا صاحب کو بعد میں جا کر یہ خیال آیا کہ مجھے پرمود کا نام اسامہ رکھنا تھا، انھوں نے مجھے فون کیا کہ غلطی سے میں نے آپ کا نام محمد قاسم رکھ دیا، آپ نے تو اپنا نام اسامہ رکھا تھا، آپ اپنا نام اسامہ رکھ لیں، میں نے کہا نہیں مولانا صاحب، اسامہ نام رکھ کر لوگ مجھے جینے نہیں دیں گے، حضرت محمد صاحب کا ایک نام قاسم ہے وہ اسامہ سے بہت اچھا ہے، مولانا صاحب نے ہنس کر فون رکھ دیا۔

سوال: آپ نے قاسم نام رکھنے کا کیا حق ادا کیا؟

جواب: میں تو کچھ حق ادا نہیں کر پایا، البتہ میرے اکیلے بھائی امریکہ میں رہتے ہیں بڑے ڈاکٹر ہیں ان کے لئے ہدایت کی دعا کرنی شروع کی تھی، ستمبر میں ان کا خط آیا کہ وہ اپنے

نرسنگ ہوم کی ایک نرس سے متاثر ہو کر مسلمان ہو گئے ہیں اور انھوں نے اس سے شادی بھی کرلی ہے، یہ ان کی دوسری شادی ہے۔

سوال: آپ کی بھابھی کی طرف سے مخالفت نہیں ہوئی؟

جواب: فون پر بات ہوتی رہتی ہے شروع شروع میں تو وہ بہت برہم تھیں، ہندوستان واپس آنا چاہ رہی تھیں، مگر اب یہ معلوم ہو کر حیرت ہوئی کہ اس مسلمان نرس کی خدمت اور اخلاق سے متاثر ہو کر وہ بھی مسلمان ہو گئی ہیں۔

سوال: واقعی آپ کی باتیں بڑے مزے کی ہیں، آپ کو اللہ نے زمین اور آسمان کے درمیان ہدایت نصیب فرمائی آپ نے شروع میں بتایا تھا کہ ہم دو آدمیوں کو یہ سعادت ملی، دوسرا آدمی کون ہے؟

جواب: مولانا نے مجھے بتایا تھا کہ ان کے پیر مولانا علی میاں صاحب نے بھی جہاز میں کسی کو کلمہ پڑھوایا تھا۔

سوال: آپ نے اسلام کے مطالعے کے لئے کیا کیا؟

جواب: میں نے گڑگاؤں میں ایک مولانا صاحب سے رابطہ کیا، روزانہ رات کو ایک یا آدھے گھنٹہ کے لئے جاتا ہوں، اللہ کا شکر ہے کہ میں نے قرآن شریف پڑھ لیا ہے، جنازے کی نماز تک پوری نماز یاد ہو گئی ہے اور روزانہ کسی نہ کسی کتاب کو بھی پڑھتا ہوں۔

سوال: آپ کی شادی کا کیا ہوا؟

جواب: اللہ کا شکر ہے میرا رشتہ ایک دیندار مسلم پڑھے لکھے گھرانے میں ممبئی میں ہو گیا ہے۔

سوال: واقعی آپ کا بہت بہت شکریہ! ڈاکٹر صاحب، اخیر میں ارمغان کے واسطے سے مسلمانوں کے لئے کوئی پیغام؟

جواب: میرا پیغام تو بس یہ ہے کہ اسلام جب ایک سچائی ہے اور یہ سچائی جب سب کے لئے ہے تو اس کو سب تک پہنچانا چاہئے، انسان تو سچائی کے سامنے بے بس ہوتا ہے، اس کی مجبوری ہے کہ وہ سچائی کو قبول کرے۔

سوال: بہت بہت شکریہ، السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

جواب: واقعی شکریہ تو آپ کا ہے کہ آپ نے مجھے عزت بخشی۔ وعلیکم السلام

مستفاد از ماہنامہ ارمغان، مارچ ۲۰۰۵ء

۱۰

محترمہ خیر النساء صاحبہ ﴿شالنی دیوی﴾ سے ایک ملاقات

> مجھے صرف دو باتوں کی دھن ہے، ایک تو یہ کہ ہمارے مسلمان بھائی، بہن، جن کو باپ دادوں سے اسلام مل گیا ہے انھیں اس پیارے دین کی قدر نہیں کی بلکہ افسوس ہوتا ہے کہ دین کی باتوں کو وہ بوجھ سمجھتے ہیں، جیسے پردہ، نماز وغیرہ کو، وہ اس نعمت کی قدر کریں، اپنے اللہ اور رسول پر یقین کریں اور ایمان کے بعد اس کی مدد کو دیکھیں اور جب وہ ایمان کی اہمیت کو سمجھتے تو ان کو اس کا درد اور فکر ہمیں کہ کوئی ایمان پر مرے یا بغیر ایمان دوزخ میں جائے ہمیں پوری انسانیت کو دوزخ سے بچانے کی فکر کرنی چاہئے۔

مولانا احمد اواہ ندوی

احمد اواہ : السلام علیکم

خیر النساء : وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ

[illegible]: آپ کا نام؟

[illegible]: خیر النساء

[illegible]: آپ کہاں کی رہنے والی ہیں؟ کچھ اپنا تعارف کرائیں۔

[illegible]: میں تھانہ بھون کے قریب ایک گاؤں کی رہنے والی ہوں میرا پہلا نام شالنی دیوی تھا، میرے والد کا نام چودھری بلی سنگھ تھا، میری شادی ہریانہ میں پانی پت ضلع کے ایک

قصبہ میں کرپال سنگھ سے ہوئی، اپنے پہلے شوہر کے ساتھ چودہ سال رہی اب سے آٹھ سال پہلے میرے اللہ نے مجھے اسلام کی دولت سے نوازا۔ اللہ کے شکر سے میرے پانچ بچے ہیں جو میرے ساتھ مسلمان ہیں۔

س: اپنے اسلام لانے کے بارے میں کچھ بتائیں؟

ج: مجھے بچپن ہی سے اپنے ہاتھوں کی بنائی ہوئی مورتیوں کی پوجا دل کو نہیں بھاتی تھی۔ میں پیڑ پودوں، پھولوں، چاند ستاروں کو دیکھتی تو سوچتی کہ ایسی خوبصورت اور سندر چیزوں کو بنانے والا کیسا سندر ہوگا ہماری سسرال کے گاؤں میں یوپی کے بہت سے مسلمان کپڑے وغیرہ کی تجارت کے لئے آتے تھے، وہ مجھے ایک مالک کی پوجا اور اللہ کے آخری رسول حضرت محمد ﷺ کی باتیں بتاتے، میرے ساتھ میرے بچے بھی بڑی دلچسپی سے انکی باتوں کو سنتے ان کے جانے کے بعد میرے چھوٹے چھوٹے بچے مجھ سے باتیں کرتے کہ ماں! ہم سب مسلمان ہوتے تو کتنا اچھا ہوتا، کچھ دنوں کے بعد میں نے مسلمان ہونے کا فیصلہ کر لیا اور گنگوہ کے علاقہ کے دو مسلمانوں کے ساتھ میں جا کر اپنے بچوں سمیت مسلمان ہوگئی۔

س: اسلام لانے کے بعد آپ کے سسرال والوں اور مائیکے والوں کی طرف سے مخالفت نہیں ہوئی؟

ج: اسلام کا نام آتے ہی میرے گھر والوں اور سسرال والوں نے قیامت برپا کر دی، میرے چھوٹے چھوٹے بچوں کو بے حد ستایا، ہم سبھی کو جان سے مارنے کے لئے ہر ممکن کوشش کی، مگر موت وزندگی کا مالک ہماری حفاظت کرتا رہا میرے اللہ پر مجھ کو بھروسہ رہا اور ہر موڑ پر میں مصلے پر جا کر فریاد کرتی رہی اور اللہ نے ہر موڑ پر میری مدد کی۔

س: گھر اور سسرال کے لوگوں کی طرف سے آپ کی دشمنی اور اللہ کی مدد کی کچھ باتیں

بتائیے۔

جواب: میں کس منہ سے اپنے مالک کا شکر ادا کروں، میرے گھر والوں اور سسرال والوں نے (جو بڑے زمین دار بھی تھے اور بڑے طاقتور بھی) مجھے منانے کی ہر ممکن کوشش کی، دو چار روز تو وہ سمجھاتے رہے اور جب میں نے ان کو فیصلہ سنایا کہ میں مر تو سکتی ہوں مگر اسلام سے نہیں پھر سکتی تو پھر انھوں نے میرے ساتھ بڑی سختی کی، مجھے پیڑ سے باندھ دیا گیا، دسیوں لوگ مجھے لاٹھی ڈنڈوں سے پیٹتے تھے، مگر وہ لاٹھیاں نہ جانے کہاں لگ رہی تھیں میں اپنے مالک سے فریاد کر رہی تھی اور مجھے ایسا لگا کہ مجھے نیند آگئی یا میں بے ہوش ہوگئی، بعد میں مجھے ہوش آیا تو پولیس وہاں موجود تھی اور وہ لوگ بھاگ گئے تھے، مجھے لوگوں نے بتایا کہ اس پٹائی میں اپنی لاٹھی سے میرے چچا اور جیٹھ کے ہاتھ ٹوٹ گئے، وہ میرے بچوں کو مجھ سے چھین کر لے گئے، میرے بڑے بیٹے جس کا نام میں نے عثمان رکھا ہے اسکو گھر لیجا کر بہت مارا، دو روز کے بعد وہ جان بچا کر گھر سے چلا گیا تھا نہ بھون اپنے ایک مسلمان دوست کے یہاں وہ پھر پکڑا گیا، اسکو مارنے کے لئے بدمعاشوں کے ساتھ میرے گھر والے آگئے، تیرہ سال کا بچہ اور آٹھ دس لوگ چھرا چاقو لے کر اسے جان سے مارنے لگے، اس بچے نے چھری چھیننے کی کوشش کی اور جان بچانی چاہی، نہ جانے کس طرح ان میں سے ایک آدمی کے پیٹ میں وہ چھری گھس گئی اور وہ فوراً مر گیا، اتنے میں ایک بس آگئی، بس والے نے بس روک دی، سواریاں اتریں تو وہ لوگ سب بھاگ گئے، وہاں ایک لڑکا جس کے سارے جسم پر زخم تھے اور ایک آدمی مرا ہوا پڑا ہوا تھا، پولیس آگئی اور لڑکے کو جیل بھیج دیا، جیل میں پٹائی ہوتی رہی، لڑکے نے صاف بیان دیا کہ چھری چھینتے ہوئے میرے ہاتھ سے اس کے پیٹ میں گھس گئی لڑکے کو آگرہ جیل میں بھیج دیا گیا، میں راتوں کو مصلی پر پڑی رہتی، میں نے اپنے سہارے کے لئے طالب نام کے ایک آدمی سے نکاح

کر لیا، عورتیں مجھے ڈراتیں، مسلمان عورتیں بھی طعنے دیتیں کہ تیرے بچے اب چھوٹنے والے نہیں اور تیرے بچے کی ضمانت کوئی نہیں کرے گا۔

میرا بچہ عثمان آگرہ جیل میں نماز پڑھتا اور دعا کرتا، ایک دن اس نے خواب میں دیکھا کہ ایک پردہ آسمان سے آیا اور لوگ کہہ رہے ہیں کہ بی بی فاطمہ آسمان سے عثمان کی ضمانت کرانے آئی ہیں، ایک ہفتہ کے بعد آگرہ کی ایک بڑی دولت والی عورت نے عثمان کی ضمانت کرائی، وہ مظفرنگر آیا کرتی تھیں، ضمانت ہوگئی تو میں نے دین سیکھنے کے لئے اسکو جماعت میں بھیجدیا، میں اپنے چار بچوں کی وجہ سے رویا کرتی اور میرے بچے بھی بہت تڑپتے، میری بڑی بچی چھپ کر نماز پڑھتی، اس کو نماز پڑھتا دیکھ کر میری سسرال والوں نے اس پر مٹی کا تیل ڈال دیا اور آگ جلانی چاہی مگر میرے اللہ نے بچایا چار بار دیا سلائی جلائی مگر ایک بال بھی نہیں جلا، میرے جیٹھ دیوروں نے مشورہ کر کے کھیر پکائی اور کھیر میں زہر ملا دیا، وہ میری دونوں بڑی بچیوں کو کھلائی، مگر کچھ بھی نہ ہوا، میری جٹھانی نے یہ سوچا کہ زہر تھا ہی نہیں، اس نے کھیر چکھی اور فوراً مر گئی۔

میرا بیٹا عثمان جماعت سے آیا، میں اور وہ پانی پت کے پاس سے ایک جگہ جا رہے تھے، ہمیں سسرال والوں نے گھیر لیا، گولیاں چلائیں، گولیاں بچ بچ کر نکل جاتی تھیں ۲۲ فائر انھوں نے کئے ۲۳ واں فائر ان میں سے ایک آدمی کے لگا اور وہ مر گیا۔

میں اپنے اللہ سے اپنے بچوں کو مانگا کرتی، میرے اللہ مجھے میرے بچے مل جائیں، ایک روز ایک مولانا غوث علی شاہ مسجد میں آئے، انھوں نے موسیٰ علیہ السلام کی ماں کا قصہ سنایا کہ اللہ نے فرعون کے گھر سے ان کو ان کی ماں سے کیسے ملوایا، میں گھر گئی اور سجدہ میں پڑ گئی، میرے اللہ جب تو موسیٰ علیہ السلام کو موسیٰ کی ماں کی گود میں پہنچا سکتا ہے تو میرے بچوں کو مجھ سے کیوں نہیں ملا سکتا، میں تجھ پر ایمان لائی ہوں، میں فریاد کرنے کس

سے جاؤں، میں تیرے علاوہ کسی سے فریاد نہیں کروں گی، ساری رات سجدہ میں پڑی رہی میری آنکھ لگ گئی، کوئی کہہ رہا ہے اللہ کی بندی خوش ہو جا، تیرے بچے تیرے ساتھ ہی رہیں گے صبح کو میرا بچہ عثمان پانی پت سے کرنال کے لئے بس اڈے گیا اس نے دیکھا کہ تینوں بہنیں چھوٹے بھائی کے ساتھ بس سے اتریں، وہ موقع دیکھ کر اندھے سے پانی پت آرہی تھیں، چاروں کو لے کر، وہ خوشی خوشی گھر آیا، میں پھر ساری رات سجدہ میں پڑی رہی، میرے مالک آپ کتنے اچھے ہیں آپ کتنے پیارے ہیں، اپنی دکھیاری بندی کے بچوں کو خود ہی بھیج دیا، اس کے بعد سے پانچ چھ بار ایسا ہوا کہ میری سسرال کے لوگ مجھے اور میرے بچوں کو تلاش کرتے ہیں، ہم ان کو دیکھ لیتے ہیں، مگر ایسا لگتا ہے کہ وہ اندھے ہو جاتے ہیں، مجھے ہر موڑ پر میرے مالک نے سہارا دیا، میں اس مالک کے کس منہ سے گن گاؤں۔

سوال: آپ نے اپنے بچوں کی تربیت کا کیا انتظام کیا؟

جواب: میرے لڑکے عثمان نے قرآن شریف پڑھ لیا، ہر سال جماعت میں جاتا ہے، اب کام کر رہا ہے، میں دم کر کے بھیج دیتی ہوں اور بے فکر ہو جاتی ہوں کہ حفاظت کرنے والا مالک اس کی حفاظت کرے گا۔

میری دو بڑی لڑکیوں کی شادی اللہ نے کرا دی ہے دونوں لڑکے بہت دیندار اور نیک ہیں، میری بچیاں بھی بہت پکی اور نیک مسلمان ہیں، ان کی شادی کے وقت میرا بیٹا آگرہ جیل میں تھا میرے اللہ نے ضمانت کا انتظام کرا دیا اور اس نے اپنے بہنوں کو خوشی خوشی رخصت کیا، اب وہ اللہ کے شکر سے بری ہو گیا ہے، چھوٹی بچی اور بچہ مدرسہ میں پڑھ رہا ہے۔

سوال: آپ ماشاء اللہ پردہ میں رہتی ہیں اور نماز کی بھی خوب پابندی کرتی ہیں، آپ کو کیسا

لگتا ہے؟

جواب: میں نے ایمان لانے کے بعد قدم قدم پر اپنے مالک کی مدد دیکھی، مجھے نماز میں بہت مزہ آتا ہے، میں نے چھ سال سے تہجد، اشراق، چاشت اور اوابین نہیں چھوڑی، میں نے کیا نہیں چھوڑی، سچ یہ ہے کہ میرے مالک نے مجھ سے پڑھوائی، مجھے کوئی ضرورت ہوتی ہے تو میں مصلے پر چلی جاتی ہوں اور اپنے مالک سے فریاد کر کے دل کو یقین ہو جاتا ہے کہ اب ضرورت پوری ہو جائے گی اور مشکل حل ہو جائے گی، میں پردہ کو اپنے مالک کا حکم سمجھتی ہوں، مجھے پردہ میں ایسا لگتا ہے کہ میں قلعہ میں آ گئی اور میرے مالک مجھے اس قلعہ میں دیکھ کر خوش ہو رہے ہیں، مجھے تو عجیب سا لگتا ہے، پورے پانی پت میں بہت کم عورتیں پردہ کرتی ہیں نہ کے برابر، پتہ نہیں ہم کیسے مسلمان ہیں، نہ اللہ پر بھروسہ نہ یقین، میرا تو ایمان ہے کہ اگر اللہ پر یقین اور ایمان کو مسلمان سمجھ جائیں تو چاند ستارے ساتھ چلنے لگیں۔

سوال: آپ کی بیٹیاں بھی پردہ کرتی ہیں؟

جواب: اللہ کا شکر ہے کہ میری بیٹیاں پکا پردہ کرتی ہیں، ان کو دیکھ کر ان کی سسرال میں بھی پکا پردہ ہونے لگا، بھلا ایسے رحیم و کریم نے ہمیں پردہ کا، ہماری شیطان سے حفاظت کے لئے تحفہ دیا اور ہم اسے دوسرے لوگوں کی طرح قید سمجھنے لگیں، مجھے تو بے پردہ ہندو عورتوں کو بھی دیکھ کر ترس آتا ہے، میں سچ کہتی ہوں، میں نے سنا تھا کہ عورت اپنے اوپر پڑنے والی نگاہوں کو خوب تاڑ لیتی ہے، مجھے تو مسلمان ہونے اور پردہ میں رہنے سے پہلے رشتہ دار اور غیر رشتہ دار ہر مرد کی آنکھوں سے ایسا لگتا تھا کہ یہ کپڑے اتار کر میری عزت لوٹنے والا ہے، مجھے بہت غصہ بھی آتا تھا اور شرم بھی، میرے اللہ نے مجھے ایسا دین دے دیا جس نے مجھے اس عذاب سے بچا لیا۔

سوال: مسلمان بھائی بہنوں سے آپ کچھ کہنا چاہیں گی؟

جواب: مجھے صرف دو باتوں کی دھن ہے، ایک تو یہ کہ ہمارے مسلمان بھائی، بہن، جن کو باپ دادوں سے اسلام مل گیا ہے انھیں اس پیارے دین کی قدر نہیں بلکہ افسوس ہوتا ہے کہ دین کی باتوں کو وہ بوجھ سمجھتے ہیں، جیسے پردہ، نماز وغیرہ کو، وہ اس نعمت کی قدر کریں، اپنے اللہ اور رسول پر یقین کریں اور ایمان کے بعد اس کی مدد کو دیکھیں اور جب وہ ایمان کی اہمیت کو نہیں سمجھتے تو ان کو اس کا درد اور فکر نہیں کہ کوئی ایمان پر مرے یا بغیر ایمان دوزخ میں جائے ہمیں پوری انسانیت کو دوزخ سے بچانے کی فکر کرنی چاہیے۔

سوال: آئندہ آپ کا کیا پروگرام ہے؟

جواب: میرا ارادہ قرآن شریف حفظ کرنے کا ہے، میں نے بات پکی کر رکھی ہے، مجھے پھلت جا کر قرآن پاک حفظ کرنا ہے اور اپنی دونوں بچیوں کو دین کی سپاہی اور دعوت دینے والا بنانا ہے، بڑا بچہ تو کام پر لگ گیا ہے، چھوٹے بچے کو میں چاہتی ہوں کہ وہ اجمیر والے حضرت کی طرح لاکھوں لوگوں کو مسلمان بنانے میں روزانہ تہجد میں اپنے اللہ سے دعا کرتی ہوں کہ میرے اللہ تو نے بت بنانے والے کے گھر میں ابراہیم کو پیدا کیا، تیرے لئے کیا مشکل ہے؟ چھوٹے بچے کو مجھے عالم، حافظ اور دین کا داعی بنانا ہے، میرے اللہ میری تمنا ضرور پوری کریں گے انھوں نے میرا کوئی سوال آج تک رد نہیں کیا۔

سوال: بہت بہت شکریہ! آپ ہمارے لئے بھی دعا کیجئے۔

جواب: میں کس لائق ہوں آپ بھی میرے لئے دعا کیجئے، اللہ تعالیٰ آپ کو ہمارے نبی احمد ﷺ کا سچا وارث بنائے۔ آمین۔

مستفاد از ماہنامہ ارمغان جون ۲۰۰۳ء

۱۱

جناب محسن صاحب (رمیش سین) سے ایک ملاقات

اسلام دین فطرت ہے، جس طرح پیاسے کو ٹھنڈے پانی کی ضرورت ہوتی ہے، اسی طرح اسلام کی انسان کو ضرورت ہے، کسی پیاسے کو جس کی زبان خشک ہو رہی ہو، ہونٹوں پر پیاس کی شدت سے پپڑیاں جم رہی ہوں، آپ ٹھنڈا پانی ہونٹوں تک لائیں تو وہ دھتکارنے کے بجائے جھپٹ کر لے گا، اسی طرح اسلام کو دل کے ہونٹوں تک لگانے کی ضرورت ہے، ساری انسانیت کفر وشرک کے جال اور بوجھ کے تلے دبی ہے، اسلام ان کے لئے آزادی ہے، اس لئے اسلام کے خلاف جھوٹے پروپیگنڈہ کی پرواہ نہ کرکے بے چارے انسانیت تک اسلام کو نہیں پہنچانے کی کوشش کرنا چاہئے۔

مولانا احمد اواہ ندوی

احمد اواہ : السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ

محمد محسن : وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ

سوال : محسن صاحب آپ بہت موقع پر تشریف لائے؟

جواب : جی احمد صاحب! بلاشبہ میں بہت موقع سے آیا، فون پر حضرت سے رابطہ ایک ماہ تک کوشش کے بعد نہیں ہوسکا، تو اللہ کے بھروسے چل پڑا کہ جا کر پڑ جاؤں گا کبھی تو ملاقات ہوگی، مگر اللہ کا فضل کہ ٹرین سے اتر کر فوراً خلیل اللہ مسجد پہنچا کہ اگر حضرت ہوں

گے تو مسجد میں ضرور مل جائیں گے، اللہ کا شکر ہے کہ ملاقات ہو گئی۔

جمال : آپ اپنے مطلب کی بات سمجھ رہے ہیں اور میں اپنے مطلب کی، اصل میں آج بائیس تاریخ ہو گئی ہے اور میں ارمغان کے لئے کوئی انٹرویو نہ لے سکا تھا، دو روز کے اندر رسالہ کو پریس میں جانا ہے میں شام سے سوچ رہا تھا کہ کس کو فون کروں، اچانک ابی نے بتایا کہ ایک بہت اچھے دوست بھائی محسن آئے ہیں ان سے جا کر ارمغان کے لئے انٹرویو لے لو؟

محسن : اچھا اچھا، ہاں! حضرت مجھ سے بھی فرما کر گئے ہیں کہ میں کچھ وقت انتظار کروں، احمد ارمغان کے لئے آپ سے کچھ باتیں معلوم کریں گے۔

جمال : آپ اپنا خاندانی پریچے (تعارف) کرایئے؟

محسن : میں مدھیہ پردیش کے گوالیار ضلع کا رہنے والا ہوں میری پیدائش ایک تاجر گھرانے میں ۱۹ اپریل ۱۹۶۲ء میں ہوئی میرے والد صاحب کپڑے کے تھوک ویاپاری تھے، ان کی زندگی میں کئی اتار چڑھاؤ آئے، کئی بار ان کا کاروبار بالکل ختم سا ہو گیا، مگر وہ بڑے بہادر اور ہمت والے آدمی تھے، میرے دو چھوٹے بھائی اور ایک بہن ہیں، انٹرمیڈیٹ سائنس سے کرنے کے بعد میں نے بی فارما کیا اور پھر میڈیکل اسٹور میرے والد نے مجھ کرا دیا، جھانسی میں ہماری ایک پڑھے لکھے پریوار میں شادی ہو گئی، میری اہلیہ ایم ایس سی کرنے کے بعد بی ایڈ کر کے ایک کالج میں لکچرر ہو گئی تھیں، شادی کے بعد ان کی ملازمت کی وجہ سے بہت مشکل رہی اللہ نے مسئلہ حل کر دیا اور ان کا گوالیار میں ٹرانسفر ہو گیا، الحمد للہ ہمارے یہاں دو بیٹے اور ایک بیٹی ہیں۔

جمال : اپنے قبول اسلام کے بارے میں بتایئے؟

محسن : میرے پڑوس میں ایک دوکاندار اسٹیشنری پارٹس کی دوکان کرتے تھے، ان کا نام

سعید احمد صاحب تھا بڑے اچھے انسان اور مذہبی مسلمان ہیں، ہماری مارکیٹ میں بس دو اکیلے مسلمان دوکان دار ہیں، مگر مجھے ساری مارکیٹ میں ان سے زیادہ کسی سے مناسبت نہیں تھی، ان کی سسرال بھوپال میں ہے ان کی سسرال کے لوگ گوالیار آتے تو وہ میرے لئے کچھ نہ کچھ لاتے، ان کی سسرال میں ایک شادی میں ان کی بیوی کے بھائی مجھ کو بہت زور دے کر دعوت دے گئے، بازار کی چھٹی بھی تھی میں نے سعید صاحب کے ساتھ پروگرام بنا لیا، بھوپال میں آپ کے والد صاحب حضرت مولانا کلیم صاحب کا پروگرام تھا، سعید صاحب مولانا صاحب سے واقف تھے، ایک اناری کے حاجی صاحب جن کے ہاتھوں پر سیکڑوں لوگ اسلام کے سایہ میں آ گئے ہیں انکے واسطہ سے حضرت صاحب سے سعید صاحب واقف ہوئے اور ملنے کے لئے بے تاب تھے، مجھ سے ان کا ذکر کرتے تھے، بار بار بھوپال چلنے کے لئے کہتے تھے، شادی چھوڑ کر سعید صاحب نے مولانا صاحب سے ملاقات کے لئے تلاش شروع کی، بچی طلب تھی الحمد للہ ایک انجینئر صاحب کے یہاں صبح کو ملاقات طے ہوگئی وہاں مولانا صاحب کو ناشتہ کے لئے بلایا تھا، بہت سے مولانا لوگ بھی ساتھ تھے سعید صاحب اور میں وہاں پہنچے سعید صاحب نے بتایا کہ یہ رمیش سین صاحب میرے بہت اچھے پڑوسی ہیں بلکہ پڑوسی سے زیادہ بڑے بھائی ہیں، ہم لوگ آپ سے ملنے پھلت آنا چاہتے تھے، ہمارا مقدر کہ گوالیار سے آج ایک شادی میں بھوپال آنا ہوا آپ کی خبر معلوم ہوئی تو شادی بھول گئے کل صبح سے تلاش کرتے کرتے آج اللہ نے مراد پوری کی، آپ ان سے کچھ بات کرلیں، مولانا نے بڑی خوشی کا اظہار کیا اور کہا کہ پھلت تو آپ کو آنا ہی پڑے گا، یہ رمیش صاحب آپ کے تو ہیں ہی ہمارے بھی بھائی ہیں اور خونی رشتہ کے حقیقی بھائی، مجھ سے بولے رمیش صاحب! ہم سب ایک ماتا پتا (ماں باپ) کی اولاد ہیں نا؟ میں نے کہا جی ہاں اس میں کیا شک ہے، تو بولے کہ ایک ماں

باپ کی اولاد کو ہی تو خونی رشتہ کا حقیقی بھائی کہا جاتا ہے حضرت صاحب نے مالک مکان انجینئر صاحب سے کسی الگ کمرے میں ملاقات کی خواہش ظاہر کی سب لوگوں نے کہا آپ اسی کمرے میں بات کرلیں ہم لوگ باہر چلے جاتے ہیں، سب لوگ چلے گئے تو مولانا صاحب نے مجھ سے کہا: رمیش جین صاحب! آپ ہمارے خونی رشتہ کے بھائی ہیں اور محبت میں مجھے اچھا آدمی سمجھ کر ملنے کے لئے آئے ہیں، میری ذمہ داری ہے کہ آپ کے لئے جو سب سے زیادہ ضروری اور بھلائی کی بات ہے آپ سے کہوں اور آپ کے لئے جو بہت خطرہ کی بات ہے اس سے خبردار کروں، دیکھئے جس دیش میں آدمی رہتا ہو، اس کے حاکم کو تسلیم نہ کرے اور نہ مانے اور وہاں کے قانون (سنودھان اور کانسٹی ٹیوشن) کو نہ مانے نہ تسلیم کرے وہ باغی اور غدار ہے، اس لئے کسی دیش کے کسی عہدہ پر مقرر کرنے سے پہلے ہر شہری کو دیش کے منشور اور سنودھان کے پرتی وچن بدھتا اور وفاداری کی شپتھ اور حلف دلایا جاتا ہے، یہ پوری کائنات اور سرشٹی کا اکیلا مالک، بادشاہ وہ اکیلا خدا ہے اور اس کا فائنل اور آخری دستور اور منشور قرآن مجید ہے، جو اس نے اپنے آخری رسول اور انتم سندیشٹا حضرت محمد ﷺ پر بھیجا ہے، انسان کی سب سے بڑی ضرورت یہ ہے کہ وہ ہوش سنبھالنے کے بعد سب سے پہلے غداری سے بچ کر اس اللہ کے اکیلا مالک ہونے اور قرآن کے آخری دستور ہونے کا حلف لے، اس حلف کے بغیر آدمی باغی اور غدار ہے اور اس کو اللہ کی زمین پر چلنے، یہاں کی چیزوں سے فائدہ اٹھانے، یہاں تک کہ اس کی ہوا میں سانس لینے کا حق حاصل نہیں اور اللہ کے باغی کو جو یہ حلف نہ لے اور کلمہ پڑھ کر ایمان نہ لائے غداری اور بغاوت کے جرم میں ہمیشہ ہمیشہ کی نرک میں جلنا پڑے گا، اس لئے رمیش بھائی اس حلف کو کلمہ شہادت کہتے ہیں میں آپ کو پڑھواتا ہوں آپ یہ سوچ کر کہ اپنے سچے مالک کو حاضر و ناظر جان کر بغاوت سے توبہ کر کے اس کے اور اس کے

قانون قرآن کا پالن کرنے کے لئے پرتگلف سے رہا ہوں سچے دل سے دولائنیں پڑھ لیجئے، یہ کہہ کر مجھے کلمہ شہادت پڑھوایا، میں نے پڑھا کلمہ پڑھوا کر مولانا نے مجھ سے کہا جو اس کلمہ کو سچے دل سے پڑھ لے اس کو ہی مسلمان کہتے ہیں، اللہ کا شکر ہے آپ مسلمان ہو گئے، اب آپ کو پاک ہونے کے طریقے سیکھنے ہیں، نماز یاد کرنی ہے اور اسلام کو پڑھنا ہے، آپ جب پڑھیں گے تو آپ کو معلوم ہوگا کہ سعید صاحب نے آپ کے ساتھ کیسا بھائی ہونے کا حق ادا کیا اور اصل تو مرنے کے بعد اس نعمت کی قدر معلوم ہوگی۔

ناشتہ کا تقاضا تھا سب لوگوں کو بلوایا گیا، ناشتے کے دوران مولانا صاحب نے مجھے کچھ کتابوں کے نام لکھوائے اور اپنی کتاب "آپ کی امانت آپ کی سیوا میں" انجینئر صاحب سے منگوا کر دی، یاہادی یارحیم اور کچھ اور کلمات پڑھنے کے لئے لکھ کر دیئے، میں نے مولانا صاحب سے عرض کیا کہ جو دولائنیں آپ نے مجھے پڑھائی ہیں وہ بھی کہیں مل جائیں گی، پھر میں نے کہا (اور احمد صاحب یہ بالکل میرے اندر کا عجیب حال تھا کہ) کلمہ شہادت پڑھ کر مجھے بالکل ایسا لگا جیسے کہ میں ایک جال اور بندھن میں بندھا تھا، یہ کلمہ پڑھ کر ہزاروں من بوجھ کے تلے سے، بڑے بندھن اور جال سے میں آزاد ہو گیا اور بالکل ہلکا پھلکا میں اپنے آپ کو محسوس کر رہا ہوں۔

سوال: کیا آپ کا نام ابی نے علی محمد محسن رکھا ہے؟

جواب: مولانا صاحب نے میرے نام کو بدلنے کے لئے نہیں کہا، البتہ قانونی کاروائی کا طریقہ بتایا، بہت دنوں کے بعد میں اپنی پسند سے محسن انسانیت کتاب پڑھ کر محمد محسن نام رکھنے کی خواہش ظاہر کی تو سعید صاحب نے میرا نام محمد محسن رکھا۔

سوال: کیا یہ حالات آپ نے اپنے گھر والوں سے جا کر فوراً بتائے؟

جواب: ہم لوگ بھوپال سے گوالیار پہنچے، میرا خیال تھا کہ غداری اور بغاوت سے توبہ کر

کے وفاداری کے لئے حلف لینا ہر انسان کی ضرورت ہے، یہ ایک بہت ضروری بلکہ انسان کے لئے سب سے ضروری اور اچھا کام ہے، میں نے جا کر اپنی بیوی سے بتایا اور ان کو بھی کلمہ پڑھنے کے لئے کہا مجھے اندازہ نہیں تھا کہ وہ اس بات سے اس قدر چڑھ جائیں گی، انھوں نے پورے خاندان والوں کو اکٹھا کر لیا اور اس قدر سخت رخ اختیار کیا جس کا میں تصور بھی نہیں کر سکتا تھا، میں سارے پریوار کے سامنے معافی مانگی اور ان سے وعدہ کیا کہ میں اپنے ہندو دھرم ہی میں رہوں گا، مگر جب میں اکیلا ہوتا تو ضمیر مجھے کچو کے دیتا، کہ ایک مالک کی کائنات میں باغی اور غدار تو کفر و شرک پر اتنے جری اور بہادر اور تو حق پر ہوتے ہوئے اتنا بزدل اور گیدڑ کا گو، اس سے موت اچھی ہے، اندر سے مجھ سے کوئی سوال کرتا کیا اللہ اکیلا اس کائنات کا مالک نہیں؟ کیا قرآن اللہ کا سچا کلام نہیں؟ کیا حضرت محمد ﷺ جیسا کوئی اور ایسا سچا دنیا میں ہوا ہے؟ کیا جنت دوزخ حق نہیں ہے؟ کیا دیوی دیوتا پوجا کے لائق ہیں؟ کیا یہ سب ان کو مکتی دلا سکتے ہیں؟ کیا کفر و شرک پر مر کر ہمیشہ کی دوزخ نہیں ہے؟ یہ سوالات میرے اندر ایک آگ سی لگا دیتے اور بار بار میرا دل چاہتا تھا کہ سارے کفر و شرک کے پرستاروں سے ٹکرا جاؤں۔

سوال: اس دوران آپ نے کچھ اسلام پڑھ لیا تھا؟

جواب: روزانہ ایک کتاب میں اسلام جاننے کے لئے پڑھتا تھا اور میری پیاس بھڑکتی جاتی تھی، اس مطالعہ کی روشنی میں میرے اندر یہ سوالات اٹھتے تھے۔

سوال: پھر کیا ہوا؟

جواب: پھر وہی ہوا جو ہونا چاہئے تھا میرے ایمان نے مجھے ابھارا اور سارے خداؤں کے پرستاروں سے میں نے بغاوت کا اعلان کر دیا اور اکیلے خدا کی وفاداری میں آخری سانس تک لڑنے کا میں نے عزم کر لیا، میں نے اپنی بیوی اور اپنے گھر والوں سے کہہ دیا کہ میں

مسلمان ہوں، مسلمان رہوں گا اور ان شاء اللہ مسلمان مروں گا، میں آپ لوگوں کے دباؤ اور رشتوں کی محبت میں اسلام کے کسی چھوٹے سے چھوٹے حکم سے دست بردار نہیں ہو سکتا۔

سوال: اس پر لوگ برہم نہیں ہوتے؟

جواب: کیوں نہیں ہوتے خوب ہوتے، روز خاندان کے لوگ اکٹھا ہوتے، مجھے بلاتے، سمجھانے کی کوشش کرتے، برہم ہوتے، شروع شروع میں تو، میں بلانے پر چلا جاتا تھا، بعد میں میں نے پنچایتوں میں جانے سے منع کر دیا، گھر والوں نے میرے خلاف اسکیمیں شروع کر دیں، میں نے عدالت میں اپنی حفاظت وقبول اسلام کے لئے کاروائی کی، میرے خلاف بہت جھوٹے مقدمے لگائے گئے، چھ بار مجھے زہر دینے کی کوشش کی گئی، کئی لوگوں سے مجھے قتل کرانے کی کوشش کی، مگر میرے اللہ نے مجھے بچایا، فون پر مولانا صاحب سے مشورہ ہوا، مولانا نے کہا اچھا ہے کہ اس طرح کے حالات میں آپ گوالیار چھوڑ دیں، دین کے لئے ہجرت کے بڑے فضائل ہیں، ان شاء اللہ آپ کو اجر بھی ملے گا اور راحت بھی، کچھ روز کے لئے میں دہلی آ گیا، دہلی میں ان مخالفتوں سے تو راحت ملی مگر بہت سی مشکلات بھی سامنے آئیں، میں جو رقم گوالیار سے لے کر آیا تھا ختم ہو گئی اور کوئی کاروبار لگ نہ سکا، ایک کمپنی میں ایم۔ آر کی ملازمت مل گئی تو راحت ہوئی، حضرت کے ایک دوست مجھے راجستھان لے گئے، آج کل راجستھان میں رہ رہا ہوں، الحمد للہ راحت میں ہوں۔

سوال: جس طرح کی مشکلات کا آپ کو سامنا کرنا پڑا اس میں آپ کا حوصلہ نہیں ٹوٹا؟

جواب: بس اللہ کا فضل ہے کہ اس نے سنبھالا، اصل میں گھر والوں اور غیر مسلموں کی طرف سے جو زیادتیاں ہوئیں ان سے تو بڑا حوصلہ بڑھا اور ہمت نہیں ٹوٹی، مگر زندگی میں چار پانچ بار مجھے پرانے خاندانی مسلمانوں سے ایسی تکلیفیں پہنچیں کہ شیطان نے مجھے

بالکل ارتداد میں دھکیل دیا تھا، مگر اللہ کا شکر ہے کہ حضرت مولانا جیسا مومن، اللہ کی رحمت کا فرشتہ بن کر ہمارے لئے کفر کی تباہی سے بچانے کا ذریعہ بن گیا۔ سچی بات یہ ہے کہ میں ایمان اور اسلام کے اہل ہی نہ تھا، میرے اللہ کا کرم ہے کہ اللہ نے اپنے فضل سے سعید صاحب کو ہدایت کا فرشتہ بنا کر ہمارے پڑوس میں بھیج دیا اور اللہ نے اپنی مرضی سے ہدایت عطا فرمائی، مگر واقعی حالات اتنے سخت سامنے آئے کہ اگر اپنے بل بوتے پر ان سے نمٹنا چاہتا تو چند روز میں اسلام کو چھوڑ دیتا، مگر اللہ کی رحمت تھی کہ سالہا سال جمائے رکھا۔

س: کچھ خاص باتیں ان میں سے بتائیں؟

ج: مولانا احمد صاحب، ایمان جتنا قیمتی ہے اللہ نے جس طرح اپنے فضل سے مجھے دیا ہے، اس کے مقابلے میں وہ مشکلات کچھ بھی نہیں، جب مولانا صاحب نے مجھے کلمہ پڑھوایا تھا تو میں مسلمان ہونے یا دھرم چھوڑنے کی نیت سے تو کلمہ نہیں پڑھ رہا تھا، مگر کلمہ پڑھ کر میں نے جیسا بندھنوں سے اپنے کو آزاد محسوس کیا اس کے لئے اسلام کو میں نے سمجھا، اب اس راہ کی مشکل کو میں بیان کرتا ہوں تو ایسا لگتا ہے کہ میں اپنے اللہ کی شکایت کر رہا ہوں، اس لئے مجھے ان واقعات کو بیان کرتے ہوئے بھی شرم آتی ہے، جب ہر مشکل سے میرا ایمان اور نکھرا بھی ہو۔

س: پھر بھی ایک آدھ واقعہ سنایئے؟

ج: بس اس کے لئے مجھے ابھی معاف کریں، وہ حالات بھی نعمت کے طور پر تھے، مگر اب الحمد للہ راحت اور عافیت کی نعمت میں اللہ نے مجھے رکھا ہے، میری بیوی عائشہ بن کر میرے ساتھ ہیں، میرے دونوں بیٹے محمد حسن محمد حسین اور میری بیٹی فاطمہ، اللہ نے بس میرے لئے خاندان میں سب کو ہدایت دے دی ہے، کیا اس انعام کے بعد ایمان کی راہ کی ان آزمائشوں کا ذکر کرنا، جو ایمان کے مزہ کے لئے عطا کی گئی تھیں کم ظرفی اور ناشکری نہ ہوگی۔

سوال: سنا ہے آپ اس سال عمرہ کے لئے بھی گئے تھے؟

جواب: الحمدللہ ہم دونوں اپنے بچوں کے ساتھ عمرہ کو گئے تھے۔

سوال: وہاں آپ کو کیسا لگا؟

جواب: یہی بات یہ ہے کہ میرے گھر والوں کے لئے اسلام ان کی چاہت وہیں جا کر بنا، ورنہ یہاں تو بس حالات نے انہیں میرے ساتھ آنے پر مجبور کر دیا تھا، عمرے کے بعد الحمدللہ سب کو دین کا شوق ہو گیا ہے۔

سوال: کوالیار میں اپنے خاندان والوں کو ساتھ کچھ آپ کا رابطہ ہے؟

جواب: عمرہ کے بعد کچھ رابطہ شروع کیا ہے، مجھے لگتا ہے کہ حرمین کی دعائیں قبول ہو رہی ہیں، میرے چچازاد بھائی مجھ سے ملنے آنا چاہتے ہیں، میں نے ان کو جولائی میں بلایا ہے، وہ ایک بڑے سرکاری عہدہ پر ہیں، اگر وہ اسلام میں آجاتے ہیں تو سب گھر والوں کو سوچنا پڑے گا، انھوں نے حضرت کی کتاب "آپ کی امانت" پڑھی ہے، "اسلام ایک پریچے" بھی میں نے ان کو دی ہے۔

سوال: ارمغان کے قارئین کے لئے کوئی پیغام؟

جواب: اسلام دین فطرت ہے، جس طرح پیاسے کو ٹھنڈے پانی کی ضرورت ہوتی ہے، اسی طرح اسلام کی انسان کو ضرورت ہے، کسی پیاسے کو جس کی زبان خشک ہو رہی ہو، ہونٹوں پر پیاس کی شدت سے پپڑیاں جم رہی ہوں، آپ ٹھنڈا پانی ہونٹوں تک لائیں تو وہ دھتکارنے کے بجائے جھپٹ کر لے گا اسی طرح اسلام کو دل کے ہونٹوں تک لگانے کی ضرورت ہے، ساری انسانیت کفر و شرک کے جال اور بوجھ کے تلے دبی ہے، اسلام ان کے لئے آزادی ہے، اس لئے اسلام کے خلاف جھوٹے پروپیگنڈہ کی پرواہ نہ کرکے یہاں انسانیت تک اسلام کو انہیں پہنچانے کی کوشش کرنا چاہئے، بس ارمغان کے پڑھنے والوں

کے لئے میری یہی درخواست ہے۔

سوال: شکریہ محسن بھائی، میرا خیال تھا کہ آپ ان آزمائشوں کی کہانی سنائیں گے جو راہ ہدایت میں آپ کو پیش آئی ہیں، مگر خیر کسی اور موقع پر۔

جواب: معاف کیجئے احمد بھائی، سچی بات یہ ہے کہ میں آج جس حال میں ہوں مجھے نہیں لگتا کہ میں نے آزمائشوں سے گذر کر یہ راہ پائی ہے، اب اس کا ذکر مجھے ناشکری سا لگتا ہے، میرے لئے دعا کیجئے کہ اللہ تعالیٰ ہمیں اس نعمت اسلام کی قدر کی توفیق عطا فرمائے اور ہمیں استقامت بھی عطا فرمائے۔

سوال: دینی تعلیم کے لئے آپ نے کچھ کیا؟

جواب: الحمد للہ پہلے روز سے دین پڑھنا میری پہلی چاہت ہے، الحمد للہ میں نے قرآن مجید پڑھ لیتا ہے، اردو خوب پڑھ لیتا ہوں، کچھ لکھ بھی لیتا ہوں، میرے سب گھر والے بھی قرآن مجید پڑھ رہے ہیں، ہم لوگوں نے عزم کیا ہے کہ اول مرحلہ میں اتنا قرآن آجائے کہ ہم اپنے نبی ﷺ کی اتباع میں ایک منزل روزانہ پڑھنے لگیں، میں نے جماعت میں جب سے یہ سنا تھا کہ ہمارے نبی ﷺ کا معمول سات روز میں قرآن مجید ختم کرنے کا تھا میں نے گھر والوں سے یہ عہد لیا کہ قرآن مجید سات یا پانچ روز میں ضرور ختم کیا کریں گے، میرے بچوں اور بیوی تینوں نے عزم کیا ہے، مجھے امید ہے اس سال کے آخر تک یا کم از کم جنوری سے ہم لوگ اس لائق ہو جائیں گے کہ ہر ایک، ایک منزل روزانہ تلاوت کرے، الحمد للہ ابھی بھی فجر کے بعد ہم پانچوں پابندی سے تلاوت کرتے ہیں، اس کے بعد کچھ ترجمہ یاد کراتا ہوں۔

سوال: ماشاء اللہ بہت خوب اللہ تعالیٰ برکت عطا فرمائے، ابی بتا رہے تھے کہ اللہ تعالیٰ نے آپ کو مستجاب الدعوات بنایا ہے، آپ کی دعائیں بہت قبول ہوتی ہیں، کوئی واقعہ بتائیے؟

جواب: مولوی احمد صاحب میرے اللہ نے ہر مسلمان بلکہ سچی بات یہ ہے کہ سارے انسانوں سے وعدہ کیا ہے: اُدْعُوْنِیْ اَسْتَجِبْ لَکُمْ مجھ سے دعا مانگو، میں قبول کروں گا، اللہ کا ہر بندہ مستجاب الدعوات ہوتا ہے، بس اس کو کارساز سمجھ کر مانگے، یہ بات الگ ہے کہ کسی کے بارے میں مشہور ہو جاتا ہے، ورنہ میرا خیال ہے کہ دنیا میں کوئی آدمی ایسا نہیں، جس کی دعا اللہ نے قبول نہ کی ہو، میرا تو یقین ہے مانگنے کے طریقے سے مانگے جس طرح دنیا میں فقیر مانگتے ہیں، اس طرح سے بھی مانگے اور آدمی اپنا رب سمجھ کر اڑ جائے کہ آج اپنے اللہ سے سورج مشرق کے بجائے مغرب سے نکلواؤں گا، تو رحمن و رحیم اللہ، بندے کے گندے اور محتاجی کے ہاتھوں کی لاج رکھتے ہیں، یہ بات بھی سچ ہے کہ عادت اللہ کے خلاف مانگنا نہیں چاہئے، مگر مجھے احتیاط احتیاج ہی ہے، میری بیوی کا مسلمان ہوتا اور خود لے کر میرے بچوں کو میرے پاس آجانا، اس عورت کا جو مجھے کئی بار زہر دے چکی ہو اور ایسی مسلمان بن جانا، سورج کے مشرق کے بجائے مغرب سے نکلنے سے کم نہیں ہے، اس گندے نے جب بھی دامن احتیاج پھیلا کر خالی ہاتھ اٹھائے اور میرے اللہ نے جھولی بھر دی۔

سوال: واقعی بات تو یہی ہے، بس مانگنے والے ہی نہیں، آپ نے بتایا کہ خاندانی مسلمانوں سے آپ کو کچھ تکلیفیں پہنچیں وہ کس طرح کی تھیں کہ آپ کو اس درجہ ملال رہا؟

جواب: مولوی احمد، بس ان کا ذکر بھی ایسے کریم آقا کی ناشکری لگتی ہے انسان کم زور ہے زبان سے۔ بات نکل گئی اللہ معاف فرمائے، میرے اللہ کا مجھ پر کرم ہی کرم ہے، ایمان مل جانے کے بعد کہاں کی تکلیف اور کہاں کی آزمائش، بس میرے اللہ مجھے شکر گذار بنا دیں، اس کی دعا آپ ضرور کر دیں اور کفران نعمت سے بچائیں۔ آمین۔

مستفاد از ماہنامہ ارمغان جولائی ۲۰۰۹ء

(۱۲)

ایک خوش قسمت نو مسلم داعی و عالم دین

مولانا محمد عثمان صاحب قاسمی (سنیل کمار) سے ایک ملاقات

میری ایک گذارش ہے کہ ارمغان ایک تحریک ہے جس کا مقصد امت اسلامیہ کے ہر فرد کو اپنے دعوتی مقصد کے لئے فکر مند کرنا اور عملی میدان میں اتارنا ہم جیسے کفر اور شرک زدہ لوگوں کی فکر کرنا ہے صرف تائید یا تصویب کر کے یا واہ واہ کر کے گھر بیٹھے رہنے کی ہمیشہ اصحاب ارمغان نے مذمت کی ہے، قارئین کو ارمغان کے قاری کی حیثیت سے اس نسبت کی لاج رکھنی چاہئے اور زندگی میں لوگوں کو کفر سے نکالنے کی عملی کوشش ضرور کرنی چاہئے۔

مولانا احمد اواہ ندوی

احمد اواہ : السلام علیکم

محمد عثمان : وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

سوال : قارئین ارمغان کے لئے آنجناب سے کچھ باتیں کرنا چاہتا ہوں۔

جواب : ضرور فرمایئے میرے لئے سعادت کی بات ہے۔

سوال : آپ ہمارے ارمغان کے قارئین کے لئے اپنا کچھ مختصر تعارف کرائیں۔

جواب : میرا نام محمد عثمان ہے پلول ضلع فرید آباد (ہریانہ) کے قریب ایک گاؤں میں ایک غیر مسلم راجپوت گھرانے میں پیدا ہوا، میرا پہلا نام سنیل کمار تھا میرے والد اپنے

گاؤں کے ایک معمولی کسان ہیں، فروری ۱۹۹۲ء میں اللہ تعالیٰ نے مجھے اسلام کی دولت سے نوازا، میری عمر اب تقریباً ۲۵ سال ہے، میں نے دینی تعلیم کا آغاز ۱۹۹۲ء میں مدرسہ ہرسولی میں کیا، ناظرہ قرآن پاک کے بعد حفظ شروع کیا، بعد میں دارالعلوم دیوبند میں میں نے حفظ اور عالمیت کی تکمیل کی، فالحمدللہ علی ذلک۔

سوال: اپنے قبول اسلام کے سلسلہ میں کچھ بتایئے؟

جواب: میری زندگی اللہ تعالیٰ کی رحمت اور کرم ایک نشانی ہے، میرے اللہ نے مجھ گندے کو ہدایت سے نوازنے کے لئے عجیب وغریب حالات اور نشانیاں دکھائیں، گھریلو حالات کی وجہ سے آٹھویں کلاس کے بعد میں نے تعلیم بند کردی اور کچھ روزگار وغیرہ تلاش کرنا شروع کئے، میری کلاس کا ایک میواتی لڑکا عبدالحمید میرا دوست تھا جو قصبہ جھنجھانہ کے پاس کا رہنے والا تھا، ہم دونوں میں بے انتہا محبت اور دوستی تھی، عبدالحمید بھی گھریلو حالات کی وجہ سے پھلت میں کار مکینک کا کام سیکھنے لگا اور کچھ دن کے بعد میں بھی اس کے ساتھ ورکشاپ جانے لگا، عبدالحمید کے والد میاں جی تھے اور وہ جھنجھانہ کے قریب ایک گاؤں میں جمعیت شاہ ولی اللہ کی طرف سے امام تھے۔

اس گاؤں کے پسماندہ مسلمان ۱۹۴۷ء میں اور اس سے پہلے مرتد ہو گئے تھے، یہ وہ علاقہ ہے جہاں حضرت تھانویؒ نے اپنے چند خدام کو دعوت کے کام کے لئے لگایا تھا اور یہاں کام کرنے والوں کے لئے بڑی دعائیں بلکہ بعض بشارتیں بھی سنائی تھیں، اس گاؤں میں کوئی مسجد نہیں تھی، ایک مزار تھا اس مزار کی یہ خصوصیت پورے علاقہ میں مشہور تھی کہ اس پر کبھی کسی نے کوئی تنکا بھی پڑا ہوا نہیں دیکھا ہر وقت انتہائی صاف رہتا ہے، اوپر طاقوں میں کبوتر بھی رہتے ہیں مگر وہ بھی بیٹ نہیں کرتے اسی مزار کے ایک حصہ میں وہ میاں جی صاحب رہتے تھے بستی کے لوگ ان کو کھانا بھی نہیں دیتے تھے، وہ اکیلے اذان

رہتے اور نماز پڑھتے، کچھ بچے کبھی کبھی ان کے پاس آجاتے تھے، وہ ان کو کلمہ یاد کراتے وہاں کے مرتد ہو چکے مسلمان بھینسا بوگی سے بھاڑے کا کام کرتے تھے، یہاں ایک گلی کا بڑا اونچا ٹیلہ تھا، سب لوگ وہاں سے مٹی اٹھاتے اور لوگوں کے یہاں ڈالتے، ایک روز وہ لوگ یہاں مٹی سے کاٹ رہے تھے اچانک انھوں نے دیکھا کہ وہاں ایک خالی کھوہ میں سفید کپڑا دکھائی دیا، انھوں نے اور آگے سے مٹی ہٹائی تو معلوم ہوا کہ وہ ایک لاش ہے، یہ لوگ ڈر گئے اور میاں جی کو بلایا اور کہنے لگے کہ یہ کوئی جن یا پریت ہے، میاں جی آئے انھوں نے دیکھا کہ ایک بزرگ سفید ریش کی میت ہے اور اس طرح پڑی ہے جیسے آج ہی انتقال ہوا ہو، انھوں نے لوگوں سے بتایا کہ یہ کسی اللہ والے مومن کی میت ہے اللہ کے نیک بندوں کی یہی شان ہوتی ہے کہ مرنے کے بعد ان کو دلہن کی طرح سلا دیا جاتا ہے اور مٹی بھی ان کی حفاظت کرتی ہے، اس واقعہ سے گاؤں والوں پر بڑا اثر ہوا اور ان میں سے خاصے لوگ ارتداد سے توبہ کر کے مسلمان ہو گئے، اپنے بچوں کو بھی میاں جی کے پاس پڑھنے بھیج دیا اور مسجد کے لئے جگہ دی، جواد شاہ نے جگہ بھی دی، ایک روز عبدالحمید صاحب اپنے والد کے پاس اس گاؤں میں گئے تھے، میں ان کے ساتھ چلا گیا، میاں جی کے کھانے کا انتظام کر دیا، اتفاق سے پلیٹ ایک ہی تھی، کھانے سے پہلے میاں جی صاحب نے کہا تم ذرا ٹھہرو، میں گاؤں سے دوسری پلیٹ لے آؤں، ہم دونوں نے کہا کہ الگ پلیٹ لانے کی ضرورت نہیں، ہم دونوں ایک پلیٹ میں ہی کھاتے ہیں، یہ کہہ کر ہم دونوں کھانا کھانے لگے، میاں جی نے عبدالحمید سے کہا کہ بیٹا جب تم دونوں میں اتنی محبت اور دوستی ہے تو اپنے دوست کو مسلمان کیوں نہیں بنا لیتے، یہ کیسی محبت ہے، یہ ہندو مر گیا تو کیا ہوگا؟ یہ کیسی دوستی ہے کہ ایک ہندو ایک مسلمان، کھانے کے بعد عبدالحمید اور ان کے والد نے مجھ سے کلمہ پڑھنے اور مسلمان ہونے کے لئے بہت خوشامد کی اور اصرار کیا، کئی بار رونے بھی لگ گئے،

میں نے ان سے کہا کہ آپ اسلام کا کوئی منتر (کلمہ) مجھے بتائیے میں اس منتر کو پڑھوں گا، اگر میں نے کوئی چمتکار (کرشمہ) دیکھا تو میں مسلمان ہو جاؤں گا، میاں جی کو جماعت والوں نے ایک دعا یاد کرائی تھی وہ انھوں نے مجھے یاد کرائی، اَللّٰھُمَّ اَجِرْنِیْ مِنَ النَّار

ترجمہ: اے اللہ مجھے دوزخ سے پناہ دیجئے اور کہا کہ چلتے پھرتے پڑھا کروں۔

میں نے ان سے کہا کہ اس کا مطبل (مطلب) مجھے بتاؤ، انھوں کہا مطلب تو مجھے بھی معلوم نہیں کل پھلت مفتی رشید صاحب کے پاس جاؤں گا ان سے معلوم کر کے بتاؤں گا، اگلے روز وہ پھلت گئے میں بھی دوسرے دن شام کو پھلت گیا میں بھی ان سے مطلب معلوم کرنے پہنچا، انھوں نے بتایا کہ اس دعا کا مطلب یہ ہے کہ اے اللہ! اے میرے مالک! مجھے دوزخ (نرک) کی آگ سے بچا، میں نے سوال کیا کہ نرک کی آگ سے بچانے کا کیا مطلب ہے انھوں نے بتایا کہ جو آدمی مسلمان ہوئے بغیر اور ایمان کے بنا مر جائے، وہ ہمیشہ نرک کی آگ میں جلے گا اور جو ایمان پر مرے گا وہ جنت میں جائے گا، میں نے کہا کہ کیا واقعی یہ بات سچی ہے، انھوں نے کہا کہ یہ بالکل سچی ہے، مجھے بہت دکھ ہوا اور میں نے عبدالحمید سے کہا کہ تو میرا کیسا دوست ہے اگر میں اسی طرح مر جاتا تو ہلاک ہو جاتا، تو نے کبھی مجھ سے نہیں کہا، میاں جی نے کہا واقعی بیٹا تم صحیح کہتے ہو عبدالحمید کو تمہارے ایمان کی بہت فکر کرنی چاہئے تھی، بیٹا اب جلدی کلمہ پڑھ لو، میں تیار ہو گیا وہ مجھے لیکر اگلے روز پھلت مدرسہ گئے مفتی صاحب نے مجھے کلمہ پڑھایا اور میرا نام محمد عثمان رکھ دیا، الحمد للہ علیٰ ذالک

س: اس کے بعد آپ نے مسلمان ہونے کا اعلان کر دیا یا گھر والوں سے چھپائے رکھا؟

ج: اس کے بعد کا ہی حال سننے کا ہے، تیسرے روز مجھے مفتی صاحب نے قانونی

کارروائی کے لئے ایک صاحب کے ساتھ فرید آباد بھیج دیا، میں نے فرید آباد ضلع جج کے سامنے بیان حلفی دے دیے، ضلع جج متعصب قسم کے آدمی تھے انھوں نے تاریخ کہہ کر متعلقہ تھانہ انچارج کے حوالہ کرنے اور تحقیقات کا حکم جاری کر دیا، بلبھ گڑھ تھانہ کے انچارج جناب او پی شرما تھے، وہ کسی ضروری تفتیش کے لئے جا رہے تھے انھوں نے انسپکٹر بلبیر سنگھ کو میرا کیس سونپا اور چل دیئے، بلبیر سنگھ بہت ظالم اور متعصب تھے، انھوں نے مجھے بہت دھمکایا اور بے دردی سے پہلے ہاتھوں سے مار لگائی اور جب میں نے ایمان سے پھرنے سے انکار کیا تو ڈنڈے سے بے تحاشا مارا، جگہ جگہ میرے خون بہنے لگا، میں ہر وقت اَللّٰهُمَّ أَجِرْنِي مِنَ النَّارِ پڑھتا تھا، دکھانے کے وقت کبھی کبھی زور سے یہ دعا نکل گئی، اس نے کہا یہ کیا پڑھتا ہے اور گالیاں دیں، میں نے دعوت کی نیت سے اسے اس دعا کا مطلب بتایا، اس کو اور بھی غصہ آیا، اس نے دو سپاہیوں کو کہا کہ لوہار کی بھٹی پر جا کر لوہے کے سریے گرم کر واور لال کر کے لا کر کے اسکو داغ دو، ہم دیکھیں گے کہ یہ آگ سے کیسے بچے گا اور جب تک یہ اپنے دھرم میں واپس آنے کو نہ کہے اس وقت تک اسکو نہ چھوڑنا، وہ سپاہی پاس میں لوہار کی بھٹی پر گئے اور چار لوہے کے سریے گرم کر کے بالکل آگ کی طرح لال کر کے مجھے لے کر تھانہ میں لائے، میرے اللہ کا کرم ہے دعا پڑھتا رہا، انھوں نے میری شرٹ اتاری اور میری کمر پر سریوں سے داغ دینا چاہا مگر اللہ کا فضل کہ مجھے ذرا بھی اثر نہیں ہوا، وہ سپاہی حیرت میں آ گئے اور انسپکٹر بلبیر سے کہا اس وقت تک سریوں کی لالی ختم ہو گئی تھی، جب اس نے دیکھا کہ میری کمر پر کوئی اثر نہیں ہوا، تو اس نے غصہ میں سپاہیوں کو گالی دیتے ہوئے کہا کہ تم سریے گرم کر کے نہیں لائے ہو یہ کہہ کے ایک سریہ اٹھایا، اس کا ہاتھ بری طرح جل گیا، وہ تکلیف کے مارے بے تاب ہو گیا اور دو سپاہیوں کو کہا اسکو سامنے بھگا کر گولی مار دو ورنہ یہ بہت سارے لوگوں کے دھرم بھرشٹ کر دے گا، میں ڈاکٹر کے پاس جاتا ہوں

انسپکٹر چلا گیا، وہ دونوں سپاہی مجھے زور دیتے رہے کہ میں بول دوں، میں کہتا کہ میں چور نہیں ہوں مجھے کوئی مارتی ہو تو سامنے سے مار دو، یہ باتیں ہو ہی رہی تھیں کہ تھانہ انچارج جناب اوپیش شرما آ گئے انھوں نے سارا ماجرا سنا، پولیس والوں کو دھمکایا کہ اس کا دشواس (یقین) ایسا پکا ہے کہ تم کوئی بھی مار دو گے تو اس کو نہیں لگے گی، اس نے مجھے کھانا کھلایا اور پھر ایک چارج شیٹ لگا کر رہتک جیل چالان کر دیا اور مجھ سے کہا کہ بیٹا تیرے لئے اسی میں بھلائی ہے کہ میں تجھے جیل بھیج دوں ورنہ تجھے کوئی مار دے گا، اللہ کا کرم میری اس مصیبت سے جان چھوٹی اور اللہ کی رحمت پر میرا یقین اور مضبوط ہو گیا۔

سوال: سنا تھا کسی کوتوال نے آپ کے ساتھ اسلام قبول کیا تھا اس کا کیا واقعہ ہے؟

جواب: میں آگے سناتا ہوں، یہ تھانہ انچارج کوتوال اوپیش شرما جی بہت ہی اچھے آدمی تھے تیسرے روز رہتک جیل آئے اور مجھ سے میرے اسلام قبول کرنے اور آگ کا اثر نہ کرنے کا پورا ماجرا سنا اور اس کی تحقیق کی کہ واقعی مجھ پر ان گرم مرچوں کا کوئی اثر نہیں ہوا، میں نے کہا آپ میرے خیر خواہ (ساتھی) ہیں آپ سے سچ نہ بتاؤں گا تو کس سے بتاؤں گا۔ جب ان کو یقین ہو گیا کہ اللہ نے مجھے آگ سے بچایا تو وہ اور متاثر ہوئے، میری ضمانت کرائی فائنل رپورٹ لگائی، مجھے جیل سے چھڑایا اور مجھ سے کہا کہ مجھے بھی ان مولانا صاحب سے ملاؤ جنھوں نے تمھیں مسلمان کیا ہے، انھیں آکر مفتی رشید احمد صاحب سے ملے اور کچھ دیر اسلام کی باتیں معلوم کیں اور وہیں مسلمان ہو گئے مفتی صاحب نے ان کو اسلام کو ظاہر نہ کرنے کا مشورہ دیا، کچھ زمانے کے بعد بابری مسجد شہید ہو گئی، پورے میوات میں فسادات ہوئے انھیں کا علاقہ ہمیشہ فسادات کا گڑھ رہتا تھا مگر کوتوال شرما جی (جناب عبداللہ جی) کی وجہ سے اس علاقہ میں مسلمانوں پر کوئی ظلم نہیں ہوا اور انھوں نے مسلمانوں کی بڑی مدد کی۔

سوال: آج کل آپ کا کیا مشغلہ ہے؟

جواب: میں آج کل الور ضلع میں جمعیت شاہ ولی اللہ کے تحت دعوتی کام کر رہا ہوں، اور ایک ادارہ کی ذمہ داری میرے سپرد ہے، حضرت مولانا محمد کلیم صدیقی کے واسطہ ہی سے ہر سوئی مدرسہ میں میرا داخلہ ہوگیا تھا میں نے ان کی ہی نگرانی میں زندگی گزارنے کا عزم کیا ہے۔

سوال: قارئین ارمغان کے لئے آپ کچھ پیغام دینا چاہیں گے؟

جواب: قارئین ارمغان کے لئے میری ایک گذارش ہے کہ ارمغان ایک تحریک ہے جس کا مقصد ملت اسلامیہ کے ہر فرد کو اپنے دعوتی مقصد کے لئے کھڑا کرنا اور عملی میدان میں اتار کر ہم جیسے کفر اور شرک زدہ لوگوں کی فکر کرنا ہے، صرف تائید یا تصویب کر کے یا واہ واہ کر کے گھر بیٹھے رہنے کی ہمیشہ اصحاب ارمغان نے مذمت کی ہے، قارئین کو ارمغان کے قاری کی حیثیت سے اس نسبت کی لاج رکھنی چاہئے اور زندگی میں لوگوں کو کفر سے نکالنے کی عملی کوشش ضرور کرنی چاہئے

دوسری ضروری درخواست یہ ہے کہ میرے گھر والوں اور اہل خاندان کی ہدایت کے لئے دعا کریں اور اس کی دعا بھی کریں کہ اللہ تعالیٰ مجھے بھی نبی کے درد کا کچھ حصہ نصیب فرمادیں۔ آمین

سوال: بہت بہت شکریہ۔ فی امان اللہ۔

جواب: آپ کا بہت بہت شکریہ، مجھ کو تحدیث نعمت کا موقع عطا فرمایا۔

السلام علیکم ورحمۃ اللہ برکاتہٗ

مستفاد از ماہنامہ ارمغان جولائی ۲۰۰۳ء

۱۳

جناب بلال صاحب (ہیرا لعل) سے ایک ملاقات

مجھے حضرت مولانا کلیم صاحب کی وہ تقریر جو انھوں نے ایک بار مدرسے میں کی تھی یاد آگئی کہ آپ اسلام کی ابتدائی تاریخ پر نظر ڈالیں تو جو لوگ غلط فہمی یا اسلام کو غلط دھرم سمجھنے کی وجہ سے اسلام کے دشمن تھے ان پر جب دعوت کا حق ادا کیا گیا تو وہ لوگ مسلمان ہو گئے، چاہے وہ حضرت عمرؓ ہوں چاہے وہ خالد بن ولیدؓ ہوں، عکرمہ بن ابی جہل ہوں یا حضرت وحشی، حضرت ہندہ جیسے ظالم کہلانے والے لوگ ہوں، مگر وہ لوگ جو اسلام کو مذہب حق سمجھ کر حسد کی وجہ سے یا برادری اور سماج کے خوف کی وجہ سے اسلام سے دور ہوئے وہ ہدایت سے محروم رہے، خواہ وہ حضور ﷺ سے صد درجہ محبت کرنے والے چچا ابو طالب ہی کیوں نہ ہوں؟

مولانا احمد اواہ ندوی

احمد اواہ : السلام علیکم ورحمۃ اللہ برکاتہٗ

بلال احمد : وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ

سوال : بلال بھائی آپ سے ارمغان کے قارئین کے لئے کچھ باتیں کرنا چاہتا ہوں۔

جواب : احمد بھائی ضرور کیجئے میرے لئے خوشی کی بات ہے۔

سوال : آپ اپنا تعارف کرائیے۔

جواب : میری پیدائش ضلع اعظم گڑھ کے بڑے گاؤں میں ہوئی، میرا پرانا نام ہیرا لعل تھا۔

میرے والد بابو نندن بہار و والہ جی ایک بہت مذہبی ہندو ہیں میرے سات بھائی ہیں میرے خاندان اور گاؤں کے بہت سے لوگ دہلی میں بلڈنگ پینٹنگ کا کام کرتے ہیں میرے والد صاحب دہلی میں پان بیڑی سگریٹ کی دکان کرتے ہیں۔

سوال: اپنے اسلام قبول کرنے کا واقعہ بتایئے؟

جواب: اب سے تقریباً سات سال قبل جب میری عمر بارہ سال کی تھی میں اپنے والد صاحب کے ساتھ پان کی دکان پر تیمور نگر دہلی میں بیٹھتا تھا ہماری دکان کے اوپر ایک بلڈنگ میں ابا جی ابو فیاض صاحب کڑھائی وغیرہ کا کارخانہ چلاتے تھے، ہمارے والد صاحب نے رات کو قیام کے لئے کارخانہ میں ہی ان سے کہا انھوں نے منظور کر لیا میں رات کو کارخانہ کے کاریگروں کے ساتھ سویا کرتا تھا رات کو روزانہ ابا جی سارے کاریگروں کو بٹھا کر فضائل اعمال کی تعلیم کرتے تھے میں بھی سنتا تھا مجھے یہ باتیں بہت اچھی لگتی تھیں، میں جلدی رات کو جا کر تعلیم کا انتظار کرتا تھا اور اگر ابا جی ناغہ کرنا چاہتے تو میں ان سے تھوڑی دیر تعلیم کرنے کے لئے کہتا، یہ لوگ نماز پڑھنے جاتے تو میں بھی ان کے ساتھ جا کر کبھی کبھی مسجد کے باہر کھڑا دیکھا کرتا، مجھے نماز پڑھتے ہوئے لوگ بہت اچھے لگتے، ایک رات کو میں نے ابا جی ابو فیاض سے پوچھا؟ ابا جی کیا میں مسلمان ہو سکتا ہوں؟ انھوں نے بڑے پیار سے کہا بیٹا ضرور، اور اگر تم مسلمان نہیں ہو گے تو پھر دوزخ کی آگ میں ہمیشہ جلو گے، میں نے کہا تو پھر آپ مجھے مسلمان کر لو، انھوں نے مجھے کلمہ پڑھوایا میرا نام میرے کالے رنگ کی وجہ سے بلال احمد رکھا اور بتایا کہ بلال ہمارے نبی کے اذان دینے والے مؤذن تھے، انھوں نے ایمان کے لئے بڑی قربانیاں دیں، میں بٹلہ ہاؤس میں مسجد میں نماز پڑھنے جاتا ابا جی نے مجھے نماز پڑھنے جانے سے منع کیا کہ مجھے نماز پڑھتا دیکھ کر میرے گھر والے مجھے ماریں گے میں نے ابا جی سے کہا کہ ایک بار آپ نماز کو جا رہے تھے تو میں

نے آپ سے سوال کیا تھا کہ ابا جی آپ ایک ٹائم کی نماز بھی نہیں چھوڑتے آپ نے یہ کہا تھا کہ جو ایک وقت کی نماز چھوڑ دے وہ اسلام سے نکل جاتا ہے، تو کیا میں دو نمبر کا مسلمان ہوا ہوں اگر میں دو نمبر کا مسلمان ہوا ہوں تو ایسا مسلمان بننے سے کیا فائدہ؟ آپ مجھے ایک نمبر کا مسلمان کریں اور اگر ایک نمبر کا مسلمان میں بھی ہوں تو بے نماز کے تو مسلمان اسلام سے نکل جاتا ہے، ابا جی نے جواب دیا کہ بات تو ٹھیک یہی ہے کہ نماز کے بغیر کچھ مسلمانی نہیں مگر تم ابھی چھوٹے ہو اور گھر والوں کا ڈر ہے اس لئے میں تم سے کہتا تھا، میں نے کہا ابا جی اللہ کا ڈر زیادہ ہونا چاہئے یا ماں باپ کا؟ میری بات سن کر انھوں نے کہا اچھا بیٹا تم چھپ کر نماز کیلئے چلے جایا کرو، رمضان کا مہینہ آیا، میں مسجد میں نماز پڑھنے جایا کرتا، شاید میرے گھر والوں نے مجھے کبھی مسجد جاتے دیکھ بھی لیا، میں روزہ بھی رکھ رہا تھا، گھر والے دن میں کھانے کو کہتے میں بہانہ کر دیتا، اس سے بھی ان کو شک ہو گیا، ایک روز جمعہ کی نماز پڑھ کر ٹوپی اوڑھے ذاکر باغ کی مسجد سے آ رہا تھا میرے والد نے دیکھ لیا مجھے پکڑ لیا مجھ سے پوچھا تو مسجد میں کیا کرنے گیا تھا، مجھ سے نہ رہا گیا میں نے کہہ دیا کہ اب میں مسلمان ہو گیا ہوں میں جمعہ کی نماز پڑھنے کے لئے گیا تھا، وہ مجھے بہت برا بھلا کہنے لگے پکڑ کر کمرے میں لے گئے اور وہاں میرے بھائی اور خاندان کے لوگ جمع تھے، وہ دوپہر کا کھانا کھانے کے لئے آئے تھے، مجھے الگ الگ سمجھاتے رہے مگر میں کہتا رہا کہ میں مسلمان ہو گیا ہوں اب مجھے واپس کوئی ہندو نہیں کر سکتا، میرے بڑے بھائی نے میری پٹائی شروع کی چانٹے گھونسے بے تحاشہ مارے میں نے صاف کہہ دیا کہ یہ بات دماغ سے نکال دو کہ اب آپ مجھے ہندو بنا سکتے ہو، اگر تمہیں کامیابی چاہئے اور مرنے کے بعد کی آگ سے بچنا چاہتے ہو تو مسلمان ہو جاؤ اور کلمہ پڑھو، وہ مجھے مارتے اور میں ان کو کلمہ پڑھنے کو کہتا اس سے دوسرے لوگوں کو بھی غصہ آیا، گھونسوں اور ڈنڈوں سے مارنا شروع کیا

میرے سر سے اور جسم سے خون بہنے لگا، میں نے جوش میں آ کر کہا کہ میری آخری بات سن لو اس کے بعد چاہے جو کرنا، میں نے اپنے پاؤں کی انگلی کی طرف اشارہ کرنا شروع کیا تم مجھے یہاں سے کاٹنا شروع کر دو اور اوپر تک میرے ٹکڑے کرنے شروع کر دو جب تک میرے گلے اور زبان میں جان رہے گی لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ کہتا رہوں گا، اب تمہاری مرضی ہے جو چاہے کر دو، ان لوگوں نے اس وجہ میرا ارادہ مضبوط دیکھ کر مجھے چھوڑ دیا، میں رات کو موقع پا کر وہاں سے بھاگ آیا، دو روز تک وہ مجھے تلاش کرتے رہے، تیسرے روز اباجی ابو فیاض پر دباؤ دینے لگے کہ تم نے ہمارے لڑکے پر جادو کرا دیا، وہ لڑکا تمہارے پاس ہے، اگر لڑکا کل تک ہمارے پاس نہیں آیا تو پولیس میں تمہاری رپورٹ کر دیں گے، اباجی نے ان کو بہت سمجھایا کہ بھلائی کا بدلہ تمہارے یہاں یہی ہے، تمہارے بچوں کو بغیر کرایہ اتنے روز رکھا اس کا بدلہ یہ ہے؟ مگر وہ نہ مانے، اباجی کو فکر ہوئی میں دہلی ہی میں تھا مجھے پتہ لگ گیا کہ گھر والے اباجی کو پریشان کر رہے ہیں میں خود کار خانے گیا اور ان سے کہا آپ میرے ہاتھ پکڑ کر میرے چچا جی کو سونپ آیئے اور ان سے کہہ دیجئے کہ آپ کا بچہ یہ ہے، اب آئندہ میں ذمہ دار نہیں، اباجی نے کہا تمہیں جان سے مار دیں گے میں نے کہا کہ وہ مجھے کچھ نہیں کہیں گے وہ میرا ہاتھ پکڑ کر میرے چچا جی کے پاس لے گئے اور ان سے کہا کہ یہ لڑکا اللہ کا شکر ہے خود آ گیا مجھے تو اس کی کچھ خبر نہیں تھی مگر اب اس کو پکڑ و اور اب آئندہ ہم ذمہ دار نہیں ہوں گے۔

س: اس بعد کیا ہوا؟؟

ج: اس کے بعد میرے گھر والے مجھے میرے گاؤں اعظم گڑھ لے گئے، بہت سے سیانوں اور جھاڑ پھونک کرنے والوں کو دکھا یا وہ سمجھ رہے تھے کہ مجھ پر جادو کرایا گیا ہے بہت اتار کر دیا، میں گھر میں چھپ کر نماز پڑھتا رہا کچھ روز تو مجھے بند رکھا مگر میرے گاؤں

کے ایک مسلمان بھائی نے مجھے سمجھایا کہ تمہیں یہاں سے نکلنے کے لئے اچھا رویہ ڈھیلا رکھنا چاہئے میں نے اپنے رویہ میں ذرا نرمی برتی گھر والوں نے سوچا کہ جادو اثر والے سے اب اثر کم ہو رہا ہے، میری ماں اپنے مائیکہ جا رہی تھیں، وہ مجھے اپنے ساتھ لے گئیں کہ ماحول بدل جائے گا وہاں ہمارے ننیہال کے پڑوس میں ایک بڑے سمجھدار مسلمان رہتے تھے میری والدہ مجھے ان کے پاس لے گئیں کہ اس کو سمجھاؤ ہمارا جینا دوبھر کر رکھا ہے، انھوں نے میرے ماں کو بہت تسلی دی اور سمجھایا کہ تم اس کو اپنی اجازت سے جانے دو یہ لڑکا ہرگز آپ کے یہاں رہنے والا نہیں اور اس نے بہت اچھا فیصلہ کیا۔ ملک کی خاص مہربانی اس پر ہے، اس پر وہ تیار ہو گئیں، اور میں ننیہال سے ہی اباجی کے پاس آ گیا انھوں نے مجھے مظفر نگر اپنے گاؤں بھیج دیا، پھر ایک مدرسہ میں داخلہ کرا دیا، میں نے قرآن شریف ناظرہ پڑھا، اردو پڑھی کچھ پارے حفظ کئے، پھر حضرت مولانا کلیم صاحب کے مشورہ سے ندوہ کی ایک شاخ میں تخصص اول میں داخلہ لے لیا، الحمدللہ میری پڑھائی بہت اچھی چل رہی ہے۔

سوال: نئے ماحول میں آ کر آپ کو کیسا لگا؟

جواب: میرے اباجی میرے پہلے پتاجی سے ہزاروں گنا زیادہ مجھے چاہتے ہیں، لوگ مجھے ان کا اصلی بیٹا سمجھتے ہیں، میری امی بھی میرے دوسرے بھائی بہنوں سے زیادہ میری بات مانتی ہیں، ایک روز مجھے دیکھ کر ایک رشتہ دار نے میرے بھائیوں سے کہا کہ اب تو زمین میں اس کا بھی حصہ ہوگا تو میرے سارے بھائی فوراً کہنے لگے ہم سب سے پہلے یہ زمین میں حصہ دار ہے، اللہ نے یہ بھائی تو ہمیں بڑے احسان کے طور پر دیا ہے، ورنہ کہاں ہم گنوار اور کہاں مدینے کی یہ بھائی چارگی، اس بھائی پر ہم اپنی جان بھی دیدیں تو ہم اپنی خوش قسمتی سمجھیں گے۔

سوال: اپنے بھائی اور والدین سے آپ کا پھر کوئی رابطہ نہیں ہوا؟

جواب: ایک بار میں دہلی میں بس سے جا رہا تھا نظام الدین کے قریب سے گزرا تو میں نے دیکھا کہ میرا بھائی سائیکل پر جا رہا ہے، میں نے اس کو آواز لگائی اس نے مجھے دیکھا سائیکل دوڑائی مگر وہ بس کے ساتھ کہاں تک دوڑتا میں آگے ایک اسٹاپ پر اتر گیا وہ ہانپتا ہوا آیا مجھ سے لپٹ گیا اور ہاتھ جوڑنے لگا اس نے کہا پتا جی مرنے والے ہیں تجھے بہت یاد کر رہے ہیں، میں نے کہا اچھا میں کل آؤں گا، میں نے ابا جی سے اجازت چاہی انھوں نے دعوت کی نیت سے جانے کی اجازت دیدی، میں گیا تو وہ بالکل ٹھیک تھے، مجھے بہت دیر تک سمجھاتے رہے کہا! تو میرا سب سے اچھا بیٹا ہے تو ہی دھوکہ دے جائے گا تو میں کیا کروں گا؟ انھوں نے بتایا کہ میں نے ایک پنڈت جی سے مشورہ کیا تھا انھوں نے تجھے مار دینے کو کہا تھا اور یہ بھی کہا کہ اگر تم نے اس کو نہ مارا تو وہ سارے خاندان کا دھرم بھرشٹ کر دے گا، میں نے اپنے دل میں سوچا میں نے کتنے لاڈ سے اس کو پالا، کس دل سے اسے ماروں؟

میں نے ان سے کہا پتا جی! جب آپ لوگ مجھے پکڑ کر لائے تھے اس وقت بھی میں نے آپ سے کہا تھا وہی اب بھی کہتا ہوں اگر آپ میرے بدن کے ٹکڑے ٹکڑے بھی کر دیں گے تو جب تک زبان میں دم ہے، لا الٰہ الا اللہ کہتا رہوں گا، میں تو اس لئے آیا ہوں کہ آپ میرے پتا جی ہیں آپ نے مجھے پالا ہے ماں نے دودھ پلایا، اگر آپ ہندو مر گئے تو ہمیشہ نرک کی آگ میں جلیں گے، آپ سبھی لوگ مسلمان ہو جائیں اور میرے ساتھ چلیں، وہ کچھ نہیں بولے اور بڑے مایوس ہوئے۔

سوال: اس کے بعد بھی آپ نے ان سے رابطہ کیا؟

جواب: میرے ایک چچا سعودی عرب میں رہتے ہیں، وہ بھی اسلام کے بہت قریب ہیں مجھے معلوم ہوا کہ وہ آئے ہیں تو میں نے موقع سمجھ کر دہلی سفر کیا، پتا جی نے بتایا کہ تیرے چچا

کہہ رہے تھے کہ سچا دھرم اور عقل میں آنے والا مذہب صرف اسلام ہے، ہم لوگ ہندو اس لیے ہیں کہ ہندوستان میں پیدا ہوئے مگر ہندو دھرم کی کوئی بات عقل میں آنے والی کہاں ہے؟ وہ کہہ رہے تھے یا تو تم سب گھر والے مسلمان ہو جاؤ یا پھر اپنے لڑکے کو چھوڑ دو اس کو پھر ہندو بنانے کی کوشش کرنا انیائے (ناانصافی) ہے۔

میں نے پتا جی سے کہا: آپ نے کیا سوچا؟ انھوں نے جواب دیا کہ یہ بات تو ٹھیک ہے کہ اسلام ہی سچ ہے، مگر اپنے سماج کو چھوڑ کر ہم کیسے مسلمان ہو سکتے ہیں لوگ کیا کہیں گے؟ میں بہت دیر تک ان کو سمجھاتا رہا مگر ان کو برادری اور سماج کے ڈر کے سامنے مرنے کے بعد کی آگ کا ڈر کچھ نہ لگا، میرا دل بہت دکھا اور گھر آکر بہت رویا مجھے حضرت مولانا کلیم صاحب کی وہ تقریر جو انھوں نے ایک بار مدرسے میں کی تھی یاد آ گئی، کہ آپ اسلام کی ابتدائی تاریخ پر نظر ڈالیں تو جو لوگ غلط فہمی یا اسلام کو غلط دھرم سمجھنے کی وجہ سے اسلام کے دشمن تھے ان پر جب دعوت کا حق ادا کیا گیا تو وہ سب لوگ مسلمان ہو گئے، چاہے وہ حضرت عمرؓ ہوں چاہے وہ خالد بن ولید ہوں، عکرمہ بن ابی جہل ہوں یا حضرت وحشی، حضرت ہندہ جیسے ظلم ڈھانے والے لوگ ہوں مگر وہ لوگ جو اسلام کو مذہب حق سمجھ کر حسد کی وجہ سے یا برادری اور سماج کے خوف کی وجہ سے اسلام سے دور رہے وہ ہدایت سے محروم رہے، خواہ وہ حضور ﷺ سے حد درجہ محبت کرنے والے چچا ابو طالب ہی کیوں نہ ہوں؟ مجھے یہ خیال آتا ہے کہ میرے پتا جی اسلام کو حق بھی کہہ رہے تھے اور برادری کے خوف سے اسلام قبول نہیں کرتے، خدا نہ کرے وہ اسلام سے محروم ہی نہ رہ جائیں، بھیا احمد تم ضرور ضرور ان کے لئے دعا کرنا تم لکھنؤ جا رہے ہو وہاں بھی دعا کرنا اور حضرت سے بھی دعا کو کہنا اور رمضان کی دعا میں بھی میرے گھر والوں کو یاد رکھنا (ہاتھ پکڑ کر روتے ہوئے) بھیا احمد وہ اگر اسی طرح کفر پر مر گئے تو ہمیشہ کی آگ میں جلیں گے، میرے ہاں

باپ مجھے بہت پیار کرتے ہیں، میرے اللہ ان کو ہدایت سے نواز دے۔

سوال: نہیں نہیں! بلال بھیا آپ اس قدر افسردہ نہ ہوں، اللہ تعالیٰ آپ کو خوش کریں گے، وہ ان شاء اللہ ضرور ان کو ہدایت سے نوازیں گے، آپ ان سے رابطہ رکھئے۔

جواب: اللہ تعالیٰ تمہاری زبان مبارک کرے۔

سوال: ارمغان کے قارئین کے لئے آپ کچھ کہنا چاہیں گے؟

جواب: بس مجھے دعا کی درخواست کرنی ہے اللہ تعالیٰ مجھے علم عطا فرمائے اور قرآنی مسلمان بنادے، میرے گھر والوں کو ہدایت عطا فرمائے دوسری بات یہ عرض کرنی ہے کہ ساری دنیا کے انسان ہمارے خونی رشتہ کے بھائی ہیں، ان کے ایمان کی فکر کریں اور جو لوگ ہدایت یاب ہو جاتے ہیں وہ میرے ابا جی کی طرح ان کی بھائی بندی کا حق ادا کریں۔

سوال: بلال بھائی بہت بہت شکریہ، آپ بڑے خوش قسمت ہیں کہ اللہ نے آپ کو بلال وقت بنایا، آپ نے تو خیر القرون کی یاد تازہ کر دی۔

جواب: آپ مجھے شرمندہ کرتے ہیں۔

چہ نسبت خاک را با عالم پاک

مستفاد از ماہنامہ ارمغان نومبر، دسمبر ۲۰۰۳ء

۱۴

چودھری آر کے عادل صاحب (رام کرشن لاکڑا) سے ایک ملاقات

> مجھے صرف یہ کہنا ہے کہ یہ دین جب امانت ہے جیسے کہ مولانا صاحب نے ''آپ کی امانت آپ کی سیوا میں'' میں لکھا ہے تو پھر اسے سارے سنسار تک پہنچنا چاہئے، آج کے دور میں اسلام پہنچانا بہت آسان ہے جب دین امانت ہے اور مالک کے سامنے حساب دینا ہے تو اس کا بھی حساب ہوگا کہ اس کو پہنچایا یا نہیں۔ اس لئے دین کو دوسروں تک پہنچانا نہ صرف یہ کہ دوسروں کے لئے ضروری ہے مرنے کے بعد کے جواب سے بچنے کے لئے خود مسلمانوں کے لئے بھی ضروری ہے۔

مولانا احمد اوّاہ ندوی

احمد اواہ : السلام علیکم ورحمۃ اللہ برکاتہٗ ۔

آر کے عادل : وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ

سوال : چودھری صاحب بڑی خوشی ہوئی آپ آگئے، ابی آپ کا ذکر کر رہے تھے کہ میں دہلی جاکر آپ سے ملاقات کروں اور پھلت سے نکلنے والے میگزین ارمغان کے لئے ایک انٹرویو آپ سے حاصل کروں، اللہ کا شکر ہے کہ آپ خود آگئے۔

جواب : اصل میں مجھے مولانا صاحب سے کچھ ضروری مشورہ کرنا تھا کئی روز سے فون کر رہا تھا، آج معلوم ہوا وہ پھلت میں ہیں تو سب کام چھوڑ کر آگیا، مالک کا شکر ہے کہ ملاقات

بھی ہو گئی اور تسلی بھی۔

سوال : آپ اپنا پریچے (تعارف) کرائیں؟

جواب : میرا اپنا نام رام کرشن لاکڑا ہے، میں دہلی نجف گڑھ کے علاقے کی ہندو جاٹ فیملی سے تعلق رکھتا ہوں، میرے باباجی ہمارے گاؤں کے پردھان اور زمینداروں میں سے ہیں، ہمارا گاؤں ایک زمانہ پہلے روہتک ضلع ہریانہ میں تھا اب دہلی کا ایک محلہ ہے، میرے پتاجی کا انتقال میرے بچپن میں ہو گیا تھا، میں آج کل دہلی میں پراپرٹی ڈیلنگ کا کام کرتا ہوں، یوں تو میں اس سنسار میں ۲۷ ستمبر ۱۹۵۹ء کو آگیا تھا، مگر میرا دوسرا جنم ٹھیک ۴۵ سال بعد اس سال ۲۷ ستمبر کو آج سے ۱۵ دن پہلے ہوا ہے۔

سوال : کیا مطلب؟

جواب : میں اپنے پڑوس کی مسجد کے مولانا صاحب سے بھی کہہ رہا تھا کہ عجیب بات ہے کہ پہلے جنم کے ٹھیک ۴۵ سال بعد میں نیا جنم لیا اور دوبارہ جنم کے عقیدے سے توبہ کی، میں نے ۲۷ ستمبر پیر کے دن ساڑھے سات بجے دن چھپنے کے بعد مولانا صاحب کے ہاتھ پر پھلت میں ان کے گھر کے اوپر والے کمرہ میں کلمہ پڑھ کر اپنی نئی اسلامی زندگی شروع کی، اس طرح میری نئی عمر آج ۱۵ دن ہوئی ہے۔

سوال : ماشاء اللہ بہت خوب، اپنے اسلام قبول کرنے کے بارے میں بتائیے، آپ کو اسلام قبول کرنے کا خیال کس طرح آیا؟

جواب : آپ کو اس کے لئے ذرا لمبی بات سننی پڑے گی، میں نے ۱۹۷۶ء میں ہائی اسکول پاس کیا اور آگے پڑھنے سے منع کر دیا، دو سال تک بھتی کرتا رہا میرے تاؤ اور ایک موسا (پھوپھا) فوج میں بڑے کرنل ہیں، وہ گھر آئے انھوں نے مجھے دھمکایا کہ اگر تو پڑھنے نہیں جاتا تو تجھے فوج میں بھرتی کر دیں گے اور تجھے لام پر جانا پڑے گا، ۱۹۷۱ء کی

جنگ قریب تھی میں نے داخلہ لے لیا اور انٹر کرلیا مگر پھر پڑھنے کا دل نہ چاہا، میری ماں نے بابا سے کہہ کر میری شادی کرا دی اور ماں کی خوشی کے لئے میں نے پرائیویٹ بی اے بھی کرلیا، شادی کے دو سال بعد میرے پھوپھا نے ایک ضروری کام کے بہانے دھوکہ سے بریلی بلایا اور مجھے فوجی بیرک میں لے جا کر میرے بال کٹوائے، وہ فوج میں کرنل تھے، سارے کاغذات اور میڈیکل کرا کے مجھے بھرتی کرلیا اور مجھ سے کہا کہ تیری بھرتی ہوگئی ہے اب اگر تو بھاگے گا تو فوجی تجھے پکڑ کر لائیں گے اور بھگوڑا قرار دیکر گولی ماردیں گے یا فوجی جیل میں ڈال دیں گے، مجھے ڈر سے ٹریننگ میں جانا پڑا، میرا دل نہیں لگتا تھا اور گھر یاد آتا تھا اور گھر سے زیادہ گھر والی، بیچاری بڑی محبت کرنے والی شریف عورت ہے، میں نے ٹریننگ میں ساتھیوں سے مشورہ کیا کہ اس فوج سے جان چھوٹنے کی کیا صورت ہوسکتی ہے؟ میرے ایک ساتھی نے بتایا کہ اگر افسران فٹ (Unfit) کردے تو کام آسان ہے۔ میں نے سوچا یہ بہت آسان ہے، میں نے پاگل پن کا بہانہ کیا، بہکی بہکی باتیں کرتا، کبھی ہنستا تو ہنستا رہتا، کبھی چیختا تو چیختا رہتا، مجھے اسپتال میں بھرتی کیا گیا، اور میڈیکل چیک اپ ہوا، ڈاکٹر نے کہہ دیا کہ یہ بہانا ہے، مجھے افسر نے بہت گالیاں دیں اور سخت سزا کی دھمکی دی، ناچار پھر ٹریننگ شروع ہوگئی، ایک روز پریڈ میں صبح کے وقت جیسے ہی افسر آئے میں نے رائفل کھڑی کی اور تمباکو کی پڑیا ہتھیلی پر ڈال کر اس میں چونا ملانا شروع کیا جیسے ہی افسر سامنے آیا، میں دوسرے ہاتھ سے سلوٹ ماری اور جے ہند بولا: میرے ہاتھ میں تمباکو دیکھ کر پوچھا یہ کیا ہے میں نے ہاتھ آگے کر کے کہا: سر! یہ تمباکو ہے، لو آپ بھی کھا لو وہ دھمکا کر بولے نالائق تیرا ایلٹ نمبر کیا ہے، میں نمبر بتا دیا دوپہر کے بعد انھوں نے مجھے دفتر میں بلایا اور مجھ سے کہا جب جنگ میں دشمن سامنے ہو تو تو تمباکو کھائے گا یا گولی چلائے گا، بہت غصہ ہوتے ہوئے میری فائل نکالی اور اس پر لال قلم سے ان فٹ (Unfit) لکھ دیا، میں

نے جے ہند کہہ کر خوشی سے سلام کیا اور رات کو ہی گاڑی میں بیٹھ کر دلی آ گیا، میرے پھوپھا کو معلوم ہوا تو انھوں نے گھر فون کر دیا کہ بھگوڑا، غدار فوج سے جان بچا کر بھاگ آیا ہے، میری بیوی مجھ سے بات نہیں کر رہی تھی کہ تو تو غدار بھگوڑا ہے، میں نے سمجھایا کہ بھاگ کے والد اگر وہ جنگ میں بھیج دیتے تو تو ودھوا ہو جاتی، اب صرف نے ساتھ رہیں گے، بڑی مشکل سے اس کی سمجھ میں آیا اور وہ راضی ہو گئی، میں نے ماں کو بھی بہت سمجھایا، کچھ روز یار دوستوں میں آوارہ پھر کر اپنے باپ کے ذر سے پراپرٹی ڈیلنگ کا کاروبار شروع کر دیا، بابا نے مجھے لگانے کے لئے ایک کھیت کا پلاٹ کاٹنے کے لئے دیا، رفتہ رفتہ مجھے چسکا لگ گیا، دوستی کچھ غلط لوگوں سے ہو گئی، جھگڑے کی زمین خریدی، مار پیٹ کر دھکا کر قبضہ کیا اور بیچ دی، نہ جانے کتنے لوگوں کو ستایا، کتنوں کا مال مارا، مار دھاڑ اور پراپرٹی کے ۱۹ مقدمے میرے ذمے لگ گئے، میں جیل چلا گیا، کسی طرح ضمانت ہوئی، میں پہلے جیل سے بہت ڈرتا تھا، ڈھائی مہینے کی جیل سے اور بھی ہمت بڑھ گئی۔

دو باتیں مجھ میں پہلے سے ہی مسلمانوں جیسی تھیں، جب سے ہوش سنبھالا کسی مورتی کسی دیوی کی پوجا نہیں کی، اور دوسری یہ کہ نجف گڑھ سے آگے ایک جگہ سور کے گوشت کی دوکانیں تھیں، مگر جوانی کے دنوں میں مرغ وغیرہ کھانے کے باوجود اس راستے سے گزرنا مشکل تھا، اگر جلدی میں گزر جاتا تو سانس روک کر نیچی نگاہ کر کے گزرتا، سور کے گوشت کو دیکھ کر مجھے الٹی سے آتی تھی، جیل سے ضمانت پر واپس آیا تو میری ماں نے جو بہت دھارمک ہیں ہر شکروار کو برت رکھتی ہیں، مجھ سے کہا تو ناستک ہے، دیوتاؤں کو مانتا نہیں بلکہ ان کا اپمان (بے ادبی) کرتا ہے اس لئے تیرے ذمہ اتنی آفت ہے، مجھے ایک ہنومان کی مورتی اور ہنومان چالیسا دیا کہ اس کا جاپ کر، میں اندر کمرے میں ماں کی ضد اور کچھ ڈر کی وجہ سے کئی روز ہنومان چالیسا کا جاپ کرتا رہا، مقدمے کی تاریخ آئی، ایک عورت

کی گواہی تھی، میں نے صبح تڑکے اٹھ کر ہنومان چالیسا کا جاپ کیا اور ہنومان کی مورتی کے سامنے بہت پرارتھنا کی حالانکہ دل میں وشواس یہی تھا کہ بے جان کی مورتی کے بس میں کیا رکھا ہے؟ صرف اس یقین کے ساتھ بری ہونے کی لالچ میں دیر تک میں نے جاپ کیا اور پرارتھنا کی کہ گواہی ٹوٹ جائے، عدالت میں گیا تو اس عورت نے ایسی ڈٹ کر گواہی دی کہ جج سمجھ گیا کہ بات سچ ہے، مجھے غصہ آ گیا یہ خیال بھی نہ رہا کہ عدالت ہے، میں غصہ میں اس عورت سے کہا کہ تجھے باہر نہیں نکلنا ہے کیا؟ جج نے سن لیا اور بہت برہم ہوا اور ضمانت کینسل کر کے جیل بھیجنے کا حکم کر دیا، دو مہینہ پھر جیل میں رہا، بابا جی نے پھر ہائی کورٹ سے ضمانت کرائی جیل سے گھر آیا تو پہلے کمرہ بند کر کے ہنومان کی مورتی پر جوتا گیلا کر کے بجایا، ہنومان چالیسا کو جلایا اور خوب گالیاں دیں، ماں نے جوتے کی آواز سنی تو باہر سے بہت چیخیں وہ سمجھ رہی تھیں کہ میں اپنی بیوی کو مار رہا ہوں مگر جب اس کو معلوم ہوا کہ وہ باہر ہے تو اس کو جان میں جان آئی، میں بیان نہیں کر سکتا کہ روز روز کے مقدموں کی تاریخ سے میں کتنا پریشان تھا، ہمارے علاقہ میں ایک ملا جی پھولوں کی ٹھیلی لگاتے تھے، میں نے ان سے بات کی کہ کوئی تعویذ والا بتاؤ میں بہت پریشان ہوں، انھوں نے کہا کہ کسی تعویذ والے کو میں نہ جانتا ہوں نہ مجھے اعتقاد ہے، ہاں تمھیں ایک چیز بتاتا ہوں تم روزانہ سو بار صلی اللہ علیہ وسلم پڑھ لیا کرو، میں نے کہا بہت اچھا، میں پریشان تھا ہی اس لئے میں نے صبح وشام پانچ پانچ سو بار پڑھا اصل میں مالک کو مجھ پر دیا آ رہی تھی، پہلی ہی تاریخ میں میں بری ہو گیا، ایک سال میں گیارہ مقدمے میرے حق میں فیصل ہوئے میں ملا جی کے پاس آنے جانے لگا اور ان سے کہا کہ اور کچھ بتاؤ تا کہ سارے مقدموں سے میری جان بچے، انھوں نے خود کچھ بتانے کے بجائے مجھے ہندی زبان میں ایک کتاب "مرنے کے بعد کیا ہوگا؟" دی، میں نے اس کو غور سے پڑھا دوزخ کی سزاؤں کو پڑھ کر

میرے دل میں ڈر بیٹھ گیا رات کو ڈراؤنے خواب بھی دکھائی دیتے مجھے بار بار خیال آتا کہ میں نے کتنے لوگوں کی زندگیاں برباد کیں، کتنے لوگوں کو مارا، میرا اب کیا ہوگا؟ مجھے اس کتاب نے بے چین کر دیا، مقدموں سے زیادہ موت کا اور دوزخ کا خوف سوار رہتا، میں سوچتا اس سنسار کی عدالت کے ان مقدموں سے زندگی خراب ہے تو اس مالک کے سامنے ان گنت مقدموں سے کیسے چھٹکارا ملے گا؟ میں نے ملا جی سے مشورہ کیا انھوں نے مسلمان ہو جانے کو کہا۔ میں نے اسلام کے بارے میں کسی کتاب کے لئے کہا تو انھوں نے "اسلام کیا ہے؟" لا کر دی میری سمجھ میں اسلام آگیا۔ اب میری سمجھ میں آیا کہ میرا فوج میں دل کیوں نہیں لگا، اگر میں فوج میں رہتا تو یہ ظلم، مار پیٹ نہ کرتا اور مرنے کا خیال بھی نہ آتا میرے مالک نے میری ہدایت کے لئے مجھے فوج سے بھگایا اور الٹ پلٹ کام کرائے۔

میں امام بخاری کے پاس جامع مسجد گیا، پہلے تو ان تک پہنچنا ہی مشکل ہے میں کسی طرح ترکیب سے پہنچ گیا امام صاحب نے کہا: اپنے یہاں کے ذمہ دار لوگوں کو لے کر آنا جو تمہیں جانتے ہوں میں دو چار روز کی کوشش سے دو مسلمانوں کو لے کر گیا تو وہ کہنے لگے شناختی کارڈ لاؤ، میں نے کہا آپ نے اسی وقت کیوں نہیں بتایا، بار بار کیوں پریشان کرتے ہیں، وہ ناراض ہو گئے اور بولے بات کرنے کی تمیز نہیں، میں کہا تمہیں تمیز نہیں مجھے تو ہے اور میں چلا آیا۔

سوال: پھر اس کے بعد کیا ہوا؟

جواب: اس کے بعد ایک صاحب نے فتحپوری مسجد جانے کو کہا میں وہاں پہنچا تو انھوں نے کہا کہ مسلمان ہونے کے بعد تمہارا نکاح ختم ہو جائے گا، تمہیں اپنی بیوی کو چھوڑنا پڑے گا میں نے کہا وہ ۲۵ سال سے میرے ساتھ رہ رہی ہے ایسی بھلی عورت ہے کہ آج تک

مجھے اس سے شکایت نہیں ہوئی میں اس کو کیسے چھوڑ سکتا ہوں؟ انھوں نے کہا پھر تمہیں کلمہ نہیں پڑھوایا جا سکتا اور نہ تم مسلمان ہو سکتے ہو، وہاں سے مایوس ہو کر میں نے تلاش جاری رکھی، ایک صاحب نے مجھے ایک مزار پر بھیج دیا، وہاں ایک میاں جی لمبے لمبے بال ڈھیر ساری مالائیں گلے میں ڈالے، ہرے رنگ کا لمبا کرتا اور بہت اونچی ٹوپی پہنے ہوئے تھے، مجھ ایک جاننے والے کو وہاں لے کر گیا تھا، انھوں نے کہا میں تمہیں کلمہ پڑھواتا ہوں، میرے قریب بیٹھو گھٹنوں سے گھٹنے ملا کر ادب سے بٹھایا اپنے داہنے ہاتھ میں میرا بایاں انگوٹھا اور بائیں ہاتھ میں دایاں انگوٹھا لے لیا اور بولے مرید ہونے کی نیت کرو اور میرے پیروں پر ادب سے نگاہ رکھو، مجھے بچپن کا کھیل نظر آ گیا ہم ایک دوسرے کو اسی طرح گھمایا کرتے تھے، مجھے ہنسی آ گئی وہ غرائے کہ ہنس رہا ہے میں نے کہا مجھے بچپن کا ایک کھیل یاد آ گیا ہے، اگر میں بچوں کی طرح آپ کو سر کے اوپر گھما کر پھینک دوں تو؟ انھوں نے پھر دھمکایا، نہ جانے کیا کیا کہلوایا، قادریہ، غوثیہ، وغیرہ وغیرہ پھر بولے میرے پاؤں کے بیچ سر رکھو میں نے منع کیا تو دھمکا کر بولے مرید ہو کر بات نہیں مانتا، میں نے سر ٹیکا اور جلدی سے اٹھالیا، وہ دوبارہ بولے ادب سے قدموں میں سر رکھو اور یہ سوچو کہ مجھ میں خدا کا نور ہے جس طرح خدا کو سجدہ کرتے ہیں اس طرح کرو، مجھے غصہ آ گیا میں نے اسلام کے بارے میں بہت کچھ پڑھ لیا تھا میں نے اس نالائق سے کہا کہ اگر میں تجھے اٹھا کر دے ماروں تو خدا میں ہوں گا، اس لئے کہ جو طاقتور ہوتا وہ خدا ہوتا ہے، میں نے دو چار گالیاں دیں اور چلا آیا۔

مجھے مسلمان ہونے کی بے چینی تھی اور موت کا کھٹکا تھا، میں نے ایک ملا جی سے ذکر کیا وہ مجھے ایک قاضی جی کے یہاں لے گئے قاضی جی نے کہا مسلمان تو ہم تمہیں کرلیں گے مگر دو ہزار روپے فیس ہوگی، میں نے کہا کہ میں مسلمانوں کا اسلام لینا نہیں چاہتا میں تو

حضرت محمد ﷺ صاحب والا اسلام قبول کرنا چاہتا ہوں اگر حضرت محمد ﷺ صاحب نے کسی کو مسلمان کرنے کے لئے پیسے لئے ہوں تو آپ بھی لے لیں، جب انھوں نے بھی ایک پیسہ نہیں لیا تو آپ کیسے پیسے مانگتے ہیں؟ دو ہزار کی بات کوئی بڑی نہیں تھی مگر مجھے وشواس نہیں ہوا میں وہاں سے بھی واپس آ گیا۔

اگلے روز ایک مسجد کے سامنے سے جا رہا تھا تو ذرا صاف ستھرے کپڑوں میں ایک مولانا صاحب مسجد کی طرف جاتے دکھائی دیئے بعد میں ان کا تعارف ہوا ان کا نام مولانا عبدالسمیع قاسمی تھا، میں نے ان سے کہا مجھے اسلام کے بارے میں کچھ بات معلوم کرنی ہے پہلے وہ جھجکے بعد میں وہ تیار ہو گئے میں نے ان سے کہا کہ اسلام کے بارے میں میں نے ۵۰ سے زیادہ کتابیں پڑھی ہیں، جب آپ ﷺ آخری حج کو گئے تو ان کے ساتھ سوا لاکھ ساتھی تھے، انھوں نے سب کو اکٹھا کر کے ان سے سوال کیا کہ میں نے اسلام تم سب تک پہنچا دیا؟ سب نے کہا کہ بالکل پہنچا چکے، حضرت محمد ﷺ نے کہا کہ اب جو یہاں سے غائب ہیں یہ اسلام تمہیں ان تک پہنچانا ہے، اس سے یہ بات معلوم ہوئی کہ جن مسلمانوں تک اسلام پہنچ چکا ہے وہ دوسرے مسلمانوں تک پہنچائیں؟ مولانا قاسمی نے کہا کہ ہاں ضرور پہنچانا چاہئے میں نے کہا کہ مولانا صاحب آپ مجھے ایسے دو چار لوگوں سے ملوائیں جو دین کو دوسروں تک پہنچانے کا کام کر رہے ہیں، مولانا بولے ایسے لوگ بھی ہیں، میں نے کہا کہ یہ کام تو سارے مسلمانوں کو کرنا چاہئے مگر مجھے ایک مسلمان بھی نہیں ملا، میں خود اسلام میں آنا چاہتا ہوں، چار بڑے مولویوں نے مجھے دھکے دے دیئے، مولانا قاسمی نے کہا کہ آپ کو ایک آدمی کا پتہ بتاتا ہوں، آپ پھلت چلے جاؤ، میں نے ان کا پتہ اور فون نمبر مانگا، انھوں نے کہا فون نمبر میں ابھی معلوم کرتا ہوں، بنگلوئی کے کسی مولانا صاحب کو انھوں نے فون کیا اور مولانا کلیم صاحب کا موبائل نمبر مل گیا، انھوں نے فون

ملانے مولانا شاہ ولیؒ سے پھلت جارہے تھے، مولانا قاسمی نے کہا کہ ہمارے ایک چودھری صاحب اسلام قبول کرنا چاہتے ہیں، مولانا نے کہا ان کو آج شام تک پھلت بھیج دیں۔ میں نے کہا فون پر مجھ سے بات کرا دو، انھوں نے فون مجھے دے دیا، میں بات کی مولانا نے کہا: آپ جب بھی آئیں ہمارے اتتھی جگہ ہو رنیا اتتھی (معزز مہمان) ہوں گے، میں سیوا (خدمت) کے لئے ہر سمے حاضر ہوں، میں نے کہا بہت بہت دھن واد (شکریہ) مجھے بڑا عجیب لگا کہ پہلی بار ایک آدمی سو ڈیڑھ سو کلو میٹر دور سے میرا اتنا سواگت کر رہا ہے۔

مجھے تو ایک ایک منٹ مشکل ہو رہا تھا، میں اسی روز ۲۴ ستمبر کو دن چھپے تک پھلت پہنچا، مولانا صاحب نماز پڑھنے گئے تھے، میں بیٹھک میں کرسی پر بیٹھ گیا، مولانا صاحب آئے تو میں نے ملاقات کی، مولانا بہت خوشی سے ملے، ان کے یہاں باہر کے کچھ مہمان آئے ہوئے تھے جو اندر مکان کے اوپر والے کمرہ میں ٹھہرے ہوئے تھے، تھوڑی دیر میں مولانا نے مجھے بھی وہیں بلوالیا، مجھ سے پیار سے سوال کیا میرے لئے سیوا بتایئے میں نے کہا میں مسلمان ہونا چاہتا ہوں، مولانا صاحب نے کہا بہت مبارک ہو، جو سانس اندر چلا گیا اس کے باہر آنے کا اطمینان نہیں اور جو باہر نکل گیا اس کے اندر جانے کا بھروسہ نہیں، اصل میں تو ایمان دل کے وشواس (یقین) کا نام ہے، آپ نے ارادہ کر لیا، دل سے طے کر لیا کہ مجھے مسلمان بننا ہے تو یہ کافی ہے مگر اس سنسار میں ہم لوگ دل کے حال کو جان نہیں سکتے اس لئے زبان سے بھی کلمہ پڑھنا پڑتا ہے آپ جلدی سے وہ لائن جس کو کلمہ کہتے ہیں پڑھ لیجئے، میں نے کہا مجھے ایک بات پہلے بتایئے کہ مسلمان ہو کر کیا مجھے بیوی کو چھوڑنا پڑے گا، مولانا صاحب! آپ کیسے مسلمان ہوں گے جو آپ اپنے جیون ساتھی کو چھوڑ دیں گے، آپ چھوڑنے کی بات کرتے ہیں، اگر آپ سچے دل سے مسلمان ہیں تو آپ کو اپنی بیوی کو سورگ (جنت) تک ساتھ لے جانا پڑے گا بلکہ اس سارے سنسار کو

نرک سے بچا کر سورگ لے جانے کی کوشش کرنی ہوگی۔ مجھے خوشی ہوئی چلو یہ اچھے آدمی ملے ہیں، مولانا صاحب نے مجھے کلمہ پڑھایا، ہندی میں ارتھ بھی کہلوایا اور بتایا کہ تین باتوں کا آپ کو خیال کرنا ہے، ایک یہ کہ ایمان اس مالک کے لئے قبول کیا ہے، جو دلوں کا بھید جانتا ہے، مولانا صاحب سے کہا کہ میں مسلمان ہوں لوگ مجھے نہ جانے کیا کیا کہتے ہیں، مگر میرا مالک جانتا ہے کہ میں مسلمان ہوں یا نہیں اور اسلام وہ ہے جو دلوں کے بھید جاننے والے کو قبول ہو جائے۔

دوسری بات یہ ہے کہ اس دنیا میں بھی ایمان کی ضرورت ہے اور وہ آدمی جو ایک مالک کو چھوڑ کر دوسرے کے آگے جھکے کتے سے بھی زیادہ گیا گزرا، کہ کتا بھی بھوکا پیاسا اپنے مالک کے ایک در پر پڑا رہتا ہے، وہ آدمی کتے سے بھی بدتر ہے جو در در جھکے، مگر اصل ایمان کی ضرورت موت کے بعد پڑے گی جہاں ہمیشہ رہنا ہے تو موت تک اس ایمان کو بچا کر لے جانا ہے۔

تیسری سب سے ضروری بات یہ ہے کہ یہ ایمان ہماری آپ کی ملکیت نہیں ہے بلکہ یہ ہمارے پاس ہر اس انسان کی امانت ہے جس تک ہم پہنچا سکتے ہیں اب اگر مالک نے ہمیں راستہ دکھا دیا ہے تو ہمیں سارے خاندان، دوستوں اور جاننے والوں تک اس سچائی کو پہنچانے کی ذمہ داری ادا کرنی ہے میں نے کہا مولانا صاحب آپ سچ کہتے ہیں میں اصل میں خوف اور لالچ سے مسلمان ہو رہا ہوں، مرنے کے بعد کیا ہوگا، دوزخ کا کھٹکا اور جنت کی کتنی کتابوں میں میں نے جو کچھ پڑھا فلم کی طرح میرے دل و دماغ میں گھومتا رہتا ہے مجھے خیال ہوتا ہے کہ تو نے اتنے ظلم کئے ہیں موت کے بعد کیا ہوگا؟ اب میں آپ کے سامنے عہد کرتا ہوں کہ اسلام میں مالک نے جن کاموں سے روکا ہے پوری جان لگا کر ان کاموں سے بچنے کی کوشش کروں گا، شاید میرے مالک کے سامنے جانے کا میرا

مندہ ہو جائے میں نے مولانا صاحب کو بتایا کہ یہ بھی اچھا ہوا کہ میں نے اسلام کو پڑھ کر مسلمان ہونے کا فیصلہ کیا، مسلمانوں کو دیکھ کر نہیں، آج کے مسلمانوں کو دیکھ کر کون مسلمان ہو سکتا ہے؟ میرے چاروں طرف بہت سے مسلمان رہتے ہیں، ہمارا ایک کرایہ دار غلام حیدر نام ہے، نماز بھی نہیں پڑھتا میں نے ان سے ایک بار کہا تم ہر مہینہ میرے ماں باپ کو کرایہ دیتے ہو، اگر تم ان سے مسلمان ہونے کو کہو تو کیا خبر وہ مسلمان ہو جائیں اور اگر وہ مسلمان ہو جائیں تو ہمارا پورا خاندان مسلمان ہو جائے گا، وہ بولے تمہارے بابا علاقہ کے پردھان ہیں اگر میں نے ان سے کہہ دیا تو ہمیں جینا مشکل کر دیں گے، میں نے کہا تم خدا سے نہیں ڈرتے میرے بابا سے ڈرتے ہو، اس نے یہ کعبہ کا فوٹو ہٹا کر میرے بابا کا فوٹو لگا دو اور روزانہ اس کا نام جاپ کر کے میرے بابا کو ڈنڈوت کرنا، میرے بابا نے کسی دن دیکھ لیا تو وہ تمہارا کرایہ معاف کر دیں گے، تمہارے مزے آجائیں گے، میں نے ان سے کہا کہ تم اپنے کو سید بتاتے ہو، خدا کے سامنے تمہیں بھی جانا ہوگا، میں مالک کے سامنے ہی لٹھ ماروں گا کہ انھوں نے سید ہو کر ایک دن بھی ہمیں ایمان لانے کو نہیں کہا۔

سوال: اس کے بعد کیا ہوا؟

جواب: میں نے مولانا صاحب سے اپنی روداد سنائی اور چار بڑے مولاناؤں کے پاس سے واپس آنے کی بات سنائی، مولانا نے مجھے بہت پیار سے سمجھایا کہ ان کا ایسا کرنا ٹھیک تھا اور مجھے تسلی دی۔

سوال: آپ کے کتنے بچے ہیں؟

جواب: دو لڑکے اور دو لڑکیاں ہیں، بڑی لڑکی کی شادی میں نے کر دی ہے، ہمارا سماج اصل میں پٹھانوں سے بہت ملتا جلتا ہے، بہت شرم و حیا ہے، مردوں کا رہنا باہر اور عورتوں کا اندر، میں اپنی ماں کے سامنے اپنی بیوی سے آج تک بات نہیں کر سکا، ماں بیٹھی ہوگی تو

میں اس کو ئی کام بتاؤں گا، وہ کبھی کہتی بھی ہے کہ یہ تیری پانچ ہاتھ کی جھونپڑی تو اس سے کیوں نہیں کہتا، میں کہتا ہوں ماں جب تو مر جائے گی تب اس سے کہوں گا، ہمارے یہاں ابھی تک لڑکی کو پڑھانے کا رواج نہیں ہے، پورے خاندان میں میں نے بغاوت کر کے بڑی لڑکی کو پڑھایا، ہائی اسکول پاس کیا تو اس نے کہا: پاپا جی مجھے دو ہزار روپئے چاہئے، میں نے کہا بیٹی! دو ہزار کا کیا کروگی؟ اس نے کہا ایک ہزار کا موبائل مل رہا ہے، میں نے کہا موبائل کا کیا کروگی؟ اس نے کہا بات کیا کروں گی میں نے پوچھا اور ایک ہزار کا کیا کروگی اس نے کہا جینس لاؤں گی، میں نے اس سے کہا کہ دو ہزار کی جگہ پانچ ہزار دوں گا، مگر ۱۵ دن کے بعد، میں نے لڑکے والوں کو بلوایا جہاں رشتہ طے کر رکھا تھا اور کہا آٹھ دن میں پھیرے پھروالو تو لڑکی تمہاری، ورنہ میں کسی دوسری جگہ شادی کر دوں گا، وہ تیار ہو گئے، بابا سے کہہ کر پنڈت بلوالیا اور پھیرے پھروادئے، میں نے لڑکی کو ڈھائی ہزار روپئے دیئے اور کہا آدھے تو یہ لو اور آدھے اس دن دوں گا جس روز گود میں بٹھا کر رخصت کرنے کے لئے تجھے گاڑی میں ٹیکوں (بٹھاؤں) گا، آج ہائی اسکول کر کے موبائل اور جینس مانگ رہی ہے اگر انٹر کر لیا تو کسی بھنگی کا ہاتھ پکڑ کر گھر لے آئے گی کہ پاپا جی یہ تمہارا داماد ہے، میں نے عہد کر لیا کہ لڑکی کو پانچویں سے آگے ہرگز نہیں پڑھانا ہے، یہ بات میں نے مولانا صاحب سے بھی کہی تھی، انھوں نے کہا یہ سوچ ٹھیک نہیں ہے، اب تم مسلمان ہو گئے ہو، آپ کو اسلام کی ہر بات ماننا ہوگی، اسلام نے علم حاصل کرنے کو فرض کہا ہے اور لڑکا لڑکی دونوں کو پڑھانا ضروری ہے مگر شرط یہ ہے کہ اسلامی ماحول اور تربیت میں، میں نے وعدہ کر لیا اب میرا پکا ارادہ ہے کہ اپنے ان تینوں بچوں کو اسلامی تعلیم کی جو سب سے بڑی ڈگری ہوگی اس تک پڑھاؤں گا، آگے مالک کے ہاتھ میں ہے، اب میں نے بالکل اسلامی اصولوں پر زندگی گزارنے کا فیصلہ کیا ہے میں شراب کا بہت عادی تھا، حالانکہ جب

میں ہندو تھا مت کر کے وہ مہینے تین مہینے تک کئی بار شراب چھوڑی اور دوستوں کو اپنے ہاتھوں سے پلائی مگر خود نہیں پی مگر جب سے میں نے کلمہ پڑھا ہے اب زندگی بھر نہ پینی ہے اور نہ پلانی ہے اور نہ پینے والوں کے پاس بیٹھنا ہے، ۵ا دن ہو گئے مجھے خیال بھی نہیں آیا اور مالک کا کرم ہے کہ کسی دوست نے بھی میرے سامنے نہیں پی، حالانکہ کسی کو معلوم بھی نہیں ہے کہ میں نے چھوڑ دی ہے یا اسلام قبول کر لیا ہے۔

سوال: آپ نے یہ باتیں اپنی بیوی سے بتا دیں؟

جواب: میری بیوی میری ماں کی طرح بہت دھارمک اور بہت کٹر ہے جب مولانا صاحب مجھ سے کہہ رہے تھے کہ اس کو اپنے ساتھ جنت میں لے جانا ہے تو میں نے بتایا کہ وہ تو بہت کٹر ہندو ہے، جس روز گوشت کھا کر آتا ہوں گھر میں گھسنا مشکل کر دیتی ہے، نہ جانے اس کو کیسے خوشبو آ جاتی ہے، مولانا صاحب نے کہا کہ کٹر ہندو ہی پکی مسلمان ہوتی ہے، دھرم پر انسان اپنے مالک کو خوش کرنے کے لئے ہی پابندی کرتا ہے، اگر آپ اس کو سمجھا دیں کہ یہ راستہ غلط ہے اور سچا راستہ اسلام ہے تو اسلام پر بھی وہ بہت سختی سے عمل کرے گی، میں نے پھلت میں مولانا صاحب کے بھانجے کے موبائل سے اس کو بتا دیا تھا کہ میں مسلمان ہو گیا ہوں تو وہ بہت ناراض ہوئی، میں نے یہ کہہ کر بات بند کر دی کہ میں دوسرے کے موبائل سے فون کر رہا ہوں۔

سوال: اس کے بعد کیا ہوا؟

جواب: اگلے روز صبح کو میرے مقدمے کی تاریخ تھی، مجھے صبح وکیل سے بھی ملنا تھا، اس لئے رات کو مولانا صاحب نے اپنی گاڑی سے کھتولی پہنچا دیا، رات کو بارہ بج کر ۴۵ منٹ پر گھر پہنچا مہارانی جی غصے میں بھری تھیں، دھکے دینے لگی بار بار گالیاں دیں ۲۵ سال کا سارا ادب بھول گئی، کہنے لگی کہ تو دھرم بھرشٹ کر کے آیا ہے تو میرا کیا لگتا ہے، بھاگ جا،

نہ جانے کیا کیا کہا صبح تک لڑائی ہوتی رہی، مولانا نے بیوی کو دعوت دینے کے لئے آخری ہتھیار کے طور پر ایک پوائنٹ بتا دیا تھا، صبح ہونے کو ہوئی میں اس ڈر سے کہ دن نکل گیا تو یہ سب کو بتادے گی اسلئے میں نے آخری تیر کے طور پر اس کا استعمال کیا، میں نے اس سے کہا کہ تو اصلی ہندو ہے یا نقلی، اس نے کہا اصلی ہوں بالکل اصلی، میں نے کہا کہ اگر اصلی ہندو ہے اور میں اسلام کی چتا میں جل گیا ہوں تو تجھے بھی میرے ساتھ ستی ہو جانا چاہئے، اب تو مجھے چھوڑ کر یا دھکے دے کر بازاری بنے گی یا دوسرے کے پاس بیٹھے گی، بھگوان نے تجھے میرے ساتھ باندھا ہے، تو اگر اصلی ہے تو میرے ساتھ ستی ہو جانا چاہئے، تیر نشانے پر لگ گیا وہ چپ ہو گئی دیر تک ہچکیوں سے روتی رہی میں اس کے قریب گیا پیار کیا اور دکھ سکھ اور جیون مرن میں ساتھ دینے کے وعدوں کی دہائی دے کر مسلمان ہونے کے لئے کہا وہ تیار ہو گئی، ٹوٹا پھوٹا کلمہ پڑھوایا اور صبح فجر کی نماز ہم دونوں نے ایک ساتھ پڑھی، بیوی کے مسلمان ہونے کی اپنے مسلمان ہونے سے زیادہ مجھے خوشی ہوئی، مجھے مولانا صاحب کی ہر بات پچی لگنے لگی، انھوں نے ہی کہا تھا کہ بیوی کو چھوڑنے کی بات کیا مطلب؟ اس کو جنت تک ساتھ لے جانا ہے۔

سوال: اب آپ کا کیا ارادہ ہے؟ اسلام کی تعلیم کے لئے آپ نے کیا سوچا؟

جواب: ہمارے علاقہ میں ایک مولانا صاحب مسجد میں امام ہیں میں روزانہ رات کو ان کے پاس جا رہا ہوں، مجھے جماعت میں جانا ہے مگر مقدموں کی تاریخوں کی وجہ سے ابھی مجبور ہوں، میں نے اپنی بڑی لڑکی اور داماد کو بھی "مرنے کے بعد کیا ہوگا" اور "آپ کی امانت" پڑھنے کے لئے دی ہے۔

سوال: ارمغان کے واسطے سے آپ مسلمانوں سے کچھ کہنا چاہیں گے؟

جواب: مجھے صرف یہ کہنا ہے کہ یہ دین جب امانت ہے جیسا کہ مولانا صاحب نے "آپ

کی امانت آپ کی سپرد ہیں" تمہی لکھا ہے تو پھر اسے سارے سنسار تک پہنچانا چاہئے، آج کے دور میں اسلام پہنچانا بہت آسان ہے، میں لاکڑا جاٹ ہوں، جاٹ قوم کی سائیکالوجی اچھی طرح جانتا ہوں، جاٹ بہت لالچی ہوتا ہے اور لالچی سے زیادہ ڈرپوک ہوتا ہے، خصوصاً قتل اور سزا سے جتنا جاٹ ڈرتا ہے شاید دوسرا نہیں ڈرتا، احمد بھائی میں آپ سے سچ کہتا ہوں کہ اگر "مرنے کے بعد کیا ہوگا" اور "دوزخ کا کھٹکا" ہندی انوواد (ترجمہ) کر کے جاٹوں تک پہنچایا جائے اور قرآن مجید میں جنت دوزخ کا جو ذکر ہے ان کو سنایا جائے تو جاٹ سارے کے سارے ضرور مسلمان ہو جائیں گے، اس سے زیادہ ضروری بات یہ ہے کہ جب دین امانت ہے اور مالک کے سامنے حساب دینا ہے تو اس کا بھی حساب ہوگا کہ اس کو پہنچایا یا نہیں، اس لئے دین کو دوسروں تک پہنچانا نہ صرف یہ کہ دوسروں کے لئے ضروری ہے مرنے کے بعد کے جواب سے بچنے کے لئے خود مسلمانوں کے لئے بھی ضروری ہے۔

سوال: آپ کی باتیں اتنی دلچسپ اور مزے کی ہیں کہ جی چاہتا ہے دیر تک سنے جاؤں، مگر بات لمبی ہوگئی ہے اس لئے باقی آئندہ انشاء اللہ، بہت بہت شکریہ، السلام علیکم، فی امان اللہ۔

جواب: آپ کا بھی شکریہ وعلیکم السلام۔

مستفاد از ماہنامہ ارمغان نومبر ۲۰۰۳ء

۱۵

جناب ماسٹر محمد اسلم صاحب (پرسودکمار) سے ایک ملاقات

میری اپنے بھائیوں سے درخواست ہے کہ پیارے نبی ﷺ آخری حج کے موقع پر سب سے وصیت کر کے گئے کہ فلیبلغ الشاہد الغائب یہ دین ہر غائب شخص تک پہنچا دیا جائے، ختم نبوت کے بعد یہ کار دعوت اسلام کی سب سے بڑی شان کے طور پر ہمیں ملا ہے اور اس کام میں غفلت اور ایمان کو لوگوں تک نہ پہنچانے کی وجہ سے ہمارے حضرت کے بقول ہر منٹ میں تین سو تیرہ ہمارے بھائی کفر اور شرک پر مر کر ہمیشہ کی آگ کا ایندھن بن رہے ہیں، یہ سب ہمارے بھائی ہیں اگر نہ جاننے اور نہ سمجھنے کی وجہ سے وہ ہم سے دشمنی کرتے ہیں تو اس سے ان کا حق ختم نہیں ہوتا، ہماری ترقی اور نجات کا واحد راستہ دعوت ہے، ہمارے نبی ﷺ سے عشق کا دعویٰ اور آپ کی ایک پیار بھری وصیت اور آخری نصیحت اور خواہش کا ہم نے خیال نہ رکھا تو یہ بہت دکھ کی بات ہے۔

مولانا احمد اوّاہ ندوی

سوال: السلام علیکم

جواب: وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ برکاتہ

سوال: آپ کی تعریف؟

جواب: میرا نام محمد اسلام ہے، دیوبند کے قریب ایک گاؤں کا رہنے والا ہوں، میرا پرانا نام پرسودکمار ہے ایک بہت مذہبی جاٹ گھرانے کا فرد ہوں، اب سے ساڑھے سات

سال قبل میں نے اسلام قبول کیا، الحمد للہ میں نے بارہویں کلاس تک تعلیم حاصل کی ہے۔

سوال: اپنے خاندان کے بارے میں بتائیں؟

جواب: میرے تین بھائی ایک بہن ہے، والدین حیات ہیں جب میری چھ سال کی عمر تھی میرے والد نے سنیاس لے لیا تھا وہ گنگا کے کنارے ایک بڑا مشہور آشرم چلاتے ہیں، ہندو مذہب کے بڑے گیانی اور عالم ہیں، اس کے علاوہ خاندان میں چچا تائے اور پھوپھیا وغیرہ ہیں، ہمارا خاندان بڑا خاندان ہے۔

سوال: آپ نے کہا کہ آپ کے والد ہندو مذہب کے بڑے گیانی رہے ہیں کیا اب نہیں ہیں؟

جواب: الحمد للہ اب تو انھوں نے بھی اسلام قبول کر لیا ہے۔

سوال: اپنے قبول اسلام کا حال سنائیں؟

جواب: حقیقت یہ ہے کہ اسلام دین فطرت ہے جیسا کہ ہمارے حضرت فرماتے ہیں کہ جس طرح انسان کے پیٹ کو بھوک و پیاس لگتی ہے اور پانی اور کھانے کے بغیر آدمی بے چین رہتا ہے اسی طرح انسان کی روح اس کی آتما کو دین اسلام خصوصاً توحید خالص کی تلاش اور بے چینی رہتی ہے۔ مجھے بچپن ہی سے خیال آتا تھا کہ جس طرح مالک نے اس دنیا کو بنایا ہے اس تک کس طرح پہنچا جائے بہت سے دھرم گروؤں سے میں بات کرتا تھا مگر اطمینان نہ ہوتا تھا، ایک حافظ صاحب سے میرا رابطہ ہوا میں نے ان سے بھی اس طرح کے سوالات کئے انھوں نے اسلام کے بارے میں مجھے بتایا جو مجھے اچھا لگا، سب سے زیادہ اسلام کی پاکی کا نظم مجھے بے حد پسند آیا، مجھے خیال آتا تھا کہ پیشاب، پاخانہ ایسی گندی چیزیں ہیں کہ آدمی جہاں پر یہ ہوں وہاں کھڑا ہونا پسند نہیں کرتا، جب یہ پیشاب انسان کے کپڑوں اور جسم کو لگے گا تو انسان کیسے (شدھ) پاک ہو سکتا ہے اور مالک تو بڑا

(نوٹ) پاک ہے وہ ناپاک انسان کو کیسے مل سکتا ہے، پاکی کی اس چاہت اور پسند کے ذریعہ میرے اللہ نے میرے دل کو کفر وشرک سے پاک کردیا اور میں نے اسلام قبول کرلیا، حافظ صاحب مجھے پھلت حضرت کے پاس لائے، پھر میں نے چار مہینے، جماعت میں لگائے اور خوب محنت سے دین سیکھا پھر حضرت مولانا نے مجھے چاچک ضلع جھنا نگر بھیج دیا، وہاں مدرسے میں میں نے قرآن شریف، تجوید اور دینیات پڑھی اور بچوں کو پڑھایا، اس کے بعد دو سال سے پھلت میں ہوں۔

سوال: قبول اسلام کے بعد آپ کو کن مشکلات کا سامنا کرنا پڑا؟

جواب: ایک آدمی جب اپنا سب کچھ چھوڑ کے نئے ماحول میں آتا ہے تو اس کو پریشانی تو ہوتی ہی ہے مجھے بھی اس سے واسطہ پڑا، کئی بار کئی کئی روز تک فاقہ کرنا پڑا، میرے لئے سب سے تکلیف کی بات مسلمان بھائیوں کے سوالات اور ہر آدمی کا انٹرویو لینا تھا، مگر ان سب کے باوجود میں نے جس قیمتی ایمان کو قبول کیا تھا اس کے لئے یہ پریشانیاں کوئی زیادہ نہیں تھیں۔

سوال: سنا ہے آپ ایک بار غصے میں آکر کہیں چلے گئے تھے پھر آپ کے دوبارہ آنے کا کیا ذریعہ بنا؟

جواب: اپنی ناسمجھی اور کچھ لوگوں کے مسلسل سوالات سے تنگ آکر میں گڑگاؤں ایک عیسائی مشن میں چلا گیا تھا اصل میں میری غلطی یہ تھی کہ میں سمجھتا تھا کہ میں نے اسلام قبول کیا ہے تو میرے مسائل کا حل کرنا مسلمانوں کے ذمہ ہے اور قبول اسلام کو میں شیطان کے بہکاوے میں مسلمانوں پر احسان سمجھنے لگا تھا، مگر میرے اللہ کا کرم تھا کہ میرا عقیدہ ٹھیک رہا گو میں ظاہر میں عیسائی مشن سے جڑ گیا تھا وہاں کے حال کو دیکھ کر بھی مجھے اسلام کی قدر بڑھی اور سب سے زیادہ میرے حضرت کی ماں سے زیادہ ممتا اور شفقت بلکہ ان کی

روحانی توجہ مجھے مقناطیس کی طرح کھینچتی رہتی، میں وہاں بے چین رہتا تھا اور پھر بلا اختیار مجھے پھلت آنا پڑا لکھتوری آکر میں نے حضرت کو فون کیا حضرت نے پھلت بلایا، میں نے اپنا حلیہ بدل لیا تھا مجھے شرم آرہی تھی مگر حضرت نے مسجد میں بلایا اور جامع مسجد میں گلے لگا کر خوب روئے اور مجھے سمجھایا، دوزخ کی آگ کا خوف دل میں بٹھایا اور مجھے کہا کہ تمہاری سب سے بڑی غلطی یہ ہے کہ ایمان کو تم مسلمانوں پر احسان سمجھ رہے ہو حضرت نے کہا کہ اگر ایک انسان کسی ڈوبتے آدمی کو یا آگ میں جلتے آدمی کو اس پر ترس کھا کر ڈوبنے یا آگ سے میں جلنے سے بچا لے اور اس کو وہاں سے نکال لے اور ڈوبنے اور جلنے سے بچنے والا آدمی اس سے یہ کہے کہ تم نے میری جان بچائی اسلئے اب میرے سارے مسائل آپ کو حل کرنے ہیں میری روٹی کپڑے اور ساری ضروریات کا انتظام آپ کو کرنا ہے تو اس آدمی کی کیسی غلط بات ہے، الحمدللہ مجھے اپنی غلطی کا احساس ہوا اور میں نے صلوۃ التوبہ پڑھی۔

سوال: اسلام میں آکر آپ کیا محسوس کرتے ہیں؟

جواب: اسلام میں آکر میں اللہ کا بڑا شکر ادا کرتا ہوں اور مجھے جب بھی اپنے ایمان کا خیال آتا ہے تو مجھے اپنے اللہ کے سامنے سجدے میں گرنے کو جی چاہتا ہے اور اس خیال سے کہ کہیں مجھے میرے اللہ نے ہدایت نہ دی ہوتی اور حضرت کے پیار و محبت کی وجہ سے میں عیسائی مشن سے نہ نکلتا اور اس میں میری موت آجاتی تو کیا ہوتا؟ اور میرا رواں کھڑا ہو جاتا ہے، جیسا کہ مجھے اس وقت ہو رہا ہے۔

الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِي هَدَانَا لِهٰذَا وَمَا كُنَّا لِنَهْتَدِيَ لَوْلَا أَنْ هَدَانَا اللّٰهُ

سوال: آپ نے فرمایا کہ آپ کے والد نے بھی اسلام قبول کر لیا ہے ان کے قبول اسلام کا کچھ حال بھی سنائیے؟

جواب: ہمارے حضرت نے میرے خاندان کے بارے میں معلوم کیا جب میں نے ان
مفتی جی لینے اور آشرم کا حال بتایا تو انھوں نے مجھ سے ان کی ہدایت کے لئے دعا کو کہا،
ہمارے حضرت کا یہ بھی خیال ہے کہ اگر نومسلموں کو کار دعوت پر لگایا جائے تو ان کا
پریشانیوں سے گھبرا کر مرتد ہونے کا خطرہ رہتا ہے انھوں نے مجھے والد صاحب کے پاس
جانے کے لئے کہا اور مولانا عمران مظاہری کو میرے ساتھ بھیجا ہم آشرم پہنچے، تو میرے
والد نے پہچان لیا مگر وہاں کے ماحول کی وجہ سے اظہار نہیں کیا ہم نے ان کے گرو کا حوالہ
دیا جس کو بہانہ بنا کر شفقت پدری میں انھوں نے ہماری بہت خاطر کی چلتے وقت دونوں کو
سو سو روپئے بھی دئے اور پھر آنے کو کہا، ہم لوگ پھلت آئے تو حضرت نے کارگذاری سنی
اور اس پر افسوس کیا کہ آپ نے دعوت کیوں نہیں دی اور دوبارہ جانے کو کہا اور پھلت کی
دعوت دینے کو کہا، ہم دوبارہ گئے اور دعوت تو دینے کی ہمت نہ ہوئی پھلت کے لئے وعدہ
لیا اور حضرت کی کتاب ’’آپ کی امانت آپ کی سیوا میں‘‘ دے کر آگئے، انھوں نے ایک
ہفتے بعد آنے کا وعدہ کر لیا۔

ایک ہفتے بعد میں ان کو لینے گیا، شروع میں ماحول سے مانوس کرنے کے لئے
ان کو چاندنی چوک مدرسے میں رکھا دو روز بعد پھلت پہنچے، وہ آپ کی امانت کتاب سے بے حد
متاثر تھے اور حضرت سے ملنے کو بے چین تھے، رات کو ایک بجے حضرت سفر سے آئے صبح
آٹھ بجے حضرت سے ملاقات کی، میرے والد کو حضرت نے دیر تک گلے لگایا، پھر تنہائی
میں باتیں کیں اور تھوڑی دیر کے بعد خوشخبری ملی کہ میرے والد نے کلمہ پڑھ لیا ہے، ہم
لوگوں نے تفصیلات معلوم کیں تو حضرت نے بتایا کہ میں نے دو رکعت نماز پڑھ کر اللہ
سے دعا کی اور پھر ان سے کہا کہ آپ ماسٹر اسلام کے والد ہونے کی وجہ سے میرے بھی
والد کی طرح ہیں، اگر مجھے معلوم ہو کہ آپ انجانے میں ایک ایسے راستے پر جارہے ہیں

جہاں آگ کا الاؤ جل رہا ہے اور آپ اس میں کسی وقت بھی گر کر جل جائیں گے تو میرا کیا حال ہوگا، انھوں نے کہا کہ آپ بڑے دکھ میں رہیں گے تو میں نے عرض کیا کہ جب مجھے یقین ہے کہ ایمان کے بغیر (مکتی) نجات نہیں اور موت کا کچھ پتا نہیں کون سا سانس آخری ہو تو مجھے کس قدر تکلیف ہوگی، انھوں نے کہا بے شک بہت تکلیف ہوگی، میں عرض کیا کہ بس آپ کے اختیار میں ہے یا تو ایمان قبول کر کے ہمیں چین دلا دیں یا اس طرح تڑپتا چھوڑ دیں، انھوں نے کہا ایسا نہیں ہو سکتا، میں نے تو آپ کی امانت پڑھ کر طے کر لیا تھا کہ مجھے ایمان لانا ہے، مجھے بار بار یہ خیال آتا تھا کہ جب ان کی کتاب پڑھنے میں ایسا آنند (مزہ) اور پریم ملا ہے تو ان سے ملنے میں کیا آنند (مزہ) ہوگا۔

میں سمجھ گیا تھا کہ وہ کوئی مہان آتما ہے جو ایشور نے دھرتی والوں کے اودھار کے لئے بھیجی ہے، اب اس کی دو صورتیں ہیں ایک تو یہ ہے کہ مجھے مسلمان کرلیں اور میں بھی مسجد میں اللہ اللہ کروں، دوسری صورت یہ ہے کہ میرے ساتھ بہت سے لوگ میرے شاگرد ہیں جو مجھ سے اس لئے جڑے ہیں کہ ان کو شانتی کا سچا راستہ بتاؤں گا ان کا بھی حق ہے میں مسلمان ہو جاؤں مگر ابھی ظاہر نہ کروں اور وہاں جا کر اپنے لوگوں سے کہوں کہ گنگا کی ترائی میں ہماری صحت اچھی نہیں ہے اب ہم پہاڑوں کے پاس اچھی آب و ہوا میں آشرم بنائیں گے، پھر ان کو بھی ساتھ لائیں اور ان کو سچائی بتائیں۔

آپ جیسا کہیں ویسا ہوگا، میں نے ان سے کہا یہ صورت بہت اچھی ہے، پہلے آپ کلمہ پڑھ لیں انھوں نے کلمہ پڑھا اور عبد اللہ نام تجویز ہوا، الحمد للہ۔

سوال: پھر اس کے بعد ان کا کیا ہوا؟

جواب: حضرت کے درد نے ان کو شکار کر لیا، بار بار وہ حضرت کے گلے لگتے تھے، انھوں نے حضرت سے کہا کہ میں قرآن پڑھنا چاہتا ہوں، ہندی کا قرآن دلوا دیں، میں نے

قرآن پڑھا ہے مگر اس وقت میں نے مسلمانوں کا دھرم گرنتھ سمجھ کر پڑھا تھا، اب میں اس لئے پڑھنا چاہتا ہوں کہ میرے مالک مجھ سے کیا کہتے ہیں، اس کے بعد وہ شرم چلے گئے اپنے دو چیلوں کے ساتھ وہاں پر کچھ دن جمنا نگر کے مدرسہ میں رہے۔

ان کے دونوں چیلوں نے اسلام قبول کر لیا تھا، ایک چیلے کی بات آپ کو کیا بتاؤں کہ وہ سہارنپور میں ایک ہندو نائی کے یہاں اپنی جٹائیں (بال) کٹوانے کیلئے پہنچا، تو نائی نے کہا کہ کیا تمہارے سر میں جوں ہو گئی ہیں، اس نے کہا نہیں، نائی نے معلوم کیا تو پھر یہ کیوں کٹوا رہے ہو؟ اس نے بغیر جھجک کے کہا کہ اصل میں میں مسلمان ہو گیا ہوں اور شرک اور کفر کی ہر چیز کو میں ختم کرنا چاہتا ہوں اس لئے جٹائیں (بال) کٹوا رہا ہوں۔

افسوس ہے کہ ابھی میرے والد کے لئے کسی جگہ کا نظم نہیں ہو سکا، مگر الحمد للہ وہ بہت مضبوط ہیں اور بے چین ہیں، قرآن شریف پڑھتے ہیں اور ذکر کرتے ہیں۔

سوال: جزاکم اللہ آپ نے اپنے خاندان کے لوگوں پر کام کیا اور اس کے کیسے اچھے اثرات ہوئے؟

جواب: میرے حضرت نے مجھے متوجہ کیا، شروع میں میرے گھر والے مجھ سے نفرت کرتے تھے، مگر جب میں نے ان کے لئے دل سے ہدایت کی دعا کی اور ہمدردی میں دعوت کی نیت کی تو حالات بدل گئے، اللہ تعالیٰ نے مدد فرمائی، داعی کے ساتھ غیبی مدد آتی ہے اور اللہ راستے کھول دیتے ہیں، ہم فضول میں ڈرتے ہیں، اب سب رشتے داروں کے یہاں میرا آنا جانا ہے، وہ میرا بہت احترام کرتے ہیں، غور سے بات سنتے ہیں بلکہ ایک طرح کی عقیدت سے ملتے ہیں، اپنے دنیوی مسائل میں دعا کو کہتے ہیں، میں نے حضرت کی کتاب "آپ کی امانت" ان کو دی، کچھ لوگ بہت قریب ہو گئے ہیں، مجھے امید ہے کہ ان شاء اللہ ان میں سے بہت لوگ اسلام قبول کر لیں گے، ان میں بعض لوگ بہت پڑھے لکھے اور بڑے

عہدوں پر ہیں۔

سوال: آپ محلہ میں دن رات مسجد اور دعوت سے جڑے رہتے ہیں یہ جذبہ آپ میں کس طرح پیدا ہوا؟

جواب: میرے حضرت کا صدقہ ہے، انھوں نے ہمارے دل میں یہ بات بٹھائی کہ ایک مسلمان کی زندگی کا مقصد دعوت اور دین کی خدمت ہے، روزگار اور دوسری چیزیں زندگی کی ضروریات ہیں، میرا دل چاہتا ہے کہ بزرگوں کی بستی پھلت ایک اسلامی بستی بن جائے، تاکہ لوگ یہاں آکر دینِ اسلام کو جان لیں اور قبول کریں۔

سوال: آپ مسلمانوں کے لئے کچھ پیغام دینا چاہیں گے؟

جواب: میں حقیر آدمی پیغام کیا دے سکتا ہوں، بس میں اپنے بھائیوں سے درخواست کرسکتا ہوں، ایک درخواست یہ ہے کہ پیارے نبی ﷺ آخری حج کے موقع پر سب سے وصیت کر کے گئے کہ فَلْیُبَلِّغِ الشَّاھِدُ الْغَائِبَ یہ دین ہر غائب شخص تک پہنچا دیا جائے۔

ختم نبوت کے بعد یہ کارِ دعوت اسلام کی سب سے بڑی شان کے طور پر ہمیں ملا ہے اور اس کام میں غفلت اور ایمان کو لوگوں تک نہ پہنچانے کی وجہ سے ہمارے حضرت کے بقول ہر منٹ میں تین سو تیرہ ہمارے بھائی کفر اور شرک پر مر کر ہمیشہ کی آگ کا ایندھن بن رہے ہیں، یہ سب ہمارے بھائی ہیں اگر نہ جاننے اور نہ سمجھنے کی وجہ سے وہ ہم سے دشمنی کرتے ہیں تو اس سے ان کا حق ختم نہیں ہوتا، ہماری ترقی اور نجات کا واحد راستہ دعوت ہے، ہمارے نبی ﷺ سے عشق کا دعویٰ اور آپ کی ایک پیار بھری وصیت اور آخری نصیحت اور خواہش کا ہم نے خیال نہ رکھا یہ بہت دکھ کی بات ہے۔

دوسری درخواست یہ ہے انسان ایک سماجی جاندار ہے اسے جینے کے لئے ایک سماج کی ضرورت ہے، ایک نو مسلم کو اسلام قبول کرنے کے بعد ہجرت کر کے اپنا گھربار

سب کچھ چھوڑنا پڑتا ہے اس کو بڑے سہارے اور گلے لگانے کی ضرورت ہوتی ہے جنگل بیابان میں وہ لوگوں اور مسلمان بھائیوں کا سہارا تکتا ہے یہ رہنے آنے والے کو اپنے پیروں پر کھڑا کرنے کی ضرورت ہے وقتی طور پر کچھ مدد کرکے کچھ صدقہ خیرات دیکر اس کو بھکاری بنادیا اس کی عادت بگاڑنا ٹھیک نہیں ہے اگر ایک مسلمان بھائی مدینے کی سوا خاۃ کا نمونا بن کر ایک مہاجر بھائی کی فکر کوا اڑھ لے اس کو قرض دے کر یا شرکت کرکے اس کو پیروں پر کھڑا کرانے کی کوشش کرے تو اس کے خاندان کو دعوت دینا آسان ہو جائے تو اس کو تسلی بھی ہوگی اس کے لئے کچھ روز ہمارے حضرت کے ساتھ آکر صحبت اور ملاقات کرنی چاہئے

سوال: بہت بہت شکریہ جزاکم اللہ السلام علیکم ورحمۃ اللہ

جواب: وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ برکاتہ

مستفاد از ماہنامہ ارمغان فروری ۲۰۰۳ء

(۱۶)

جناب عبدالرحمٰن صاحب (رگھوبیر سنگھ) سے ایک ملاقات

میں اس تصور سے بھی کانپ جاتا ہوں اگر میرے اللہ مجھے ہدایت نہ دیتے تو کفر پر میری موت ہوتی، اچانک پھر مجھے غم سا ہو جاتا ہے کہ کہیں میری شامت اعمال کی وجہ سے مجھ سے اسلام کی نعمت چھین نہ لی جائے اس لئے کہ اصل ایمان تو خاتمہ کا ہے، میں اس تصور سے کانپ کر اکثر سجدے میں گر جاتا ہوں اور دعا کرتا ہوں کہ اے اللہ آپ تو سخیوں کے سخی ہیں، آپ کے نبیؐ نے ہمیں بتایا کہ کسی کو چیز دے کر یا ہدیہ دے کر واپس لینے والا ایسا ہے جیسا الٹی کر کے چاٹنے والا، آپ تو کریموں کے کریم ہیں، آپ نے میری خواہش کے بغیر مجھ کو ہدایت دی ہے، میرا خاتمہ بھی ایمان پر کیجئے، مجھے امید ہے کہ میرے اللہ میرا خاتمہ ایمان پر فرمائیں گے ان شاء اللہ، آپ بھی دعا کیجئے۔

مولانا احمد اواہ ندوی

احمد اواہ : السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ؟

عبدالرحمٰن : وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

سوال : عبدالرحمٰن بھائی خیریت سے ہیں؟ ارمغان کے لئے کچھ بات آپ سے کرنا چاہتا ہوں۔

جواب : الحمد للہ میں خیریت سے ہوں، احمد بھائی ضرور کیجئے میری خوش قسمتی ہوگی۔

سوال: اپنا مختصر تعارف کرائیں؟

جواب: میرا پرانا نام رگھو بیر سنگھ تھا، میں قصبہ کھتولی کے ایک کمہار مزدور گھرانے سے تعلق رکھتا ہوں گھر کے لوگ ساوگی میں مجھے رگھو کہا کرتے تھے ۱۹۷۱ء میں اللہ نے مجھے ہدایت عطا فرمائی اس وقت میری عمر اکیس سال رہی ہوگی میرے والد دیپ چند جی کا انتقال ہو گیا ہے، اب میرے تین بھائی اور دو بہنیں حیات ہیں والدہ کا میری شادی کے سال انتقال ہو گیا تھا، اس وقت میں کھتولی میں جنرل مرچنٹ کی دکان کرتا ہوں درمیان میں میں نے نائی کی دکان بھی کی تھی شرعی قباحتوں کی وجہ سے اب میں نے وہ چھوڑ دی ہے۔

سوال: اپنے قبول اسلام کا واقعہ بتایئے؟

جواب: میرے قبول اسلام کا واقعہ ایک لطیفہ ہے ہوا یہ کہ ۱۹ سال کی عمر میں میری شادی ہوگئی میری بیوی بہت خوبصورت تھیں، ان کا میکہ بھی ہمارے خاندان سے ذرا اونچا تھا، ان کے والد ایک اچھے کسان تھے اور کچھ کاروبار بھی کرتے تھے ہمارے گھر غربت کی حالت میں اس کا دل نہ لگا، میں دسویں کلاس فیل تھا وہ مجھ سے پڑھی ہوئی بھی زیادہ تھی، اس نے انٹرمیڈیٹ پاس کر رکھا تھا، وہ مجھے بہت پسند آئی اور مجھے اس سے محبت ہوگئی، ایک مرتبہ اس کے میکہ والے اس کو لینے کے لئے آئے وہ گھر چلی گئی، کچھ زمانے کے بعد میں اس کو لینے کے لئے گیا اس نے آنے سے انکار کر دیا مجھے بہت صدمہ ہوا، پھر میرے والد اس کو لینے کے لئے گئے مگر ان لوگوں نے اس کو نہیں بھیجا، رشتہ داروں اور ذمہ داروں سے سفارشیں کرائیں مگر انہوں نے صاف انکار کر دیا۔

ساری ظاہری کوششیں بے کار ہو جانے کے بعد سیانوں اور ملاؤں سے تو ٹکے گنڈے اور تعویذ کرانے شروع کئے مگر کام بننے کی کوئی صورت نہ نکلی، میں اس کو بہت یاد کرتا میرا دل ہر کام سے اچاٹ ہو گیا اور نیم پاگل سی حالت میں بے چین رہتا، میرے

والد کو کسی نے بتایا کہ جمعہ کی رات ہفتہ کی صبح تک اکبر خاں والی مسجد میں مسلمانوں کا بڑا اجتماع ہوتا ہے وہاں بہت سے مولانا لوگ آتے ہیں آپ وہاں جاؤ، میرے والد صاحب سنیچر کی صبح کو وہاں پہنچے لوگوں نے بتایا کہ مسجد کے باہر بیٹھ جاؤ جب پروگرام ختم ہوگا کسی مولانا سے ملوا دیں گے، ایک ملاجی مسجد سے باہر تبری کی تھیلی لگاتے تھے میرے والد صاحب ان کے پاس گئے اور اپنا دکھ بتایا، انہوں نے کہا کہ ہم کھتولی والے سارے کاموں میں پھلت والوں کے پاس جاتے ہیں، دو نوجوان کھڑے ہوئے تقریر کر رہے ہیں، وہ پھلت کے رہنے والے ہیں وہ اگرچہ دیکھنے میں مولوی نہیں لگ رہے ہیں مگر پھلت کے ہیں اور پھلت کے لوگ بہت پہنچے ہوئے ہیں جب وہ نکلیں تو بس ان سے چمٹ جانا، وہ منع کریں گے اگر انہوں نے تیرا کام کر دیا تو بس تیرا کام بن جائے گا۔

سوال: وہ نوجوان کون صاحب تھے؟

جواب: بتا رہا ہوں، اصل میں وہ آپ کے والد صاحب تھے، اس وقت مشن اسکول میں گیارہویں کلاس میں پڑھتے تھے اسکول کی ڈریس میں اجتماع میں شریک ہوتے تھے تو وہ جماعت سے لگے ہوئے تھے اور بہت اچھی تقریر کرتے تھے مگر لوگ اس وقت ان کو مولوی صاحب کہنے کا تصور بھی نہیں کر سکتے تھے، ہفتہ واری اجتماع میں جوڑنے والی پانچ چھ نمبر والی بات اکثر وہی کرتے تھے اشراق سے فارغ ہو کر وہ باہر نکلے، بستہ ساتھ تھا اسکول کی طرف رخ تھا، میرے والد ان کے پیچھے آواز لگاتے دوڑے، مولوی صاحب! مولی صاحب! وہ مولوی صاحب ہوتے یا اپنے کو مولوی سمجھتے تو سنتے، میرے والد نے دوڑ کر ان کے کاندھے پر ہاتھ رکھا اور بولے اجی ایسی بھی کیا بات ہے اتنا آواز دے رہا ہوں سنتے بھی نہیں۔

آپ کے والد بولے: آپ تو مولوی صاحب مولوی صاحب آواز دے

رہے تھے، میں مولوی صاحب کہاں ہوں؟ میرے والد بولے یہ تو مجھے ملا جی تھری والوں نے خوب بتادیا ہے کہ بہشت والے اپنے کو بہت چھپاتے ہیں، آپ کو میرا کام کرنا پڑے گا، انہوں نے معلوم کیا کہ آپ کا کیا کام ہے؟ میرے والد صاحب نے کہا: لڑکے کی بیوی نہیں آتی لڑکا غم میں مرا جارہا ہے کچھ کام بھی نہیں کرتا؟ ایسا تعویذ دے دو کہ بہو آجائے، وہ بولے بھائی ملا جی نے آپ سے مذاق کیا ہے، میرے تو پردادا نے بھی کبھی تعویذ نہیں بنایا، میرے والد صاحب کو ملا جی نے بتایا تھا کہ وہ انکار کریں گے تم ہرگز نہ ماننا آپ کے والد کے انکار سے ان کو اور بھی یقین ہوگیا کہ چھپے ہوئے آدمی ہیں، ہر ایک کا کام نہیں کرتے ہیں اس لئے انہوں نے اصرار کیا، بولے: آپ مجھے تو نہیں بہکا سکتے ہیں، مجھے اصلیت سب پتہ ہے، میں آپ کے ساتھ رہوں گا اور جب تک میرا کام نہیں ہوگا میں ہرگز ٹلوں گا نہیں۔

مولوی صاحب بتایا کرتے ہیں کہ بہت سمجھانے اور معذرت کرنے کے باوجود جب وہ نہیں مانے تو انہوں نے جان چھڑانے کے لئے اگلے سنیچر کا وعدہ کرکے اپنی جان بچائی، ان کا خیال یہ تھا کہ کسی جاننے والے سے تعویذ لاکر دے دوں گا اس زمانہ میں پھلت میں حضرت شیخ الحدیثؒ کے ایک مرید حافظ عبداللطیف صاحب مدرسہ میں پڑھاتے تھے وہ یہ کام جانتے تھے، خیال تھا کہ ان سے تعویذ بنواکر لادوں گا میرے والد نے اگلے سنیچر کے وعدہ پر ان کو چھوڑ دیا اگلے ہفتہ ان کو یاد نہیں رہا ہفتہ واری پروگرام میں صبح کے چھ نمبروں پر بات ان کو کرنی تھی۔

مولانا صاحب بتاتے ہیں کہ ذرا دن کی روشنی ہوئی، بات کرتے کرتے تقریر کے دوران جوتوں والے برآمدہ کی طرف گردن گھمائی تو میرے والد پر نگاہ پڑی وہ مجھے لیکر صبح صبح یہاں پہنچ گئے تھے کمہاروں کی صبح بھی جلدی ہوتی ہے پچھلے ہفتہ کا اصرار یاد

آیا تعویذ لانا یاد نہیں رہا تھا، بات کا توازن بگڑ گیا کسی طرح اپنے کو سنبھال کر بات پوری کی، اشراق کے لئے نیت باندھی حضرت شاہ عبد القادر جیلانیؒ کا کسی کنجری کو اس کی فیس دے کر مصلی پر نماز کے لئے کھڑا کر کے اس کے لئے دعا کرنے والا واقعہ یاد آیا، کہ الٰہی! مصلی تک تو میں نے پہنچا دیا، دل کو پھیرنا آپ کا کام ہے۔

اپنی بات میں یہی واقعہ سنایا تھا اسی کی برکت سے نماز میں جان بچانے کی ترکیب سوجھی دو رکعت پڑھ کر انہوں نے میرے والد کو بلایا اور کہا اپنے بیٹے کو مسجد کے غسل خانہ میں بھیج کر اشنان (غسل) کرنے کو کہو، انہوں نے مجھے نہانے کو کہا نماز پڑھ کر وہ مجھے مسجد کے باہر والے حجرہ میں لے گئے اور تین بار کلمہ طیبہ پڑھوایا اس کے معنی بتائے اور مجھے کہا بس ایک مالک سب کچھ کرنے والا ہے اگر تم یہ کلمہ دل میں بٹھا لیا تو وہ مالک تمہاری بہو کو بغیر بلائے بھیج دیگا اور مجھے ایک کاغذ پر ہندی میں کلمہ طیبہ لکھ کر دیا کہ ہر وقت سچے دل سے اس کا جاپ کرتے رہو باہر آ کر میرے والد سے کہا کہ میں نے ان کو ایک منتر بتا دیا ہے یہ اس کا جاپ کریں گے مالک ضرور آپ لوگوں کی سن لے گا۔

مولانا صاحب بتاتے تھے کہ اس کے بعد مسجد میں جا کر انہوں نے دو رکعت اور نفل پڑھی اور خوب دل سے دعا کی کہ الٰہی! زبان سے تو میں نے کہلوا دیا دل میں آپ اتار سکتے ہیں، ہم دونوں مطمئن ہو کر گھر لوٹے، چوتھے دن میرے سسر میری بیوی کو لے کر میرے گھر آئے؟ خوشی خوشی ان کو چھوڑ کر چلے گئے، مجھے اس منتر پر بہت اعتقاد ہو گیا اور میں خوب اس کا جاپ کرتا اور کبھی زور زور سے مزے لیکر پڑھنے لگتا تھا، کبھی کبھی مزے میں مجھے وجد آ جاتا، اگلے سنیچر کو میرے والد دو کلو لڈو لیکر پھر پہنچے اس سنیچر کو آپ کے والد صاحب نہیں آئے، وہ مایوس ہو کر لوٹے اور تیسرے سنیچر کو پھر گئے، اجتماع سے فارغ ہو کر آپ کے والد صاحب مسجد سے نکلے تو میرے والد نے ان کا بہت شکریہ ادا کیا اور وہ لڈو پیش

گئے انہوں نے لڈو واپس کر دیے کہ اس میں میرا کچھ کام نہیں مالک نے آپ کی سن لی میرے والد نے کہا ایک بات میری پوچھنی ہے کہ میرا بیٹا ہر وقت آپ کے جس منتر کا جاپ کرتا رہتا ہے اس سے کچھ نقصان تو نہیں ہوگا؟ انہوں نے کہا کہ بہت اچھا ہے اس کو بہت فائدہ ہوگا۔

میں ہر وقت کلمہ پڑھتا رہا ایک دن مزہ مزہ میں زور زور سے میں اس کلمہ کو پڑھتا جارہا تھا پھلت کے ایک ملا جی جو بڑھئی کا کام کرتے تھے غلام حسین ان کا نام ہے وہ ہمارے محلہ میں کواڑ کھڑکیاں بنانے آتے تھے انہوں نے سن لیا وہ ہمیں اچھی طرح جانتے تھے، انہوں نے سنا تو بولے ارے رگھو! یہ تو کیا پڑھ رہا ہے؟ میں نے کہا کہ یہ منتر ہے، پھلت والے مولوی صاحب نے بتایا تھا، اسی سے تو میری بیوی آئی ہے، انہوں نے کہا کہ یہ تو اسلام کا کلمہ ہے یہ کلمہ پڑھ کر ہی تو آدمی مسلمان ہوتا ہے، میں نے کہا کیا میں مسلمان ہوگیا انہوں نے کہا کہ اگر سچے دل سے تو نے پڑھا ہے تو مسلمان ہو ہی جائے گا، میں نے کہا کہ میں تو سچے دل اور وشواس سے ہی پڑھتا ہوں ایسے تو آپ بھی نہ پڑھتے ہوں گے، پھر تو تو مسلمان ہوگیا، میں نے کہا کہ اب مجھے کیا کرنا چاہیے؟ انہوں نے کہا اب تمہیں اپنا مسلمان نام رکھنا چاہیے اور نماز یاد کر کے پانچ وقت کی نماز پڑھنی چاہیے، میں نے پوچھا کہ کیا نام رکھوں؟ انہوں نے کہا کہ عبدالرحمن رکھ لو میں نے کہا نماز مجھے کون سکھائے گا؟ انہوں نے کہا کہ میں سکھا دوں گا، میں نے کہا بہت اچھا، وہ روز رات کو مجھے وقت دیتے، دن چھپنے کے بعد وہ مجھے نماز سکھاتے، پندرہ بیس روز میں مجھے خاصی نماز آگئی، انہوں نے مجھے ہندی میں ایک دو کتابیں لا کر دیں، جنت کی کنجی اور دوزخ کا کھٹکا تو مجھے آج تک یاد ہے۔

میں چھپ چھپ کر نماز پڑھنے لگا میں نے وہ کتابیں اپنی بیوی کو پڑھائیں اور ان کو اپنے مسلمان ہونے کا حال بتایا اور ان کو قسم دے کر کہا کہ کبھی ہندو بیوی شوہر کے

ساتھ اس کی چتا میں جل جاتی ہے تجھے بھی میرے مذہب میں آجانا چاہئے وہ تیار ہو گئی ملاجی غلام حسین نے اس کو بھی کلمہ پڑھوا دیا اس کا نام فاطمہ رکھ دیا اب ہم ایک دوسرے کی پہرہ داری کر کے کبھی کبھی نمبر وار گھر میں بھی نماز پڑھ لیتے تھے، ایک روز میرے والد نے مجھے نماز پڑھتے دیکھ لیا بس! اٹھنے لگے مجھے بھی غصہ آ گیا اور میں نے صاف صاف کہہ دیا کہ میں مسلمان ہو گیا ہوں، آپ سے جو ہو وہ کرلیں، انہوں نے بھائیوں کے ساتھ مل کر مجھے بہت مارا اور میں گھر سے بھاگ گیا۔

سوال: اس کے بعد کیا ہوا؟

جواب: اس کے بعد میں تین روز گھر سے باہر رہا میں دہلی چلا گیا اور خیال تھا کہ بس یہاں کوئی روزگار دیکھ لونگا میرے والد صاحب پانچ چھ لوگوں کو لے کر پھلت پہنچے اور آپ کے والد صاحب سے میرا پتہ مانگا انہوں نے لاعلمی کا اظہار کیا مگر ان کو یقین نہ آیا، وہ کہتے رہے آپ نے اس پر جادو کر کے اس کو مسلمان کیا اور ہمارا لڑکا آپ کے پیٹ میں (علم میں) ہے اگر پرسوں تک وہ نہ آیا تو ہم تھانے میں رپورٹ کر دینگے آپ کے والد بہت پریشان ہوئے ان کو سمجھایا کہ میری تو آج تک ملاقات بھی نہیں ہوئی میں نے آپ کے ساتھ بھلائی کی آپ اس کا یہ بدلہ دے رہے ہیں؟ مجھے تو یہ بھی معلوم نہیں کہ وہ مسلمان ہو گیا ہے مگر انہوں نے ایک نہ سنی اور بدتمیزی سے دھمکی دے کر واپس آ گئے۔

سوال: پھر کیا ہوا؟

جواب: نہ جانے کیوں میرا دل دہلی میں بہت گھبرایا، میرے دل میں شدید تقاضہ ہوا کہ پھلت جاؤں اور آپ کے والد صاحب سے ملوں رات گذارنا مشکل ہو گیا مجبوراً اسٹیشن پہنچا رات کو ایک گاڑی کھتولی جاتی تھی اس سے کھتولی پہنچا اور صبح پیدل پھلت پہنچا مولانا صاحب مجھے دیکھ کر بہت خوش ہوئے میں نے سارا ماجرا سنایا انہوں نے بتایا کہ میں

تو بہت پریشان تھا ہمارے گھر والے بھی تھانہ پولیس سے بہت بچتے ہیں بہت دعا کر رہا تھا اللہ کا شکر ہے جو آپ آ گئے میں نے ان سے کہا آپ مجھے کھتولی لے چلیں میرا ہاتھ پکڑ کر میرے والد کے ہاتھ میں دے دیں کہ آپ کا بیٹا یہ ہے اب آپ چھوڑیں یا بند کر کے رکھیں میں ذمہ دار نہیں رہوں گا اور اس سے بھی معلوم کرلو کہ میں اس سے کبھی ملا تھا؟ انہوں نے کہا کہ وہ تمہیں بہت ماریں گے، میں نے کہا میں خود سنبھال لوں گا، وہ مجھے لے کر گئے اور میرے چاچا جی کے ہاتھ میں میرا ہاتھ دے کر کہا آئندہ میں ذمہ دار نہیں اور اس سے پوچھ لو یہ کبھی مجھ سے ملا تھا؟ میں نے کچھ روز معاملہ کو ٹھنڈا کرنے کے لئے گھر میں رہنا شروع کیا۔

ہمارے محلہ کے قریب میں کچھ مسلمان بیکری کا کام کرتے تھے، جو پونہ میں رہتے تھے، میں نے حکمت کے ساتھ والد صاحب کو اس پر راضی کیا کہ میں بھی ان کے ساتھ وہاں جاؤں گا اور کچھ کاروبار کروں گا میں پونہ چلا گیا اور پھر اپنی بیوی کو بھی لے گیا وہاں جا کر مجھے وطن بہت یاد آیا میں نے کچھ پیسے کمائے اور کھتولی کے ایک مسلم محلہ میں ایک مکان بنا لیا، جماعت میں وقت لگاتا رہا الحمدللہ دین سے بہت اچھا تعلق ہو گیا مہاراشٹر کے ایک جماعت کے ساتھ میرا مظفر نگر کا رخ بنا مجھے اصرار کر کے جماعت کا امیر بنا دیا گیا ہم پھلت پہنچے میں نے اذان بھی عربی لہجہ میں سیکھ لی تھی، ظہر کی اذان کہی، مولانا صاحب سے ملنے کے لئے گھر پہنچا اس وقت تک آپ کے والد بھی مولانا صاحب بن گئے تھے، میں ان سے چمٹ گیا وہ مجھے نہیں پہچان سکے جب میں نے بتایا کہ میں کھتولی والا آپ کا رگھو ہوں تو وہ مجھے نئے حلیے میں دیکھ کر بہت خوش ہوئے جب معلوم ہوا کہ ظہر کی اذان میں نے کہی ہے تو انہوں نے مجھے گلے لگا یا اور بہت خوش ہوئے، جماعت کا یہ وقت جو میرے اپنے علاقے میں لگا، مجھے بہت اچھا لگا۔

سوال: اس کے بعد کیا ہوا؟

جواب: اس کے بعد مولانا صاحب کے مشورہ سے میں کھتولی آکر رہنے لگا اور اپنے گھر والوں کو کھتولی سے خرچ بھیجتا تھا، تقریباً دس سال سے میں کھتولی میں رہ رہا ہوں، مگر میرے گھر والوں کو یہ علم ہے کہ میں پونا میں رہتا ہوں، پہلے میں نے نائی کی دکان کھول لی تھی مگر مسلمانوں کی ڈاڑھی مونڈنا مجھے عجیب لگتا تھا، اس لئے کہ نبی کی سنت پر استرہ چلانا مجھے ناگوار تھا، پھر میں نے جنرل مرچنٹ کی دوکان کھول لی الحمد للہ اچھی چل رہی ہے۔

سوال: سنا ہے آپ نے ایک مکتب بھی قائم کیا ہے؟

جواب: ہماری سسرال میں خاصے مسلمان ۔ ہیں میرے دو سالوں کو اللہ نے میری کوشش سے ہدایت دیدی ہے، وہاں پر کوئی تعلیم کا نظم نہیں تھا، میں نے مولانا صاحب سے مشورہ کیا انہوں نے کہا کہ مرنے کے بعد کے لئے کوئی صدقہ جاریہ ضرور رہنا چاہئے، الحمد للہ وہاں ایک مکتب قائم کیا گیا جو پہلے مسجد میں چلتا تھا اب گاؤں والوں نے زمین دیدی ہے، پیار کمرے بھی تعمیر ہو گئے ہیں پانچ مدرس کام کر رہے ہیں، اللہ کا شکر ہے، بہت اچھا کام چل رہا ہے۔

سوال: آپ کے کتنے بچے ہیں اور کیا کر رہے ہیں؟

جواب: میرے پانچ بچے ہیں، تین لڑکے محمد عثمان، محمد علی اور محمد حسن، دو بیٹیاں ہیں عائشہ اور زینب، الحمد للہ سب دینی تعلیم حاصل کر رہے ہیں، بڑا لڑکا بہت اچھا حافظ ہو گیا ہے، گجرات کے ایک مدرسہ میں پڑھ رہا ہے، محمد علی کے ۱۹ پارے ہو گئے ہیں، الحمد للہ محمد حسن کے تین پارے حفظ ہو گئے ہیں، وہ سب سے زیادہ ذہین ہے، عائشہ اور زینب دونوں نے قرآن شریف پڑھ لیا ہے ان کا بھی حفظ شروع ہو گیا ہے، میں نے شب قدر اور جمعہ میں دعا کی تھی کہ اے اللہ میرے سارے بچوں کو حافظ عالم اور دین کا داعی بنا دیجئے اور

صحابہ کے انداز کا مسلمان بنا دیجئے، مجھے امید ہے کہ میرے اللہ جو مجھے اندھیرے سے نکال کر ہدایت کی طرف لائے ہیں وہ میری فریاد ضرور سنیں گے۔

سوال: اسلام سے پہلے کی زندگی کے بارے میں آپ کو کیسا لگتا ہے؟

جواب: میں اس تصور سے بھی کانپ جاتا ہوں، اگر میرے اللہ مجھے ہدایت نہ دیتے تو کفر پر میری موت ہوتی، اچانک پھر مجھے غم سا ہو جاتا ہے کہ کہیں میری شامت اعمال کی وجہ سے مجھ سے اسلام کی نعمت چھین نہ لی جائے، اس لئے کہ اصل ایمان تو خاتمہ کا ہے، میں اس تصور سے کانپ جاتا ہوں، اکثر سجدے میں گر جاتا ہوں اور دعا کرتا ہوں کہ اے اللہ آپ تو سخیوں کے سخی ہیں، آپ کے نبی نے ہمیں بتایا کہ کسی کو چیز دے کر یا ہدیہ دے کر واپس لینے والا ایسا ہے جیسا الٹی کر کے چاٹنے والا، آپ تو کریموں کے کریم ہیں، آپ نے میری خواہش کے بغیر مجھ کو ہدایت دی ہے۔ میرا خاتمہ بھی ایمان پر کیجئے، مجھے امید ہے کہ میرے اللہ میرا خاتمہ ایمان پر فرمائیں گے ان شاء اللہ آپ بھی دعا کیجئے۔

سوال: ضرور ان شاء اللہ۔ بہت بہت شکریہ السلام علیکم

جواب: وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

مستفاد از ماہنامہ ارمغان اگست ۲۰۰۲ء

۱۷

جناب محمد صادق ایڈوکیٹ (دیتیندر ملک) سے ایک ملاقات

میرا دل چاہتا ہے کہ مسلمان اگر سیاسی الو سیدھا کرنے والے لیڈروں کے جھانسے میں آکر جذباتی یا کچھ غیر مسلموں سے متاثر ہو کر ایکشن (انفعال) کا راستہ چھوڑ کر اگر صرف غیر مسلموں میں اندر کے مسلمانوں کو تلاش کر کے ان کو ابھاریں تو شیطان اور باطل کے سارے حربے مکڑی کا جالا بن جائیں، کتنے اندر کے مسلمان اپنے ایمان کو اندر لے کر مر جاتے ہیں، میرا دل جانتا ہے کہ گاندھی جی اندر سے مسلمان تھے، جواہر لال نہرو اندر سے مسلمان تھے، سبھاش چندر بوس اندر سے مسلمان تھے گھتولی کے پنڈت سندر لال اندر سے مسلمان تھے، بس مسلمانوں نے ان کا حق ادا نہیں کیا، آج بھی بعض لوگوں کی تقریریں سنیں، بل کلنٹن اندر سے مسلمان ہیں، نیلسن منڈیلا اندر سے مسلمان ہیں، پرنس چارلس اندر سے مسلمان ہیں، خود ہمارے ملک میں کتنے ہندو بھائی ہیں جو ظاہرداری کو نبھا رہے ہیں کاش بس ایک طرف ہو کر اس کوشش میں سارے مسلمان جٹ جائیں کہ غیر مسلموں میں اندر سے مسلمان باہر سے اقرار کرلیں تو نہ صرف ہمارے ملک بلکہ ساری دنیا کا نقشہ دوسرا ہوگا۔

مولانا احمد اواہ ندوی

احمد اواہ : السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ

محمد صادق : وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ

سوال : وکیل صاحب بہت اچھا ہوا آپ تشریف لے آئے، ابی اس بار رمضان میں بار

بار آپ کا ذکر خیر کرتے رہے، کئی بار تقریر میں آپ کا ذکر کیا، مجھے خیال ہوا کہ ارمغان میں

اس بار آپ کا انٹرویو چھپے؟

جواب: آپ ہی حضرت کے بیٹے مولوی احمد صاحب اواہ ہیں

سوال: جی ہاں! میرا نام ہی احمد اواہ ہے، یہ لفظ اواہ ہے، اباہ نہیں ہے؟

جواب: اواہ کا ارتھ (معنی) کیا ہے؟

سوال: اواہ کے معنی ہیں مخلوق پر حد درجہ شفقت و رحمت رکھنے والا قرآن مجید میں ایک بہت بڑے رسول حضرت ابراہیم کے استعمال ہوا ہے: انّ ابراھیم لحلیم اوّاہ منیب (سورہ ہود: ۷۵) "بے شک ابراہیم تو بہت برداشت کرنے والے مخلوق اور انسانوں کے حد درجہ ہمدرد اور اللہ کی طرف جھکنے والے تھے" انہی کے نام پر ہمارے ابی کے پیر صاحب حضرت مولانا علی میاں صاحبؒ نے میرا نام رکھا تھا، وکیل صاحب! اصل میں ہمارے یہاں پھلت سے ایک اردو میگزین ماہانہ نکلتی ہے، اس کا نام ہے 'ارمغان' اس میں اسلام لانے والے خوش قسمت نو مسلموں کے انٹرویو چھاپے جاتے ہیں، اس کے لئے ابی نے آپ سے انٹرویو لینے کے لئے آپ کو زحمت دی۔

جواب: ارمگھان کا ارتھ (معنی) کیا ہے؟

سوال: یہ لفظ ارمغان ہے، ارمگھان نہیں ہے (حلق سے)

جواب: میں اردو نہیں جانتا، اور گاؤں کی زبان ہے ہماری۔

سوال: نہیں وکیل صاحب، آپ تو اردو نہیں جانتے بعض پڑھے لکھے بلکہ مولوی صاحبان کو دیکھا ارمغان کے معنی گفٹ gift بھینٹ تحفہ ہدیہ، اصل میں اللہ کا شکر ہے کہ یہ میگزین انسانیت کے لئے ایک تحفہ ہی ثابت ہو رہا ہے، آپ سے ابی نے بتا دیا ہوگا۔

جواب: ہاں مولانا صاحب کا فون آیا تھا کہ تھوڑی دیر کے لئے آجائیں آپ سے احمد اواہ

ایک انٹرویو لینا چاہتے ہیں، میرا دل بھی بہت ملنے کو چاہ رہا تھا، مجھے ملے ہوئے ایک ہفتہ ہوگیا تھا، ایک دو روز مولانا صاحب سے ملے ہوئے ہو جاتے ہیں، بے چینی ہو جاتی ہے یہاں آکر معلوم ہوا کہ مولانا صاحب سفر پر گئے ہوئے ہیں، کیا آج آجائیں گے؟

سوال: شام تک آجائیں گے، ہو سکتا ہے رات کو دیر بھی ہو جائے۔

جواب: شام تک رکوں گا، دل بہت ملنے کو چاہ رہا ہے، اگر شام تک نہ آئے تو رات میں آجائیں گے، پھر کل صبح آکر ملوں گا۔

سوال: آپ اپنا خاندانی تعارف (پریچے) کرائیے؟

جواب: میں ۱۵ر اگست ۱۹۵۲ء کو دورالہ کے قریب ننگلہ گاؤں میں ایک جاٹ فیملی میں پیدا ہوا، میرے پتاجی (والد صاحب) سرکاری اسکول میں ہیڈ ماسٹر، مشہور سوتنتر تا سینانی (مجاہد آزادی) تھے، ماسٹر ہزاری لال ان کا نام تھا، بہت اچھی اردو جانتے تھے، انھوں نے پرانے زمانے میں اردو سے بی اے کیا تھا، قرآن شریف انھوں نے ایک مولانا صاحب سے پڑھا تھا، وہ بتایا کرتے تھے کہ ان کے والد نے ان کو دیوبند بھی پڑھنے کے لئے بھیجا تھا، ہمارے پردادا ماسٹر پریم چند تو آدھے مسلمان تھے، اور وہ ۱۸۵۷ء میں دیوبند والوں کے ساتھ انگریزوں سے لڑتے ہوئے شہید ہو گئے تھے، انگریزوں نے ان کے گولی ماری تھی، ان کو مولانا قاسم جو دیوبند مدرسہ کی نیو رکھنے والے تھے مولوی پریم چند کہتے تھے، ان کے بیٹے بابو شیام لال بھی انگریزوں سے جنگ کرتے رہے اور وہ بھی جنگ آزادی میں شہید ہوئے، میرے پتاجی ان کے اکیلے بیٹے تھے، گاندھی جی نے ان کو اپنا بیٹا بنا لیا تھا، اور انھوں نے گاندھی جی کے ساتھ ودیشوں کے سفر بھی کئے، انگلینڈ اور افریقہ بھی گئے تھے، ان کے بہت دنوں تک کوئی اولاد نہیں ہوئی تھی، بعد میں ایک پہنچے ہوئے فقیر نے دعا دی، میری ماتاجی کے یہاں ۵۰ سال کی عمر میں، میں پیدا ہوا، میرے والد صاحب پر

گاندھی جی کا بہت اثر تھا، وہ گاندھی جی کو آدھے سے زیادہ مسلمان سمجھتے تھے، بلکہ کبھی کبھی تو کہتے تھے کہ گاندھی جی اندر سے مسلمان تھے وہ بتاتے تھے کہ صبح اٹھ کر گاندھی جی غسل کرتے تھے سب سے پہلے قرآن مجید پڑھتے تھے وہ قرآن مجید انھوں نے میرٹھ کے ایک حکیم صاحب سے سہارن پور والے حضرت جی کے پاس بھجوایا تھا، اس پر انھوں نے جگہ جگہ کچھ لکھ رکھا تھا، میرے پتا جی کہتے تھے کہ گاندھی جی کو گاندھی بنانے والے دیوبند کے مولوی محمود تھے، جنھوں نے ریشمی رومال اندولن کیا تھا، میرے بچپن میں میرے والد کا انتقال ہو گیا، میرے رشتہ کے چچا نے میری پرورش کی، اس کی وجہ سے میں اردو نہ پڑھ سکا، میری ماں بتاتی تھی کہ میرے والد صاحب نے نصیحت کی تھی کہ مجھے دیوبند بڑے مدرسہ میں پڑھایا جائے، مگر خاندان والے میرے والد کے انتقال کے بعد اس پر راضی نہ ہوئے، دورالہ سے ہائی اسکول اور انٹر کرنے کے بعد میں نے میرٹھ کالج سے بی اے اور بعد میں ایل ایل بی کیا اور میرٹھ کچہری میں وکالت کرنے لگا، تقریباً دس سال تک میں نے پریکٹس کی، مگر مجھے وکالت سے اندر سے مناسبت نہ تھی، جھوٹی جھوٹی گواہی، دھوکہ، غلط دعوے، سچے مقدمے کے لئے بھی جھوٹ کا سہارا لینا پڑتا تھا، میں بہت دنوں تک اپنی آتما (ضمیر) سے لڑتا رہا، اور روزگار کی وجہ سے وکالت کرتا رہا، مگر دل میں ہمیشہ یہ بات آتی تھی کہ روزی تو آدمی کو پاک رکھنی چاہئے، گندی اور جھوٹ کی روزی سے جیون بھی کالا ہوگا اور آتما (روح) بھی کالی ہوگی، اس لئے ۱۹۹۵ء میں میں نے وکالت چھوڑ دی، بس کھیتی کرتا ہوں، چھوٹی موٹی ایک دو تجارت بھی شروع کی ہے، مالک کا کرم ہے کہ دو روٹی آرام سے مل رہی ہیں۔

سوال: اپنے اسلام قبول کرنے کا حال بیان کریں؟

جواب: مولوی احمد صاحب سچی بات یہ ہے کہ میں بائی نیچر فطرتاً مسلمان ہی پیدا ہوا تھا۔

سوال: یہ تو بالکل سچی بات ہے، آپ ہی نہیں بلکہ ہر پیدا ہونے والا بچہ فطرتاً مسلمان ہی پیدا ہوتا ہے۔ سچے نبی کا ارشاد ہے: کُلُّ مَوْلُوْدٍ یُوْلَدُ عَلَی الْفِطْرَۃِ فَاَبَوَاہُ یُہَوِّدَانِہٖ اَوْ یُنَصِّرَانِہٖ اَوْ یُمَجِّسَانِہٖ. ترجمہ: ہر بچہ فطرت پر پیدا ہوتا ہے، پھر اس کے والدین اسے یہودی، عیسائی یا مجوسی بنا دیتے ہیں۔

جواب: میرا حال یہ تھا کہ اگر میرے والد کچھ دن زندہ رہتے تو شاید میں دیوبند مدرسہ میں استاذ ہوتا، شاید میں آپ کا استاذ بنتا، آپ نے دیوبند سے ہی مولویت کی ہے۔

سوال: نہیں! میں نے دیوبند والوں کا ایک اور بڑا مدرسہ ہے لکھنؤ میں، ندوہ وہاں سے پڑھا ہے۔

جواب: ندوہ، مولانا علی میاں جی کا مدرسہ، جو لکھنؤ میں ہے وہاں گیا ہوں، مولانا علی میاں جی بھی جو ندوہ مسجد کے برابر میں رہتے تھے، وہ تو ہمارے دیش کے بڑے گورو (قابل فخر) تھے، عرب دیش کے سب عالم ان کو اپنا بڑا مانتے تھے، ہمارے مولانا کلیم جی ان کے خاص مرید تھا۔

سوال: جی ہاں وہی ندوہ ہے۔

جواب: آپ نے سچ کہا کہ ہر بچہ اسلام پر پیدا ہوتا ہے، تبھی تو ہمارے یہاں ہندوؤں میں بچپن میں کوئی مر جائے تو اس کو دبایا جاتا ہے، مالک کی شان آگ سے کیسے بچاتے ہیں، مگر میں تو ماحول میں تو اسلامی نیچر پہ بڑا بھی ہوا تھا، مجھے ہندو دھرم سے مناسبت نہیں تھی، میرا بالکل حال تک آریہ سماجی ہے اور آریہ سماج میں مورتی پوجا کی مخالفت تو اسلام سے بھی زیادہ ہوتی ہے، مگر مجھے آریہ سماج بھی بھول بھلیاں میں بھٹکنے کے علاوہ کچھ نہیں دکھائی دیا، وکالت کے زمانہ میں مجھے دھرم پڑھنے کا بہت شوق تھا مگر وکالت چھوڑنے کے بعد تو مجھے کچھ کام نہیں تھا بس پڑھنے کے علاوہ، آریہ سماج اور دوسرے دھرموں کو میں نے بہت

پڑھا، میں یہ سمجھا کہ سوامی دیا نند سرسوتی بلکہ ان کے گرو سوامی ودیکا نند نے جو کچھ سد ھار کیا ہے وہ اسلام کے اثر سے ہے، مگر وہ اسلام سے چڑتے ہیں، حالانکہ ودیکا نند جی تو کچھ دن مسلمان رہ بھی چکے ہیں، مجھے بہت ہی بلبلاہٹ سی ہوتی ہے، اگر مولانا کلیم جی سوامی ودیکا نند جی سے مل لیتے تو ان کو آریہ سماج بنانے کی ضرورت نہ ہوتی بلکہ اسلام ان کے مسئلہ کا حل تھا، میری بدقسمتی یہ ہے کہ میں آس پاس کے ماحول میں رہنے کی وجہ سے اسلام کو سب سے کم پڑھ سکا، اس کے باوجود کہیں مسجد میں نماز ہوتی، میں وہاں سے گزرتا تو میں کھڑا ہو جاتا، بڑی حسرت سے دیکھتا رہتا، مالک سے شکایت کرتا، مالک! آپ سب کو پیدا کرنے والے ہیں، آپ نے مجھے اندر سے تو مسلمان بنایا اور پیدا ایک ہندو جاٹ پریوار میں کر دیا، ایسا بیسیوں بار ہوا ہوگا، میں دو بار عید کی نماز دیکھنے جامع مسجد دہلی تک گیا، ایک بار تو رات کو پہنچا اور صبح تک جامع مسجد پر انتظار کرتا رہا، مسجد میں پڑے ہوئے انسانوں کے سمندر کو دیکھ کر مجھ سے رہا نہ گیا اور ساتھ میں، میں بھی سجدہ میں پڑ گیا، مجھے بہت رونا بھی آیا، اس دن تو تنگ سے میں نے بہت شکایت کی۔

سوال: ماشاء اللہ، اللہ نے آپ کی شکایت سن لی اور آپ کی مراد الحمدللہ پوری ہوئی، پھر مسلمان آپ کیسے ہوئے، بتائیے؟

جواب: بتا رہا ہوں، فروری میں اسی سال موبائل پر ایک فون آیا، میں نے ریسیو کیا تو آپ کے ابی کا فون تھا، انھوں نے کہا: السلام علیکم، میں نے کہا وعلیکم، انھوں نے کہا: مولانا راشد صاحب میں نے کہا: یہ فون نمبر غلط ہے، یہ راشد کا فون نہیں ہے، انھوں نے کہا: معاف کیجیے، فون بند ہو گیا، اصل میں مولانا صاحب کے ایک ساتھ مولانا راشد ہیں جو رتھوڑا میں ایک مدرسہ چلاتے ہیں، ان کا فون نمبر مولانا صاحب نے ایک غلط نمبر کے ساتھ فون میں فیڈ کر لیا تھا، اس کے بعد ان کا صحیح نمبر بھی فیڈ کر لیا، مگر میرا نمبر ڈیلیٹ نہیں کیا اور پہلے نمبر پر

میرا فیڈ رہا، ڈیڑھ مہینے کے بعد پھر اچانک فون آیا: السلام علیکم میں نے جواب دینے کے بجائے کہا: بھائی تو نمبر ٹھیک کر لے نا، بار بار کیوں پریشان کر رہے ہے، مولانا صاحب نے پھر معافی مانگی، اگست میں پھر فون آیا، پھر السلام علیکم، میں نے اس بار ذرا سخت لہجہ میں کہا: تو نمبر ٹھیک کیوں نہیں کر لیتا، بار بار تھا کاٹر (پریشان) کر رہے ہے، مولانا صاحب نے پھر معذرت کی اور فون بند کر دیا، میری قسمت اور اللہ کا کرم تھا کہ مولانا صاحب نے اس بار فون نمبر ڈیلیٹ کیا، مگر میرے مالک کو مجھ پر پیار آ رہا، مولانا راشد کا اصل نمبر ڈیلیٹ ہو گیا اور میرا نمبر اب بھی رہ گیا، اس سال رمضان میں ۱۲ر ستمبر کو مولانا صاحب کا پھر فون آیا: السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ، میں نے سخت لہجہ میں کہا: بھیا یہ نمبر غلط ہے، تجھے کب تک بتاؤں، کیا تو میری جان ہی لے گا، مولانا صاحب نے ہنس کر کہا، بھائی صاحب، آپ کیسے کہہ رہے ہیں کہ یہ نمبر غلط ہے، میرے بھائی کا ہے، میں نے کہا: یہ نمبر بھائی میرا ہے، تیرے بھائی کا نہیں ہے، مولانا صاحب نے کہا: یہ آپ کا نمبر ہے نا؟ میں نے کہا: ہاں میرا نمبر ہے، مولانا صاحب نے کہا: آپ کا نام کیا ہے؟ میں نے کہا: حمید ملک، مولانا صاحب نے کہا: ہاں بھائی حمید ملک آپ سے ہی تو بات کرنی ہے، آپ ہی تو میرے بھائی ہیں، آپ مجھے نہیں جانتے؟ میں نے کہا: نہیں میں تو آپ کو نہیں جانتا، مولانا صاحب نے کہا کہ آپ اور ہم سب ایک ماتا پتا کی سنتان ایک ماں باپ کی اولاد نہیں ہیں کیا، میں نے کہا: ہاں، مولانا صاحب نے کہا: تو ایک ماں باپ کی سنتان کو ہی تو بھائی کہتے ہیں، آپ اپنے خونی رشتے کے بھائی کو نہیں پہچانتے؟ آپ کی عمر کیا ہے؟ میں نے کہا ۵۶ سال ہے، مولانا صاحب نے کہا: آپ تو میرے بڑے بھائی ہیں اور خونی رشتے کے سگے بھائی؟ چھوٹے بھائی کی خبر خبر تو آپ لیتے نہیں، چھوٹا بھائی سلام بھی کرتا ہے تو آپ ہر وقت ڈانٹ دیتے ہیں، ورنہ بڑے بھائی پر میرا حق تھا کہ آپ ہر روز خیر خبر لیتے، مگر آ کر حال چال

پوچھئے، چال چلن پر نظر رکھئے؛ پر پورا گھر بار دیکھئے مولانا صاحب نے معلوم کیا کہ آپ
کہاں رہتے ہیں، میں نے کہا ورالہ کے پاس نگر میں، مولانا صاحب بولے: اتنے پاس
آپ رہتے ہیں سچے بھائی تو دور دیشوں سے آتے ہیں، بہت سے بھائی پاکستان میں
رہتے ہیں، پاکستان میں ویزہ وغیرہ ملنا کتنا مشکل ہے، مگر لوگ دور کے رشتہ داروں کی
خیریت لینے آتے ہیں، آپ میرے اتنے قریب کی پڑوسی اور خونی رشتہ کے بھائی ہیں،
آج تک ایک بار بھی خیر خبر لینے نہیں آئے اور اگر میں سلام کرتا ہوں تو ہر بار الٹا ڈانٹ
دیتے ہیں، مولانا صاحب نے کچھ ایسے پیار سے بات کی مجھے واقعی بہت شرمندگی ہوئی،
میں نے کہا: بھائی آپ کہاں رہتے ہوں؟ مولانا نے بتایا پھلت کھتولی کے پاس، میں
نے کہا: وہاں تو ہم ایک بار بھینس خریدنے گئے تھے، میں نے کہا بھائی صاحب جی آپ
سے آج ہی ملنے آ جاؤں؟ واقعی میری غلطی ہے، مجھے اپنے بھائی کے پاس آنا چاہئے، مولانا
نے کہا: آج تو میں سفر پر جا رہا ہوں، میں نے کہا: تو کل آ جاؤں؟ مولانا صاحب نے کہا
کل بھی رات تک واپسی ہوگی، آپ پرسوں آ جائیں، ۱۶ر ستمبر کو دس بجے بات طے ہو گئی،
میں نے مولانا کا نام معلوم کیا، بولے کہ گاؤں میں داخل ہوتے ہی مدرسہ ہے، وہاں کلیم
نام پوچھ لیجئے، ۱۶ر ستمبر کو میں کھتولی بس سے آیا، کھتولی سے بگاڑ میں پھلت کے لئے بیٹھ
گیا، بگاڑ والے سے معلوم کیا کہ بھائی یہاں مدرسہ ہے کلیم صاحب سے ملنا ہے، بگاڑ
والے نے کہا اچھا آپ کو حضرت سے ملنا ہے، میں نے کہا: کلیم نام بتایا ہے، اس نے کہا:
وہی حضرت ہیں، اس نے معلوم کیا کہ آپ مسلمان ہونے آئے ہیں کیا؟ میں نے ہنس کر
کہا کہ اگر وہ کریں گے تو ہو بھی جائیں گے، بگاڑ سے اتر کر پھلت مولانا صاحب کے گھر
پہنچے، مولانا صاحب یہاں سامنے کرسی پر کچھ لوگوں کے ساتھ بیٹھے تھے، کھڑے ہو کر ملے،
جب میں نے اپنا نام بتایا جیندر ملک ایڈوکیٹ تو پھر گلے لگایا، بہت ہی محبت سے

سواگت (استقبال) کیا، بار بار بولے میرے بڑے بھائی صاحب، بہت بہت شکریہ بھائی صاحب آپ چھوٹے بھائی کی خیر خبر لینے آہی گئے، رمضان کے باوجود چائے ناشتہ کا انتظام کروایا، چائے پر بیٹھ کر بات شروع ہوئی اور چائے کے ساتھ ساتھ اسلام کی بتلاتے رہے اور چائے ختم نہیں ہوئی کہ میں کلمہ پڑھ کر مسلمان تھا، میرا نام محمد صادق رکھا، کھتولی تک اپنی گاڑی سے رخصت کرایا" آپ کی امانت" اور "مرنے کے بعد کیا ہوگا؟" کتاب بھی دی، میں نے کئی بار ان کتابوں کو پڑھا، اپنی بیوی سے اپنے مسلمان ہونے کی بات بتائی، پہلے تو وہ بہت روئی، میں نے اس سے کہا میرے پاس دو کتابیں ہیں پہلے ان کتابوں کو تم تین بار پڑھ لو، اگر تم کہو گی تو میں واپس ہندو ہو جاؤں تو میں تیار رہوں گا، میری بیوی نے آپ کی امانت ایک بار پڑھی اور پھر مرنے کے بعد کیا ہوگا پڑھ رہی تھی، میرے پاس آئی اور کہنے لگی مجھے بھی مسلمان بنوا دو، میں نے اللہ کا شکر ادا کیا، ہمارے دونوں بچے مسلمان ہو گئے ہیں تینوں کو میں نے پھلت آ کر کلمہ پڑھوایا، میری بیوی کا نام فاطمہ بیٹی کا نام آمنہ اور بیٹے کا محمد احمد رکھا گیا، الحمد للہ ہمارا پورا پریوار مسلمان ہے۔

سوال: خاندان والوں کو بھی آپ کے اسلام کا علم ہو گیا؟

جواب: خاندان والے ہمارے سخت دشمن ہو گئے وہ پہلے سے بھی بڑے سخت رہے ہیں، انھوں نے گاؤں والوں کی پنچایت کی، مگر میں وکیل بھی ہوں، اس لئے میں نے آئی جی، ایس ایس پی کے یہاں درخواست دیدی، شروع میں تو بہت شور ہوا، مگر اب بات دب گئی ہے، میں نے ایک گھر دہلی میں بنا بھی لیا تھا، دونوں بچے دہلی میں پڑھ رہے ہیں، میں نے مولانا صاحب کے مشورے سے ہی گھر خاندان والوں سے ذرا دور رہنے کا اپنا پلان بنایا ہے۔

سوال: اسلام میں آ کر آپ کو کیسا لگ رہا ہے؟

جواب: اسلام میں آ کر مجھے ایسا لگ رہا ہے جیسے کوئی گھر سے بھٹکا اپنے گھر واپس

آجائے، میں نے جیسے جیسے اسلام کو پڑھ رہا ہوں مجھے ماتا پتا (ماں باپ) دادا، پردادا کی یاد تڑپاتی ہے میرے اندر ایک عجیب سی جنونی کیفیت ہو جاتی ہے، نہ جانے اتنے مسلمانوں کے بیچ بلکہ مولویوں کے بیچ وہ رہے، حتی کہ مولویوں کے ساتھ شاملی میں شہید بھی ہوئے، وہ ان کو انگریزوں سے تو لڑاتے رہے، دیش کو آزاد کرانے کے لئے ابھارتے رہے مگر خود ان کو شرک سے آزاد کرانے کے لئے فکر نہیں ہوئی، بڑوں کو مرنے کے بعد برا کہنا اچھا نہیں مگر احمد بھائی، آپ میرے حال کو سمجھ نہیں سکتے، مجھے تو وہ سب ظالم لگتے ہیں جنھوں نے اپنے ایسے وفاداروں کو ایمان کے لئے نہیں کہا، وہ مجھ سے سوگنا زیادہ اسلام کے قریب تھے، ان کو معلوم ہی نہیں تھا اسلام قبول کرے بغیر (دھڑ دھڑی لیتے ہوئے، انتہائی کرب میں) نہ جانے وہ انسان بھی تھے یا نہیں، مسلمان تو بہت دور کی بات ہوتی ہے۔

[illegible]: آپ یہی کیوں سمجھتے ہیں کہ وہ مسلمان نہیں ہوئے، کیا خبر کسی نے ان کو کلمہ پڑھوا دیا ہو، یا پھر موت کے وقت فرشتوں نے انھیں کلمہ پڑھوا دیا ہو؟

[illegible]: مولوی احمد صاحب، میں بچہ نہیں ہوں، میں نے اپنے بچپن میں اپنے پتا جی کو چتا میں جلایا ہے اور بے دردی سے جلتے دیکھا ہے، جو باپ اپنے بیٹے کو دینی مدرسے میں پڑھانے کی وصیت کرے، اس کا اس طرح خود ہندو رہ کر چتا میں جلنا مولانا لوگوں کا اور مسلمانوں کا ظلم نہیں تو اور کیا ہے؟

[illegible]: آپ جس طرح کا حال ان کا کہہ رہے ہیں، مجھے امید ہے کہ اللہ نے ان کو ضرور ایمان دیا ہوگا، یہاں کی آگ سے وہاں کی آگ کا کوئی رشتہ نہیں۔

[illegible]: عید کی رات مجھے اس خیال میں نیند نہیں آئی اور میں بہت تڑپتا رہا اور دل میں آتا تھا کہ سارے مسلمانوں کو کوسوں، رات کو پھر وضو کیا، نماز کے لئے ٹوٹی پھوٹی نیت باندھی اور دیر تک روتا رہا، صبح کو آنکھ لگی میں نے اپنے دادا اور پتا جی کو دیکھا وہ کہہ رہے تھے بیٹا صادق

اللہ سارے انسانوں کے رب ہیں، مسلمانوں کے نہیں، اللہ ہم سے خوش ہیں اور ہم بھی مسلمان ہیں، بہت تسلی ہوئی مگر خواب تو خواب ہے۔

سوال: ماشاء اللہ آپ مسلسل آتے رہتے ہیں، کچھ دین کو سیکھنے کا پروگرام نہیں بنایا؟

جواب: نومبر میں جماعت میں جا رہا ہوں، دو تین روز مجھے فون پر بات نہ ہو تو میں بے چین ہو جاتا ہوں، میں نے مولانا صاحب سے کہا اللہ کریم ہے کہ اس نے آپ کے ڈیلیٹ کرنے کے باوجود اپنی فہرست سے میرا نمبر ڈیلیٹ نہیں کیا، میرا دل چاہتا ہے کہ اپنے سارے جاننے والوں کے نمبر آپ کے فون میں فیڈ کر دوں تاکہ سب کو ہدایت ہو جائے، مولانا صاحب نے کہا: آپ نے اچھا کیا توجہ دلائی، میرے فون میں بہت سے ڈاکٹروں اور غیر مسلم بھائیوں کے فون نمبر فیڈ ہیں، مجھے فکر ہوئی کہ یہ سب میدان حشر میں میرا گلا پکڑیں گے کہ ہمارے فون نمبر بھی ان کے فون میں تھے، پھر بھی ہماری فکر نہیں کی، جن لوگوں کے فون نمبر ہم اپنے موبائل میں فیڈ کرتے ہیں ان سے ہمارے معاملات یا دوستی کا تعلق ہوتا ہے اور اللہ کے نبی کا فرمان ہے کہ اللہ کی جنت ان لوگوں پر حرام کر دی گئی، جو لوگوں سے معاملات اور لین دین تو کرتے ہیں اور ان کو دین نہیں پہنچاتے، ظاہر ہے یہ ہمارا موبائل فون اللہ کے یہاں ہمارے ان لوگوں سے تعلق کی گواہی دیں گے، مجھے بہت فکر ہوئی کہ کم از کم فون والوں تک بات تو پہنچا دی جائے، مولانا صاحب نے بتایا کہ اس کے بعد سے میں نے سب سے بات شروع کر دی، الحمد للہ دو لوگوں نے، ایک ڈاکٹر اور دہلی کے وکیل صاحب نے کلمہ پڑھ لیا ہے، ان دونوں اور باقی لوگوں کو اگر اللہ نے ہدایت دی تو ان کی ہدایت کا ثواب آپ کو ملے گا۔

سوال: ارمغان کے قارئین کیلئے آپ کوئی پیغام دیں گے؟

جواب: میرے جیسے نہ جانے کتنے لوگ ایسے ہوں گے جو اندر سے مسلمان ہیں، اور جب

سچے نبی نے بتایا کہ ہر بچہ اسلام پر پیدا ہوتا ہے تو ایک مسلمان کو اس پر یقین کرنا چاہیے جس طرح کسی مذہب پر کوئی آدمی ہے وہ اپنے گھر سے بھولا بسرا یا بھٹک گیا ہے لیکن کو اپنے گھر لانا اس کے ساتھ کیسی بھلائی ہے، جو مسلمان ہو گیا تو گویا آپ نے اس کے گھر پہنچا دیا، مولانا صاحب کہتے ہیں کہ مجھے دعوت کی الف با بھی نہیں آتی اس روز آپ آئے تو کوئی جاننے والا تھا نہیں، مجھے بہت فکر ہوئی کہ مجھے کچھ آتا نہیں مگر آپ آ گئے تھے تو بات کرنی ہی تھی آپ معمولی سی دعوت پر مسلمان ہو گئے اصل میں آپ مسلمان ہوئے نہیں بلکہ مسلمان تو تھے ہی بس آپ نے باہر سے اظہار کر دیا، مسلمان صرف اندر کے مسلمانوں کو تلاش کر کے جن کی دوسرے مذہب میں رہنے کے باوجود فطرت اسلام ہی ہے، ان سے ظاہری طور پر اسلام کا اقرار کرا لیں تو ہندوستان میں بہت جلد مسلمانوں کی کثرت ہو جائے گی، میں بہت ذمہ داری سے یہ بات کہہ رہا ہوں کہ ہندوؤں میں اندر سے خود فطری مسلمانوں کی تعداد خاندانی مسلمانوں سے زیادہ ہے، بس مسلمان ان کو پہچان کر ان کو ظاہر کر لیں تو ملک کا نقشہ دوسرا ہوگا۔

: بہت خوب، واقعی آپ نے بڑے پتے کی بات کی ہے۔ بہت بہت شکریہ!

: آپ کا بہت بہت شکریہ! آپ نے موقع دیا، اچھا السلام علیکم

: وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ

: مولوی احمد! میرا دل چاہتا ہے کہ مسلمان اگر سیاسی الوسیدھا کرنے والے اور ان کے پھانسے میں آ کر جذباتی ناسمجھ غیر مسلموں سے متاثر ہو کر ایکشن (انفعال) کا راستہ چھوڑ کر اگر صرف غیر مسلموں میں اندر کے مسلمانوں کو تلاش کر کے ان کو ابھاریں تو شیطان اور باطل کے سارے حربے مکڑی کا جالا بن جائیں، کتنے اندر کے مسلمان اپنے ایمان کو اندر لے کر مر جاتے ہیں، میرا دل چاہتا ہے کہ گاندھی جی اندر سے مسلمان تھے،

جواہر لال نہرو اندر سے مسلمان تھے، سبھاش چندر بوس اندر سے مسلمان تھے گھتولی کے پنڈت سندر لال اندر سے مسلمان تھے، پس مسلمانوں نے ان کا حق ادا نہیں کیا، آج بھی بعض لوگوں کی تقریریں سنیں، بل کلنٹن اندر سے مسلمان ہیں، نیلسن منڈیلا اندر سے مسلمان ہیں، پرنس چارلس اندر سے مسلمان ہیں خود ہمارے ملک میں کتنے ہندو بھائی ہیں جو ظاہر داری کو نبھا رہے ہیں، کاش سب ایک طرف ہو کر اس کوشش میں سارے مسلمان جٹ جائیں کہ غیر مسلموں میں اندر سے مسلمان، باہر سے اقرار کر لیں تو نہ صرف ہمارے ملک بلکہ ساری دنیا کا نقشہ دوسرا ہوگا۔

مستفاد از ماہنامہ ارمغان، نومبر ۲۰۰۸ء

(۱۸)

محترمہ عائشہ باجی صاحبہ ﴿نومسلمہ﴾ سے ایک ملاقات

مجھے ایک عیسائی لڑکی نے بائبل دی، مذہب سے بچپن سے مجھے لگاؤ تھا، اصل میں سچے نبی کا سچا ارشاد ہے کہ ہر بچہ دین فطرت پر پیدا ہوتا ہے اس کے ماں باپ اس کو یہودی، نصرانی یا مجوسی بنا دیتے ہیں، بعض لوگ ایسی فطرت کے ہوتے ہیں کہ ان پر ماحول کا اثر دوسروں کے مقابلہ میں کم ہوتا ہے شاید میری فطرت ایسی ہی تھی، مجھے شرک کے ان بکھیڑوں میں گھٹن محسوس ہوتی تھی اور دل میں بار بار گھر چھوڑنے کا تقاضہ ہوتا تھا، اپنے خاندان کے مذہب سے میرا دل مطمئن نہ تھا مجھے یہ ڈھونگ اور بے تکا سا لگتا تھا، جیسے بس بے جان کوئی ڈرامہ ہو، اس لئے اندر سے جیسے مجھے حق کی پیاس لگی تھی میں نے بائبل پڑھی مگر اس میں تین میں ایک اور ایک میں تین کی بھول بھلیاں میرے ذہن کی الجھن بنی رہی، میں نے خواب دیکھا کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام تشریف فرما ہیں اور فرما رہے ہیں کہ میرا مذہب تو اسلام ہے۔

اسماء ذات الفوزین

اسماء ذات الفوزین : السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ

عائشہ باجی : وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ

سوال : عائشہ باجی کتنی حیرت کی بات ہے کہ رمضان میں کتنے لوگوں کی کارگزاری چھپی ہے مگر آج تک آپ سے انٹرویو نہیں لیا، میں نے کئی بار ابی سے کہا کہ عائشہ باجی کا انٹرویو

ضرور پوچھنا چاہئے؟

جواب: مجھے خود خیال ہوتا تھا میں نے عمر سے ابو سے کئی بار کہا کہ حضرت جی سے کہو اس فہرست میں ہمارا بھی نام آجائے، کیا خبر یہی ہماری نجات کا ذریعہ بن جائے، حضرت نے کئی بار فون پر کہا بھی مگر ہر کام کا ایک وقت ہوتا ہے اس لئے پچھلے ہفتہ حضرت نے حکم دیا کہ یہیں گھر آکر انٹرویو دینا ہے اگلے ماہ وہی چھپنا ہے اللہ کا شکر ہے کہ اس کا وقت آگیا۔

سوال: آپ اپنا خاندانی تعارف کرائیے؟

جواب: میرا تعلق ہریانہ کے پانی پت ضلع سے ہے، آپ کے علم میں ہے کہ ہندوستان کی علمی، سیاسی، سماجی، ادبی اور روحانی ہر طرح کی تاریخ میں پانی پت کو ملک میں بنیادی حیثیت حاصل ہے، وہاں کا ایک گاؤں جو دریائے جمنا کے قریب اتصالا ہے وہاں کے شرما برہمن خاندان میں پیدا ہوئی، میرا گھر بہت مذہبی تھا میرے چار بھائی ہیں اور تین بہنیں مجھ سے بڑی ہیں اور میں سب سے چھوٹی ہوں، ہماری بستی میں چند گھر مسلمانوں کے رہتے ہیں، بے چارے مزدور یعنی دنیاوی لحاظ سے بھی کمزور ہیں اور دینی لحاظ سے اور بھی کمزور، بہت سے لوگوں کو تو شاید یہ بھی معلوم نہیں کہ اسلام کیا ہوتا ہے بلکہ بعض ان میں ایسے ہیں جو نام کے بھی مسلمان نہیں، یعنی ہندوؤں جیسے یا ملتے جلتے نام ان کے اور ان کے بچوں کے ہیں، میں نے اسکول میں داخلہ لیا تو میرے ساتھ دو تین لڑکیاں مسلمانوں کی پڑھتی تھیں وہ ان میں سے ایک کی والدہ یوپی کی تھی جس کی وجہ سے ان کو کچھ دینی شد بد تھی ورنہ اکثر لڑکیوں کو بالکل معلوم نہیں تھا کہ کلمہ بھی کیا ہوتا ہے، پرائمری کے بعد میرے بڑے بھائی مجھے لدھیانہ لے گئے اور وہیں پر داخلہ کرادیا اور وہیں پر میں نے پہلے ہائی اسکول کیا پھر الحمد للہ بارہویں کلاس پاس کی، اللہ کو مجھے دوسرا امتحان دلوانا تھا بس لدھیانہ جانا ہی میری زندگی کا رخ بدلنے کا ذریعہ بنا۔

سوال: اپنے قبول اسلام کے بارے میں بتایئے؟

جواب: جیسا کہ میں نے بتایا کہ میرے بڑے بھائی راجندر شرما لدھیانہ میں رہتے تھے وہ مجھے لدھیانہ لے گئے وہاں ایک مشن اسکول میں میرا داخلہ ہو گیا وہاں مجھے ایک عیسائی لڑکی نے بائبل دی، مذہب سے بچپن سے مجھے لگاؤ تھا، اصل میں سچے نبی کا سچا ارشاد ہے کہ ہر بچہ دین فطرت پر پیدا ہوتا ہے اس کے ماں باپ اس کو یہودی، نصرانی یا مجوسی بنا دیتے ہیں، بعض لوگ ایسی فطرت کے ہوتے ہیں کہ ان پر ماحول کا اثر دوسروں کے مقابلہ میں کم ہوتا ہے شاید میری فطرت ایسی تھی، اپنے خاندان کے مذہب سے میرا دل مطمئن نہ تھا مجھے بیہودگی اور بے تکا سا لگتا، جیسے بس بے جان کوئی ڈرامہ ہو، اس لئے اندر سے جیسے مجھے حق کی پیاس لگی تھی میں نے بائبل پڑھی مگر اس میں تین میں ایک اور ایک میں تین کی بھول بھلیاں میری ذہن کی الجھن بنی رہی، میں نے خواب دیکھا کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام تشریف فرما ہیں اور فرما رہے ہیں کہ میرا مذہب تو اسلام ہے یہ میرے لائے ہوئے مذہب کی بگڑی ہوئی شکل ہے، میری آنکھ کھلی تو مجھے اسلام پڑھنے کا شوق پیدا ہوا، مگر لدھیانہ میں میرے لئے اسلامی لٹریچر ملنا بہت مشکل تھا، ایک بار میں اسکول سے جا رہی تھی ایک مسجد میں چھوٹا سا تبلیغی جلسہ ہو رہا تھا باہر کچھ چائے اور ٹوپی مسواک والوں نے دوکانیں لگا رکھی تھیں وہیں کچھ ہندی اور اردو کی اسلامی کتابیں بھی تھیں میں نے کچھ کتابیں خریدیں، ان میں ہمارے نبی کی سیرت پاک بھی تھی، اب تو مجھے یاد بھی نہیں رہا کہ کس کی لکھی ہوئی تھی میں نے اسے پڑھا تو مجھے لگا کہ میری پیاس مجھے مل گئی اور مجھے اسلام کو مزید جاننے کا شوق پیدا ہوا، اللہ نے فضل فرمایا کہیں نہ کہیں سے مجھ کو کچھ پڑھنے کو ملتا رہا اور میں نے لدھیانہ میں ہی فیصلہ کر لیا کہ مجھے مسلمان ہونا ہے، معلومات کی تو معلوم ہوا کہ یہ کام جامع مسجد دہلی کے شاہی امام کراتے ہیں، چھٹیوں میں میرا گھر آنا ہوا تو مجھے

شرک کے ان کے بکھیڑوں میں گھٹن محسوس ہوتی، دل میں بار بار گھر کو چھوڑنے کا تقاضہ ہوا، میں نے ایک مسلمان گھرانے سے تعلق پیدا کیا اور ان سے یو پی سے برقعہ منگوایا اور ایک دن سحری کے وقت گھر سے نکل پڑی، جنگل کے راستہ پیدل جمنا تک پہنچی اور جمنا کو پار کرنے کے لئے جمنا میں گھس گئی، میرے گلے تک پانی آرہا تھا کئی بار خیال آیا کہ شاید میں ڈوب جاؤں گی، مجھے کسی نے بتایا تھا کہ زیادہ سے زیادہ کمر تک پانی آتا ہے مگر اس روز رات میں بارش ہوئی تھی اس کی وجہ سے پانی چڑھ گیا میں دل ہی دل میں اللہ کو یاد کرتی رہی میرے اللہ دیکھ رہے ہیں، اگر میں ڈوب کر مری تو پھر یہ موت میری آپ کی محبت میں، آپ کی تلاش میں ہوگی، اسماء بہن نہ جانے مجھے کہاں سے حوصلہ اور ہمت ملی تھی، اللہ کا شکر ہے کہ جمنا پار کی، جمنا پار کر کے میں نے دہلی جانے کا راستہ معلوم کیا تو لوگوں نے بتایا کہ بڑوت جا کر دہلی جانا ہوگا، ایک مسلمان بھائی مجھے ملا اس نے کہا کہ وہاں پر مسلمان ہونے کے لئے دو جاننے والے گواہ لے جانے ہوں گے ورنہ یہ کام وہاں نہیں ہو سکے گا، میں نے کہا تو پھر میں کیا کروں، مجھے ضرور مسلمان ہونا ہے، اس نے کہا کہ اچھا یہ ہے کہ تم دیوبند چلی جاؤ، میں نے کہا کہ میں اکیلی کس طرح دیوبند جاؤں اس کو مجھ پر ترس آیا کہا: بہن دیوبند تک میں ہی پہنچا دوں گا، مگر ہم دونوں ذرا دور دور بس میں بیٹھیں گے اگر کوئی رشتہ دار مل جائے تو یہ مت بتانا کہ میں اس کے ساتھ جا رہی ہوں، میں نے کہا ٹھیک ہے، وہ مجھے پہلے کیرانہ، وہاں سے شاملی اور پھر نانوتہ سے دیوبند لے گیا، دو بجے کے بعد ہم دیوبند پہنچے، مدرسہ میں گئے مگر وہاں سب نے منع کر دیا، ایک مولانا ملے انھوں نے کہا ان کو صدر دروازہ کے سامنے مولانا اسلم مظفر والوں کے پاس لے جاؤ، وہاں یہ کام ہو جائے گا، وہ مولانا اسلم کے یہاں لے گئے انھوں نے ہمیں کھانا کھلایا بہت تسلی دی اور حضرت (مولانا محمد کلیم) سے ٹیلیفون بات کی حضرت نے کہا کہ کلمہ تو فوراً پڑھوا دیجئے اور ایک دو روز بعد پھلت بھیج

دیجئے، مجھے کلمہ پڑھوایا اور میرا نام عائشہ رکھ دیا، دو یا تین روز کے بعد مجھے پھلت بھیج دیا، پھلت میں کچھ روز وہاں رہی، وہاں پر نماز وغیرہ سیکھنا شروع کی پھر پڑھائی اور دین سیکھنے کے لئے مجھے اللہ تعالیٰ نے مالیر کوٹلہ شاکرہ باجی کے یہاں بھیج دیا، وہاں میں نے قرآن مجید اور دینیات پڑھی، شاکرہ باجی بڑی نیک خاتون ہیں، انھوں نے مجھے بہت محبت سے رکھا، قرآن مجید وغیرہ مکمل کر کے میں واپس پھلت اور دیوبند آئی اور حضرت جی نے میری شادی دہلی کے ایک نوجوان حبیب الرحمٰن سے کر دی۔

سوال: آپ کو اس نئے ماحول میں عجیب سا نہیں لگا؟ والدین کے بغیر شادی آپ کو کیسی لگی؟

جواب: حضرت نے اور پھر مولانا اسلم صاحب اور دونوں کے گھر والوں نے میرے ساتھ بہت محبت کا معاملہ کیا اور جس بڑی چیز ایمان کے لئے میں گھر سے نکلی تھی اس کے مل جانے اور اس کے نتیجہ میں آخرت کی کامیابی نے مجھے کوئی احساس نہیں ہونے دیا، کبھی خیال جاتا بھی تھا تو میں اپنے دل کو سمجھا لیتی تھی۔

سوال: آپ کے سسرال والوں نے شادی کس طرح کی؟

جواب: میرے شوہر الحمد للہ حضرت سے بیعت ہیں، ان کی والدہ ایک نیک خاتون ہیں، بالکل سنت کے مطابق سادگی سے میری شادی کی اور الحمد للہ مجھے اس طرح کوئی غربت اور اجنبیت نہیں محسوس ہونے دی۔

سوال: آپ کے شوہر کیا کرتے ہیں؟

جواب: وہ ایکسپورٹ کا کام کرتے ہیں مگر ان پر بہت حالات آئے ہیں، اس طرح تو شاید جس طرح ہمارے ساتھ حالات آئے ہیں، بہت کم لوگوں کے ساتھ آتے ہوں گے مگر میرے اللہ ہمیں ہمت دیدیتے ہیں اور میرے شوہر کا دعوتی شوق اور روز روز کی خبریں ان

حالات میں ہمارے لئے حوصلہ کا ذریعہ بنتی ہیں۔

سوال : آپ کے گھر والوں نے آپ کو تلاش نہیں کیا؟

جواب : شروع میں بہت تلاش کیا، تھانے میں رپورٹ بھی لکھوائی، گاؤں کے بعض لوگوں کو پریشان بھی کیا، میں چلتے وقت ایک خط لکھ کر آئی تھی کہ میں نہ کسی لڑکے کی وجہ سے جا رہی ہوں نہ کوئی مجھے ساتھ لے جا رہا ہے نہ میں خودکشی کرنے جا رہی ہوں، مجھے حق کی تلاش تھی وہ مجھے مل گیا، اس کو پانے اور اپنے خدا کی ہونے جا رہی ہوں، میری تلاش کرنا فضول ہے، اگر میرے اللہ نے چاہا تو میں خود رابطہ کروں گی لیکن اس کے باوجود بھی انھوں نے بہت تلاش کیا میرے والد کا انتقال تو میرے سامنے ہی ہو گیا تھا، میں کسی طرح گھر کی خیر خیریت لیتی رہتی تھی مجھے معلوم ہوا کہ میری ماں بہت بیمار ہے اور بستر مرگ پر ہیں مجھے بہت یاد آئی اور فکر ہوئی کہ وہ شرک پر نہ مر جائے، میں نے اپنے شوہر سے کہا کہ کتنے لوگوں کو آپ نے کلمہ پڑھوایا میری ماں کلمہ کے بغیر مر جائیں گی تو ایسے داعی سے شادی کرنے سے مجھے کیا خاک فائدہ ہوگا، وہ جذبہ میں آگئے اور بولے آج ہی چلتے ہیں، ہماری امی (ساس اماں) بولی میں تم لوگوں کو اکیلے جانے نہیں دوں گی میں بھی ساتھ چلوں گی، ہم لوگ گھر سے چلے بچے بھی ساتھ تھے، میں نے اپنی ساس اماں اور شوہر سے کہا کہ آپ یہاں ایک مسلمان کے گھر ٹھہریں، میں بچوں کے ساتھ جاتی ہوں، اگر تین بجے تک ہم واپس آگئے تو آپ سمجھنا کہ ہم زندہ ہیں، ورنہ آپ چلے جانا یہ سوچ کر کہ ہم چاروں کو مار دیا گیا، میری ساس اماں مصلی پر بیٹھ گئیں، میں برقعہ میں جب گھر پہنچی تو لوگ حیران رہ گئے، میری ماں مجھ سے چمٹ چمٹ کر خوب روئی، مجھے انھوں نے نہیں چھوڑا چار بج گئے، میری ساس اماں بہت گھبرا گئی اور میں نے اپنے شوہر اور سسرال کی بہت تعریف کی تو انھوں نے ملنے کی خواہش ظاہر کی، میں نے کہا اب تو مجھے جلدی جانا ہے دو تین روز کے بعد ہم آئیں

گئے، میں اپنے شوہر کو لے کر گئی تھی نے اور انھوں نے والدہ کو سمجھایا، الحمدللہ انھوں نے سب گھر والوں کو بھیج کر آپ کیلئے میں بات کی اور کلمہ پڑھا اور کہا کہ میں سچے دل سے کلمہ پڑھ رہی ہوں اور مجھے اپنے زیور میں سے کئی تولہ سونا دیا، میرے شوہر اور مجھے اور بچوں کو کپڑے دیئے۔

سوال: اس کے بعد بھی آپ لوگ وہاں گئے؟

جواب: ان کی زندگی میں دو بار اور گئے مگر میرے دو بھائی بلکہ ان کی بیویاں ہمارے جانے سے بہت ناراض تھیں، خصوصاً ماں سے ہر دفعہ کچھ دینے سے، اس لئے ہمارے لئے مشکل ہونے لگی، پھر ایک مہینہ کے بعد میری والدہ کا انتقال ہو گیا، الحمدللہ ان کا کلمہ پڑھنے کے بعد انتقال ہوا۔

سوال: باقی گھر والوں کا کیا رویہ ہے؟

جواب: میری دو بہنیں اور دو بھائی تو محبت اور تعلق رکھتے ہیں، ہم ان کے لئے دعا کر رہے ہیں، اللہ تعالیٰ ان سب کو ہدایت عطا فرمائیں، اصل میں گھر والے تو اتنے مخالف نہیں ہیں جن کو معلوم ہوا وہ لوگ ان پر دباؤ بناتے ہیں جس کی وجہ سے وہ ڈرتے ہیں، بھائی صاحب نے کہا کہ جب تم کو ملنا ہو تو ہمیں بلا لیا کرو تمہارے یہاں آنے سے ہمیں مشکل ہوتی ہے۔

سوال: آپ کے شوہر حبیب بھائی تو بڑے داعی ہیں، ابی ان کا بہت ذکر کرتے ہیں کیا وہ آپ کو بھی دعوت میں شریک کرتے ہیں؟

جواب: الحمدللہ، اللہ نے ان کو تو بہت نوازا ہے، نہ جانے کتنے لوگ بڑے اہم اہم ان کی دعوت پر مشرف باسلام ہو چکے ہیں، وہ کہتے ہیں: ہمارے حضرت کہتے ہیں کہ داعی کو حساب رکھنا چاہئے کہ کم از کم ایک دن میں ایک آدمی کو اس کی دعوت پر مسلمان ہونا ہی چاہئے، اسماء بہن کبھی تو مہینوں تک ان کا حساب پورا ہوتا رہتا ہے، آج کل تو ایک ہوپے

سے زیادہ ان کے ہاتھوں مسلمان ہو رہے ہیں، کبھی کبھی کام رکا سا جاتا ہے تو بہت پریشان ہوتے رہتے ہیں، کبھی کبھی بس روتے رہتے ہیں کہ میرے کسی گناہ کی وجہ اللہ نے راستہ بند کر دیا، حضرت سے ملتے جاتے ہیں، کبھی کبھی فون بھی نہیں مل پاتا، پچھلے دنوں دو مہینے تک حضرت سے نہ ملاقات ہوئی نہ فون ملا، دعوت کا کام بھی سست ہو گیا جس گھر پہ کام کر رہا تھا جب دیکھو ور ہے ہیں، میں بہت گھبراتی، ہو سکتا ہے حضرت سفر پر ہوں، کہیں نہیں حضرت ناراض ہیں، اللہ کا شکر ہے فون مل گیا حضرت نے فرمایا کہ تم میرے کیا تو یوت ہو تم سے کیوں ناراض ہونے لگا، بس فون پر بات کر کے آئے جیسے عید ہو گئی ہو اور پھر کام پر لگ گئے بس تو کوئی صبح کو کلمہ پڑھ رہا ہے کوئی شام کو، مجھے بھی خیال ہوا کہ ان کی بات ہی سچی ہے، حضرت سے ملے حضرت نے فرمایا کہ اللہ کی طرف سے داعی کی حفاظت کے لئے یہ نظم ہوتا ہے کہ کبھی داعی یہ نہ سمجھنے لگے کہ ہماری وجہ سے کام ہو رہا ہے، جب اللہ چاہے اور جس کو چاہے ہدایت ہوتی ہے یہ یقین ضروری ہے اور داعی کا رونا بھی اللہ کو بہت پیارا لگتا ہے اس لئے کبھی اللہ راستے کھولتے ہیں اور کبھی روکتے ہیں۔

سوال: آپ کے بچے کیا پڑھ رہے ہیں؟

جواب: میرے دو بیٹے اور دو بیٹیاں ہیں، الحمد للہ چاروں پڑھ رہے ہیں ان شاء اللہ چاروں کو حافظ و عالم بنانے کی نیت ہے، اللہ تعالیٰ ہمارے ارمان پورے فرمائے اور ان چاروں کو داعی بنائے۔

سوال: لبنیٰ بتا رہی تھیں کہ آپ پر بہت حالات آتے رہتے ہیں، آپ کو کیسا لگتا ہے؟

جواب: کاروباری اور ہمارے گھر میں بیماری وغیرہ کے مسائل آتے ہیں تو اکثر صحابہؓ کی قربانیاں یاد آ جاتی ہیں کہ ہم نے تو ایمان کے لئے کچھ بھی قربانی نہیں دی اور ذرا راحت کم ہی ہوتی ہے تو کوئی اچھا خواب آ جاتا ہے، اللہ کے رسول ﷺ کی خواب میں زیارت الحمد للہ

بہت ہوتی ہے اور سکینوں اس کا مزہ اور خوشی رہتی ہے، پچھلے ہفتے مجھے الحمدللہ بڑی اچھی حالت میں زیارت ہوئی، عمر کے بابو کہتے ہیں بہت وقت تک تمہارا چہرہ کھلا رہتا ہے۔

سوال: قارئین ارمغان کے لئے کوئی پیغام بھی دینا چاہیں گی؟

جواب: سچائی اور حق کے لئے آدمی کو قربانی دینی پڑتی ہے، آدمی عزم کرے اور سچائی اور حق جو انسان کا حق ہے اس کے لئے پر عزم ہو جائے تو اس کو پانا انسان کے لئے مشکل نہیں، میں ایسے حالات میں گھر سے نکلی تھی بس حق پر اللہ نے اعتماد کی طاقت سے میری مدد فرمائی اور مجھے ہمت دی اور الحمدللہ میں اپنی مراد کو پہنچی، اللہ تعالیٰ بس موت تک اس پر استقامت نصیب فرمائے کہ اصل مسئلہ تو ابھی باقی ہے۔

سوال: بہت بہت شکریہ عائشہ باجی! السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

جواب: وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

مستفاد از ماہنامہ ارمغان، اگست ۲۰۰۹ء

۱۹

جناب قاضی محمد شریح صاحب (کشمیر) سے ایک ملاقات

حضرت فرماتے ہیں اور کتنی سچی بات فرماتے ہیں کہ یہ ملک اہل محبت کا ملک ہے، محبت یہاں کے لوگوں کی کمزوری ہے سچی ہمدردی اور محبت کے سامنے یہ قوم پاؤں نہیں جما پاتی فوراً مائل ہو جاتی ہے، اس قوم کی اس خوبی کا فائدہ ہی اٹھا کر ہم لوگ کچھ نا سمجھ لوگوں کی گندی سیاسی فرقہ پرستی سے متاثر ہونے کے بجائے ان کو اپنا خونی رشتہ کا بھائی سمجھ کر اگر محبت سے دعوت دیں تو ایسا ہو نہیں سکتا کہ یہ قوم ٹھکرائے، یہاں دعوت کا کام کرنے کے لئے زیادہ بحث و مباحثہ اور عقلی دلائل اور اس کی صلاحیت کی ضرورت نہیں بلکہ صرف محبت اور جرأت کی ضرورت ہے اور جرأت سے زیادہ محبت کی شرط یہ ہے کہ محبت وہ جو اندر سے ابلے اور دل تک پہنچ جائے، جب ایک کم پڑھے لکھے، سیدھے دیہاتی نوجوان کے دو بلکہ ڈیڑھ آنسو مجھے ہمیشہ کے کفر و شرک سے نجات کا ذریعہ بن سکتے ہیں، اگر رحمۃ للعالمین نبی ﷺ کی طرح راتوں کو اللہ کے حضور رونا اور سینہ کا ہانڈی کی طرح کھولنا ہمیں نصیب ہو جائے تو یہ ملک سو فیصد اسلام کا زبردست مرکز بن سکتا ہے۔

مولانا محمد اواہ ندوی

احمد اواہ : السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ

قاضی محمد شریح : وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ مولانا احمد صاحب

س : قاضی محمد شریح صاحب! ماشاء اللہ ابی نے ابھی بتایا کہ ابی نے آپ کا نام قاضی محمد

شریح رکھا ہے؟

جواب: ہاں مولانا احمد صاحب! ابھی میں نے بہت اچھی طرح اعلان تو نہیں کیا مگر حضرت جی نے میرا نام قاضی محمد شریح رکھا ہے، نام ذرا مشکل ہے مگر جب حضرت نے تاریخ بتائی تو مجھے اچھا لگا اور دل میں آیا کہ اللہ تعالیٰ نام کی برکت سے اگر حضرت شریح کا کروڑواں حصہ بھی مجھے ان کی خوبی رہے تو میرا بیڑہ پار ہو جائے گا۔

سوال: اصل میں ابی کا کہنا ہے کہ مسلمانوں بلکہ اس پوری دنیا کے انسانوں کی خیر و ترقی اس میں ہے کہ یہ پیچھے ہٹ کر چودہ سو سال پہلے کے زمانے سے وابستہ ہو جائیں، اس زمانہ اور اس کے مزاج سے دنیا کے دور ہو جانے کی وجہ سے ساری تباہی آرہی ہے، اس لیے ابی لوگوں کے مدرسوں کے نام، دفتروں کے نام خیر القرون سے ملا کر رکھنے پر زور دیتے ہیں، مدرسہ صفۃ الاسلام، دار ارقم، دار ابی ایوب وغیرہ قاضی شریح ہمارے نبی کے چوتھے خلیفہ کے زمانے میں بڑے مشہور قاضی تھے۔

جواب: ہاں انھوں نے وہ قصہ سنایا تھا کہ حضرت علیؓ کے مقابلہ میں ایک یہودی کے حق میں انھوں نے زرہ کے مقدمہ میں شرعی گواہ نہ ہونے کی وجہ سے فیصلہ سنایا تھا اور اس انصاف پر وہ یہودی مسلمان ہو گیا تھا۔

سوال: جی بالکل وہی واقعہ ان کا مشہور ہے اور بھی ان کے انصاف اور عدل کے بہت سے واقعات ہیں، قاضی صاحب آپ کو ابی نے بتایا ہوگا کہ مجھے آپ سے ارمغان کے لئے انٹرویو لینا ہے؟

جواب: جی ابھی بتایا ہے، میں نے عرض بھی کیا کہ بار بار اجازت کے باوجود آپ نے مجھے اپنے قبول اسلام کا اعلان کرنے سے منع کیا ہے اور ایسے میں میرا انٹرویو چھپنا کیا مناسب ہوگا، حضرت جی نے فرمایا کہ مقصد تو نصیحت اور دعوتی جذبہ پیدا کرنا ہے، آپ اپنا اجمالی

تعارف کرادیں، اصل میں رمضان کا مہینہ ہے اور آپ آگئے ہیں، اس برکت والے مہینے میں آپ کا حال چھپ جائے تو یہ بہتر ہے۔

سوال: آپ اپنا خاندانی تعارف کرائیے؟

جواب: میں ہریانہ کے ایک جاٹ خاندان میں ۲۳ مئی ۱۹۶۲ء کو پیدا ہوا، روہتک سے میں نے بارہویں کلاس اور پھر بی ایس سی کیا اور بعد میں میرے والد نے جو چندی گڑھ میں جج تھے میری لائن بدلنے کا فیصلہ کیا اور ایل ایل بی کرنے کو کہا، میں نے ایل ایل بی کیا اور چندی گڑھ سے وکالت شروع کردی اور پھر اللہ نے PCS کیا پہلی بار میں کوالی فائی کیا آج کل ایک ضلعی عدالت میں CIA ڈی سے جہوں، انشاء اللہ بہت جلد ڈسٹرکٹ جج بننے کی امید ہے، میری ایک بہن DSP ہیں، ان کے شوہر ADM ہیں، ہمارا خاندان اللہ کا شکر ہے کہ پڑھا لکھا خاندان ہے، ہمارے خاندان میں اردو کا رواج رہا ہے، میرے دادا اردو کے بہت اچھے شاعر تھے، مخدوم اپنا تخلص لکھتے ہیں وہ مخدوم پانی پتی کے عقیدت مندوں میں تھے۔

سوال: اپنے قبول اسلام کے بارے میں بتائیے؟

جواب: میں ہریانہ میں ایڈیشنل ڈسٹرکٹ کورٹ میں جج کے عہدہ پر فائز تھا ہمارے خاندان میں انسانی قدروں کی بڑی اہمیت تھی، گھر میں بوڑھی عورتیں اور بڑے، مہاپرشوں، صوفیوں اور اچھے لوگوں کے قصے سناتے تھے، میرے والد خود بہت ایماندار افسر تھے، میں نے پریم چند کی کہانیاں پڑھی تھیں، میں نے پنچ پرمیشور کہانی بھی پڑھی تھی، اس کہانی سے میرے ذہن میں یہ بات بیٹھ گئی تھی کہ فیصلہ کی گدی پر آدمی خدا کا نائب بن کر بیٹھتا ہے اس کو سارے انسانوں کو ایک آنکھ سے دیکھنا چاہئے اور انصاف کرنا چاہئے، اللہ کا شکر ہے کہ میں اس کا خیال کرتا ہوں اور عدالت میں اپنی رٹ سے انصاف کرنے کی کوشش کرتا ہوں، جب آدمی نیکی کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ دنیا میں بھی لوگوں کے دلوں میں عزت اور محبت پیدا

کر دیتے ہیں، میں جہاں بھی رہا لوگ میری ایمان داری کی وجہ سے میری بہت قدر کرتے تھے بلکہ میں نے دیکھا ہے کہ بے ایمان اور رشوت لینے والے بھی میری عزت کرتے بلکہ میں نے تو دیکھا کہ میرے افسر بھی میری ہمیشہ کی ایمان داری کی وجہ سے بہت عزت کرتے ہیں، پانچ سال پہلے کی بات ہے ایک روز صبح مارننگ واک (چہل قدمی) کر رہا تھا، مولانا صاحب کا ایک شاگرد جو بہت شریف اور محبت بھرا نوجوان ہے میرے پاس آیا اور مجھ سے کہا کہ آپ ہمارے شہر میں آئے ہیں یہ بڑی خوشی کی بات ہے، سب لوگ آپ کی تعریف کرتے ہیں اور آپ سے محبت کرتے ہیں۔ میں آپ سے کافی روز سے بات کرنا چاہ رہا ہوں آپ مجھے دس منٹ کا وقت دیدیجئے، میں نے کہا ابھی میرے ساتھ چلئے ایک کپ چائے پی لیجئے، اس نے کہا کہ ہمارے حضرت یہ کہتے ہیں قرآن نے کہا ہے کہ جب کسی سے ملنے جانا ہو تو اپا کمنٹ لے کر جاؤ، میں نے کہا میں ٹائم دے رہا ہوں، میرے پاس ابھی وقت ہے، وہ خوش ہوا میرے ساتھ میرے گھر آیا اور بولا: مجھے یہ فکر ہے جج صاحب آپ اتنے ایمان دار اور بھلے افسر ہیں آپ کو ایک دن مرنے کے بعد بڑی عدالت میں مجرموں کے کٹہرے میں کھڑا ہونا پڑے گا اور آپ پر غداری کا مقدمہ چلے گا، میں نے حیرت سے پوچھا مجھ پر غداری کا مقدمہ چلے گا؟ بولے جی، جس دیش میں آدمی رہتا ہو وہاں کے حاکم اور مالک کو نہ مانے اور وہاں کے سنودھان (Constitution) کو نہ مانے وہ باغی اور غدار ہے، اس پوری سرشٹی (کائنات) کا حاکم و مالک ایک اللہ ہے اور اس کا فائنل دستور سنودھان قرآن مجید ہے، جو اللہ کو اور قرآن کو نہ مانے وہ تو باغی اور غدار ہے، میں نے کہا آپ کے پاس کیا ثبوت ہے کہ مجھ پر یہ مقدمہ چلے گا؟ اس نے بڑے درد اور حیرت سے کہا کہ میں اتنا پڑھا لکھا تو ہوں نہیں کہ آپ کو تر ک (دلائل) سے سمجھا دوں مگر جب آنکھ کھلے گی جس کو آپ مرنا اور آنکھ بند ہونا کہتے ہیں ہم اسے آنکھ کھلنا کہتے ہیں تو بات ہماری ہی ٹھیک

ہوگی مگر جج صاحب اس وقت آپ کو فیصلہ کا اختیار نہیں رہے گا تو مجبوراً آپ کو ہمیشہ کی نرک کی جیل میں جلنا پڑے گا، یہ کہہ کر اس کی آنکھوں سے محبت اور ترس سے دو آنسوں نکلے، جن میں سے ایک تو زمین میں ٹپک گیا اور دوسرا پلکوں میں اٹک گیا، مولانا احمد صاحب بے لوث محبت اور ہمدردی میں اس کے وہ دو آنسو میرے گلے کا پھندہ بن گئے، میرے دل میں آیا کہ میرے لیے ہمدردی بات میں ضرور سچائی ہے اور اس کی ماننے میں میرے لئے بھلائی ہے، میں نے کہا مجھے کیا کرنا چاہیے، اس نے کہا آج پہلی تاریخ ہے ہمارے حضرت سونی پت آئے ہیں، آپ کو کلمہ پڑھوا کر مسلمان بنادیں گے، میں نے کہا کس وقت چلنا ہے؟ اس نے کہا دس بجے یہاں سے چلیں گے گیارہ بجے تک پہنچ جائیں گے، حضرت گیارہ ساڑھے گیارہ بجے تک آجائیں گے دس بجے ہم دونوں چلے، گیارہ بجے سونی پت پہنچے، اتفاق سے مولانا کو اس روز کوئی کام تھا جس کی وجہ سے ڈیڑھ بجے سونی پت پہنچے، گاڑی کی آواز آئی، میں کمرے سے نکلا، مولانا صاحب سے ملاقات ہوئی، میں نے کہا میں مسلمان ہونا چاہتا ہوں، حضرت صاحب نے کہا: ایمان اللہ کے یقین کا نام ہے، آپ نے ارادہ کرلیا بس ہوگیا، ہم بھی اس ثواب میں شریک ہوجائیں اس کے لئے کلمہ پڑھ لیجئے، یہ کلمہ آخری اور مکمل دستور قرآن کو، نبی کے طریقہ پر عمل کرنے اور اس کو ماننے کا حلف ہے، جو ہر آدمی کو عہدہ سنبھالتے وقت لینا ہوتا ہے، حضرت نے مجھے کلمہ پڑھوایا اور اردو میں ترجمہ بھی کہلوایا پھر مجھ سے معلوم کیا کہ آپ نے اتنا بڑا فیصلہ لیا ہے، آپ نے اسلام کو پڑھا اور سمجھا بھی ہے؟ میں نے کہا میں نے ایل ایل بی میں مسلم پرسنل لا جو کچھ پڑھا ہے بس اس کے علاوہ ایک لفظ نہیں پڑھا، مسلمانوں سے زیادہ رابطہ بھی نہیں رہا بلکہ نام کیلئے بھی مسلمانوں سے رابطہ نہیں رہا، ہریانہ میں مسلمان ہیں بھی نا کے برابر، حضرت نے پوچھا پھر اتنا بڑا فیصلہ آپ نے کس بات پر لیا؟ میں نے کہا آپ کا یہ مرید میرے پاس آیا اور محبت سے مجھ سے

کہا: آپ اتنے ایمان دار افسر ہیں، مگر آپ پر ایک بڑی عدالت میں غداری کا مقدمہ چلے گا اور جب میں نے اس سے ثبوت مانگا تو جواب میں محبت سے اس کی آنکھوں سے دو آنسو نکل گئے، ایک زمین میں گر گیا اور ایک پلکوں میں اٹک گیا، حضرت صاحب مجھے آج معلوم ہوا کہ ہتھکڑی پڑ کر مجرم کیسے بے بس ہو جاتا ہے، یہ محبت بھرے دو آنسو میرے گلے کا پھندہ بن گئے، میرے دل نے کہا ایسے محبت بھرے آدمی کی بات ماننے میں بھلائی ہے، ایسا خیر خواہ جھوٹا نہیں ہو سکتا، حضرت نے میرا نام قاضی محمد شریح رکھا اور پورا قصہ قاضی شریح کا سنایا، مجھے بار بار مبارک باد دی اور اسلام پڑھنے کے لئے کہا، کتابوں کی ایک فہرست بنائی اور ایک مولانا کے ذمہ لگایا کہ دو دن سے یہ کتابیں مجھے منگا کر دیں۔

س: اس کے بعد آپ نے وہ کتابیں پڑھیں؟

ج: سب سے پہلے میں نے "آپ کی امانت آپ کی سیوا میں" پڑھی، اس کتاب نے مجھے اپنے فیصلہ پر بڑا اعتماد پیدا کیا کہ بے سوچے سمجھے میں نے کتنا سوچا سمجھا فیصلہ لیا بلکہ سچی بات یہ ہے کہ میرے اللہ نے مجھے کتنا سوچ سمجھ کر لینے والا فیصلہ بے سوچے سمجھے لینے پر مجبور کیا، اس کے بعد میں نے "مرنے کے بعد کیا ہوگا؟" پڑھی اس کتاب نے یوم آخرت خصوصاً حشر کی عدالت کو دل و دماغ پر ایسا طاری کیا کہ اب عدالت میں جج کی کرسی پر ہوتا ہوں اور میرا ذہن اللہ کی عدالت میں حساب دیتے وقت مجرموں کے کٹہرے میں اپنے کو کھڑا پاتا ہے، بعض مرتبہ اس خوف میں بہت زیادہ بدحالی ہو جاتا ہوں اس کے بعد الحمد للہ ایک کے بعد ایک کئی سو کتابیں پڑھ چکا ہوں۔

سوال: آپ نے گھر والوں کو ابھی تک نہیں بتایا؟

جواب: پانچ سال ہونے والے ہیں میں خود بہت پریشان ہوں مگر جب بھی حضرت سے بات ہوتی ہے تو حضرت کہتے ہیں کہ ابھی کچھ روز بعد اعلان کیجئے، الحمد للہ میری اہلیہ تو

مسلمان ہوگئی ہیں اور میرے دونوں بچے بھی، ہم چاروں تو نماز روزہ گھر میں پابندی سے ادا کرتے ہیں، آج حضرت نے فرمایا کہ اب ان شاء اللہ رمضان کے بعد اعلان کروائیں گے، میرے دل میں بار بار غیرت کی وجہ سے بہت جذبہ ہوتا ہے کہ حضرت ابوذرؓ نے بھی تو حضور ﷺ کے منع کرنے کے باوجود اعلان کر دیا تھا، مگر پھر اندر سے کوئی سمجھاتا ہے کہ ایک آدمی کو اپنا رہبر بنالیا ہے تو پھر اپنی چلانے کے بجائے اس کی ماننے میں عافیت ہے بعض دوسرے معاملات میں میں نے تجربہ بھی کیا کہ حضرت کی مرضی ماننے میں بڑی بھلائی ملی۔

سوال: نماز وغیرہ آپ کہاں پڑھتے ہیں اور جمعہ کی نماز کا کیا کرتے ہیں؟

جواب: عام اعلان میں نے نہیں کیا ہے ورنہ بہت سے مسلمانوں کو الحمدللہ ہمارے اسلام کا علم ہے، میں جمعہ کی نماز جہاں رہتا ہوں اس سے دور کسی شہر گاؤں یا قصبہ میں جہاں جمعہ ہوتا ہو تلاش کر لیتا ہوں الحمدللہ جمعہ پابندی سے پڑھتا ہوں، یوں بھی جماعت میں میں نے تین روز الحمدللہ اب تک سات مرتبہ لگائے ہیں مگر دور جا کر۔

سوال: آپ کو اسلام میں آکر کیسا لگا؟

جواب: ہریانہ میں ۱۹۴۷ء کے بعد اسلام اور مسلمان تو ایسے ہی ہیں، اس لئے رسم ورواج کے لحاظ سے اسلام سے ہمیں مناسبت کم ہی تھی، اگر چہ پردہ تہذیب اور گھر میں نان ونج کا رواج تھا، مگر چونکہ عقیدہ اور پورے ضابطے کے لحاظ سے اسلام بالکل نیچرل مذہب ہے مجھے بالکل بھی اجنبی نہیں لگا، بلکہ ایسا لگا کہ میری چیز تھی حضرت صاحب کتنی سچی بات کہتے ہیں سونی پت میں ان کی تقریر میں نے سنی، اسلام دین فطرت ہے، پیاسے انسان کو جس طرح بھی آپ اس کے ہونٹوں کے پاس پانی لائیں گے تو جس طرح وہ اس کو قبول کرے گا اسی طرح انسانی فطرت، دین فطرت کی پیاسی ہے، اس کو دین فطرت اجنبی نہیں لگتا، شرط یہ ہے کہ اس کے ہونٹوں تک لگا دیا جائے۔

سوال: ابی نے آپ کو دعوت پر نہیں لگایا، گھر والوں اور خاندان والوں پر کام کے لئے نہیں کہا؟

جواب: ہاں الحمد للہ کہا ہے، میں کام بھی کر رہا ہوں، الحمد للہ میری ایک بوا (پھوپی) اور ان کے شوہر مسلمان ہو گئے ہیں، میرے چچا کے ایک بیٹے مسلمان ہو گئے ہیں، میرے چھ نوکر مسلمان ہو کر اعلان کر چکے ہیں، دو نے تو مسلمان لڑکیوں سے شادی بھی کر لی ہے۔

سوال: ماشاء اللہ! اچھا ارمغان کے لئے آپ کوئی پیغام دیں گے؟

جواب: حضرت فرماتے ہیں اور کتنی سچی بات فرماتے ہیں کہ یہ ملک اہل محبت کا ملک ہے، محبت یہاں کے لوگوں کی کمزوری ہے سچی ہمدردی اور محبت کے سامنے یہ قوم پاؤں نہیں جما پاتی، فوراً مائل ہو جاتی ہے، اس قوم کی اس خوبی کا فائدہ اٹھا کر ہم لوگ کچھ نا سمجھ لوگوں کی گندی سیاسی فرقہ پرستی سے متاثر ہونے کے بجائے ان کو اپنے خونی رشتہ کا بھائی سمجھ کر اگر محبت سے دعوت دیں تو ایسا ہو نہیں سکتا کہ یہ قوم ٹھکرا دے، یہاں دعوت کا کام کرنے کے لئے زیادہ بحث ومباحثہ اور عقلی دلائل اور اس کی صلاحیت کی ضرورت نہیں بلکہ صرف محبت اور جرأت کی ضرورت ہے اور جرأت سے زیادہ محبت کی، شرط یہ ہے کہ محبت وہ جو اندر سے ابلے اور دل تک پہنچ جائے، جب ایک کم پڑھے لکھے اسید جیسے دیہاتی نوجوان کے دو بلکہ ڈیڑھ آنسو مجھے ہمیشہ کے کفر وشرک سے نجات کا ذریعہ بن سکتے ہیں، اگر رحمۃ للعالمین نبی ﷺ کی طرح راتوں کو اللہ کے حضور رونا اور سید کا ہاشمی کی طرح کھولنا ہمیں نصیب ہو جائے تو یہ ملک صد فیصد اسلام کا زبردست مرکز بن سکتا ہے۔

سوال: بہت بہت شکریہ قاضی صاحب

جواب: بہت بہت شکریہ تو آپ کا کہ آپ نے مجھے اس مبارک کام میں شریک کر لیا، انشاء اللہ رمضان میں پھلت میں ملاقات ہوگی۔

مستفاد از ماہنامہ ارمغان، ستمبر ۲۰۰۹ء

۲۰

جناب محمد عمر صاحب ﴿آدیش﴾ سے ایک ملاقات

میں بس اتنا کہنا چاہوں گا کہ اللہ تعالیٰ نے جن لوگوں کو اسلام سے نوازا ہے وہ اس کی قدر کریں اور چونکہ نبی اکرم ﷺ کے فرمان کے مطابق ہر کچے پکے گھر میں اسلام داخل ہوگا ہی تو اس کے لئے دعا اور کوشش کریں، دوسری ضروری بات تو مسلم بھائیوں سے ارمغان کے واسطہ سے یہ کہنی ہے کہ اگر آدمی اپنے ایمان پر پکا ہے تو کتنی ہی مشکلیں آئیں مشکلیں خود کافور ہو جاتی ہیں اور اللہ پر بھروسہ کرنے والے کے ساتھ اللہ کی مدد آتی ہے، دوسرے دعوت کے لئے کوشش کرنے والوں کے لئے بھی اللہ کی مدد کا وعدہ ہے۔

مولانا احمد اواہ ندوی

احمد اواہ : السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ

محمد عمر : وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ

سوال: عمر بھائی گزشتہ سال میں نے آپ سے جو انٹرویو لیا تھا وہ آپ کے منع کرنے کی وجہ سے شائع نہیں کیا جاسکا اور اب وہ انٹرویو میرے پاس صحیح حالت میں نہیں ہے، میری خواہش ہے کہ آپ کا انٹرویو ضرور شائع کیا جائے اگر آپ کو زحمت نہ ہو تو دوبارہ آپ سے کچھ باتیں کرلی جائیں۔

جواب: ہاں احمد بھائی کیوں نہیں، میں تو انٹرویو شائع ہونے کا انتظار کر رہا تھا، اس وقت

انٹرویو شائع کرنا مناسب نہیں تھا، الحمدللہ اب حالات سازگار ہیں اس لئے اسے شائع کرنے میں کوئی مضائقہ نہیں ہے۔

سوال: پہلے آپ اپنا تعارف کرائیں؟

جواب: میرا پہلا نام وریش تھا، میں ضلع سہارنپور کے ایک گاؤں گنگی کا رہنے والا ہوں، میں نے گنگی ہی میں جنتا انٹر کالج سے ہائی اسکول کیا ہے اور اب مدرسہ قاسم العلوم تیوڑہ میں عالمیت کر رہا ہوں۔

سوال: آپ کو اسلام کی طرف کیسے رغبت ہوئی اور کیا چیز آپ کے اسلام قبول کرنے کا ذریعہ بنی؟

جواب: بچپن سے ہی مجھے اسلام کی بہت سی چیزیں اچھی لگتی تھیں، خاص طور پر پردہ کا نظام مجھے بہت پسند آیا، یہ چیز مجھے دوسرے مذاہب میں نظر نہیں آئی اور دوسری چیز جس کی وجہ سے میں نے اسلام قبول کیا، میرا ایک خواب تھا، میں بچپن سے ہی اپنا نام وریش لکھتا تھا، یہ مجھے بہت پسند تھا شاید اس لئے ہی آپ ﷺ مجھے خواب میں نظر آئے، آپ نے مجھ سے فرمارہے ہیں کہ کلمہ پڑھلو اور یہاں سے چلو، پھر مجھے ایک بہت اچھا کنواں دکھائی دیا جو میرے گاؤں میں ہی تھا، یہ آواز اس کنویں میں سے بھی سنائی دی، میں نے یہ بات اپنے مسلمان دوست کو بتائی تو وہ کہنے لگا کہ تو چاہے جو بھی کرلے مسلمان ضرور ہوکر رہے گا، اس کے کچھ ہی دن بعد اللہ تعالیٰ نے مجھے اسلام سے سرفراز فرمایا۔

سوال: آپ اپنے قبول اسلام کا پورا واقعہ سنائیں؟

جواب: احمد بھائی مجھے بچپن سے ہی مورتی پوجا سے نفرت تھی میں اپنی والدہ کو بھی اس سے روکتا تھا، گھر میں کوئی بھی میرے سامنے پوجا نہیں کرسکتا تھا، سب لوگ مجھ سے چھپ کر ہی پوجا کرتے تھے، ایک مرتبہ میں نے گھر کے تمام بھگوانوں کے پوسٹر پھاڑ کر جیب میں رکھ

لئے اور ان کے فریم کو اپنے بھائی سے کنویں میں پھینکنے کو کہا، اس وقت میری والدہ سوئی ہوئی تھیں، میں نے ان تصویروں کو آگ لگادی، آگ لگنے کے بعد جب ان کی طرف سے کوئی ردعمل نہیں ہوا تو مجھے پورا یقین ہوگیا کہ یہ سب بیکار ہیں اس کے بعد جب میری ماں کو یہ سب بات معلوم ہوئی کہ میں نے تمام بھگوانوں کو جلادیا ہے تو اس نے مجھ سے بلا کر پوچھ تاچھ کی کہ میں نے ایسا کیوں کیا ہے؟ میں نے اپنی ماں کو سمجھایا کہ جب یہ اپنی حفاظت خود نہیں کرسکتے تو میری اور آپ کی کیسے کرسکتے ہیں، اس پر میری ماں نے مجھے بہت مارا اور کہنے لگیں کہ تو مسلمان ہوگیا ہے، میں نے کہا کہ میں کوئی مسلمان نہیں ہوا ہوں، مجھے معلوم نہیں کہ کون صحیح ہے، ہندو کہتے ہیں کہ مسلمان غلط ہیں اور مسلمان کہتے ہیں کہ ہندو غلط ہیں، میں جب تک اچھی طرح تحقیق نہیں کرلیتا کہ کون صحیح ہے جب تک نہ میں مسلمان اور نہ ہندو، پھر کچھ دن بعد مجھے یہ خواب نظر آیا جس پر میرے دوست نے کہا تھا کہ تو چاہے جو بھی کرلے مسلمان ضرور ہوکر رہے گا، میرا رجحان اسلام کی طرف پہلے سے ہی تھا، مزید اس خواب نے میری دلچسپی اسلام کی طرف اور بڑھادی اس کے بعد ہی میں نے پڑھائی چھوڑ دی اور سہارنپور کام سیکھنے کے لئے گیا، وہاں ایک سید صاحب کی دکان میں کام سیکھا کرتا تھا اور ان سے اسلام کے بارے میں کچھ باتیں بھی ہوا کرتی تھیں، جس کی وجہ سے ان کو معلوم ہوگیا تھا کہ میں اسلام کو پسند کرتا ہوں اور قبول بھی کرنا چاہتا ہوں، ایک دن سید صاحب کے سالے دکان پر تشریف لائے، ان کو معلوم تھا کہ میں ہندو ہوں لیکن سید صاحب نے ان کو بتایا کہ میرا رجحان اسلام کی طرف ہے، پھر انھوں نے مجھ سے بات کی، میں نے صاف صاف بتادیا کہ میں اسلام قبول کرنا چاہتا ہوں، اگلے ہی دن وہ صاحب مجھے لے کر، بلندشہر مولانا اسلم صاحب کے پاس آئے، مولانا نے مجھے کلمہ پڑھایا اور میرا نام محمد عمیر رکھا۔

سوال: اس کے بعد کیا ہوا؟

جواب: کلمہ پڑھنے کے بعد مجھے مولانا اسلم صاحب نے نماز وغیرہ سیکھنے کے لئے پھلت بھیج دیا، یہاں میں نے بہت جلد نماز اور بہت سی دعائیں سیکھ لیں، اس کے تقریباً سوا مہینے کے بعد میرا گھر جانا ہوا، گھر والوں نے معلوم کیا کہ کہاں کام کر رہے ہو، میں نے بتایا کہ میں دہلی میں کام سیکھ رہا ہوں، دو چار دن گھر رہنے کے بعد میں واپس آنے لگا تو گھر والوں نے دہلی کا کوئی فون نمبر اور ایڈریس مانگا میں نے کہا کہ میرا بیگ دہلی میں ہی رہ گیا ہے، اسی میں فون نمبر اور ایڈریس وغیرہ ہے، میں وہاں پہنچ کر فون سے نمبر اور ایڈریس دے دوں گا، گھر سے نکلتے وقت مجھے خرچ کے لئے گھر والوں نے ۵۰۰/- روپے بھی دیئے، کئی روز تک میری خیر خبر نہ ملنے پر گھر والوں نے میری تلاش جاری کر دی، جب میرا ان کو کوئی سراغ نہیں ملا تو انھوں نے اسلام کی طرف میرا رجحان ہونے کی وجہ سے ہمارے گاؤں کے رہنے والے ظہور صاحب جن کے پاس میرا آنا جانا تھا، پر میرے اغوا (اپہرن) کا الزام لگا دیا اور ان پر تمام گاؤں والوں نے دباؤ ڈالا، بیچاروں نے مجبور ہو کر یہ کہہ دیا کہ آٹھ دن میں تمہارا لڑکا مل جائے گا، یہ بات سنی تھی کہ ان کو یقین ہو گیا کہ میں ان ہی کے پاس ہوں، وہ پریشان ہو کر میرے پاس آئے اور مجھے لے کر قاضی رشید مسعود ایم پی کے یہاں لے گئے، ایم پی صاحب نے ہمیں تسلی دی کہ گھبرانے کی کوئی بات نہیں ہے سب ٹھیک ہو جائے گا، میں قاضی جی کے یہاں تین چار دن تک رہا، ظہور صاحب کو میرے اپہرن کے الزام میں جیل بھی جانا پڑا، ان کی ضمانت تو ہو گئی تھی لیکن مقدمہ شروع ہو گیا تھا مجھے ان کو بچانے کے لئے بیان دینا تھا، بیان دینے کے لئے ایم پی صاحب نے مجھے پولیس والوں کے ساتھ بھیجا اور ان کو یہ نصیحت کی میرے ساتھ کوئی زیادتی نہ کی جائے، جو میں چاہتا ہوں وہی ہونا چاہئے اور کسی قسم کی کوئی سختی میرے ساتھ نہ کی جائے، پولیس

والے مجھے لے کر دیوبند جا رہے تھے کہ نانوتہ میں میرے گھر والے مل گئے، انھوں نے
مجھے روک کر بہت سمجھایا، میں ان کو بے دھڑک اور سخت لہجے میں جواب دے رہا تھا، ایس او
(S.O) نے یہ دیکھ کر کہ میں جواب دے رہا ہوں اور ان کی بات ماننے کو تیار نہیں ہوں،
سمجھایا کہ بھائی یہ تیرے ماں باپ ہیں، تجھے کرنی تو اپنے من کی ہے، ان کا دل رکھنے کو ان
کی بات بھی مان لے، میں نے ایس او کے کہنے سے کپڑے یعنی پینٹ شرٹ جو وہ اس
وقت خرید کر لائے تھے، لے لئے اور کولڈ ڈرنک بھی پی لی، لیکن کھانا نہیں کھایا، گھر والے
مجھ سے کہنے لگے کپڑے بھی بدل لے، میں نے کہا کہ اس وقت نہیں، صبح میں بدل لوں گا،
میرا یہ کہنا تھا کہ گھر والوں نے گاؤں میں یہ بات اڑادی کہ میں نعوذ باللہ مرتد ہو گیا ہوں اور
میں نے داڑھی وغیرہ کٹوادی ہے، اس بات سے مسلمانوں کے حوصلے پست ہو گئے اور وہ
گھبرا گئے کہ کہیں میں ظہور صاحب کے خلاف بیان نہ دے دوں۔

احمد بھائی جب ہم دیوبند پہنچے تو وہاں مجھے پانچ گھنٹے تک آفیسرز نے پریشان
کیا، کبھی ایک تو کبھی دوسرا مجھ سے پوچھ تاچھ کرتا، یہ سلسلہ پانچ گھنٹے تک چلتا رہا، آخر میں
مجھ سے تمام آفیسرز نے جو چار پانچ تھے کہا کہ تو کیا چاہتا ہے؟ میں نے ان کو جواب دیا کہ
میں اپنی مرضی سے مسلمان ہو گیا ہوں کسی کا مجھ پر کوئی دباؤ یا لالچ نہیں ہے اور اب میں
اسلام کے بارے میں پڑھنا چاہتا ہوں، مجھے آپ کسی مدرسہ میں بھجوادیجئے، انھوں نے
میری یہ بات مان لی اور مجھے مدرسہ چھوڑنے کے لئے جارہے تھے کہ راستہ میں پولیس
والوں نے گاڑی روک دی، سامنے سے ایک بجرنگ دل کا آدمی آیا اس کے ہاتھ میں
ترشول تھا، دیکھتے ہی دیکھتے وہاں تقریباً تین سو آدمی جمع ہو گئے وہ مجھے گاڑی سے اتارنے
لگے میں نے گاڑی کے پائپ کو مضبوطی سے پکڑ لیا وہ مجھے گاڑی سے کھینچ ہی رہے تھے کہ
اللہ تعالیٰ کی طرف سے مدد آگئی، ایک دوسری پولیس والوں کی گاڑی آکر رکی، گاڑی کے

رکتے ہی وہ سب بھاگ گئے، پھر یہ پولیس والے مجھے مدرسہ قاسم العلوم تیوڑہ لے کر آئے، اگلے دن بجرنگ دل والوں نے قریب کے تمام گاؤں والوں کو اکٹھا کر کے ظہور صاحب اور گاؤں کے تمام مسلمانوں پر چڑھائی کر دی اور ظہور صاحب کے کھیتوں کو نقصان پہنچایا، تھوڑی ہی دیر ہوئی تھی کہ پورے گاؤں کو فوج نے گھیر لیا اور فوج نے بہت سختی کی اور لاٹھی چارج بھی کر دیا، پبلک منتشر ہو گئی اس کے بعد بستی میں کئی دن تک کرفیو لگا رہا، احمد بھائی اسی وقت جب آپ نے میرا انٹرویو لیا تھا اس وقت حالات ٹھیک نہیں تھے، بڑی مشکل سے کچھ معاملہ ٹھنڈا ہوا تھا میں نے مصلحت کی بات ہے کہ کہیں ماحول دوبارہ گرم ہو جائے، انٹرویو شائع کرنے کو منع کر دیا تھا، الحمد للہ آج کل حالات ٹھیک چل رہے ہیں۔

سوال: اسلام لانے کے بعد اور کن کن مشکلات کا سامنا کرنا پڑا؟

جواب: احمد بھائی گھر میں جو سہولتیں ہوتی ہیں وہ گھر سے دور جانے کے بعد ختم ہو جاتی ہیں بس اسی طرح کی کچھ چھوٹی موٹی پریشانیوں کا سامنا کرنا پڑا۔

سوال: ہاں واقعی عمر بھائی یہ بات تو ہے کہ گھر سے دور رہ کر کچھ سہولتیں ختم ہو جاتی ہیں لیکن آپ نے ان سہولتوں کے بدلے اتنی بڑی نعمت پائی ہے کہ دنیا کی تمام سہولتیں دے کر بھی مل جائے تو بھی سستی ہے اور سچے مسلمان تو آپ ہی ہیں کہ آپ نے حق سامنے آ جانے کے بعد اسے قبول کر لیا، ہمارا کیا ہے ہمیں تو اسلام ورثے میں ملا ہے، اللہ کا لاکھ لاکھ شکر ہے کہ اس نے ہمیں مسلمان گھرانے میں پیدا فرما کر اسلام پر باقی رکھا، اچھا گھر والوں اور ظہور صاحب سے ملاقات ہوتی رہتی ہے کیا؟

جواب: نہیں احمد بھائی، گھر والوں سے تو اس کے بعد ایک بھی بار ملاقات نہیں ہوئی، البتہ ظہور صاحب سے ملاقات ہوتی رہتی ہے، انھوں نے مجھے بیٹا بنا لیا ہے وہ مجھ سے ملنے

مدرسے آتے رہتے ہیں اور مجھ سے اپنے بچوں کی ہی طرح محبت کرتے ہیں اور ان کے بچے بہن بھائی کی طرح رہتے ہیں اور دو بہنوں کی شادی بھی ہوگئی ہے، چھٹی گزارنے میں ان کے یہاں ہی جاتا ہوں۔

سوال: اسلام قبول کرنے کے بعد آپ نے کیسا محسوس کیا؟

جواب: بہت زیادہ سکون محسوس کیا، قبول اسلام کے بعد مجھے سکون قلب مل گیا۔

سوال: عالمیت کے بعد کیا ارادہ ہے؟

جواب: عالمیت کے بعد دعوت کا کام کرنا ہے، میں عالمیت کر ہی اسی لئے رہا ہوں کہ اسلام کو ٹھیک سے جاننے کے بعد اپنے غیر مسلم بھائیوں کو اس کی طرف دعوت دوں اور اللہ تعالیٰ کا پیغام ان تک پہنچاؤں، آپ سے اور تمام قارئین ارمغان سے بھی دعا کی درخواست ہے کہ اللہ تعالیٰ مجھے اس کام کے لئے قبول فرمالے۔

سوال: آمین۔ قارئین ارمغان کو کچھ پیغام دینا چاہیں گے؟

جواب: میں بس اتنا کہنا چاہوں گا کہ اللہ تعالیٰ نے جن لوگوں کو اسلام سے نوازا ہے وہ اس کی قدر کریں اور چونکہ نبی اکرم ﷺ کے فرمان کے مطابق ہر کچے پکے گھر میں اسلام داخل ہوگا ہی تو اس کے لئے دعا اور کوشش کریں کہ اللہ تعالیٰ ہر ہر گھر میں اسلام پہنچانے میں آپ کا ہم دونوں کا بھی کچھ حصہ شامل فرمائے اور میرے اور آپ کے لئے بھی دعا کریں کہ اللہ تعالیٰ ہم دونوں کو بھی اس کار خیر کے لئے مکمل طور پر قبول فرمائے۔

دوسری ضروری بات نو مسلم بھائیوں سے بھی ارمغان کے واسطے سے یہ کہنا ہے کہ اگر آدمی اپنے ایمان پر پکا ہے تو کتنی ہی مشکلیں آئیں مشکلیں خود کافور ہو جاتی ہیں اور اللہ پر بھروسہ کرنے والے کے ساتھ اللہ کی مدد آتی ہے، دوسرے دعوت کے لئے کوشش کرنے والوں کے لئے بھی اللہ کی مدد کا وعدہ ہے، ظہور صاحب کی اتنی مخالفت ہوئی مگر کوئی

ان کا بال بیکا نہ کر سکا، ان کے کھیتوں کو لوگوں نے نقصان پہنچایا، ان کا کہنا ہے کہ اس سال ان کی فصل دوگنی ہوگئی، وہ مجھ سے کہتے ہیں کہ عمر میاں سچی بات یہ ہے کہ تم نے ہمیں سچا مسلمان بنادیا، ہم لوگ رسمی مسلمان تھے، تمہیں بیٹا بنانے کی وجہ سے اللہ پر اور اللہ کی مدد پر ہمیں سچا ایمان حاصل ہوا، اب ہم ہر مشکل میں صرف اللہ کو کارساز مانتے ہیں، پہلے یہ بات نہ تھی۔

سوال: سنا ہے آپ نے ختنہ بھی کرائی ہے؟

جواب: ہاں احمد بھائی، ایک تو مجھے یہ خیال تھا کہ ایک سنت چھوٹی ہوئی ہے، دوسرے مجھے ڈر بھی رہتا تھا کہ کہیں سفر حضر میں میری موت آجائے تو ہندو مجھ کو جلادیں، دوران دونوں باتوں سے زیادہ بات یہ تھی کہ پیشاب کے بعد قطرہ رکا رہنے کا ہر وقت خیال رہتا تھا اور یہ خیال ہوتا تھا کہ شاید میں پاک نہیں ہوا اور جب پاکی نہیں تو نماز روزہ سب بے کار ہے، اس لئے میں مولانا صاحب سے اس کے لئے بہت اصرار کرتا تھا، مدرسہ کی ششماہی چھٹیاں ہوگئیں تو میں پھلت آگیا، مولانا صاحب نے مجھے سرجن بھیج کر میری ختنہ کرادی، الحمدللہ کوئی تکلیف نہیں ہوئی اور اب بہت اطمینان ہو گیا ہے۔

سوال: شکریہ جزاکم اللہ، السلام علیکم ورحمۃ اللہ برکاتہٗ

جواب: وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ برکاتہٗ

مستفاد از ماہنامہ ارمغان، مئی ۲۰۰۷ء

(۲۱)

ڈاکٹر محمد اسعد صاحب (راجکمار) سے ایک ملاقات

میرا خیال ہے کہ ہم مسلمانوں کا باہر کا کوئی دشمن نہیں ہے اسلام سے دوری ہماری سب سے بڑی دشمن ہے بلکہ اسلام سے دور رہ کر ہم ساری انسانیت سے دشمنی کر رہے ہیں، اس لئے کہ ایمان و اسلام انسانیت کی سب سے بڑی ضرورت ہے وہ مسلمانوں کو اسلام سمجھتے ہیں اور مسلمانوں کو دیکھ کر اسلام کے نام سے گھبراتے ہیں، اپنی سب سے بڑی ضرورت اور اپنی نجات کے راستے سے وہ ہماری وجہ سے دور ہیں میرا خیال ہے کہ ہمیں اپنے لئے نہیں تو ساری انسانیت پر رحم کھا کر ان کو اسلام کا تعارف کرانے کے لئے کم از کم ظاہری طور پر مسلمان بن جانا چاہیے، خدا کے لئے اس دردناک پہلو کی طرف توجہ کریں۔

مولانا احمد اوّاہ ندوی

ڈاکٹر محمد اسعد : السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

احمد اوّاہ : وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

سوال : ڈاکٹر صاحب آپ بہت اچھے موقع پر تشریف لائے، مجھے آپ جیسے کسی خوش قسمت کی تلاش تھی بلکہ گویا آپ کی ہی تلاش تھی۔

جواب : کیوں بھیا احمد ایسی کیا ضرورت تھی؟ آپ تو اب ماشاءاللہ بڑے ہو گئے ہیں

سوال: اصل میں کچھ زمانے سے ہمارے یہاں ارمغان میگزین میں نومسلموں کے انٹرویو کا سلسلہ شروع کیا گیا ہے اس ماہ ابی کی خواہش تھی کہ فوجی کے کسی ساتھی کا انٹرویو چھپ جائے، اچھا ہوا آپ آگئے۔

جواب: ہمارے ابی تو نومسلم کی اصطلاح کو اچھا نہیں سمجھتے اور میرا بھی یہ خیال ہے کہ اس لفظ سے نقصان ہوتا ہے، عام طور پر مسلمانوں میں اس کی الگ ہی حیثیت رہتی ہے اور اسلام قبول کرنے والا بھی عرصہ تک بہت سی غلط فہمیوں میں رہتا ہے، ان میں سب سے بڑی بات یہ ہے کہ وہ اپنی ساری ذمہ داری مسلمانوں کے ذمہ سمجھتا ہے جو اس کے لئے بہت خطرناک ہے اس لئے میں اپنے کو نومسلم نہیں کہتا بلکہ نومسلم سمجھتا بھی نہیں ہوں اور جب سے پیارے آقا صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان سنا ہے کہ ہر بچہ اسلامی فطرت پر پیدا ہوتا ہے اس کے ماں باپ اسے یہودی، مجوسی اور نصرانی بنا دیتے ہیں، میں اپنے کو پیدائشی مسلمان سمجھتا ہوں الحمد للہ، بہرحال آپ پھر بھی بتایئے میرے لائق کیا خدمت ہے؟

سوال: واقعی آپ کی بات ٹھیک ہے ہندو گھر میں پیدا ہونے کی وجہ سے کچھ روز اسلام سے ظاہری طور پر آپ بھٹکے رہے، ورنہ آپ کے پیدائشی مسلمان ہونے میں کیا شک ہو سکتا ہے جب نبی صادق کا ارشاد بھی صاف ہے صدق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قارئین ارمغان کے لئے کچھ سوال کرنا چاہتا ہوں دعوت کا کام کرنے والوں کو فائدہ ہو۔

جواب: ضرور کیجئے میرے لئے خوشی کی بات ہوگی۔

سوال: اپنا مختصر تعارف کرایئے؟

جواب: اب الحمد للہ میرا نام اسعد ہے میری پیدائش موضع سرور پور جواب ضلع باغپت میں ہے کے ہندو جاٹ زمیندار گھرانے میں ہوئی میرا نام میرے والد محترم نے راجکمار رکھا تھا، میری پرائمری تعلیم گاؤں میں ہوئی، بعد میں بڑوت سے انٹر سائنس میں اور بائیولوجی

سے کیا اور الٰہ آباد سے آیورویدک کا ڈگری کورس بی اے ایم ایس کیا۔

سوال: اپنے قبول اسلام کے بارے میں کچھ بتائیے؟

جواب: میرے قبول اسلام کا واقعہ اللہ کی صفت ہادی کا کرشمہ ہے، بی اے ایم ایس کے ہاؤس جاب کے بعد میں نے تین اپریل ۱۹۹۳ء کو پھلت آکر مولانا کلیم صاحب کے ہاتھ پر اسلام قبول کیا پھر جماعت میں وقت لگایا اور اب میں مظفر نگر میں پریکٹس کر رہا ہوں، گاؤں میں میڈیکل پریکٹس شروع کی لیکن اللہ کو اور کچھ منظور تھا میری کلینک چل نہیں سکی حالانکہ تین سال تک پابندی کے ساتھ میں نے کلینک کی، میرے ایک رشتہ دار نے مجھے مشورہ دیا کہ کاندھلہ کے پاس ایلم گاؤں میں ڈاکٹروں کی کمی ہے تم وہاں کلینک کرلو، اپنی دوکان دینے کی بھی پیش کش کی، میں نے اپنے والد صاحب سے مشورہ کیا، ان کی رائے ہوگئی اور میں نے وہاں کلینک کرلی، ایک سال تک وہاں بھی پابندی سے بیٹھنے کے بعد میری کلینک نہیں چلی ایلم گاؤں میں ان دنوں ستنر پال عرف فوجی کا آتنک (دہشت) پھیلا ہوا تھا چاروں طرف فوجی کے گینگ کی دہشت تھی خود ایلم گاؤں چھاؤنی بنا ہوا تھا، پی اے سی لگی ہوئی تھی مگر روز معلوم ہوتا تھا کہ فوجی آیا اس کو ماردیا اور کسی کو گولیوں سے بھون دیا، ملک کے اکثر اخباروں میں فوجی کی خبریں آتی تھیں پولیس نے اس کو زندہ یا مردہ لانے پر دو لاکھ روپے انعام طے کیا تھا میری بھی اس سے دور کی رشتہ داری تھی کلینک سے مایوس ہوکر مجھے بھی اس کے ساتھ رہنے کی سوجھی، کسی طرح میری ان سے ملاقات ہوگئی فوجی قاتل اور ڈاکو کی صورت میں میں نے ان کے اندر ایک بڑے انسان کو دیکھا پہلی ملاقات نے مجھے ان کا گرویدہ بنا دیا اور میں نے ان کے ساتھ رہنے کا فیصلہ کرلیا۔

سوال: آپ ایک شریف گھرانے کے فرد تھے آپ نے ایک دم ایسا فیصلہ کیسے کرلیا ان کے اندر کیا خوبی دیکھی کہ اس قدر گرویدہ ہوگئے؟

جواب ان کی شخصیت کو سمجھنے کے لئے آپ کو ان کی داستان سننی پڑے گی، اصل میں وہ بہت شریف گھرانے کے ایک چھیلے نوجوان تھے ایسی وجاہت کے نوجوان کہ جہاں سے وہ گزرتے آدمی ان کو دیکھنے کے لئے مجبور ہو جاتا، ان کو فوج میں ملازمت مل گئی وہ بہت جذباتی اور مضبوط عزم کے آدمی تھے، وہ جس افسر کے ماتحت تھے اس کے بارے میں انہوں نے سنا کہ اس نے رشوت لے کر دشمن جاسوسوں کو راز دیئے ہیں وہ تحقیق میں لگ گئے اور بات سچ ہونے کے بعد انہوں نے فیصلہ کیا کہ ایسے غدار کو جینے کا حق نہیں، مجھے اس کو مارنا ہے، انہوں نے اپنے ارادہ کو پورا کیا اور اپنے افسر کو گولی مار کر فوج سے بھاگ آئے اپنے گھر وہ نہیں جا سکتے تھے اس لئے جنگلوں میں دربدر پھرتے تھے پولیس ان کی تلاش میں تھی اس دوران وہ بڑھاتہ میں ایک قاری صاحب کے یہاں کبھی کبھی رات گزارا کرتے تھے قاری صاحب کو وہ اپنا ساؤ (محسن) سمجھتے تھے قدرت کا کرنا ایسا ہوا کہ وہ مقدمہ فوجی عدالت میں گیا اور عدالت نے ان کو بری کر دیا اسی دوران بابری مسجد کی شہادت کا معاملہ ملک میں گرم ہوا، پھلت گاؤں میں کچھ مسلمان رہتے تھے ایک روز فوجی کے پاس آئے اور کہنے لگے بھائی فوجی ہمیں معاف کر دو ہم گاؤں چھوڑ کر جا رہے ہیں، فوجی نے وجہ پوچھی تو انہوں نے بتایا کہ پردھان جی کے گھر والے مسجد ڈھانے کو کہہ رہے ہیں اور جب ہماری مسجد ہی شہید ہو گی تو ہمارا اس گاؤں میں رہنا بے کار ہے، فوجی نے جواب دیا جب تک میں زندہ ہوں تمہاری مسجد کو کوئی نہیں گرا سکتا تم آرام سے گاؤں میں رہو ان لوگوں نے پردھان سے کہہ دیا کہ فوجی نے کہا ہے میرے رہتے ہوئے کوئی مسجد نہیں گرا سکتا، موجودہ پردھان سے فوجی کے خاندان کی چلتی تھی پردھان نے کہا ایسے فوجی سینکڑوں بھی ہوں گے پھر بھی ہمیں ۶ دسمبر کو مسجد ڈھانے سے کوئی روک نہیں سکتا، یہ لوگ بھی بے وقوف تھے انہوں نے آکر فوجی سے یہ بات بھی کہہ دی، اس نے رائفل اٹھائی

پردھان اس کے ایک بیٹے اور ایک بھتیجے کو گولی ماری اور مسجد کے سامنے گھسیٹ کر لا کر ڈال دیا اور مسلمانوں سے بولا کہیں تھے تمہاری مسجد کو ڈھانے والے اب تو تمہیں کوئی ڈر نہیں؟ اب تم آرام سے رہو اس خاندان کے بچے ہوئے لوگوں نے کسی گینگ سے تعلق قائم کیا اور فوجی کے گھرانے پر رات کو ڈاکہ ڈلوا دیا سامان لوٹنے کے علاوہ عورتوں کی بے عزتی کی فوجی کے بھائی اور چچی کی عزت لوٹ کر ان کو مارا اور ان کی چھاتیاں کاٹ ڈالیں فوجی گھر نہیں تھے ان کو معلوم ہوا بھائی اور چچی کی لاش دیکھ کر ان کا حال خراب ہو گیا انہوں نے ان لاشوں کی سوگندھ (قسم) کھائی کہ جب تک زندہ رہوں گا ان کے گھر والوں کا روزانہ ایک آدمی ماروں گا پھر گینگ بنایا اور روزانہ ایک آدمی قتل کیا شاید ۲۶۱ لوگوں کو قتل کیا پورے صوبہ کی پولیس پریشان تھی مگر فوجی پر قبضہ کرنا مشکل تھا مگر وہ عجیب ڈاکو تھے ڈاکہ ڈالتے تھے لوگوں سے پیسے وصول کرتے تھے مگر اس میں سے نہ خود پیسہ استعمال کرتے تھے نہ ساتھیوں کو کھانے دیتے تھے غریبوں کی مدد کرتے تھے اور بیواؤں اور یتیموں کی شادیاں کراتے۔ عجیب بات یہ ہے کہ غریب لوگ اکثر مسلمان تھے اس لئے زیادہ تر وہ مسلمانوں کی مدد کرتے تھے اسی دوران اللہ کی رحمت کو جوش آیا بڑھانہ میں قاری صاحب کے حجرہ میں وہ رکے ہوئے تھے مولانا کلیم صاحب ہریانہ کے ایک سفر سے صبح صبح واپس ہو رہے تھے ان کو قاری صاحب سے کچھ کام تھا وہ مسجد میں آگئے قاری صاحب بہت خوش ہوئے ان کو دیکھ کر فوجی کو ذرا تکلف ہوا مگر قاری صاحب نے کہا کہ میں آپ کا کون ہوں؟ انہوں نے کہا آپ میرے سادھو (محسن) ہیں، قاری صاحب نے کہا یہ میرے سادھو ہیں مجھے آپ کو ان سے ملانا تھا مولانا صاحب سے وہ ان کا تعارف بڑوت سے بڑھانہ تک کے ایک سفر کے دوران کرا چکے تھے مولانا صاحب بتاتے ہیں کہ مسجد کی حفاظت کے سلسلہ میں ڈاکو بننے کی حالت نے ان کو بہت متاثر کیا اور وہ بڑھانہ تک فوجی کے ہدایت کے لئے دعائیں مانگتے

رہے کہ یا اللہ آپ کے گھر کی حفاظت نے اس کو یہاں تک پہنچا دیا اس لئے اس کو ہدایت ضرور دے دیجئے، مولانا صاحب بھی ان سے ملنے کے مشتاق تھے مل کر خوش ہوئے، مولانا نے فوجی سے کہا: پورے علاقہ میں یہ قتل عام تم نے کیوں پھیلا رکھا ہے، فوجی نے کہا میں نے سوچا ہے موت تو میری قریب ہے تھوڑا سا نام ہی کر جاؤں، مولانا صاحب نے کہا موت کو قریب سمجھتے ہو تو وہاں کی کچھ تیاری بھی کر رکھی ہے؟ یہاں کی پولیس اور عدالت سے تو بچ سکتے ہو وہاں کی عدالت سے بچنا ممکن نہیں، فوجی نے کہا موت کے بعد کس نے دیکھا؟ مولانا صاحب نے کہا جس نے دیکھا ہے اس نے بتایا ہے، وہاں کا مسئلہ بڑا نازک ہے وہاں کی تیاری کی فکر کرو، فوجی نے کہا کہ اس کی بات تو میں سمجھتا نہیں، جب میرے ساتھ کے ساتھ ہو تو بتاؤ آپ کیا چاہتے ہو؟ مولانا صاحب نے فرمایا کہ کلمہ پڑھ کر مسلمان ہو جاؤ، فوجی نے فوراً کہا پڑھاؤ، آپ کے ایلی بتایا کرتے ہیں، میں نے سوچا کہ مذاق میں کہہ رہا ہے وہ اس وقت تک اس کے عزم سے واقف نہیں تھے مگر انہوں نے اس کو کلمہ پڑھایا اس نے کلمہ پڑھا اور بولا کہ میں مسلمان بن گیا اب موت کے بعد میرے لئے سزا ختم ہو گئی؟ مولانا صاحب نے کہا ہاں انشاء اللہ دن نکل رہا تھا اس نے اپنے ہتھیار اٹھائے اور چلنے لگا، مولانا صاحب نے پوچھا کہاں جا رہا ہے؟ فوجی نے بتایا ہمارے مخالف ایک مخبر نے ہمارے ایک ساتھی کی غلط مخبری کر کے پولیس سے ہاتھ پاؤں تڑوا دیے ہیں، آج حسین پور کے ایک باغ میں اس کا کام کرنا ہے، مولانا صاحب نے کہا اب اس کا کوئی مطلب نہیں، اب تم کسی کا قتل نہیں کر سکتے، فوجی نے کہا آپ نے یہ تو نہیں کہا تھا مولانا صاحب نے کہا کلمہ میں پہلا لفظ لا پڑھایا تھا جس کے معنی ہیں نا، یعنی اللہ کی ہر نافرمانی قتل، ظلم، کفر اور ہر برائی کو نا کہنا ہے، فوجی نے کہا یہ ہتھیار تو بھینٹ مانگتے ہیں مولانا صاحب نے کہا اگر بھینٹ مانگتے ہیں تو آج مجھے قتل کر دو کل قاری صاحب کو قتل کر دینا۔

فوجی صاحب نے کہا کہ میں کوئی باؤلا ہوں؟ مولانا صاحب نے کہا اس طرح تم روز قتل کرتے ہو تو کیا تم راؤ ہے (عقلمند) ہو؟ فوجی نے کہا اچھا تو یہ ہے؟ مولانا صاحب نے کہا بالکل، یہ فوجی نے کہا اگر ایسا ہے تو پھر آج کے بعد فوجی قتل اور زنا کا کچھ بھی نہیں کرے گا۔

فوجی وہاں سے چلا گیا اس نے اپنے ساتھیوں کو اکٹھا کیا اس میں ۹۰ غیر مسلم تھے اور ۱۳۰ مسلمان تھے اس کو نہ جانے کیوں ۴۰ ر کی گنتی کا بڑا اعتقاد تھا اپنے مسلمان ہونے کی خبر دی اور اپنی خواہش کا اظہار کیا کہ مجھ پر جان سے کھیلنے والے سارے ساتھی مسلمان ہو جائیں دوسرے روز فوجی کو گرفتار کرلیا گیا دہلی کے سارے بڑے اخباروں نے فوجی کی گرفتاری کو سرخیوں میں چھاپا تھا، جیل میں انہوں نے تین مہینے گزارے یوپی پولیس نے معذرت کردی تھی کہ فوجی چار بار جیل سے فرار ہو چکا ہے اگر اب فرار ہوا تو ہم اس کے ذمہ دار نہیں ہوں گے۔

سوال: اپنے اسلام قبول کرنے کی بات تو آپ نے بتائی نہیں؟

جواب: جیل میں ان کے ایک بھائی ملاقات کرنے گئے انہوں نے سگریٹ کے کاغذ پر ایک خط مولانا صاحب کے نام لکھ کر میرے پاس بھیجا اور پیغام بھیجا کہ ڈاکٹر راجکمار سے کہنا اگر فوجی سے محبت ہے تو پھلت جا کر مولانا صاحب کے پاس کلمہ پڑھ لے اور جماعت میں چلا جائے اور میرا یہ خط مولانا صاحب کو دے دے اور میرا اسلام ہو یا رکھے وہ مجھ سے بہت محبت کرتے تھے میں وہ خط لے کر پھلت آیا ۱۳ / اپریل ۹۳ کو ۱۲ / بجے کے قریب میں پھلت پہنچا مولانا کو وہ خط دیا وہ خط ارمغان میں چھپا ہے آج تک اس کا فوٹو میرے پرس میں رکھا رہتا ہے یہ ہے (خط نکالتے ہوئے) خط کا مضمون یہ ہے۔

پریہ مولانا صاحب السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

آپ کو تو معلوم تو تھا سے پتا لگ گیا ہوگا تہاڑ جیل میں ہوں موت کے منہ میں

ہوں، جنس کی اس گھٹی زندگی میں ایمان کے بعد بادشاہت کا مزہ آرہا ہے، دو تمنا (آخری) اچھا میں آپ ایک یہ کہ میرے سب ساتھی جو میرے ساتھ سدا جان سے کھیلتے رہے کلمہ پڑھ لیں اور مسلمان ہو جائے اور دوسری یہ کہ آپ ایک بار مل لیں ایمان سلامت ہے، آپ کے احسان کا بدلہ اپنی کھال کی جوتیاں بنا کر بھی ادا نہیں کر سکتا۔

والسلام

آپ کا سیوک سندر پال فوجی

مولانا صاحب نے مجھے کلمہ پڑھایا، کھانا کھلایا، میرا نام محمد اسعد رکھا تھوڑی دیر باتیں کیں مجھے وضو کرا کے مدرسے نے مجھے ظہر کی نماز میں نے ساتھ پڑھی، مدرسہ کے بچے مجھے گھور گھور کر دیکھ رہے تھے، کیوں کہ میں نماز میں ادھر ادھر دیکھ رہا تھا مجھے نماز آتی نہیں تھی، میں نے دس ہزار روپے مولانا صاحب کو دیئے کہ مجھے جماعت میں جانے کے لئے کہا ہے میں اپنے ان پیسوں سے یہ کام نہیں کرنا چاہتا آپ یہ پیسے لے کر مجھے اپنے پاس سے خرچ دے دیجئے مولانا صاحب نے کہا یہ پیسے تو ہم بھی نہیں لے سکتے مگر آپ کے خرچ کا انتظام کر دیتے ہیں انہوں نے مجھے خرچ دیا چار مہینے کے لئے جماعت میں جانا تھا جماعت میں مجھے بڑے اچھے امیر ملے وہ بارہ بنکی کے ایک ٹیچر تھے انہوں نے کہا جماعت میں اپنی جان اور اپنا مال لگانا چاہیے، اس لئے صرف ایک چلہ لگا کر میں نے اپنا کام کرنے کا پروگرام بنایا، دو کما کر اپنے مال سے باقی دو چلے لگانے کا ارادہ کیا لوٹ کر پھلت آیا مولانا صاحب پہلے تو وقت سے پہلے واپس آیا ہوا دیکھ کر پریشان ہوئے مگر جب وجہ معلوم ہوئی تو بہت خوش ہوئے مظفر نگر میں میں نے کلینک شروع کی جو شروع

میں نے جیل کی ایک سال میں تین جگہیں بدلیں، مگر ایک سال کے بعد مولانا صاحب نے استغفار کی تسبیح بتائی اور روزانہ صدقہ کرنے کو کہا اللہ کا شکر ہے کام اچھا چل گیا اس کلینک سے میں نے اپنا گھر بنایا اور اب حال بہت اچھا ہے۔

سوال: فوجی صاحب کا کیا ہوا؟

جواب: مولانا صاحب بتایا کرتے تھے اس خط کو پڑھنے کے بعد ان کو تہاڑ جیل میں جا کر فوجی سے ملنے کی بڑی تڑپ ہوئی اور کچھ روز میں وہاں جانے کا ایک بہانہ مل گیا مگر جس روز وہاں جانا تھا ہندوستان ٹائمز میں یہ خبر چھپی کہ جسپر پال نے خودکشی کر لی مولانا صاحب کہتے تھے کہ مجھے اس خبر سے حد درجہ صدمہ ہوا، پورے اعصاب پر اس کا اثر ہوا انہوں نے اپنے شیخ کو اس المناک واقعہ کی اطلاع دی، مولانا صاحب بتاتے ہیں کہ حضرت مولانا علی میاں صاحب کو بتاتے ہوئے میری ہچکیاں بندھ گئیں حضرت مرحوم نے مولانا صاحب کو بہت تسلی دی اور اطمینان دلایا کہ ہمیں امید ہے کہ اس شخص نے خودکشی نہیں کی ہوگی اور اگر ایک فی صد اس نے خودکشی کی ہوگی تو ابھی اس کا مکلف نہیں تھا انشاء اللہ اس کا خاتمہ بخیر ہوگا بعد میں وہاں کے ایک مسلمان افسر جو اس وقت جیل کے ذمہ دار تھے انہوں نے مولانا کو بتایا کہ اس سے قبل فوجی صاحب جیل سے چار بار فرار ہو چکے تھے اس لئے یو پی پولیس نے آخر دو کے لئے معذرت کر دی تھی اس لئے تہاڑ جیل سے لے گئے تھے اور شاید الیکٹرک شاک سے ان کو مار دیا گیا اور بعد میں خودکشی کی خبر پھیلا دی گئی، اس افسر نے بہت افسوس کا اظہار کیا کہ اگر مجھے پہلے سے معلوم ہو جاتا تو میں ضرور کچھ کرتا، اللہ کا شکر ہے کہ فوجی صاحب کی خواہش کافی حد تک پوری ہوئی ۳۱ ر غیر مسلم ساتھیوں میں سے ۲۳ ر والحمدللہ مسلمان ہیں ان میں سے ۵، ۶ ر تو ایسے ہیں کہ عام لوگ اور خود ہم ان سے دعا کو کہتے ہیں ان میں سے ہر ایک کی زندگی کا حال ایسا ہے کہ ان پر کتابیں چھپیں عجیب اللہ کی شان

ہے کہ کس راستے سے رحمت کی ہوا چلائی۔

سوال: آپ کی شادی ہو گئی تھی آپ کے خاندان کا کیا حال ہے؟

جواب: ہاں میری شادی ہو گئی تھی میری بیوی میرے ساتھ ہر حال میں جس طرح رہی وہ مثالی بات ہے اس نے میرے اسلام قبول کرنے کے بعد ایک لمحہ میری مخالفت نہیں کی میرے پوچھنے پر اس نے بتایا کہ مالک نے مجھے آپ کے ساتھ باندھا ہے میں بھارت کی ایک پتنی ہوں آپ کے ساتھ خوشی سے ستی ہونے کو تیار رہوں جماعت سے آنے کے بعد جب میں نے اس کو اسلام کے بارے میں سمجھانا شروع کیا تو وہ بہت خوش ہوئی۔

الحمد للہ میرے تین بچے ہیں بڑے بیٹے کا نام ابوبکر ہے چھوٹے کا محمد عمر ہے لڑکی کا نام میں نے فاطمہ رکھا ہے، بڑا بیٹا حفظ کر رہا ہے چھوٹا بچہ تیسری کلاس میں پڑھ رہا ہے فاطمہ بھی اب مدرسہ جانے لگی ہے میرا ارادہ ہے کہ ان سب کو اور اللہ جتنی اولاد دے گا سب کو عالم، حافظ اور دین کا داعی بنانے کی کوشش کروں گا گھر والوں نے شروع میں مخالفت کی اور کچھ روز ناراضگی رہی مگر میں نے تعلق رکھا اور والدین کی خدمت کرتا رہا، ہر ماہ ان کے پاس کچھ تحفہ کچھ لے کر جاتا ہوں اب وہ خوش ہیں اور اسلام کے بھی قریب ہو رہے ہیں، میرا خیال ہے کہ اللہ نے خدمت کی بڑی تاثیر رکھی ہے خدمت سے پتھر دل موم ہو جاتے ہیں، اسلام سے پہلے ہم نے والدین کی خدمت نہیں کی مگر اب میں اور میری بیوی جب بھی گھر جاتے ہیں، بہت خدمت کرتے ہیں اب وہ سارے بہن بھائیوں میں ہم سے ہی زیادہ محبت کرتے ہیں۔

سوال: مسلمانوں کے لئے کچھ خاص پیغام آپ دینا چاہیں گے؟

جواب: اس کے لئے بڑا لمبا وقت چاہئے میرا خیال ہے کہ ہم مسلمانوں کا باہر کا کوئی دشمن نہیں ہے اسلام سے دوری ہماری سب سے بڑی دشمن ہے بلکہ اسلام سے دور رہ کر ہم

ساری انسانیت سے دشمنی کر رہے ہیں، اس لئے کہ ایمان و اسلام ان کی سب سے بڑی ضرورت ہے وہ خود مسلمانوں کو اسلام سمجھتے ہیں اور مسلمانوں کو دیکھ کر اسلام کے نام سے گھبراتے ہیں، اپنی سب سے بڑی ضرورت اور اپنی نجات کے راستے سے وہ ہماری وجہ سے دور ہیں میرا خیال ہے کہ ہمیں اپنے لئے نہیں تو ساری انسانیت پر رحم کھا کر ان کو اسلام کا تعارف کرانے کے لئے کم از کم ظاہری طور پر مسلمان بن جانا چاہیے۔ خدا کے لئے اس دردناک پہلو کی طرف توجہ کریں۔

[illegible]: واقعی اس سلسلے میں ایک مستقل نشست چاہیے، انشاء اللہ اگلی بار اس سلسلہ میں باتیں کریں گے، شکریہ جزاک اللہ

[illegible]: انشاء اللہ ضرور، میرے لئے یہ بڑا دردناک موضوع ہے جس کا ہم سے زیادہ دعوت کا کام کرنے والے مسلمانوں کو تجربہ ہے میرے اللہ کا شکر ہے کہ مجھے اس نے اسلام کی طرف ہدایت عطا فرمائی صاحب بھائی آپ بھی ذرا ہادی اور کریم مالک کی کرم فرمائی اور قدرت دیکھئے کہ دا تا کے اعمیر ے راستے سے اسلام کی روشنی کی طرف، مجھ گندے کو نکال لائے ہوتے ہوتے، میں اپنے اللہ کے قربان جاؤں، صدقے جاؤں اس کی رحمت کے۔

مستفاد از ماہنامہ ارمغان، اکتوبر ۲۰۰۳ء

ماہنامہ ارمغان کا تعارف

ماہنامہ "ارمغان" جمعیت شاہ ولی اللہ پھلت ضلع مظفر نگر یوپی کا ترجمان ہے جو حضرت مولانا محمد کلیم صاحب صدیقی مدظلہ العالی (جن کی شخصیت کسی تعارف کی محتاج نہیں ہے) کی زیر سرپرستی اور مولانا وصی سلیمان صاحب ندوی کی ادارت میں نکلتا ہے ماہنامہ ارمغان گزشتہ سترہ (۱۷) سالوں سے پابندی وقت کے ساتھ مسلسل شائع ہو رہا ہے اور اس کی تعداد اشاعت میں برابر اضافہ ہوتا جا رہا ہے، ماہنامہ ارمغان اپنے مضامین کی افادیت اور دعوتی فکر کی وجہ سے واقعی ساری انسانیت کے لئے ایک ارمغان (تحفہ) ہی ہے اس میں ہر ماہ ایک خوش قسمت نومسلم بھائی کی سرگزشت انٹرویو کی شکل میں شائع ہوتی ہے جو بڑی چشم کشا، دلچسپ اور دعوت کے کام پر ابھارنے والی ہوتی ہے انٹرویوز ملک و بیرون ملک بہت پسند کئے جاتے ہے ان کے مختلف زبانوں میں ترجمے بھی ہو رہے ہیں، رسالہ میں حضرت مولانا محمد کلیم صاحب صدیقی مدظلہ العالی کے ارشادات، افادات، خطبات شامل اشاعت ہوتے ہیں خصوصاً رسالہ کا "آخری صفحہ" تو رسالہ کی جان ہوتا ہے، ماہنامہ ارمغان کا سالانہ زر تعاون ۱۰۰ روپئے ہے جو رسالہ کی اہمیت کے مقابلے میں بہت ہی کم ہے اس کی توسیع اشاعت میں کوشش کرنا اس عظیم دعوتی مشن میں اپنا حصہ لگانا ہے اس لئے پرخلوص گزارش ہے کہ خود بھی اس کے ممبر بنئے اور دوسروں کو بھی بنائیے۔

فقط

بندہ محمد روشن شاہ قاسمی

مہتمم دارالعلوم سوئیدری

اسلام قبول کرنے والے نو مسلم بھائیوں کی کہانی خود ان کی زبانی

نسیم ہدایت کے جھونکے

مع

آپ کی امانت آپ کی سیوا میں

افادات

داعی اسلام حضرت مولانا محمد کلیم صدیقی مدظلہ العالی

[illegible]

مرتب

مفتی محمد روشن شاہ قاسمی

[illegible]

مکتبہ یادگار شیخ

اردو بازار لاہور

آپ کی امانت
آپ کی سیوا میں

مصنف:

داعی اسلام حضرت مولانا محمد کلیم صدیقی مدظلہ العالی

خلیفہ مجاز:

مفکر اسلام مولانا سید ابوالحسن علی ندوی نور اللہ مرقدہ

پیش لفظ

اسلام اللہ تعالیٰ کا عطا فرمودہ دین ہے تمام انبیاء اسی دین کی دعوت دیتے رہے۔ ہر نبی ﷺ اور رسول ﷺ کا بنیادی مقصد تو اسی دین حق کی دعوت رہا۔ ہاں قوانین ہر عہد میں بدلتے رہے آخر میں ہادی اعظم رسول اللہ ﷺ تشریف لائے اور اسلام کی دعوت دی اور بتایا کہ اِنَّ الدِّیْنَ عِنْدَ اللّٰہِ الْاِسْلَامُ "اللہ کے ہاں دین صرف اسلام ہی ہے۔

اسلام نے دیگر ادیان کے ساتھ ہمیشہ رواداری کا معاملہ کیا ہے ہر زمین پر اور ہر زمانے میں اللہ کی عبادت اور انسان سے دوستی کی تعلیم دی ہے۔ دوسرے لفظوں میں اسلام دین فطرت اور آخری دین ہے اور اللہ نے اسلام میں جو کشش اور جاذبیت رکھی ہے وہ کسی اور دین میں نہیں ہے۔ جو بھی سلیم الفطرت انسان اسلام کا خلوص دل سے مطالعہ کرے گا وہ اسلام سے متاثر ہوئے بغیر نہیں رہ سکتا اور یہی اس کے حق، سچ اور آخری دین ہونے کی واضح دلیل ہے۔

اللہ تعالیٰ مولانا محمد کلیم صدیقی صاحب دامت برکاتہم کو جزائے خیر عطا فرمائے کہ انہوں نے اسلام کو صحیح اور حقیقی صورت میں لوگوں تک پہنچا کر غیر مسلموں سے مذہبی رواداری کا کما حقہ مظاہرہ کیا ہے۔ زیر نظر کتاب "آپ کی امانت آپ کی سیوا میں" اسی مذہبی رواداری کی ایک کڑی ہے۔ اس انمول اور لاجواب کتاب کو پڑھ کر اب تک لاکھوں غیر مسلم اسلام کے ضابطۂ حیات میں داخل ہو چکے ہیں اللہ تعالیٰ موصوف کی اس کاوش کو ہندوستان کی طرح پاکستان میں بھی اسی طرح شرف قبولیت عنایت فرمائے اور ہمارے ملک میں آباد تمام غیر مسلمین کیلئے رشد و ہدایت کا ذریعہ بنائے اور موصوف اور موصوف کے معاونین اور ناشران کیلئے ذریعۂ آخرت و نجات بنائے۔ (آمین)

حکیم محمد طارق محمود مجذوبی چغتائی

(پی ایچ ڈی امریکہ)

دیباچہ

اگر آگ کی ایک چھوٹی سی چنگاری آپ کے سامنے پڑی ہو اور ایک نادان بچہ سامنے سے ننگے پاؤں آرہا ہو اور اس کا ننھا سا پاؤں سیدھا آگ پر پڑنے جا رہا ہو تو آپ کیا کریں گے؟

آپ فوراً اس بچے کو گود میں اٹھالیں گے اور آگ سے دور کھڑا کر کے آپ کو بے حد خوشی کا احساس ہوگا۔

اسی طرح اگر کوئی انسان آگ میں جھلس جائے یا جل جائے تو آپ تڑپ جاتے ہیں اور اس کے لیے آپ کے دل میں ہمدردی پیدا ہو جاتی ہے۔

کیا آپ نے کبھی سوچا آخر ایسا کیوں ہے؟ اس لیے کہ تمام مخلوق صرف ایک ماں باپ کی اولاد ہے اور ہر ایک کے سینے میں ایک دھڑکتا ہوا دل ہے جس میں محبت ہے ہمدردی ہے اور غمگساری ہے۔ وہ ایک دوسرے کے دکھ سکھ میں تڑپتا ہے اور ایک دوسرے کی مدد کر کے خوش ہوتا ہے۔ اس لیے سچا انسان اور آدمی وہی ہے جس کے سینے میں پوری انسانیت کے لیے محبت کا جذبہ پیدا ہو، جس کا ہر کام انسان کی خدمت کے لیے ہو اور جو ہر ایک کو دکھ درد میں دیکھ کر تڑپ جائے اور اس کی مدد اس کی زندگی کا لازمی حصہ بن جائے۔

اس جہاں میں انسان کی یہ زندگی عارضی ہے اور مرنے کے بعد اسے ایک زندگی ملے گی جو دائمی ہوگی۔ اپنے سچے مالک کی بندگی اور اس کی اطاعت کے بغیر مرنے کے بعد کی زندگی میں جنت حاصل نہیں ہو سکتی اور ہمیشہ کے لیے دوزخ کا ایندھن بننا پڑے گا۔

آج لاکھوں کروڑوں انسان دوزخ کا ایندھن بننے کی دوڑ میں لگے ہوئے ہیں

اور ایسے راستے پر چل رہے ہیں جو سیدھا دوزخ کی طرف جاتا ہے۔ اس ماحول میں ان تمام لوگوں کی ذمہ داری ہے جو نسلِ انسانی سے محبت کرتے ہیں اور انسانیت پر یقین رکھتے ہیں کہ وہ آگے آئیں اور دوزخ میں گرنے والے لوگوں کو بچانے کا اپنا فرض پورا کریں۔

ہمیں خوشی ہے کہ انسانوں سے سچی ہمدردی رکھنے والے اور ان کو دوزخ کی آگ سے بچا لینے کے دکھ میں گھلنے والے مولانا محمد کلیم صدیقی نے پیار و محبت کے کچھ پھول پیش کیے ہیں جس میں انسانیت کے لیے ان کی محبت صاف جھلکتی ہے اور اس کے ذریعہ انہوں نے وہ فرض پورا کیا ہے جو ایک سچے مسلمان ہونے کے ناطے ہم سب پر ہے۔

ان الفاظ کے ساتھ دل کے یہ ٹکڑے اور آپ کی امانت آپ کے سامنے پیش ہے۔

وصی سلیمان ندوی

ایڈیٹر اردو ماہنامہ ارمغان

پھلت، مظفرنگر (یوپی)

اللہ کے نام سے جو نہایت مہربان اور انتہائی رحم والا ہے

مجھے معاف کردیں

میرے پیارے قارئین! مجھے معاف کر دیجئے، میں اپنی اور اپنی تمام مسلم برادری کی جانب سے آپ سے معذرت چاہتا ہوں، جس نے اس دنیا کے سبب سے بڑے شیطان کے بہکاوے میں آ کر آپ کی سب سے بڑی دولت آپ تک نہیں پہنچائی۔ اس شیطان نے گناہ کی جگہ گناہگار کی بے عزتی دل میں بٹھا کر اس پوری دنیا کو جنگ کا میدان بنا دیا۔ اس غلطی کا خیال کر کے ہی میں نے آج قلم اٹھایا ہے کہ آپ کا حق آپ تک پہنچاؤں اور بغیر کسی لالچ کے محبت اور انسانیت کی باتیں آپ سے کہوں۔

وہ سچا مالک جو دلوں کے حال جانتا ہے، گواہ ہے کہ ان صفحات کو آپ تک پہنچانے میں مجھے بے غرضی کے ساتھ حقیقی ہمدردی کا حق ادا کرنا چاہتا ہوں۔ ان باتوں کو آپ تک نہ پہنچا پانے کے غم میں کتنی راتوں کی میری نیند اڑی ہے۔ آپ کے پاس ایک دل ہے اس سے پوچھ لیجئے، وہ بالکل سچا ہوتا ہے۔

ایک محبت بھری بات

یہ بات کہنے کی نہیں مگر میری تمنا ہے کہ میری ان باتوں کو جو محبت کے کلمات ہیں آپ پیار کی آنکھوں سے دیکھیں اور پڑھیں۔ اس مالک کے لیے جو سارے جہان کو چلانے اور بنانے والا ہے، غور کریں تاکہ میرے دل اور روح کو سکون حاصل ہو کہ میں نے اپنے بھائی یا بہن کی امانت اس تک پہنچائی اور اپنے انسان ہونے کا فرض ادا کر دیا۔

اس جہان میں آنے کے بعد ایک انسان کے لیے جس سچائی کو جاننا اور ماننا ضروری ہے اور جو اس کی سب سے بڑی ذمہ داری اور فرض ہے وہ محبت بھری بات میں آپ کو سنانا چاہتا ہوں۔

فطرت کا سب سے بڑا سچ

اس جہان بلکہ فطرت کی سب سے بڑی سچائی ہے کہ اس جہان، مخلوق اور کائنات کا بنانے والا، پیدا کرنے والا اور اس کا نظام سنبھالنے والا صرف اور صرف ایک اکیلا مالک ہے۔ وہ اپنی ذات اور صفات میں اکیلا ہے۔ دنیا کو بنانے، چلانے، مارنے اور جلانے میں اس کا کوئی شریک نہیں۔ وہ ایسی طاقت ہے جو ہر جگہ موجود ہے، ہر ایک کی سنتا ہے ہر ایک کو دیکھتا ہے۔ سارے جہان میں ایک پتہ بھی اس کی اجازت کے بغیر جنبش نہیں کر سکتا۔ ہر انسان کی روح اس کی گواہی دیتی ہے، چاہے وہ کسی بھی مذہب کا ماننے والا ہو اور چاہے مورتی کا پجاری ہو مگر اندر سے وہ یہ یقین رکھتا ہے کہ پالنے والا، رب اور اصلی مالک صرف وہی ایک ہے۔

انسان کی عقل میں بھی اس کے علاوہ کوئی بات نہیں آتی کہ سارے جہان کا مالک اکیلا ہے۔ اگر کسی اسکول کے دو پرنسپل ہوں تو اسکول نہیں چل سکتا۔ ایک گاؤں کے دو پردھان ہوں تو گاؤں کا نظم ختم ہو جاتا ہے کسی ایک دیش کے دو بادشاہ نہیں ہو سکتے تو اتنی بڑی دنیا کا انتظام ایک سے زیادہ خداؤں کے ذریعے کیسے چل سکتا ہے اور دنیا کی منتظم کئی ہستیاں کس طرح ہو سکتی ہیں؟

ایک دلیل

قرآن جو اللہ کا کلام ہے اس نے دنیا کو اپنی حقانیت بتانے کے لیے دعویٰ کیا کہ "اگر تم کو شک ہے کہ قرآن اس مالک کا سچا کلام نہیں ہے تو اس جیسی ایک سورۃ ہی بنا کر دکھاؤ اور چاہو تو اس کام کے لیے خدا کے سوا تم جہان کو اپنی مدد کے لیے بلا لو، اگر تم سچے ہو۔" (البقرہ۔ ۲۳)

چودہ سو سال سے آج تک اس دنیا کے انسان، سائنس اور کمپیوٹر تک ریسرچ کر کے تھک چکے اور اپنا سر جھکا چکے ہیں، کوئی بھی یہ ثابت نہیں کر سکا کہ یہ اللہ کی کتاب نہیں ہے۔

اس پاک کتاب میں مالک نے ہماری عقل کو اپیل کرنے کے لیے بہت سی دلیلیں

دی ہیں۔ ایک مثال یہ ہے:''اگر زمین اور آسمان میں بہت سے معبود (اور مالک) ہوتے تو بڑی خرابی اور فساد مچ جاتا۔'' بات صاف ہے۔ اگر ایک کے علاوہ کئی مالک ہوتے تو جھگڑا ہوتا۔ ایک کہتا اب رات ہوگی، دوسرا کہتا دن ہوگا۔ ایک کہتا کہ چھ مہینے کا دن ہوگا، دوسرا کہتا تین مہینے کا ہوگا۔ ایک کہتا سورج آج پچھم سے نکلے گا، دوسرا کہتا نہیں پورب سے نکلے گا۔ اگر دیوی، دیوتاؤں کو یہ حق واقعی ہوتا اور وہ اللہ کے کاموں میں شریک بھی ہوتے تو کبھی ایسا ہوتا کہ ایک غلام نے پوجا، ارچنا کر کے بارش کے دیوتا سے اپنی بات منوالی، تو بڑے مالک کی جانب سے آرڈر آتا کہ ابھی بارش نہیں ہو گی، پھر نیچے والے ہڑتال کر دیتے۔ اب لوگ بیٹھے ہیں کہ دن نہیں نکلا، معلوم ہوا کہ سورج دیوتا نے ہڑتال کر رکھی ہے۔

سچی گواہی

سچ یہ ہے کہ دنیا کی ہر چیز گواہی دے رہی ہے، یہ منظم طریقے پر چلتا ہوا کائنات کا نظام گواہی دے رہا ہے کہ جہان کا مالک اکیلا اور صرف ایک ہے۔ وہ جب چاہے اور جو چاہے کر سکتا ہے۔ اس کو تصورات اور خیالوں میں نہیں باندھا جا سکتا، اس کی تصویر نہیں بنائی جا سکتی۔ اس مالک نے سارے جہان کو انسانوں کی خدمت کے لیے پیدا کیا۔ سورج انسان کا خدمت گار ہوا انسان کی خادم، یہ زمین بھی انسان کی خدمت گار ہے، آگ، پانی، جاندار اور بے جان دنیا کی ہر شے انسان کی خدمت کے لیے بنائی گئی ہے۔ انسان کو ان سب چیزوں کا سردار بنایا گیا ہے، اور صرف اپنا بندہ اور اپنی بندگی اور حکم ماننے کے لیے پیدا کیا ہے۔

انصاف کی بات یہ ہے کہ جب پیدا کرنے والا، زندگی دینے والا، موت دینے والا، کھانا، پانی دینے والا اور زندگی کی ہر ضرورت فراہم کرنے والا وہ ہے تو سچے انسان کو اپنی زندگی اور جندگی سے متعلق تمام اشیاء اپنے مالک کی مرضی سے اور اس کا فرمانبردار ہو کر استعمال کرنی چاہئیں۔ اگر کوئی انسان اپنی زندگی اس اکیلے مالک کے حکم

ماننے میں نہیں گذار رہا ہے تو وہ انسان کہلانے کے لائق نہیں۔

ایک بڑی سچائی

اس سچے مالک نے اپنی سچی کتاب قرآن میں ایک سچائی ہم کو بتائی ہے۔

ترجمہ: "ہر ایک نفس (جاندار) کو موت کا مزہ چکھنا ہے۔ پھر تمہیں ہماری جانب پلٹ کر آنا ہوگا۔" (سورۃ العنکبوت: ۵۸)

اس آیت کے دو حصے ہیں۔ پہلا یہ ہے کہ ہر جاندار کو موت کا مزہ چکھنا ہے۔ یہ ایسی بات ہے کہ ہر مذہب، ہر طبقے اور ہر جگہ کا آدمی اس بات پر یقین رکھتا ہے۔ بلکہ جو مذہب کو مانتا بھی نہیں وہ بھی اس سچائی کے آگے سر جھکاتا ہے اور جانور تک موت کی سچائی کو سمجھتے ہیں۔ چوہا بلی کو دیکھ کر بھاگتا ہے اور کتا بھی سڑک پر آتی ہوئی کسی گاڑی کو دیکھ کر بھاگ کھڑا ہوتا ہے۔ اس لیے کہ ان کو موت پر یقین (ایمان) ہے۔

موت کے بعد

اس آیت کے دوسرے حصے میں قرآن مجید ایک بڑی سچائی کی طرف ہمیں متوجہ کرتا ہے۔ اگر وہ انسان کی سمجھ میں آ جائے تو سارے جہان کا ماحول بدل جائے۔ وہ سچائی یہ ہے کہ تم مرنے کے بعد میری ہی طرف لوٹائے جاؤ گے اور اس دنیا میں جیسے بھی کام کرو گے ویسا ہی بدلہ پاؤ گے۔

مرنے کے بعد تم گل سڑ جاؤ گے اور دوبارہ پیدا نہیں کیے جاؤ گے، ایسا نہیں ہے۔ نہ ہی یہ سچ ہے کہ مرنے کے بعد تمہاری روح کسی اور جسم میں داخل ہو جائے گی، یہ نظریہ انسانی عقل کی کسوٹی پر کھرا نہیں اترتا۔

پہلی بات یہ ہے کہ آواگمن کا یہ مفروضہ ویدوں میں موجود نہیں ہے۔ بعد کے پرانوں (مذہبی کتابوں) میں اس کا بیان ہے۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ انسان کے پیدائشی جرثوموں پر کسی اولاد کی صفات باپ سے بیٹے اور بیٹے سے اس کے بیٹے میں منتقل ہوتی ہیں۔ اس نظریہ کی ابتداء اس طرح ہوئی کہ شیطان نے مذہب کے نام پر

لوگوں کو اونچ نیچ میں باندھ دیا۔ مذہب کے نام پر شودروں سے خدمت لینے اور ان کو نیچ سمجھنے والے مذہب کے ٹھیکیداروں سے سماج کے دبے کچلے طبقے کے لوگوں نے جب یہ سوال کیا کہ جب ہمارا پیدا کرنے والا خدا ہے اور اس نے سب انسانوں کو آنکھ، کان، ناک ہر چیز میں برابر بنایا ہے تو آپ لوگوں نے اپنے آپ کو بڑا اور ہمیں نیچے کیوں بنایا؟ اس کے لیے انہوں نے آواگمن کا سہارا لے کر یہ کہہ دیا کہ تمہاری پچھلی زندگی کے کاموں نے تمہیں نیچ بنایا ہے۔

اس نظریہ کے اندر ساری روحیں دوبارہ پیدا ہوتی ہیں۔ اور اپنے کاموں کے حساب سے اجسام بدل بدل کر آتی ہیں۔ زیادہ برے کام کرنے والے لوگ جانوروں کے اجسام میں پیدا ہوتے ہیں۔ ان سے زیادہ برے کام کرنے والے نباتات کی یونانی (قالب) میں چلے جاتے ہیں۔ جن کے کام اچھے ہوتے ہیں وہ موکچھ یعنی آواگمن کے چکر سے نجات حاصل کر لیتے ہیں۔

آواگمن کے خلاف تین دلائل

① اس سلسلے میں سب سے بڑی بات یہ ہے کہ ساری دنیا کے عالموں اور ریسرچ کرنے والے سائنس دانوں کا کہنا ہے کہ اس زمین پر سب سے پہلے نباتات پیدا ہوئیں، پھر جانور پیدا ہوئے اور اس کے کروڑوں سال بعد انسان کی پیدائش ہوئی۔ اب جبکہ انسان ابھی اس زمین پر پیدا ہی نہیں ہوئے تھے اور کسی انسانی روح نے ابھی برے کام ہی نہیں کیے تھے تو کن روحوں نے پیڑ پودوں اور جانوروں کے جسم میں جنم لیا؟

② دوسری بات یہ ہے کہ اس نظریہ کو ماننے کے بعد یہ ماننا پڑے گا کہ اس زمین پر جانداروں کی تعداد میں لگاتار کمی ہوتی رہی ہے۔ جو روحیں آواگون سے نجات حاصل کر لیں گی، ان کی تعداد کم ہوتی رہنی چاہیے جبکہ یہ حقیقت ہمارے سامنے ہے کہ اس اتنی بڑی زمین پر انسانوں، جانوروں اور نباتات ہر طرح کے جانداروں کی تعداد میں لگاتار اضافہ ہوتا رہا ہے۔

③ تیسری بات یہ ہے کہ اس دنیا میں پیدا ہونے والے اور مرنے والوں کی

تعداد میں زمین آسمان کا فرق دکھائی دیتا ہے۔ مرنے والے انسان کی تعداد میں پیدا ہونے والے بچوں کی تعداد کہیں زیادہ ہے۔ کبھی کبھی کروڑوں مچھر پیدا ہو جاتے ہیں جبکہ مرنے والے اس سے بہت کم ہوتے ہیں۔ کہیں کہیں کچھ بچوں کے بارے میں یہ مشہور ہو جاتا ہے کہ وہ اس جگہ کو پہچان رہا ہے جہاں وہ رہتا تھا، اپنا پرانا نام بتا رہا ہے۔ اور یہ بھی کہ وہ دوبارہ جنم لے رہا ہے۔ یہ سب شیطان اور بھوت پریت ہوتے ہیں جو بچوں کے سر چڑھ کر بولتے ہیں اور انسانوں کے دین ایمان کو خراب کرتے ہیں۔

سچی بات یہ ہے کہ یہ سچائی مرنے کے بعد ہر انسان کے سامنے آجائے گی کہ انسان مرنے کے بعد اپنے مالک کے پاس جاتا ہے، اور اس جہان میں اس نے جیسے کام کیے ہیں اس کے حساب سے سزا یا اچھا بدلہ پائے گا۔

اعمال کا پھل ملے گا

اگر وہ اچھے کام کرے گا، بھلائی اور نیکی کے راستے پر چلے گا تو وہ جنت میں جائے گا۔ جنت جہاں ہر آرام کی چیز ہے اور ایسی ایسی عیش و آرام کی چیزیں ہیں جن کو اس دنیا میں نہ کسی آنکھ نے دیکھا، نہ کسی کان نے سنا اور نہ کسی دل میں اس کا خیال گذرا۔ اور سب سے بڑی جنت کی نعمت یہ ہوگی کہ جنتی لوگ وہاں اپنے مالک کا اپنی آنکھوں سے دیدار کر سکیں گے جس کے برابر آنند اور مسرت کی کوئی چیز نہیں ہوگی۔

اسی طرح جو لوگ برے کام کریں گے، گناہ کر کے اپنے مالک کی نافرمانی کریں گے، وہ جہنم میں ڈالے جائیں گے۔ وہ وہاں آگ میں جلیں گے۔ وہاں انھیں گندی گندی سزائیں ملیں گی۔ اور سب سے بڑی سزا یہ ہوگی کہ وہ اپنے مالک کے دیدار سے محروم رہ جائیں گے۔ اور ان پر ان کے مالک کا دردناک عذاب ہوگا۔

خدا کا شریک بنانا سب سے بڑا گناہ ہے

اس سچے مالک حقیقی نے اپنے قرآن میں ہمیں بتایا کہ نیکیاں اور اچھے کام چھوٹے بھی ہوتے ہیں اور بڑے بھی۔ اسی طرح اس مالک کے یہاں گناہ اور برے کام بھی

چھوٹے بڑے ہوتے ہیں۔ اس نے ہمیں بتایا ہے کہ جو گناہ ہمیں سب سے زیادہ سزا کا حقدار بناتا ہے، جس کو وہ کبھی معاف نہیں کرے گا، جس کا کرنے والا ہمیشہ جہنم میں جلتا رہے گا اور اس کو موت بھی نہیں آئے گی، وہ اس اکیلے مالک کا کسی کو شریک بنانا ہے، اپنے سر اور ماتھے کو اس کے علاوہ کسی دوسرے کے آگے جھکانا، اپنے ہاتھ کسی اور کے آگے جوڑنا، اس کے علاوہ کسی اور کو پوجا کے قابل ماننا، مارنے والا، زندہ کرنے والا، روزی دینے والا اور نفع نقصان کا مالک سمجھنا بہت بڑا گناہ اور انتہائی درجہ کا ظلم ہے، چاہے وہ کسی دیوی دیوتا کو مانا جائے یا سورج چاند ستارے کو، کسی پیر فقیر کو، کسی کو بھی اس مالک کے علاوہ پوجا کے لائق سمجھنا شرک ہے جس کو وہ مالک کبھی معاف نہیں کرے گا۔ اس کے علاوہ ہر گناہ کو وہ اگر چاہے تو معاف کر دے گا۔ اس گناہ کو خود ہماری عقل بھی اتنا ہی بڑا سمجھتی ہے اور ہم بھی اس عمل کو اتنا ہی ناپسند کرتے ہیں۔

ایک مثال

مثال کے طور پر اگر کسی کی بیوی بڑی جھگڑالو اور بات بات پر گالیاں دینے والی ہو اور کچھ کہنا سننا نہ مانتی ہو لیکن وہ اگر اس سے گھر سے نکلنے کو کہہ دے تو وہ کہتی ہے کہ میں صرف تیری ہوں، تیری رہوں گی، تیرے دروازے پر مروں گی اور ایک پل کے لیے تیرے گھر سے باہر نہیں جاؤں گی تو شوہر لاکھ غصے کے بعد بھی اس سے نبھانے کے لیے مجبور ہو جائے گا۔

اس کے برخلاف اگر کسی کی بیوی نہایت خدمت گزار اور حکم کی پابند ہے، وہ ہر وقت اس کا خیال رکھتی ہے، شوہر آدھی رات کو گھر پر آتا ہے تو اس کا انتظار کرتی رہتی ہے، اس کے لیے کھانا گرم کرتی ہے اور نکالتی ہے، پیار و محبت کی باتیں کرتی ہے، وہ ایک دن اس سے کہنے لگے کہ آپ میرے شریک حیات ہیں لیکن میرا اکیلے آپ سے کام نہیں چلتا، اس لیے اپنے پڑوسی جو ہیں میں نے آج سے انھیں بھی اپنا شوہر بنا لیا ہے تو اگر اس کے شوہر میں کچھ بھی غیرت کا مادہ ہے تو وہ یہ برداشت نہیں کر پائے گا۔ وہ اپنی بیوی کی جان لے لے گا یا خود مر جائے گا۔

آخر ایسا کیوں ہے؟ صرف اس لیے کہ کوئی شوہر اپنے مخصوص شوہرانہ حقوق میں کسی کو شریک دیکھنا نہیں چاہتا۔ آپ نطفہ کی ایک بوند سے بنے ہیں تو اپنا شریک بنانا پسند نہیں کرتے، تو وہ مالک جو اس ناپاک بوند سے انسان کو پیدا کرتا ہے، وہ کیسے یہ برداشت کرے گا کہ کوئی اس کا شریک ہو۔ اس کے ساتھ کسی اور کی بھی پوجا کی جائے۔ جبکہ اس پورے جہان میں جس کو جو کچھ دیا ہے اسی نے عطا کیا ہے۔ جس طرح ایک طوائف اپنی عزت و آبرو بیچ کر ہر آنے والے آدمی کو اپنے اوپر قبضہ دے دیتی ہے تو اس کی وجہ سے وہ ہماری نظروں سے گری ہوئی رہتی ہے، وہ آدمی اپنے مالک کی نظروں میں اس سے زیادہ نیچ اور گرا ہوا ہے جو اس کو چھوڑ کر کسی دوسرے کی عبادت میں مست ہو چاہے وہ کوئی دیوتا مورتی ہو یا کوئی دوسری شے۔

قرآن پاک میں مورتی پوجا کی مخالفت

مورتی پوجا کے لیے قرآن مجید میں ایک مثال پیش کی گئی ہے جو غور کرنے کے قابل ہے۔

"اللہ کو چھوڑ کر تم جن اشیاء کو پوجتے ہو وہ سب مل کر ایک مکھی بھی پیدا نہیں کر سکتیں، اور پیدا کرنا تو دور کی بات ہے اگر مکھی ان کے سامنے سے کوئی چیز (پرساد وغیرہ) چھین لے جائے، تو واپس نہیں لے سکتیں۔ پھر کیسے بزدل ہیں وہ معبود اور کیسے کمزور ہیں عبادت کرنے والے، اور انہوں نے اس اللہ کی قدر نہیں کی جیسی کرنی چاہیے تھی جو طاقتور اور زبردست ہے۔"

کیا اچھی مثال ہے۔ بنانے والا تو خود خدا ہوتا ہے۔ اپنے ہاتھوں سے بنائی گئی مورتیوں کے ہم بنانے والے ہیں۔ اگر ان مورتیوں میں تھوڑی بہت سمجھ ہوتی تو وہ ہماری عبادت کرتیں۔

ایک بودا خیال

کچھ لوگوں کا ماننا یہ ہے کہ ہم ان کی عبادت اس لیے کرتے ہیں کہ انہوں نے ہی ہمیں مالک کا راستہ دکھایا اور ان کے وسیلے سے ہم مالک کی عنایت حاصل کرتے ہیں۔ یہ بالکل ایسی بات ہوئی کہ کوئی قلی سے ٹرین کے بارے میں معلوم کرے اور جب قلی اسے ٹرین کے بارے میں معلومات دے دے تو وہ ٹرین کی جگہ قلی پر ہی سوار ہو جائے، کہ اس نے ہمیں ٹرین کے بارے میں بتایا ہے۔ اسی طرح اللہ کی صحیح سمت اور راستہ بتانے والے کی عبادت کرنا بالکل ایسا ہے جیسے ٹرین کو چھوڑ کر قلی پر سوار ہو جانا۔

کچھ بھائی یہ بھی کہتے ہیں کہ ہم صرف دھیان جمانے اور توجہ مرکوز کرنے کے لیے ان مورتیوں کو رکھتے ہیں۔ یہ بھی خوب رہی کہ خوب غور سے کتے کو دیکھ رہے ہیں اور کہہ رہے ہیں کہ والد صاحب کا دھیان جمانے کے لیے کتے کو دیکھ رہے ہیں۔ کہاں والد صاحب اور کہاں کتا؟ کہاں یہ کمزور مورتی اور کہاں وہ انتہائی زبردست رحیم و کریم مالک! اس سے دھیان بندھے گا یا بٹے گا؟

خلاصہ یہ ہے کہ کسی بھی طرح سے کسی کو بھی اس کا شریک ماننا سب سے بڑا گناہ ہے جس کو خدا تعالیٰ کبھی بھی معاف نہیں کرے گا اور ایسا آدمی ہمیشہ کے لیے جہنم کا ایندھن بنے گا۔

سب سے اچھی نیکی ایمان ہے

اسی طرح سب سے بڑی بھلائی اور نیکی "ایمان" ہے جس کے بارے میں دنیا کے تمام مذہب والے یہ کہتے ہیں کہ سب کچھ یہیں چھوڑ جانا ہے، مرنے کے بعد آدمی کے ساتھ صرف ایمان جائے گا۔ ایمانداری یا ایمان والا اس کو کہتے ہیں جو حق والے کو حق دینے والا ہو اور حق مارنے والے کو ظالم کہتے ہیں۔ اس انسان پر سب سے بڑا حق اس کے پیدا کرنے والے کا ہے۔ وہ یہ کہ سب کو پیدا کرنے والا، موت و زندگی دینے والا مالک، رب اور عبادت کے لائق وہ اکیلا ہے تو پھر اسی کی عبادت کی جائے، اسی کو

مالک، نفع ونقصان، عزت وذلت دینے والا سمجھا جائے اور یہ دی ہوئی زندگی اس کی مرضی اور اطاعت کے ساتھ بسر کی جائے، اسی کو مانا جائے اور اسی کی مانی جائے۔ اسی کا نام ایمان ہے۔ صرف اسی ایک کو مالک مانے بغیر، اور اسی کی تابعداری کے بغیر انسان ایماندار نہیں ہو سکتا بلکہ وہ بے ایمان کہلائے گا۔

مالک کا سب سے بڑا حق مار کر لوگوں کے سامنے ایمانداری دکھانا ایسا ہی ہے کہ ایک ڈاکو بہت بڑی ڈکیتی سے مالدار بن جائے اور پھر دوکان پر لالہ جی سے کہے کہ آپ کا ایک پیسہ حساب میں زیادہ چلا گیا ہے آپ لے لیجیے۔ اتنا مال لوٹنے کے بعد دو پیسے کا حساب دینا جیسی ایمانداری ہے ایسے ہی مالک کو چھوڑ کر کسی اور کی عبادت کرنا اس سے بھی بدتر بے ایمانداری ہے۔

ایمان صرف یہ ہے کہ انسان اپنے مالک کو اکیلا مانے اس اکیلے کی عبادت کرے اور اس کے ذریعہ زندگی کی ہر گھڑی کو مالک کی مرضی اور حکم ماننے کے ساتھ بسر کرے۔ اس کی دی ہوئی زندگی کو اس کی مرضی کے مطابق گزارنا ہی دین کہلاتا ہے اور اس کے احکامات کو توڑنا بے دینی ہے۔

سچا دین

سچا دین شروع سے ہی ایک ہے اور اس کی تعلیم ہے کہ اس اکیلے کو مانا جائے اور اس کا حکم مانا جائے، پاک قرآن مجید نے کہا ہے: "دین تو اللہ کے نزدیک صرف اسلام ہے اور اسلام کے علاوہ جو بھی مذہب لایا جائے گا وہ نا قابل قبول ہے۔"

(سورۃ آل عمران: ۸۵)

انسان کی کمزوری ہے کہ اس کی نظر ایک مخصوص حد تک دیکھ سکتی ہے۔ اس کے کان ایک حد تک سن سکتے ہیں، اس کے سونگھنے، چکھنے اور چھونے کی قوت بھی محدود ہے۔ ان پانچ حواس سے اس کی عقل کو معلومات فراہم ہوتی ہیں۔ اسی طرح عقل کے عمل کی بھی ایک حد ہے۔

وہ مالک کس طرح کی زندگی پسند کرتا ہے، اس کی عبادت کس طرح کی جائے؟ مرنے کے بعد کیا ہوگا؟ جنت اور جہنم میں لے جانے والے کام کیا ہیں؟ یہ سب آدمی کی عقل اور خود انسان پتہ نہیں لگا سکتے۔

پیغمبر

انسان کی اس کمزوری پر رحم کر کے اس کے مالک نے ان عظیم انسانوں پر جن کو اس نے اس منصب کے قابل سمجھا اور فرشتوں کے ذریعہ اپنے پیغام نازل کیے جنہوں نے انسان کو زندگی بسر کرنے اور بندگی کے طریقے بتائے اور زندگی کی وہ حقیقتیں بتائیں جو وہ اپنی عقل کی بنیاد پر نہیں سمجھ سکتا تھا۔ ایسے مہاپرش کو نبی، رسول یا پیغمبر کہا جاتا ہے۔ اسے اوتار بھی کہہ سکتے ہیں، بشرطیکہ اوتار کا مطلب ہو "جس پر اتارا جائے۔" آج کل اوتار کا مطلب یہ سمجھا جاتا ہے کہ وہ خود خدا ہے یا خدا اس کی شکل میں اترا۔ یہ اندھ وشواس ہے۔ یہ بہت بڑا گناہ ہے۔ اس اندھ وشواس نے ایک مالک کی عبادت سے ہٹا کر انسان کو مورتی پوجا کی دلدل میں پھنسا دیا۔

یہ عظیم انسان جن کو اللہ نے لوگوں کو سچا راستہ بتانے کے لیے چنا اور جن کو نبی اور رسول کہا گیا، ہر بستی اور خطہ اور ہر زمانے میں آتے رہے ہیں۔ ان سب نے ایک خدا کو ماننے، صرف اسی اکیلے کی عبادت کرنے اور اس کی مرضی سے زندگی گزارنے کا جو طریقہ (شریعت یا مذہبی قانون) وہ لائے، اس کی پابندی کرنے کو کہا۔ ان میں سے ایک رسول نے بھی ایک خدا کے علاوہ کسی کی بھی عبادت کی دعوت نہیں دی بلکہ انہوں نے سب سے زیادہ اسی گناہ سے روکا۔ ان کی باتوں پر لوگوں نے یقین کیا اور سچے راستوں پر چلنے لگے۔

مورتی پوجا کی ابتداء

ایسے پیغمبر اور ان کے ماننے والے انسان تھے، ان کو موت آئی تھی (جس کو موت نہیں وہ صرف خدا ہے)۔ نبی یا رسول کی موت کے بعد ان کے ماننے والوں کو ان کی یاد

آئی اور ان کی یاد میں بہت روتے تھے۔ شیطان کو موقع مل گیا۔ وہ انسان کا دشمن ہے اور انسان کے امتحان کے لیے اس مالک نے اس کو بہکانے اور بری باتیں انسان کے دل میں ڈالنے کی ہمت دی ہے کہ دیکھیں کون اس پیدا کرنے والے مالک کو مانتا ہے اور کون شیطان کو مانتا ہے۔

شیطان لوگوں کے پاس آیا اور کہا کہ تمہیں اپنے رسول یا نبی سے بڑی محبت ہے۔ مرنے کے بعد وہ تمہاری نظروں سے اوجھل ہو گئے ہیں اس لیے میں ان کی ایک مورتی بنا دیتا ہوں اس کو دیکھ کر تم سکون پا سکتے ہو۔ شیطان نے مورتی بنائی۔ جب ان کا دل چاہتا وہ اسے دیکھا کرتے تھے۔ آہستہ آہستہ جب اس مورتی کی محبت ان کے دل میں بس گئی تو شیطان نے کہا کہ اگر تم اس مورتی کے آگے اپنا سر جھکاؤ گے تو اس مورتی میں بھگوان کو پاؤ گے۔ انسان کے دل میں مورتی کی تعریف پہلے ہی گھر کر چکی تھی اس لیے اس نے مورتی کے آگے سر جھکانا اور اسے پوجنا شروع کر دیا اور وہ انسان جس کے پوجنے کے لائق صرف ایک خدا تھا مورتیوں کو پوجنے لگا اور شرک میں پھنس گیا۔

اس سارے جہان کا سردار (انسان) جب پتھر یا مٹی کے آگے جھکنے لگا تو وہ ذلیل و خوار ہوا اور مالک کی نظروں سے گر کر ہمیشہ کے لیے دوزخ کا ایندھن بن گیا۔ اس کے بعد اللہ نے پھر اپنے رسول بھیجے جنہوں نے لوگوں کو مورتی پوجا اور اللہ کے علاوہ دوسرے کی پوجا سے روکا، کچھ لوگ ان کی بات مانتے رہے اور کچھ لوگوں نے ان کی نافرمانی کی۔ جو لوگ مانتے تھے اللہ ان سے خوش ہوتا، اور جو لوگ ان کی نصیحتوں کے خلاف ورزی کرتے ان کے لیے آسمان سے نیست و نابود کرنے کے فیصلے کر دیے جاتے۔

رسولوں کی تعلیم

ایک کے بعد ایک نبی اور رسول آتے رہے، ان کے دین کی بنیاد ایک ہوتی، وہ ایک دین کی طرف بلاتے کہ ایک خدا کو مانو، کسی کو اس کی ذات اور صفات میں شریک نہ ٹھہراؤ، اس کی عبادت میں کسی کو شریک نہ کرو، اس کے سب رسولوں کو سچا جانو، اس کے فرشتوں کو جو اس کی پاک مخلوق ہیں، نہ کھاتے پیتے ہیں، نہ سوتے ہیں، ہر کام میں مالک

کی فرمانبرداری کرتے ہیں، سچا جانو۔ اس نے اپنے فرشتوں کے ذریعے سے جو الٰہی کتابیں یا گرنتھ اُتارے ہیں ان سب کو سچا جانو، مرنے کے بعد دوبارہ زندگی پا کر اپنے اچھے برے کاموں کا بدلہ پانا ہے اس پر یقین کرو اور یہ بھی جانو کہ جو کچھ تقدیر میں اچھا یا برا ہے وہ مالک کی طرف سے ہے اور میں اس وقت جو شریعت اور زندگی گزارنے کے طریقے لے کر آیا ہوں ان پر چلو۔

جتنے اللہ کے نبی اور رسول آئے سب سچے تھے اور ان پر جو مقدس کلام نازل ہوئے وہ سب سچے تھے۔ ان سب پر ہمارا ایمان ہے اور ہم ان میں فرق نہیں کرتے۔ سچائی کا ترازو یہ ہے کہ جنہوں نے ایک خدا کو ماننے کی دعوت دی ہو، ان کی تعلیمات میں ایک مالک کو چھوڑ کر دوسروں کی پوجا خود ان کی پوجا کی بات نہ ہو۔ اس لیے جن مہا پرشوں کے یہاں مورتی پوجا یا بہت سے معبودوں کی عبادت کی تعلیم ہو وہ یا تو رسول نہیں تھے یا ان کی تعلیمات میں ردّ و بدل کر دی گئی ہے محمد صاحب صلی اللہ علیہ وسلم سے پہلے کے تمام رسولوں کی تعلیمات میں ردّو بدل کر دی گئی ہے۔ اور کہیں کہیں گرنتھوں کو بھی بدل گیا ہے۔

آخری پیغمبر حضرت محمدؐ

یہ ایک بیش قیمت سچ ہے کہ ہر آنے والے رسول اور نبی کے ذریعہ اور ان کے صحیفوں میں ایک آخری نبی کی پیشین گوئی کی گئی ہے اور یہ کہا گیا ہے کہ ان کے آنے کے بعد اور ان کو پہچان لینے کے بعد ساری پرانی شریعتیں اور مذہبی قانون چھوڑ کر ان کی بات مانی جائے اور ان کے ذریعہ لائے گئے کلام اور دین پر چلا جائے۔ یہ بھی اسلام کی حقانیت کا ثبوت ہے کہ پچھلی کتابوں میں انتہائی ردّ و بدل کے باوجود اس مالک نے آخری رسول ﷺ کے آنے کی خبر کو بدلنے نہ دیا تا کہ کوئی یہ نہ کہہ سکے کہ ہمیں خبر نہ تھی۔ ویدوں میں اس کا نام نراشنس، پرانوں میں کلکی اوتار، بائبل میں فارقلیط اور بودھ گرنتھوں میں آخری بدھ وغیرہ لکھا گیا ہے۔

ان مذہبی کتب میں محمد صاحب ﷺ کیجائے پیدائش، تاریخ پیدائش، وقت اور دیگر بہت سی علامات پہلے ہی بتادی گئی تھیں۔

حضرت محمد ﷺ کی حیاتِ مبارکہ کا تعارف

اب سے تقریباً ساڑھے چودہ سو برس پہلے وہ آخری پیغمبر محمد رسول اللہ ﷺ سعودی ملک عرب کے شہر مکہ میں پیدا ہوئے۔ پیدائش سے چند مہینے پہلے ہی ان کے والد کا انتقال ہو گیا تھا۔ والدہ بھی کچھ زیادہ دن زندہ نہیں رہیں۔ پہلے دادا اور ان کی وفات کے بعد آپ کے چچا نے انہیں پالا۔ دنیا میں سب سے نرالا یہ انسان تمام مکہ شہر کی آنکھوں کا تارا بن گیا۔ جیسے جیسے آپ بڑے ہوتے گئے، آپ کے ساتھ لوگوں کی محبت بڑھتی گئی، آپ کو سچا اور ایماندار کہا جانے لگا۔ لوگ اپنی قیمتی چیزیں آپ ﷺ کے پاس رکھتے۔ اپنے آپسی جھگڑوں کا فیصلہ کرتے۔ ایک مرتبہ کعبہ، جو مکہ میں اللہ کا مقدس گھر ہے اس کو دوبارہ تعمیر کیا جا رہا تھا۔ اس کی ایک دیوار کے کونے میں ایک مقدس پتھر ہے۔ جب اس کو اس کی جگہ پر رکھنے کی باری آئی تو اس کی تقدیس کی وجہ سے مکہ کے تمام قبیلے والوں اور سرداروں کی خواہش تھی کہ مقدس پتھر کو نصب کرنے کا اعزاز انہیں ہی ملے۔ اس کے لیے تلواریں نکل آئیں۔ تبھی ایک سمجھدار آدمی نے فیصلہ کیا کہ جو سب سے پہلا آدمی یہاں کعبہ میں آئے گا وہی اس کا فیصلہ کرے گا۔ سب لوگ تیار ہو گئے۔ اس دن سب سے پہلے آنے والے حضرت محمد ﷺ تھے۔ سب ایک آواز ہو کر بولے واہ واہ، ہمارے درمیان سچا اور ایماندار آدمی آ گیا ہے، ہم سب راضی ہیں۔

آپ ﷺ نے ایک چادر بچھائی اور اس میں وہ پتھر رکھ کر کہا ہر خاندان کا سردار چادر کا ایک کنارا پکڑ کر اٹھائے، جب پتھر دیوار تک پہنچ گیا تو آپ نے اپنے ہاتھ سے اس کی جگہ پر رکھ دیا اور بڑی جنگ ختم کروا دی۔

اسی طرح لوگ آپ کو ہر کام میں آگے رکھتے تھے، آپ سفر پر جانے لگتے تو لوگ بے چین ہو جاتے اور جب آپ لوٹتے تو آپ ﷺ سے مل کر پھوٹ پھوٹ کر رونے لگتے۔

ان دنوں وہاں اللہ کے گھر کعبہ میں ۳۶۰ بت، دیوی دیوتاؤں کی مورتیاں رکھی

ہوئی تھیں۔ پورے عرب دیش میں اونچ نیچ، چھوت چھات، عورتوں پر ظلم، شراب، جوا، سود، لڑائی جھگڑا جیسی جانے کتنی برائیاں پھیلی ہوئی تھیں۔

جب آپ ۴۰ برس کے ہوئے تو اللہ نے اپنے فرشتے کے ذریعے آپ ﷺ پر قرآن نازل کرنا شروع کیا اور آپ کو رسول بنانے کی خوشخبری دی اور لوگوں کو توحید کی طرف بلانے کی ذمہ داری سپرد کی۔

سچ کی آواز

آپ ﷺ نے ایک پہاڑ کی چوٹی پر چڑھ کر ایک آواز لگائی۔ لوگ اس آواز پر ٹوٹ پڑے اس لیے کہ یہ ایک سچے ایماندار آدمی کی آواز تھی۔ آپ نے سوال کیا، اگر میں تم سے کہوں کہ اس پہاڑ کے پیچھے سے ایک بہت بڑی فوج آرہی ہے اور تم پر حملہ کرنے والی ہے، تو کیا تم یقین کروگے؟

سب نے ایک آواز ہو کر کہا: بھلا آپ کی بات پر کوئی یقین نہیں کرے گا، آپ کبھی جھوٹ نہیں بولتے اور پہاڑ کی چوٹی سے دوسری طرف دیکھ بھی رہے ہیں۔ اس کے بعد آپ نے لوگوں کو اسلام کی طرف بلایا، بت پرستی سے روکا اور مرنے کے بعد جہنم کی آگ سے ڈرایا۔

انسان کی ایک کمزوری

انسان کی یہ کمزوری رہی ہے کہ وہ اپنے بزرگوں کی غلط باتوں کو بھی آنکھ بند کر کے مانتا چلا جاتا ہے اگرچہ ان کی عقلیں اور دلائل اس کا صاف انکار کرتے ہیں لیکن اس کے باوجود انسان باپ دادا کی باتوں پر جما رہتا ہے اور اس کے خلاف عمل تو کیا، سوچ بھی نہیں سکتا۔

رکاوٹیں اور آزمائش

یہی وجہ تھی کہ چالیس برس کی عمر تک آپ کا احترام کرنے، اور سچا ماننے اور جاننے کے باوجود مکہ کے لوگ آپ ﷺ کی تعلیمات کے دشمن ہو گئے۔ آپ جتنا زیادہ

لوگوں کو اس سچائی کی جانب بلاتے، لوگ اور زیادہ دشمنی کرتے۔ کچھ لوگ ایمان والوں کو ستاتے مارتے اور آگ پر لٹا دیتے گلے میں پھندا ڈال کر گھسیٹتے اور ان پر پتھر برساتے لیکن آپ ﷺ سب کے لیے اللہ سے دعا مانگتے، کسی سے بدلہ نہیں لیتے، ساری ساری رات اپنے مالک سے ان کے لیے ہدایت کی دعا کرتے۔ ایک بار مکہ کے لوگوں سے مایوس ہو کر طائف شہر کی جانب گئے۔ وہاں کے لوگوں نے اس عظیم انسان کی توہین کی۔ آپ ﷺ کے پیچھے شریر لڑکے لگا دیے جو آپ ﷺ کو برا بھلا کہتے۔

انہوں نے آپ ﷺ کو پتھر مارے جس سے آپ ﷺ کے پیروں سے خون بہنے لگا۔ تکلیف کی وجہ سے جب آپ کہیں بیٹھ جاتے تو وہ لڑکے آپ کو دوبارہ کھڑا کر دیتے، اور پھر مارتے۔ اس حال میں آپ شہر سے باہر نکل کر ایک جگہ پر بیٹھ گئے، آپ نے انہیں بددعا نہیں دی بلکہ اپنے مالک سے دعا کی: "اے مالک، ان کو سمجھ دے دے یہ جانتے نہیں۔" آپ کو اس پاک کلام اور حق پہنچانے کی وجہ سے اپنا پیارا شہر مکہ چھوڑنا پڑا اور پھر آپ اپنے شہر سے مدینہ چلے گئے۔ وہاں بھی مکہ والے فوجیں تیار کر کے بار بار آپ ﷺ سے لڑنے گئے۔

حق کی فتح

سچائی کی ہمیشہ فتح ہوتی ہے اس لیے یہاں بھی ہوئی۔ ۲۳ سال کی سخت مشقت کے بعد آپ نے سب پر فتح پائی اور سچائی کے راستے کی جانب آپ کی بے لوث دعوت نے پورے ملک عرب کو اسلام کی ٹھنڈی چھاؤں میں کھڑا کر دیا اور پوری دنیا میں ایک انقلاب آ گیا۔ بت پرستی بند ہوئی، اونچ نیچ ختم ہو گئی اور سب لوگ ایک اللہ کو ماننے اور اسی کی عبادت کرنے والے ہو گئے۔

آخری وصیت

اپنی رحلت سے کچھ ہی سال پہلے آپ نے تقریباً سوا لاکھ لوگوں کے ساتھ حج کیا اور تمام لوگوں کو اپنی آخری وصیت کی، جس میں آپ نے یہ بھی کہا: لوگو! تم سے مرنے

کے بعد جب اعمال کی پوچھ گچھ ہوگی تو میرے بارے میں بھی پوچھا جائے گا کہ کیا میں نے اللہ کا دین اور وہ سچائی لوگوں تک پہنچائی تھی؟ سب نے کہا: بے شک آپ پہنچا چکے۔ آپ نے آسمان کی جانب انگلی اٹھائی اور تین بار کہا: اے اللہ آپ گواہ رہیے، آپ گواہ رہیے، آپ گواہ رہیے۔ اس کے بعد آپ نے لوگوں سے فرمایا: یہ سچا دین جن تک پہنچ چکا ہے وہ ان کو پہنچائیں جن کے پاس نہیں پہنچا ہے۔

آپ ﷺ نے یہ بھی خبر دی کہ میں آخری رسول ہوں اب میرے بعد کوئی رسول یا نبی نہیں آئے گا۔ میں ہی وہ آخری نبی نراشنس اور کلکی اوتار ہوں جس کا تم انتظار کر رہے تھے اور جس کے بارے میں تم سب کچھ جانتے ہو۔

قرآن میں ہے: ''جن لوگوں کو ہم نے کتاب دی وہ اس (پیغمبر محمد صلی اللہ علیہ وسلم) کو ایسے پہچانتے ہیں جیسے اپنے بیٹوں کو پہچانتے ہیں۔ ہاں بے شک ان میں ایک گروہ حق کو چھپاتا ہے۔'' (سورۃ البقرۃ: ۱۴۶)

ہر انسان کی ذمہ داری

اب قیامت تک آنے والے ہر انسان کی ذمہ داری ہے اور اس کا مذہبی اور انسانی فریضہ ہے کہ وہ اس اکیلے مالک کی بندگی کرے، اس کے ساتھ کسی کو شریک نہ ٹھہرائے، اس کے آخری پیغمبر حضرت محمد ﷺ کو سچا جانے اور ان کی لائے ہوئے دین اور زندگی گزارنے کے طور طریقوں پر چلے۔ اسلام میں اس کو ایمان کہا گیا ہے اس کے بغیر مرنے کے بعد ہمیشہ کے لیے جہنم میں جلنا پڑے گا۔

کچھ اشکالات

یہاں آپ کے ذہن میں کچھ سوالات پیدا ہو سکتے ہیں۔ مرنے کے بعد جنت یا دوزخ میں جانا دکھائی تو دیتا نہیں، اسے کیوں مانیں؟

اس سلسلے میں یہ جان لینا مناسب ہوگا کہ تمام پرانے گرنتھوں میں جنت و دوزخ کا حال بیان کیا گیا ہے جس سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ جنت و دوزخ کا تصور تمام مذاہب میں مسلم ہے۔

اسے ہم ایک مثال سے بھی سمجھ سکتے ہیں۔ بچہ جب ماں کے پیٹ میں ہوتا ہے، اگر اس سے کہا جائے کہ جب تم باہر آؤ گے تو دودھ پیو گے، روؤ گے، باہر تم بہت سی چیزیں دیکھو گے، تو حالت حمل میں اسے یقین نہیں آئے گا، مگر وہ جیسے ہی حمل سے باہر نکلے گا تب سب چیزوں کو اپنے سامنے پائے گا۔ اسی طرح یہ تمام جہان ایک حمل کی حالت ہے یہاں سے موت کے بعد نکل کر جب انسان آخرت کے جہان میں آنکھیں کھولے گا تو سب کچھ اپنے سامنے پائے گا۔

وہاں کی جنت دوزخ اور دوسری حقیقتوں کی خبر ہمیں اس سچے نے دی ہے جس کو اس کے جانی دشمن بھی کبھی جھوٹا نہ کہہ سکے اور قرآن جیسی کتاب نے دی جس کی سچائی ہر اپنے پرائے نے مانی ہے۔

دوسرا سوال

دوسری چیز جو آپ کے دل میں کھٹک سکتی ہے وہ یہ کہ جب تمام رسول، مذہب اور مذہبی صحائف سچے تھے تو پھر اسلام قبول کرنا کیا ضروری ہے؟

آج کی موجودہ دنیا میں اس کا جواب بالکل آسان ہے۔ ہمارے ملک میں ایک پارلیمنٹ ہے، یہاں کا ایک آئین ہے۔ یہاں جتنے وزیر اعظم ہوئے وہ سب ہندوستان کے حقیقتاً وزیر اعظم تھے۔ پنڈت جواہر لال نہرو، شاستری جی، پھر اندرا گاندھی، چرن سنگھ، راجیو گاندھی، وی پی سنگھ وغیرہ۔ ملک کی ضرورت اور وقت کے مطابق جو قوانین اور ترمیمات انہوں نے پاس کیں وہ سب بھارت کے قوانین تھے مگر اب جو موجودہ وزیر اعظم ہیں ان کی کابینہ اور سرکار جو بھی قانون میں ترمیم کرے گی اس سے پرانا قانون ختم ہو جائے گا اور بھارت کے ہر شہری کے لیے ضروری ہوگا کہ اس نئے ترمیم شدہ قانون کو مانے۔ اگر اب کوئی ہندوستانی شہری یہ کہے کہ جب اندرا گاندھی اصلی وزیر اعظم تھیں تو میں ان کے ہی قانون مانوں گا، اس نئے وزیر اعظم کے ترمیم شدہ قانون میں نہیں مانتا اور نہ ان کے ذریعے لگائے گئے ٹیکس دوں گا تو ایسے انسان کو ہر شخص

ملک مخالف کہے گا اور اسے سزا کا مستحق سمجھا جائے گا۔ اسی طرح تمام مذہب اور مذہبی گرنتھ اپنے وقت میں آئے اور سب سچائی کی تعلیم دیتے تھے۔ اس لیے اب تمام رسولوں اور مذہبی کتابوں کو سچا مانتے ہوئے بھی آخری رسول محمد ﷺ پر ایمان لانا اور ان کی شریعت پر عمل کرنا ہر انسان کے لیے ضروری ہے۔

سچا دین صرف ایک ہے

اس لیے یہ کہنا کسی طرح مناسب نہیں کہ تمام مذاہب خدا کی طرف لے جاتے ہیں۔ راستے الگ الگ ہیں، منزل ایک ہے۔ سچ صرف ایک ہوتا ہے۔ جھوٹ بہت ہو سکتے ہیں۔ نور ایک ہوتا ہے، اندھیرے بہت ہو سکتے ہیں۔ سچا دین صرف ایک ہے۔ وہ شروع ہی سے ایک ہے۔ اس لیے اس ایک کو ماننا اور اسی ایک کی ماننا اسلام ہے۔ دین کبھی نہیں بدلتا صرف شریعتیں وقت کے مطابق بدلتی رہتی ہیں اور بھی اسی مالک کے بتائے ہوئے طریقے پر۔ جب انسان کی نسل ایک ہے اور ان کا مالک ایک ہے تو راستہ بھی صرف ایک ہے قرآن نے کہا: "دین تو اللہ کا صرف اسلام ہے۔"

ایک اور سوال

یہ ایک سوال بھی ذہن میں آ سکتا ہے کہ حضرت محمد ﷺ اللہ کے سچے نبی پیغمبر ہیں اور وہ دنیا کے آخری پیغمبر بھی ہیں اس کا کیا ثبوت ہے؟

جواب صاف ہے کہ اول تو یہ قرآن خدا کا کلام ہے۔ اس نے دنیا کو اپنے سچے ہونے کے لیے جو دلیلیں دی ہیں وہ سب کو ماننی پڑی ہیں اور آج تک ان کی کاٹ نہیں ہو سکی ہے۔ اس نے حضرت محمد ﷺ کے سچے اور آخری نبی ہونے کا اعلان کیا ہے۔ دوسری بات یہ ہے حضرت محمد ﷺ کی زندگی کا ایک ایک پل دنیا کے سامنے ہے۔ ان کی تمام زندگی تاریخ کی کھلی کتاب ہے۔ دنیا میں کسی بھی انسان کی زندگی آپ ﷺ کی زندگی کی طرح محفوظ اور اجالے میں نہیں ہے۔ آپ ﷺ کے دشمنوں اور اسلام دشمن تاریخ والوں نے بھی کبھی یہ نہیں کہا کہ محمد صاحب ﷺ نے اپنی ذاتی زندگی میں کبھی کسی

کے بارے میں بھی جھوٹ بولا ہو۔ آپؐ کے شہر والے آپ کی سچائی کی قسمیں کھاتے تھے۔ جس بہترین انسان نے اپنی ذاتی زندگی میں کبھی جھوٹ نہیں بولا، وہ دین کے نام پر اور خدا کے نام پر جھوٹ کیسے بول سکتا تھا؟ آپ ﷺ نے خود یہ بتایا ہے کہ میں آخری نبی ہوں میرے بعد اب کوئی نبی نہیں آئے گا۔ یہی کوئی بھوشیہ وانی کی ہے۔ تمام مذہبی گرنتھوں میں آخری رشی، کلکی اوتار کی جو بھوشیہ وانیاں کی گئی ہیں اور جو پہچان بتائی گئی ہیں وہ صرف حضرت محمد ﷺ پر پوری اترتی ہیں۔

پنڈت وید پرکاش اپادھیائے کا فیصلہ

پنڈت وید پرکاش اپادھیائے نے لکھا ہے کہ جو اسلام قبول نہ کرے اور حضرت محمد ﷺ اور آپ کے دین کو نہ مانے وہ ہندو بھی نہیں ہے۔ اس لیے کہ ہندوؤں کے مذہبی گرنتھوں میں کلکی اوتار اور نراشنس کے اس زمین پر آ جانے کے بعد ان کو، اور ان کا دین ماننے کو کہا گیا ہے تو جو ہندو بھی اپنے مذہبی گرنتھوں میں عقیدہ رکھتا ہو انہیں مانے بغیر مرنے کے بعد کی زندگی میں دوزخ کی آگ، وہاں خدا کے دیدار سے محرومی اور اس کے غضب کا مستحق ہوگا۔

ایمان کی ضرورت

مرنے کے بعد کی زندگی کے علاوہ اس دنیا میں بھی ایمان اور اسلام ہماری ضرورت ہے اور انسان کا فرض ہے کہ ایک مالک کی پوجا کرے۔ جو اس کا در چھوڑ کر دوسروں کے سامنے جھکتا پھرے وہ جانوروں سے بھی گیا گزرا ہے۔ کتا بھی اپنے مالک کے در پر پڑا رہتا ہے اور اسی سے آس لگاتا ہے۔ وہ کیسا انسان ہے جو اپنے سچے مالک کو بھول کر در در جھکتا پھرے۔

لیکن اس ایمان کی زیادہ ضرورت مرنے کے بعد کے لیے ہے جہاں سے انسان واپس نہ لوٹے گا اور موت پکارنے پر بھی اس کو موت نہ ملے گی۔ اس وقت پچھتاوا بھی کچھ کام نہ دے گا۔ اگر انسان یہاں سے ایمان کے بغیر چلا گیا تو ہمیشہ جہنم کی آگ میں

جلنا پڑے گا۔ اگر اس دنیا کی آگ کی ایک چنگاری بھی ہمارے جسم کو چھو جائے تو ہم تڑپ جاتے ہیں تو دوزخ کی آگ کیسے برداشت ہو سکے گی جو اس آگ سے ستر گنا تیز ہے اور اس میں ہمیشہ جلنا ہے۔ جب ایک کھال جل جائے گی تو دوسری کھال بدل دی جائے گی اور لگاتار یہ سزا بھگتنا ہو گی۔

عزیز قارئین!

میرے عزیز قارئین! موت کا وقت نہ جانے کب آجائے، جو سانس اندر ہے اس کے باہر آنے کا بھی بھروسہ نہیں اور جو سانس باہر ہے اس کے اندر آنے کا بھی بھروسہ نہیں۔ موت سے پہلے مہلت ہے اپنی سب سے پہلی اور سب سے بڑی ذمہ داری کا احساس کر لیں۔ ایمان کے بغیر نہ یہ زندگی زندگی ہے اور نہ مرنے کے بعد آنے والی زندگی۔

کل سب کو اپنے مالک کے پاس جانا ہے وہاں سب سے پہلے ایمان کی پوچھ تاچھ ہوگی۔ اس میں میری ذاتی غرض بھی ہے کہ کل حساب کے دن آپ یہ نہ کہہ دیں کہ ہم تک بات پہنچائی ہی نہیں تھی۔

مجھے امید ہے کہ یہ سچی باتیں آپ کے دل میں گھر کر گئی ہوں گی تو آیئے محترم، سچے دل اور سچی روح والے میرے عزیز دوست، اس مالک کو گواہ بنا کر اور ایسے سچے دل سے جسے دلوں کے حال جاننے والا مان لے، اقرار کریں اور وعدہ کریں۔

اشهد ان لا اله الا الله واشهد ان محمدا عبده ورسولهﷺ

ترجمہ: ''میں گواہی دیتا ہوں اس بات کی کہ اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں، وہ اکیلا ہے، اس کا کوئی شریک نہیں اور حضرت محمد ﷺ اللہ کے سچے بندے اور رسول ہیں۔''

میں توبہ کرتا ہوں کفر سے، شرک (کسی طرح بھی اللہ کا شریک بنانے سے) اور تمام طرح کے گناہوں سے اور اس بات کا عہد کرتا ہوں کہ اپنے پیدا کرنے والے سچے

مالک کے سب حکم مانوں گا اور اس کے سچے نبی حضرت محمد ﷺ کی بھی اطاعت کروں گا۔ رحیم اور کریم مالک مجھے اور آپ کو اس راستے پر مرتے دم تک قائم رکھے۔"

میرے عزیز دوست! اگر آپ اپنی موت تک اس یقین اور ایمان کے مطابق اپنی زندگی گزارتے رہے تو پھر معلوم ہوگا کہ آپ کے اس بھائی نے کیسا محبت کا حق ادا کیا۔

ایمان کا امتحان

اس اسلام اور ایمان کے باعث آپ کی آزمائش بھی ہو سکتی ہے مگر جیت ہمیشہ سچ کی ہوتی ہے۔ یہاں بھی حق کی جیت ہوگی اور اگر زندگی بھر امتحان سے گزرنا پڑے تو یہ سوچ کر سہہ جانا کہ اس دنیا کی زندگی تو کچھ دنوں تک محدود ہے۔ مرنے کے بعد کی تمام زندگی، وہاں کی جنت اور اس کے سکھ حاصل کرنے کے لیے اور اپنے مالک کو راضی کرنے کے لیے، اور اس کے بالمشافہ دیدار کے لیے یہ آزمائشیں کچھ بھی نہیں ہیں۔

آپ کا فرض

ایک بات اور۔ ایمان اور اسلام کی یہ سچائی ہر اس بھائی کا حق اور امانت ہے جس تک یہ حق نہیں پہنچا ہے۔ اس لیے آپ کا بھی فرض ہے کہ بے لوث ہو کر صرف اپنے بھائی کی ہمدردی میں اور اسے مالک کے غضب، دوزخ کی آگ اور سزا سے بچانے کے لیے، دکھ درد کے احساس کے ساتھ جس طرح پیارے نبی نے یہ سچائی پہنچائی تھی، آپ بھی پہنچائیں۔ ان کو صحیح سچا راستہ سمجھ میں آنے کے لیے اپنے مالک سے دعا کریں۔ ایسا آدمی کیا انسان کہلانے کا حقدار ہے جس کے سامنے ایک اندھا دکھائی نہ دینے کی وجہ سے آگ کے الاؤ میں گر جائے اور وہ ایک بار بھی پھوٹے منہ سے یہ نہ کہے کہ تمہارا یہ راستہ آگ کے الاؤ کی جانب جاتا ہے۔ انسانیت کی بات یہ ہے کہ اس کو روکے اس کو پکڑ کر بچائے اور عہد کرے کہ جہاں تک اپنا بس ہے میں ہرگز تمہیں آگ میں گرنے نہیں دوں گا۔

ایمان لانے کے بعد

اسلام قبول کرنے کے بعد جب آپ مالک کے سچے بندے بن گئے تو اب آپ پر روزانہ پانچ بار نماز فرض ہے۔ آپ اسے سیکھیں اور پڑھیں۔ اس سے روح کو تسکین اور اللہ کی محبت بڑھے گی۔ رمضان آئے گا تو ایک مہینے کے روزے رکھنے ہوں گے۔ مالدار ہیں تو دین کے مقرر کی ہوئی در سے اپنی آمدنی میں سے مستحقین کا حصہ نکالنا ہوگا اور اگر بس میں ہو تو عمر میں ایک بار حج کے لیے جانا پڑے گا۔

خبردار! اب آپ کا سر اللہ کے علاوہ کسی کے آگے نہ جھکے۔ آپ پر شراب، جوا، سود، سور کا گوشت، رشوت اور حرام کی ہوئی چیز منع ہے اور اس سے بچنا ہے۔ اور اللہ کی پاک بتائی ہوئی چیزوں کو پورے شوق سے کھانا چاہیے۔

اپنے مالک کے ذریعہ دیا گیا پاک کلام روزانہ پڑھنا ہے اور پاکی اور صفائی کے طریقے سیکھنے ہیں۔ سچے دل سے یہ دعا کرنی ہے کہ اے ہمارے مالک ہم کو، ہمارے دوستوں کو، خاندان کے لوگوں اور رشتہ داروں کو اور اس روئے زمین پر بسنے والی پوری انسانیت کو ایمان کے ساتھ زندہ رکھ اور ایمان کے ساتھ انہیں موت دے۔ اس لیے کہ ایمان ہی انسانی سماج کا پہلا اور آخری سہارا ہے۔ جس طرح اللہ کے ایک پیغمبر حضرت ابراہیم علیہ السلام جلتی ہوئی آگ میں اپنے ایمان کی بدولت کود گئے تھے اور ان کا بال بیکا نہیں ہوا تھا، آج بھی اس ایمان کی طاقت آگ کو گلزار بنا سکتی ہے اور سچے راستے کی ہر رکاوٹ کو ختم کرسکتی ہے۔

آج بھی ہو جو ابراہیم سا ایمان پیدا
آگ کر سکتی ہے انداز گلستاں پیدا

والسلام

محمد کلیم صدیقی

پھلت مظفر نگر یوپی (انڈیا)

دینی مدارس کے طلباء و طالبات اور عربی تحریر سے
دلچسپی رکھنے والوں کے لیے اہم اور ضروری قواعد

علاماتِ ترقیم

اور ہمزہ لکھنے کے قواعد

عربی عبارت میں کہاں کون سی علامت لگائی جاتی ہے اور ہمزہ لکھنے کا صحیح طریقہ کیا ہے؟

تالیف

حضرت مولانا الیاس احمد صاحب مدظلہ

مہتمم [illegible] فاروقیہ کراچی
سابق استاد جامعہ فاروقیہ کراچی

مکتبۃ الحرمین

[illegible] دکان [illegible] ۰۳۲۱_[illegible]

بسم اللہ الرحمن الرحیم

تُحفَۃُ الدُّرَر

شرح

نُخبَۃِ الفِکَر فی مُصطَلَحِ اَہلِ الاَثَر

للامام المحدث الحافظ ابن حجر العسقلانیؒ

شارح

سعید احمد پالن پوری

استاذ دار العلوم دیوبند

مع رسالہ

خیر الاصول فی حدیث الرسول

[illegible]

ناشر

[illegible]

[illegible]

وَأَمَّا بِنِعْمَةِ رَبِّكَ فَحَدِّثْ

فیض المنعم

شرح اردو

مقدمہ مسلم

للامام الحافظ الحجۃ مسلم بن الحجاج القشیری النیشاپوری ؒ

— شارح —

حضرت مولانا سعید احمد صاحب پالن پوری

استاذ حدیث دارالعلوم دیوبند

— مع اضافة —

اجوبة فاضلة عن أسئلة متعددة من شيخ الحديث

مولانا محمد زكريا رحمه الله

ناشر

[illegible]

[illegible]